زبان اور قواعد

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ



Marfat.com

Marfat.com

زبان اور قواعد

رشید حسن خاں

Marfat.com

Marfat.com

فہرست

پیش لفظ	3
حرفِ آغاز	9
صحتِ الفاظ	11
مشترک الفاظ	156
لغت اور استعمالِ عام	188
ملائ ــ بالائ	226
ترکیبِ مہمّد	241
سقوطِ حروفِ علّت	271
اعلانِ نون	288
مختاراتِ آمیر مینائ	305
بحرالبیان	427

Marfat.com

Marfat.com

برادرِ مکرم

جناب سیّد ابراہیم حسن رسا بریلوی

کے نام

Marfat.com

Marfat.com

حرفِ آغاز

اِس مجموعے میں شامل مضامین، مختلف اوقات میں لکھے گئے تھے؛ اب اِن پر نظرِ ثانی کی گئی ہے اور بعض کو از سرِ نو لکھا گیا ہے۔

تلفّظ کا مسئلہ بہت اہم ہے۔ عربی و فارسی کے بہت سے لفظوں کے تلفّظ میں تغیّرات رونما ہوئے ہیں، اور اکثر تبدیلیاں، یہاں کے لہجے کے تقاضوں کی آئینہ داری کرتی ہیں۔ اِن تبدیلیوں سے اِس بات کا بھی ثبوت ملتا ہے کہ دُنیا کی دوسری خود مختار زبانوں کی طرح، اُردو نے بھی لفظوں کو اپنے سانچے میں ڈھالا ہے؛ تلفّظ کے لحاظ سے بھی اور بناوٹ کے اعتبار سے بھی۔

اِس سلسلے میں یہ بات ضرور پیشِ نظر رہنا چاہیے کہ تلفّظ کی تبدیلیاں پہلے بول چال کی نچلی سطح پر اپنے آپ کو نمایاں کیا کرتی ہیں اور یہ قدرتی عمل ہے۔ یہ تغیّرات جب ایک خاص مدّت تک کارفرما رہتے ہیں اور زبان کی دوسری سطح پر بھی اپنے اثرات کو ثبت کر لیا کرتے ہیں، تب وہ لُغت کے لیے قابلِ قبول ہو پاتے ہیں۔ یعنی جو تغیّرات اِس درمیانی وقفے میں اپنے آپ کو محفوظ رکھتے ہیں، وہی "استعمالِ عام" کے دائرے میں شامل کیے جانے کے حق دار ہوا کرتے ہیں، اور اسی نسبت کے ساتھ وہ

Marfat.com

لُغت میں شامل ہوتے ہیں۔ اگر کوئی شخص یہ کہے کہ عربی و فارسی الفاظ کا تلفّظ بس اُسی طرح صحیح ہے جس طرح اُن زبانوں کے لُغات میں محفوظ ہے؛ تو یہ سمجھا جائے گا یا سمجھا جانا چاہیے کہ یہ شخص اُردو کو کوئی مستقل زبان نہیں سمجھتا۔ اِسی طرح اگر کوئی شخص یہ کہے کہ تلفّظ کے وہ سارے تغیّرات لازماً قابلِ قبول ہیں جو کسی بھی شخص کی گفتگو میں نمایاں ہوئے ہیں؛ تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اُس شخص کو زبان کے اعتبار اور لُغت کے استناد کے مسائل سے دل چسپی نہیں۔

تلفّظ کی طرح، لفظوں کی بناوٹ میں بھی رنگا رنگی پائی جاتی ہے۔ عربی و فارسی الفاظ کے انداز پر بہت سے نئے لفظ بن گئے ہیں اور بہت سے لفظوں کو معمولی یا غیر معمولی تبدیلیوں سے دوچار ہونا پڑا ہے۔ یہ اُردو کا قابلِ قدر سرمایہ ہے۔ ایسے مستعمل الفاظ کو غیر معتبر سمجھنا، غیر صحت مند طرزِ عمل کے مرادف ہوگا۔

اِسی طرح زبان اور قواعد کے اور بہت سے اہم موضوعات کی بحثیں بھی خاص اہمیت رکھتی ہیں۔ اُن سے متعلّق اکثر مباحث، مختلف کتابوں میں بکھرے ہوئے ہیں۔ اساتذہ کے مکاتیب میں اور فنِ اصلاح پر لکھی گئی کتابوں میں بھی بہت کچھ محفوظ ہے۔ اور ایسے موضوعات پر لکھے گئے رسائل بھی بہت سے اہم مباحث کا گنجینہ ہیں۔ زبان و ادب کے اچھّے طالب علموں کے لیے ازبس ضروری ہے کہ اُن کو ایسی تفصیلات کا علم ہو۔ اِس علم کے بغیر، بہت سے اہم مسائل کو صحیح طور پر نہیں سمجھا جا سکتا۔

اِس کے علاوہ، اب اگر اُردو کا کوئی بڑا لُغت مرتّب کیا جائے، اُس وقت اِن سارے مسائل کی اہمیّت کا اور زیادہ احساس ہوگا ——— اِس مجموعے میں شامل مضامین، ایسے چند اہم مباحث پر روشنی ڈالتے ہیں۔ توقّع کی جاتی ہے کہ اِن سے بعض مسائل کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔

رشید حسن خاں

Marfat.com

صحّتِ الفاظ

اردو میں چھوٹی بڑی کئی کتابیں صحتِ الفاظ کے موضوع پر لکھی گئی ہیں۔ اِن کتابوں کے موتفین نے عموماً ایسے لفظوں کی فہرستیں مرتّب کی ہیں جو حرکات یا بناوٹ کے لحاظ سے اصل سے مختلف ہیں اور اُن کے خیال کے مطابق "غلطُ العوام" کے ذیل میں آتے ہیں۔ موتفین نے عام طور پر یہ رائے ظاہر کی ہے کہ عربی و فارسی الفاظ کو، جہاں تک ہو سکے، اُسی طرح استعمال کرنا چاہیے جس طرح وہ اُن زبانوں کے لغات میں محفوظ ہیں۔

فارسی اور عربی کے جن لفظوں میں حرکات کی تبدیلی ہوئی ہے یا اُن کی صورت بدل گئی ہے یا قیاس کے واسطے سے کچھ نئی صورتیں معرضِ وجود میں آئی ہیں؛ تو یہ ساری تبدیلیاں، اردو کے مزاج اور ہندستانی لہجے کے اقتضا سے، خود بہ خود عمل میں آئی ہیں۔ یہ عمل، زبان کی حقیقی صلاحیت کا مظہر ہوتا ہے اور اس کا ثبوت کہ وہ زبان زندہ ہے اور متحرک ہے۔ جس زبان میں یہ صلاحیت باقی نہیں رہتی، وہ ترقّی کے امکانات سے محروم ہو جاتی ہے، بل کہ یوں کہیے کہ وہ زبان اِس طرح جامد ہو جاتی ہے کہ مرحوم زبانوں کے دائرے میں شامل کیے جانے کی حق دار بن جاتی ہے۔ کسی زبان کی وسعت، صلاحیت اور طاقت کا اندازہ اِس سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ دوسری زبانوں سے وارد ہونے والے لفظوں کو وہ کس طرح اور کس حد تک اپنے سانچوں میں ڈھال سکتی ہے۔ بہ قولِ پنڈت دتاتریہ کیفی

Marfat.com

"جب کسی زبان کو دوسری زبانوں سے الفاظ یا مرکبات لینے کا چسکا پڑ جاتا ہے اور وہ انھیں بلا چون وچرا، یعنی اپنے طور پر تصرّف کے بغیر، استعمال کی عادی ہو جاتی ہے، تو اُس کی تصریفی قوّت، اختراعی قابلیت اور اشتقاقی اہلیت زائل ہو جاتی ہے"۔ (منشورات ص ۶۸)

عربی و فارسی کے جن لفظوں میں حرکات کی تبدیلی ہوئی ہے، وہ یہاں کے لہجے کے تقاضوں کی آئینہ داری کرتی ہے، جیسے: سیّد، جیّد، میّت، طیّب؛ کہ عربی میں یہ سب لفظ بہ کسرِ یائے مشدّد ہیں، مگر اردو میں اِن کو عام طور پر بہ فتحِ یائے مشدّد بولا جاتا ہے، یا جیسے: فرشتہ، فریب، بہشت؛ کہ فارسی میں یہ لفظ بہ کسرِ حرفِ اوّل ہیں، مگر اردو بول چال میں بہ فتحِ حرفِ اوّل ہیں۔ اردو والوں کے لہجے کے اعتبار سے یہ تلفّظ بالکل صحیح ہے، بل کہ اب فصاحت کی سند بھی اِسی تلفّظ کو حاصل ہے ——— اِسی طرح لئیق، مرغّن، شکریہ، خرّاچ، مُلبّب، مشکور، فوق البھڑک جیسے بہت سے لفظ، عربی الفاظ کے انداز پر بن گئے ہیں اور عام طور پر مستعمل ہیں؛ اب اگر ایسے الفاظ کو غلط سمجھا جائے تو یہ اندازِ فکر، اردو زبان کی خصوصیات کو، اور زبانوں میں لفظوں کے بننے بگڑنے کے مسلّمہ اصولوں کو نظر انداز کرنے کے مرادف ہوگا۔ دنیا کی زندہ زبانوں میں ایسا نہیں ہوتا، اور ہو بھی نہیں سکتا۔

یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ متعدّد صاحبِ نظر حضرات ہر زمانے میں استعمالِ عام کو سند مانتے رہے ہیں اور اردو الفاظ کے لیے صراح و قاموس سے سند لینے کو غلط طرزِ عمل سے تعبیر کرتے رہے ہیں۔ مثلاً مولانا سیّد سلیمان ندوی (مرحوم) نے لکھا ہے:

"لفظ خواہ کسی قوم و ملک کے ہوں، مگر جب وہ دوسری قوم اور ملک کی زبان میں چلے جاتے ہیں، تو اُن کی مثال اُن لوگوں کی سی ہے جو پیدا کہیں ہوئے ہوں، لیکن جب کسی دوسرے ملک کی رعایا بن جاتے ہیں، تو اُس دوسرے ملک کے قاعدے اور قانون اُن پر چلا کرتے ہیں۔ اُس وقت یہ نہیں

Marfat.com

دیکھا جاتا کہ اِن کی پیدائش کہاں کی ہے، اور یہ پہلے کس کی رعایا تھے۔"

(نقوشِ سلیمانی ص ۳۳۲)

لفظ "مُتشکّر" کے ذیل میں لکھا ہے :

"عربی میں "مشکور" اُس کو کہتے ہیں جس کا شکریہ ادا کیا جائے، مگر ہماری زبان میں اُس کو کہتے ہیں جو کسی کا شکریہ ادا کرے۔ اِس لیے "مشکور" کی جگہ، بعض عربی کی قابلیت جتانے والے اِس کو غلط سمجھ کر، صحیح لفظ "شاکر" یا "متشکّر" بولنا چاہتے ہیں؛ مگر اُن کی یہ اصلاح شکریے کے ساتھ واپس کرنا چاہیے۔" (ایضاً ص ۹۸)

مولانا حالؔی نے وضاحت کے ساتھ لکھا ہے :

"لکھنؤ میں ایک صاحب نے ۱۸۹۰ء میں ایک رسالہ شعر و سخن کے متعلق لکھا ہے، اُس میں کچھ اوپر پچاس لفظ ایسے لکھے ہیں جن کو خود صاحبِ رسالہ یا اور اہلِ لکھنؤ واجبُ الترک خیال کرتے ہیں ..... اِسی رسالے میں بعضے ایسے الفاظ کو واجبُ الترک قرار دیا ہے جو اصل زبان کی گریمر یا قیاسِ لغوی کے خلاف برتے اور بولے جاتے ہیں، جیسے: موسَم بہ فتحِ سین، یا میّت بہ فتحِ یا، یا نشا بروزنِ وفا؛ کہ عربی گریمر یا لُغت کے موافق موسِم بروزنِ مسجد، اور میِّت بہ کسرۂ یا، اور نشأۃ بروزنِ وحدت ہے۔

لیکن فی الحقیقت یہ ایک غلطی ہے جو اکثر ہمارے عربی دانوں کو علمِ لسان کی ناواقفیت سے پیش آتی ہے۔ اُن کو یہ معلوم نہیں ہے کہ ایک زبان کے الفاظ دوسری زبان میں منتقل ہو کر، کبھی اپنی اصلی صورت پر قائم نہیں رہ سکتے، الّا ماشاءاللہ۔ ہماری اردو ہی میں ہزاروں لفظ سنسکرت، پراکرت اور بھاشا کے داخل ہیں؛ باوجود اِس کے، شاذ و نادر ہی ایسے لفظ

Marfat.com

نہیں گے جو اپنی اصلی صورت پر قائم ہوں .... مگر چوں کہ اُن کی اصلیت سے واقف نہیں ہیں، اِس لیے اُن کو صحیح سمجھ کر، بے تکلّف بولتے اور برتتے ہیں۔ لیکن عربی یا فارسی، جس سے کہ اُن کو فی الجملہ واقفیت ہے، جہاں اُس کا کوئی لفظ اصل زبان کے خلاف کسی اردو نظم یا نثر میں دیکھا اور فوراً ناک چڑھائی، حالاں کہ خود عربی کے بہت سے الفاظ اصل وضع کے خلاف استعمال کرتے ہیں..... فارسی کے الفاظ بھی اکثر اردو میں غلط بولے جاتے ہیں۔ اہلِ ایران، عربی کے صدہا لفظ، غلط تلفّظ کے ساتھ یا غلط معنوں میں استعمال کرتے ہیں..... اسی طرح جہاں تک استقرا کیا جاتا ہے، کسی زبان کے الفاظ، دوسری زبان میں جاکر اپنی اصل وضع پر قائم نہیں رہتے ——— بات یہ ہے کہ ایسے لفظوں کو جو عربی یا فارسی یا انگریزی سے اردو میں لیے گئے ہیں اور اصل وضع کے خلاف عموماً مستعمل ہوتے ہیں، یہ سمجھنا ہی غلطی ہے کہ وہ موجودہ صورت میں عربی یا فارسی یا انگریزی کے الفاظ ہیں، نہیں، بل کہ اُن کو اردو کے الفاظ سمجھنا چاہیے، جو اصل کے لحاظ سے عربی یا فارسی یا انگریزی سے ماخوذ ہیں۔ ایسے لفظوں کو غلط سمجھ کر ترک کرنا اور اُن کو اصل کے موافق استعمال کرنے پر مجبور کرنا، بعینہٖ ایسی بات ہے کہ "لال ٹین" کے بولنے سے لوگوں کو منع کیا جائے اور "لَیْنْٹَرْن" بولنے پر مجبور کیا جائے، یا "گھڑا" بولنے سے روکا جائے اور "گھٹ" بولنے کی تاکید کی جائے۔

جو صاحب ایسے الفاظ کو ترک کرنے کی عام ہدایت کرتے ہیں، اُن کی مثال اُن لوگوں کی سی ہے جو آپ تو ملتان میں مقیم ہیں اور کشمیر جانے والوں کو اجازت نہیں دیتے کہ جڑاؤں کا بوجھ اپنے ساتھ باندھ کر لے جائیں۔" ———→

(مقدمہ شعر و شاعری، ص ۱۰۸-۱۱۲، طبع اوّل)

Marfat.com

سیّد انشاؔ نے بہت پہلے یہ بات کہی تھی :

"جاننا چاہیے کہ جو لفظ اردو میں آیا، وہ اردو ہوگیا، خواہ وہ لفظ عربی ہو یا فارسی، ترکی ہو یا سریانی، پنجابی ہو یا پوربی، اصل کی رُو سے غلط ہو یا صحیح؛ وہ لفظ، اردو کا لفظ ہے۔ اگر اصل کے موافق مستعمل ہے تو بھی صحیح اور اگر اصل کے خلاف ہے تو بھی صحیح۔ اُس کی صحّت اور غلطی، اس کے اردو میں رواج پکڑنے پر منحصر ہے۔ کیوں کہ جو چیز اردو کے خلاف ہے، وہ غلط ہے، گو اصل میں صحیح ہو۔ اور جو اردو کے موافق ہے، وہی صحیح ہے، خواہ اصل میں صحیح نہ بھی ہو۔" (ترجمۂ دریاے لطافت ص ۲۵۳)

بابائے اردو مولوی عبدالحق صاحب نے، انشاؔ کے اِس قول پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے :

"....یا وہ "غدر" کو بہ فتحِ دال، اردو کا صحیح لفظ خیال کرتے ہیں، اگرچہ اصل میں بہ سکونِ دال ہے۔ یہ سن کر، بعض اصحاب جنھیں صحّتِ لغات کا اسی قدر خیال رہتا ہے جیسے ایک مومنِ متقی کو ادائے ارکانِ صلات کا، اور خصوصاً ثقاتِ لکھنؤ، بہت جز بز ہوں گے؛ لیکن جو لوگ اصولِ لسان سے واقف ہیں، وہ سیّد انشاؔ کی وسعتِ نظر اور اصابتِ راے کی داد دیں گے۔ فرق یہ ہے کہ سیّد انشاؔ، اردو کو ایک جدا زبان خیال کرتے ہیں اور غیر زبان کے جن الفاظ نے منجھ منجھا کر یا گھس پس کر یا اختلافِ لہجہ یا دوسرے اسباب سے ایک خاص صورت اختیار کرلی ہے، وہ اب اردو کے لفظ ہو گئے ہیں، انھیں اصل زبان سے کچھ تعلق نہیں رہا۔ مگر جو حضرات ابھی تک ان عربی و فارسی الفاظ کو، جو اردو میں مستعمل ہیں، اصلی صورت میں لکھنا اور بولنا صحیح اور فصیح سمجھتے ہیں، اور اُس کے خلاف غلط اور غیر فصیح؛ تو گویا وہ ابھی اردو زبان کو زبان ہی نہیں سمجھتے۔

Marfat.com

اِسی اصول کو اگر مدِّ نظر رکھا جائے اور ہر اردو لفظ کو اُس کی اصلی صورت میں (یعنی جس زبان سے وہ آیا ہے) لکھنا اور بولنا شروع کریں تو اردو زبان کوئی زبان ہی نہ رہے گی، اور موجودہ تحریر و تقریر کے سارے الفاظ، بہ استثنائے چند، غلط ٹھہریں گے؛ کیوں کہ اس میں جس قدر الفاظ ہیں، وہ یا تو سنسکرت اور ہندی زبانوں کے ہیں یا عربی فارسی ترکی یا بعض یورپی السنہ کے۔ اردو زبان مستقل زبان اُسی وقت ہوگی جب وہ اِن زبانوں کے لفظ لے کر اُنھیں اپنا کر لے۔ اور جہاں وہ اپنے ہوئے، اُن کی شکل و صورت، وضع قطع، رنگ ڈھنگ میں ضرور فرق آئے گا۔ مگر ہم میں سے بعض نازک دماغ، دقیق نظر حضرات کو اُن غیر ملکیوں کی یہ لے تکلّفی ہرگز نہیں بھاتی، وہ اُنھیں اپنا بنانا نہیں چاہتے، بل کہ اُنھیں ڈھکیل ڈھکیل کر اپنے حدود سے باہر نکالنا چاہتے ہیں۔"

(مقدّمۂ ترجمۂ دریائے لطافت، ص ز۔ط)

دس بارہ سال پہلے کی بات ہے کہ ایک صاحب نے لفظ "عادی" کو غلط بتایا تھا اور اس کے استعمال کرنے والے پر نکتہ چینی کی تھی؛ مولانا عبدالماجد دریابادی نے اِس کا ذکر کرتے ہوئے لکھا تھا:

> "عربی میں جو لفظ فارسی سے یا سریانی سے، عبرانی سے، ہندی سے آئے ہیں؛ اُن کے تلفّظ اور معنی، دونوں کے تعیّن کا حق اب اہلِ عرب کو حاصل ہوگیا ہے، یا وہ الفاظ بہ دستور اُنھی دوسری زبانوں کے قاعدوں کے اسیر رہے ہیں؟ . . . . انگریزی میں سیکڑوں ہزاروں لفظ لاطینی سے، یونانی سے، سنسکرت سے، عربی سے آئے ہیں؛ سب لفظوں کے تلفّظ و معنی میں تصرّف کا پورا حق انگریزوں کو حاصل ہوگیا ہے یا نہیں؟

Marfat.com

یہ ظلم آخر اردو پر کب تک جاری رہے گا کہ جس لفظ کو وہ چاہے جتنا اپنالے؛ لیکن اُسے بولتے ہوئے، وہ پابند دوسری زبانوں کی رہے گی، اور اُس کی تذکیر و تانیث میں، اُس کے اعراب میں، اُس کی جمع بنانے میں، اُسے حالتِ ترکیب میں لانے میں؛ اردو والے بے بسی سے منہ دوسروں ہی کا دیکھتے رہیں گے! ذرا کسی دوسری زبان والے کے سامنے یہ اصول بیان کر کے تو دیکھیے کہ لفظ آپ کا؛ لیکن اُس کا املا، اُس کا تلفظ، اُس کی گرامر؛ سب دوسروں کی!" (ماہنامہ تحریک (دہلی) جولائی ۱۹۶۴ء)

جس طرح اربابِ نظر ایسے الفاظ کے متعلق صحیح طرزِ عمل کی طرف توجہ دلاتے رہے ہیں، اُسی طرح یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ ہر زمانے میں ایسے الفاظ مستعمل رہے ہیں اور یہ استعمال کرنے والے بھی اہلِ زبان تھے اور اُن میں سے اکثر کو اُستادی کا منصب بھی حاصل تھا۔ یہ صورت اکثر و بیش تر الفاظ کی ہے۔ اساتذہ کے کلامِ نظم و نثر کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ایسے بیش تر لفظوں کو بے تکلفی کے ساتھ استعمال کیا گیا ہے۔ بس بات یہ ہے کہ اِس طرح کی تفصیلات یک جا نہیں ہو سکیں، اِس لیے کبھی کبھی ذہن بھٹکتا ہے۔

جن لفظوں کو بعض صحت پسند حضرات اور بعض اربابِ لغت نے غلط قرار دیا ہے، اُن کی صورت یہ ہے کہ عربی کے بہت سے لفظ تو خود فارسی میں تغیر سے دوچار ہو چکے تھے، اور وہیں سے صورت بدل کر یہاں آئے ہیں، اور کچھ لفظوں میں یہاں تبدیلیاں ہوئی ہیں۔ چوں کہ الفاظ کا اِس نقطۂ نظر سے مفصل جائزہ نہیں لیا گیا ہے؛ اِس لیے ایسی تفصیلات بہت سی نگاہوں سے اوجھل ہیں اور یوں غلط فہمی کے لیے گنجایش نکل آتی ہے۔

اِس موضوع پر جو کتابیں لکھی گئی ہیں، اُن میں سب سے مشہور کتاب قاموس الاغلاط ہے جس کو دو فاضل حضرات: مولانا سید مختار احمد صاحب اور مولانا ذہین صاحب نے مرتب کیا ہے۔ یہ ۱۹۳۶ء میں حیدرآباد سے شائع ہوئی تھی۔ اِس کتاب کو بعض وجوہ سے

Marfat.com

زیادہ شہرت ملی ۔ اچھے اچھے لوگ اِس کے مندرجات کو صحیح سمجھ کر، اِس کے حوالے دیتے رہے ہیں یا حوالے کے بغیر اس کے مندرجات کی روشنی میں فیصلے کرتے رہے ہیں۔ اِس کتاب کی دو خامیاں خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں : ایک تو یہ کہ عربی کے جن الفاظ میں فارسی میں تصرّف ہو چکا ہے ؛ اُن کو بھی غلط الفاظ کی فہرست میں شامل کر لیا گیا ؛ حالاں کہ اساتذۂ اردو کا یہ مسلّمہ اصول ہے کہ جو لفظ مفرّس ہو کر ہم تک پہنچا ہے، وہ بالکل صحیح ہے۔ یہ دراصل نگاہِ تحقیق کا قصور ہے کہ تصرّفات تک نہیں پہنچ سکی ۔ اور جیسا کہ لکھا جا چکا ہے، ایسے بیش تر تصرّفات کسی ایک جگہ مرتّب صورت میں ملتے بھی نہیں ۔ اِسی طرح جو لفظ فارسی و عربی الفاظ، یا اِن زبانوں کے قواعد کے قیاس پر بن گئے ہیں اور مستعمل ہیں ؛ وہ اب بالکل صحیح ہیں، اور یہ علمِ لسان کے مسلّمات میں سے ہے، مگر مولّفینِ قاموس نے (بعض اور حضرات کی طرح) ایسے بیش تر الفاظ سے زبان و قلم کو آلودہ نہ کرنے کی ہدایت کی ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ عربی و فارسی کے جو لفظ اب اردو میں اختلافِ حرکات کے ساتھ مستعمل ہیں ؛ مولّفین نے ایسے بیش تر الفاظ کو اصل حرکات کے موافق بولنے کی تاکید کی ہے ۔ حالاں کہ یہ ایسے لفظ ہیں کہ اگر ان کو اصل زبانوں کے مطابق استعمال کیا جائے تو اجنبیّت کا شدید احساس ہوگا، بل کہ یہ محسوس ہوگا کہ بولنے والا تازہ وارد ہے۔

اِس کا اظہار ضروری ہے کہ یہ عیب قاموس الاغلاط یا ایسی ہی اور تالیفات تک محدود نہیں، لغات میں بھی یہ خامی پائی جاتی ہے ۔ اِس مشکل میں مزید اضافہ یوں ہوتا ہے کہ لُغت کی کتابوں میں باہم اختلاف بھی ملتے ہیں ۔ مثلاً یہ کہ ایک مولّف نے بعض الفاظ میں اختلافِ حرکت کو صحیح مان لیا، بعض میں نہیں ۔ یا یہ کہ ایک لُغت نویس نے ایک لفظ میں بول چال کے تصرّف کو مان لیا، اور دوسرا فرہنگ نگار اُس سے منکر ہے، یا وہ سرے سے اُس کا ذکر ہی نہیں کرتا ۔ یہ بہت پریشان کُن صورت ہے ۔ یہ پریشان کُن صورتِ حال اِس کو بھی ظاہر کرتی ہے کہ ہمارے اہم لُغات میں ناتمامیوں کا اور انتشار و اختلاف

Marfat.com

کا کیا عالم ہے۔ اِس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ موجودہ لُغات میں خامیاں کس انداز کی ہیں؛ مگر سب سے اہم بات یہ سامنے آتی ہے کہ اب ایک مکمّل لُغت کو کس انداز سے مرتّب ہونا چاہیے اور اُس میں کن کن باتوں کو نہیں ہونا چاہیے۔ یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ فصاحت اور معیار کے غیر منطقی تصوّرات نے کس قدر انتشار پھیلایا ہے اور اب ایسے اندراجات کے متعلق ہمارا رویّہ کیا ہونا چاہیے۔ اِس ضرورت کا سبھی کو احساس ہے کہ اُردو میں ایک اچھّے لُغت کی کمی ہے، اور اُس کی تدوین ضروری ہے؛ اِس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ذہن میں رہنا چاہیے کہ ہمارے موجودہ لُغات میں کیا کمیاں ہیں اور کیا خامیاں ہیں۔ اِس علم کے بغیر، اُن خامیوں کو دور نہیں کیا جا سکتا۔ اِس مضمون کے سلسلے میں، یہ پہلو خاص طور پر پیشِ نظر رہا ہے اور اسی لیے نور اللغات اور فرہنگِ آصفیہ کے اندراجات کو قریب قریب ہر لفظ کے ذیل میں بہ طورِ خاص پیشِ نظر رکھا گیا ہے، اور اُن کے حوالے دیے گئے ہیں۔ اگر اس مضمون سے اِس معلومات کے حصول میں مدد ملے گی تو میں سمجھوں گا اصل مقصد پورا ہو گیا۔ قاموس الاغلاط کی خامیاں گنانا اصل مقصد نہیں؛ اصل مقصود یہ ہے کہ اُس کو موضوع بنا کر، اُردو میں لُغت نگاری کے احوال و انداز کا اور غلطی و صحّت اور فصیح و غیر فصیح کے ٹھپّا لگے ہوئے تصوّرات کا کچھ بیان کیا جائے۔

اِس مضمون میں قاموس الاغلاط کے کچھ مندرجات پر گفتگو کی گئی ہے۔ یہ کوشش کی گئی ہے کہ جن لفظوں کو مولّفینِ قاموس الاغلاط نے غلط بتایا ہے، یا جن کی مستعمل حرکات کو غلط لکھا ہے؛ ایسے الفاظ کے متعلّق فارسی تصرّفات کو یا اساتذۂ اردو کے مختارات کو پیش کیا جائے، تاکہ اندازہ ہو سکے کہ ایسی تالیفات کے اکثر مندرجات، مفروضات پر مبنی ہیں اور ایسی کتابوں کے مولّفین نے زبان کے اصول ارتقا اور اُس کے ناگزیر تقاضوں سے کم سے کم سروکار رکھا ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ اُن الفاظ پر بحث کرتے ہوئے اُردو کے اہم لُغات، خاص طور پر فرہنگِ آصفیہ و نور اللغات کے متعلّقہ اندراجات

Marfat.com

کا بھی جائزہ لیا جائے، جس سے یہ معلوم ہو کہ اُردو کے اہم لُغات کی کیا صورت ہے۔

قاموس الاغلاط میں ایسے بہت لفظ ہیں جن پر گفتگو کی جا سکتی ہے؛ میں نے کچھ الفاظ پر بحث کی ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ سب لفظوں پر بحث کرنا کسی ایک مضمون میں ممکن نہیں۔ دوسرے یہ کہ اصل مقصد یہ ہے کہ ایک غلط اندازِ نظر کی نشان دہی کی جائے" ایسی تالیفات کی عدمِ افادیت کو نمایاں کیا جائے اور اِس بات کو واضح کیا جائے کہ ہمارے لُغت کس قدر ناتمامی کے امین ہیں؛ اور اِس کے لیے بہ طورِ مثال کچھ الفاظ پر بحث کرنا کافی ہے۔

اِس تحریر سے اِس کا بھی بہ خوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اب ایک مفصّل اور مکمّل لُغت کو مرتّب کرنے کے لیے نظم و نثر کی کتابوں کو، اساتذہ کے مکاتیب کو اور مختلف رسائل کو کھنگالنا کس قدر ضروری ہے۔ اور یہ کہ بناوٹ اور تلفّظ کے سلسلے میں غلط و صحیح کے اُس غیر علمی انداز کو بدلنا لازم ہے۔ یہی اِس مضمون کا مقصد ہے اور اِس مقصد کے حصول کے لیے قاموس الاغلاط کو مثال کے طور پر موضوع بنایا گیا ہے۔ قاموس الاغلاط کے لیے عموماً لفظ "قاموس" استعمال کیا گیا ہے۔ اِسی طرح فرہنگِ آصفیہ اور نور اللغات کے لیے "آصفیہ" اور "نور" کے مخفّفات استعمال کیے گئے ہیں اور جلالؔ کے لُغت سرمایۂ زبانِ اردو کے لیے "سرمایہ" بھی لکھا گیا ہے۔ بعض مستشرقین جیسے فیلن، پلیٹس، فوربس، اسٹنگاس، شکسپیر وغیرہ کے لغات کے حوالے بھی جا بہ جا حسبِ ضرورت آ گئے ہیں۔

مندرجۂ ذیل الفاظ اس تحریر میں زیرِ بحث آئے ہیں:

لفظ	صفحہ	لفظ	صفحہ	لفظ	صفحہ	لفظ	صفحہ
آب و دانے	۳۵	آزادگی	۹۱	ادائگی	۹۰	اشرفی	۲۷
آدمیت	۸۹	آزردگی	۸۶	ارنی	۱۰۰	اصطبل	۹۷

Marfat.com

اعجوبہ	۲۵	جراحت	۱۱۷	خلجان	۱۲۹	زرہ	۱۳۸
اعراف	۹۹	جریان	۱۰۹	خودرفتہ	۲۲	زمرّد	۴۴
اگری	۲۹	جمعہ	۱۳۰	درستگی	۹۲	زیبایش	۱۳۷
الائچی	۹۹	جمہور	۱۲۰	درود	۱۱۹	سرایت	۱۱۶
اندازاً	۸۵	جواہرات	۶۴	دروغ	۱۱۹	سرشت	۱۱۶
انسانیت	۸۸	جہالت	۱۰۷	دریغ	۱۱۹	سفلی	۱۶۶
انکساری	۸۴	جنید	۴۳	دمشق	۱۴۶	سنسنی خیز	۱۵۳
ایزد	۳۷	چغد	۱۲۳	دن بہ دن	۱۵۴	سوال	۱۵۴
بابر	۱۰۱	چنگیز	۱۱۸	ذومعنی	۱۴۴	سید	۱۲۱
بادشاہت	۶۹	حبشی	۱۲۷	ذومعنیین	۱۴۴	شبہ	۴۳
بہشت	۱۱۷	حسین	۱۴۵	ذہانت	۶۹	شجاعت	۹۳
بے وقوف	۱۰۲	حقارت	۱۰۷	راشی	۶۶	شکریہ	۱۴۱
پابوسی	۸۰	حماقت	۱۰۷	ردّی	۶۷	شکیل	۱۳۹
پیدایش	۱۳۸	خاصیت	۸۷	رعایا	۱۰۹	صفر	۵۸
تابعدار۔تابعداری	۶۰	خراچ	۹۵	رعونت	۱۲	طرفین	۱۲۴
تاہم	۱۰۲	خرچ	۹۵	رفاقت	۱۰۰	طمانیت	۱۲۸
تبدیلی	۷۷	خزاں	۱۰۹	رقابت	۱۰۰	طیّب	۱۵۳
ترجمہ	۱۰۳	خزانہ	۱۱۸	رقعہ	۷۴	عادی	۴۳
تعینات	۷۵	خسرو	۱۴۶	رواج	۱۰۸	عصمت	۵۰
تعیناتی	۷۵	خفگی	۱۲۹	رہا	۱۰۹	عفو	۱۱۵
تنازع	۱۰۵	خلاصی	۷۹	رہایش	۱۲۵	عمامہ	۱۴۷
تنقید	۶۲					منقا	۱۱۵
تواں	۱۰۵						

Marfat.com

عیادت	۱۱۵	قدیمی	۸۳	مرغّن	۱۴۲	ناراضگی	۹۱
عیال	۱۱۴	قران	۱۳۲	مردّت مسرّت	۱۲۱، ۱۴۱	ناواقفی	۹۶
عیاں	۱۱۴	قلعہ	۷۳	مشکور	۵۴	نشتر	۱۱۰
غبن	۱۲۸	قلعی	۷۴	مصافحہ	۷۲	نفس	۱۲۴
غلطی	۱۲۶	کرختگی	۹۲	مطالعہ	۷۲	نفی	۱۲۵
غمی	۱۵۲	کلید	۱۱۱	معتوب	۵۷	نقاب	۱۱۰
فرار	۱۱۲	کلیسا	۱۱۱	"مُفاعَلَۃ"		نقص	۱۲۳
فرستادہ	۱۱۳	کُنیت	۱۴۸	کے ہم وزن الفاظ		نمکین	۱۲۷
		گرمایش	۱۳۸				
فرشتہ	۱۱۲	گروہ	۱۵۱	(۵۸ لفظ)	۷۰	نمود	۱۲۲
		گرہ	۱۳۴				
فروخت	۱۱۳	گوارا	۱۵۱	مفرور	۱۴۲	نمونتاً	۸۵
فریب	۱۱۲	گواہ	۱۵۱	مقصد	۳۹	نمونہ	۱۲۲
فریفتہ	۱۱۳	گھائل	۱۴۹	ملبّب	۱۴۲	نیّر	۴۲
فضا	۱۵۲	لیّق	۱۴۸	ملزم	۴۶	ہتک	۱۴۱
فوق البھڑک	۱۳۱	مانند	۹۷	ملکیت	۹۰	یک سانیت	۱۵۴
فہمایش	۱۳۶	متلاشی	۴۷	منصب	۴۰	یگانگت	۱۵۴
فی زمانہ	۱۳۲	متوفّی	۴۶	مہوّس	۱۴۲		
قدم بوسی	۸۱	محبّت محویت	۸۹	میّت	۴۱		

"ازخودرفتہ" ۔ ف۔ بے خود۔ اس کی جگہ "خودرفتہ" کہنا غلط ہے۔" (قاموس)

مولّفِ نور بھی مولّفینِ قاموس کے ہم نوا ہیں؛ اُنھوں نے "ازخودرفتہ" کے ذیل میں لکھا ہے: "اِس جگہ خودرفتہ بولنا غلط ہے۔" آصفیہ میں بھی یہ صراحت کی گئی ہے کہ

130613

Marfat.com

صحیح الفاظ "از خود رفتہ" اور "از خود رفتگی" ہیں. (جلدِ دوم) ـــــ یہی رائے اثر لکھنوی (مرحوم) کی تھی؛ اُنھوں نے ایک مضمون میں لکھا تھا: "از خود رفتہ، اس کی جگہ "خود رفتہ" بولنا غلط اور قابلِ ترک ہے "وارفتہ" کہہ سکتے ہیں" (رسالۂ الحمرا لاہور، شمارۂ جنوری ۱۹۵۴ء)۔

شوق نیموی نے رسالۂ اصلاح میں لکھا ہے: "چوں کہ یہ فارسی محاورہ ہے، اور فارسی میں "از" کے ساتھ مستعمل ہے؛ اکثر فصحاے حال بے "از" کے استعمال نہیں کرتے" (ص ۱۴)۔ اور اس کے حاشیے میں لکھا ہے: "اور مؤلف کو اردو میں "از خود رفتہ" اچھا نہیں معلوم ہوتا اور بہ وجہ ترک کرنے محققین کے صرف "خود رفتہ" کے استعمال سے احتیاط رکھتا ہے؛ لہٰذا اس لفظ ہی کو ترک کرکے، اِس کے عوض "وارفتہ" استعمال کیا کرتا ہے"۔

یہ خیال کہ "خود رفتہ" غلط ہے، قطعاً صحیح نہیں۔ نہ یہ خیال درست ہے کہ سارے اساتذہ اُس کو متروک قرار دے چکے ہیں۔ اِس کے برعکس، بہت سے اساتذہ کے یہاں "خود رفتہ" اور "خود رفتگی" موجود ہیں. درجِ ذیل مثالوں سے اس کے صحیح اور مستعمل ہونے کا اندازہ کیا جا سکتا ہے:

ہوں وہ خود رفتہ کہ جوں عمرِ تلف کردہ مجھے
حشر تک ڈھونڈھیں تو ممکن نہیں ہاتھ آئے نشاں

ذوق (قصائدِ ذوق، مرتبۂ سر شاہ سلیمان، ص ۱۰)

یادِ کاکل میں بھی خود رفتگی اپنی نہ گئی جوشِ وحشت سے ہیں پابند سلاسل نہ ہوا

مومن (دیوانِ مومن، مرتبۂ مولانا ضیا احمد بدایونی (مرحوم)، طبعِ دوم، ص ۲۹)

یہ ضعف ہے تو دم سے بھی کب تک چلا گیا خود رفتگی کے صدمے سے مجھ کو غش آ گیا

(ایضاً ص ۴۸)

گھس میں خود رفتگی سے دھوم مچی کیوں کے ہو اس تلک مرا جانا

(ایضاً. ص ۴۸)

Marfat.com

خیالِ زلف میں خود رفتگی نے قہر کیا　　امید تھی مجھے کیا کیا بلا کے آنے کی

(ایضاً ص ۲۹)

فغاں ہے وجہِ پروازِ حواس اے رشکؔ باغوں میں　　بنا ہوں قمریِ خود رفتہ اک شمشاد قامت کا

رشکؔ لکھنوی (مجموعۂ دواوین ص ۵۸)

جو کام عشق میں ترے خود رفتہ کر گئے　　وہ مست سے ہوا، نہ وہ ہشیار سے ہوا

(ایضاً ص ۶۸)

خود رفتگی ہے چشمِ حقیقت جو وا ہوئی　　دروازہ کھل گیا تو میں گھر سے نکل گیا

صباؔ لکھنوی (غنچۂ آرزو ص ۱۵)

کوچہ گردی سے کیا بدچلنوں نے آگاہ　　رفتہ رفتہ ہوا خود رفتہ مرا غیرتِ ماہ

امانتؔ لکھنوی (داسوخت بند ۱۲۸)

خیالِ یار کا، خود رفتگی نتیجہ ہے　　جو یاد آگئی اس کی، تو خود کو بھول چلے

رندؔ لکھنوی (کلیاتِ طبعِ دوم ص ۱۹۴)

ہوئے خود رفتہ ایسے حد سے زیادہ　　وہ ہی دن میں بھلا دی میری یاد

نوابؔ مرزا شوقؔ لکھنوی (مثنوی زہرِ عشق، مرتبۂ مجنوںؔ گورکھپوری ص ۱۶۲)

ہائے وہ خود رفتگی، الجھے ہوئے سب سر کے بال
وہ کسی میں اب کہاں، جو تیرے دیوانے میں تھا

شادؔ عظیم آبادی (مے خانۂ الہام ص ۱۸)

غمِ خود رفتگی نے جب ستایا　　اسی کوچے میں مثلِ ہوش آیا

امیر اللہ تسلیمؔ (رسالۂ اصلاح)

مدت ہوئی ہے یار کا دیکھے ہوئے جمال　　لیکن گئی نہیں مری خود رفتگی ہنوز

بیخودؔ دہلوی (گفتارِ بیخود ص ۱۰۹)

Marfat.com

مولانا نظم طباطبائی نے ایک استفسار کے جواب میں لکھا تھا: "صحیح لفظ "زخود رفتگی" ہے، لیکن اساتذہ اگر "خود رفتگی" کو نظم کر چکے ہیں تو اُن کی سند کافی ہو جائے گی۔" (مکتوب بہ نامِ صفدر مرزا پوری، مرقعِ ادب، جلدِ دوم، ص ۳۰۲)۔ مندرجۂ بالا اسناد ثبوت کے لیے کافی ہیں۔

یہی صورت لفظ "سرگذشت" کی ہے جو اصلاً "از سرگذشت" ہے لیکن "سرگذشت" مستعملِ عام و خاص ہے، اور اس پر کوئی شخص اعتراض نہیں کرتا۔ پنڈت دتاتریہ کیفی نے اپنے انداز میں لکھا ہے: "کہا جاتا ہے کہ اردو میں "خود رفتہ" نہیں، بل کہ "از خود رفتہ" استعمال کرنا لازم ہے۔ جواب دیا گیا کہ "سرگذشت" کی سرگذشت تو ذرا بیان فرمائیے۔"

(منثورات ص ۲۶)

اتمامِ سخن کے طور پر، دو مثالیں اِس زمانے کے دو شاعروں کے یہاں سے بھی پیش کی جاتی ہیں، اِن سے معلوم ہوگا کہ آج کل بھی یہ لفظ بہ دستور مستعمل ہے:

خود رفتہ و خود بین و خود افروز و خود آزار ژولیدہ گماں، زود غضب، دیر پشیماں

جوش ملیح آبادی (نظم "جوانی و پیری" جوش نمبر ماہ نامۂ افکار کراچی ص ۳۱)

مگر برق و آتش کے سایے میں اے دل یہ صدیوں کے خود رفتہ ناشاد طائر

جذبی (سخنِ مختصر ص ۶)

اعجوبہ کے ذیل میں لکھا گیا ہے: "عوام "عجوبہ" کہتے ہیں، جو غلطِ محض ہے۔" (قاموس)

مؤلفین کا یہ خیال صحیح نہیں کہ "عجوبہ" عوام کا گڑھا ہوا ہے۔ یہ لفظ (بہ حذفِ الف) مفرّس ہو کر ہم تک پہنچا ہے:

"عجوبہ: چیزیکہ مردم را بہ شگفت اندازد۔ و ایں مخففِ "اعجوبہ" است۔ محسن تاثیر:

اے شیخِ شہر باکہ تواں ایں عجوبہ گفت: بے پردہ گشت شیدِ نہاں از ردای تو" (بہارِ عجم)

یہ غلطی اصل میں مؤلفِ غیاث اللغات کی پھیلائی ہوئی ہے، اُنھوں نے لکھا ہے:

Marfat.com

"اعجوبہ: بہ ضمِ ہمزہ، بہ معنیِ عجیب فانچہ مردم را در تعجب اندازد، نہ بغیرِ ہمزہ. از مزیل الاغلاط"

عربی کا اصل لفظ "اُعْجُوبَة" تھا، فارسی میں یہ تصرّف ہوا کہ بہ حذفِ الف "عجوبہ" بھی استعمال کیا گیا. اردو میں بھی، فارسی کی طرح، اس لفظ کی دونوں صورتیں مستعمل ہیں. مولفِ نور نے اِس سلسلے میں یہ غلطی کی ہے کہ "عجوبہ" کو عربی لکھا ہے، حالاں کہ یہ مفرّس صورت ہے. عبدالواسع ہانسوی نے رسالۂ عبدالواسع میں "اُعجوبہ" کو "عجوبہ" کا مزید فیہ لکھا ہے. اُن کی رائے میں عربی کے اصل لفظ "عجوبہ" میں فارسی والوں نے الف کا اضافہ کیا ہے. حالاں کہ صورتِ حال برعکس ہے کہ عربی کا اصل لفظ "اعجوبہ" ہے اور اس کو بہ حذفِ الف استعمال کیا گیا ہے.

سلیمان حیم نے اپنے فارسی انگریزی لغت میں "عجوبہ" (بہ حذفِ الف) کو بہ فتحِ اوّل اور بہ ضمِ اوّل، دونوں طرح لکھا ہے. یہی صورت اردو میں ہے کہ یہ لفظ سننے میں دونوں طرح آتا ہے. "عجوبہ" کی طرح "اعجوبہ" بھی اردو میں بہ ضمِ اوّل اور بہ فتحِ اوّل، دونوں طرح بولا جاتا ہے. آصفیہ میں الف پر زبر لگا ہوا ہے: اَعجوبہ. اور نور میں اس کو بہ ضمِ اوّل (اُعجوبہ) لکھا گیا ہے). اور اس لحاظ سے اب اِس لفظ کے بھی دونوں تلفّظ قابلِ تسلیم ہیں. یہ بیش تر فارسی ترکیب کے ساتھ آتا ہے، جیسے: اعجوبۂ روزگار، اعجوبۂ عالم،:

ہوں جو بے چین اُس اعجوبۂ عالم کے لیے
حال سُن سُن کے مرا، لوگ عجب کرتے ہیں

میر (کلیات مرتبۂ آسی، ص ۴۲۲)

"آشنائی اور آشنا پرستی میں اعجوبۂ روزگار تھے."

محمد حسین آزاد (دربارِ اکبری، طبعِ لکھنؤ، ص ۱۵۷)

مفرد بھی استعمال ہوتا ہے، لیکن نسبتاً کم. مثلاً:

Marfat.com

کیسا اعجوبہ نیا پہنچا ہے یاں　　چونچ ہو، تو ہو شتر مرغِ کلاں

میرؔ (کلیات، مرتبہ آسی، ص ۸۲۱)

"میں یہ دیکھنا چاہتا تھا کہ اِس اعجوبے کا ردِّ عمل کہاں کہاں کس طرح ہوتا تھا۔"

رشید احمد صدّیقی (نقدِ غالب، ص ۳۱۴)

اصل معنی کے لحاظ سے "عجوبہ" بہ فتحِ اوّل اور بہ ضمِّ اوّل دونوں طرح سننے میں آتا ہے، البتّہ بہ فتحِ اوّل (عجوبہ) کا چلن زیادہ ہے۔ لیکن ایک خاص پودے کے لیے، جس کے پتّے دوا کے طور پر استعمال میں آتے ہیں، یہ صرف بہ فتحِ اوّل بولا جاتا ہے (عَجوبے کا پتّا)۔ اِس معنی میں یہ اُردو نژاد ہے۔ فارسی یا عربی میں یہ معنی نہیں۔

مفرّس الفاظ کے لیے اگرچہ اصولاً کسی سند کی ضرورت نہیں، مگر محض بہ طورِ احتیاط، ایک سند پیش کی جاتی ہے۔ اس کی ضرورت اس لیے بھی سمجھی گئی ہے کہ نور یا آصفیہ میں اس کی سند موجود نہیں۔ انشا کا شعر ہے (کلامِ انشا، ص ۲۲۴):

اپنے نیچے کے، ترے حُقّے پہ بولے ہیں یہی　　گر سنے کوئی عجوبہ ہے یہ حق حق سانپ کی

فوربس، رچرڈسن اور شکسپیر نے "عجوبہ" کو ع بی لکھا ہے۔ جیسا کہ لکھا جا چکا ہے، یہ مفرّس صورت ہے۔ عربی کا اصل لفظ "اُعجوبہ" ہے۔ فوربس نے اس کو بہ ضمِّ اوّل لکھ کر مزید لکھا ہے کہ بہ فتحِ اوّل عامیانہ تلفّظ ہے۔ مگر اب اس سے اتّفاق نہیں کیا جا سکتا۔

"اَشرفی: بہ فتحِ شین کہنا غلط ہے" (قاموس)

نور میں یہ تو نہیں لکھا ہے کہ بہ فتحِ شین غلط ہے، مگر اُس میں صرف "بہ فتحِ اول و سکونِ دوم و فتحِ سوم" لکھا ہوا ہے؛ مطلب اِس سے بھی یہی نکلتا ہے۔ آصفیہ میں بھی اصل کے مطابق "اَشرفی" لکھا ہوا ہے۔ اور امیر اللغات میں حرکات کی صراحت نہیں۔ اِس میں شک نہیں کہ فارسی میں "شش" ساکن ہے اور "ر" مفتوح ہے، مگر اردو میں یہ لفظ بہ فتحِ شین بھی استعمال

Marfat.com

کیا گیا ہے، یعنی : اَشَرْفی - یہ اردو کا تصرف ہے - بول چال میں تو اب یہ لفظ عام طور پر بہ فتحِ شین ہی آتا ہے ؛ نظم میں دونوں طرح استعمال کیا گیا ہے :

دوں پیرِ مے فروش کو قیمت شراب کی ہاتھ آئے اَشْرفی جو گلِ آفتاب کی

آسیر

مانی ہوں منتیں بھی سو سو کروڑ ڈھب کی دھو دھو روپے اَشَرفی نذریں اٹھائیاں ہوں

کلامِ انشا : ۱۸۸

اِس لفظ کے دونوں تلفّظ صحیح مانے جائیں گے، البتّہ اردو کی مثلوں میں جہاں بھی یہ لفظ آئے گا بہ طورِ واحد آئے یا بہ طورِ جمع، بہ فتحِ شین بولا جائے گا، جیسے : گھر میں کوڑی نہیں نام اَشَرفی لال۔ یا ایک اور مثل ہے : اَشَرفیاں لُٹیں، کوئلوں پر مُہر

"اشرفی بوٹی" (وہ بوٹیاں جو زربفت اور کم خواب پر ہوتی ہیں) میں بھی شش مفتوح رہے گا، ورنہ لفظ ہی بگڑ جائے گا۔ "گُلِ اشرفی" دونوں طرح مستعمل ہے، اور "اشرفی کا پھول" عموماً بہ فتحِ شین بولا جاتا ہے۔ اردو شعرا نے "گُلِ اشرفی" اور "اشرفی کا پھول" دونوں مرکّبات میں، فارسی تلفّظ کی رعایت سے اِس کو بہ سکونِ شین نظم کیا ہے، مثلاً :

ہوا سے اَشْرفی کے پھول سبزے پر گرے جس دم عروسِ باغ نے اوڑھا دوپٹّا کامدانی کا

امانت لکھنوی (دیوانِ امانت ص ۲۶)

موّے کی زرد زرد پھلیاں ہیں یا گُلِ اَشْرفی کی کلیاں ہیں

انشا (کلامِ انشا ص ۳۴۶)

لیکن بول چال میں اِس تلفّظ نے بار نہیں پایا۔ بول چال میں بہ فتحِ شین ہی آتا ہے۔ فیلن نے صحیح طریقہ اختیار کیا ہے، اُس نے "اشرفی" کو بہ سکونِ شین اور بہ فتحِ شین دونوں طرح لکھا ہے۔ اور ایک مثل : "گھر میں کوڑی نہیں، نام اشرفی لال" لکھ کر، اِس کے شش کو مفتوح لکھا

Marfat.com

ہے ؛ اِس سے اندازہ ہوجاتا ہے کہ امثال میں شَش مفتوح رہے گا۔

اشرفی کی جمع اشرفیاں، بول چال میں عام طور پر بہ فتحِ شین مستعمل ہے۔ نظم میں اِس کو دونوں طرح لایا گیا ہے، مثلاً

کب مجھے رکھّے گی مفلس ہمّتِ شاہِ جُنوں
دولت ان داغوں کی، اَشُرفیاں، روپے ہوجائے گی
رشک (دیباچۂ نفس اللّغۃ، ص ۱۳)

چوری کا ڈر نہیں ہے، دیے شوق سے لگا ڈھیروں روپے اَشَرفیاں رکھی ہیں جا بہ جا
جانصاحب (مسدّس تہنیتِ جشنِ بے نظیر س ۱۰)

لیکن بہ سکونِ شین کو بول چال سے مطلق علاقہ نہیں، بہ نظم تک محدود ہے۔

اسٹنگاس نے "آشَرَفی" (بہ الفِ ممدودہ و رائے ساکن) بھی لکھا ہے۔ صحیح نہیں۔ الفِ ممدودہ نہ فارسی میں ہے نہ اردو میں۔

"اگری: ۱۔ بعض شعرانے اگرئی" کہا ہے۔ رَند:

اگرئی کا ہے گماں، شک ہے ملاگیری کا رنگ لایا ہے دوپٹّا ترا میلا ہوکر

دراصل "اگر" سے "اگری" صحیح ہے۔ اگر "اگرہ" سے منسوب ہوتا تو "اگرئی" ہوتا۔" (قاموس)

مؤلفینِ قاموس کے علاوہ اور لوگوں نے بھی رَند کے اِس شعر کو "اگرئی" کی سند میں پیش کیا ہے، مثلاً مؤلفِ آصفیہ نے لکھا ہے:

"بعض حال کے صاحبانِ لکھنؤ اس لفظ پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ "اگرئی" اجنبی کے وزن پر غلط ہے..... مگر ہمیں اس اعتراض سے اتفاق نہیں ہے، کیوں کہ اوّل تو شعرانے اِس کو برابر اجنبی کے وزن پر باندھا ہے، چناں چہ

Marfat.com

رنَد لکھنوی ہی کا شعر موجود ہے ؎ اگرئی کا ہے گماں، شک ہے ....."
وجاہت جھنجھانوی نے بھی اِسی شعر کو "اگرئی" کی سند میں لکھا ہے (اختلاف اللسان ص ۴) ۔ جناب اثر لکھنوی نے لکھا ہے :

"یہ فرمانا کہ دہلی کا لفظ "اگرئی" لکھنؤ میں "اگری" بولا جاتا ہے ؛ پاسا پھیری ہے ۔ رنَد لکھنوی کا مشہور شعر ہے :

اگرئی کا ہے گماں، شک ہے ملاگیری کا رنگ لایا ہے دوپٹا ترا میلا ہوکر"

(چھان بین ص ۲۰۵)

"اگرئی" کی سند میں عام طور پر رنَد کے اسی ایک شعر کو پیش کیا گیا ہے، مگر حتمی طور پر یہ ثابت نہیں کیا جاسکتا کہ اس شعر میں "اگرئی" نظم ہوا ہے، بل کہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس شعر میں دراصل "اگری" ہے، جس کو "اگرئی" فرض کر لیا گیا ہے، اور اِس بنا پر اس شعر سے فائدۂ استناد حاصل نہیں کیا جاسکتا ۔

رنَد کی یہ غزل بحرِ رمل میں ہے ۔ اس میں پہلا رکن سالم (فاعِلاتن) بھی آسکتا ہے، اور مخبون (فَعِلاتن) بھی ۔ یعنی مصرعِ اوّل کا پہلا رکن "فَعِلاتن" بھی ہوسکتا ہے، اور اس صورت میں "اگری" پڑھا جائے گا ۔ اور ایسا کوئی ثبوت یا قرینہ موجود نہیں جس سے یہ ثابت کیا جاسکے کہ اس مصرعے کا پہلا رکن "اگرئی" بر وزنِ "فاعلاتن" ہے ۔ ہاں اِس کا قرینہ موجود ہے کہ اس رکن کو "اگری" بروزنِ "فعلاتن" پڑھنا چاہیے، اور وہ قرینہ یہ ہے کہ رنَد کے کلام میں "اگرئی" کہیں نہیں آیا ہے، البتہ "اگری" آیا ہے ۔ دوسرے یہ کہ اس شعر کے علاوہ کسی اور مستند شاعر کے یہاں سے "اگرئی" کی کوئی اور مثال نہیں پیش کی جاسکی ہے، بل کہ رنَد کے اسی ایک شعر پر سند کی بنیاد رکھی گئی ہے ۔ تیسرے یہ کہ جلال نے سرمایۂ زبانِ اردو میں، امیر مینائی نے امیر اللغات میں، اور مولّفِ نور اللغات نے رنَد کے اِسی شعر کو "اگری" کی سند میں پیش کیا ہے

Marfat.com

اور اس کا واضح طور پر مطلب یہ ہے کہ ان حضرات کی نظر اس عروضی نکتے پر تھی۔ یہ قرائن اِس تعیین کے لیے کافی ہیں کہ رند کے اس شعر میں "اگری" ہی نظم ہوا ہے۔ اور یہ کہ جن لوگوں نے اِس شعر میں "اگری" کو "اگرئ" پڑھا ہے، اُنھوں نے غلطی کی ہے۔ اِس مصرعے کی تقطیع اِس طرح ہوگی :

اگری کا	ہ گماشک	ء ملاگی	ری کا
فَعِلاتُن	فَعِلاتُن	فَعِلاتُن	فَعْلُن

رند کے دیوان میں ایک جگہ یہ لفظ اس طرح آیا ہے کہ اُس کو قطعیّت کے ساتھ "اگری" کے ثبوت میں پیش کیا جا سکتا ہے :

رو. بہ رو دل تری تصویر دھری رہنے دے — آپ میں اس کو اگر بے خبری رہنے دے
زعفرانی کوئی جوڑا پہن آیا ہے بسنت — دست بقچے میں لباسِ اگری رہنے دے

اب جب تک کوئی مثال اِس کے خلاف نہ پیش کی جا سکے، اُس وقت تک یہ نہیں کہا جا سکتا کہ رند نے اُس شعر میں "اگرئ" نظم کیا ہے، بل کہ لازمی طور پر یہ ماننا پڑے گا کہ اُس شعر میں "اگری" نظم ہوا ہے۔ اِس میں اِس کا اور اضافہ کر لیا جائے کہ کئی مستند لغت نویسوں نے "اگرئ" کو غلط بتایا ہے۔ جلال نے سرمایۂ زبانِ اردو میں لکھا ہے :

"جو لوگ" اگری" بر وزنِ سفری کو "اگرئ" بر وزنِ اجنبی بولتے ہیں غلط بولتے ہیں۔ کس واسطے کہ لفظ "اگر" ہے "اگرہ" نہیں۔ پھر ہمزہ قبل تحتانی کے کس حرف کے عوض میں آگیا جو "اگرئ" سرمئ اور نقرئ کے قیاس پر بولا جاتا ہے۔" (سرمایۂ زبانِ اردو)

امیر مینائی نے "اگر" کے ذیل میں لکھا ہے :

"بعض لوگ اِس کو غلطی سے "اگرئ" چمپئ کے وزن پر بولتے ہیں۔"

(امیر اللغات)

Marfat.com

صاحبِ نور اللغات نے لکھا ہے:

"یہ لفظ "اگرئی" بروزنِ اجنبی نہیں ہے، بروزنِ اجنبی بولنا غلط ہے، کس واسطے کہ لفظ "اگر" بہ فتحِ اول و دوم تھا، اُس میں یائے نسبت اضافہ کی تو "اگری" ہوا. سرمئی اور نقرئی پر اس کا قیاس صحیح نہیں ہے۔"

فیلن اور پلیٹس کے لغات میں "اگرئی" موجود ہے، اور خیال یہ ہے کہ صاحبِ فرہنگِ آصفیہ نے فیلن کی تقلید میں "اگرئی" کو درجِ لغت کیا ہے اور اِس کو صحیح بتایا ہے اور سند میں رند کے زیرِ بحث شعر کو لکھا ہے۔

حاصلِ بحث یہ نکلا کہ رند کے زیرِ بحث شعر کو "اگرئی" کی سند میں پیش نہیں کیا جا سکتا. اور اِس شعر کے علاوہ اس لفظ کی کوئی اور سند پیش نہیں کی جا سکی۔ نیز سارے قرائن اس پر دلالت کرتے ہیں کہ رند کے شعر میں "اگری" پڑھا جائے۔

اِس بحث سے قطعِ نظر کرکے، یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اب اِس نئے لفظ "اگرئی" کو بھی صحیح مان لینا چاہیے۔ ایک لفظ کا اضافہ سہی۔ خلافِ قیاس یا خلافِ قاعدہ بنے ہوئے بہت سے لفظ اردو میں مستعمل ہیں، اِس لفظ کا شمار بھی اُسی فہرست میں کیا جائے گا۔ اثر لکھنوی مرحوم نے اسے نظم بھی کیا ہے:

کسے دے ترجیح کس پہ کوئی، کُھبی ہے آنکھوں میں جامہ زیبی
کسی کا ملبوس ہے شہابی، کسی کی پوشاک اگرئی ہے

(عروسِ فطرت. (مجموعۂ منظوماتِ اثر) ص ۹۳)

جوش ملیح آبادی نے بھی اِس کو نظم کیا ہے:

گردوں اِدھر طلائی تو اُس سمت نقرئی
یہ پارہ سردئی ہے تو وہ پارہ سُرمئی

اک گوشہ کتھئی ہے تو اک گوشہ پستئی
مغرب جو اگرئی ہے تو مشرق ہے چمپئی

(طلوعِ فکر)

Marfat.com

بول چال میں بھی یہ لفظ آتا ہے، یوں بھی اس کو صحیح ماننا چاہیے۔ وجاہت جھنجھانوی (تلمیذِ داغ) نے "اگری" کی سند میں امانت کا ایک شعر لکھ کر، لکھا ہے:

"قطعِ نظر اس کے، امانت لکھنوی کے شعر میں یہ لفظ جن اعراب سے شروع ہوا ہے، وہ زبان سے جلد اور بہ آسانی ادا نہیں ہو سکتے۔ اس کے مقابلے میں "اگری" بہرحال فصیح و خفیف ہے۔" (اختلاف اللسان ص ۴)

اِس میں کوئی شک نہیں کہ بول چال کے لحاظ سے "اگری" کے مقابلے میں "اگرئی" زیادہ آسانی اور روانی کے ساتھ استعمال میں آئے گا۔ اور یہ بات کچھ کم اہمیت نہیں رکھتی۔

ہاں، مولفِ آصفیہ نے "اگرئی" کے ایک اور معنی بھی لکھے ہیں، انھوں نے لکھا ہے:

"شاہانِ دہلی کی ایک پلٹن کا نام، جس کی اگرئی وردی تھی۔" اس کی تصدیق تو میں نہیں کر سکا، لیکن یہ لفظ اگر اس معنی میں مستعمل تھا، تو پھر اس کو "اگری" کی طرح قدیم ماننا ہوگا۔

بہ ہر صورت، اِس لفظ کے یہ معنی تصدیق طلب ضرور ہیں۔

یہاں پر ضمنی طور پر یہ بھی لکھنا چاہتا ہوں کہ اثر صاحب نے جلال کی عبارت نقل کر کے اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ "کتھا سے کتھئی، چمپا سے چمپئی بن سکتے ہیں تو اگر سے اگرئی کیوں نہ بنے۔" (فرہنگِ اثر، ص ۱۰)۔ اثر صاحب نے اگر اس لفظ "اگرئی" کو صحیح مان لیا تو کچھ غلط نہیں کیا، مگر اس کے لیے جو دلیل دی ہے، وہ قاعدے کی رو سے ٹھیک نہیں۔ کیوں کہ "اگر" اور "کتھا" اور "چمپا" کی صورت بالکل مختلف ہے، اور یہ بات بالکل ظاہر ہے۔ جس طرح "پستہ" سے "پستئی" بنے گا، اُسی طرح "چمپا" سے "چمپئی" بنے گا۔ جو فائدہ "پستہ" کے آخر کی ہائے مختفی دے رہی ہے، وہی فائدہ "چمپا" کے آخر کا الف دے گا۔ اور "اگر" کے آخر میں نہ ہ ہے اور نہ الف ——— جیسا کہ ابھی لکھا جا چکا ہے، اِس لفظ "اگرئی" کو خلافِ قاعدہ بنے ہوئے الفاظ میں جگہ دی جائے گی اور دوسرے لفظوں کی طرح اِس کو بھی بالکل صحیح مانا جائے گا، اور ضرورت

Marfat.com

کے مطابق بے تکلّف استعمال کیا جائے گا۔

میر حسن نے مثنوی سحر البیان میں ایک جگہ "اگری" کو بہ سکونِ گاف نظم کیا ہے:

وہ پشواز اگری، وہ نرگس کا ہار　　وہ کمخواب کے بند، رومی ازار

(سحر البیان، شائع کردۂ فورٹ ولیم کالج کلکتہ ص ۹۱)

امیر مینائی نے اس شعر کو امیر اللغات میں لکھ کر، اس کے متعلّق لکھا ہے: "اب یہ زبان نہیں ہے" لیکن گفتگو میں یہ لفظ بہ سکونِ گاف بھی آئے گا، اور بہ فتحِ گاف بھی؛ مناسب یہ ہوگا کہ بہ سکونِ گاف کو بھی صحیح مان لیا جائے۔ یہ فیصلہ محلِّ استعمال کے لحاظ سے کیا جائے گا کہ کہاں پر اس لفظ کی کون سی صوت اچھی معلوم ہوتی ہے۔

لفظ "اگر" کے ہندی یا فارسی ہونے کے متعلّق لغت نویسوں میں اختلاف ہے۔ فرہنگِ جہانگیری و برہانِ قاطع میں اس کو فارسی لکھا گیا ہے۔ لیکن "اگری" کے متعلّق اِن لغات میں کوئی صراحت نہیں ملتی۔ البتّہ رشک نے نفس اللغۃ میں "اگری" کو فارسی لکھا ہے۔ اگر لفظ "اگر" فارسی ہے تو پھر "اگری" بہ لحاظِ قاعدہ بھی درست ہوگا۔ غالباً اسی لیے اردو میں اساتذہ نے اِس لفظ (اگری) کو بہ اضافتِ فارسی بھی نظم کیا ہے:

کیوں کر نہ مرے داغوں سے بو آئے اگر کی　　میں سوختہ ہوں اس کے لباسِ اگری کا

مصحفی (انتخابِ مصحفی مرتبہ حسرت موہانی ص ۲۱)

زعفرانی کوئی جوڑا پہن آیا ہے بسنت　　دستِ بقچے میں لباسِ اگری رہنے دے

رند (کلیاتِ رند ص ۹۲)

ہاں، امیر مینائی نے امیر اللغات میں "اگردان" کے ذیل میں لکھا ہے: "فصحا "اگرسوز" زیادہ بولتے ہیں۔" یہی جملہ نور اللغات میں بھی نقل کیا گیا ہے — یہ احتیاط کہ "اگردان" کی جگہ "اگرسوز" بولنا انسب ہے، اگر اس خیال سے کی گئی کہ لفظ "اگر" فارسی نہیں؛ تو درست نہیں۔ اردو کے لحاظ سے "اگردان" زیادہ بہتر معلوم ہوتا ہے۔

Marfat.com

کیوں کہ اِس وزن کے کئی مرکّبات اُردو میں مستعمل ہیں۔ لیکن یہ احتیاط اگر معنوی مناسبت کی بنا پر کی گئی، یعنی "اگر دان" کے مقابلے میں "اگر سوز" میں استعمال کے لحاظ سے زیادہ مناسبت پائی جاتی ہے؛ تب ٹھیک ہے، مگر جیسا کہ لکھا گیا ہے، اردو میں اس طرح کے مرکّبات میں عموماً "دان" کا لاحقہ پایا جاتا ہے اور اس اعتبار سے "اگر دان" انسب قرار پائے گا۔ صحّت اور فصاحت کے لحاظ سے دونوں لفظ معیاری ہیں۔

آب و دانے کی فکر: "آب و دانہ" کی ترکیب فارسی ہے ..... عطفی ترکیب میں حروفِ عوامل کی وجہ جہاں ہائے مختفی، یائے تحتانی سے بدل جاتی ہے، وہاں واوِ عطف کو حذف کرنا مناسب ہے، ورنہ تہنید کی صورت میں فارسی ترکیب غلط ہو جاتی ہے۔" (قاموس)

میں اپنی طرف سے کچھ کہنے کے بجائے، شاد عظیم آبادی کی ایک کتاب سے ایک اقتباس پیش کرنے پر اکتفا کروں گا جس میں اس خاص مرکّب کا بھی ذکر آگیا ہے:

"کہا جاتا ہے کہ اگر کوئی ہندی یا اور کسی زبان کا لفظ، کسی فارسی یا عربی کے لفظ سے بہ طورِ قواعدِ فارسی ہم بغل ہو تو غلط ہے۔ جب کہ فصحا برابر استعمال کرتے آئے ہیں اور کرتے رہے ہیں، تو سبب اُس خاص فارسی ترکیب کے غلط ہونے کا کیا ہے؟ تو بہ جز اِس کے کوئی جواب نہیں ہے کہ ہماری تجویز۔ ملاحظہ ہو، چوکی دار، جی دار، سمجھ دار، سونٹے بردار، جھنڈی بردار، وغیرہ صفاتی اسما کیوں زبان سے مطرود کیے جاتے ہیں؟ ... اسی طرح گاڑی بان، پان دان، سنگاردان وغیرہ وغیرہ غیر ممدود مستعمل الفاظ ہیں جن کو غلط بتایا جاتا ہے ——— معلوم نہیں "کوچ بان" کو بھی نکال دیا گیا ہے، یا انگریزی لفظ (کوچ) کے سبب سے ابھی تک براجمان ہے۔

ایک صاحب بڑے شدّ و مد سے تحریر فرماتے ہیں کہ لفظ "اٹھائی گیرا"

Marfat.com

بھی غلط ہے، کیوں کہ "اٹھائی" ہندی ہے اور "گیرا" فارسی ہے۔ کہیں بھی اِس تنگ خیالی کا جواب ہے!

ایک دوسرے صاحب ڈانٹ بتاتے ہیں کہ "آب ودانے" کا لفظ نہ باندھو؛ کیوں کہ بیچ میں واوِ عاطفہ فارسی ہے۔ اور لفظ "دانہ" ہے نہ کہ "دانے"۔ — اگر ایسے زبان زد، مقبولِ فصحا الفاظ کی فہرست دی جائے، تو میرا قیاس یوں ہے کہ غالباً ہزاروں اچھے خاصے لفظوں کی گردن پر چھری چل جائے گی، جن کے قائم مقام الفاظ ڈھونڈے نہیں ملتے، مثلاً: کھچڑی فروش، دودھ دان، چینی دان، مکھن دان، عرقِ کیوڑا، شربتِ کیوڑا، پاجی پرست ....."

(فکرِ بلیغ ص ۶۳)

مولفینِ قاموس نے "آب ودانے" کے غلط استعمال کی مثال میں میر انیس کی یہ رُباعی لکھی ہے:

اب گرم خبر موت کے آنے کی ہے — ناداں! تجھے فکر آب ودانے کی ہے
ہستی کے لیے ضرور اک دن ہے فنا — آنا تیرا، دلیل جانے کی ہے

حالاں کہ اِس رُباعی کو، اِس مرکّب کے مستعملِ فصحا ہونے کی سند کے طور پر پیش کرنا چاہیے تھا۔ "آب ودانے کی فکر"، "آب ودانے کو" وغیرہ کی مثالیں مستندین کے یہاں بہ کثرت پائی جاتی ہیں۔ میں صرف نور و آصفیہ سے چند اشعار نقل کیے دیتا ہوں:

کہاں ہم، کہاں تم، ہوا یہ جو ساتھ — یہ تھی بات سب آب ودانے کے ہاتھ

میر حسن

ذرا تو اپنے اسیروں کی لے خبر صیّاد — قفس میں کیسے ترستے ہیں آب ودانے کو

جرأت

دکھایا کنج قفس مجھ کو آب ودانے نے — وگرنہ دام کہاں، میں کہاں، کہاں صیّاد

Marfat.com

اگر مولفینِ قاموس کی تجویز کے مطابق ایسے مرکبات میں واوِ عطف حذف کر دیا جائے، یعنی "آب ودانے" کو "آب دانے" لکھا جائے تو یہ صورت صریحًا استعمالِ فصحا کے خلاف ہوگی۔ یہی نہیں، اِس مرکّب کی صورت بھی ایسی بگڑ جائے گی کہ پہچاننا مشکل ہوگا۔ "آب ودانے" بالکل صحیح اور فصیح مرکّب ہے اور فصحا اس کو شروع سے آج تک مسلسل ومتواتر استعمال کرتے رہے ہیں۔ قواعد کے پھیر میں آکر، ایک اچھے بھلے مرکّب کی صورت بگاڑنا، کچھ معقول بات نہیں۔ اور پھر کچھ ایک ہی مرکّب تو نہیں، ایسے بہت سے مرکّبات ہیں، جیسے مقدمے بازی، لب ولہجے میں وغیرہ وغیرہ۔ مولانا احسن مارہروی نے اِس بات کو وضاحت کے ساتھ لکھا ہے۔ مئی ۱۹۰۵ء کے رسالہ فصیح الملک میں مولانا نے املا سے متعلق کچھ لکھا تھا؛ ڈاکٹر غلام مصطفاخاں نے ایک مضمون میں مولانا کی اُن اصلاحات اور تجاویز کو بیان کیا ہے۔ اِس طرح کے مرکّبات سے متعلق مولانا احسن کی تجویز یہ تھی:

> "جس لفظ کے آخر میں ہ آئے تو فاعلیّت، مفعولیّت اور اضافت کی حالت میں اُسے یے سے لکھا جائے جیسے: کسی زمانے میں۔ اِسی طرح حالتِ ترکیبی یعنی اضافت وعطف میں بھی عربی فارسی الفاظ اُسی طرح لکھے جائیں جس طرح بولے جاتے ہیں، مثلاً: لب ولہجے میں، مقدمے بازی میں وغیرہ" (علمی نقوش ص ۱۴۳)

ایزد: لفظ "ایزد" کو قاموس میں بہ کسرِ سوم "ایزِد" لکھا گیا ہے اور اُس کے ذیل میں مزید لکھا گیا ہے کہ: "تعجب ہے کہ انجمن آرائے ناصری میں "میریزد" کے وزن پر لکھ دیا ہے" (قاموس)

اگر مولفِ فرہنگِ انجمن آرائے ناصری نے "ایزد" کو بہ فتحِ سوم بھی لکھا ہے تو غلط نہیں لکھا۔ فارسی میں یہ بہ فتحِ سوم بھی آیا ہے۔ فرہنگِ انجمن آرائے ناصری کا مولف

Marfat.com

خود بھی اہلِ زبان ہے، ہمارے لیے تو اُس کا لکھنا بھی کافی ہوتا۔ شوق نیموی نے ازاحۃ الاغلاط میں لکھا ہے :

"از اہلِ زبان بہ تحقیق پیوست کہ ایں لفظ در پارس بہ فتحِ ثالث و کسرِ آں بر ہر دو طور است۔ نظامی فرماید :

نہ ہر کہ ایزد پرست، ایزد پرستد چو خود را قبلہ سازد، خود پرستد"

(میں اس وقت یہ نہیں کہہ سکتا کہ نظامی کا شعر کہاں سے ماخوذ ہے) مرزا غالب ایسے معاملات میں سختی کے ساتھ اہلِ زبان کی تقلید کے قائل تھے، انھوں نے بھی بہ فتحِ زا نظم کیا ہے :

در احمد الف، نامِ ایزد بود زمیم آشکارا محمد بود

(کلیاتِ غالب، نولکشور پریس، طبعِ دوم ص ۱۵۱)

محمد علی تبریزی نے فرہنگِ نو بہار میں اِس کو دونوں طرح لکھا ہے : "ایزد (چو زیرک یا بیدل) نام نامی خدای تعالیٰ" ـــــ اردو میں یہ لفظ صرف بہ فتحِ سوم بولا جاتا ہے۔ بہ کسرِ سوم کو فارسی سے مخصوص سمجھنا چاہیے۔ آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں۔ امیر اللغات و نور اللغات میں اِس کو صرف بہ کسرِ سوم لکھا گیا ہے۔ اثر لکھنوی مرحوم نے ایک مضمون میں لکھا تھا : "ایزد، فارسی میں بہ کسرِ سوم ہے۔ اُردو میں بہ فتحِ سوم بولتے ہیں۔" (رسالہ الحمرا جنوری ۱۹۵۴ء)

عربی کے ایسے متعدد لفظ ہیں جن کا دوسرا یا تیسرا حرف مکسور ہے، لیکن اردو میں یہ لفظ زبر کے ساتھ مستعمل ہیں۔ اُن میں سے اکثر لفظ فارسی میں بھی زبر کے ساتھ استعمال کیے گئے ہیں، اور اس طرح ایسے لفظ مفرّس ہو کر اردو تک پہنچے ہیں اور اپنی طرح کے دوسرے لفظوں میں اِس تصرّف کی گنجایش کی گواہی دیتے ہیں۔ اور اردو میں حرکت کی یہ تبدیلی ہوئی ہے اِس بنا پر کہ یہاں کے لہجے کے لحاظ سے یہ تبدیلی ضروری تھی اور قدرتی بھی۔ ایسے چند الفاظ کو ذیل میں درج کیا جاتا ہے :

Marfat.com

(۱) مقصد، عربی میں یہ بکسرِ صاد ہے (المنجد)۔ فارسی میں اِس کو بہ فتحِ صاد نظم کیا گیا ہے:

صفا از عقدۂ دلہا ست آں زلفِ معقّد را — بحمداللہ کہ ربطے ہست با مطلق مقیّد را
بمسکن بستر از پہلوی گرمش سرد ناگشتہ — کند طے بر براقِ معرفت اقصای مقصد را

(نظیری)

آصفیہ میں اِس کو صرف بہ کسرِ صاد لکھا گیا ہے۔ مولّف نے بہ فتحِ صاد کو غلط بتایا ہے: "اردو میں بہ فتحِ صادِ مہملہ غلط مستعمل ہے" اس کے مقابلے میں صاحبِ نور اللغات نے صحیح طریقہ اختیار کیا ہے، انھوں نے لکھا ہے: "یہ لفظ عربی میں بہ کسرِ صاد ہے، بہ معنی جائے مقصد۔ اردو میں بالفتح و فتحِ سوم زبانوں پر ہے" سند میں اسیر و محسن کا ایک ایک شعر بھی لکھا ہے۔

اردو کے اساتذہ نے اِس لفظ کو بہ فتحِ صاد عام طور پر نظم کیا ہے۔ مثلاً محسن کاکوروی کے معروف نعتیہ قصیدے میں، جس کے قوافی مسند، زبرجد وغیرہ ہیں، یہ لفظ کئی جگہ آیا ہے:

ملاذِ جنّ و انساں مرجعِ قدّوسیاں کہیے — کہیں ہے قبلہ حاجت کا کہیں ہے کعبہ مقصد کا
ہدف ہو ہو گیا زورِ کماں دارِ نبوّت سے — مقامِ قاب قوسین اکثرِ ادنیٰ نیّرِ مقصد کا
ہے انگوریِ الفقر فخری، کی حلال اُس نے — لڑا ہے جامِ جم سے سنگِ مقصود اُس کے مقصد کا

(کلیاتِ نعتِ محسن کاکوروی)

اِسی زمین میں امیر مینائی کا بھی ایک نعتیہ قصیدہ ہے، اُس میں بھی یہ لفظ کئی جگہ آیا ہے:

سوا حیرت کے کیا ہے فکرتِ کنہِ حقیقت میں
یہ وہ گھر ہے کہ جس میں بند ہے دروازہ مقصد کا
حباب آسا ہیں آنکھیں بند تیری، ورنہ ظاہر ہے
کہ ہر موجہ ہے اِس دریا میں، جادہ راہِ مقصد کا

Marfat.com

کہیں ایوّب کے شافی، کہیں یعقوب کے حامی
بھرا دُرِّ عنایت سے نہ دامن کس کے مقصد کا

(محامد خاتم النبیّین)

میر علی اوسط رشک کا مطلع ہے :

آرزومند ہوں، خضرِ رہِ مقصد مل جائے　　کہ پتا منزلِ مقصود کا شاید مل جائے

(مجموعۂ دواوینِ رشک ص ۳۴۵)

اُردو میں اب یہ لفظ صرف بہ فتحِ صاد مستعمل ہے۔ بہ کسرِ صاد کو عربی سے مخصوص سمجھنا چاہیے۔

(۲) منصب : یہ لفظ بھی عربی میں بہ کسرِ صاد ہے۔ فارسی میں اِس کو بہ فتحِ صاد استعمال کیا گیا ہے۔ صاحبِ بہارِ عجم نے لفظ "غلط" کے ذیل میں لکھا ہے :

"از افضل المتاخرین شیخ عبدالعزیز فطرت بروایتِ صحیح رسیدہ کہ غلط بر دو گونہ است : غلطِ عام و غلطِ عوام۔ اول : چناں کہ لفظِ منصب کہ بکسر می آید و بفتح شہرت دارد۔ و شعرا با لب و تب و غبغب قافیہ کردہ اند۔"

"مقصد" کی طرح یہ لفظ بھی اردو بول چال میں صرف بہ فتحِ صاد آتا ہے۔ اِس طرح نظم بھی کیا گیا ہے :

ساغرِ صافِ مے حُبِّ علی، مشرب ہے　　مردِ مومن ہوں میں، اثنا عشری مذہب ہے
تو امیر اے بُتِ سرکش، تو یہ عاجز ہے فقیر　　حُسن جاگیر تری، عشق مرا منصب ہے

آتش (کلیاتِ آتش، طبعِ دوم ص ۱۹۹)

آصفیہ میں "منصب" کے صاد پر زیر لگا ہوا ہے اور قوسین میں لکھا گیا ہے کہ "غلطِ عام بہ فتحِ صادِ مہملہ" غنیمت ہے کہ مولف نے اس کو "غلطِ عوام" نہیں لکھا۔ نور میں

Marfat.com

ذرا مختلف صورت ہے، مولّف نے لکھا ہے :

"منصب ۔ ع ۔ بالفتح و فتحِ سوم ۔ مصدرِ میمی ہے، بہ فتحِ سوم بہ معنیِ مرتبہ ورفعت ۔ بابِ ضَرَبَ یَضْرِبُ سے مصدرِ میمی بہ فتحِ عین کلمہ بھی آتا ہے۔ فارسیوں نے لب، تب کے قافیے میں استعمال کیا ہے ....."

معلوم نہیں مولّف نے عربی کے کس لغت میں "منصب" کو بہ فتحِ سوم دیکھا ۔ عربی میں یہ صرف بہ کسرِ سوم ہے (المنجد) ۔ بہ فتحِ سوم فارسی والوں کا تصرّف ہے، اور اردو میں یہ صرف بہ فتحِ سوم مستعمل ہے ۔

(۳) میّت : یہ لفظ بھی عربی میں بہ کسرِ یائے مشدّد ہے ۔ فارسی لغات میں اِس لفظ میں کسی طرح کے تصرّف کا ذکر نہیں کیا گیا ہے ۔ مولانا نظم طباطبائی نے سیّد، جیّد، میّت کو بہ فتحِ یا بولنے سے منع کیا ہے اور عربی کے مطابق بہ کسرِ یا بولنے کی تاکید کی ہے : "اس قسم کے الفاظ کا صحیح طور سے استعمال کرنا لازم ہے" (معائبِ سخن ص ۴۶) میر کے یہاں یہ لفظ بہ فتحِ دوم آیا ہے :

بے دل ہوئے، بے دیں ہوئے، بے وقر ہم ات گت ہوئے
بے کس ہوئے، بے بس ہوئے، بے کل ہوئے، بے گت ہوئے
ہم عشق میں کیا کیا ہوئے، اب آخر آخر ہو چکے
بے مت ہوئے، بے ست ہوئے، بے خود ہوئے، میّت ہوئے

(کلیاتِ میر ص ۵۱۶)

مرتّبِ کلّیات مولانا عبدالباری آسی نے اِس پر یہ حاشیہ لکھا ہے :
"میّت، بہ کسرِ دوم صحیح ہے، اور اس کا قافیہ "ات گت" کے ساتھ اب نہ کرنا چاہیے ۔ میر کے زمانے میں اِس طرح قافیہ کرنا جائز سمجھتے ہوں گے"

Marfat.com

داغ بھی اِس لفظ کو بہ فتحِ یائے مشدّد غلط سمجھتے تھے۔ اُنھوں نے احسن مارہروی کو ایک خط میں لکھا تھا:

"ایک اشتہار اس گل دستے میں آپ چھاپ دیجیے، اکثر استاد کے شاگرد بجائے خود استاد بن کر، اپنی غزلیں بے اصلاحی چھپوا دیتے ہیں، اُس میں غلطیاں رہ جاتی ہیں.... کسی صاحب نے لفظ "میّت" جو بہ کسرِ یائے تحتانی ہے، اُس کو بہ فتحِ یا باندھا۔" (انشائے داغ ص ۱۳۲)

مولّفِ نور اللغات نے "بالفتح وتشدیدِ یائے مکسور" لکھ کر لکھا ہے:

"اردو میں زبانوں پر بہ فتحِ یائے مشدّد ہے، لیکن فصحائے حال اس طرح کے استعمال سے احتیاط کرتے اور بہ کسرِ یائے مشدّد استعمال کرتے ہیں۔"

یہی بات مولّفِ رسالۂ اصلاح نے لکھی ہے:

"میّت، بہ فتحِ یائے مشدّدہ استعمالاً صحیح ہے، نظمِ اردو میں کئی جگہ تربت وغیرہ کے قافیوں میں آگیا ہے۔ چوں کہ قاعدے کی رو سے کسرہ ہونا چاہیے، فصحائے حال احتیاط رکھتے ہیں" (ص ۱۷)

فصحائے مرحوم نے کچھ ہی کہا ہو، گفتگو میں یہ لفظ بہ فتحِ یائے مشدّد آتا ہے اور اب یہی صحیح، بل کہ فصیح ہے۔ مولّفِ آصفیہ نے، دوسرے لوگوں کے برخلاف صحیح طریقہ اختیار کیا ہے۔ اُنھوں نے اصل حرکات لکھ کر مزید لکھا ہے: "اردو والے بہ فتحِ یا بولتے ہیں اور یہی فصیح ہے۔" مولانا حالی کے یہاں سے بہ فتحِ یا کی مثال بھی پیش کی جاتی ہے:

ہو اس طرح ہاتھوں میں اُس کے رعیّت — کہ قبضے میں غسّال کے جیسے میّت

(مسدّسِ حالی، تاج کمپنی لاہور ص ۱۱۵)

(۴) نیّر، عربی میں بہ کسرِ یائے مشدّد ہے (المنیر) فارسی میں اِس کو بہ فتحِ دوم

Marfat.com

بھی استعمال کیا گیا ہے۔ صرف غالب کے یہاں سے چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں :

داد کو، تا ستم بر اندازد　　طرحِ نُہ چرخِ دیگر اندازد
نگہِ خشمگینش از تیزی　　نور از روی نیّر اندازد

(کلیاتِ غالب، نول کشور پریس، طبعِ دوم ص ۲۴۶)

باز بہ اطرافِ باغ آتشِ گل در گرفت　　مرغ بر سرو مغاں زمزمہ از سر گرفت
نامہ بناز دہ بخویش کز اثرِ فیضِ مدح　　نقطہ ز بس روشنی، تابشِ نیّر گرفت

(" " " ص ۲۶۸)

چہ گوہرم کہ محیط از صفای گوہرِ من　　بپای لغزش نیارد گذشتن از سرِ من
صد آفتاب تواں ساختن بیازیچہ　　ز ذرّہ ایکہ بود در ہوای نیّرِ من

(" " " ص ۳۴۴)

جم حشم شاہزادہ فتح الملک　　مرحبا طالعِ مظفّرِ تو
آفتابی و شیر مرکبِ تست　　آسمانی و جبہہ نیّرِ تو

(" " " ص ۳۳)

آصفیہ میں اِس لفظ کو عربی لغات کی تقلید میں، صرف بہ کسرِ یائے مشدّد لکھا گیا ہے، "نیّر"۔ نور میں اصل حرکات کے ساتھ ساتھ اِس کی بھی صراحت کی گئی ہے کہ اُردو میں بہ فتحِ دوم مستعمل ہے، اور یہی صحیح بات ہے۔ اردو میں اِس لفظ کا فصیح تلفّظ بہ فتحِ دوم (نیَّر) مانا جائے گا۔ اِسی طرح استعمال بھی کیا جاتا ہے۔ اور "نیّر" کو عربی سے مخصوص سمجھا جائے گا۔

(۵) سیّد، جیّد، طیّب، عربی میں یہ تینوں لفظ بہ کسرِ یائے مشدّد ہیں۔ اردو میں یہ تینوں لفظ بھی بہ فتحِ یائے مشدّد استعمال کیے جاتے ہیں، یعنی، سیَّد، جیَّد، طیَّب۔ اور اب اردو میں یہ اِسی طرح فصیح مانے جائیں گے۔ نوکفینِ قاموس اور مولانا نظم طباطبائی

Marfat.com

نے اِن لفظوں کو بہ کسرِ یا بولنے کی تاکید کی ہے، لیکن اس حکم کو مانا نہیں جاسکتا۔ اِن بزرگوں میں سے کسی نے یہ نہیں بتایا کہ "سیّد" کی تانیث "سَیْدانی" صحیح ہے یا یہ بھی غلط ہے، اور اِس کو بھی "سَیِّدانی" کہنا چاہیے!

نور میں اِن تینوں لفظوں کو صرف بہ کسرِ یائے مشدّد لکھا گیا ہے۔ یہ نری عربی کی تقلید ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ موتف نے استعمالِ عام پر لُغت کو ترجیح دی ہے۔ ظاہر ہے کہ اس کو تسلیم نہیں کیا جاسکتا۔ اِس کی صراحت کردی جائے کہ "طیّب" کی جمع "طِیّبات" بہ کسرِ یائے مشدّد رہے گی۔ اسی طرح "جیّد" کے ایک مرکّب "جِیّد الکیموس" میں بھی اصل حرکت باقی رہے گی، مگر مفرد الفاظ کو بہ فتحِ یائے مشدّد ہی مانا جائے گا۔

مندرجۂ بالا الفاظ سے اِس کا بہ خوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ یہ لسانی رجحان ہے کہ اِس قبیل کے الفاظ اردو میں بہ فتحِ حرفِ ثانی یا بہ فتحِ حرفِ ثالث استعمال میں آئیں۔ لسانی رجحان کو لُغت کے اندراجات یا قواعدِ صرف ونحو سے روکا نہیں جاسکتا، نہ اُس کو دبایا جاسکتا ہے۔ لسانی رجحان کو لغت اور قواعد، سب پر افضلیت حاصل ہوتی ہے۔ مختلف لفظوں میں اردو کے تلفّظ نے اپنے انداز کو نمایاں کیا ہے۔ مثلاً ایک لفظ ہے "مروّت" لُغات میں اس کو بہ ضمِّ اوّل ودوم لکھا گیا ہے۔ موتّفِ غیاث اللغات نے تو خاص طور پر صراحت کی ہے کہ اِس لفظ کو بہ فتحِ ثانی استعمال کرنا صحیح نہیں: "مروّت، بضمتین وتشدیدِ وادِ مفتوحہ... و بہ ضمِّ اوّل وفتحِ ثانی خطاست" آصفیہ ونور میں بھی اصل کی رعایت سے اس کو صرف بہ ضمِّ اوّل وثانی لکھا گیا ہے۔ بول چال میں یہ لفظ بہ فتحِ حرفِ ثانی آتا ہے اور اردو کے لحاظ سے یہی فصیح معلوم ہوتا ہے۔

زمرّد: اصلاً یہ لفظ بہ ضمِّ اول وثانی وثالث ہے، یعنی: زُمُرُّدٌ (المنجد) فارسی میں اِس کو بد اور صد وغیرہ کے قافیے میں بھی لایا گیا ہے، لیکن فارسی میں

Marfat.com

حرفِ اوّل وثانی مضموم ہی رہا ہے۔ اردو میں مزید تصرّف یہ ہوا ہے کہ پہلا اور تیسرا حرف، دونوں مفتوح ہیں۔ بول چال میں یہ اسی طرح آتا ہے۔ آصفیہ میں یہ لفظ موجود ہے، مگر حرکات کی صراحت نہیں کی گئی ہے، البتّہ نور میں یہ ضرور لکھا گیا ہے کہ: "اردو میں بہ فتحِ اوّل وضمِّ دوم وتشدیدِ سوم مفتوح مستعمل ہے" اور یہی صحیح ہے۔ مُحسن کاکوروی اور امیر مینائی کے معروف نعتیہ قصائد میں یہ لفظ کئی جگہ آیا ہے:

مٹانا لوحِ دل سے نقشِ ناموسِ اب و جد کا
دبستانِ محبت میں سبق تھا مجھ کو ابجد کا
کہاں ہے آتشِ یاقوتِ لب میں وہ بھڑک باقی
کہ خطِ سبز نے چھینٹا دیا آبِ زمرّد کا
عجب کیا ہے کہ خوابِ ناز میں سوتی رہے ناگن
نہ کھولے آنکھ، اگر چھینٹا نہ دیں آبِ زمرّد کا
عیاں ہے کہکشاں، یا نقشِ محرابِ منقّش ہے
فلک ہے، یا کلس رکھّا ہے چھوٹا سا زمرّد کا

محسن کاکوروی (کلیاتِ نعتِ محسن کاکوروی)

تفکّر امتیازِ جان وجاناں میں ہے کیا حد کا
عروض اب تک نہ آیا ہاتھ اِس بیتِ مُعقّد کا
نہ رکھ تاجِ تکبّر سر پہ، تیرے حق میں سم ہوگا
فراخی ہے اِسی میں، ہے جو آویزہ زمرّد کا
وہی تو چرخِ اخضر ہے، جو روزِ خلقتِ آدم
گرا تھا تاجِ نورانی سے آویزہ زمرّد کا

امیر مینائی (محامدِ خاتم النبیین ص ۵، ۶)

Marfat.com

ایک اور لفظ ہے : مُلزَم ۔ اِس کے متعلق مولفینِ قاموس نے لکھا ہے :
" مُلْزَم ، الزام لگایا گیا ، قصوروار ۔ بجائے مُلْزَم ، مُلْزِم کہنا غلطی ہے ، کیوں کہ ملزِم ، الزام کا اسمِ فاعل ہے ، جس کے معنی ہیں : کسی کے ذمّے کوئی کام کر دینے والا ۔ لازم و واجب کر دینے والا ۔ الزام لگانے والا ۔"

مقصد یہ ہے کہ عربی کے لحاظ سے صحیح لفظ " مُلْزَم " ہے زؔ کے زبر کے ساتھ اور اردو میں بھی اِسی طرح استعمال کرنا چاہیے ۔ اردو میں عربی کے ایسے نہ معلوم کتنے لفظ ہیں جن کی حرکات بدل گئی ہیں ۔ عربی میں یہ اسمِ فاعل تھے یا اسمِ مفعول ، اب ہمیں اِس سے مطلق بحث نہیں ۔ اُردو میں یہ مفرد الفاظ کی حیثیت سے دیکھے جاتے ہیں ۔ اِس لحاظ سے اِن کی وہی حرکات صحیح ہیں جو عام زبانوں پر ہیں ۔ کوئی صاحب لغت کے احترام کی خاطر یا اپنی واقفیت کے اعلان کے لیے کسی محفل میں " مُلْزَم " (بہ فتحِ سوم) بولیں تو یہ سمجھا جائے گا کہ موصوف تازہ وارد ہیں ـــــ اُردو میں یہ لفظ صرف بہ کسرِ سوم صحیح ہے اور بہ فتحِ سوم نا قابلِ قبول ہے ۔

اردو لُغات میں سے نور میں اِس کو بہ کسرِ سوم لکھا گیا ہے اور آصفیہ میں زؔ پر زبر لگا ہوا ہے ۔ نور میں یہ صراحت نہیں کی گئی ہے کہ بہ کسرِ سوم اردو کا تصرُّف ہے اور اس سے یہ غلط فہمی ہوتی ہے کہ عربی میں بھی یہ لفظ اِس معنی میں بہ کسرِ سوم ہے ۔ یہ صراحت ضروری تھی کہ زؔ کا زیر ، اردو کا تصرُّف ہے ۔ اس کے برخلاف آصفیہ میں سرے سے تصرّف کا ذکر ہی نہیں ۔ مولّف نے عربی لُغات کی پیروی کی ہے اور اردو بول چال کو نظر انداز کر دیا ہے ۔

اِسی قماش کا ایک لفظ ہے : متوفّی ـ یہ بھی اُردو میں اصل کے خلاف مستعمِل خاص و عام ہے ۔ عربی میں " متوفّی " بروزنِ متصدّی اسمِ فاعل ہوگا ، جس کے معنی

Marfat.com

ہوئے ، وفات دینے والا ، مارنے والا۔ اور "مرا ہوا" کے مفہوم میں اسمِ مفعول "متوفّیٰ" آئے گا۔ اردو میں "ملزم" کی طرح اِس کو بھی "متوفّی" کہتے ہیں اور "وفات پایا ہوا" کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ مولّفینِ قاموس نے اِس سے بھی زبان وقلم کو آلودہ نہ کرنے کی ہدایت فرمائی ہے :

"متوفّیٰ" کی جگہ "متوفّی" کہنا سخت غلطی ہے کیوں کہ "متوفّی" کے معنی ہیں وفات دینے والا ، مارنے والا۔ فَاللّٰہُ مُتَوَفِّیْ وَالْعَبْدُ مُتَوَفّیٰ" (قاموس)

ہم بھی جب عربی لکھیں گے یا بولیں گے تو مولّفین کے اِس قول کا پوری طرح احترام کریں گے۔ لیکن اردو بولنے اور لکھنے میں، اردو میں چلن کا لحاظ کریں گے۔ جس طرح اردو والے "مرتشی" کے معنوں میں "راشی" اور "معتاد" کے معنی میں "عادی" استعمال کرتے ہیں اور اِن لفظوں کو بالکل صحیح سمجھتے ہیں؛ اُسی طرح "متوفّیٰ" کی جگہ "متوفّی" کہتے ہیں اور اِس کو بھی صحیح سمجھتے ہیں۔ ہاں، یہ لکھ دیا جائے کہ آصفیہ اور نور دونوں میں اِس لفظ کو عربی کے مطابق "متوفّیٰ" لکھا گیا ہے۔ دونوں لُغات کے مولّفین نے اردو کے تصرُّف سے سروکار نہیں رکھا۔

متلاشی : اردو میں یہ لفظ بہ طورِ اسمِ فاعل، تلاش کرنے والا کے معنی میں مستعمل ہے۔ اصل کے لحاظ سے یا یوں کہیے کہ لغت کے لحاظ سے یہ بھی غلط ہے۔ مولّفین قاموس نے اِس کے متعلق لکھا ہے :

"تلاش، ترکی لفظ ہے، جو فارسی و اردو میں مستعمل ہے، اس سے اہلِ اُردو نے بہ طورِ عربی "متلاشی" (بہ معنی تلاش کنندہ) اسمِ فاعل بنالیا ہے، جو غلطِ محض ہے"

صاحبِ آصفیہ کی بھی یہی رائے ہے، "یہ لفظ، ترکی "تلاش" سے، اُن لوگوں نے جن کو

Marfat.com

عربی و ترکی کی تمیز نہیں، بنالیا ہے جو محض غلط ہے۔" مولانا عبدالباری آسی نے بھی ایک جگہ یہی رائے ظاہر کی ہے: "اور جو تلاش کے معنی پر متلاشی استعمال کرتے ہیں، وہ غلط ہے۔"

(حاشیہ کلیاتِ میر ص ۱۸۱)

فارسی میں "متلاشی" پریشان و خراب و معدوم کے معنی میں استعمال ہوا ہے (غیاث اللغات) سلیمان حیم نے اپنے لغت میں یہ مثالیہ فقرہ لکھا ہے: "جسد در چند روز متلاشی شد۔" اُردو میں بھی یہ اِس معنی میں استعمال کیا گیا ہے، مثلاً:

ہوا میں جیسے دُھواں دم میں ہوئے ہے ناچیز
ہوں اِس طرح متلاشی سپہر کے اجرام — قائم چاندپوری

(دیوانِ قائم عکسِ مخطوطہ انڈیا آفس لائبریری لندن ص ۱۳۰)

لیکن اب اِس معنی میں استعمال نہیں کیا جاتا۔ فارسی میں "متلاشی" تلاش کرنے والے کے معنی میں نہیں آیا ہے۔ وہاں اِس معنی میں "تلاشی" ہے (بہارِ عجم) مگر اردو میں متلاشی، تلاش کرنے والے کے معنی میں بالعموم استعمال کیا گیا ہے، اور اب بھی استعمال کیا جاتا ہے، اور یہ معنی، اردو کا اضافہ ہیں۔ چند مثالیں بھی پیش کی جاتی ہیں:

نے فکر ہے دنیا کی، نہ دیں کا متلاشی — اس ہستیِ موہوم میں کس کام کا ہوں میں

سودا (کلیات نول کشور پریس ص ۱۱۰)

دل سے وہ آشنا ہیں کھانے کے — متلاشی ہیں آب و دانے کے

فغاں (دیوانِ فغاں مرتبہ صباح الدین عبدالرحمان ص ۱۶۳)

کوہ و صحرا و گلستاں میں پھرا کرتا ہے — متلاشی ترا وہ آبِ رواں ہے کہ جو تھا

آتش (کلیات نول کشور پریس ص ۱۱۰)

شب کو خیال رہتا ہے اک رشکِ حور کا — ظلمت ہیں دل مرا متلاشی ہے نور کا

آتش (کلیات، نول کشور پریس ص ۵)

Marfat.com

متلاشی ترے افلاک کے سب تارے ہیں　　جو ثوابت تھے، وہ اب چرخ پہ سیارے ہیں

آزاد (دیوانِ دوم، نول کشور پریس ص ۷۳)

"متلاشی" کو تو کسی طرح غلط نہیں کہا جا سکتا۔ یہ لفظ بھی اردو والوں کا گڑھا ہوا نہیں فارسی میں یہ لفظ موجود تھا، معدوم کے معنی میں؛ اُردو میں اُس کو اِس معنی میں بھی استعمال گیا ہے (اگرچہ اب متروک ہے) اور ایک نئے معنی کا اضافہ کر لیا گیا ہے، اِس معنی میں مہمل ہے اور بالکل صحیح ہے۔

"تلاش" کو ترکی زبان کا لفظ بتایا گیا ہے۔ اسی ترکی لفظ سے "تلاشی" بنا لیا گیا، اسم فاعل کے معنی میں اور یہ فارسی میں مستعمل ہے (بہارِ عجم)۔ اردو میں یہ لفظ فارسی کے مطابق بہ طورِ اسمِ فاعل (تلاش کرنے والا کے معنی میں) بھی استعمال کیا گیا اور "متلاشی" کی طرح اِس میں بھی ایک نئے معنی کا اضافہ کیا گیا، یعنی اِس کو حاصل مصدر کے معنی میں بھی استعمال کیا گیا۔ دونوں کی مثالیں درج کی جاتی ہیں:

ساکنِ دیر و حرم دونوں تلاشی ہیں ترے　　تو خدا جانے کہاں ہے، کیونکے تجھ کو پائیے

میر (کلیاتِ مرتبۂ آسی ص ۲۵۱)

جلوت میں یوں ہے وہ کہ تلاشی ہے چشمِ شوق　　خلوت میں اس طرح ہے کہ خلوت گزیں نہیں

داغ (مہتاب داغ ص ۱۴۰)

اعمالِ بد و نیک سے جا خالی ہاتھ　　سامان اگر ہوا، تلاشی ہو گی

رشک لکھنوی (مجموعۂ دواوینِ رشک ص ۳۹۳)

مے کشو! حضرتِ زاہد کی تلاشی لینا　　کہ چھپائے ہوئے وہ جام لیے جاتے ہیں

داغ (مہتابِ داغ، ص ۱۱۷)

نکلا ہے تلاشی سے فقط اک درمِ داغ　　یاروں کو مرے دل پہ ہزاروں کا بھرم تھا

داغ (مہتاب داغ ص ۵۰)

Marfat.com

آتش نے "مضمون تلاشیاں" بھی نظم کیا ہے :

نہ فکرِ شعر ہے، نہ وہ مضمون تلاشیاں آتش سے تو نہیں کہیں خواجہ لڑے ہوئے

(کلیات ص ۴۰۰)

اِس طرح "متلاشی" اور "تلاشی" دونوں لفظ مستعملِ فصحا رہے ہیں اور ہیں اور بالکل صحیح ہیں۔ شوق نیموی نے لکھا ہے :

"متلاشی بہ معنیِ تلاش کنندہ، مرغّن بہ معنیِ روغن دار، یا اس قسم کے دوسرے الفاظ، جن کا مادّہ عربی نہیں مگر ان کا اشتقاق بہ طورِ عربی ہوا ہے اور عام طور پر بولے جاتے ہیں، ان کا استعمال میرے نزدیک کچھ مضائقہ نہیں۔"

(رسالۂ اصلاح ص ۳۰)

عادی : "متلاشی" کی طرح اِس لفظ کو بھی شک کی نگاہوں سے دیکھا گیا ہے :

"عادی، عربی میں نہیں آیا ہے۔ بعض لغات میں خوگر کے معنی میں پایا گیا ہے۔ اولیٰ یہ ہے کہ اس کی جگہ "معتاد" کہا جائے۔" (قاموس)

کلبِ حسین خاں نادر (تلمیذِ ناسخ) نے لکھا ہے :

"لفظ عادی کا، بہ معنی خوگر فتہ، زباں زدِ عام ہے مگر لغت میں معنی اُس کے دشمن و بیداد کنندہ کے آئے ہیں۔ اور جس چیز کی عادت ہو جائے، اُس کو بھی کہتے ہیں۔ یہ جو عادت کنندہ اور خوگر فتہ کے محل پر بولتے ہیں، غلط ہے۔" (تلخیصِ معلّیٰ ص ۱۲۳)

کچھ لوگ اِس کو مہنّد مانتے ہیں اور خوگر کے معنی میں اِس کے استعمال کو غلط نہیں سمجھتے۔ مؤلفینِ آصفیہ و نور اِسی گروہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ شوق نیموی نے وضاحت کے ساتھ لکھا ہے :

Marfat.com

" عادی ، عادت گیرندہ کے معنی میں استعمالاً صحیح ہے ... مگر چوں کہ لغتاً اِس کے کچھ اور معنی ہیں ، اس وجہ سے خواص احتیاط رکھتے ہیں" (اصلاح ص ۱۴)۔

پھر اِس پر یہ حاشیہ لکھا :

" مگر میرے نزدیک اردو میں جہاں ترکیبِ فارسی نہ ہو ، عادی بہ معنی عادت گیرندہ ، کچھ مضائقہ نہیں۔ کیوں کہ سیکڑوں الفاظِ عربیہ و فارسیہ کے معنوں میں اہلِ زبانِ ہند نے تصرّف کیا ہے تو اِس میں بھی تصرف روا رکھا جائے تو کیا نقصان ہے "

غرض جن لوگوں نے اِس لفظ کے استعمال کو غلط نہیں کہا ؛ وہ بھی اِس پر متّفق ہیں کہ ہندی ہونے کے سبب ، اِس لفظ کو بہ ترکیبِ فارسی استعمال نہ کیا جائے۔ شوق قدوائی نے ایک خط میں لکھا ہے :

" اِس قسم کے بہت سے الفاظ ہیں جو اردو میں دوسرے معنی پر بولے جاتے ہیں مگر فارسی ہونے کا دھوکا دیتے ہیں۔ مثلاً عادی ، یہ عام زبان پر عادت رکھنے والے کے معنی میں ہے ، لیکن اس معنی میں ہندی ہے " (مرقعِ ادب ص ۹۵)

" عادی" عربی کا لفظ ہے۔ عربی میں اس کے وہ معنی ہیں جن کی نشان دہی صاحبِ تلخیص معلّی نے کی ہے۔ فارسی میں یہ لفظ " وہ شے جس کی عادت ہو " کے مفہوم میں استعمال کیا گیا " ہر چیز کہ عادت شود " (غیاث اللغات) اور اب بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ لکھا

" اینگونہ اختلاف وزن نزد شعرای عراق ادی عادی بودن خطا نمیشمند "

(تحقیق انتقادی در عروض پارسی ص ۳۱)

" وبعضی زحافات غیر عادی در آنہا یافتہ و شاعران محلی را بخطا منسوب داشتہ "

(ایضاً ص ۳۱)

عام طور پر یہ خیال ظاہر کیا گیا ہے کہ عادی بہ معنی خوگر ، فارسی میں استعمال نہیں کیا گیا ہے ،

Marfat.com

لیکن اس کی ایک مثال میرے سامنے موجود ہے۔ محمد علی جمال زادہ نے تنکابنی کی کتاب قصص العلماء کا انتخاب قصۂ قصہ ہا کے نام سے مرتب کیا تھا، اُس میں ایک جگہ یہ لفظ اِسی معنی میں ملتا ہے :

"تنکابنی می نویسد کہ شیخ لہسائی عادی بخوردن کنہ بربود، لذا قوۃ حافظۂ او بمرتبہ ای بود کہ سرآمدِ اہل زماں بود" (قصۂ قصہ ہا ص ۲۸)

اِس کے علاوہ سلیمان حیم نے بھی اپنے لغت میں اِس لفظ کو بہ معنیِ خوگر لکھا ہے۔

اب بھی بعض ضرورت سے زیادہ محتاط حضرات اس لفظ کو خوگر کے معنی میں غیر معتبر سمجھتے ہیں اور اُن کا خیال یہ ہے کہ فصحاے اُردو نے اِس لفظ کو اِس معنی میں استعمال نہیں کیا ہے۔ اِس غلط فہمی کے ازالے کے لیے ذیل میں "فصحاے اردو" کے یہاں سے کچھ مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔ اِن مثالوں سے معلوم ہوگا کہ اِس لفظ کو زیرِ بحث معنی میں اساتذہ نے بے تکلف استعمال کیا ہے :

ہمیں مارِ سیاہِ زلف کے کاٹے سے کیا ہووے
کہ ہم اِک عمر سے عادی ہیں خالِ لب کی افیوں کے
انعام اللہ خان یقین (دیوانِ یقین ص ۵۳)

کیوں کہ عادی ہیں ترے دور میں سب اہلِ دول
کہ جسے دیکھیں فلاکت سے گرفتارِ محن
انشا (کلامِ انشا ص ۳۳۰)

تلخ کامی، شہد ہے سودائے زلفِ یار میں
عشقِ افعی نے کیا ہے زہر سے عادی مجھے
آتش (کلیات نول کشور پریس ص ۲۷۶)

تیرا جی چاہے تو پلوا دے کوئی جامِ شراب
ہاتھ پھیلانے کا بندہ نہیں عادی، ساقی
رند (دیوان نول کشور پریس ص ۲۰۱)

اب اُتر آئے ہیں وہ تعریف پر
ہم جو عادی ہو گئے دشنام کے
داغ (انتخابِ داغ، ص ۱۵۴)

Marfat.com

شکرِ نعمت نہ کریں آپ کے مہماں کیوں کر　　دی وہی چیز کہ جس چیز کا جو عادی ہے

شادؔ عظیم آبادی (میخانۂ الہام ص ۳۲۱)

عادی ہیں صبر و شکر کی، اس گھر کی بیبیاں　　دُکھ درد ہو ہزار، پہ کرتی نہیں فغاں

(مراثیِ شادؔ، اول ص ۵۱)

ذکرِ ابرو کی زباں عادی ہوئی　　بات سیدھی بھی جو کی، ٹیڑھی ہوئی

خواجہ وزیر (دفترِ فصاحت ص ۲۳۹)

مجازی عشق بھی اِک شے ہے، لیکن　　ہم اِس نعمت کے منکر ہیں نہ عادی

حسرتؔ موہانی (کلیاتِ طبعِ لاہور ص ۱۷۷)

"یہ اِس کی عادی ہوتی ہیں کہ لوگ جھوٹی خوشامد کریں" مرزا رسوا (اُمراؤ جان ادا، نیا ادارہ لاہور ص ۳۱۵)

فارسی میں لفظ "عادی" جس طرح "وہ شے جس کی عادت ہو" کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے، اُسی طرح اُردو میں بھی کہیں کہیں اِس کی مثال مل جاتی ہے جیسے:

"دیباچہ پورے ذوق سے مِنْ اَوَّلِہٖ اِلیٰ آخرہٖ پڑھا۔ آپ کی عادی ہمہ گیری، بیان کی پاکیزگی لفظ لفظ سے عیاں ہے" حبیب الرحمان خاں شروانی۔

(نقوش، مکاتیب نمبر، ص ۲۸۴)

یا معمولی اور مقررہ کے مفہوم میں، جیسے:

"میں چھٹے ہفتے کی عادی رخصت پر روانہ ہوں گا" (ایضاً ص ۲۶۷)

مگر ایسی مثالوں کو اب از قسمِ شواذ سمجھنا چاہیے۔ ہاں "عادی چور" اور "عادی مجرم" جیسے مرکبات ضرور مستعمل ہیں۔

"عادی" کی جگہ "معتاد" بھی استعمال کیا گیا ہے۔ از روئے قاعدہ یہ لفظ اِس معنی میں بالکل صحیح ہے، جیسے:

"شاعری ہماری دو مصرعوں پر موقوف ہے۔ اگر ان میں مناسباتِ معمولی

Marfat.com

ہوئے اور بعض وہ صنعتیں جو دائم الوقت ہیں، شعر میں پائی گئیں، تو گویا ہم نے شاعری کا حق ادا کر دیا۔ جس طرح ہمارے مضمون مصنوعی ہیں، اُسی طرح ہماری طبیعت بھی اس کی معتاد ہو گئی ہے۔"

مرزا رسوا (مرزا رسوا کے تنقیدی مراسلات ص ۶۴)

یہ استعمال بہ لحاظِ قواعد اور بہ لحاظِ لُغت بالکل صحیح ہونے کے باوصف قبولِ عام کا د... حاصل نہیں کر سکا اور "معتاد" کی جگہ، خوگر کے معنی میں "عادی" ہی نے قبولِ عام ... دوا کی مقرّرہ خوراک، مقرّرہ رقم، وظیفے وغیرہ کے لیے (اور کبھی عادت کے مف... میں) بھی "معتاد" کا لفظ استعمال میں آتا رہا ہے۔ پرانے طبیبوں کی زبان سے اب بھی کبھار یہ لفظ سُننے میں آجاتا ہے۔ قدیم اساتذہ کے یہاں اس کی اچھی خاصی مثالیں ملیں مثلاً:

میں نفر سے کہا جو ہے معتاد — دے وہی چار پیسے، کم نہ زیاد

قائم چاند پوری (مثنوی در ہجوِ حجام)

ایسا وہ شوخ ہے کہ اٹھتے صبح — جانا سو جائے، اُس کی ہے معتاد

میر (کلیات مرتبۂ آسی ص ۶۴)

"حکیم صاحب نے گھی معتاد سے زیادہ کھانے کو منع فرمایا ہے" حالی

(مکاتیبِ حالی، دوم، ص ۴)

مختصر یہ کہ "عادی" استعمالاً بالکل صحیح لفظ ہے اور اساتذہ نے اس کو بالعموم استعمال کیا ہے۔ لُغت کے لحاظ سے صحیح لفظ "معتاد" ہے، اُس کو مختلف معانی میں استعمال بھی کیا گیا ہے؛ مگر اب اُس کا چلن اُٹھ گیا ہے۔

مشکور: جس طرح "عادت گیرندہ" کے معنی میں "عادی" کو غیر صحیح کہا گیا تھا۔

Marfat.com

اور اُس کی جگہ "معتاد" بولنے کی فرمایش کی گئی تھی ؛ اُسی طرح یہ بھی کہا گیا کہ "مشکور" صحیح لفظ نہیں ؛ اِس کے بجاے "متشکّر" یا "شاکر" کہنا چاہیے ۔ مولّفینِ قاموس نے لکھا ہے کہ مشکور بہ معنیِ ممنون صحیح نہیں ۔ اور اِس پر اظہارِ تعجّب کیا ہے کہ "ایک واقف کار شخص بھی لکھ گیا ہے ۔" واقف کار شخص سے مراد غالباً مولانا شبلی ہیں : اُن کا شعر ہے :

آپ کے لُطف و کرم سے مجھے انکار نہیں
حلقہ در گوش ہوں، ممنون ہوں، مشکور ہوں میں

مولّفینِ آصفیہ و نور بھی اِس لفظ سے کچھ خوش نہیں :

"اگر ممنون و مشکور کی بجاے، ممنوں و شاکر کہیں تو بجا ہے" (آصفیہ)

"اہلِ علم اس معنی میں استعمال نہیں کرتے ۔ مشکور، صفت اُس شخص کی ہوگی جس نے احسان کیا ہے ، نہ اُس شخص کی جس پر احسان کیا گیا ہے" (نور)

عربی قواعد کے لحاظ سے لُغت نویسوں کا فیصلہ بالکل صحیح ہے ، لیکن ایک دوسری زبان اُن قواعد کی پاے بند کیوں ہو ! مشکور، بہ معنیِ شکر گزار ، آج بھی برابر استعمال ہوتا ہے اور پہلے بھی بے تکلّف استعمال کیا گیا ہے ۔ مولّفِ نور نے لکھا ہے کہ اہلِ علم اِس معنی میں استعمال نہیں کرتے : "اہلِ علم" ہی میں سے ایک ممتاز فرد کا یہ قول ہے :

"عربی میں "مشکور" اُس کو کہتے ہیں جس کا شکریہ ادا کیا جائے ، مگر ہماری زبان میں اُس کو کہتے ہیں جو کسی کا شکریہ ادا کرے ؛ اِسی لیے بعض عربی کی [illegible] جتانے والے ، اِس کو غلط سمجھ کر ، صحیح لفظ "شاکر" یا "متشکّر" بولنا چاہتے ہیں ، مگر اُن کی یہ اصلاح شکریے کے ساتھ واپس کرنا چاہیے ۔"

مولانا سید سلیمان ندوی (نقوشِ سلیمانی ص ۹۸)

پنڈت دتاتریہ کیفی نے لکھا ہے :

"جب "عادی" اور "مشکور" مدّتوں سے "عادت گیرندہ" اور "احسان مند"

Marfat.com

کے معنی میں استعمال ہو رہے ہیں اور متکلم اور سامع دونوں کا ذہن انھی معنی کی طرف جاتا ہے، تو اب قاموس اور صراح سے فتویٰ لے کر، اِن الفاظ کو اُردو سے خارج کرنے میں کیا مصلحت ہے؟" (منثورات ص ۱۶۴)

تمام حجت کے طور پر دو چار مثالیں بھی پیش کی جاتی ہیں:

رنگ اطعمہ ہیں بذل، پھر اس درجہ وفور کیا خداوندی ہے اللہ، خدائی مشکور

میر (کلیات مرتبۂ آسی ص ۷۳۷)

کے لُطف و کرم سے مجھے انکار نہیں حلقہ در گوش ہوں ممنون ہوں، مشکور ہوں میں

شبلی (کلیاتِ نظمِ اردو ص ۱۲۰)

"جو کچھ ہو سکے وہ لکھا کرو اور ممنون و مشکور کیا کرو" امیر مینائی

(مکاتیبِ امیر مینائی مرتبۂ احسن اللہ خاں ثاقب، طبعِ دوم ص ۱۷۰)

"ان کے سبب سے میں آپ کا نہایت ممنون و مشکور ہوں" سرسید

(مکاتیبِ سرسید مرتبۂ مشتاق حسین ص ۲۷۴)

"آپ کا خط پہنچا، میں ممنون و مشکور ہوا" سید حسن بلگرامی

(تاریخِ نثرِ اردو ص ۵۹۸)

"خادم آپ کی عنایتِ بے غایت کا حد درجہ ممنون و مشکور ہوا" ابوالکلام آزاد

(مرقعِ ادب ص ۴۵)

رشک نے ایک جگہ "شکور" اِسی معنی میں استعمال کیا ہے۔ شعر یہ ہے:

شکرِ خدا کہ عشقِ بُتاں میں شکور ہوں
راحت ملی، جو رنج مجھے یار سے ملا

(مجموعۂ دواوینِ رشک ص ۶۹)

"شکور" نام کے طور پر مستعمل ہے، مگر اِس معنی میں اِس نے رواج نہیں پایا۔

Marfat.com

معتوب : مدمّغ ، مفلوک ، معتوب ، مرغّن جیسے بہت سے لفظ ، عربی الفاظ کے قیاس پر بن گئے ہیں اور قبولِ عام کی سند پا چکے ہیں۔ قواعد کی عینک لگا کر دیکھیے تو یہ سب لفظ غلط نظر آئیں گے۔ مولفینِ قاموس نے ایسے سبھی لفظوں سے اجتناب کا حکم دیا ہے۔ اِس ضمن میں لفظ "معتوب" پر سب سے زیادہ عتاب کا اظہار کیا ہے ، اور لکھا ہے کہ اِس کے بجائے صحیح لفظ "معاتب" استعمال کرنا چاہیے۔ مجھے یقین ہے کہ اِس بدمذاقی کو کوئی مردِ معقول خوش آمدید نہیں کہے گا۔ ذیل میں دو فقرے نقل کیے جاتے ہیں؛ اِن میں "معتوب" کو "معاتب" سے بدل کر دیکھیے ؛ خود اندازہ ہو جائے گا :

"ملّا صاحب دربارِ اکبری سے معتوب ہوئے" مولانا شبلی

(شعر العجم ، سوم ص ۴۷)

"وہ جُرمِ بغاوت میں خود معتوب تھا" محمد حسین آزاد

(دربارِ اکبری ، اشاعتِ لکھنؤ ص ۳۱۳)

مجموعۂ نظمِ حالی (اشاعتِ مطبع العلوم علی گڑھ ۱۸۹۶ء) میں مولانا حالی کا ایک شعر یوں ہے :

دوست اللہ کے ہیں ٹھہرتے معتوب وہاں
اور مسیحائے زماں ہوتے ہیں مصلوب وہاں

اِس شعر میں لفظ "معتوب" پر مولانا حالی نے یہ حاشیہ لکھا ہے :

"صحیح لفظ "معاتب" ہے ، مگر اردو میں بجائے "معاتب" کے "معتوب" بولا جاتا ہے ، جیسے بجائے "معفو" کے "معاف"۔ پس اُردو میں یہی صحیح اور یہی فصیح ہے"

اِس ضمن میں مولفِ لغت نامۂ دہخدا کا یہ قول ہمارے سامنے رہنا چاہیے :

"ما بوزن صیغ عربی از لغات فارسی چیزہا ساختہ و بکار بردہ ایم و گاہ عرب قدیم و معاصر را نیز باستعمال آن وا داشتہ ایم ، مثل نزاکت

Marfat.com

از نازکی ، و فلاکت و مفلوک و مفالیک از کلمۂ فلک زدہ "

(لغت نامۂ دہخدا جلد ۴ ص ۴۰۴)

مولّفِ لُغت نامہ نے جمع، تصرّف کا ذکر کیا ہے، اُس کا اطلاق اردو پر بھی ہوتا ہے۔ فارسی کی طرح اردو میں بھی اِس طرح کے بہت سے لفظ مستعمل ہیں؛ اُن میں سے کچھ لفظ فارسی سے ہم کو بنے بنائے ملے ہیں (جیسے : مفلوک ، نزاکت ، فلاکت وغیرہ) اور کچھ اُردو کی صلاحیتِ تراش خراش کی آئینہ داری کرتے ہیں۔ ایسے سب لفظ اردو کے سرمایے کا قابلِ قدر حصّہ ہیں۔ اِن سے اُردو کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ ہوا ہے اور ادائے مفہوم کے لیے نئے نئے وسیلے ہاتھ آئے ہیں۔

لفظ "معتوب" آصفیہ میں موجود نہیں۔ اُس میں صرف "معاتَب" ملتا ہے۔ اِس سے بہ خوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ مولّفِ آصفیہ کی راے میں بھی "معتوب" قابلِ قبول نہیں۔ البتّہ نور میں یہ لفظ موجود ہے، مگر اُس میں کوئی سند نہیں پیش کی گئی ہے۔ ہاں، رشکؔ نے ایک غزل میں جس کے قوافی تب اور لب ہیں "معاتب" بھی نظم کیا ہے۔ وہ شعر مع مطلع یہ ہے :

سادگی سے سبزۂ رخسار انسب ہو گیا — کیا مزلّف ہوتے ہی چہرہ مزیّب ہو گیا
جب نہ تب نکلا کیا مجھ پر زمانے کا بخار — جس کو غصہ جس پر آیا میں معاتب ہو گیا

(مجموعۂ دواوینِ رشکؔ ص ۷۳)

قواعد کی رو سے لفظ صحیح ہے، مگر کس قدر اجنبی بل کہ غیر فصیح معلوم ہوتا ہے !

شکیل : "معتوب" کی طرح "شکیل" بھی عربی میں نہیں پایا جاتا۔ اِس کا مادّہ "شکل" ضرور عربی ہے۔ اِس لفظ کو بھی بر بناے احتیاط ترک کرنے کی فرمایش کی گئی ہے :

Marfat.com

"شکیل" خوب رو کے معنی میں ؛ اِس کا ترک اولیٰ ہے، اگر چہ ذوق نے لکھا ہے " (قاموس)

شاید ہی کوئی شخص فاضل مولفین کی ہم نوائی کر سکے۔ آصفیہ و نور میں یہ لفظ موجود ہے۔ مولفین نے یہ صراحت کر دی ہے کہ یہ اردو نژاد لفظ ہے، مگر سند کسی نے نہیں پیش کی ہے۔ ذیل میں چند اسناد درج کی جاتی ہیں :

ناز و ادا کے ساتھ وہ دل پر شکیل ہے — تصویر چیں کی روبرو اس کے ذلیل ہے
میر (کلیات مرتبۂ آسی ص ۴۳۸)

نام خدا، ہیں عون و محمد بھی کیا شکیل — اک مہر بے نظیر ہے، اک بدر بے عدیل
انیس (روح انیس ۔ ص ۱۱۰)

صفدر جواں شکیل جواں، نازنیں جواں — کس نے تجھے مڑوڑ لیا، اے حسین جواں
انیس (روح انیس ۔ ص ۱۶۵)

نور بر معنی ہے بہ ہر شکل نتیجہ اُس کا — اللہ اللہ، زہے شکل شہنشاہِ شکیل
ذوق (قصائدِ ذوق مرتبہ سر شاہ سلیمان، ص ۶۲)

"اِک جوانِ شکیل، زعفرانی جوڑا پہنے، گدی پر بیٹھا ہے" میر امن
(باغ و بہار مرتبۂ مولوی عبدالحق ص ۲۸)

"سودائیوں کے غول میں اک جوان، خوب صورت، شکیل" میر امن
(باغ و بہار ۔ ص ۶۶)

"حاتم کے پاس ایک گھوڑا ہے اصیل و شکیل" میر امن
(گنجِ خوبی، مطبوعۂ کلکتہ، ص ۱۳۴)

"بیٹی اس کی نہایت جمیلہ و شکیلہ" شیر علی افسوس
(آرایشِ محفل، مجلسِ ترقیِ ادب لاہور ص ۳۴۹)

Marfat.com

میرا خیال ہے کہ یہ لفظ ہندستانی فارسی دانوں کا بنایا ہوا ہے اور بہت پہلے بنا ہے۔ میں فی الوقت اس کی سند پیش کرنے سے قاصر ہوں، مگر اچھی طرح یاد ہے کہ بدایونی کی منتخب التواریخ میں ایک جگہ "زنِ جمیلہ و شکیلہ" موجود ہے۔ یہ کتاب اِس وقت دسترس سے باہر ہے اور جو یادداشت اس سے متعلق تیار کی گئی تھی، وہ بھی موجود نہیں۔

اِس سلسلے میں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ سلیمان حیم نے اپنے لُغت میں "شکیل" کو "خوش قطع" کے معنی میں لکھا ہے اور یہ فقرہ بہ طورِ مثال درج کیا ہے: "این جعبہ خیلی شکیل است"۔ اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ فارسیِ جدید میں یہ لفظ موجود ہے، ذرا سے معنوی فرق کے ساتھ۔ لیکن حیم نے یہ غلطی کی ہے کہ اِس کو عربی لکھا ہے۔ فوربس پلیٹس، قیلن اور شیکسپیر نے بھی حیم کی طرح اس لفظ کو عربی لکھا ہے۔ جیسا کہ لکھا جا چکا ہے، یہ صحیح نہیں۔ شیکسپیر اور فوربس نے "شکیل" کی تانیث "شکیلا" (الف کے ساتھ) لکھی ہے اور فوربس نے اس کو بھی عربی لکھا ہے۔ اردو (اور ہندستانی فارسی) میں "شکیلہ" ہے، اور "شکیلا" کوئی لفظ نہیں۔

تابعدار: "تابعدار، غلط ہے، اس لیے کہ "تابع" خود اسمِ فاعل ہے، پھر اُس پر "دار" نہ صرف غیر ضروری بل کہ غلط ہے۔" (قاموس)

مولفینِ قاموس کے علاوہ بعض اور لوگوں نے بھی اِس کو غیر صحیح بتایا ہے۔ مولفِ آصفیہ نے لکھا ہے کہ: "یہ لفظ غلط مشہور ہے کیوں کہ "تابع" خود فاعل کا صیغہ ہے"۔ یہی عبارت لفظ بہ لفظ نور میں موجود ہے۔ مولانا نظم طباطبائی نے بھی اِس کا شمار غلط الفاظ میں کیا ہے (معائبِ سخن ص ۴۶)۔ مولانا حاکی نے ایک استفسار کے جواب لکھا تھا،

"تابعدار، غلط ہے۔ صرف فرماں بردار کہنا چاہیے۔ کیوں کہ "تابعدار" کے معنی

Marfat.com

تابع رکھنے والا کے ہیں۔ خصما کے کلام میں نہیں آیا ہے۔ عوام اور جُہلا کی زبان پر
اکثر جاری ہے۔" (مکاتیبِ حالی، مرتبہ شیخ محمد اسماعیل پانی پتی ص ۷۶)

یہ لفظ بہ لحاظِ قواعد غلط سہی، لیکن اردو میں مستعمل ہے۔ فرماں برداری کا جو مفہوم اِس لفظ سے ادا ہوتا ہے، وہ صحیح لفظ "تابع" سے ادا نہیں ہو سکتا۔ اِسی سے "تابع داری" بنا ہے اور یہ بھی مستعمل ہے۔ اوروں کا کیا ذکر، خود مولانا حالی نے اِس لفظ کو کم از کم دو نظموں میں استعمال کیا ہے:

ماں باپ کے حکموں پہ پُتلی کی طرح پھرتی رہیں — غم خوار باپوں کی رہیں، ماؤں کی تابعدار تم
(چُپ کی داد)

اپنے اعضا یا دماغ و دل کے کب مختار ہیں — جیسے یہ محکوم ہیں، وہ سب بھی تابعدار ہیں
(جوانوں سے خطاب)

استعمالِ عام کا اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت ہوگا! بعض اور مثالیں:

جو کچھ کہ حکم ہو، چاکر ہوں اور تابعدار — جو کچھ کہ امر ہو، بندہ ہوں اور خدمت گار
میر امّن (گنجِ خوبی مطبوعۂ کلکتہ ص ۱۳۳)

جب کہ دولھا ہے آپ تابعدار — نہیں کرتا کسی طرح تکرار
منیر شکوہ آبادی (کلیاتِ منیر ص ۴۶۸)

"پس تابعداری دانا مدبّروں کی واجب ٹھہری" میر امّن
(گنجِ خوبی ص ۱۹۱)

"انسان جانوروں کو لگام لگا کر اپنا تابعدار بناتے ہیں" سید سلیمان ندوی

تمکین کاظمی مرحوم نے داغ سے متعلق ایک واقعہ لکھا ہے:

"بے نظیر کے محلے میں داغ بیٹھے ہوئے کسی سے بات چیت کر رہے تھے کہ اصغر علی خاں جنرل مرحوم اُدھر سے گزرے اور سلام کیا، مگر داغ اتنے

Marfat.com

منہک تھے کہ سنا ہی نہیں.... اس پر انھوں نے پکار کر کہا: "اوہو نواب مرزا! تمھارا تو مزاج ہی نہیں ملتا۔" یہ سنتے ہی داغ نے عرض کیا: "حضور! وہ ایسا تیسا نہ ملے، میں تو آپ کا تابعدار ہوں۔"

داغ (مصنفہ تمکین کاظمی، ص ۲۸۵)

حکیم برہم (تلمیذِ امیر مینائی) نے ایک استفسار کے جواب میں، رسالۂ اصلاحِ زبانِ اُردو کے سلسلے میں لکھا تھا:

"مولف نے "تابعدار" کو بھی غلط بتایا ہے۔ یہ لفظ بھی اب زبان سے جدا نہیں ہو سکتا۔ احتیاط کرنے کا ہر شخص کو اختیار ہے جس کو تقوا کہتے ہیں، مگر ترک کا فتوا دینا بہت دشوار ہے" (مکتوبِ برہم بہ نامِ صفدر مرزا پوری۔ مرقعِ ادب جلدِ دوم، ص ۵۵)

تنقید: "تنقید عربی میں نہیں آیا ہے، اُردو والے نقد و انتقاد کی جگہ کہتے ہیں۔ اس سے احتراز چاہیے، اس لیے کہ یہ غلط ہے۔" (قاموس)

نیاز صاحب بھی اِس لفظ سے خفا تھے اور میرا خیال ہے کہ اُن کی یہ خفگی، مولفینِ قاموس کی تقلید کا نتیجہ تھی۔ سیماب اکبرآبادی نے ایک مصرعے میں اِس لفظ کو استعمال کیا تھا: "ہے غلط تنقید، مہمل طعنۂ بے جا ترا" نیاز صاحب نے اس کے متعلق لکھا تھا:

"تنقید" غلط ہے۔ عربی میں نقد و انتقاد تو آتا ہے، لیکن بابِ تفعیل سے "تنقید" کبھی استعمال نہیں کرتے۔" (انتقادیات اوّل ص ۲۷)

لیکن اِس لفظ کی ہمہ گیری کو کیا کہا جائے کہ خود نیاز صاحب نے اِس کو متعدّد جگہ استعمال کیا ہے، مثلاً:

"جب ہم کسی شاعر کے متعلق تنقید کریں" (مقدمۂ ریاضِ رضواں ص ۴۵)

Marfat.com

"اگر کوئی تنقید ہو سکتی ہے تو صرف یہ کہ وہ اچھی لکھی گئی ہے یا بُری"

(انتقادیات، جلدِ اوّل ص ۲۷)

یہ لفظ "نقد" اور "انتقاد" کے مقابلے میں کہیں زیادہ مستعمل ہے اور مستعمل رہے گا اور رہنا چاہیے۔

اِس لفظ کے متعلق عام خیال یہ تھا کہ یہ صرف اردو میں مستعمل ہے، مگر فارسی کی دو جدید فرہنگوں میں اس کا موجود ہونا یہ ثابت کرتا ہے کہ فارسِ جدید میں یہ لفظ مستعمل ہے۔ (۱) حبیم نے اپنے لُغت میں اس کو درج کیا ہے۔ (۲) فرہنگِ امیر کبیر میں بھی یہ موجود ہے اور اس وضاحت کے ساتھ:

"تنقید" عیب جوئی کردن، خرده گیری بر نوشته یا کتاب، تمیز دادنِ خوب و بد۔ در عربی از بابِ تفعیل نیامده است"

آخری جملے سے بات واضح ہو جاتی ہے کہ یہ لفظ فارسی میں مستعمل ہے۔

یہ لفظ فارسی کی طرح اردو میں بھی، اصل معنی کے ساتھ ساتھ، مطلق عیب جوئی یا نکتہ چینی کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے، جیسے:

اے مسلکِ صفی پر تنقید کرنے والو — بے چارہ تھا نمیمت، اچھا تھا یا بُرا تھا

صفی لکھنوی (دیوان صفی ص ۱۹)

قاضی عبدالودود صاحب نے اِس لفظ کے متعلق جو کچھ لکھا ہے، وہ ذیل میں نقل کیا جاتا ہے، اِس سے معلوم ہوگا کہ یہ لفظ بہت زمانے سے فارسی میں مستعمل ہے:

"تنقید، لیکن جیسا کہ عام طور پر معلوم ہے، یہ فعل مصدر ہے جس سے عرب واقف نہیں۔ اس کے استعمال کی قدیم ترین مثال جو میرے علم میں ہے، ضیا برنی، معاصر خسرو کی تاریخ فیروز شاہی میں ملتی ہے: "در تنقید روایات و تعریف رواۃ" (ص ۱۰) شیرانی مرحوم نے تعجب سے

Marfat.com

تنقیدِ شعرالعجم (ص ۵۵۲) میں عبداللہ خاں اوزبک کے ایک درباری پایندہ محمد فضائی تخلص کی ایک کتاب کا ذکر کیا ہے جس کا تاریخی نام تنقید الدرر ہے (۹۹۹ھ)۔ فہرستِ کتب خانۂ محمدیہ بمبئی (ص ۵۷۹) میں ایک کتاب تنقید الکلام المنسوب الیٰ غوث الانام ہے۔ اس کے مصنّف کا نام حافظ ابوالاحیا محمد نعیم ہے اور مطبعِ نولکشور میں ۱۲۸۲ھ میں طبع ہوئی تھی۔

اِن مثالوں سے یہ ثابت ہوگیا کہ بعض اصحاب کا یہ خیال کہ شبلی اس لفظ کے موجد ہیں، صحیح نہیں۔ یہ بھی نہیں کہا جاسکتا کہ اِس لفظ کو انھوں نے زندہ کیا ہے۔ اردو میں عام استعمال اُن کی بدولت ہوا ہو تو عجب نہیں۔ زمانۂ حال کے ایرانی مصنّفین (مثلاً آقای پورداؤد) کے یہاں یہ لفظ ملتا ہے، مگر میرا خیال ہے کہ یہ اردو کا اثر ہے۔" (مجلۂ معاصر ۱ ص ۱۴۵)

آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں۔ نور میں یہ لفظ موجود ہے مگر مولف نے اس کو عربی لکھا ہے اور یہ درست نہیں۔

جواہرات : "جواہرات، غلط ہے۔ اس کی جگہ جواہر (جمعِ جوہر) کہنا کافی ہے۔ اردو میں جواہر کا اطلاق مفرد پر بھی ہوتا ہے؛ اس لیے اس کو مفرد سمجھ کر، جواہرات جمع بنالی ہے جو قابلِ ترک ہے۔" (قاموس)

اِس لفظ کو قابلِ ترک قرار دینا، خوش مذاقی کی جان پر ستم کرنا ہے۔ بہت سے جملے ایسے ملیں گے جن میں "جواہرات" کے بجائے "جواہر" لایا جائے تو جملے کے حُسن اور مفہوم کی پُرکاری، دونوں پر حرف آجائے گا۔ "جواہرات" میں صوتی اور معنوی پُرکاری کے لحاظ سے جو خوبی ہے، وہ "جواہر" میں نہیں۔ امیر مینائی کے شاگرد حکیم برہم نے ایک استفسار کے جواب میں لکھا تھا :

Marfat.com

"جواہرات' بہ کثرت مستعمل ہے۔ اب اس کو داخلِ زبان سمجھنا چاہیے"

(مکتوب بہ نامِ صفدر مرزا پوری، مرقعِ ادب دوم ص ۵۵)

آصفیہ و نور میں یہ لفظ موجود ہے، مگر دونوں میں سند نہیں ملتی۔ بعض مثالیں لکھی جاتی ہیں:

جو شخص ہے اُس جگہ پہ جاتا ڈھیروں ہے جواہرات پاتا

نسیم (گلزارِ نسیم مرتبۂ چکبست ص ۲۲)

دیکھے جو جواہرات کے ڈھیر سب من کی ہوس سے ہوگئے سیر

نسیم (گلزارِ نسیم مرتبۂ چکبست ص ۲۷)

"اگرچہ اِن شعروں میں اور اُن شعروں میں جو نسبت ہے، وہ ان جواہرات کے پرکھنے والے ہی جانتے ہیں" آزاد (آبِ حیات، ترجمۂ آتش) ــــ

"جس میں وقت کے محاورے نے اپنے جواہرات خرچ کیے تھے"

آزاد (آبِ حیات، ترجمۂ ولی)

"بھالروں میں مروارید و جواہرات جھلمل کرتے"

(دربارِ اکبری، شائع کردہ مکتبۂ کلیاں لکھنؤ ص ۱۶۲)

"اکسیر کو خاک، جواہرات کو پتھر، موتی کو سیپ... کے برابر بھی لوگ نہیں جانتے"

غلام غوث بے خبر (انشائے بے خبر، شائع کردہ ادبی دنیا، علی گڑھ ص ۱۲)

"اور کہتے ہیں، اُن کے ساتھ جس قدر جواہرات تھا، سب دولتِ نیپال کی نذر ہوا"

شرر (گذشتہ لکھنؤ، گیلانی پریس لاہور ص ۷۳)

اُردو میں عام طور پر جمع الجمع کو اچھا نہیں سمجھا جاتا، جیسے القابوں، القابات، الفاظوں، احبابوں، علماؤں، اشعاروں (وغیرہ) بل کہ یوں کہیے کہ صحت اور فصاحت، دونوں کے خلاف قرار دیا گیا ہے اور ٹھیک بھی ہے، مگر "جواہرات" کو استثنا سمجھنا چاہیے۔ کثرتِ استعمال نے جواز کا حق دار بنا دیا ہے۔ لیکن دوسرے الفاظ کو اِس پر قیاس نہیں کرنا چاہیے۔

Marfat.com

قاعدے کے لحاظ سے "جوہر" کی جمع " جواہِر" بہ کسرِ ہا آنا چاہیے، لیکن شعرا نے اِس کو بہ فتحِ ہا بھی نظم کیا ہے، مثلاً :

مہر کی تجھ سے توقّع تھی، ستم گر نکلا　　موم سمجھے تھے ترے دل کو، سو پتّھر نکلا
گنج کاوی جو کی سینے کی غمِ ہجراں نے　　اس دفینے میں سے اقسام جواہر نکلا

میر (کلیات مرتّبۂ آسی ص ۲۰)

جب کہے موردِ تحسین ہیں اکثر اشعار　　کہا اُستاد نے مجھ سے مرے سُن کر اشعار
اِن نصائح کی سند پھر ز کلامِ عُرفی　　لائے وہ میرے لیے بہ ز جواہر اشعار

سودا (کلّیات، نولکشور ص ۳۱۹)

مؤلّفِ نور نے "جواہر" کی ایک دوسری جمع الجمع "جواہروں" کے متعلّق لکھا ہے کہ "جواہروں متروک الاستعمال ہے" لیکن اِس کی مثالیں مل سکتی ہیں۔ ایک مثال پیش کی جاتی ہے :

سینہ، علومِ مہر و وفا کی کتاب ہے　　گویا کتابِ حُسن کا ایک ایک باب ہے
فقرہ ہر ایک منتخب و لاجواب ہے　　اللہ رے مرتبہ، نظر اُس پر ثواب ہے

ہے صدقِ معرفت سے یہ سینہ بھرا ہوا
یا ہے جواہروں سے خزینہ بھرا ہوا

شاد عظیم آبادی (مراثیِ شاد اول ص ۹۵)

مندرجۂ بالا مصرعے میں یہ جمع اِس طرح آئی ہے کہ پوری طرح کھپ گئی ہے؛ اِس لیے اِسے متروکُ الاستعمال قرار دینا کچھ ضروری نہیں۔ محلِّ استعمال کے لحاظ سے فصاحت و عدمِ فصاحت کا فیصلہ کیا جا سکتا ہے، دوسرے الفاظ کی طرح۔

راشی : "راشی : رشوت دینے والا۔ مرتشی : رشوت پانے والا۔

Marfat.com

مرتشی کی جگہ راشی کہنا غلط ہے۔" (قاموس)

مولفِ نور کی بھی یہی رائے ہے: "رشوت لینے والے کو "راشی" کہنا غلط ہے۔ اس کے واسطے "مرتشی" صحیح ہے"۔ آصفیہ میں بھی "راشی" کو رشوت لینے والے کے معنی میں "غلط العوام" لکھا گیا ہے۔

عربی کے لحاظ سے صحیح بات وہی ہے جس کو مولفینِ لغات نے لکھا ہے یعنی "راشی" کے معنی ہیں: رشوت دینے والا۔ اور رشوت لینے والا "مرتشی" ہے۔ لیکن اردو میں "راشی" رشوت لینے والے کے معنی میں مستعمل عام و خاص ہے۔ "یہ حاکم بہت راشی ہے" اِس کے بجائے "یہ حاکم بہت مرتشی ہے" کہیے تو خود بہ خود اندازہ ہو جائے گا کہ اردو میں صحیح صورت کیا ہے۔ عام طور پر لوگ رشوت خور شخص کو "راشی" کہتے ہیں اور لفظ "مرتشی" سے عام لوگ واقف نہیں، نہ اِس معنوی فرق سے واقف ہیں، اور نا واقف ہی رہیں تو اچھا ہے۔ آصفیہ میں "راشی" کو رشوت لینے والے کے معنی میں "غلط العوام" لکھا گیا ہے۔ ممکن ہے کبھی یہ صورت ہو، مگر اب تو یہ "غلط العام" کے ذیل میں آتا ہے اور اس نسبت سے اِس معنی میں یہی فصیح ہے۔ اردو کے لیے لفظ "مرتشی" بالکل اجنبی ہے۔ ہاں، قدیم تصنیفات میں لفظ "مرتشی" رشوت لینے والے کے معنی میں کہیں کہیں مل جاتا ہے۔ ابن الوقت میں بھی ایک جگہ موجود ہے: "مرتشی بنا دیا، تمام تر بہتان" (ص ۲۹۶)۔ اور بھی بعض مثالیں مل سکتی ہیں؛ مگر اب یہ بالکل غیر مستعمل ہے اور اس کی جگہ "راشی" بولا جاتا ہے۔

رَدّی: "ردیء، خراب، ناکارہ، نکمّا، بگڑا ہوا۔ بتشدید دال کہنا غلطی ہے۔" (قاموس)۔

عربی میں اِس لفظ کی صحیح صورت یہی ہے (ردیء)۔ لیکن مولفین نے اس پر غور نہیں فرمایا کہ بے کار یا خراب کتاب، بے کار کاغذ، پرانے اخبار (جن کو فروخت کیا جاتا ہے) ان

Marfat.com

سب کو "ردّی" ہی کہا جاتا ہے۔ اکبر کے اِس شعر میں :

مرزا غریب چُپ ہیں، اُن کی کتاب ردّی بُڈھو اکڑ رہے ہیں، صاحب نے یہ کہا ہے

"ردّی" کی جگہ کسی طریقے سے "ردی" لاکر دیکھیے، شعر ہی ردّی ہوجائے گا۔ یہی صورت حالی کے اِس بند کی ہے :

وہ تقویمِ پارینہ یونانیوں کی وہ حکمت کہ ہے ایک دھوکے کی ٹٹّی
یقیں جس کو ٹھہرا چکا ہے نکمّی عمل نے جسے کر دیا آکے ردّی

(مسدّسِ حالی، تاج کمپنی لاہور ص ۶۷)

مولّفِ نور اللغات نے اصل لفظ لکھ کر "ردّی" (بہ تشدیدِ دال) بھی لکھا ہے اور اس کو اُردو مانا ہے۔ مولّفِ آصفیہ نے صراحت بھی کردی ہے کہ : "اردو میں بہ تشدیدِ دالِ مہملہ بولتے ہیں"۔ یہ صحیح طریقہ ہے۔

ہاں، اُردو شعرا نے ردی (بغیرِ تشدید) بھی نظم کیا ہے، جیسے :

مانا مری حالت اب ردی ہے بہتر ہے وہی جو کچھ بدی ہے

(مثنوی گلزارِ نسیم مرتّبہ چکبست ص ۳۷)——

ردی جب ہوا دفترِ آفتاب کھُلا دفترِ امتحانِ حساب

(کلّیاتِ نعتِ محسن (کاکوروی) نامی پریس ص ۱۶۷)

لیکن اِس طرح کم استعمال میں آیا ہے۔ اس لفظ کی دونوں صورتوں (ردی، ردّی) کو صحیح ماننا چاہیے۔ جیسا محل ہو ویسا ہی لفظ منتخب کیا جائے۔ یہ ضرور ہے کہ جس مفہوم کو پُرطاقت انداز سے اردو لفظ "ردّی" ادا کرتا ہے، وہ اُس کی نیم عربی صورت "ردی" سے ممکن نہیں (عربی میں "ردی ءٌ" ہے)۔ فوربس اور پلیٹس نے بہ تشدیدِ دال (ردّی) کو فارسی لکھا ہے۔ یہ صحیح نہیں۔ بہ دالِ مشدّد، اُردو کا تصرّف ہے۔

Marfat.com

ذہانت : یہ لفظ چوں کہ عربی کے کسی لغت میں نہیں پایا جاتا، اِس لیے مولفینِ قاموس نے اِس کو ترک کرنے کی فرمایش کی ہے۔ کیسا اچھا اور جامع لفظ ہے، اور اس کو گردن زدنی قرار دیا گیا ہے! مولانا نظم طباطبائی نے بھی اپنے مقالے "ادب الکاتب والشاعر" میں "ذہانت" کا شمار اُن الفاظ میں کیا ہے جن سے دامن بچانا واجب ہے۔ آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں۔ فیلن و پلیٹس نے بھی اِس کو شاملِ لغت نہیں کیا ہے۔ نور میں یہ لفظ موجود ہے، لیکن اسناد مذکور نہیں۔ ذیل میں کچھ اسناد لکھی جاتی ہیں :

"وہ خود بھی ذہانت میں دو شخصوں کے سوا کسی ہم عصر کو تسلیم نہ کرتے تھے۔"

محمد حسین آزاد (آبِ حیات، ترجمہ مومن)

"اپنی طباعی اور ذہانت کا نشانہ نہ بناتے۔" حافظ محمود خاں شیرانی،

(مکتوبِ شیرانی صاحب، علی گڑھ میگزین، غالب نمبر)

"ذہانت کے لیے بڑا میدان شعر و شاعری کا تھا۔" مولانا عبدالماجد دریا بادی،

(انشاے ماجد دوم، ص ۲۱۳)

"اُن کی ذہانت اور محنت کو دیکھا۔" ڈاکٹر عبدالستار صدیقی،

(نوائے ادب (بمبئی) اپریل ۶۱ء، ص ۱۴)

"ذہانت" ہی کی قبیل کا ایک اور لفظ **بادشاہت** ہے۔ مولفینِ قاموس نے اِس کو بھی "عوام" سے متعلق کر دیا ہے، "بادشاہت، عوام بادشاہی کی جگہ کہتے ہیں" (قاموس)۔ صاحبِ آصفیہ نے بھی اِس کو "عوام" کا لفظ بتایا ہے۔ یہ فتوا بالکل صحیح نہیں۔ یہ لفظ مستعملِ عام و خاص ہے۔ اثباتِ مدعا کے لیے کچھ مثالیں پیش کی جاتی ہیں :

بادشاہت پہ اُنھی لوگوں کی غش ہوں میں تو گانو اور جڑ بھی کوئی جن کے تصرف میں نہیں

انشا (کلامِ انشا، ص ۱۶۶)

Marfat.com

بادشاہت ہے اگر عہدۂ دربانی میں — ہو وے معشوق کے دروازے پہ نوکر عاشق

انشا (کلامِ انشا ، ص ۸۹)

جنوں میں عالمِ طفلی کی بادشاہت کی — کھلونا آنکھوں میں اپنی ہر اک غزال ہوا

آتش (کلیات نولکشور ص ۸۹)

"اور بھی ریاستیں دیکھیں، بادشاہت بھی دیکھی" داغ (زبانِ داغ ، ص ۱۵۲)

باغ و بہار مرتبۂ مولوی عبدالحق (شائع کردۂ انجمن ترقیِ اردو ہند) میں صفحات ۵، ۶، ۹، ۱۰، ۲۶، ۵۶، ۶۸، ۷۵، ۱۷۰، ۱۸۵، ۱۹۹، ۲۰۴، ۲۱۵، ۲۲۵ پر یہ لفظ موجود ہے۔ میرا خیال ہے کہ اثباتِ مدّعا کے لیے یہ مثالیں ہی کافی ہیں۔

اُردو میں بہت سے عربی و فارسی اور ہندی الفاظ کے آخر میں تائے مصدری یا یّت" کا اضافہ کرلیا گیا ہے، جیسے: یگانگت، دیہاتیت، چودھرایت، اپنایت، بازاریت، چاہت، رنگت، ملایمت، یکسانیت وغیرہ۔ اردو سے پہلے فارسی میں یہ طریقہ مستعمل رہا ہے۔ عربی و فارسی کے بہت سے لفظوں سے، عربی مصادر کے انداز پر الفاظ بنا لیے گئے ہیں، جیسے: فلاکت، نزاکت، تمازت وغیرہ۔ اس قبیل کے سب لفظ بالکل صحیح ہیں اور فصیح بھی ہیں۔

"مُفَاعَلَتْ کے وزن پر سارے الفاظ بہ فتحِ حرفِ چہارم صحیح ہیں۔" (قاموس)

اِس میں شک نہیں کہ عربی کے لحاظ سے، اس وزن پر آنے والے الفاظ بہ فتحِ حرفِ چہارم ہی صحیح ہیں، جیسے: مُبالَغہ، مُشاعَرہ، مُشاہَدہ وغیرہ؛ مگر اُردو میں ایسے اکثر الفاظ بہ کسرِ حرفِ چہارم زبان زد ہیں۔ اِن کو اگر لغت کے مطابق ادا کیا جائے تو ثقالت کا شدید احساس ہوگا۔ کوشش کرکے، کچھ رُک کر، اور گفتگو کی روانی کو ختم کرکے، اِن کو بہ فتحِ حرفِ چہارم بولا جاسکتا ہے۔ مثلاً ایک مصدر ہے: معالجہ، "علاج معالجہ" زبان زد مرکّب ہے؛

Marfat.com

اب اِس کو لُغت کے مطابق بہ فتحِ حرفِ چہارم بول کر دیکھیے، روانیِ کلام خود بہ خود مجروح ہو جائے گی۔ ایسے الفاظ کی (ناتمام) فہرست یہ ہے:

"مبالغہ، محاربہ، محاسبہ، مراقبہ، مطائبہ، مباحثہ، معالجہ، مجاہدہ، مشاہدہ، محاصرہ، معاہدہ، مشاہرہ، مناظرہ، موازنہ، مناقشہ، مغالطہ، ملاحظہ۔ مرافعہ، معانقہ، مضائقہ، مجادلہ، مقابلہ، مکالمہ۔

مراسلت، مخاطبہ، مصاحبت، مکاتبت، مناسبت، مسامحت، مصالحت، مناکحت، مباشرت، مسافرت، مشاورت، معاشرت، منافرت، مہاجرت، موانست، مجالست، محافظت، متابعت، مجامعت، مدافعت، مراجعت، ممانعت، منازعت، مخالفت، مطابقت، مفارقت، منافقت، موافقت، مشارکت، مداخلت، مواصلت، مخاصمت، مزاحمت، مشایعت۔

اس سلسلے میں یہ پہلو بھی ذہن میں رہنا چاہیے کہ مندرجۂ بالا الفاظ میں سے بعض کے تلفظ میں کبھی کبھی ایک یہ صورت بھی پیدا ہو جاتی ہے کہ بولنے میں حرفِ چہارم کا زیر واضح طور پر ادا نہیں ہوتا اور نہ پوری طرح سکون کی کیفیت نمایاں ہوتی ہے۔ سکون اور زیر کی درمیانی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ جیسے ایک لفظ ہے: مقابلہ، گفتگو میں ب کا زیر [illegible] ہوتا، بل کہ زیر اور سکون کی ملی جلی کیفیت نمایاں رہتی ہے۔ مگر یہ صورت صرف بول چال سے تعلق رکھتی ہے۔ اگر ایسے الفاظ پر اعراب لگائے جائیں تو اُس صورت میں حرفِ چہارم پر کسرہ ہی لگانا چاہیے۔

ہاں، فارسیِ امروزہ میں، ایسے الفاظ میں یہ تغیر ہو چکا ہے، یعنی حرفِ چہارم کا فتحہ، کسرے سے بدل گیا ہے۔ مؤلفِ فرہنگِ آموزگار نے ایک عنوان قائم کیا ہے:

Marfat.com

"تغیّراتِ مہم کہ درلغاتِ عربی دادہ شد"؛ اُس کے ذیل میں لکھا ہے: "وتغیّراتِ حرکت مانندِ مبارزہ، مباحثہ، مغالطہ؛ باکسرۂ حرفِ چہارم بجای فتحہ" (فرہنگِ آموزگار)

بابِ مفاعلۃ سے دو مصدر "مصافحہ" اور "مطالعہ" بھی آتے ہیں۔ ان کو اوپر کی فہرست میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔ یہ دونوں لفظ ایک اور طرح بھی بول چال میں آتے ہیں، یعنی حرفِ چہارم مفتوح اور حرفِ پنجم ساکن (مصافحہ، بروزنِ لفافہ)۔ جس طرح "قلعہ" کے لام کو (جو اصلاً ساکن ہے) مفتوح کرکے، عین کو ساکن کردیتے ہیں، اور "قلعہ" بروزنِ ضلع بولتے ہیں، یا "قلعی" کو (جو اصلاً بروزنِ فعلن ہے) بروزنِ فَعَل بولتے ہیں؛ اِسی قسم کا تصرّف "مصافحہ" اور "مطالعہ" میں ہوا ہے۔ گفتگو میں عام طور پر یہ دونوں لفظ بروزنِ فعولن مستعمل ہیں۔ اِن لفظوں کے اس تلفّظ کو بھی صحیح مان لینا چاہیے۔

یہاں پر ایک نکتہ توجّہ طلب ہے: آتش اور ولی کے درجِ ذیل اشعار میں لفظ "مطالعہ" اِسی طرح نظم بھی ہوا ہے:

دیکھنا ہر صبح تجھ رُخسار کا ہے مطالعہ مطلعِ انوار کا

(کلیاتِ ولی، مرتّبۂ ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی ص ۲۷)

لکھے ہیں سرگذشتِ دل کے مضموں یک قلم اس میں تماشا قتل گہ کا ہے، مطالعہ میرے دیواں کا

(کلیاتِ آتش، نول کشور پریس، ص ۶۷)

بعض لوگوں نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ اِن شعروں میں دونوں شاعروں نے غلطی سے "مطالعہ" کو "مطالع" نظم کیا ہے۔ لیکن یہ غلطی نہیں، رواجِ عام کی پیروی ہے۔ اِن شعروں میں اس لفظ کو لکھا تو جائے گا اصل کے مطابق یعنی "مطالعہ" مگر پڑھنے میں "مُطالَع" بروزنِ فعولن آئے گا۔ یہ بات ذہن میں رہنا چاہیے کہ اس لفظ کے اِس طرح نظم ہونے سے، اِس کا اِملا ہرگز نہیں بدلے گا۔ "مصافحہ" کو بھی اِسی پر قیاس کیا جاسکتا ہے۔

Marfat.com

اِس قبیل کے چند لفظ اور بھی ہیں، جیسے : قلعہ ، قلعی ، رقعہ۔

مولفینِ قاموس نے "قلعہ" کو بہ فتحِ اوّل وسکونِ دوم لکھا ہے، اور بہ فتحِ لام کو غلط بتایا ہے۔ بہ لحاظِ لغت یہ بالکل صحیح ہے، لیکن بول چال میں یہ لفظ بہ کسرِ اوّل و فتحِ ثانی بر وزنِ ضلع آتا ہے۔ اس کو بھی صحیح مان لینا چاہیے۔ آصفیہ میں اس کو بہ فتحِ اوّل و بہ کسرِ اوّل، دونوں طرح لکھا گیا ہے اور دونوں صورتوں میں اس کو عربی مانا ہے۔ یہ درست نہیں۔ کسرہ، اردو کا اثر ہے۔ اِس غلطی کے ذمّے دار اصلاً مولّفِ غیاث اللغات ہیں۔ انھوں نے اِس کو بہ فتحِ اول وسکونِ لام لکھ کر، آخر میں لکھ دیا ہے : " و در منتخب بہ کسرِ اول"۔ صاحبِ منتخب اللغات پر یہ اتّہام ہے کہ انھوں نے اس لفظ کو بہ کسرِ اول بھی لکھا ہے۔ منتخب میں لفظ "قلعہ" کے ذیل میں فتحے یا کسرے کا مطلق ذکر نہیں کیا گیا ہے۔ اِس لفظ کے ذیل میں صرف یہ عبارت ملتی ہے: "قلعۃ۔ ابر بارہ دخانہ کہ از سنگ ساختہ باشند" (منتخب اللغات، مطبع احمدی کان پور، اشاعتِ سوم)۔ آصفیہ میں لفظ "قلعہ" کے ق پر زبر اور زیر دونوں اعراب لگے ہوئے ہیں، مگر اس کے مرکّبات (جیسے قلعہ دار وغیرہ) میں ق پر صرف زیر لگا ہوا ہے، البتّہ ل پر ہر جگہ جزم بنا ہوا ہے۔ یہ صورت تلفّظ کی پوری طرح نمایندگی نہیں کرتی۔ جیسا کہ کہا جا چکا ہے، بول چال میں یہ لفظ بہ کسرِ قاف و فتحِ لام بھی آتا ہے اور عام لوگ اسی طرح استعمال کرتے ہیں ——— شکسپیر اور فیلن نے صحیح طریقہ اختیار کیا ہے کہ اس لفظ کے اصل اعراب لکھ کر، مزید لکھا ہے کہ مقبولِ عام تلفّظ Qi'la ہے۔ یہ صحیح صورت ہے۔ نظم میں تو یہ اصل تلفّظ کے مطابق آسکتا ہے، آیا بھی ہے؛ مگر گفتگو میں اُس کی پابندی نہیں کی جا سکتی؛ اس بنا پر اس لفظ کی دونوں صورتوں کو صحیح مان لینا چاہیے، یعنی قِلْعَہ بر وزنِ فعلن، اور قَلَعہ، بر وزن فَعَل۔ ہاں اس کی صراحت کر دی جائے کہ بہت سے لوگ گفتگو میں بھی ق کو مفتوح رکھتے ہیں، یعنی "قَلَعہ" بر وزنِ فَعَل کہتے ہیں۔ مناسب یہ ہوگا کہ اِس لفظ کی اِن سب صورتوں کو درجِ لُغت کر لیا جائے، یعنی: قِلْعَہ، قِلَعہ، اور قَلَعہ (بر وزنِ فَعَل)۔ اور "قَلْعَہ" کو عربی سے

Marfat.com

مخصوص سمجھا جائے۔

قلعی : یہ لفظ بہ لحاظِ اصل بروزنِ فعلن ہے۔ اِس طرح نظم بھی کیا گیا ہے، جیسے :

گرو جی کوئی اُڑ سکتے ہیں، کھُل جائے ابھی قلعی جو ہم ترکیب دیویں نقرۂ مہتاب کا گُڈکا

انشا (کلامِ انشا ، ص ۲۹)

مری آنکھوں سے اِس آئینے کی صورت نہ دیکھے گا کھُلے گی حُسن کی قلعی جو کوئی قبح بیں آیا

آتش (کلیات ، ص ۶۲)

مگر بول چال میں بروزنِ فَعَل آتا ہے، اور یہی کانوں کو اچھا لگتا ہے۔ اِس لفظ کی بھی اِن دونوں صورتوں کو صحیح مان لینا چاہیے۔ ہاں، یہ واضح کر دیا جائے کہ اِس کو بول چال کے مطابق، بروزنِ فَعَل نظم بھی کیا گیا ہے :

دیکھ کر رخسار تیرے کی صفا آئنے کی یاں اُکھڑتی ہے قَلَعی

دردؔ (دیوانِ درد، مکتبہ جامعہ دہلی ص ۲۵)

کیا ہی مُکھڑا ہے وہ کہ جس کے حضور آئنے کی قَلَعی اُکھڑتی ہے

قائم (دیوان مرتبۂ خورشید الاسلام ص ۱۸۵)

رقعہ : اصل کے لحاظ سے یہ بہ ضمِّ اوّل و سکونِ دوم و فتحِ سوم ہے (رُقْعَہ)۔ اُردو میں زبانوں پر بہ تشدیدِ قاف ہے۔ مولفِ غیاث اللغات نے خاص طور پر لکھا ہے کہ، "مردم از بے التفاتی کہ بہ تشدیدِ قاف بدونِ عین خوانند، غلط" مگر یہ غلطی اُردو میں قبولِ عام کی سند حاصل کر چکی ہے اور اس حد تک کہ اب اس لفظ کو لُغت کی رعایت سے بہ سکونِ قاف و فتحِ عین بولنا، غلطی کرنا ہے۔ صاحبِ نور اللغات نے استعمالِ عام کا احترام کیا ہے؛ اصل حرکات لکھ کر صراحت کی ہے کہ : "بول چال میں بیش تر بہ تشدیدِ دوم

Marfat.com

وحذفِ نون یعنی رُقّہ ہے "۔ البتّہ صاحبِ آصفیہ نے استعمالِ عام سے سروکار نہیں رکھا ہے، اور وہی عربی کی اصل حرکات درج کی ہیں۔ مصافحہ، مطالعہ اور قلعہ کی طرح اِس لفظ کی بھی دونوں صورتوں کو درجِ لُغت رکھنا چاہیے۔ املا تو ایک ہی رہے گا، وہ تو کسی صورت میں نہیں بدلے گا۔ نظم میں کوئی چاہے تو اصل کی رعایت سے استعمال کر سکتا ہے البتّہ گفتگو میں وہی صورت رہے گی جس کی صراحت کی گئی ہے۔

تعین۔ تعینات۔ تعیناتی : تعیّن اور تعیین، عربی کے دو مصدر ہیں اِن کی جمع تعیّنات اور تعیینات آتی ہے۔ ان کے انداز پر دو نئے لفظ بن گئے : تعینات اور تعیناتی۔ پہلے میرا خیال تھا کہ "تعینات" اردو میں بنا ہے، مگر ہندستانی فارسی دانوں کی کتابوں میں اس لفظ کا وجود، اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ لفظ یہاں بہت پہلے بن چکا تھا۔ دو کتابوں سے مثالیں پیش کی جاتی ہیں :

"بارِ دیگر اُمرا کہ تعیناتِ صوبۂ دکن بودند" (جہانگیرنامہ ص ۱۹۳)

"دفردای آں دستک بنام جمیع منصب داران تعینات آنجا کردند"

(ذخیرۃ الخوانین جلد اول ص ۱۴۴)

اِن کتابوں میں یہ لفظ بار بار آیا ہے، مثلاً ذخیرۃ الخوانین کی پہلی جلد میں یہ لفظ صفحات ۱۵۹، ۱۸۵، ۱۸۸، ۱۹۶، ۱۹۹، ۲۰۶، ۲۲۱، ۲۴۳ پر بھی موجود ہے۔

مؤلفینِ قاموس نے لفظ "تعیّن" کے ذیل میں لکھا ہے : "اس سے تعینات اور تعیناتی بنالیا ہے جو غلط ہے"۔ مندرجۂ بالا اسناد کی روشنی میں خود یہ قول غلط قرار پاتا ہے۔ صاحبِ نور اللغات نے لکھا ہے کہ : "اُردو میں تعینات بروزنِ رسیدات، بہ معنیِ مقرر، مسلّط مستعمل ہے"۔ مگر عام بول چال میں "تعینات" کی ع، ی سے اِس طرح مخلوط ہو جاتی ہے کہ علاحدہ آواز نہیں دیتی۔ اِس لیے بروزنِ

Marfat.com

رسیدات" سے تلفّظ کی صحیح طور پر نشان دہی نہیں ہوتی۔ یہ لفظ بروزنِ "خیرات" بولا جاتا ہے اور یہی فصیح تلفّظ ہے۔ یہی صورت "تعیناتی" کی ہے۔ اِن دونوں لفظوں میں بھی ع کا وہی حال ہوا ہے جو رقعہ، قلعہ اور مطالعہ میں ہوا ہے کہ املا میں وہ موجود ہے، مگر تلفّظ میں نمایاں نہیں ہوتا۔

صاحبِ فرہنگِ آصفیہ نے اِن دونوں لفظوں کو "غلط العوام" میں شامل کیا ہے۔ مولفینِ قاموس کے اُس فیصلے کی طرح مولفِ آصفیہ کی اِس رائے کو بھی تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ لفظ "تعینات" ہندستان میں اُردو سے پہلے فارسی میں رائج ہو چکا تھا۔ اُردو میں بھی خواص و عوام سبھی کا مستعمل ہے۔ "تعینات" کی طرح "تعیناتی"[1] بھی اُردو میں عام طور پر استعمال کیا جاتا ہے:

"وہ بولے کہ بادشاہ نے تمھارے استقبال کے واسطے ہمیں تعینات کیا ہے۔"

میر امّن (باغ و بہار، مرتبۂ ڈنکن فوربس ص ۲۴۴)

"اور لڑاکی فوج جنوں اور عفریتوں اور پری زادوں کی تعینات کی۔"

(" " " ص ۲۵۶)

"اور آدمی ہر عہدے کے تعینات ہیں کہ خبر گیری مسافروں کی...۔"

(" " " ص ۰)

"بالفعل ان کی تعیناتی تحصیل سانپلہ ضلع رہتک میں ہوئی ہے۔"

مولانا حالی (مکاتیبِ حالی، دوم ص ۳۸۵)

صاحبِ نور اللغات نے لکھا ہے:

"تعیین.... فارسیوں نے ایک ی تخفیفاً حذف کر کے، بروزنِ امین

---

[1] ناسخ کے شاگرد کلبِ حسین خاں نادر نے لکھا ہے: "اور لفظ تعیناتی بھی غلط ہے۔ بجائے اُس کے "متعیّن" کہنا چاہیے۔" [تلخیصِ معلّی ص ۱۲۴]

Marfat.com

کرلیا ہے۔ ملّا طغرا :

تعیں گشت ساعاتِ بزمِ طرب　　خوشی یافت از حکمِ او روز و شب"۔

طغرا کا یہ شعر بہارِ عجم میں اِس لفظ (تعین) کی سند میں لکھا گیا ہے۔ نور میں غالباً وہیں سے نقل کیا گیا ہے۔ بہ ہر صورت، فارسی کی طرح اردو میں بھی لفظ "تعیں" مستعمل رہا ہے جیسے :

اِس ضد سے بھلا فائدہ، بنتی ہے کہیں یوں　　جو بات میں کہتا ہوں، وہ کہتے ہیں نہیں یوں
پھرتا تھا کنھیں روزوں میں وارستہ یہ کیا دل　　اب عشق اُنا لیق ہوا اس پہ تعیں یوں

میر حسن (دیوان، نول کشور پریس ص ۷۵)

مگر اب یہ متروک ہے۔

تبدیلی : "تبدیل" بجائے خود مصدر ہے، بہ ظاہر اُس میں مزید یائے مصدری کا اضافہ غلط معلوم ہوتا ہے، مگر فارسی اور اردو دونوں زبانوں میں ایسے متعدد الفاظ میں یائے مصدری کا اضافہ کرلیا گیا ہے، اور یہ لفظ مستعمل عام و خاص ہیں۔ جیسے : سلامتی، زیادتی، طغیانی، انکساری وغیرہ۔ ایسے کچھ لفظ فارسی سے بنے بنائے اُردو کو ملے ہیں، اور کچھ اُردو میں بنا لیے گئے ہیں۔ "تبدیل" سے "تبدیلی" بھی اِسی طرح بنا ہے۔ آصفیہ و نور دونوں میں اِس کو "غلط العوام" بتایا گیا ہے اور مؤلفینِ قاموس نے بھی اس پر اعتراض کیا ہے : "تبدیل خود مصدر ہے، اُس پر یائے مصدری لگانے کی کیا ضرورت ہے"۔ لیکن اِس لفظ کی ہمہ گیری کا ادنا ثبوت یہ ہے کہ آصفیہ و نور کے مؤلفین نے خود اِس لفظ کو استعمال کیا ہے :

"یہ اخبار ۱۸۹۴ء میں سب سے اول خاص بیگماتی زبان میں شائع ہوا اور دو برس بعد، مالک کی تبدیلی ہو جانے سے ملتوی کر دیا گیا۔" (آصفیہ، جلد اول،

Marfat.com

"بدل کرنا، باہم ایک دوسرے کی تبدیلی کرنا" (نور، بہ ذیلِ "تبادلہ")۔

دو چار مثالیں اور پیش کی جاتی ہیں :

بن گیا قطرۂ ناچیز ترقّی سے گہر ذات ہے ایک، فقط نام کی تبدیلی ہے

آرزو لکھنوی (جہانِ آرزو ص ۲۳۹)

وضعِ گدا کو ننگ ہے تبدیلیِ لباس میں خاکسار ایک ہی چادر میں قید ہوں

آرزو لکھنوی (جہانِ آرزو ص ۹۲)

"تمھاری تبدیلی کسی پاس کے ضلعے یا کم از کم لاہور کی قسمت میں ہو جائے"

حالی (مکتوباتِ حالی مرتّبہ خواجہ سجّاد حسین ص ۳۶)

"حصّۂ اول کی ترتیب میں کچھ تبدیلی ہوئی" آرزو لکھنوی (مقدّمۂ نظامِ اردو)

"صرف و نحو میں بھی تبدیلی ہو جاتی ہے" مولوی عبدالحق (مقدّمۂ باغ و بہار ص ۲۱)

ہاں، یہ لفظ حلیم کے لُغت میں موجود ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ فارسیِ جدید میں بھی یہ مستعمل ہے۔ بہ ہر طور، سلامتی و زیادتی وغیرہ کی طرح "تبدیلی" بھی صحیح اور مستعمل لفظ ہے۔

جس طرح "تبدیل" سے "تبدیلی" بنا لیا گیا ہے، اُسی طرح "تبادُل" سے "تبادلہ" بنا لیا گیا ہے اور یہ لفظ اُردو میں مستعملِ عام و خاص ہے! اور اِس حد تک کہ اب اگر کوئی شخص، لُغت کی رعایت سے، اس کے بجائے صحیح یا اصل لفظ "تبادل" استعمال کرے تو کچھ عجیب سا معلوم ہوگا۔ مولانا سیّد سلیمان ندوی نے لکھا ہے :

"لفظ "تبادلہ" عربی کے لحاظ سے غلط ہی کیوں نہ ہو، لیکن ہماری زبان میں صحیح ہے۔ اِس کو چھوڑ کر "مبادلہ" یا "تبادل" بُلوانا زبردستی ہے.....

"تبدیل" کے مقابلے میں "تبدیلی" غلط سہی، مگر وہ ہمارے ہاں صحیح ہے"

(نقوشِ سلیمانی ص ۳۳۱)

تبادُل، تبادلہ، تبدیلی، تبدُّل، مبادلہ؛ سب لفظ کم و بیش مستعمل ہیں اپنے اپنے محل پر۔

Marfat.com

اِس سے بحث نہیں کہ عربی کے لحاظ سے کون سا لفظ صحیح ہے۔ اُردو کے لحاظ سے یہ سب لفظ صحیح ہیں۔ "تبادلہ" کے معنی میں "بدلی" بھی مستعمل ہے، جیسے: اُن کی بدلی ہوگئی ہے۔ مکاتیبِ حالی جلد دوم میں کئی جگہ یہ لفظ آیا ہے (مثلاً صفحات ۲۲۰، ۲۶۶، ۱۴۷)؛

"منشی موہن لال کی بدلی دلّی کو ہوگئی ہے" (ص ۲۲۰) یہ بھی اُردو کی ایجاد ہے۔

خلاصی: "خلاص" میں فارسی والوں نے یائے مصدری کا اضافہ کرکے، ایک نیا لفظ "خلاصی" بنالیا۔ اسناد بہارِ عجم میں مندرج ہیں۔ اردو میں بھی یہ لفظ مستعمل رہا ہے اور اِس کا شمار مفرّس الفاظ میں کیا جائے گا۔ آصفیہ میں اِس لفظ سے متعلق درجِ ذیل عبارت ملتی ہے:

"خلاصی"۔ ا۔ (۱) اسم مونّث۔ رہائی، نجات، آزادی، رستگاری، چھٹکارا۔ (۲) اسمِ مذکّر۔ توپ خانے یا جہاز کے کارندے۔ خیمہ استادہ کرنے والے۔ (اِس معنی میں لوگ بہ تشدیدِ لام خلّاصی بولتے ہیں۔ اوّل معنی میں بھی غلط مشہور ہے، اگرچہ بعضے لوگوں نے اِسے ایک قسم کا تصرّفِ فارسیاں قرار دیا ہے، لیکن جس حالت میں "خلاص" خود مصدر ہے تو پھر یائے مصدری لگانی خلافِ عقل ہے)"

مولّف نے اِس کو اُردو مانا ہے، حالاں کہ یہ مفرّس ہے۔ پھر وہ "خلاص" میں یائے مصدری کے اضافے کو "خلافِ عقل" قرار دیتے ہیں اور اِسی لیے یہ لکھنے پر مجبور ہوئے ہیں کہ "اوّل معنی میں بھی غلط مشہور ہے"۔ اِس قبیل کے الفاظ سے مولّفِ آصفیہ واقعتاً خوش نہیں تھے۔ مثلاً لفظ "طغیانی" کے ذیل میں اُنھوں نے لکھا ہے:

"چوں کہ "طغیان" خود مصدر ہے، اس میں یائے تحتانی مصدری کی ضرورت نہ تھی؛ مگر اہلِ فارس کا قاعدہ ہے کہ وہ جب تک اس قسم کے مصدروں میں اپنے

Marfat.com

ہاں کی یائے مصدری نہ لگالیں، اُن کو چین نہیں پڑتا۔ چناں چہ "فضولی، خلاصی، سلامتی سے ظاہر ہے۔ پس اِس کو فارسی صورت میں خیال کرنا چاہیے"

یہ دراصل ایک طرح کا تذبذب ہے کہ چوں کہ فارسی والوں نے یائے مصدریِ زائد کا اضافہ کیا ہے؛ اِس لیے غلط تو کہہ نہیں سکتے، مگر یہ اضافہ "خلافِ عقل" بھی معلوم ہوتا ہے۔ بہ ہر حال، اب ایسے سب الفاظ کو بالکل صحیح الفاظ میں شمار کیا جائے گا۔ تبدیلی، طغیانی، خلاصی، سلامتی، زیادتی، انکساری جیسے لفظ اسی ذیل میں آتے ہیں۔ "خلاصی" رہائی، آزادی اور نجات کے مفاہیم میں مفرّس ہے اور جہاز پر یا ریل وغیرہ پر کام کرنے والوں کے معنی میں اردو نژاد ہے۔ اِسی تفریق کے ساتھ اِس کو درجِ لغت کیا جائے گا۔

اِس قبیل کے کچھ اور لفظ بھی ہیں، جیسے: پابوسی، قدیمی، انکساری، طغیانی۔

پابوسی : "پابوسی۔ غلط۔ اس میں ي زائد ہے۔ پابوسی حاصل مصدر ہے، پھر اُس پر یائے مصدری زائد کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ اُردو میں قدم بوس، پابوس کہنا صحیح ہے۔ پابوس کو فارسی والے پای بوس کہتے ہیں" (قاموس)

"خلاصی" کی طرح "پابوسی" بھی فارسی سے بنا بنایا اُردو کو ملا ہے۔ تفصیل بہارِ عجم میں موجود ہے۔ فارسی میں صرف "پای بوس" مستعمل نہیں، جیسا کہ مولفین کی تحریر سے متبادر ہوتا ہے۔ وہاں پابوس، پای بوس، پای بوسی، پابوسی؛ چاروں صورتیں ملتی ہیں۔ بہارِ عجم سے سند کے شعر نقل کیے جاتے ہیں جن سے اِن چاروں صورتوں کا مستعمل ہونا معلوم ہوگا:

بپای بوسِ تو دست از حیاتِ خود شستم
نثار جوہرِ جان است ساقِ سیمیں را

(فغانی)

Marfat.com

ادای ذوقِ پابوسی ہمیں بس — کہ رنگِ نامۂ شوقت حنائی است
(مفید بلخی)

جز اشکِ خود مفید زکس رفتگی ندید — ہر چند پای بوسیِ اہلِ زمانہ کرد
(مفید بلخی)

دمِ عیسوی چوں معطّر شدہ — بپابوسیِ دود مجمر شدہ
(طغرا)

آب از پیِ سروِ قدت می آید از فرسنگہا — وز حسرتِ پابوسِ تو سر می زند بر سنگہا
(جامی)

اردو میں "پابوسی" بہ کثرت مستعمل ہے۔ مولفِ نور نے اِس لفظ کو فارسی لکھا ہے، مگر یہ بھی لکھ دیا ہے کہ "اس جگہ پابوس فصیح ہے"۔ اصل میں شوق نیموی نے اپنے رسالے اصلاح میں "پابوسی" کو متروکات کے ذیل میں شامل کیا ہے۔ اُنھوں نے لکھا ہے:

"پابوسی، بہ زیادتِ یا، انتظاری کی طرح یہ بھی غیر فصیح ٹھہرا ہوا ہے" (ص ۱۳)۔

مولفِ نور نے غالباً اُسی کے زیرِ اثر "پابوسی" کو غیر فصیح فرض کر لیا ہے۔ لیکن یہ درست نہیں۔ اساتذہ نے اِس لفظ کو استعمال کیا ہے، اور آج کل تو قدم بوس، دست بوس اور پابوس کے مقابلے میں، قدم بوسی، دست بوسی اور پابوسی زیادہ مستعمل ہیں۔ لطف یہ ہے کہ مولفِ نور نے "دست بوسی" اور "قدم بوسی" کو غیر فصیح نہیں لکھا ہے۔ بات یہ ہے کہ یہ دونوں لفظ رسالۂ اصلاح میں بھی موجود نہیں۔ ذیل میں اِن الفاظ کے استعمال کی کچھ مثالیں پیش کی جاتی ہیں:

نہ کرتے اُس کی بہ رنگِ حنا جو پابوسی — تو شکلِ برگِ حنا یوں پسا نہ کرتے ہم
مومن (دیوان مرتبۂ ضیا احمد بدایونی ص ۱۲۳)

Marfat.com

دست بوسی پر کرو ہاں قتل اپنے ہاتھ سے — سچ تو کہتے ہیں، قبول انصاف غیروں کا ہمیں

(〃 〃 ص ۱۳۴)

تیری پابوسی سے اپنی خاک بھی مایوس ہے — نقشِ پا پر نقشِ پا، ظالم، کفِ افسوس ہے

(〃 〃 ص ۱۹۴)

سر ترے کُشتے کا دیکھے گا نہ ہرگز روے خاک — لے اُڑے گا شوقِ پابوسی اُسے جلّاد کا

ذوق (دیوان مرتبۂ آزاد ص ۶۲)

دست و بازو کے تصوّر میں ہوا آتش میں قتل — پائے بوسی کی ہوس نے خاک سے یک ساں کیا

آتش (کلیاتِ نول کشور پریس ص ۷)

رنگ جو جو کچھ کہ چاہیں لائیں بن میں آبلے — پائے بوسی کو ترستے تھے وطن میں آبلے

(〃 〃 ص ۲۳۵)

لو مبارک ہو قدم بوسیِ حضرت محسن — کس کو ہوتی ہے نصیب ایسی سعادت محسن

محسن کاکوروی (کلیاتِ نعتِ محسن ص ۴۶)

وہ افتخارِ خضر جو پہنچا میانِ آب — دوڑے حباب بہرِ قدم بوسیِ جناب

شاد عظیم آبادی (مراثیِ شاد، اوّل ص ۶۷)

جان کر سوتا تجھے، وہ قصدِ پابوسی مرا — اور ترا ٹھکرا کے سر، وہ مسکرانا یاد ہے

حسرت موہانی (کلیات، طبعِ لاہور ص ۸۹)

وہ خوابِ ناز میں تھے اور نہ تھے اے شوقِ پابوسی — نہ سمجھی پستیِ ہمت تری، اِس لطفِ ایما کو

(〃 〃 ص ۲۸)

جیسا کہ اوپر لکھا گیا ہے، اُردو میں آج کل "قدم بوس" وغیرہ کے بجائے "قدم بوسی" وغیرہ ہی زیادہ مستعمل ہیں۔ قدم بوس، پا بوس، دست بوس: ترکیبِ فارسی میں آئیں تو دوسری بات ہے، ورنہ مفرد صورت میں یہ کچھ اجنبی سے معلوم ہوتے ہیں۔ مثلاً

Marfat.com

داغ کا یہ قطعہ دیکھیے :

قدم بوس حضرت کا حاصل ہوا — بڑے شوق سے اور ارمان سے
حضوری کی تاریخ پوچھیں اگر — یہ کہہ دو، ملے داغ سلطان سے

(داغ ۔ مصنفہ تمکین کاظمی ص ۱۰۱)

اِس میں لفظ "قدم بوس" بالکل صحیح اور قطعاً فصیح ہونے کے باوصف، اب کچھ اجنبی سا لگتا ہے۔

قدیمی : عربی کے لفظ "قدیم" میں یائے مصدری کا اضافہ کر لیا گیا ہے۔ صاحبِ غیاث اللغات نے اِس کو نادرست قرار دیا ہے : "در آخرِ ایں لفظ زیادتِ یا خطا باشد، چنانکہ در زیادتی و جدیدی"۔ مولفینِ قاموس نے بھی اس لفظ کو غلط بتایا ہے : "قدیمی، عربی میں قدیم ہے۔ چوں کہ صفت ہے، اس لیے یا محض غلط ہے"۔

آج کل فارسی میں یہ لفظ مستعمل ہے۔ حکیم نے اِس کو اپنے لغت میں درج کیا ہے، اور مثال میں یہ فقرہ لکھا ہے : "او دوست قدیمی من است"۔ بعض اور مثالیں :

"کلمات و تعبیرات قدیمی عصر شاعر را کہ در عصر ایشان دیگر غیر مفہوم یا غیر مانوس شد"۔

(دیباچۂ دیوان حافظ، مرتبۂ قزوینی و قاسم غنی، ص کز)

"ثانیاً اینگونہ نسخ قدیمی معاصر یا بسیار قریب العصر با خود شاعر"۔ (" " ص کح)

"و آنہم نسخۂ بسیار قدیمی نزدیک بعصر حافظ است" (" " ص ل)

"نہ از روی اصح نسخ صورت پذیرفتہ است، نہ از روی قدیمی ترین نسخ موجودہ در جہان"۔ (دیباچۂ دیوانِ حافظ، مرتبۂ ا، بامداد)

"بابروس، نام قدیمی بابل است" (فرہنگِ نوبہار ص ۸۲)

ہندستان کے فارسی مصنفین نے بھی اس لفظ کو بے تکلف استعمال کیا ہے۔ صرف ایک مثال پر اکتفا کرتا ہوں :

Marfat.com

"در اثنای راہ بہ نوّاب سید حسن علی خاں کہ با ایشاں تعارفِ قدیمی داشت، برخورد" (مجموعۂ نغز، ص ۱۱۶)۔

اُردو میں تو اِس کو بالعموم استعمال کیا گیا ہے۔ چند مثالیں:

گر دن پہ تری دل کو جو ہے عاج کی سوجھی — تشبیہ قدیمی ہے نہیں آج کی سوجھی
حکیم قدرت اللہ قاسم (تذکرۂ سرور)

ٹک اس طرف تو دیکھو آنکھیں ملا کے صاحب — ہم سے قدیمی بندے، شایستہ رستم ہوں
انشا (کلامِ انشا، ص ۱۵۰)

رنڈ ہے سرکارِ عالی میں قدیمی جاں نثار — کب اُسے خلعت میں شمشیر و سپر ملتی نہیں
رند (دیوان نول کشور پریس، ص ۱۸۳)

"اگرچہ یہ مصرع قدیمی میاں مجذوب کا ہے" (آبِ حیات، ترجمۂ ذوق)

"ہندستان کے قدیمی عہد میں جب سنسکرت زندہ زبان مانی جاتی تھی"
احسن مارہروی (تاریخِ نثرِ اُردو، ص ۳)

"آپ کے ماموں صاحب قبلہ جو میرے قدیمی عنایت فرما اور محسن زادے ہیں"
منیر شکوہ آبادی (تاریخِ نثرِ اردو، ص ۳۴۵)

آصفیہ و نور دونوں میں یہ لفظ موجود ہے۔ رچرڈسن اور فوربس نے "قدیمی" کو عربی لکھا ہے، اور جانسن نے "قدیمی" بہ یائے مشدد کو عربی بتایا ہے۔ اِس کا غیر صحیح ہونا عیاں ہے۔ ہاں، میں اس وقت یہ کہنے سے قاصر ہوں کہ یہ لفظ فارسیِ قدیم میں ہے یا نہیں۔

انکساری: آصفیہ، نور، امیر اللغات، سرمایۂ زبانِ اردو؛ اِن میں سے کسی لُغت میں یہ لفظ موجود نہیں۔ یہ "انکسار" کا مزید علیہ ہے، اور قدیمی،

Marfat.com

خلاصی، پابوسی (وغیرہ) کی طرح مستعمل ہے اور یہ لفظ بھی اُسی طرح بنا ہے جس طرح یہ سب لفظ بنے ہیں۔ مولفینِ قاموس نے اِس لفظ کو بھی غلط بتایا ہے۔ آثر لکھنوی مرحوم نے بھی اِسی رائے کا اظہار کیا تھا (الحمرا۔ لاہور۔ جنوری ۱۹۵۴ء)۔

"طغیانی" اور "خلاصی" کی طرح "انکساری" بھی اردو میں قبولِ عام کی سند پاچکا ہے اور اب یہ لفظ بھی ایسے دوسرے الفاظ کی طرح بالکل صحیح ہے اور اِسے لُغت میں باقاعدہ جگہ ملنا چاہیے۔

اندازًا۔ نمونتًا : آصفیہ، نور، امیراللغات : کسی میں بھی یہ لفظ موجود نہیں۔ "انداز" (یا اندازہ) فارسی کا لفظ ہے، قاعدے کے لحاظ سے اس پر تنوین نہیں آنا چاہیے؛ غالبًا اِسی بنا پر اِن لُغات میں اِس لفظ نے جگہ نہیں پائی۔ مولفینِ قاموس نے تو اِس لفظ کو غلط ہی بتایا ہے:

> "اندازًا، غلط ہے۔ عربی داں اصحاب نے "اندازہ" سے "اندازًا" بنا لیا ہے۔ اِس کی جگہ "تخمینًا" کا لفظ موجود ہے، جو صحیح ہے۔" اندازًا" کی طرح "نمونتًا" بھی کہتے ہیں اور لکھتے ہیں۔ تنوین، عربی الفاظ پر آتی ہے، نہ فارسی الفاظ پر" (قاموس)۔

راستے میں کوئی صاحب ملیں اور وقت پوچھیں؛ گھڑی پاس نہ ہو اور آپ اُن سے کہیں کہ "تخمینًا دو بجے ہوں گے" تو یقین کیجیے کہ وہ صاحب اگر زبان سے کچھ نسبت رکھتے ہوں گے تو اپنا سوال بھول کر، اِس "تخمینًا" پر آپ کا مُنہ دیکھتے رہ جائیں گے ——— مولفین نے "اندازًا" کی جگہ تو "تخمینًا" بولنے کی فرمایش کی ہے، مگر یہ نہیں بتایا کہ "نمونتًا" کی جگہ کیا کہیں؟ اگر اردو کوئی زبان ہے تو پھر اِن الفاظ کے غلط ہونے کا کیا سوال! یہ دونوں لفظ عام طور پر استعمال کیے جاتے ہیں۔

Marfat.com

پلیٹس نے "اندازًا" کو فارسی لکھا ہے، مگر یہ اُردو نژاد ہے۔ رچرڈسن، جانسن اور شکسپیر نے "اندازا" بغیرِ تنوین لکھ کر، اِس کے معنی Thaowing لکھے ہیں۔ غالبًا یہ لوگ اِس کو فارسی کے مصدر "انداختن" سے مشتق کوئی نیا لفظ سمجھے ہیں۔ فارسی میں "انداختہ" اور "اندازہ" ضرور ہیں، "اندازا" کوئی لفظ نہیں۔

آصفیہ و نور میں "نمونتًا" بھی موجود نہیں۔ اس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ ان لُغات کے مولفین نے "اندازًا" کی طرح "نمونتًا" کو بھی ناقابلِ قبول قرار دیا ہے۔ یہ دونوں لفظ چوں کہ اُردو میں مستعمل ہیں اور بہ کثرت، اِس لیے اب اِن کو بھی لغت میں مناسب طور پر جگہ ملنا چاہیے۔ اُردو کے لحاظ سے یہ دونوں صحیح لفظ ہیں۔

آزردگی : مولفینِ قاموس نے اِس لفظ کو صرف بہ فتحِ زا لکھا ہے (آزَردگی) نور میں بھی "آزردہ" اور "آزردگی" کو "بہ فتحِ دوم" لکھا گیا ہے۔ امیر اللغات میں بھی "آزردہ" کی زَ پر زبر لگا ہوا ہے (آزَردَہ)۔ اِس میں "آزردگی" موجود نہیں۔ فارسی کے قدیم لغات میں بھی عموماً اِس کو بہ فتحِ زا لکھا گیا ہے۔ بعض لغات میں یہ صراحت بھی کردی گئی ہے کہ بہ ضمِّ زا غلط ہے۔ مثلاً :

"آزردن، بہ فتحِ زا..... بہ ضمِّ آں غلط است، چرا کہ مخففِ آزاریدن است۔ از کشف" (مویّد الفضلا)۔

لیکن فارسی کے بعض جدید لُغات میں اِس کو بہ ضمِّ زا لکھا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو فرہنگِ امیرِ کبیر اور سلیمان حیم کا لُغت۔ حیم نے "آزاریدن" اور "آزاردن" کی اصل "آزردن" کو بتایا ہے۔

اُردو میں آزردن، آزردہ، آزردگی؛ سب لفظ بہ ضمِّ زا بولے جاتے ہیں۔ بہ فتحِ دوم بولیے تو اجنبیت کا احساس ہوگا۔ مثلاً اس مصرعے میں: "رات آزردہ ہوا یار جو مے نوشی میں" آزردہ کو بہ فتحِ زا پڑھیے تو محسوس ہوگا کہ مصرعے کا سارا لطف تباہ ہوگیا۔ بل کہ یہ خیال ہوگا کہ

Marfat.com

یہ کوئی نیا لفظ کہیں سے آگیا ہے۔ مولانا احسن مارہروی نے لکھا ہے :

"آزردہ ، لُغت میں بہ فتحِ زاے معجمہ ہے، مگر پڑھے لکھے لوگ پیش سے بولتے ہیں " (تاریخِ نثرِ اُردو، ص ۳۵۶)۔

آصفیہ میں بھی "آزردگی" اور "آزردہ" کی ز پر پیش لگا ہوا ہے۔ اب اُردو لُغات میں اِن لفظوں کو صرف بہ ضمِّ زا لکھنا چاہیے۔ بہ فتحِ زا کو فارسی سے مخصوص سمجھنا چاہیے۔

عربی کے کئی ایسے لفظ ہیں جو اصلاً بہ یاے مشدّد ہیں، مگر اُردو میں ان کو بہ یاے مشدّد و بہ یاے مخفّف، دونوں طرح استعمال کیا جاتا ہے، اس فرق کے ساتھ کہ بول چال میں تو یہ لفظ تشدید کے بغیر ہی آتے ہیں اور تحریر میں (خاص طور پر نظم میں) اِن کی دونوں صورتیں ملتی ہیں۔ اِن میں کیفیت ، خاصیت ، نیت ، حیثیت ، انسانیت ، ماہیت خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

"خاصیت ۔ ع ۔ مونّث ۔ بہ تشدیدِ صادِ مکسور و یاے مفتوح ..... اُردو میں صرف بہ تشدیدِ یاے مفتوح مستعمل ہے " (قاموس)۔

آصفیہ میں بھی "خاصیّت" لکھا ہوا ہے اور مولّف نے اِس کے ذیل میں اِس طرح کی کوئی صراحت نہیں کی ہے کہ یہ لفظ بہ یاے مخفّف بھی آتا ہے۔ فارسی میں اِس کو عربی کے مطابق بہ یاے مشدّد اور تفریس کے ساتھ بہ تخفیفِ یا بھی استعمال کیا گیا ہے (بہارِ عجم) ۔ اُردو میں بھی یہی صورت ہے کہ اِس لفظ کو دونوں طرح استعمال کیا گیا ہے اور استعمال کیا جاتا ہے۔ البتّہ یہ تفریق ملحوظ رہنا چاہیے کہ نظم میں تو اِس کو دونوں طرح استعمال کیا گیا ہے (اور استعمال کیا جاتا ہے) مثلاً :

عہد میں تیرے عجب کیا سرد داغِ دل شمع — شعلے میں مرہم کافور کی ہو خاصیت

ذوق (دیوان مرتبۂ آزاد، ص ۳۱۸)

Marfat.com

سرگذشتیں نہ مری سُن کہ اچٹتی ہے نیند　　خاصیت یہ ہے مری جان اِن افسانوں کی

میر (کلیات، مرتبۂ آسی، ص ۱۴۹)

خاصیت سیماب کی ہے اِس تڑپ بے تاب میں　　جل کے خاکستر اگر ہوں تو بھی میں اکسیر ہوں

احسان دہلوی (تذکرۂ سرور)

مگر بول چال میں عموماً بہ یائے مخفف ہی آتا ہے۔ رچرڈسن نے اپنے لُغت میں، خاصیت کے ذیل میں، ایک مصدرِ جعلی "خاصیدن" بھی لکھا ہے، لیکن قوسین میں "مشکوک" بھی لکھ دیا ہے۔ فارسی میں "خاصیدن" کوئی مصدر نہیں۔

"انسانیت" عربی میں بہ یائے مشدّد ہے (المنجد)۔ فارسی میں بھی عموماً بہ یائے مشدّد استعمال کیا گیا ہے، لیکن اُردو میں بول چال کی حد تک یہ صرف بہ یائے مخفف مستعمل ہے۔ نظم میں ضرورتاً بہ یائے مشدّد آسکتا ہے اور یہ محض مجبوری کا سودا[1] ہوگا۔ قاموس میں اِس کو صرف بہ یائے مشدّد لکھا گیا ہے۔ آصفیہ، نور اور امیر اللغات میں اس لفظ پر تشدید نہیں ملتی۔ مؤلفین نے اِس سلسلے میں صراحت بھی نہیں کی ہے، حالاں کہ یہ ضروری بات تھی۔ امیر اللغات میں یہ فقرہ بہ طورِ مثال درج ہے: "آدمی بنو، ذرا انسانیت سیکھو، یہ کیا بد تہذیبی ہے۔" یہی فقرہ نور میں منقول ہے؛ عربی یا فارسی کی رعایت سے اس فقرے میں "انسانیت" کو بہ یائے مشدّد پڑھ کر دیکھیے، سارا حُسن خاک میں مل جائیگا۔ ہاں، آصفیہ و نور میں "انسانیت" کو عربی لکھا گیا ہے۔ یہ ذرا مبہم صورت ہے۔ یہ صراحت ضروری تھی کہ عربی میں ی مشدّد ہے اور بہ تخفیف اردو کا اثر ہے۔ بعض مثالیں بھی پیش کی جاتی ہیں:

انسانیت ہے اِن میں، نہ تہذیب کا ہے نام　　دیں کے لیے ہے جنگ، تو باجوں کا کیا ہے کام

شاد عظیم آبادی (مراثیِ شاد، ص ۱۲۹)

---

[1] جیسے:

بس کہ اے نورِ نیَن، تجھ میں ہے انسانیّت
عشق سوں تیرے صنم صورتِ انسان ہوا　　(ولی)

Marfat.com

محبّت عقل ہی کھودے تو پھر پابندیاں کیسی — حدِ انسانیت تک آدمی مجبور رہتا ہے

آرزو لکھنوی (جہانِ آرزو ص ۱۸۲)

خطا تھی تو کب قابلِ درگذر تھی — یہ انسانیت کی کہ انسان جانا

(״ ص ۳۷)

اِسی قبیل کا ایک لفظ ہے: "آدمیت"۔ یہ بھی اصلاً بہ یائے مشدّد ہے، لیکن اُردو میں دونوں طرح مستعمل ہے۔ اِس لفظ کی دونوں صورتوں کو یک ساں طور پر مستعمل مان لینا چاہیے۔ آصفیہ، نور اور امیر اللغات میں یہ لفظ صرف بہ یائے مشدّد ملتا ہے۔ لفظ "انسانیت" میں اور اس لفظ میں یہ فرق ضرور ملحوظ رہنا چاہیے کہ "انسانیت" بہ یائے مشدّد، بول چال میں نہیں آتا، لیکن "آدمیت" گفتگو میں دونوں طرح مستعمل ہے۔ شاد عظیم آبادی نے فکرِ بلیغ میں "آدمیت" بہ یائے مخفّف کو تصرّفاتِ جائز کی مثال میں پیش کیا ہے (ص ۵۲)۔

"محو" عربی کا لفظ ہے، اس میں "یت" کا اضافہ کرکے "محویت" بنا لیا گیا ہے، اور غالباً یہ اردو والوں کی کارگزاری ہے۔ ایسے اور الفاظ کے قیاس پر، اِس لفظ کو بھی دونوں طرح استعمال کیا گیا ہے، مثلاً:

کبھی ہمّت تھی مری قاعدۂ صرف میں صرف — کبھی تھی نحو میں ہر نحو مجھے محویت

ذوق (دیوان مرتّبۂ آزاد ص ۳۱۱)

گم شدہ کی جستجو میں محویت کی حد ہوئی — سامنے جو شے نظر آئی، اُسے دل کہہ دیا

آرزو لکھنوی (جہانِ آرزو ص ۵۱)

منزلِ الفت میں اپنی محویت کے میں نثار — مجھ کو ہر رہ رو پہ، تیری شکل کا دھوکا ہوا

عزیز لکھنوی (انجم کدہ ص ۴۳)

آصفیہ میں "محویّت" صرف بہ یائے مشدّد لکھا ہوا ہے اور اِس کو عربی بتایا گیا ہے۔ نور میں

Marfat.com

بھی صرف بہ یائے مشدّد ہے، مگر مولّف نے یہ صراحت ضرور کردی ہے کہ "ہندستانیوں نے "محو" سے مصدر بنالیا ہے"۔ اس لفظ کی بھی دونوں صورتیں قابلِ قبول ہیں۔

جلیل مانک پوری (تلمیذِ امیر مینائی) نے ایک خط میں لکھا ہے:

"ملکیت بہ تخفیفِ یا، روز مرّہ کی بول چال ہے۔ اگر بہ تشدیدِ یا بھی استعمال کیا جائے تو جائز ہوگا، جیسے: ماہیت، خاصیت، کیفیت وغیرہ؛ کہ یہ بہ تخفیفِ یا صحیح ہیں، اور کبھی بہ تشدیدِ یا بھی اِن کا استعمال کیا جاتا ہے"۔

(مکتوبِ جلیل، رسالہ الحمرا، لاہور، نومبر ۱۹۵۶ء)

جلیل نے یہ تو بالکل صحیح لکھا ہے کہ "ملکیت" بہ تخفیفِ یا، روز مرّہ کی بول چال ہے؛ مگر اُن کا یہ لکھنا کہ ماہیت، خاصیت، کیفیت "بہ تخفیفِ یا صحیح ہیں" اِس اعتبار سے درست نہیں کہ اصلاً یہ لفظ بہ تشدیدِ یا ہیں اور تصرّف کے سبب بہ تخفیف مستعمل ہیں۔ جیسا کہ لکھا جاچکا ہے، ایسے لفظوں کی دونوں صورتوں کو صحیح ماننا جائے گا۔

اُردو میں ایسے بہت سے لفظ مستعمل ہیں جو "گی" کے لاحقے کے ساتھ، حاصل مصدر کا فائدہ دیتے ہیں۔ ان میں سے بعض تو قاعدے کے مطابق بنے ہیں اور بعض خلافِ قاعدہ۔ قاعدہ تو یہ ہے کہ لفظ کے آخر میں ہائے مختفی ہو تو "گی" کا لاحقہ آئے گا، جیسے غنچہ سے غنچگی اور تشنہ سے تشنگی اور بے چارہ سے بے چارگی اور آوارہ سے آوارگی۔ اگر لفظ کے آخر میں الف ہوگا تو "ئی" کا اضافہ کیا جائے گا، جیسے گدا سے گدائی، اور فضا سے فضائی۔ جس طرح بہت سے قاعدوں کی حدیں کہیں نہ کہیں ٹوٹ ہی جایا کرتی ہیں، وہی حال اس قاعدے کا ہوا، اور کئی لفظ خلافِ قاعدہ بن گئے۔ جیسے "ادا" سے قاعدے کے مطابق "ادائی" بننا چاہیے، بنا بھی ہے، مگر اِس کے ساتھ ساتھ ایک خلافِ قاعدہ صورت "ادائگی" بھی وجود میں آگئی۔ مولّفینِ قاموس نے لکھا ہے:

Marfat.com

۲ ادائگی ۔ ا۔ ادا کرنا۔ ادا سے "ادائی" کہا جا سکتا ہے، جیسے "صفا" سے "صفائی"۔ ادائگی .... کسی شاعر کے شعر میں نہیں دیکھا گیا"

ایسے لفظوں کو تین قسموں میں رکھا جا سکتا ہے:

(ا) وہ لفظ جن کے آخر میں ہ موجود نہیں، مگر "گی" بہ طورِ لاحقہ لگا کر، حاصل مصدر بنا لیے گئے تھے، مگر یہ اب استعمال میں گویا نہیں آتے، جیسے: طفلی سے طفلگی، آزاد سے آزادگی:

انشا کو لذت اُس کے جوانی کے حُسن کی ہے اور طفلگی کے بھی ایام سے لذیذ
انشا (کلامِ انشا، ص ۸۳)

قیدِ ہستی سے ہنوز آزادگی حاصل کہاں روح سے چھوٹا ہے یہ زندانِ آب و گل کہاں
آتش (کلیاتِ نول کشور پریس، ص ۱۵۷)

یہ تمی موج پہلے اس آزادگی کی ہرا جس سے ہونے کو تھا باغِ گیتی
حالی (مسدسِ حالی)

"طفلگی" اور "آزادگی" متروک سے ہو گئے ہیں اور اب "طفلی" اور "آزادی" بالعموم مستعمل ہیں ـــــ امیر اللغات و نور اللغات میں "آزادگی" موجود ہے، کسی صراحت کے بغیر۔ فرہنگِ آصفیہ میں "آزادی" ہے، مگر "آزادگی" موجود نہیں۔ اور نہ اِس سلسلے میں کچھ صراحت کی گئی ہے ـــــ "طفلگی" نہ آصفیہ میں ہے اور نہ نور میں، دونوں میں صرف "طفلی" ہے۔

(۲) ایسے لفظ جو دونوں طرح مستعمل ہیں، جیسے: "ناراض" سے ناراضی اور ناراضگی۔ "درست" سے درستی اور درستگی۔ یہ ایسے لفظ ہیں کہ تحریر و تقریر دونوں میں، دونوں طرح استعمال میں آتے رہتے ہیں۔ مثلاً داغ کے اِس جملے میں: "اور اب نہ کوئی وجہِ ناراضگی ہے" (زبانِ داغ، ص ۹۷) یہ محسوس نہیں ہوتا کہ کوئی خلافِ قاعدہ لفظ استعمال میں

Marfat.com

آ گیا ہے ـــ صاحبِ نور اللغات نے "ناراضی" کے ذیل میں لکھا ہے : "عام عورتیں "ناراضگی" بولتی ہیں" اور مثال میں جانؔ صاحب کا یہ شعر لکھا ہے :

ناراضگی سے جاتی ہو، ہوگا نہ حج قبول
ماں زار زار روتی ہے، اور زار زار باپ

عام عورتوں کی تخصیص درست نہیں، "خاص عورتیں" بھی بولتی ہیں اور مرد بھی بولتے ہیں۔ داغؔ کا منقولۂ بالا جملہ سند کے لیے کافی ہے۔ ایسے لفظوں کو دونوں طرح صحیح اور فصیح ماننا چاہیے۔ "ناراضگی" کی طرح "درستگی" بھی خلافِ قاعدہ بنا ہے اور اب "درستی" اور "درستگی" دونوں لفظ استعمال میں آتے ہیں۔ نور و آصفیہ میں صرف "درستی" ہے۔ "درستگی" موجود نہیں۔

(۳) ایسے لفظ جن کو دونوں طرح استعمال کیا گیا ہے، مگر اب ان کی خلافِ قاعدہ صورت ہی استعمالِ عام میں نظر آتی ہے اور باقاعدہ صورت، کتابوں میں محفوظ ہو کر رہ گئی ہے، جیسے : "کرخت" سے کرختگی۔ "کرخت" سے قاعدے کے مطابق تو "کرختی" بنے گا، جیسے "سخت" سے سختی۔ نور میں واجد علی شاہ کا یہ شعر سنداً لکھا گیا ہے :

"وہ چھاتیوں کی غضب تھی سختی کب سیب میں ایسی ہے کرختی"

لیکن یہ باضابطہ بنایا گیا لفظ، اب قبولِ عام کی سند سے خالی ہاتھ نظر آتا ہے، اور اِس کی جگہ "کرختگی" نے لے لی ہے۔ مثلاً مولوی عبدالحق صاحب کے اِس جملے میں :

"اصل الفاظ میں جو بھدّا پن اور کرختگی اور تلفّظ اور لہجے کی دقّت تھی، بالکل جاتی رہی" (قواعدِ اردو، ص ۲)

اِس لفظ "کرختگی" کی جگہ پر "کرختی" لکھ کر دیکھیے؛ لکھنے والے پر تازہ وارد ہونے کا شبہہ کیا جائے گا ـــ "ادائی" کتابوں میں کہیں کہیں نظر آجاتا ہے۔ یاد پڑتا ہے کہ مولانا نظم طباطبائی کے دیوان میں بھی ایک جگہ آیا ہے؛ لیکن "کرختی" کی طرح اب اجنبی معلوم ہوتا ہے۔

سرمایۂ زبانِ اردو، امیر اللغات، آصفیہ اور نور میں نہ "ادائی" ہے، نہ "ادائگی"۔

Marfat.com

نور میں "کرختی" اور "کرختگی" دونوں لفظ موجود ہیں، البتہ آصفیہ میں "کرختی" موجود نہیں، صرف "کرختگی" ہے۔ یہاں اس بحث سے قطعِ نظر کرتا ہوں کہ اِن میں سے کون کون سے لفظ فارسی میں بھی موجود ہیں۔

شُبَہ : اصل لفظ "شُبہَہ" (بروزنِ نقطہ) ہے۔ فارسی میں یہ تصرّف ہوا کہ ایک ہ ساقط ہوگئی اور ب پر زبر آگیا، یعنی "شُبَہ" بروزنِ کُلہ ہوگیا۔ البتہ مع تصرّف بہت کم استعمال کیا گیا ہے۔ اس تصرّف کا اظہار صاحبِ بہارِ عجم نے کیا ہے:

"شبہہ بضمِّ اوّل و فتحِ سوم ..... و فارسیان بفتحِ دوم و ہاے ملفوظ نیز آرند۔"

بدر چاچی:

بہانہ ایست غروب آفتاب را ہر شام — صریح با تو بگویم کہ نیست شک و شُبہ
چو آسماں بسوی قصرِ شاہ کرد نظر — ز رفعتش ز سرِ آسماں فتاد کُلہ"

اُردو میں صورت یہ ہے کہ بول چال کی حد تک تو "شُبَہ" ہی مستعمل ہے، "شُبہَہ" کوئی نہیں بولتا۔ البتہ نظم میں عموماً اصل کے مطابق "شُبہَہ" استعمال کیا گیا ہے۔ آتش نے ایک شعر میں "شُبہ" (بہ سکونِ حرفِ دوم) بھی باندھا ہے:

شیریں کلامی کا بھی ترے بھولتا نہیں — شیر و شکر سے ہے یہ بلاشبہ دشنک لذیذ

(کلیاتِ نول کشور پریس، ص ۸۲)

مطلع کی صورت میں یہاں پر یہ نہایت مناسب معلوم ہوتا ہے۔ اس طرح اصل لفظ کے ساتھ ساتھ، اردو میں "شُبَہ" اور "شُبہ" بھی مستعمل ہیں، اِس فرق کے ساتھ کہ گفتگو کی حد تک "شُبَہ" ہی سننے میں آتا ہے۔ مختصر یہ کہ اُردو میں اب اس لفظ کی تین صورتیں مانی جائیں گی: شُبہَہ، شُبَہ، شُبہ۔ اِس کی جمع "شبہات" (بہ سکونِ دوم) مستعمل ہے۔

Marfat.com

مؤلفینِ قاموس نے لکھا ہے :

"شبہ بروزنِ گنہ کہنا غلط ہے۔ "شبہہ" بروزنِ نقطہ کہنا صحیح ہے۔
شبہہ کی جمع شُبہات بضمتین ہے۔"

دونوں باتیں قابلِ قبول نہیں۔ اُردو کی بول چال میں صرف "شُبہہ" مستعمل ہے۔ اگر کوئی بدذوق شخص، عربی کی رعایت سے، گفتگو میں "شُبہہ" لے آئے تو بات چیت کی بے ساختگی اور حُسن، دونوں پر حرف آجائے گا۔ یہی صورت "شبہات" کی ہے۔ عربی میں جو بھی صورت ہو، اردو میں یہ لفظ صرف بہ سکونِ دوم (شُبہات) مستعمل ہے۔

نور و آصفیہ میں بڑی مبہم صورت ہے۔ آصفیہ میں "شبہ، شبہ کرنا، شبہ مٹانا، شبہ ہونا" چھپے ہوئے ملتے ہیں، مگر سندًا ناسخ کا جو شعر پیش کیا گیا ہے، اُس میں "شُبہہ" نظم ہوا ہے۔ "شبہ" کے سامنے قوسین میں (ع) لکھا ہوا ہے۔ اِن دونوں باتوں سے بہ ظاہر یہ متبادر ہوتا ہے کہ شاید یہاں پر کتابت کی غلطی ہے کہ ہر جگہ "شبہہ" کی جگہ "شبہ" لکھ دیا گیا ہے مگر غلط نامے میں اِس کا کچھ ذکر نہیں ملتا۔ مؤلف نے اِس لفظ کے متعلق کسی طرح کی وضاحت بھی نہیں کی ہے، نہ تصرّف کا ذکر کیا ہے۔ یہ واقعتًا الجھن میں ڈالنی والی صورت ہے۔

نور میں بالکل دوسری صورت ہے اور وہ بھی پریشان کن ہے۔ مؤلف نے اصل لفظ "شُبہہ" لکھ کر، فارسی کے تصرّف کا ذکر کیا ہے :

"فارسی شعرا نے شبہ بہ ضمِ اوّل و فتحِ دوم و سکونِ ہائے ملفوظ بروزنِ کُلہ بھی کہا ہے۔"

اِس کے بعد اُردو کے جتنے شعر مثالًا لکھے ہیں، اُن سب میں "شبہہ" ہی نظم ہوا ہے۔ اِس لیے یہ احتمال پیدا ہو سکتا ہے کہ مؤلف نے فارسی کے جس تصرّف کا ذکر کیا ہے، وہ فارسی تک محدود رہا، اور اردو میں اس نے بار نہیں پایا۔ اِس طرح کی کوئی صراحت نہیں

Marfat.com

ملتی کہ اُردو میں یہ لفظ تصرف کے ساتھ بھی مستعمل ہے۔ اِسی طرح مولف نے اِس کی جمع "شبہات" کے اعراب کا مطلق ذکر نہیں کیا ہے، یعنی یہ کہ یہ بہ ضمِّ دوم ہے یا بہ سکونِ دوم۔

خرچ۔ خرّاچ : مولفینِ قاموس نے "خرچ" کو بہ جیمِ تازی "خرج" لکھا ہے اور سندًا فارسی کے کئی شعر پیش کیے ہیں، جن میں یہ لفظ "درج" وغیرہ کا ہم قافیہ ہے۔ یہ صحیح ہے کہ فارسی میں (اصل کے مطابق) "خرج" ہی ہے، مگر اُردو میں اِس نے رواجِ عام نہیں پایا۔ اِس کے بجائے "خرچ" نے قبولِ عام کی سند پائی۔ اُردو کے بعض شعرا نے اِس کو بہ ضرورتِ قافیہ (فارسی کی رعایت سے) بہ جیمِ تازی نظم کیا ہے، لیکن اِس ضرورتِ شعری کو استعمالِ عام سے کوئی علاقہ نہیں۔ عام طور پر گفتگو اور تحریر دونوں میں "خرچ" ہی آتا ہے۔ اُردو میں اِسی سے خرچا، خرچنا وغیرہ بھی بن گئے ہیں۔ نور میں صحیح طور پر اس کو "خرچ" لکھا گیا ہے۔

"خرچ" کی جمع "اخراجات" مستعمل ہے۔ اس میں اصل لفظ کا جیم باقی رہا ہے۔ آصفیہ و نور میں "اخراجات" موجود ہے، مگر اِس کو عربی بتایا گیا ہے۔ یہ درست نہیں۔ یہ (غالبًا) ہندستانی ایجاد ہے۔ "اخراجات" کے ذیل میں سند اِن دونوں لُغات میں موجود نہیں، اِس لیے دو تین سندیں لکھی جاتی ہیں :

"ہم نے کس کس جاں کاہی، جاں فشانی اور اخراجات کی برداشت کر کے"

(مقدمۂ فرہنگِ آصفیہ، جلدِ اوّل، طبعِ دوم)

"اِن سب اخراجات کا بار خانم کے سر تھا" مرزا رسوا۔

(امراؤ جان ادا، مکتبۂ شاہراہ دہلی، ص ۱۴۹)

"معمولی گفتگو کے بعد، تعیینِ اخراجات ہو کر"

(" " " ص ۱۵۶)

Marfat.com

ہاں، متعدد شعرا کے دواوین میں ایسی غزلیں موجود ہیں جن کی ردیف "خرچ" ہے اور یہ غزلیں حرف چ کی ردیف میں ملتی ہیں۔ مثلاً :

نہ فقیروں کے جان واہی خرچ　　اے میاں، ان کے ہیں الٰہی خرچ

انشا　(کلامِ انشا، ص ۶۹)

رہِ الفت میں نقدِ عمر کر خرچ　　کہیں ہر چند ممسک تجھ کو زر خرچ

آتش　(کلیات نول کشور پریس ص ۳۶۴)

اُردو والوں نے "خرچ" سے "خرّاچ" بنا لیا ہے، عربی الفاظ کے قیاس پر۔ یہ لفظ استعمال میں آتا رہتا ہے۔ آصفیہ و نور دونوں میں یہ لفظ موجود نہیں۔ بعض لوگ اب تک اِس لفظ کو مبتذل سمجھتے ہیں؛ حالاں کہ یہ لفظ جس مفہوم کو جس ہمہ گیری کے ساتھ ظاہر کرتا ہے، وہ دوسرے الفاظ سے شاید ہی ادا ہو سکے۔ "مرغّن" "فوق البھڑک" اور "مدمّغ" وغیرہ کی طرح، اِس لفظ کو بھی صحیح مان لینا چاہیے اور لغت میں جگہ دینا چاہیے۔

"ناوقفی"، ناواقفیت کی جگہ "ناوقفی" کہنا غلط ہے، جیسا کہ آتش نے کہا ہے۔

ناوقفی کی دلیل یہ تکیہ ہے دار کا　　منصور پہ گماں ہے مجھے نے سوار کا

(قاموس)

یہ آتش پر اتہام ہے کہ انھوں نے "ناوقفی" لکھا ہے۔ شعر صحیح طور پر یوں ہے :

نافہمی کی دلیل یہ تکیہ ہے دار کا　　منصور پر یقیں ہے مجھے نے سوار کا

کلیاتِ آتش کے دو نسخے پیشِ نظر ہیں : ایک ۱۲۶۸ھ کا، اور دوسرا نول کشور پریس کا جس کا سالِ طبع ۱۹۲۹ء ہے؛ دونوں میں اس شعر کا متن اسی طرح ہے۔ ہاں "ناواقفی" ضرور استعمال کیا گیا ہے، جیسے :

"سعیدِ سرمد محمد احمد کو ناواقفی نے آپ کی ملاقات سے

Marfat.com

محروم رکھّا" امیر مینائی (مکاتیبِ امیر مینائی، طبعِ دوم، ص ۲۷۲)

"پہلے تو یہ دیکھا جائے کہ اعتراض کیسا ہے، ایسا ہے کہ بالکل ہی معترض کی ناواقفی پر دلالت کرتا ہے" غلام غوث بیخبر (انشائے بے خبر، شائع کردۂ ادبی دنیا علی گڑھ، ص ۳۵)

نور اور آصفیہ دونوں میں "ناواقفی" موجود نہیں۔

مانند : فارسی میں "مانَند" بہ فتحِ نونِ اوّل ہے۔ مولفینِ قاموس نے بھی اسی طرح بولنے کی تاکید کی ہے اور لکھا ہے کہ : "بہ کسرِ نونِ اوّل کہنا غلطی ہے"۔ اُردو کی بول چال میں یہ لفظ بہ کسرِ نونِ اول مستعمل ہے اور اب اسی طرح کانوں کو اچھّا لگتا ہے۔ اصل حرکت کے ساتھ، اس حرکت کو بھی صحیح مان لینا چاہیے۔ بعض لوگ اصل کی رعایت سے بہ فتحِ نونِ اول بولتے ہیں، لیکن بہت کم۔ عام طور پر بہ کسرِ نونِ اوّل بولا جاتا ہے ــــ آصفیہ میں ن پر زبر لگا ہوا ہے (مانَند) اِس کے ساتھ ساتھ مولف نے قوسین میں مزید لکھا ہے : (عوام، مانِند)۔ مطلب یہ نکلا کہ مولّف کے نزدیک صحیح تلفّظ بہ فتحِ سوم ہے اور بہ کسرِ سوم، عامیانہ تلفّظ ہے۔ اِس کے برخلاف مولّفِ نور نے استعمالِ عام کا احترام ملحوظ رکھّا ہے : اصل حرکات کو درج کرنے کے بعد لکھا ہے کہ : "اُردو میں زبانوں پر بہ کسرِ سوم ہے" اور یہ صحیح صورت ہے۔

اصطبل : اصلاً اس لفظ میں الف پر زیر ہے، ط پر زبر ہے، اور ب ساکن ہے (اِصْطَبْل)۔ شعرائے اُردو نے اِس طرح نظم بھی کیا ہے، مگر بول چال میں یہ "برمحل" کے وزن پر آتا ہے (اَصْطَبَلْ)۔ کیا خواص، کیا عوام؛ سبھی اِسی طرح بولتے ہیں اور یہ اُردو کا تصرّف ہے۔ بول چال میں اصل حرکات کی پابندی کی جائے تو بے حد اجنبیت کا احساس ہوگا۔

Marfat.com

امیر اللغات میں یہ صراحت کر دی گئی ہے کہ " اَصطَبَل" صحیح نہیں : " یہ لفظ نہ بہ فتحِ اول صحیح ہے نہ بہ فتحِ بائے موحدہ " یہی بات مولفینِ قاموس نے لکھی ہے۔ نور میں اِس کو صرف " بہ کسرِ الف وسکونِ صاد و فتحِ طا وسکونِ با و لام " لکھا گیا ہے۔ مطلب اِس سے بھی یہی نکلتا ہے کہ بہ فتحِ اول و چہارم صحیح نہیں۔ گویا اِن حضرات نے اِس لفظ میں اُردو کے تصرف کو قابلِ قبول نہیں سمجھا۔ البتہ آصفیہ میں مختلف صورت پائی جاتی ہے۔ اُس کی عبارت یہ ہے :

" اَصطَبَل .... اِس کے تلفظ میں اختلاف ہے۔ روزمرّہ حال اور کشف اللغات کے موافق بہ فتحِ اوّل ہی درست ہے، مگر یونانی تلفظ اور صراح، منتخب، مزیل الاغلاط و غیاث میں بہ کسرِ اول و بائے موحدہ موقوف پایا جاتا ہے، لیکن شعرائے ہند نے اِس بے کو متحرک و موقوف، دونوں طرح باندھا ہے، چناں چہ ایک ایک مصرع لکھا جاتا ہے،

سودا : بد یمن یہ کہ اَصطَبل اوجڑ کرے ہزار۔

میر انیس : خالی ہوا اصطبل، چلے آتے ہیں گھوڑے "

مولفِ آصفیہ نے بجا طور پر روزمرّہ حال کے موافق اِس کو " اَصطَبَل " لکھا ہے۔ اگر کشف اللغات میں اس کو بہ لحاظِ اصل، بہ فتحِ بَ لکھا گیا ہے، تو یہ درست نہیں۔ اصلاً یہ صرف بہ سکونِ بَ ہے۔ بَ کا زبر، اُردو کا اثر ہے۔ اِسی طرح الف کا زیر بھی اُردو کا تصرّف ہے۔ اثر لکھنوی مرحوم نے لکھا ہے :

" صحیح یوں ہی ہے جس طرح لکھا ہے، اور شاعر بھی زیادہ تر اسی طرح نظم کرتے ہیں؛ مگر کیا خواص کیا عوام، بولتے اصطبل ہیں (بہ فتحِ اول وسکونِ صاد و فتحِ طا و با وسکونِ لام) " [فرہنگِ اثر ص ۱۴۷]

چوں کہ یہ لفظ نظم میں بیش تر اصل حرکات کے ساتھ اور کم تر مع تصرّفِ نظم ہوا ہے، اور بول چال میں

Marfat.com

صرف بہ فتحِ اول و فتحِ چہارم (اَصْطَبَل) آتا ہے ؛ اِس بنا پر، اِس لفظ کی دونوں صورتوں کو صحیح مانا جائے گا۔ اِس صراحت کے ساتھ کہ "اَصْطَبَل" اردو کا تصرّف ہے اور بول چال میں صرف اِسی طرح آتا ہے اور نظم میں اس کو بیش تر بہ سکونِ با اور کم تر بہ فتحِ با باندھا گیا ہے۔

اعراف : قاموس الاغلاط، فرہنگِ آصفیہ، امیر اللغات اور نور اللغات : اِن سب میں اِس لفظ کو صرف بہ فتحِ اول لکھا گیا ہے۔ اصل کے لحاظ سے یہ بالکل صحیح ہے ، لیکن بہ قولِ اثر لکھنوی مرحوم : " اردو میں بہ کسرِ اوّل بولتے ہیں۔ ہمارا لہجہ اِسی کا متقاضی ہے "

(رسالہ الحمرا (لاہور) جنوری ۱۹۵۴ء)۔

حرکت کا یہ اختلاف اردو میں ہی نہیں، جدید فارسی میں بھی ہے ؛ حکیم نے اپنے لغت میں اِس کو بہ کسرِ اوّل لکھا ہے۔

الاچَی : " الاچی - ہ - معروف - الائچی کہنا غلط ہے " (قاموس)۔

نفس اللغۃ ، نفائس اللغات اور امیر اللغات میں کسی طرح کی صراحت کے بغیر ، صرف "الاچی" ملتا ہے۔ گویا اِن لغات کے مؤلفین کے نزدیک اِس لفظ کی صحیح صورت یہی ہے۔ سرمایۂ زبانِ اُردو میں " الاچی، تو موجود نہیں۔ البتہ " الاچی دانہ " موجود ہے " اس میں بھی موجود نہیں۔ گویا ان سب کی رائے میں صحیح لفظ " الائچی " ہے۔ فرہنگِ اثر میں لکھا ہے کہ :

" لکھنؤ میں " الاچی " فصحا کی زبان اور " الائچی " عوام کی زبان سمجھی جاتی ہے "

آصفیہ میں الاچی اور الائچی، دونوں لفظ ہیں اور کسی تفریق کے بغیر۔ عبارت میں بھی کئی جگہ " الائچی " آیا ہے۔ نوادر الالفاظ اور نور اللغات میں بھی یہ دونوں لفظ موجود ہیں۔ بول چال کی بھی یہی صورت ہے کہ یہ لفظ دونوں طرح سننے میں آتا رہتا ہے۔ اثر صاحب کو یہ لکھنا

Marfat.com

کہ لکھنؤ میں "الائچی" عوام کی زبان ہے، یوں محلِ نظر قرار پاتا ہے کہ مثنوی گلزارِ نسیم میں یہ لفظ موجود ہے:

چکنی ڈلی، عطر، الائچی، پان　　نقل و مے و جام و خوانِ الوان

آصفیہ کے اندراج سے صاف طور پر معلوم ہوتا ہے کہ اربابِ دہلی کے نزدیک یہ لفظ دونوں طرح صحیح ہے۔ اسی طرح نور اللغات کے اندراج اور نسیم کے مندرجۂ بالا شعر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ لکھنؤ میں بھی اِس کو دونوں طرح صحیح سمجھا گیا ہے ——— چوں کہ اس لفظ کو دونوں طرح لکھا گیا ہے، اِس لیے "الاچی" اور "الائچی" دونوں صورتوں کو صحیح مانا جائے گا۔

نور میں "الاچی" کو فارسی اور "الائچی" کو سنسکرت لکھا گیا ہے۔ اِس قول کا جزوِ آخر صحیح نہیں۔ "الائچی" سنسکرت نہیں، ہندی ہے۔ فارسی میں الف پر زبر ہے (حلیم کا لغت) مگر اُردو میں عموماً بہ کسرِ الف بولتے ہیں۔ نفائس اللغات میں "الاچی" کو بہ کسرِ اوّل لکھ کر، فارسی لکھا ہے۔ یہ محلِّ نظر ہے۔ کسرہ اُردو کا اثر ہے۔ فارسی میں الف مفتوح ہے۔ خانِ آرزو نے نوادر الالفاظ میں لکھا ہے:

(ص ۳۳)

"و نیز الائچی در کتبِ لغتِ فارسی آمدہ، پس از توافقِ لسانین باشد"

میری نظر سے فارسی میں "الاچی" گزرا ہے، "الائچی" میں نے نہیں دیکھا۔ اس کا امکان ہے کہ اصل عبارت میں "الاچی" ہو اور کاتب صاحب نے اُس کو "الائچی" بنا دیا ہو، اور غالباً یہی ہوا ہے۔ فنکسپیر نے "الاچی" اور "الائچی" دونوں کو سنسکرت لکھا ہے۔ یہ درست نہیں۔

ارنی: مولفینِ قاموس نے "ارنی" کو صرف بہ کسرِ دوم (اَرِنی) لکھا ہے، جس سے یہ مطلب نکالا جا سکتا ہے کہ یہ لفظ صرف بہ کسرِ را صحیح ہے اور بہ سکونِ را غلط۔ اس میں شک نہیں کہ اصلاً ر پر زیر ہے، لیکن فارسی میں اِس کو بہ سکونِ را بھی نظم کیا گیا ہے اور یہ تصرف ہے۔ بہارِ عجم اور غیاث اللغات میں تفصیل موجود ہے۔ صرف ایک مثالیہ شعر نقل کیا جاتا ہے:

"موسی ازیں جام تہی دید دست　　شیشہ بکہ پایۂ ارنی شکست" (نظامی)

Marfat.com

یہ لفظ مفرس ہو کر ہم تک پہنچا ہے اور اِس بنا پر اِس کو دونوں طرح صحیح سمجھا جائے گا (اَرِنی۔ اَرْنی)۔ آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں۔ امیر اللغات میں موجود ہے، مگر نہ ضبطِ حرکات سے کام لیا گیا ہے اور نہ اِس کی صراحت کی گئی ہے، البتہ مثال میں جو شعر درج کیے گئے ہیں، اُن سب میں یہ بہ کسرِ دوم آیا ہے اور اِس سے بجا طور پر یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ مولف کی رائے میں یہ لفظ صرف بہ کسرِ دوم صحیح ہے۔ غالب نے ایک خط میں لکھا ہے:

"اگر تقطیعِ شعر مساعدت کر جائے اور ارنی بروزنِ چمنی، گنجایش پائے تو نعم الاتّفاق، ورنہ قاعدۂ تصرّف مقتضیِ جواز ہے"

(ادبی خطوطِ غالب، ص ۹۰)

"ارنی" کی طرح عربی کے اور کئی لفظ ہیں جن کو بہ سکونِ حرفِ دوم استعمال کیا گیا ہے، جیسے: کلمہ، ثمرہ، درجہ، حرکت، برکت، عظمت۔ یہ سب لفظ "ارنی" کی طرح، بہ سکونِ حرفِ دوم بالکل صحیح ہیں، بل کہ اکثر تو اُردو کے لحاظ سے صرف بہ سکونِ حرفِ دوم ہی فصیح ہیں، جیسے عظمت، درجہ، برکت، کلمہ، ثمرہ۔ اگر "عَظَمت" یا "کَلِمہ" (بہ فتحِ دوم) کہا جائے تو بولنے والے پر نو وارد ہونے کا شبہ کیا جائے گا۔ فانی کی ایک رُباعی کا پہلا مصرع ہے: "اک کلمۂ شوق لب پہ لایا نہ گیا" یا جیسے مثنوی گلزارِ نسیم کا یہ مصرع: "ثمرہ ہے قلم کا حمدِ باری"؛ اِن میں یہ دونوں لفظ (کلمہ، ثمرہ) اُردو کے لحاظ سے صحیح طور پر آئے ہیں، یہی بول چال ہے۔ نظم کی مجبوری سے اِن لفظوں کو بہ حرکتِ دوم آمال کیا جا سکتا ہے، استعمال کیا بھی گیا ہے؛ مگر یہ ضرورتِ شعری، استعمالِ عام کی نمایندگی نہیں کرتی۔ بہ ہر صورت، اِن لفظوں کو دونوں طرح صحیح مانا جائے گا، مگر ضرورتِ شعری اور استعمالِ عام کی وضاحت کے ساتھ۔

بابَر: "بابر بہ ضمِّ بائے موحدہ صحیح ہے" (قاموس)۔

Marfat.com

اِس میں شک نہیں کہ بادشاہِ معروف کے نام کے طور پر، اصلاً یہ لفظ بہ ضمِّ بائے موحّدہ ہے (غیاث)، مگر اُردو میں یہ لفظ صرف بہ فتحِ با مستعمل ہے، اور اب اُردو میں اِسی طرح صحیح سمجھا جائے گا۔ بہ ضمِّ با کو اُردو سے کچھ تعلق نہیں۔

نور میں یہ لفظ بادشاہِ معروف کے نام کے طور پر موجود نہیں۔ آصفیہ میں ہے، مگر اُس میں، فارسی کی رعایت سے، صرف بہ ضمِّ بائے موحّدہ لکھا ہوا ہے۔ لغت نامۂ دہخدا میں بلے ثانی پر کسرہ لگا ہوا ہے (بابِر)، صاحبِ لُغت نامہ نے ماخذ کا حوالہ نہیں دیا ہے۔ رچرڈسن نے "بابر" کے ساتھ "پاپر" (بہ ہر دو بائے فارسی) بھی لکھا ہے، مجھے اس طرح اور کہیں نہیں ملا۔

"بے وقوف" : وقوف کے واو کو عوام فتحہ سے کہتے ہیں" (قاموس)۔

تنہا لفظ "وقوف" عربی کے مطابق بہ ضمِّ اول ہی مستعمل ہے، مگر لفظ "بے وقوف" صرف بہ فتحِ واو بولا جاتا ہے اور اردو کے لحاظ سے اسی طرح صحیح ہے۔ "بے وُقوف" کہنے میں اِس قدر تکلّف یا اہتمام کرنا پڑے گا کہ گفتگو کی روانی کے ساتھ ساتھ مفہوم کی ہمہ گیری بھی مرحوم ہو کر رہ جائے گی۔

نور میں یہ لفظ موجود ہے، مگر اُس میں حرکات کی صراحت نہیں کی گئی ہے۔

آصفیہ میں "بے وَقُوف" اور "بے وَقُوفی" ہے :

"بے وَقُوف۔ ف + ع۔ صفت۔ احمق، نادان، مورکھ، موُدھو"

"بے وَقُوفی۔ ف + ع۔ اسمِ مونّث (ا) نادانی....."

اعراب تو ٹھیک ہیں، مگر یہ صراحت ضروری تھی کہ یہ مہنّد صورت ہے۔

تاہم : "تاہم۔ غلط ہے۔ اس کی جگہ "بریں ہم"ا یا "اِس پر بھی"،

Marfat.com

"پھر بھی") کہنا چاہیے" (قاموس)۔

اُردو کے کسی جملے میں "بریں ہم" کا پیوند لگا کر دیکھیے، ٹاٹ اور کمخواب کے پیوند والی مثل یاد آجائے گی۔ یہ لفظ عام طور سے استعمال میں آتا رہتا ہے۔ آصفیہ و نور دونوں میں یہ لفظ موجود ہے اور مولفین نے عدمِ صحّت یا ترک کی طرف مطلق اشارہ نہیں کیا ہے، اِس لیے مثالیں پیش کرنا غیر ضروری معلوم ہوتا ہے۔

ترجمہ: "ترجمہ" بہ ضمِّ جیم، سخت غلطی ہے" (قاموس)

اُردو میں ترجمہ، ترجمان، ترجمانی؛ یہ تینوں لفظ صرف بہ ضمِّ جیم مستعمل ہیں۔ دو چار عربی داں اگر "ترجَمہ" (بہ فتحِ جیم) کہتے ہیں، تو اِس سے یہ استعمال عام کی نمایندگی ہوتی ہے اور نہ اُس پر حرف آتا ہے۔

اِس سلسلے میں ایک بات غور طلب ہے: یہ کہا گیا ہے کہ فارسی کے مرکّب "ترزبان" کو معرّب کرکے، "ترجمان" بنا لیا گیا ہے۔ لفظ "زبان" فارسی میں بہ فتحِ زا اور بہ ضمِّ زا دونوں طرح ہے (غیاث) غالباً اسی بنا پر لفظ "ترجمان" عربی میں بہ فتحِ جیم اور بہ ضمِّ جیم دونوں طرح ہے (سراج۔ المنجد)۔ "ترجمان" ہی سے "ترجمہ" بنا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ لفظ "ترجمہ" عربی میں صرف بہ فتحِ جیم ہے، مگر اصل کے لحاظ سے، یعنی اس لحاظ سے کہ اس کی اصل "ترجمان" ہے، جو بہ ضمِّ جیم بھی درست ہے؛ اگر اُردو میں لفظ "ترجمہ" بہ ضمِّ جیم ہے تو کچھ بے جا نہیں۔ مختصر یہ کہ اردو میں ترجمہ، ترجمان اور ترجمانی؛ یہ لفظ صرف بہ ضمِّ جیم مستعمل ہیں اور اُردو کے لحاظ سے یہی صحیح ہے۔

آصفیہ میں ترجمہ کے ج پر زبر لگا ہوا ہے۔ یہ محض عربی کی رعایت ہے۔ البتہ ترجمان کے ج پر پیش لگا ہوا ہے — نور میں "ترجمان" کے متعلق تو لکھا گیا ہے کہ "یہ لفظ بہ فتحِ جیم اور بہ ضمِّ جیم، دونوں طرح صحیح ہے، کیوں کہ "ترزبان" جس کا یہ معرّب ہے بہ فتحِ زا اور بہ ضمِّ زا

Marfat.com

صحیح ہے۔" اور لفظ "ترجمہ" کے متعلق لکھا ہے کہ: "مولف کا قیاس یہ ہے کہ بعد معرب کرنے کے، جب مصدر بہ قاعدۂ عربی بنایا ہوگا تو عربی نے اپنے یہاں کے مصادر کے اوزان کا لحاظ رکھا ہوگا اور اِس وجہ سے ترجمہ بہ کسرِ جیم بروزنِ تجربہ، تذکرہ وغیرہ، یا ترجمہ بہ فتحِ جیم، بروزنِ دَہرَجَہ ہوا۔"

مولف کا قیاس اپنی جگہ پر، مگر لغات میں عموماً "ترجَمہ" بہ فتحِ جیم ملتا ہے۔ غیاث اللغات میں خاص طور پر لکھا گیا ہے کہ: "مگر در لفظِ ترجمہ بحرکتِ جیم اختلاف نباید کرد کہ بر وزنِ دَخرَجَہ است۔" لفظ "ترجمانی" کو نور میں حرکات کی صراحت کے بغیر لکھا ہے۔

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں پر غیاث اللغات کی ضروری عبارت نقل کر دی جائے، جس میں اِس لفظ کے مذکورہ متعلقات کا ذکر آ گیا ہے۔ عبارت یہ ہے:

"ترجمہ۔ بہ فتحِ اول وسکونِ ثانی وفتحۂ جیم، بیان کردنِ مطالبِ زبانے بزبانِ دیگر۔ وماخذِ ایں "ترجمان" است، کہ معرّبِ "ترزبان" باشد.... چوں عرباں "ترزبان" را معرب کردہ "ترجمان" ساختند، پس ازاں مصدر وافعال و اسما اشتقاق کردند، چوں تَرْجَمَ یَتَرجِم ترجمۃ فَہُوَ مترجِمٌ۔ چوں دَحرَجَ یدحرج دحرجۃ فَہُوَ مدحرِجٌ۔ اگرچہ در لفظ "ترجمان" بفتحِ وضمِّ جیم بعضے اختلاف کردہ اند، چنانچہ صاحبِ منتخب وصراح، مگر در لفظ "ترجمہ" بحرکتِ جیم اختلاف نباید کرد، چراکہ بروزنِ "دحرجہ" است۔ سوائے ایں، بحرالجواہر وکشف ومنتخب وکنز ومزیل الاغلاط ہمہ بفتحِ جیم ثابت میکنند۔"

ہاں، نوراللغات میں "ترجمہ" کے ذیل میں جو کچھ لکھا گیا ہے، اس کے آخر میں یہ عبارت بھی ہے: "تراجِم، جمع، بہارِ عجم میں یہ لفظ بالفتح وضمِّ ثالث لکھا گیا ہے، دیکھو ترجمان۔"

اندازِ بیان میں ابہام ہے۔ بہ ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اِس عبارت کا تعلق "تراجم" سے ہے، مگر یہ دراصل "ترجمہ" سے متعلق معلوم ہوتی ہے، کیوں کہ بہارِ عجم میں "تراجم" موجود ہی نہیں۔

Marfat.com

اِس کی تکرار کر دی جائے کہ اُردو میں لفظ "ترجمہ" اور اِس کے مشتقّات کی مستعمل صورت یہ ہے : تَرجُمہ ، تَرجُمان ، تَرجُمانی ، تَراجِم ، مُتَرجِم ، مُتَرجَم ——— یہاں پر یہ لکھنا بھی بے جا نہ ہوگا کہ بعض لوگ ناواقفیت کے سبب سے ، یا محض کم احتیاطی کے باعث "مُتَرجِّم" (بہ تشدیدِ جیم) کہ دیتے ہیں۔ یہ صحیح نہیں۔ اسمِ فاعل "مُتَرجِم" تشدید کے بغیر ہے۔ معنی ہوئے : ترجمہ کرنے والا ، اور یہی صورت "مُتَرجَم" کی ہے جو اسمِ مفعول ہے۔

تنازع : عربی میں زَ پر پیش ہے (تَنازُع) ، اور اس کے معنی ہیں : باہم جھگڑا کرنا۔ اُردو میں عام طور پر اِس کو بہ فتحِ زائے معجمہ بولتے ہیں۔ اِس کی ایک اور صورت "تنازِعہ" (بہ کسرِ زائے معجمہ) بھی استعمال میں آجاتی ہے ، لیکن نسبتاً کم۔ مولفِ نور نے "تنازُع" کے ذیل میں لکھا ہے : "عوام کی زبانوں پر تنازعہ ہے"۔ اب "عوام" کی قید اُڑا دینا چاہیے۔ ہاں ایک ترکیب "تنازُع للبقا" میں زَ پر پیش ہی رہے گا اور یہ استثنا ہے۔ آصفیہ میں صرف "تنازُع" ہے۔ فیلن نے صحیح طریقہ اختیار کیا ہے کہ "تنازُع" بہ ضمِّ زا لکھ کر ، لکھا ہے کہ عام طور سے بہ فتحِ زا مستعمل ہے ——— اِس لفظ کی اِن تینوں صورتوں کو مان لینا چاہیے ، بہ ضمِّ زا (تنازُع) عربی ترکیب میں کام آئے گا اور باقی دو صورتیں ، عام استعمال میں رہیں گی۔ ہاں ، آتش نے ایک شعر میں "نزاع" کے بجائے "نزع" نظم کیا ہے :

حاصل ہوا نہ خاک بھی آپس کی نزع سے
دل میں غبار کا فرد دیں دار لے چلے
(کلّیات ، نول کشور پریس ، ص ۳۸۵)

اُردو میں لفظ "نزع" اِس معنی میں ، اور کسی جگہ نظر سے نہیں گزرا۔

تواں : "تواں ، بالفتح کہنے سے احتراز چاہیے۔ اسی طرح توانا اور توانائی بہ ضمِّ تا صحیح ہیں" (قاموس)

Marfat.com

فارسی کے لغات میں عموماً توانستن اور اس کے مشتقات کو بہ ضمِ تا لکھا گیا ہے، مگر حکیم نے اپنے لغت میں اِن کو بہ فتحِ تا لکھا ہے۔ غالباً یہ جدید تلفظ ہے۔ اُردو میں بھی اِن سب کو بہ فتحِ تا استعمال کیا جاتا ہے، یعنی: توانا، توانائی، تواں (تاب و تواں)۔

مولّفِ نور نے "تواں" لکھ کر، لکھا ہے: "بہ ضمِ اوّل صحیح ہے۔ اُردو میں زبانوں پر بہ فتحِ اوّل ہے۔" جب زبانوں پر بہ فتحِ اوّل ہے تو پھر "توَاں" لکھنا چاہیے تھا۔ یہ صراحت کی جاسکتی تھی کہ فارسی میں ت پر پیش ہے۔ آصفیہ میں ذرا پریشان کن صورت ہے۔ اُس میں "تواں" کے ذیل میں لکھا ہے: "توان۔ ف۔ اسم مونث (بواوِ مجہول)..." یہ تو کوئی لفظ نہیں ہوا۔ البتہ "توانا" میں ت پر زبر لگا ہوا ہے اور "توانائی" میں واؤ پر زبر لگا ہوا ہے۔ عدمِ صراحت سے اور اِس انداز سے سخت الجھن ہوتی ہے ـــــ جیسا کہ لکھا جا چکا ہے، بول چال میں یہ لفظ بہ فتحِ حرفِ اوّل آتے ہیں۔

عربی کے ایسے متعدد لفظ ہیں جو بہ لحاظِ لُغت بہ فتحِ اول صحیح ہیں، مگر اُردو کی بول چال میں عموماً بہ کسرِ اول مستعمل ہیں۔ بل کہ بعض لفظ تو صرف بہ کسرِ اوّل استعمال کیے جاتے ہیں۔ اردو والوں کے تلفّظ کو پیشِ نظر رکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ ایسے الفاظ میں حرفِ اول کا زبر، زیر سے جو بدلا ہے، تو یہ تبدیلی یہاں کے لہجے کا نتیجہ بل کہ تقاضا ہے۔ اور ایسے اکثر لفظوں کا حال یہ ہے کہ اُن کو بہ فتحِ اول بولنے میں، ہلکا سا سہارا تکلّف کا لینا پڑتا ہے۔ اِس میں شک نہیں کہ بعض پڑھے لکھے، اُن لفظوں کو عربی کے مطابق، بہ فتحِ اوّل ہی بولتے ہیں؛ مگر اُن میں اکثریت اُنھی حضرات کی ہوتی ہے جن کو مدرسے میں، سبق کی تکرار کے دوران، اس تلفّظ کی مشق ہو جاتی ہے، اور پھر زبان اُسی کو دہراتی رہتی ہے۔ یا ایسے حضرات کے بعض حوارئین ہوتے ہیں۔ "احمد" جیسے لفظوں کی صورت یہ ہے کہ اُن میں ح سے پہلے والے حرفِ مفتوح کی آواز ذرا ترچھے پن کے ساتھ نکلتی ہے۔ یہ اردو کا خاصّہ ہے، یا یوں کہیے کہ یہاں کے لہجے کا تقاضا ہے؛ مگر ایسے حضرات سے بھی دوچار ہونا پڑتا ہے جو عربی کی

Marfat.com

مناسبت سے عربی کے مطابق "احمد" کو سیدھی طرح بر وزنِ اَفضل" بولتے ہیں۔ اِس لفظ (اور اِس قبیل کے اور الفاظ) کا یہ تلفّظ، علم کو تو ظاہر کرتا ہے، اور عربی زبان سے شناسائی کی بھی گواہی دے سکتا ہے، مگر مانگے ہوئے لہجے کی بھی چغلی کھاتا ہے۔ یہی صورت اُس وقت نمایاں ہوتی ہے جب مثلاً "جہل" کو عربی کی رعایت سے "جَہْل" کہا جائے، جب کہ اُردو والوں کا لہجہ، اِس لفظ میں جیم کے زیر سے مانوس ہے۔ ایسے الفاظ کے سلسلے میں مناسب صورت یہ ہوگی کہ اب لغت میں اُن کے اصل تلفّظ کو لکھ کر، یہ وضاحت کردی جائے اُردو والے اِس طرح بولتے ہیں۔ بعض لفظ ایسے بھی نکلیں گے جن میں حرفِ اول کا فتحہ کبھی کبھی سُننے میں آتا رہتا ہے، کم سہی؛ ایسے لفظوں کی دونوں صورتوں کو مان لیا جائے گا، مگر اِس صراحت کے ساتھ کہ عام تلفّظ بہ کسرِ اول ہی ہے۔ ایسے چند الفاظ یہ ہیں:

جہالت، رفاقت، رقابت، حماقت، حقارت:

مؤلفینِ قاموس نے اِن سب لفظوں کو، عربی کے مطابق، بہ فتحِ اول صحیح بتایا ہے، اور بہ کسرِ اوّل کو غلط۔ اِس میں شک نہیں کہ عربی میں یہ لفظ بہ فتحِ حرفِ اوّل صحیح ہیں، مگر اُردو میں یہ بہ کسرِ حرفِ اوّل بولے جاتے ہیں؛ اِس بنا پر بہ کسرِ اول کو غلط تو کہا ہی نہیں جا سکتا۔ اِس کے برخلاف، بہ کسرِ اول کو اُردو کے لحاظ سے فصاحت کی سند حاصل ہوگی۔

مؤلفینِ قاموس کی طرح مؤلفینِ آصفیہ و نور نے بھی عربی کے تلفّظ کو صحیح قرار دیا ہے۔ صورت یہ ہے کہ نور میں "جہالت" اور "حماقت" کے حروفِ اول پر زبر لگا ہوا ہے۔ اور کچھ صراحت نہیں، مگر "حقارت"، "رفاقت" اور "رقابت" کے ذیل میں یہ صراحت بھی کی گئی ہے کہ "بہ کسرِ اول غلط ہے"۔ آصفیہ میں اِن پانچوں لفظوں کے پہلے حروف پر زبر لگا ہوا ہے، کسی صراحت کے بغیر — یہ محض عربی کے تلفّظ کی پابندی ہے اور اُردو کے تلفّظ کو نظر انداز کرنا ہے۔ یہ سب لفظ اُردو میں عموماً بہ کسرِ حرفِ اول بولے جاتے ہیں۔ اب جو مفصّل لُغت مرتّب ہو، اُس میں اصل حرکات کے ساتھ، اُردو کے اس تصرّف کا ذکر ناگزیر

Marfat.com

ہے۔ اِن میں سے اکثر لفظ ایسے ہیں کہ اگر اُن کو عربی کے مطابق بہ فتحِ اول بولا جائے تو اجنبیت کا احساس ہوگا۔ یقین نہ ہو تو "حَمَاقت" اور "حَقَارت" بول کر دیکھ لیجیے۔ البتہ "رقابت" اور "رفاقت" کبھی کبھار بہ فتحِ حرفِ اول بھی سُننے میں آجاتے ہیں۔ کچھ لوگ ابھی اِس طرح بولتے ہیں۔ مناسب صورت یہ ہوگی کہ اِن لفظوں میں اِس کم مستعمل تلفّظ کو بھی مان لیا جائے۔ اِس سے کچھ ہرج واقع نہیں ہوگا بل کہ احتیاط کی روش برقرار رہے گی اور یہ ضروری ہے۔ اصل بات تو یہ ہے کہ بہ کسرِ اول کو غلط نہ کہا جائے جیسا کہ ہمارے لُغت نویسوں کا انداز رہا ہے۔

"جہالت" کا مادّہ "جہل" ہے۔ عربی میں یہ بھی بہ فتحِ جیم ہے، مگر اردو میں "جہالت" کی طرح اِس کو بھی بہ کسرِ جیم بولتے ہیں، اور اب اِس لفظ کا بھی یہ تلفّظ، اُردو کے لحاظ سے فصاحت مآب ہے۔

خزاں ، رواج ، رہا —— "رواج" عربی میں بہ فتحِ اول ہے، مگر اُردو میں عام طور پر اِس کو بہ کسرِ حرفِ اول بولتے ہیں۔ ایک دل چسپ بات یہ ہے کہ ایسے اور الفاظ کے برخلاف، مولّفینِ نور و آصفیہ دونوں نے، اِس لفظ میں حرکت کی تبدیلی کو تسلیم کیا ہے۔ صاحبِ آصفیہ نے لکھا ہے: "یہ لفظ عربی میں بہ فتحِ رائے مہملہ ہے، مگر اردو اور فارسی زبان میں بالکسر مروّج ہے۔" نور میں بھی حرکت کی اِس تبدیلی کا ذکر ہے، مگر اندازِ نگارش ایسا ہے کہ ابہام کا دھندلکا ختم نہیں ہونے پاتا۔ مولّفِ نور نے لکھا ہے: "رواج۔ع۔ بفتحِ اول، فارسی بکسرِ اول بولتے ہیں (کذا)" یہ واقعتاً مبہم عبارت ہے۔ یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اردو میں کس طرح بولتے ہیں۔ مولّفینِ قاموس نے البتہ اپنی روایت کو یہاں بھی برقرار رکھا ہے اور اِس لفظ کو صرف بہ فتحِ اول لکھا ہے —— اُردو میں اب "رواج" کو بہ کسرِ اول مرجّح ماننا چاہیے۔

Marfat.com

"خزاں" مولفینِ قاموس نے اِس کو بھی صرف بہ فتحِ اوّل لکھا ہے۔ فارسی میں یہ لفظ بہ فتحِ اول ہی ہے، مگر اردو میں عام طور پر بہ کسرِ اول بولا جاتا ہے، البتہ کبھی کبھی بعض لوگوں کی زبان سے بہ فتحِ اول بھی سننے میں آجاتا ہے۔ مناسب یہ ہوگا کہ اِس لفظ کے دونوں تلفّظ مان لیے جائیں، مگر اِس صراحت کے ساتھ کہ اکثر لوگ بہ کسرِ اول ہی بولتے ہیں۔

"رہا" فارسی میں بہ فتحِ اول ہے (رَہا)۔ اردو میں "رہا" اور "رہائی" دونوں لفظوں کو عموماً بہ کسرِ اول بولا جاتا ہے۔ آصفیہ میں کسی صراحت کے بغیر ر پر زیر لگا ہوا ہے۔ یہ بھی مناسب صورت نہیں۔ صراحت ضروری تھی کہ یہ اُردو کا تصرّف ہے۔ نور میں صحیح طریقہ اختیار کیا گیا ہے: "صحیح بہ فتحِ اول، زبانوں پر بہ کسرِ اول ہے"۔ فارسی میں حسبِ معمول اِس کو صرف بہ فتحِ اوّل لکھا گیا ہے۔ ہاں، یہ عرض کر دوں کہ مستشرقین کے لُغات میں اِن سب لفظوں کے ذیل میں حرکات اور انتساب کی اچھی خاصی گڑبڑ ملتی ہے، مثلاً فیلن نے "رواج" کو بہ کسرِ اول لکھ کر عربی لکھا ہے، حالاں کہ یہ مہتدمصورت ہے۔ اِسی طرح کی اور باتیں۔ مقصد یہ ہے کہ یہ پہلو سامنے رہنا چاہیے۔

رعایا، جریان : پہلا لفظ "رعایا" عربی کے لحاظ سے بہ فتحِ حرف اول ہے، مولفینِ قاموس نے بھی اِسی طرح بولنے کی فرمایش کی ہے، مگر اس لفظ میں اُردو کے تصرّف نے حرفِ اول کے زبر کو زیر سے بدل دیا ہے اور کلّیتاً۔ یعنی یہاں وہ صورت نہیں جو مثلاً "رقابت" یا "رواج" جیسے لفظوں کے ساتھ وابستہ ہے، کم تر سہی مگر بہ فتحِ اول بولے ضرور جاتے ہیں ـــــ آصفیہ میں ر پر زیر لگا ہوا ہے اور نور میں صراحت ملتی ہے کہ اردو میں بہ کسرِ اول مستعمل ہے۔ اور یہی صحیح ہے۔

دوسرا لفظ "جریان" ہے۔ عربی میں اس کے معنی ہیں: بہنا۔ اور یہ بہ فتحِ اول و دوم ہے (جَرَیان)۔ اُردو میں اس معنی میں عام طور پر تو یہ لفظ استعمال میں نہیں

Marfat.com

آتا، البتّہ خاص خاص مواقع پر اور خاص خاص تحریروں تک اس کا استعمال محدود ہے (اور یہ صورت عموماً پرانی تحریروں میں پائی جاتی ہے، جیسے: جریانِ آب۔) اِن معنی میں یہ چوں کہ قلیلُ الاستعمال ہے، اس لیے حرفِ اول کا فتحہ باقی رہا مگر دوسرے حرف پر سکون آگیا۔ یہ تبدیلی پہلے فارسی میں ہو چکی تھی۔ فارسی سے اردو میں یہ لفظ اِسی طرح منتقل ہو گیا۔

یہ لفظ ایک مشہور بیماری کا نام ہے اور یہ معنی، اُردو کا اضافہ ہیں، یعنی اِس معنی میں یہ لفظ اُردو ہے۔ استعمالِ عام کی بنا پر حرفِ اوّل کی حرکت میں تبدیلی ہوئی، یعنی اس کو "جریان" بہ کسرِ جیم استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لفظ میں اختلافِ معنی کے لحاظ سے، اختلافِ حرکت کو ملحوظ رکھا جائے گا۔ اصل معنی (بہنا) کے لحاظ سے یہ بہ فتحِ اول (جَریان) رہے گا اور مرضِ معروف کے لیے (جِریان) بہ کسرِ اول مانا جائے گا ——— آصفیہ میں اِس کو صرف بہ کسرِ جیم لکھا گیا ہے اور سب معانی میں عربی بتایا گیا ہے۔ یہ درست نہیں۔ عربی میں بہ فتحِ اول و دوم (جَرَیان) ہے، اور "بہنا" کے معنی میں آتا ہے۔ مرض کے نام کے طور پر اُردو میں استعمال ہوتا ہے اور بہ کسرِ اوّل و سکونِ دوم بولا جاتا ہے ——— نور میں صحیح طور پر لکھا گیا ہے کہ مرضِ مشہور کے معنی میں "اردو میں بہ کسرِ اول و سکونِ دوم زبانوں پر ہے"۔ ہاں، یہ وضاحت کر دی جائے کہ عربی میں ج اور ر دونوں حرفوں پر زبر ہے (جَرَیان)۔ فارسی میں اِس کو بہ سکونِ دوم استعمال کیا گیا ہے۔ باقی تصرّفات اردو میں ہوئے ہیں۔

نشتر، نقاب : یہ دونوں لفظ اصلاً بہ کسرِ حرفِ اول ہیں (نِشتر، نِقاب)۔ فارسی و عربی کے بہت سے لفظ ایسے ہیں جو اُن زبانوں میں بہ کسرِ حرفِ اول ہیں، مگر اُردو میں پہلے حرف کا زیر، زبر سے بدل گیا ہے اور یہ اُردو کا تصرّف ہے اور یہاں کے لہجے کا اثر ہے۔ یہ دونوں لفظ بھی اُسی فہرست میں شامل ہیں۔ مؤلفینِ قاموس نے اپنی روایت کے مطابق، اِن دونوں لفظوں کو بھی صرف بہ کسرِ اوّل صحیح بتایا ہے، مگر اردو کی بول چال میں

Marfat.com

یہ دونوں لفظ بہ فتحِ اول مستعمل ہیں اور اُردو کے لحاظ سے یہ تلفّظ بالکل صحیح ہے۔

آصفیہ میں "نقاب" کے ن پر اہتمام کے ساتھ کئی جگہ زیر لگایا گیا ہے (نِقاب) اور حرکات کے متعلق کسی طرح کی صراحت نہیں ملتی۔ گویا اِس لفظ میں مولّف نے کسی طرح کے تصرّف کو تسلیم نہیں کیا اور صرف اصل حرکات کو صحیح سمجھا ہے۔ اِس کے برخلاف، "نشتر" کے نون پر زبر لگا ہوا ہے (نَشتر)۔ حرکات کی صراحت یہاں بھی نہیں۔ مزید یہ کہ بہ فتحِ نون کو فارسی لکھا گیا ہے اور یہ بالکل درست نہیں۔ یہ صراحت ضروری تھی اِن دونوں لفظوں کے نون پر اصل کے لحاظ سے زیر ہے، اور اردو میں یہ تصرّف ہوا ہے کہ اِن کو بہ فتحِ اول استعمال کیا جاتا ہے۔ نور میں صحیح طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ "نقاب" کے ذیل میں لکھا گیا ہے:

"صحیح بہ کسرِ اول ہے، ہندستان میں زبانوں پر بہ فتحِ اول ہے"۔ اِسی طرح کی صراحت "نشتر" کے ذیل میں بھی کی گئی ہے۔

کلید، کلیسا: فارسی میں "کلیسا" صرف بہ کسرِ حرفِ اول ہے اور "کلید" بہ فتح و بہ کسرِ اول، دونوں طرح ہے"۔ (غیاث اللغات۔ بہارِ عجم)

مولّفینِ قاموس نے اِن کو صرف بہ کسرِ اول لکھا ہے۔ اردو میں اِن دونوں لفظوں میں حرفِ اوّل کا کسرہ مقبول نہ ہو سکا۔ خاص و عام بھی اِن کو بہ فتحِ کاف بولتے ہیں، اور اب اُردو کی حد تک صرف یہ تلفّظ صحیح اور فصیح ہے۔ بہ کسرِ اول کو فارسی سے مخصوص سمجھنا چاہیے۔

آصفیہ میں دونوں لفظوں کو فارسی کی رعایت سے صرف بہ کسرِ اول لکھا گیا ہے، اُردو کے تصرّف کا مطلق ذکر نہیں۔ نور میں "کلیسا" کے ذیل میں صحیح طور پر لکھا گیا ہے کہ:

"اُردو میں بہ فتحِ اول و کسرِ دوم و سکونِ یائے معروف زبانوں پر ہے"۔

مگر "کلید" کو کسی صراحت کے بغیر بہ ہر دو حرکات لکھا گیا ہے۔ اس عدمِ صراحت سے یہ احتمال ہو سکتا ہے کہ اُردو میں یہ بہ فتحِ اول و کسرِ اول دونوں طرح مستعمل ہوگا۔ یہ لکھنا ضروری تھا کہ

Marfat.com

اُردو میں صرف بہ فتحِ حرفِ اول مستعمل ہے۔ ہاں "کلیسا" کی ایک صورت "کلیسیا" بھی ہے اور اردو میں اِس کو استعمال کیا گیا ہے :

مرضی میں تیری کیا ہے اے وحشت، آہ سچ کہ جاویں کلیسیا کو، یا زائرِ حرم ہوں
آتشا (کلامِ آتشا، ص ۱۵۰)

از خویش رفتگی ہی پہ ہم غش ہیں، یاں نہیں عزمِ کلیسیا و ارادہ حجاز کا
ممنون (تذکرۂ سرور)

نور میں اِس کا ذکر نہیں۔ آصفیہ میں یہ ہے مگر مختلف معانی میں :

"کلیسیا۔ یونانی۔ اسمِ مذکّر۔ عیسائیوں کی ایک جماعت جو بُت پرست خیال کی جاتی ہے اور وہ حضرت مریم کا بُت پوجتی ہے۔"

مندرجۂ بالا مثالوں سے یہ ثابت ہے کہ اُردو میں "کلیسیا" اور "کلیسا" ہم معنی لفظوں کے طور پر مستعمل ہیں۔ جانسن کے لُغت میں "کلیسا" کی ایک صورت "کلیسہ" بھی ملتی ہے مگر "کلیسہ" نہ فارسی میں ہے، نہ اُردو میں۔

فریب، فرار، فرشتہ : مؤلفینِ قاموس نے اِن لفظوں کو صرف بہ کسرِ اوّل صحیح بتایا ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ فارسی میں یہ لفظ بہ کسرِ حرفِ اول ہیں، مگر اردو میں یہ صرف بہ فتحِ حرفِ اول مستعمل ہیں۔ اردو میں اب اِن لفظوں کو بہ فتحِ حرفِ اول صحیح ماننا چاہیے، اور ف کے زیر کو فارسی سے مخصوص سمجھنا چاہیے۔

آصفیہ میں اِن تینوں لفظوں کے حرفِ اوّل پر صرف زیر لگا ہوا ہے (فِرشتہ، فِرار، فِریب) اس کے علاوہ حرکات کے سلسلے میں کسی طرح کی صراحت نہیں۔ یہ فارسی کی تقلیدِ محض اور اردو کے چلن سے چشم پوشی ہے۔ نور میں "فرشتہ" کے ف پر زیر لگا ہوا ہے "فِرشتہ"۔ "فرار" کے سلسلے میں تو یہ صراحت بھی ملتی ہے کہ "بہ کسرِ اوّل صحیح و بہ فتحِ اوّل

Marfat.com

غلط ہے۔" اور اِس کے برخلاف "فریب" کی فارسی کی حرکات درج کرنے کے بعد یہ لکھا گیا ہے کہ "اردو میں بہ فتحِ اول مستعمل ہے۔" گویا ایک لفظ میں اردو بول چال کو ملحوظ رکھا گیا اور دو لفظوں میں اُس سے قطعِ نظر کو روا رکھا گیا۔ پلیٹس نے "فریب" بہ فتحِ اوّل کو عامیانہ تلفظ لکھا ہے۔ ظاہر ہے کہ اب اِس سے اتّفاق نہیں کیا جا سکتا۔ فیلن نے "فرشتہ" کو بہ فتحِ اول لکھا ہے مگر اِس کو فارسی بتایا ہے۔ یہ مناسب صورت نہیں۔ فارسی میں تو صرف بہ کسرِ اوّل ہے۔ فتحہ، اُردو کا اثر ہے۔ فوربس، فیلن اور جانسن نے یہی غلطی "فریب" کے سلسلے میں بھی کی ہے۔

جیسا کہ لکھا جا چکا ہے، فریب، فریبی، فریبیا، فرشتہ، فرشتگان، فرار، فراری؛ سب لفظ صرف بہ فتحِ فا مستعمل ہیں اور اب اُردو میں اِن کی صرف یہی حرکت قابلِ تسلیم ہے۔

فریفتہ، فروخت، فرستادہ: "فریفتہ" فارسی میں بہ کسرِ اول ہے (فِریفتہ)۔ اردو میں زبانوں پر بہ فتحِ اول ہے۔ آصفیہ میں یہ لفظ تو موجود ہے، مگر نہ اعراب لگے ہوئے ہیں اور نہ اُن کے متعلق کسی طرح کی صراحت ملتی ہے۔ نور میں صحیح طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ اصل حرکات کے بعد، یہ صراحت کر دی گئی ہے کہ: "یہ لفظ زبانوں پر بہ فتحِ اول و کسرِ دوم ہے۔" اُردو میں اب اِس کو بہ فتحِ اول ہی ماننا چاہیے:

"فروختن" فارسی کے قدیم لُغات میں بہ کسرِ اول ملتا ہے۔ اِس کے مشتقّات کی بھی یہی صورت ہے۔ اور "فرستادن" بھی بہ کسرِ تین ہے۔ (فروختن۔ فرستادن) مؤلفِ قاموس نے اِسی وجہ سے "فروختہ" کو صرف بہ کسرِ اول صحیح بتایا ہے۔ اُردو میں اِن دونوں مصدروں کے مشتقّات صرف بہ فتحِ حرفِ اول مستعمل ہیں، یعنی: فروخت، فروختہ، فروش، فروشندہ (وغیرہ) اور فرستادہ۔ اور اُردو میں اب ان کو اِسی طرح صحیح ماننا چاہیے۔

آصفیہ میں "فروخت" اور "فروخت کرنا" اور "فرستادہ" لکھے ہوئے ہیں، یعنی ف پر زیر لگا ہوا ہے، اور کسی طرح کی صراحت نہیں ملتی۔ یہ فارسی کی تقلیدِ محض کا نتیجہ ہے۔ نور میں آصفیہ

Marfat.com

کی طرح "فرستادہ" کے ف پر زیر لگا ہوا ہے (فِرستادہ) اور کچھ صراحت نہیں۔ اِس کے برخلاف "فروخت" کے ف پر زبر لگا ہوا ہے (فَروخت) اور صراحت یہاں بھی موجود نہیں۔ مولف نے "فَروخت" کو فارسی لکھا ہے۔ اِس سے غلط فہمی پیدا ہوتی ہے کہ یہ لفظ فارسی میں بھی بہ فتحِ اول ہوگا۔ مولف نے جس طرح "فریفتہ" کے ذیل میں صراحت کی تھی کہ اردو میں بہ فتحِ اول مستعمل ہے؛ اُسی طرح اِن لفظوں کے ذیل میں بھی صراحت کرنا چاہیے تھی۔

ہاں، "فروختن" فارسی کے پُرانے لغات میں بہ کسرِ اوّل ہے، لیکن آج کل ایران میں بہ ضمِّ اول مستعمل ہے۔ حلیم نے اس کو صرف بہ ضمِّ اول لکھا ہے۔ برہانِ قاطع میں "فروختہ" کو بہ کسرِ اول لکھا گیا ہے۔ برہان کے ایرانی اڈیشن کے مرتّب ڈاکٹر محمد معین نے اس کے حاشیے میں لکھا ہے: "فروختن، بہ ضمِّ اول و دوم و فتح پنجم (در زبان کنونی)"۔ گویا فارسی میں فروختن (اور اس کے مشتقات) کی دو شکلیں ہیں: بہ کسرِ اول (فروختن) اور بہ ضمِّ اول (فُروختن)۔ اردو میں اِس کے مشتقات صرف بہ فتحِ اول مستعمل ہیں۔

عیال، عیاں، عصمت، عیادت، عمامہ:

عیاں اور عیال کو بہ کسرِ حرفِ اول صحیح، اور بہ فتحِ حرفِ اول غلط بتایا گیا ہے (قاموس)۔ نور اللغات میں بھی یہی لکھا گیا ہے: "عیال .... بہ کسرِ اول صحیح و بہ فتحِ اول غلط ہے"، "عیاں .... بہ کسرِ اول صحیح، بہ فتحِ اول غلط"۔ آصفیہ میں بھی دونوں لفظوں کے ع پر زیر لگا ہوا ہے (عِیال۔ عِیاں)۔ اِن سب حضرات نے عربی کے تلفّظ سے سروکار رکھا ہے اور استعمالِ عام کو بالکل نظر انداز کر دیا۔ اردو میں اِن دونوں لفظوں کو کوئی بھی بہ کسرِ اول نہیں بولتا اور خاص و عام کی مطلق قید نہیں ——— اردو

Marfat.com

میں یہ لفظ صرف بہ فتحِ اوّل مستعمل ہیں، اور اب اِن کی صرف یہی حرکت قابلِ تسلیم ہے۔ بہ کسرِ عین کو عربی سے مخصوص سمجھنا چاہیے۔ مولانا نظم طباطبائی نے لکھا ہے:

"فارسی و عربی کے بعض الفاظ اردو میں غلط بولے جاتے ہیں، اور اُن کو غلط ہی بولنا چاہیے۔ اُن کو صحیح کر کے بولنا، ہندیوں کی زبان پر ثقیل ہے، جیسے: عیادت، عیال، عیاں بہ کسرِ عین ہیں، مگر بولتے بہ فتحہ ہیں۔ ایک نقل میں نے سُنی ہے کہ حکیم میر ضامن علی مرحوم جلّال سے نوّاب کلبِ علی خاں مرحوم والیِ رام پور نے پوچھا کہ آپ عَیاں کو عِیاں کہیں گے؟ تو اُنھوں نے جواب دیا کہ عِیاں تو ہم کبھی نہ کہیں گے۔"

(اردوے معلّٰی، بابت فروری و مارچ ۱۹۱۲ء)

عصمت عربی میں صرف بہ کسرِ اول ہے۔ اردو لغات میں بھی اِس کو بہ کسرِ حرفِ اول ہی لکھا گیا ہے۔ آصفیہ میں ع پر زیر لگا ہوا ہے، اور کچھ مذکور نہیں، مگر نور میں یہ بھی لکھا ہوا ہے کہ "بالکسر صحیح، بالفتح غلط ہے"۔ قاموس میں بھی یہی لکھا ہوا ہے: "بالفتح غلط ہے"۔ یہ لفظ بہ فتحِ حرفِ اول بھی زبانوں پر ہے۔ مناسب یہ ہوگا کہ اِس لفظ کو بہ فتحِ حرفِ اول اور بہ کسرِ حرفِ اول، دونوں طرح صحیح مان لیا جائے۔ سُننے میں دونوں طرح آتا ہے۔

عیادت بھی عربی میں بہ کسرِ عین ہے۔ آصفیہ و نور دونوں میں کسی صراحت کے بغیر ع پر زیر لگا ہوا ہے (عِیادت)۔ اردو میں اس کو بکسرِ اول شاید ہی کوئی بولتا ہو۔ عیال اور عیاں کی طرح، اس کو بھی صرف بہ فتحِ عین (عَیادت) بولا جاتا ہے۔ اردو میں اِس لفظ کی اِسی حرکت کو صحیح ماننا چاہیے اور بہ کسرِ عین کو عربی لغات کے حوالے کر دینا چاہیے۔

• عمامہ۔ بالکسر۔ خود، مغفر، دستار، وہ جو سر پر لپیٹیں۔ بالفتح (عَمامہ) غلط

Marfat.com

ہے" (قاموس)۔

یہ صحیح ہے کہ عربی میں "عمامہ" بہ کسرِ عین ہے۔ فارسی میں بھی یہی صورت ہے، لیکن اردو میں صرف بہ فتحِ اول بولا جاتا ہے۔ یہ اردو کا تصرّف ہے۔ آصفیہ میں تو عربی کی تقلید میں ع پر زیر لگا ہوا ہے (عِمامہ) مگر نور میں اردو کے اِس تصرّف کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ مولّفِ نور نے اصل حرکات درج کرنے کے بعد لکھا ہے: "اردو میں بہ فتحِ اوّل زبانوں پر ہے"۔ اِس لفظ کو بھی اردو میں صرف بہ فتحِ اول ماننا چاہیے۔

فارسی میں اس لفظ کو بہ تشدیدِ میمِ اول بھی استعمال کیا گیا ہے۔ یہ فارسی کا تصرّف ہے (بہارِ عجم)۔ اردو میں بھی یہی صورت ہے کہ بہ تشدیدِ میم بھی اِس کو نظم کیا گیا ہے۔ مثلاً:

ٹک دیکھیے گا جبّہ و عمّامۂ زاہد — ہے اُس پہ مجھے بلعمِ باعور کی سوجھی
انشا (کلامِ انشا، ص ۲۴۰)

خرقہ ہے نصیب یاسمن کو — عمّامہ ملا ہے نسترن کو
محسن کاکوروی (کلیاتِ نعتِ محسن، نامی پریس، ص ۹)

ستم ہیں، قہر ہیں لونڈے شراب خانے کے — اُتار لیتے ہیں عمّامہ ہر نمازی کا
مفت آبروے زاہدِ علّامہ لے گیا — اک مغ بچہ اُتار کے عمّامہ لے گیا
(میر)

سرشت، سرایت، جراحت، بہشت:

سرشت اور سرایت، یہ دونوں لفظ بہ لحاظِ اصل بہ کسرِ حرفِ اول ہیں (سِرِشت، سِرایت)۔ اردو میں، ایسے کچھ اور الفاظ کی طرح، حرفِ اول کا زیر، زبر سے بدل گیا، مگر لغات میں اِن کو اصل کی رعایت سے بہ کسرِ اول ہی لکھا گیا ہے۔

Marfat.com

آصفیہ میں "سرشت" کے س پر زیر لگا ہوا ہے۔ نور میں حرکات کی باقاعدہ صراحت کی گئی ہے: "سرشت .... بہ کسرِ اول و دوم و سکونِ سوم"۔ اسی طرح "سرایت" کے ذیل میں لکھا گیا ہے: "بہ کسرِ اول و فتحِ چہارم"۔ مؤلفینِ قاموس نے اور زیادہ وضاحت سے کام لیا ہے: "سرایت، بالکسر صحیح ہے اور بالفتح غلط"۔ "سرشت، بفتحِ سینِ مہملہ صحیح نہیں"۔

اردو میں یہ دونوں لفظ، عیاں، عیال اور عمامہ وغیرہ کی طرح، صرف بہ فتحِ حرفِ اوّل استعمال کیے جاتے ہیں۔ اب اردو میں ان کو اسی طرح صحیح ماننا چاہیے اور بہ کسرِ اول کو اردو سے غیر متعلق سمجھنا چاہیے۔

"جراحت، بہ فتحِ جیم صحیح نہیں" (قاموس) عربی میں یہ لفظ بہ کسرِ اول ہی ہے۔ فارسی میں بھی یہی صورت ہے۔ غیاث اللغات میں خاص طور پر یہ صراحت کی گئی ہے کہ بہ فتحِ اول صحیح نہیں: "جراحت، بالکسر..... و بالفتح خطاست"۔ مگر اردو میں "سرایت" کی طرح اس کو جیم کے زبر سے بولتے ہیں۔ نور میں جیم پر زبر لگا ہوا ہے، اور مزید صراحت اس طرح کی گئی ہے: "عربی میں بہ کسرِ اول"۔ گویا مؤلف نے کم [illegible] اس لفظ میں اردو کے تصرف کو تسلیم کر لیا۔ آصفیہ میں اس کو عربی بتایا گیا ہے اور اعراب اس طرح لگے ہوئے ہیں کہ اس لفظ کو بالفتح بھی پڑھا جا سکتا [illegible] اور بالکسر بھی۔ یہ کتابت کی گڑبڑ معلوم ہوتی ہے [illegible] میں ج پر زیر ہے۔ اور اردو میں بہ فتحِ جیم ہے [illegible] اور بہ فتحِ اول کو فارسی لکھا ہے۔ [illegible] فارسی میں بھی بہ کسرِ اول ہے۔ جیم کا زبر اردو کا اثر ہے۔

بہشت [illegible] فارسی میں بہ کسرِ تین ہے [illegible] نور اللغات نے بھی اس کو مطلقاً فارسی کے مطابق لکھا ہے [illegible] اول و دوم و سکون [illegible]

Marfat.com

سوم"۔ اردو میں تو اِس طرح کوئی نہیں بولتا۔ سب لوگ بہ فتحِ اول و کسرِ دوم (بَہِشت) بولتے ہیں۔ جس طرح فارسی کا "فِرِشتہ" اردو میں "فَرِشتہ" بن گیا، اُسی طرح "بِہشت" یہاں "بَہِشت" ہوگیا ہے۔ اردو میں اب صرف اِسی تلفّظ کو صحیح ماننا چاہیے۔ آصفیہ میں ب پر زبر لگا ہوا ہے (بَہِشت) اور صحیح طور پر اِس کو فارسی کا لفظ بتایا گیا ہے۔ قابلِ لحاظ بات بس یہ ہے کہ اِس اندازِ نگارش سے غلط فہمی پیدا ہوسکتی ہے کہ فارسی میں بھی یہ بہ فتحِ اول ہوگا۔ یہ لکھنا ضروری تھا کہ فارسی میں بہ کسرِ اول ہے، اور اردو میں بہ فتحِ اول۔

چنگیز، خزانہ، دریغ:

آصفیہ و نور دونوں میں "چنگیز" موجود نہیں۔ مؤلفینِ قاموس نے اِس کو بہ کسرِ اول لکھا ہے۔ فارسی میں حرفِ اول ضرور مکسور ہے (غیاث اللغات) مگر اردو میں اس کو صرف بہ فتحِ حرفِ اول بولا جاتا ہے اور اب اردو کی حد تک اِسی حرکت کو مرجّح ماننا چاہیے۔

خزانہ، عربی میں بہ کسرِ حرفِ اول ہے۔ ایسے اور الفاظ کی طرح، اردو میں اِس لفظ کے پہلے حرف کا زیر، زبر سے بدل گیا۔ یہ یہاں کے لہجے کا اثر ہے۔ اردو میں اب اِس کو صرف بہ فتحِ حرفِ اول بولتے ہیں۔ بہ کسرِ حرفِ اول (خِزانہ) کو عربی کے حوالے کر دینا چاہیے۔

نور اور آصفیہ دونوں میں پریشان کُن صورت پائی جاتی ہے۔ نور میں اس کو پہلے "بہ کسرِ اول" لکھا گیا ہے۔ اس کے بعد یہ بھی لکھا ہے: "موید الفضلا میں بہ کسرِ اول و بہ فتحِ اول دونوں طرح لکھا ہے"۔ مگر مؤلف نے یہ نہیں لکھا کہ اردو میں کیا صورت ہے؟ اِس سے الجھن پیدا ہوتی ہے ـــــ آصفیہ میں "خَزَانَہ" لکھا ہوا ہے، یعنی خ پر زبر

Marfat.com

لگا ہوا ہے اور مزید صراحت یہ کی گئی ہے کہ "مشہور بہ فتحِ خا اور صحیح بہ کسرِ خاے معجمہ ہے"۔ اِس سے بات پوری طرح صاف نہیں ہوتی۔ یہ وضاحت ضروری تھی کہ عربی میں یہ بہ کسرِ اول ہے، مگر اردو میں اِس کو بہ فتحِ اول بولتے ہیں اور اردو میں اب یہی حرکت صحیح ہے۔

دریغ، فارسی میں بہ کسرتین ہے (دِرِیغ)۔ فرشتہ اور بہشت کی طرح، اردو میں اس لفظ میں بھی حرفِ اول کا کسرہ، فتحے سے بدل گیا، اور اب اردو والے اِس کو (دَرِیغ) بولتے ہیں۔ اردو میں اس کی یہی صورت مرجح ہے ـــــ آصفیہ میں یہ لفظ موجود ہے، لیکن نہ ضبطِ حرکات سے کام لیا گیا ہے اور نہ صراحت کی گئی ہے۔ البتہ نور میں اِس کو فارسی لغات کے مطابق "بہ کسرِ اول و دوم" ہی لکھا گیا ہے۔ قاموس میں بھی فارسی حرکات کو صحیح بتایا گیا ہے۔ اردو میں "دریغ" اور "دریغا" دونوں لفظ صرف بہ فتحِ دال استعمال کیے جاتے ہیں۔

درود، دروغ، رعونت:

لفظ "درود" اصلاً بہ ضمِ دال ہے (دُرود)۔ آصفیہ اور قاموس میں دال پر پیش لگا ہوا ہے، اور صاحبِ نور اللغات نے مزید صراحت کی ہے کہ "بہ فتحِ دال غلط ہے"۔ یہ اُن کی زیادتی ہے۔ عام لوگ، خاص طور پر عورتیں اِس کو بہ فتحِ دال بولتی ہیں۔ مناسب یہ ہوگا کہ اِس لفظ کو دونوں طرح صحیح مان لیا جائے۔ کچھ لوگ (بل کہ بعض لوگ) بہ ضمِ اول بولیں گے، اور اکثر بولنے والے اِس کو بہ فتحِ دال استعمال کریں گے۔

"دروغ، بہ فتحِ دال ہے" (قاموس)۔ مگر یہ قول بجاے خود غلط ہے۔ برہانِ قاطع کے ایرانی مرتب ڈاکٹر محمد معین نے "دروغ" کو حاشیے میں بہ ضمِ اول

Marfat.com

لکھ کر اس کا افغانی تلفّظ بہ فتحِ اول لکھا ہے۔ اردو میں بھی اس کو بہ فتحِ اول استعمال کیا جاتا ہے۔ آصفیہ میں تو اس کو فارسی کے مطابق صرف بہ ضمِّ اول لکھا ہے، مگر نور میں ہے کہ: "بہ ضمِّ اول و دوم و نیز بہ فتحِ اول"۔ اصل میں صاحبِ غیاث اللغات نے لکھا ہے کہ "بہ فتحِ اول نیز آمدہ"۔ مولّفِ نور نے غالباً غیاث کے اِسی اندراج کی بنا پر اس کو دونوں طرح لکھا ہے۔ لیکن فارسی کے اور لغات میں اِس کو صرف بہ ضمِّ اوّل لکھا گیا ہے۔

بہ ہر صورت، اردو میں "دروغ" صرف بہ فتحِ اول مستعمل ہے۔ بہ ضمِّ اول کو اب صرف فارسی تک محدود سمجھنا چاہیے۔ دروغ بیانی، دروغ گوئی، دروغ حلفی؛ مستعمل مرکّبات ہیں، ان میں "دروغ" کو بہ ضمِّ اول بول کر دیکھیے؛ تلفّظ کی ثقالت آنکھیں دکھائے گی۔

"رعونت" کے متعلق قاموس میں لکھا گیا ہے کہ: "بہ فتحِ را کہنا غلط ہے"۔ آصفیہ و نور میں بھی ر پر پیش لگا ہوا ہے؛ اِس کا مطلب یہی ہوا کہ دونوں مولّفین کے نزدیک بھی یہ لفظ بہ ضمِّ را صحیح ہے۔ اس میں شک نہیں کہ یہ لفظ عربی میں صرف بہ ضمِّ اول ہے، مگر اردو میں یہ لفظ عموماً بہ فتحِ اول بولا جاتا ہے۔ بہ ضمِّ اول شاید ہی کوئی بولتا ہو۔ اردو میں اب اِس لفظ کو بہ فتحِ اول مرجّح ماننا چاہیے۔

جمہور، سوال، مروّت:

لفظ "جمہور" عربی میں بہ ضمِّ جیم ہے۔ فارسی کے لغات میں بھی اِس کو بہ ضمِّ جیم لکھا گیا ہے۔ اِسی رعایت سے قاموس میں اِس کو "بہ فتحِ جیم غلط" لکھا گیا ہے۔ اردو میں یہ لفظ صرف بہ فتحِ جیم مستعمل ہے۔ اسی طرح "جمہوری" اور "جمہوریت" کو بھی بہ فتحِ اول بولا جاتا ہے۔ اردو میں اِس لفظ کو صرف بہ فتحِ اوّل ماننا چاہیے۔

Marfat.com

نور میں "جمہور" کے ج پر پیش لگا ہوا ہے (جُمہور) اور کسی طرح کی صراحت نہیں ملتی۔ اِس کے برخلاف، آصفیہ میں ج پر زبر لگا ہوا ہے (جَمہور)، اور اس کو عربی لکھا گیا ہے۔ یہ صحیح صورت نہیں۔ یہ صراحت ضروری تھی کہ عربی میں ج پر پیش ہے، اور اردو میں اِس کو بہ فتحِ جیم بولتے ہیں۔

"سوال" کے ذیل میں نور اللغات میں یہ اندراج ملتا ہے: "سوال۔ ع۔ بہ ضمِّ اوّل و فتحِ ہمزہ کہ بہ صورتِ واو ہے"۔ یعنی صحیح لفظ "سُؤال" ہے۔ یہ نری عربی کی تقلید ہے۔ مولّفِ نور نے جو کچھ لکھا ہے، اُس کا تعلّق دراصل عربی سے ہے اور اُسی سے رہنا چاہیے۔ مولّفینِ قاموس نے بھی بہ ضمِّ اول کو صحیح بتایا ہے: "بہ فتحِ سین کہنا درست نہیں"۔

اُردو میں اِس کو "سَوال" بہ فتحِ س و واو بولا جاتا ہے اور اُردو میں اِسی طرح مرجّح قرار دینا چاہیے۔ فیلن نے صحیح طریقہ اختیار کیا ہے کہ "سُؤال" لکھ کر لکھا ہے کہ عام تلفّظ بہ فتحِ اول مع واو ہے۔ اور صحیح بات بھی یہی ہے ——— آصفیہ میں "سوال" لکھا ہوا ہے۔ نہ تو اس پر زبر زیر لگے ہوئے ہیں اور نہ صراحت کی گئی ہے، البتّہ "سُوالات" کے س پر پیش لگا ہوا ہے۔ یہ بھی درست نہیں۔ اردو میں "سوالات" کو بھی صرف بہ فتحِ س استعمال کیا جاتا ہے (سَوالات)۔ اِسی طرح "سَوالی" بھی صرف بہ فتحِ س بولا جاتا ہے۔

لفظ "مروّت" اردو میں بہ ضمِّ اول و فتحِ دوم بولا جاتا ہے (مُروّت)، اور اب اردو والوں کے لیے یہ اِسی طرح صحیح ہے۔ آصفیہ میں "مُروّت" لکھا ہوا ہے، مگر نور میں "مُرَوّت" ہے۔ مگر اِس صراحت کے ساتھ "بہ ضمِّ اول و دوم و فتحِ واوِ مشدّد صحیح"۔

Marfat.com

نمود، نمونہ، نقص :

مؤلفینِ قاموس نے نمود اور نمونہ، دونوں کو بہ ضمِّ اول لکھا ہے۔ بیش تر فارسی لغات میں یہ دونوں لفظ بہ ضمِّ اوّل و دوم ہی ہیں، مگر برہانِ قاطع میں نمودار اور نمونہ کو بہ فتحِ اول لکھا ہے۔ نیز نمونہ کے ذیل میں لکھا ہے: "بہ کسرِ اول ہم بہ نظر آمدہ است"۔ برہان کے ایرانی اڈیشن کے مرتّب ڈاکٹر معین نے اس کے حاشیے میں لکھا ہے: "و در لہجۂ مرکزی بہ کسرِ اوّل، نیز بہ ضمّ و فتح اول تلفظ شود"۔ صاحبِ حاشیہ نے "نمونہ" کو "نمودن" سے مشتق مانا ہے۔ نیز "نمودار" کو جو صاحبِ برہان نے بہ فتحِ اول لکھا ہے، اُس سے اختلاف بھی نہیں کیا ہے۔ اِس بنا پر کہا جا سکتا ہے کہ "نمودن" اور "نمونہ" فارسی میں بہ فتحِ اول اور بہ ضمِّ اول دونوں طرح صحیح ہیں۔ محمد علی تبریزی نے فرہنگِ نوبہار میں نمودار اور نمونہ کو بہ فتحِ اول اور بہ ضمِّ اول، دونوں طرح لکھا ہے۔

اردو میں یہ دونوں لفظ عموماً بہ فتحِ اول مستعمل ہیں۔ نوریں "نمود" کو تو صرف بہ ضمِّ اول و دوم لکھا گیا ہے، البتہ "نمودار" کے ذیل میں یہ صراحت ملتی ہے: "فارسی میں بہ ضمِّ اول و دوم، اردو میں بہ فتحِ اول و ضمِّ دوم زبانوں پر ہے"۔ گویا ایک لفظ میں اختلاف کو تسلیم کیا گیا اور ایک لفظ میں اس کو نظر انداز کر دیا گیا۔ ہاں "نمونہ" میں مؤلف نے اختلاف کا پوری طرح احترام ملحوظ رکھا ہے، لکھا ہے: "ف، بہ ضمِّ اول و دوم صحیح ہے۔ اردو میں بہ فتحِ اول زبانوں پر ہے"۔ آصفیہ میں نمود، نمودار، نمونہ؛ سب میں ن پر زبر لگا ہوا ہے۔

جیسا کہ لکھا جا چکا ہے، اردو میں نمود، نمودار، نمودارى، نمونہ؛ یہ سب لفظ بہ فتحِ نون بولے جاتے ہیں اور یہی صورت مرجّح ہے ——— ہاں "نمونہ" سے "نمونتاً" بھی اردو میں مستعمل ہے۔ مؤلفینِ قاموس نے تو اِسے بھی غلط بتایا ہے، کیوں کہ

Marfat.com

"نمونہ" فارسی کا لفظ ہے، اُس پر عربی کی تنوین کیسے آسکتی ہے؛ مگر اردو میں "اندازاً" اور "نمونتاً"، دونوں لفظ مستعمل ہیں اور اردو کے لحاظ سے یہ بالکل صحیح لفظ ہیں۔

"نقص" عربی کا لفظ ہے اور عربی میں ن پر زبر ہے، فارسی میں بھی یہ بہ فتحِ نون ہے، لیکن اردو میں عموماً بہ ضمِّ نون (نُقص) مستعمل ہے۔ اکثر لوگ اِسی طرح بولتے ہیں۔ ازراہِ احتیاط، اِس لفظ کو دونوں طرح صحیح مان لینا چاہیے، مگر اس صراحت کے ساتھ کہ اردو میں عام سطح پر یہ بہ ضمِّ نون مستعمل ہے۔

نور میں اِس کو عربی کے مطابق بالفتح لکھا گیا ہے اور یہ بھی لکھا گیا ہے کہ "بالضم غلط ہے"۔ آصفیہ میں "نَقْص" لکھا گیا ہے، مگر اس صراحت کے ساتھ کہ "مشہور بہ ضمِّ نون ہے، مگر صحیح بہ فتحِ نون"۔ قاموس میں بھی بہ ضمِّ نون کو غلط بتایا گیا ہے۔ بہ ضمِّ نون کو غلط نہیں کہا جا سکتا، بل کہ حسبِ قولِ صاحبِ آصفیہ "مشہور بہ ضمِّ نون ہے"۔

چغد، صفر، نفل،

آصفیہ، نور، قاموس؛ سب میں "چغد" کو صرف بہ سکونِ دوم لکھا گیا ہے۔ بل کہ قاموس میں تو یہ بھی صراحت ملتی ہے کہ: "جہلا چُغَد، بہ فتحِ غین کہتے ہیں"۔ فارسی میں یہ لفظ بہ سکونِ غین ہے۔ اردو میں شعرا نے اِس کو بہ سکونِ غین ہی نظم کیا ہے، مگر بول چال کی زبان میں اِس کا تلفظ بھی بدل گیا اور معنی بھی۔ فارسی میں چُغد، اُلّو کا مرادف ہے۔ اردو میں بھی اِس معنی میں مستعمل ہے، لیکن بول چال میں "چُغَد" بہ فتحِ غین، احمق کے معنی میں بھی مستعمل ہے اور بہ کثرت۔ اِس لفظ کی دونوں حرکات کو مان لینا چاہیے، مندرجۂ بالا امتیاز کے ساتھ۔ ایک نہایت معروف مصرع، جو ضرب المثل کی حیثیت اختیار کر چکا ہے، اُس میں یہ لفظ بہ فتحِ غین آیا ہے اور اِس طرح کہ پوری طرح کھپ گیا ہے۔ مصرع یہ ہے: تُما کو کب چُغَد پہچانتا ہے۔ اِس سے بول چال کے اثر

Marfat.com

کا بہ خوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ ہاں، ترکیب کی صورت میں، اصل کے مطابق، بہ سکونِ دوم ہی اچھا معلوم ہوگا۔

"صفر، بہ فتحِ فا (صفَر) کہنا غلط ہے" (قاموس)۔ عربی کے لحاظ سے ضرور غلط ہے، مگر اُردو میں زبانوں پر بہ فتحِ فا ہے (صِفَر)۔ یہی رائے صاحبِ نور اللغات کی ہے: "زبانوں پر بالفتح ہے"۔ البتہ آصفیہ میں ف پر جزم لگا ہوا ہے (صِفْر) کسی طرح کی صراحت کے بغیر۔ یہ عربی کی تقلید ہے۔ اردو میں شعرا نے اِس کو اصل کے مطابق بہ سکونِ فا نظم کیا ہے، مگر بول چال میں اُس کا عمل دخل نہیں ہو پایا ہے۔ گفتگو میں بہ فتحِ فا ہی آتا ہے۔ اِس لفظ کو بھی دونوں طرح صحیح مان لینا چاہیے۔

"صفر" کی طرح "نفل" بھی زبانوں پر بہ حرکتِ دوم (نَفِل) ہے، حالاں کہ اصلاً یہ بھی بہ سکونِ دوم ہے۔ اِس لفظ میں بھی مؤلفِ نور اللغات نے اردو کے تلفظ کو ملحوظ رکھا ہے، اصل حرکات لکھ کر، لکھا ہے: "اردو میں زبانوں پر بہ فتحِ اول و کسرِ دوم ہے"۔ مگر آصفیہ میں عربی کے مطابق صرف بہ سکونِ دوم ملتا ہے (نَفْل)۔ اِس لفظ کی بھی دونوں صورتوں کو صحیح مان لینا چاہیے۔

اِس وزن کے متعدد لفظ ہیں جو اصلاً بہ سکونِ دوم ہیں، مگر اردو کی بول چال میں بہ حرکتِ دوم مستعمل ہیں۔ یہ تبدیلی یہاں کے لہجے کا اقتضا ہے اور فطری عمل ہے۔ اِس کی طرف سے چشم پوشی نہیں کی جا سکتی اور اس کے تسلیم کرنے میں، عربی فارسی اور اردو لغات کے اندراجات سنگِ راہ نہیں ہو سکتے۔ مثلاً وحی، لہر، حمل، نفی (وغیرہ) بہت سے لفظ ہیں [illegible] میں ہمیشہ بہ حرکتِ دوم آتے ہیں۔ ایسے سب الفاظ کے متعلق ایک اصول [illegible] چاہیے کہ ان کو دونوں طرح درست مانا جائے گا اور اسی طرح درج [illegible] یہ بتانا کہ ایسے الفاظ کو بہ حرکتِ دوم غیر صحیح یا غیر فصیح سمجھا جائے، کسی [illegible] مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں پر

Marfat.com

آرزو لکھنوی مرحوم کی ایک عبارت کو نقل کر دیا جائے۔ انھوں نے لفظ "نفی" کو ایک جگہ بہ کسرِ دوم نظم کیا ہے اور مفرد نہیں، ترکیبِ فارسی کے ساتھ، اور پھر اُس پر حاشیہ لکھا ہے؛ وہ شعر اور حاشیے کی عبارت درجِ ذیل ہے :

"آرزو اک بے بضاعت آدمی جس کا کل سرمایہ اک لاے نفی[1]

[1] یہ لفظ ساکن الاوسط ہے۔ میں نے اسے جن وجوہ کی بنا پر ساکن الآخر لانا اور پھر اضافتِ فارسی کے ساتھ استعمال کرنا جائز جانا ہے، وہ حسبِ ذیل ہیں :

(۱) اردو بولنے والوں کے لہجے میں یہ ساکن الآخر ہے۔ متقدمین نے "نشأ" وغیرہ کے استعمال میں اس اعتبار کو ہر جگہ دخل دیا ہے، اور "وفا" کے قافیے میں "نشا" نظم کر گئے ہیں۔ وہ جاہل نہ تھے، اور نہ میں اس لفظ کی حقیقت سے بے خبر ہوں۔ عربی کے لیے ساکن الاوسط صحیح و فصیح ہے، مگر اردو کے لیے ساکن الآخر ہی صحیح بھی ہے اور فصیح بھی، خاص کر آخرِ کلام میں۔

(۲) ختمِ کلام حرفِ متحرک پر محال ہے؛ اس لیے آخر لفظ اگر ساکن الآخر نہیں ہوتا تو ساکن کر لیا جاتا ہے۔ اسی مقصد سے فارسی کے متحرک الآخر الفاظ میں ہاے مختفیہ بڑھا دیتے ہیں کہ حرکتِ آخر، حرفِ ساکن کے موجود ہونے سے کھنچ کر اک حرف کی آواز پیدا کر دیتی ہے۔ جیسے: "ہمہ" و "رہ" مشابہ لفظیں ہیں۔

(۳) صرف حرکت و سکون کی تبدیلی ایسی چیز نہیں جس سے لفظ اصل سے دور ہو کر مثلاً "ناخوان" اور "خابن" سے سند مان لیا جائے؛ لہٰذا اس میں اضافتِ فارسی بالالتا بھی خلل انداز نہیں ہو سکتا۔ ہاں، ترکیبِ عربی مولدی تو درست نہ سمجھی جاتی۔ یہ میرا ذاتی خیال ہے، میں دوسروں کو اس طرزِ عمل

Marfat.com

پر مجبور نہیں کرتا۔" (جہانِ آرزو، نظامی پریس لکھنؤ، ص ک)

ایک زبردست استاد، اہلِ زبان اور زبان داں نے جو کچھ کہا ہے، وہ توجہ سے پڑھنے کی چیز ہے۔ انھوں نے جس اصول کو پیش کیا ہے، اُس کو اگر پیشِ نظر رکھا جائے تو ایسے لفظوں کے متعلق صحیح طور پر فیصلہ کرنا آسان ہوگا۔ ہاں، یہاں پر یہ یاد دلانا بھی بے محل نہ ہوگا کہ مثنوی گلزارِ نسیم کے مباحثے کے دوران، اور اعتراضات کے علاوہ، لفظ "حمل" کو بہ حرکتِ دوم نظم کرنے پر بھی اعتراض کیا گیا تھا۔ یہ کہا گیا تھا کہ صحیح لفظ بہ سکونِ دوم (حَمْل) ہے، اِس کو "حَمَل" نظم کیا گیا ہے۔ چکبست نے بہ حرکتِ دوم کی سند میں کئی شعر پیش کیے تھے، اُن میں سے ایک شعر واجد علی شاہ کا بھی تھا:

"گھر میں میرے بھی اے خوش اطوار آثارِ حمل کے ہیں نمودار"

اور اِس اعتراض کے سلسلے میں چکبست نے یہ بھی لکھا تھا:

"یہ اعتراض اس اصول سے بے خبری ظاہر کرتا ہے کہ شاعر الفاظ اُسی صورت پر نظم کرتا ہے جس صورت سے کہ وہ اہلِ زبان کی زبان پر جاری ہوتے ہیں۔ محض لُغت کے تلفظ کی پیروی شاعر کے لیے ضروری نہیں ہوتی۔ یہ مانا کہ لُغت کی رو سے "حَمْل" درست ہے، لیکن شرفائے لکھنؤ کی زبان پر اِس لفظ کا یہی تلفظ جاری ہے.... لفظ "حمل" پر موقوف نہیں، متعدد الفاظ ایسے ہیں جن کا تلفظ لُغت کی رو سے کچھ اور ہے، اور نظم، عام محاورے کے مطابق کیا جاتا ہے۔ مثلاً اصل لفظ "کِلَہ" ہے، یعنی لام بالکسر ہے، لیکن محاورے میں چوں کہ بہ سکونِ لام بولتے ہیں، اِس لیے شعرا نے اِسی طرح نظم کیا ہے۔"

(مضامینِ چکبست، ص ۱۹۰)

حرکت، برکت، عظمت، ثمرہ، کلہ جیسے بہت لفظ مثالاً پیش کیے جا سکتے ہیں۔ اصل لفظ "غلطی" ہے، مگر اس کو محاورے کے مطابق بہ سکونِ لام نظم کیا گیا ہے:

Marfat.com

شکوۂ غم کرکے، نادم ہے بہت پاسِ وفا　　یعنی ہم نے کس لیے غلطی جتائی آپ کی
(حسرت موہانی)

لفظ "نفی" کی بعض اور مثالیں بھی پیش کی جا سکتی ہیں، مثلاً :

جو سمجھے تو ناداں تو اک بات ہے　　نفی ہی تری اُس کا اثبات ہے
قائم (دیوان، عکسِ نسخۂ انڈیا آفس لندن، ورق ۱۸۶ الف)

ہم نے اس بات کو اثبات کیا موج سے یوں　　دم بہ دم ذکرِ نفی میں ہے یہ محرابِ حباب
(شاہ نصیر)

حبشی، نمکین، غبن :

لفظ "حبشی" کے متعلق قاموس میں لکھا گیا ہے کہ اِس کو "بہ سکونِ با" نہیں کہنا چاہیے۔ اِس بے چارے "حبشی" نے کیا ایسی خطا کی ہے کہ اِس قبیل کے اور الفاظ میں اردو کے تصرّف کو مان لیا جائے اور اِس کو اُس صف میں شامل نہ کیا جائے! آصفیہ و نور دونوں لُغات میں، عربی کی تقلید میں اِس کو صرف بہ فتحِ دوم لکھا گیا ہے۔ استعمالِ عام میں یہ صرف بہ سکونِ با ہے۔ اِس لفظ کی دونوں حرکات کو مان لینا چاہیے۔ بہ فتحِ دوم کبھی کبھار نظم کے کام آجائے گا اور بہ سکونِ دوم، بول چال کے کام رہے گا۔ فیلن نے صحیح طریقہ اختیار کیا ہے؛ اُس نے بہ فتحِ دوم لکھ کر لکھا ہے کہ مقبولِ عام تلفظ بہ سکونِ ثانی ہے۔ ہاں جو صاحب بہ فتحِ دوم پر اصرار کریں، وہ "حبشی حلوا سوہن" میں اس کو بہ فتحِ دوم بول کر دیکھیں؛ بات سمجھ میں آجائے گی۔

نور، آصفیہ، قاموس؛ سب میں "نمکین" کو بہ فتحِ دوم (نمکین) لکھا گیا ہے۔ اور ان سب مؤلفین نے اِس بات کو قطعاً بُھلا دیا کہ بول چال میں یہ صرف بہ سکونِ دوم آتا ہے۔ نظم میں یہ لفظ بہ فتحِ دوم آسکتا ہے، آتا بھی ہے، مگر گفتگو میں صرف بہ سکونِ میم آتا ہے۔ اِس لفظ کو بہ سکونِ دوم بھی صحیح ماننا چاہیے، خواہ نظم میں ہو اور خواہ گفتگو میں۔

Marfat.com

لُغت میں بھی اِسی تفصیل کے ساتھ اس کو لکھنا چاہیے۔

غَبُن اور غَبَن، دو لفظ ہیں: "غَبَن، بہ فتحتین: خطا شدن در رائے و تدبیر۔ و بہ فتحِ اول و سکونِ ثانی: زیاں یافتن در خرید و فروخت" (غیاث اللغات)۔ اردو میں عام طور پر غَبَن (بہ فتحتین) خیانت، خورد بُرد کے معنوں میں مستعمل ہے۔ یہ گویا اردو کا تصرّف ہے۔ "غَبُن" کوئی نہیں بولتا اور نہ بولنے کی کچھ ایسی ضرورت ہے۔ اردو کی بعض پُرانی تحریروں میں "غَبُنِ فاحش" کی ایک ترکیب کہیں کہیں مل جاتی ہے، اور بس۔ اِس کے علاوہ اس لفظ کا استعمال شاید ہی کہیں ہو۔

آصفیہ میں "غَبُن" اور "غَبُن کرنا" ملتے ہیں۔ مولّف نے عربی کا تلفظ مدِّ نظر رکھا ہے، اور اردو کے معنوں کو اُس سے وابستہ کر دیا ہے۔ خیانت وغیرہ کے معانی میں اردو میں "غُبُن" کوئی نہیں بولتا۔ صرف "غَبَن" کہتے ہیں۔ نور میں البتّہ استعمالِ عام کی رعایت ملحوظ رکھی گئی۔ "[illegible]ں بہ فتحِ اول و دوم مستعمل ہے"۔ مولّفینِ قاموس نے اپنی روایت [illegible]خِ اول و دوم کو غلط بتایا ہے۔ اور اُن کا یہ قول بجائے خود غلط ہے۔ اردو میں اب اِس لفظ کو خیانت وغیرہ کے معانی میں، صرف بہ فتحِ اول و دوم ماننا چاہیے۔

طرفین، خفگی، خلجان، جمعہ:

"طرفین، بہ فتحتین صحیح ہے، اور بہ سکون غلط" (قاموس)۔ آصفیہ میں تو یہ لفظ موجود ہی نہیں۔ نور میں ہے، مگر عربی کے مطابق اِس کو "طَرَفین" لکھا گیا ہے۔ اردو میں یہ لفظ بہ سکونِ را بھی مستعمل ہے اور بہ کثرت۔ نظم کی ضرورت سے یا کسی خاص ترکیب میں چاہے "طَرَفَین" آجائے، مگر استعمالِ عام میں یہ بہ سکونِ دوم ہی آتا ہے۔ اِسی صراحت کے ساتھ، اِس لفظ کی دونوں صورتوں کو تسلیم کر لینا چاہیے۔

Marfat.com

"خلجان" بہ لحاظِ اصل بہ فتحتین ہے (خَلَجان)۔ آصفیہ و نور میں بھی اس کو صرف بہ فتحِ اول و ثانی لکھا گیا ہے۔ نور میں حرکات کی صراحت کی گئی ہے: "بہ فتحِ اول و دوم"۔ قاموس میں بھی یہی صورت ہے۔ اِن مولّفینِ کرام نے استعمالِ عام سے مکمّل طور پر چشم پوشی کی ہے۔ بول چال میں یہ لفظ، ایسے اور الفاظ کی طرح، صرف بہ سکونِ ثانی مستعمل ہے اور اردو میں اب اس کی یہ حرکات قابلِ قبول ہیں۔ بہ فتحتین کو غلط تو نہیں کہا جا سکتا، اِس بنا پر کہ نظم میں کبھی نہ کبھی یا کہیں نہ کہیں مل سکتا ہے؛ البتّہ بول چال میں صرف بہ سکونِ دوم ہے۔

"خفگی" بھی بول چال میں صرف بہ سکونِ دوم آتا ہے۔ اِس طرح نظم بھی کیا گیا ہے:

ماں کی خفگی سے ہے بہت ڈرتی　　اُس کے تیور ہے دیکھتی رہتی

حالی (جواہراتِ حالی)

نور میں لکھا گیا ہے کہ: "بہ فتحِ اول و دوم صحیح ہے، اور بہ سکونِ دوم غلط"۔ مگر اس کو تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ بہ فتحتین کا تعلّق فارسی سے رہے گا، اور اردو میں اِس کو بہ سکونِ دوم ہی مانا جائے گا۔ آصفیہ میں اس کو بہ سکونِ فا (خُفگی) ہی لکھا گیا ہے اور اردو کے لحاظ سے یہ بالکل صحیح ہے۔

یہاں پر ایک وضاحت کی ضرورت ہے: آصفیہ میں "خفگی" کو اردو لکھا گیا ہے۔ یہ تو صحیح ہے کہ اردو میں یہ لفظ بہ سکونِ دوم ہی ہے، مگر مولّف کے اندازِ نگارش سے یہ خیال ہوتا ہے کہ شاید وہ اس لفظ کو بہ اعتبارِ اصل اردو سمجھتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ لفظ فارسی الاصل ہے۔ "خفہ" گرفتگی گلو کے مفہوم میں آتا ہے، اُسی سے "خفگی" بن گیا ہے، جس کے حقیقی معنی تو ہیں: "گلو فشردگی، گرفتن راہِ نفس" (فرہنگِ امیر کبیر) لیکن بہ طورِ مجاز، ناراضی کے مفہوم میں بھی استعمال ہوا ہے: "دراصل بہ معنی افشردگی گلوست، و بہ معنیِ ضبطِ غضب و آزردگیِ خاطر مجاز باشد" (غیاث اللغات)

Marfat.com

"خفگی، بہ فتحِ اول ودوم [ازخفہ (خفک)+ ی (مصدری)] در پہلوی XAFAKIH حالت فشردگی گلو و حبس نفس۔ اضطراب خاطر۔ کمی و فشردگی ہوا" (حاشیۂ برہانِ قاطع، تہران اڈیشن)۔

فیلن نے "خفگی" کے ساتھ ساتھ "خفا" کو بہ معنیِ ناراض، فارسی لکھا ہے۔ یہ صحیح نہیں۔ فارسی میں "خفہ" ہے، اور اس کے معنی "فشردنِ گلو" ہیں۔ "خفا" بہ معنیِ ناراض، فارسی میں نہیں، یہ اُردو میں "خفہ" کی مہنّد صورت ہے۔

مولفینِ قاموس نے لفظ "جمعہ" کو بہ ضمِّ اول ودوم، اور بہ ضمِّ اول وسکونِ دوم لکھا ہے۔ اردو میں بہ ضمِّ اول و دوم تو مستعمل نہیں۔ اگر کہیں نظم میں اِس طرح آیا ہے، تو اُسے ضرورتِ شعری کا کرشمہ سمجھنا چاہیے۔ استعمالِ عام کو اُس سے علاقہ نہیں۔ بہ ضمِّ اول و سکونِ دوم (جُمْعہ) اردو میں استعمال کیا گیا ہے لیکن نظم میں۔ بول چال میں اس کی ایک اور ہی صورت ہے، یعنی جیم پر پیش، میم پر زبر، عین اور ہ دونوں ساکن۔ ایسے کئی لفظ ہیں جو عوام و خواص، سب کی بول چال میں اسی طرح مستعمل ہیں، جیسے "قلعہ" کہ اصل میں ق پر زبر ہے اور لام ساکن ہے، مگر گفتگو میں یہ بہ فتحِ لام و بہ سکونِ عین و ہ آتا ہے۔ ایسے الفاظ کی اِس صورت کو بھی تسلیم کر لینا چاہیے۔ "جمعہ" سے "جمعرات" بنا ہے، اور اِس لفظ میں یہ تلفّظ پورے طور پر نمایاں ہے ـــــ آصفیہ میں "جمعہ" کو صرف بہ ضمِّ اول وسکونِ دوم و فتحِ سوم (جُمْعَہ) لکھا گیا ہے، لیکن "جمعرات" کو بہ ضمِّ اول وکسرِ دوم وسکونِ سوم (جُمْعِرات) لکھا گیا ہے۔ یہاں پر آخر کار استعمالِ عام نے مولّف کو مجبور کر ہی دیا۔

نور میں بہ ضمّتین اور بہ ضمِّ اول وسکونِ دوم لکھنے کے بعد، مزید لکھا گیا ہے کہ "بیش تر بول چال میں جما ہے، جمعہ نہیں ہے"۔ مولّف نے بول چال کا لفظ "جما" لکھا ہے؛ تلفّظ کی حد تک تو یہ صورت ٹھیک ہے۔ لیکن تحریر میں "جمعہ" ہی رہے گا۔ یعنی لکھا جائے گا

Marfat.com

"جمعہ" اور پڑھا جائے گا "جُما"۔ ہاں "جُمّا" کو الف سے لکھا جائے گا۔ یہ گویا نیا لفظ بن گیا۔

مختصر یہ کہ اردو میں یہ لفظ بہ ضمِّ اول وسکونِ دوم و فتحِ سوم (جُمْعَہ) بھی ہے اور جُمَعہ بروزنِ "ہما" بھی۔ اور بہ ضمّتین (جُمُعَہ) کو عربی سے مخصوص سمجھا جائے گا اور اردو سے غیر متعلّق۔

ہاں "جمعرات" کو آصفیہ میں "جُمْعَرات" (بہ کسرِ میم) اور نور میں بہ فتحِ میم "جُمَعْرات" لکھا گیا ہے۔ یہ لفظ دونوں طرح سننے میں آتا ہے؛ اِس بنا پر، اِس کی دونوں صورتوں کو تسلیم کیا جائے گا۔

فوق البھڑک، فی زمانہ، قران:

"فوق البھڑک، اِس کی ترکیب غلط اور بے معنی ہے" (قاموس)۔ یہ ترکیب از روے قواعد غلط سہی، لیکن بے معنی ہرگز نہیں؛ بل کہ جو مفہوم اِس مرکّب سے ادا ہوتا ہے، وہ کسی دوسرے لفظ سے ادا نہیں ہوتا۔ اردو میں خلافِ قاعدہ بنے ہوئے بہت سے کارآمد لفظ مستعمل ہیں، اور یہ لفظ بھی انھی میں سے ایک ہے۔ ایسے سب الفاظ کو اب اردو کے صحیح الفاظ میں شامل سمجھنا چاہیے۔ اثرؔ لکھنوی مرحوم نے لکھا تھا:

"فوق البھڑک، قاعدے سے یقیناً غلط ہے، مگر ہم نے نہ معلوم کتنے ایسے الفاظ گڑھ لیے ہیں، اور ان کا استعمال اس لیے جائز ہے کہ زبان میں ان کا بدل موجود نہیں ہے" (رسالہ الحمرا، اکتوبر ۱۹۵۴ء)۔ سرشار نے جام سرشار (ص ۲۲۹) میں لکھا ہے: "مس فوق البھڑک لباس زیبِ تن کیے اِترائی پھرتی تھی"۔ اس عبارت میں "فوق البھڑک" کی جگہ کوئی لفظ رکھ دیجیے، یہ بات پیدا نہیں ہوگی۔

نور میں یہ لفظ موجود ہے، مگر اس کو "عوام" سے منسوب کیا گیا ہے۔ آصفیہ میں

Marfat.com

اِس سے زیادہ قطعیّت کے ساتھ اِس کو "غلطُ العوام" لکھا گیا ہے۔ اب اِن اندراجات کو تسلیم نہیں کیا جائے گا۔ یہ لفظ کس طرح استعمال میں آتا ہے، اُس کی سب سے اچھّی مثال یہ ہے کہ مولّفِ آصفیہ، جنھوں نے اس کو "غلطُ العوام" لکھا ہے، خود اِس کے استعمال کرنے والوں میں سے ہیں: "زرق برق ہو کر آنا" کے ذیل میں انھوں نے لکھا ہے: "بن سنور کر آنا، فوق البھڑک بن کر آنا"۔ اِس کے بعد کچھ اور کہنے کی گنجایش باقی نہیں رہتی۔

مولفینِ قاموس نے "فی زمانہ" کے بجائے "فی زماننا" بولنے کی فرمایش کی ہے۔ مولّفِ نور نے بھی اس کو عوام کے حوالے کر دیا ہے: "فی زماننا" کے ذیل میں لکھا ہے: "عُوام اس جگہ فی زمانہ بولتے ہیں"۔ اصل لفظ "فی زماننا" اچھّا خاصا ثقیل مرکّب ہے۔ اردو والوں کی خوش مذاقی نے اگر اس کو تراش کر "فی زمانہ" جیسے سبک لفظ میں بدل لیا ہے تو اِس پر تو خوش ہونا چاہیے۔ بہ ہر صورت، اربابِ لغت کچھ بھی کہیں، یہ لفظ (فی زمانہ) اردو کا ہے اور اس کا شمار بالکل صحیح اور فصیح الفاظ میں کیا جائے گا ——— آصفیہ میں "فی زمانہ" کے سامنے "ع + ف" لکھا ہوا ہے، مگر یہ اردو کا تراشیدہ لفظ ہے۔

بہ ہر حال قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ مولّف نے اس کو نہ غلط کہا ہے نہ "غلط العوام" لکھا ہے۔

"قرآن" کے ذیل میں لکھا گیا ہے: "بجائے الفِ ممدودہ، الفِ مقصورہ سے "قران" کہنا غلط ہے" (قاموس)۔ یہ غلط فہمی کہ "قران" بروزنِ زبان غلط ہے؛ مولّفینِ قاموس تک محدود نہیں، بعض اور لوگ بھی اس کا شکار ہوئے ہیں۔ غالباً سب سے پہلے غالب نے اِس طرف توجّہ کی۔ شہاب الدّین احمد خاں ثاقب کو ایک خط میں لکھا ہے: "عیاذاً باللہ! امیر خسرو "قرآن" کو، کہ بہ سکونِ رائے قرشت و الفِ ممدودہ ہے، قران، بروزن پُران لکھیں گے۔ یہ دونوں غزلیں، دو گدھوں کی ہیں۔ شاید ایک نے مقطعے میں حافظ اور ایک نے مقطعے میں خسرو لکھ دیا ہے" (خطوطِ غالب، مہر، ص ۱۰۹)۔ مولانا نظم طباطبائی نے شرحِ غالب میں یہی اعتراض میر کے اس مصرعے پر کیا ہے: گر آوے شیخ پہن کے جامہ قران کا۔

Marfat.com

اِس لفظ میں اصلاً اساتذۂ فارسی نے تصرّف کیا ہے اور اِس کو بروزنِ زبان نظم کیا ہے۔ قران بروزنِ زبان کو، عوام کا گڑھا ہوا لفظ غالباً دو وجہوں سے سمجھا گیا: ایک تو یہ کہ فارسی کے اِس تصرّف کا ذکر، فارسی کے لُغات میں نہیں ملتا۔ دوسرے یہ کہ ہندی کے بعض دوہوں میں یہ اِس طرح آیا ہے، مثلاً:

پنڈت پوتھی بانچتے، ملّا پڑھے قران — لوک دکھاوا لاکھ پڑھو، نہیں ملے بھگوان

(آصفیہ)

ان وجوہ سے یہ سمجھا گیا کہ بہ الفِ مقصورہ غیر مستند ہے۔ فارسی کی چند اسناد درجِ ذیل ہیں:

سرو دیدستم کہ باشد رستہ اندر بوستاں — بوستاں ہرگز نہ دیدم رستہ بر سروِ رواں
مدحِ او خواں، گر قراں خواندن ندانی از قیاس — تا ہمی خوانی مدیحِ او، ہمی خوانی قراں

(فرخی)

الاماں اے دل کہ زحمت وحشت آرد الاماں — زیں مغیلاں گاہ غولاں بر کراں شو بر کراں
گر نہ داری ہیچ فرزندے، شرف داری کہ حق — ہم شرف زیں دارد، اینک لم یلد خواں از قراں

(خاقانی)

ماہِ رمضان آمد اے ترک سمن بر — برخیز و مرا سبحہ و سجادہ بیاور
بارے بہ شبستاں شد و در صف نخستیں — بنشست و قراں خواند [illegible]

(قاآنی)

مخدومی قاضی عبدالودود صاحب نے "غالب بہ حیثیت محقق" میں "قران" بہ الف مقصورہ کی متعدد سندیں پیش کی ہیں، ان میں سے کچھ یہ ہیں:

آنم کہ ہمیگویم، پازند قران است (البیتی)
کشتن ایں قصد ہمہ اہل قران است (منوچہری)

Marfat.com

آیاتِ قرآن و شعرِ حجت (ناصر)
اے خواندہ بصد حیلہ و تقلید قراں را "
ملکت چو قراں او چو معانی قران است (منوچہری)
سرِّ قرآں، قراں نکو داند (سنائی)

اردو میں بھی اِس کی تقلید کی گئی ہے۔ گفتگو میں تو اکثر یہ لفظ بغیر مد سننے میں آتا ہی ہے، اِس طرح نظم بھی کیا گیا ہے، مثلاً:

مت مانیو کہ ہوگا یہ بے درد اہلِ دیں گر آوے شیخ، پہن کے جامہ قران کا
میر (کلیات مرتبۂ آسی، ص ۴۹)

یار، مجھ کو قران کی سوگند جی چلا، تیری جان کی سوگند
میر سوز (دیوانِ سوز، قلمی، مملوکۂ انجمن ترقیِ اردو ہند، ورق ۳۵ ب)

کھا قسم، جھوٹ بولے ہے کتنا چُپ ہو چپ، بس قران کے صدقے
انشا (تذکرۂ میر حسن)

مت ذبح اپنے مصحفِ رخسار کی قسم رکھ جائے گا ابھی کوئی ہاتھ اِس قران پر
میر امانی اسد (مجموعۂ نغز، جلدِ اوّل)

سب حفظِ قران دے کے برباد اک رکھے ہے آیۂ کُلو، یاد
قائم چاندپوری (مثنوی در ہجوِ اکول۔ دیوان نسخۂ انڈیا آفس لندن، ص ۱۶۳)

یہ دل ربا کا ہے قصہ جو لوگ پڑھتے ہیں قران میں، وہی انجیل میں، وہی بہ زبور
احمد گجراتی (دو نایابِ زمانہ بیاضیں، ص ۲۱)

مسجد بھی آدمی نے بنائی ہے یاں میاں بنتے ہیں آدمی ہی امام اور خطبہ خواں
پڑھتے ہیں آدمی ہی نماز اور قران یاں اور آدمی ہی اُن کی چُراتے ہیں جوتیاں
جو اُن کو تاڑتا ہے، سو وہ بھی ہے آدمی (نظیر اکبر آبادی)

Marfat.com

آصفیہ میں فارسی کے اِس تصرّف کا ذکر نہیں کیا گیا۔ اُس میں صرف "قرآن" ہے۔ "قرآن کا جامہ پہننا" کی سند میں میر کا وہ شعر بھی لکھا گیا ہے جس میں "قُران" نظم ہوا ہے، مگر اس سلسلے میں کچھ صراحت نہیں کی گئی۔ اور میر کے اُس شعر میں بھی "قرآن" چھپا ہوا ہے۔ بہ ظاہر اِس سے مطلب یہ نکلتا ہے کہ میر کے اس شعر میں، مولّف کے نزدیک "قرآن" ہی نظم ہوا ہے، اور یہ کہ اِس لفظ میں کسی طرح کا تصرّف نہیں ہوا؛ یہ دونوں باتیں درست نہیں ـــ نور میں البتّہ یہ صراحت ملتی ہے کہ: "فارسیوں نے قران بروزنِ زبان بھی کہا ہے"؛ اور یہ بھی لکھا گیا ہے کہ: "اردو میں عورتیں قران بروزنِ زبان ہی بولتی ہیں"؛ اِس میں یہ اضافہ کرنا چاہیے کہ عام لوگ بھی اس طرح بولتے ہیں۔ بہ ہر حال، اردو میں اس لفظ کو دونوں طرح صحیح مانا جائے گا۔

جلال نے سرمایۂ زبانِ اردو میں "قران کا جامہ پہننا" لکھا ہے، اُس میں "قران" بغیرِ مد ہی ہے، سند میں بھی میر کا وہی شعر لکھا گیا ہے جس میں "قران" بہ الفِ مقصورہ آیا ہے؛ مگر چوں کہ اُنھوں نے صراحت نہیں کی، اس لیے بات پوری طرح واضح نہیں ہوتی، شک سا رہ جاتا ہے۔

فہمایش، رہایش، پیدایش، زیبایش، گرمایش:

"رہایش، سکونت و قیام کے معنی میں جاہل کہتے ہیں" (قاموس)۔ یہ خیال صرف مولفینِ قاموس کا نہیں، کئی اہلِ علم نے اردو کے اس مستعمل لفظ کو کرشمۂ جہالت بتایا ہے۔ آرزو لکھنوی مرحوم نے لکھا ہے: "رہایش کی وضع بھی صحیح نہیں، کہ کسی زبان کے مخصوص حروف کا امتزاج غیر زبان کے کلمات کے ساتھ درست نہیں" (نظامِ اردو، ص ۲۰)۔ پنڈت کیفی نے شوق قدوائی کا یہ قول نقل کیا ہے: "سنسنی خیز اور رہایش وغیرہ سے بحث فضول ہے۔ یہ جُہلا کے تراشے ہوئے ہیں۔ فصحا ان کا استعمال

Marfat.com

نہیں کرتے" (منشورات، ص ۲۲۶)

آرزو صاحب نے جس قاعدے کا ذکر کیا ہے، وہ اردو میں ہزار جگہ ٹوٹ چکا ہے۔ فارسی کے نہ معلوم کتنے الفاظ کے آگے عربی کے حروفِ جمع بڑھا کر، جمع بنالی گئی ہے۔ یہی نہیں، خالص اردو الفاظ کے ساتھ بھی یہ سلوک کیا گیا ہے، جیسے، کھنڈرات، دیہات، بہتات، فرمایشات، خواہشات وغیرہ۔ ایسے اور بھی قاعدے پیش کیے جا سکتے ہیں۔ اِس بنا پر "رہایش" کے غلط ہونے کی یہ کوئی دلیل نہیں۔

رہایش، رہنا سے بن گیا ہے۔ یہ قیاس فارسی قواعد کے عین مطابق ہے۔ فارسی میں "رہایش" ہے، لیکن اُس کے معنی وہی ہیں جو "رہائی" کے ہیں (حیم) نقلِ معنی عام بات ہے اور اس میں کچھ عیب نہیں۔ عربی میں حجامت، تردّد، رقم، مذاق، محنت، غلیظ، بخار، جلوس؛ جن معانی میں ہیں، اردو میں ان کے علاوہ دوسرے معانی میں بھی اِن کو استعمال کیا جاتا ہے۔ یہی نہیں، بہت سے ایسے لفظوں کے اصلی معنی اردو میں مراد لیے ہی نہیں جاتے، جیسے: تردّد، محنت، غصّہ وغیرہ۔

انشا نے دریاے لطافت میں "رہایش" کو "رہنا" کا حاصل مصدر لکھا ہے (ترجمۂ دریاے لطافت، ص ۲۳۲) سند کے لیے یہ کافی ہے۔ آصفیہ و نور دونوں میں یہ لفظ موجود ہے، مگر دونوں لُغات میں اِس کو "عوام" سے متعلق بتایا گیا ہے۔ یہ تحدید قابلِ قبول نہیں۔ اس کا شمار عام الفاظ میں کیا جائے گا۔ نور میں اِس کے حسبِ ذیل معنی لکھے ہوئے ہیں: "قیام، بود و باش، سکونت، گنجایش، ضبط، برداشت"۔ لیکن ضبط، گنجایش اور برداشت کے معنوں میں یہ لفظ مجھے کہیں نہیں ملا۔ مولف نے نہ کوئی سند پیش کی ہے، نہ حوالہ دیا ہے۔ جب تک کوئی مثال نہ ملے، اُس وقت تک یہ معنی محلِ نظر رہیں گے۔

"رہایش" کی طرح فہمایش کو بھی غلط کہا گیا ہے۔ غالب نے اپنے انداز میں

Marfat.com

لکھا ہے :

" فہمایش کا لفظ میاں بُدھا ولد میاں جُمّا اور لالہ گنیشی داس ولد بھیرو ں ناتھ کا گھڑا ہوا ہے . . . . فہمیدن فارسی الاصل نہیں ہے، مصدرِ جعلی ہے ۔ فہم لفظِ عربی الاصل ہے . . . . اِس قاعدے میں یہ کلّیہ ہے کہ لغتِ اصلِ عربی آخر کو امر بن جاتا ہے ۔ حاصل بالمصدر فہمش اور طلبش ہونا چاہیے ۔ " فہم " تھا صیغۂ امر، " فہمد " سے نکلا تھا ۔ الف اوری کہاں سے آیا ۔ " فہمایی " تو نہیں جو " فہمایش " درست ہو " (بہ نامِ میر مہدی مجروح)

یہ لفظ علی الرّغم غالب ، اردو میں مستعمل رہا ہے ۔ اور اِس میں خاص و عام کی کچھ قید نہیں ، اور مستندین کے یہاں سے اِس کی بیسیوں مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں ۔ مثلاً معرکۂ چکبست و شرر میں منشی سجّاد حسین کا ایک مضمون ص ۲۹۱ سے شروع ہوتا ہے ؛ اِس مضمون میں " فہمایش " سات آٹھ جگہ آیا ہے ۔ آزاد کی تصنیف دربارِ اکبری میں یہ جگہ جگہ ملتا ہے ۔ میرے سامنے اِس کتاب کا وہ اڈیشن ہے جس کو لکھنؤ کے مکتبۂ کلیاں نے شائع کیا ہے، اس میں ص ۲۰۰ ، ۲۶۰ ، ۲۶۴ ، ۲۸۹ ، ۲۹۱ ، ۲۹۳ ، ۵۳۸ ، ۵۴۰ ، ۵۴۲ ، ۵۸۹ ، پر اِس کو دیکھا جا سکتا ہے ۔ امراؤ جان ادا میں بھی یہ لفظ موجود ہے : " مگر ایک مشکل ہے، جب کسی کو کسی بات کی فہمایش کی جائے " (نیا ادارہ ، امور ، ص ۳۱۹) نیز ص ۹۸ ۔ یا جیسے : " بعض رسالے عام اہلِ اسلام کی فہمایش کے لیے اردو میں لکھے " (آبِ حیات ، ص ۲۶) ۔ اس کی بیسیوں مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں ۔

جس طرح " فہمایش " بنا ہے ، اُسی طرح " زیبایش " بنا ہے ۔ " مضارعِ زید " سے " زیبش " بن سکتا تھا ، مگر بنا " زیبا " سے " زیبایش " ۔ قاضی عبدالودود صاحب نے لکھا ہے : " زیبایش ، ایرانی نظم و نثر میں آج تک نہیں ملا ، اردو میں ہے اور ہندی فارسی میں بھی ہو تو ہو " (نقدِ غالب ، ص ۴۱۲) ۔ اردو میں اس کو بے تکلف استعمال

Marfat.com

کیا گیا ہے اور بہ ترکیبِ فارسی بھی لکھا گیا ہے، مثلاً:

آرایشِ گلشن کے لیے جامۂ رنگیں — زیبایشِ غنچہ کے لیے تنگ قبائی
ذوق (دیوان مرتبۂ آزاد، ص ۳۰۵)

دیوانہ ہوں تیرا، مجھے کیا کام کہ لوں گُل — زیبایشِ سر کو ہیں مرے داغِ جنوں، گُل
ذوق (دیوان مرتبۂ آزاد، ص ۱۲۰)

جس طرح "زیبا" سے "زیبایش" اور "رہا" سے "رہایش" بنا، اُسی طرح "پیدا" سے پیدایش بنا ہے۔ یہ لفظ فارسی میں استعمال ہوا ہے۔ تفصیل کے لیے دیکھیے نقدِ غالب، ص ۴۱۲۔ اُردو میں عام طور پر مستعمل ہے۔ صرف ایک مثال پیش کی جاتی ہے:

کون تجھ سا ہے ولی اللہ، اے مولا مرے — کعبہ، پیدایش سے تیری، گھر خدا کا ہو گیا
آتش (کلیات طبعِ نول کشور، ص ۳۳۱)

گرمایش نیا لفظ ہے۔ میں نے اِس کو ایک معروف کپڑا مِل کے اشتہار میں سُنا تھا۔ غالباً پچھلے سال (یعنی ۱۹۷۳ء میں) "وگیا پن کاری کرم" میں اُس مِل کے اونی کپڑوں کے اشتہار میں "گرمایش اور آرام کے لیے،" کا ٹکڑا بار بار سُننے میں آتا تھا۔ مجھے یہ لفظ بہت دل چسپ اور کارآمد معلوم ہوا۔ اِس کو بھی "پیدایش" اور "رہایش" کی طرح صحیح مان لینا چاہیے۔ "گرما" سے "گرمایش" بہ خوبی بن سکتا ہے اور نہایت خوبی کے ساتھ مفہوم کو ادا کر سکتا ہے۔ نئے لفظ اِس طرح بھی بنتے ہیں۔

گرہ، زرہ، شکریہ:

"زرہ، بہ فتحِ رائے مہملہ غلط ہے" (قاموس)۔ نور میں بھی اس کو صرف بہ کسرِ اول و ثانی لکھا گیا ہے۔ یہ فارسی کی پیروی ہے۔ فارسی میں یہ لفظ، بہ کسرِ اول و دوم ہی ہے،

Marfat.com

مگر اردو میں یہ بہ کسرِ اول و فتحِ دوم مستعمل ہے :

فقیرانہ ہے دل مقیم اُس کی رہ کا　　غرض کیا کہ محتاج ہو بادشہ کا
خدنگ آہ کا اے فلک بے طرح ہے　　بھروسا تو تاروں کی مت کر زرہ کا
تری آشنائی میں کیا میں نے پایا　　دیا نقدِ دل اور اپنی گرہ کا

انشا (کلامِ انشا، ص ۲۳)

مردِ سپاہی ہے وہ، اُس کی زرہ لا الٰہ　　سایۂ شمشیر میں اُس کی پنہ ، لا الٰہ

اقبال (مسجدِ قرطبہ)

"زرہ" کی طرح فارسی میں "گرہ" بھی بہ کسرتین ہے (گِرہ) اردو میں اِس کو بھی بہ فتحِ ثانی استعمال کیا گیا ہے۔ انشا کے مندرجۂ بالا اشعار میں یہ قافیہ بھی موجود ہے۔ یہ دونوں لفظ بول چال میں تو صرف بہ فتحِ دوم آتے ہیں، البتہ فارسی کی رعایت سے اِن کو بہ کسرِ دوم بھی نظم کیا گیا ہے، جیسے :

نعرہ جدا، صدائے بگیر و بدِہ جدا　　گوشے کماں سے دور، تو گوشوں سے زِہ جدا
بکتر جدا زمین پہ ٹکڑے، زِرہ جدا　　نیزوں کو دیکھیے تو گرہ سے گِرہ جدا

انیس (روحِ انیس، طبعِ اول ص ۱۲۹)

غُل تھا کہ وہ چمکتی ہوئی آئی، یہ گِری　　برچھی سے اُڑ گئی وہ سناں، یہ گِرہ گری
ترکش کٹا، کمانِ کیانی سے زِہ گری　　یہ سر گرا، وہ خود گرا، یہ زِرہ گری

انیس (البنا ص ۱۸۵)

اب اِن لفظوں کی دونوں حرکات کو صحیح مان لینا چاہیے، مگر اِس تفصیل کے ساتھ کہ بول چال میں یہ دونوں لفظ بہ فتحِ دوم آتے ہیں اور یہ اردو کا تصرّف ہے۔

"شکریّہ بہ تشدید کہنا چاہیے" (قاموس) سند میں آنند کا یہ شعر لکھا ہے :

زباں قاصر ہے، کیوں کر اُس کا شکریّہ ادا ہوگا　　عنایت کا، توجّہ کی نظر کا، مہربانی کا

Marfat.com

میرے سامنے کلیاتِ رند مطبوعۂ نول کشور پریس کان پور ہے، اُس میں یہ شعر اس طرح ہے:

زباں قاصر ہے، کیوں کر شکریہ اُس کا ادا ہوگا عنایت کا، توجہ کی نظر کا، مہربانی کا

نوراللغات میں یہی شعر بہ تخفیفِ یا کی سند میں لکھا ہوا ہے، مگر اُس میں پہلا مصرع یوں ہے: زباں قاصر ہے، اُس کا شکریہ کیوں کر ادا ہوگا۔ یہی صورت معین الشعرا میں ہے۔ بہ ہر صورت، یہ شعر بہ یاے مشدّد کی سند میں نہیں پیش کیا جا سکتا۔ مؤلفینِ قاموس کا یہ کہنا کہ "شکریّہ" بہ یاے مشدّد کہنا چاہیے، اِس حد تک ضرور صحیح ہے کہ بعض شعرا نے اس کو بہ یاے مشدّد نظم کیا ہے۔ نور میں محسن کاکوروی کا یہ شعر سنداً لکھا ہوا ہے:

ملے شکریّے میں اُس بُت شکن کو خوانِ صد نعمت
یہ مہمانی ہوئی باغِ خلیلِ ابنِ آزر میں

(کلیاتِ نعتِ محسن، نامی پریس ص ۲۰۸)

لیکن عام طور پر تحریر و تقریر میں بہ یاے مخفّف ہی مستعمل ہے۔ یہ لفظ عربی کا نہیں، اردو نژاد ہے؛ اس بنا پر یہ بالکل ضروری نہیں کہ اِس میں ی مشدّد ہو۔ ضرورتِ شعری کی بنا پر اس کو بہ یاے مشدّد نظم کیا گیا ہے، جیسے انشا کا یہ شعر:

حمد کے بعد بہ شکریّہ ادا کرتا ہوں شکر صد شکر ہے اے حمد و ثنا کے الیق

(کلامِ انشا ص ۲۹۱)

مگر اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ استعمالِ عام پر بھی اس کا اثر پڑے۔ آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں۔

عنقا، شجاعت، ہتک:

"عنقا، بالضّم غلط ہے" (قاموس)۔

یہی راے مؤلف نور کی ہے: "بالفتح صحیح و بالضّم غلط"۔ صاحبِ آصفیہ نے الفاظ میں تو اِس کی صراحت نہیں کی مگر اعراب پر زبر لگا ہوا ہے؛ مطلب اس سے بھی یہی نکلتا

Marfat.com

ہے ۔ یہ لفظ بہ لحاظِ اصل بہ فتحِ اول ہے ، مگر اُردو میں اِس کو عام طور پر بہ ضمِ عین استعمال کیا جاتا ہے ۔ دو چار عربی دانوں کے سوا اور کوئی بہ فتحِ عین نہیں بولتا ۔ بہتر یہ ہوگا کہ اس کی دونوں حرکات کو تسلیم کر لیا جائے ۔

عنقا کی طرح شجاعت بھی اصلاً بہ فتحِ اول ہے ۔ مؤلفین نور و قاموس نے بہ فتحِ اول (شَجاعت) کو صحیح اور بہ ضمِ اول (شُجاعت) کو غلط بتایا ہے ۔ آصفیہ میں بھی ش پر زبر ہی لگا ہوا ہے یہ لفظ بھی زبانوں پر بہ ضمِ اوّل ہے ۔ بہ فتحِ اول میں اجنبیت کا شائبہ بھی شامل ہو جاتا ہے اُردو میں اس کو بہ ضمِ اول ماننا چاہیے ۔

یہ عرض کرنا نامناسب نہ ہوگا کہ اس وزن کے کئی لفظوں میں فارسی جدید میں تصرّف ہوا ہے ۔ اس فہرست میں یہ لفظ (شجاعت) بھی شامل ہے کہ اس کو اردو کی طرح بہ ضمِ اول لکھا گیا ہے ۔ فرہنگِ آموزگار میں ایک عنوان ہے : "تغییراتِ مہم کہ در لغات عربی دادہ شد" اس کے ذیل میں لکھا گیا ہے : " تغیّر در حرکات ، مانند مبارزہ ، مباحثہ ، مبالغہ (با کسرۂ حرف پنجم بجای فتحہ) و شجاعت با ضمّ شین بجای فتحہ "

محبّت اور مسرّت بھی اسی ذیل میں آتے ہیں ۔ خاص لوگ ان کو اصل کے مطابق بہ فتحِ میم بولتے ہیں ، اور عام لوگ بہ ضمِ میم ۔ ان دونوں لفظوں میں حرکات کا یہ اختلاف ، عنقا اور شجاعت کے مقابلے میں ذرا مختلف حیثیت رکھتا ہے اس لیے محبّت اور مسرّت میں میم کی دونوں حرکات کو صحیح مان لینا چاہیے ۔ محبّت ، مسرّت ، مسرّت ۔

" ہتّک بہ فتحتین اپنا خاص ہے " (قاموس) ۔

آصفیہ میں بھی ت پر جزم لکھا ہوا ہے (ہتک) ۔ اُردو میں یہ لفظ اصل حرکات کے ساتھ ساتھ بہ فتحِ دوم بھی مستعمل ہے ۔ اس لیے

Marfat.com

اِس لفظ کو دونوں طرح صحیح ماننا چاہیے۔

نور میں پہلے تو یہ لکھا گیا ہے "با لفتح صحیح و بہ فتحِ اول و دوم غلط، لیکن اردو میں بیگمات کی زبان پر بہ فتحِ اول و دوم ہی ہے"۔ پھر بہ فتحِ دوم کی سند میں واجد علی شاہ کا یہ شعر لکھا ہے :

محکوموں نے ہم پہ فتح پائی　　کیا کیا ہم نے ہتک اٹھائی

اِن اسناد کے بعد یہ لکھنا کہ" بہ فتحِ اول و دوم غلط" ہے، یا یہ لکھنا کہ بہ فتحِ دوم (صرف) بیگمات کی زبان پر ہے، کیوں کر صحیح ہوگا۔ بہ ہر صورت، اردو میں زبانوں پر اکثر بہ فتحِ دوم اور کم تر بہ سکونِ دوم ہے۔ دونوں صورتیں قابلِ تسلیم ہیں۔

مہوّس، مرغّن، ملبّب، مفرور: "مہوّس غلط ہے۔ ہوس سے بنا لیا ہے۔ جیسے روغن سے مرغّن" (قاموس)۔ "مفرور، غلط ہے۔ عربی میں مفرور کی جگہ فرّ و فار آتا ہے، جو فارسی و اردو میں مستعمل نہیں ہے۔ مفرور کی جگہ، فرار شدہ کہہ سکتے ہیں" (قاموس)

غنیمت ہے کہ مولّفینِ قاموس نے "فرار شدہ" ہی بولنے کی فرمایش کی۔ اگر یہ لکھ دیتے کہ "مفرور" کی جگہ "فرّ" یا "فار" ہی بولنا چاہیے، تو کوئی کیا کر سکتا تھا! مرغّن، روغن سے، اور مہوّس، ہوس سے بنا لیے گئے ہیں اور اس طرح کے الفاظ کی ایک طویل فہرست پیش کی جا سکتی ہے جو عربی الفاظ کے قیاس پر فارسی میں یا اردو میں بن گئے ہیں۔ مثلاً فلک سے فلاکت اور مفلوک، فارسی میں بنا لیے گئے ہیں، اِسی طرح روغن سے مرغّن، اردو میں بن گیا ہے۔ کسی طرح کی تفریق کے بغیر، یہ سب لفظ، اردو کے مستعمل اور قطعاً صحیح اور فصیح لفظ ہیں۔

آصفیہ میں "مفرور" اور "ملبّب" کو عربی لکھا گیا ہے۔ یہ درست نہیں۔ "مرغّن" اُس میں موجود ہی نہیں، البتہ "مہوّس" کو کیمیاگر کے معنی میں اردو لکھا گیا ہے اور یہ

Marfat.com

درست ہے، کیوں کہ "کیمیاگر" کے معنی میں یہ اردو نژاد ہے۔ نور میں "مہوّس" کو صحیح طور پر "اردو" لکھا گیا ہے، البتہ "مفرور" کو اس میں بھی عربی لکھا گیا ہے۔ جیسا کہ لکھا جا چکا ہے، یہ درست نہیں۔ "ملبّب" کے ذیل میں مولّفِ نور نے لکھا ہے: "فصحاے متاخّرین اِس جگہ "لبالب" ہی فصیح سمجھتے ہیں"۔ یہ قید بھی غیر مناسب ہے۔ مدمّغ اور معتوب اور مقروض کی طرح، اِسے بھی عام الفاظ میں شامل سمجھنا چاہیے۔۔۔ مہوّس کی بعض اسناد پیش کی جاتی ہیں، نور و آصفیہ میں اسناد موجود نہیں:

اے مہوّس جو ملی خاک درِ جاناں کی — ایک چٹکی میں مسِ قلب ہے کُندن کیسا

صبا (دیوان ص ۳۸)

بے تابیِ دل کو مری کیا سمجھے مہوّس — اس نسخے سے ہم کرتے ہیں سیماب شگفتہ

انشا (کلامِ انشا ص ۱۸۹)

اچھّوں سے بُرے مل کے بنا لیتے ہیں جوڑا — مکّار مہوّس ہیں، زمانہ ہے دغل کا

بحر (ریاض البحر ص ۱۳)

اکسیر پر مہوّس! اتنا نہ ناز کرنا — بہتر ہے کیمیا سے اپنا گداز کرنا

میر درد (دیوان، مکتبۂ جامعہ دہلی ص [illegible])

سنا جائے ہے اک مہوّس کا حال — کہ رکھتا تھا بنتِ کیمیا کا [illegible]

قائم

قدمِ یار تلک پہنچوں تو پارس ہوں میں — اے مہوّس! تجھے اکسیر [illegible]

میر سوز

مزیّب، مزلّف، ملبّب؛ یہ سب الفاظ استعمال کیے گئے ہیں:

وہ چھوٹے چھوٹے خود، وہ زرہیں تنوں میں تنگ — بوٹا سے اُن قدوں پہ مزیّب سلاح جنگ

شاد عظیم آبادی (مراثی شاد، اول ص ۱۲۱)

Marfat.com

سادگی سے سبزۂ رخسار انسب ہوگیا　　کیا مزیّف ہوتے ہی چہرہ مزیّب ہوگیا

رشکؔ (مجموعۂ دواوینِ رشک ص ۳۷)

ننگِ استغنا ہے، ہوں منّت کشِ ساقی اگر　　شیشۂ دل میں ملبّب بادۂ خوناب ہے

فغاںؔ (دیوان ص ۱۲۹)

مولّفِ رسالۂ اصلاح نے لکھا ہے: "متلاشی بہ معنیِ تلاش کنندہ، مرغّن بہ معنیِ روغن دار، یا اس قسم کے دوسرے الفاظ جن کا مادّہ عربی نہیں، مگر ان کا اشتقاق بہ طورِ عربی ہوا ہے، اور عام طور پر بولے جاتے ہیں؛ اُن کا استعمال میرے نزدیک کچھ مضائقہ نہیں" (رسالۂ اصلاح، ص ۳۰)۔

ذو معنی : اس کے متعلّق لکھا ہے: "عوام کہتے ہیں، کتبِ معتبرہ میں نہیں پایا گیا" (قاموس)۔ غنیمت ہے کہ صاف صاف غلط نہیں کہا، نہ کر شمۂ جہالت بتایا۔ اردو میں "ذو معنی" بالکل صحیح لفظ ہے، "کتبِ معتبرہ" میں ہو یا نہ ہو۔ اصل لفظ ذوؔ معنیین" اردو میں بہت کم مستعمل ہے۔ چند خاص قسم کے پڑھے لکھے لوگوں کے سوا، اب شاید ہی کوئی بولتا یا لکھتا ہو۔ بعض شعرا نے جو "ذو معنیین" نظم کیا ہے، وہ استعمالِ عام کے ذیل میں نہیں آتا۔ عام طور پر "ذو معنی" ہی مستعمل ہے۔ دو مثالیں کتبِ معتبرہ" کے ذیل میں آنے والی دو کتابوں سے پیش کی جاتی ہیں: (۱) "کہ مکرنی میں عورتوں کی زبان سے ذو معنی بات بیان کی جاتی ہے" (مقدّمۂ فرہنگِ آصفیہ، جلدِ اول، ص ۶۱)۔ (۲) "ذو معنی مشتقاتِ مصدر کے استعمال کو بعض حضرات حُسنِ کلام کا موجب سمجھتے ہیں" (حسرتؔ موہانی۔ رسالۂ معائبِ سخن ص ۵۴)۔ اِس فصل کا عنوان ہے: "ذو معنی مشتقاتِ مصدر کا استعمال"۔۔۔ یہی نہیں، امانتؔ لکھنوی نے اس کی جمعؔ "ذو معنیاں" بھی نظم کی ہے:

Marfat.com

بولے ذومعنیاں اس ڈھب کی کہ شرما جائے　　پھبتی ایسی وہ کہے گرم کہ تجھ پر چھا جائے

(واسوختِ امانت، بند نمبر ۲۳ مجمع الاشعارِ ہندی، مطبوعہ مطبعِ حیدری، بمبئی)

نور میں "ذومعنی" کے ذیل میں "بامعنی، ضد مہمل کا" لکھا گیا ہے۔ بہ لحاظِ اصل تو یہ درست ہے، مگر استعمالِ عام میں "ذومعنی" اِس مفہوم میں استعمال نہیں کیا جاتا۔ اِس کی جگہ "بامعنی" کہتے ہیں۔ اردو میں "ذومعنی" ایسے لفظ یا بات کو کہتے ہیں جس میں پہلو داری ہو، دو مفہوم نکلتے ہوں۔ اصلاً اِس معنی میں "ذومعنیین" تھا، مگر استعمالِ عام میں اُس کی جگہ "ذومعنی" نے لے لی ہے۔ آصفیہ میں صحیح طور پر "ذومعنی" کے صرف یہی مستعملِ اردو معنی لکھے گئے ہیں: "ذومعنی ... وہ بات ہے جس میں کئی پہلو یا معنی نکلتے ہوں"۔ مگر مولّف نے اِس لفظ کو اِس معنی میں عربی لکھا ہے۔ یہ محلِّ نظر ہے۔ اردو لکھنا چاہیے تھا۔ عربی کے لحاظ سے اِس معنی میں "ذومعنیین" ہے۔ ہاں، "ذومعنیاں" نہ آصفیہ میں ہے نہ نور میں۔

حَسین: "لغات و کتبِ عربیہ میں حَسین کا لفظ نہیں پایا گیا، صرف صاحبِ منتخب نے لکھا ہے؛ لہذا خوب صورت، جمیل، حُسن والا کے معنی میں مہنّد ہے" (قاموس)۔

یہ لفظ المنجد میں بھی موجود ہے۔ نیاز فتح پوری نے غالباً مولّفینِ قاموس کے اِسی قول سے متاثّر ہو کر سیماب اکبرآبادی کے ایک مصرعے میں "خوابِ حسیں" کی ترکیب پر یہی اعتراض کیا تھا (انتقادیات، اوّل، ص ۱۵۵)۔ المنجد میں اِس لفظ کا موجود ہونا، مولّفین کے اُس قول کی تردید کے لیے کافی ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ اساتذۂ اُردو نے اِس لفظ کو بہ ترکیب نظم کیا ہے اور اس کی جمع "حسیناں" بھی بنائی ہے:

شرم یاں تک ہے کہ مانگے نہ خدا سے وہ دعا　　کر لے ہاتھوں سے نہ تا روئے حسیں کا پردہ

جرأت (تذکرۂ سرور، ص ۱۹۹)

Marfat.com

آخر مرے گھر آ ہی گیا وہ بُتِ حسیں — کچھ شک نہیں ہے قدرتِ پروردگار میں

جلیل مانک پوری

ہر طرف گل ہائے رنگا رنگ گلشن میں کھلے — جیسے صبحِ عید یک جا ہوں حسینانِ جہاں

امیر مینائی (مرآۃ الغیب)

مسی آلودہ سرانگشتِ حسیناں لکھیے — داغِ طرفِ جگرِ عاشقِ شیدا کہیے

غالب

نور و آصفیہ دونوں میں یہ لفظ موجود ہے، البتہ سند مذکور نہیں۔

دمشق، خسرو، عفو، لئیق، کنیت : مؤلفینِ قاموس نے دمشق کو بہ کسرِ اول لکھا ہے۔ لُغت میں بھی یہی صورت ہے۔ اردو میں بالعموم بہ فتحِ اول و کسرِ ثانی (دَمِشق) مستعمل ہے، اور اردو میں صرف یہی تلفظ قابلِ تسلیم ہے۔ نور و آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں۔ ہاں، غیاث اللغات میں بہت تفصیل کے ساتھ یہ لکھا گیا ہے کہ م کی حرکت میں ذرا سا اختلاف ہے، اُس کو بالفتح اور بالکسر، دونوں طرح کہا گیا ہے۔ یعنی اربابِ لغت کے نزدیک یہ "دِمَشُق" بھی ہے اور "دِمِشُق" بھی۔ دال پر بہ ہر طور زیر ہے۔ اِس سارے اختلاف کو فارسی و عربی سے متعلق سمجھنا چاہیے، اور اردو میں اس کو صرف بہ فتحِ اول و کسرِ ثانی (دَمِشُق) ماننا چاہیے۔

قاموس میں "خسرو" کو بہ فتحِ را لکھا گیا ہے (خُسَرَو)۔ یہی رائے مؤلفِ نور اللغات کی ہے: "بالضّم و فتحِ را"۔ آصفیہ میں اس کو بہ کسرِ اوّل و فتحِ سوم (خِسْرَو) لکھا گیا ہے۔ اِس لفظ کی حرکات میں خود فارسی کے اربابِ لُغت نے اختلاف کیا ہے۔ خانِ آرزو کی رائے میں بہ کسرِ اوّل ہے۔ صاحبِ بہارِ عجم کی رائے میں بہ ضمِّ اول و سوم ہے اور مؤلفِ غیاث نے بہ ضمِّ اول کو غلط اور بہ کسرِ اول و فتحِ سوم کو مرجح بتایا ہے۔ یہ تفصیل بہارِ عجم

Marfat.com

اور غیاث اللغات میں موجود ہے۔ اردو میں صورت یہ ہے کہ زبانوں پر بہ ضمِّ اول وسوم (خُسرُو) ہے۔ نظم میں اس کو بہ فتحِ سوم "ضَو" وغیرہ کا ہم قافیہ کیا گیا ہے۔ گویا حرفِ اول پر ہر حال میں پیش رہتا ہے اور حرفِ سوم پر اکثر پیش اور کم تر زبر آتا ہے (ضرورتِ شعری کے نتیجے میں)۔ اردو میں اسی صراحت کے ساتھ، اس لفظ کی ان دونوں صورتوں کو تسلیم کر لینا چاہیے۔ بہ کسرِ اول، جیسا کہ آصفیہ میں لکھا گیا ہے، اردو میں مستعمل نہیں، اس کو فارسی سے متعلق سمجھنا چاہیے۔

"عفو" کے متعلق لکھا گیا ہے: "بہ فتحِ اول وضمِّ فا صحیح نہیں" (قاموس) ــــ یہ قول درست نہیں۔ یہ صحیح ہے کہ عربی میں یہ لفظ بہ سکونِ فا ہے (عَفْوٌ) مگر فارسی میں اس کو بہ ضمِّ فا بھی نظم کیا گیا ہے: "فارسیاں بہ ضمِّ فا نیز استعمال کردہ اند" (بہارِ عجم)۔ صاحبِ غیاث اللغات کے الفاظ میں بہ ضمِّ دوم "نوعے از تفریس است"۔ بہ ضمِّ دوم کی سند میں یہ دو شعر لکھے گئے ہیں:

عفو کردم از وے عملہای زشت — بہ فضلِ خودش آورم در بہشت

(سعدی)

اگر سہوے بود در وے، عفو کن — دریدہ پردۂ کارم، رفو کن

(ناصر خسرو)

اردو میں اس لفظ کو بہ سکونِ دوم اور بہ ضمِّ دوم، دونوں طرح استعمال کیا جاتا ہے۔ مثالیں نور میں موجود ہیں۔ جناب آثر لکھنوی مرحوم نے یہ ــ خط کے جواب میں لکھا تھا: "لکھنؤ میں بہ فتحِ اول و ضمِّ دوم زبانوں پر ہے، مگر واوِ معروف کے بدلے، واوِ مجہول کے ساتھ بولتے ہیں" ــــــ اردو میں اس لفظ کو بہ سکونِ دوم اور بہ ضمِّ دوم، دونوں طرح صحیح ماننا چاہیے: عَفْوٌ، عَفُوٌ ــــ یہ بات کہ واو معروف ہے یا مجہول، اس کو بولنے والے پر چھوڑ دینا چاہیے۔ اہلِ لکھنؤ ایسے بعض الفاظ کو بہ واو مجہول ہی بولتے ہیں۔

Marfat.com

"عفو" کے متعلق اثر صاحب کی رائے اوپر پیش کی جا چکی ہے؛ اِسی وزن کا ایک لفظ ہے: عمو، اس کے متعلق مولانا نظم طباطبائی نے لکھا ہے: "میر عوض علی خاں، میر انیس کے ایک شاگرد تھے، اُنھوں نے مجھ سے بیان کیا کہ میں نے "عمو" کو بہ واوِ معروف پڑھا، تو میر صاحب نے منع کیا" [اردوے معلّٰی، بابت فروری و مارچ ۱۹۱۲ء] ۔ مگر یہ ضروری نہیں، کہ ہر جگہ کے لوگ اس کی پیروی کریں ۔ کچھ لوگ بہ واوِ معروف بولیں گے اور کچھ بہ واوِ مجہول ۔ اِس سلسلے میں کوئی پابندی عائد نہیں کرنا چاہیے، یہی مناسب صورت ہوگی ۔

کنیت کے متعلق لکھا گیا ہے: "بہ تشدیدِ نونِ مکسور (کنّیت) کہنا غلط ہے" (قاموس) نور اللغات میں بھی یہی لکھا گیا ہے: "بالضّم و فتحِ سوم صحیح، و بہ کسرِ نونِ مشدّد غلط"۔ دونوں کتابوں کے مؤلفین نے جن حرکات کو صحیح بتایا ہے، وہ عربی سے متعلق ہیں، مگر اُردو میں اِس کو بہ کسرِ نونِ مشدد ہی بولا جاتا ہے ۔ یہ تلفّظ خواہ عربی و فارسی لغات کے اندراجات کے خلاف ہو، مگر اردو کے لحاظ سے بالکل صحیح ہے ۔ آصفیہ میں اِس کو "کُنّیت" (بہ نونِ مشدّد) لکھا گیا ہے ۔ اردو میں یہی تلفّظ ہے، البتہ مؤلف نے بہ نونِ مشدّد کو عربی لکھا ہے؛ یہ درست نہیں ۔ یہ صراحت ضروری تھی کہ بہ نونِ مشدّد، اُردو کا تصرّف ہے ۔

مؤلفینِ قاموس نے لئیق کو بھی غلط بتایا ہے ۔ یہ ٹھیک ہے کہ یہ لفظ عربی میں نہیں پایا جاتا، فارسی والے بھی اس سے واقف نہیں؛ یہ لفظ اردو میں بنا ہے، اور اُردو میں بنے ہوئے ایسے بہت سے لفظوں کی طرح، بالعموم مستعمل ہے ۔ لئیق احمد اور لئیقہ، بہ طورِ نام بھی مستعمل ہیں ۔ آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں ۔ نور میں ہے، مگر یہ بھی لکھا گیا ہے کہ: "فصحا اِس جگہ "لائق" بولتے ہیں"۔ غالباً فصحاً "لئیق احمد" اور "لئیق الرحمان" کو بھی "لائق احمد" اور "لائق الرحمان" کہتے ہوں گے! اردو میں یہ لفظ بالکل صحیح ہے اور پوری طرح قابلِ قبول ہے، اُسی طرح جس طرح "شکیل" اور "عادی" "قابلِ قبول" بل کہ "واجب القبول"

Marfat.com

ہیں ـــــــ ہاں، آصفیہ میں "لئیق" تو موجود نہیں، مگر "لائق" کے ذیل میں، اُس کے مرادف کی حیثیت سے اِس نے جگہ نکال ہی لی ہے: "لائق ... واجب، سزاوار، ... ذی جوہر، ذی ہنر، لئیق، گنی ..." ۔ اِس سے استعمالِ عام کا بہ خوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

گھائل : اِس لفظ کے متعلق لکھا گیا ہے کہ "بہ کسرِ یا غلط" (قاموس)، مؤلفین کو غلط اور نادرست کہنے کی ایسی لَت پڑ گئی ہے کہ الفاظ کے متعلقات کو بھی نظر انداز کر دیتے ہیں۔ اِس لفظ کی صورت یہ ہے کہ اصل کے لحاظ سے تو یہ لفظ بہ فتحِ یا ہے، اڑیل اور سڑیل اور مریل کی طرح "گھایل" بھی اسی قبیلے کا لفظ ہے "یل" کا لاحقہ اس میں بھی ہے؛ اِس بنا پر بعض اساتذہ نے اس کو بہ فتحِ یا صحیح قرار دیا ہے، مگر استعمال کا حال یہ تھا کہ متقدمین اور متوسطین کے دواوین میں یہ لفظ اکثر مائل اور سائل کا ہم قافیہ ملتا ہے اور کم تر پھل اور بادل کے قافیے میں آیا ہے۔ اساتذۂ متاخرین یعنی امیر و جلال کے زمانے میں یہ لفظ بھی معرضِ بحث میں آیا۔ ناسخ کے شاگرد بحر لکھنوی نے اس لفظ کی اصل پر نظر رکھتے ہوئے، اس کو بہ فتحِ یا صحیح قرار دیا؛ مگر اُس زمانے کے اکثر اساتذہ نے اِس فیصلے کو تسلیم نہیں کیا اور متقدمین کی طرح، اس کو سائل کا ہم قافیہ سمجھتے رہے۔ گویا اکثریت استعمال نے لفظ کی اصلیت پر ترجیح حاصل کی۔ امیر مینائی نے ایک خط میں اس پر تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالی ہے؛ اِس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اُس کو یہاں پر نقل کر دیا جائے۔

"گھائل کو قدما میں اکثر شعرا نے بہ فتحِ یا موزوں کیا ہے ... [illegible]
نے بہ کسرِ یا موزوں کیا۔ البتہ اس طبقے میں بعض علوم نے بہ فتحِ یا لکھا ہے، اور مجھ سے بالمشافہہ یہ ذکر کیا کہ وزن سے لوگوں کو دھوکا ہو گیا ہے۔ درحقیقت ہندی لفظ ہے، بہ فتحِ یا۔ اُس صحبت میں امیر مرحوم بھی موجود تھے، اُن کے نزدیک بہ کسرِ یا ہی رہا، اور انھوں نے فرمایا کہ طبقۂ متوسطین میں جمہور شعرا نے

Marfat.com

بہ کسرِ یا کہا ہے؛ تقلید اُنھی کی مناسب ہے۔ اور خود وہ، اور اُن کے اتباع سے بیں بھی، بہ کسر ہی استعمال کرنا بہتر اور راجح سمجھتا ہوں"۔

(مکتوبِ امیر مینائی بہ نامِ حافظ سیّد عبدالجلیل مارہروی۔ تاریخِ نثرِ اردو، ص ۵۵۳)

جلال نے بھی یہی لکھا ہے :

"جناب شیخ امداد علی بحر مغفور کہ ارشد تلامذہ میں سے جناب شیخ ناسخ مرحوم کے تھے، وہ اِس لغت کو یائے تحتانی کے فتحے سے صحیح فرماتے تھے، اور صندل، مخمل وغیرہ کے قافیے میں لاتے تھے، لیکن اتفاق جمہور فصحاے لکھنؤ کا لغتِ مذکور میں یائے تحتانی کے کسرے ہی پر ہے، یعنی مکسور پڑھتے ہیں اور دل، بسمل کے قافیے میں لاتے ہیں"۔

(سرمایۂ زبانِ اردو)

شوق نیموی نے رسالۂ اصلاح میں اس بحث کو تفصیل سے لکھا ہے اور فحوائے عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن کے نزدیک اساتذۂ متاخرین نے بہ فتحِ یا کو مرجح سمجھا ہے۔ مگر اُن کی اِس راے سے اتفاق نہیں کیا جا سکتا۔ جیسا کہ امیر و جلال کی تصریحات سے ثابت ہے، اکثریت نے اِس کو سائل و مائل کا ہم قافیہ قرار دیا ہے۔ مولفِ آصفیہ کی تحریر سے بھی یہی واضح ہوتا ہے کہ دہلی و لکھنؤ کے شعرا کی اکثریت، اِس کو سائل کے وزن پر استعمال کرتی رہی ہے۔ اُن کی عبارت یہ ہے :

"اِس لفظ کے تلفظ کے سلسلے میں ذرا سا جھگڑا ہے، وہ یہ کہ حضرت ناسخ اور اکثر شعراے لکھنؤ و دہلی تو اس کو سائل و مسائل کے وزن پر، دل، تل، مشکل، بسمل، قاتل وغیرہ کے ساتھ قافیہ باندھنا فصیح سمجھتے ہیں، مگر بعض اہلِ دہلی اور ہندی لغات والے بہ فتحِ تحتانی صحیح اور فصیح خیال کرتے ہیں"۔

اِس عبارت میں بس ایک کمی ہے اور وہ یہ کہ "بعض اہلِ دہلی" کے ساتھ "بعض اہلِ لکھنؤ" بھی ہونا چاہیے تھا۔ بہ ہر صورت، بہ فتحِ یا ماننے والوں کی تعداد "بعض" کے ذیل میں آتی ہے،

Marfat.com

دہلی و لکھنو دونوں جگہ۔

ہاں، یہ صراحت ضروری ہے کہ جب یہ لفظ پھل اور بادل کا ہم قافیہ ہوگا تو اِس کو ی سے لکھا جائے گا، جیسے:

گماں کیوں کر نہ ہو خلدِ بریں کا صحنِ مقتل پر تصدّق ہوتی ہیں حوریں ترے خنجر کے گھایل پر

اور جب یہ دل، بسمل، سائل وغیرہ کے ساتھ آئے گا تو اس کو ہمزہ سے لکھا جائے، مثلاً:

نہ احباب کی تیغِ احساں سے گھائل نہ بیٹے سے طالب، نہ بیوی سے سائل

لغت میں اِس لفظ کی دونوں صورتوں کو صحیح اور مستعمل لکھا جائے گا، مگر مندرجۂ بالا تفصیل کے ساتھ۔

گروہ، گوارا، گواہ: مولفینِ قاموس نے ان تینوں لفظوں کو بضمِ اول صحیح مانا ہے اور یہ نری فارسی کی تقلید ہے۔ فارسی میں یہ لفظ بضمِ اول ہیں، مگر اردو میں یہ صورت نہیں۔ آصفیہ میں بھی اِن لفظوں میں گاف پر اہتمام کے ساتھ پیش لگا دیا ہے مثلاً گُواہ۔ گُواہی، گُواہی دینا وغیرہ۔ یہ فارسی کی پیروی ہے۔ اردو میں "گُواہ" اور "گُواہی" کوئی نہیں بولتا۔ نور میں "گواہ" اور "گوارا" کے ذیل میں تو بجا طور پر یہ صراحت کی گئی ہے کہ یہ دونوں لفظ، اردو میں زبانوں پر بہ فتحِ اول ہیں، مگر "گروہ" کو صرف بہ ضمِ اول لکھا گیا ہے۔

اردو میں گواہ اور گوارا تو صرف بہ فتحِ اول مستعمل ہیں اور اب ان لفظوں کی یہی صورت قابلِ تسلیم ہے۔ بہ ضمِ اول کو اردو قطعاً غیر متعلق سمجھنا چاہیے۔ اور "گروہ" کو اکثر لوگ بہ کسرِ اوّل بولتے ہیں اور بعض لوگ بہ فتحِ اول بھی کہتے ہیں، مگر بہ ضمِ اول کوئی نہیں بولتا۔

Marfat.com

غمی، طمانینت، فضا : مولّفینِ قاموس نے "غمی" کو چھوڑ کر "غم" بولنے کی تاکید کی ہے۔ کیا فرماتے ہیں مولّفین محسن کاکوروی کے اِس شعر کے متعلّق :

مَرا غصّہ، آتش، ستی ہوگئی جہنّم کے گھر میں غمی ہوگئی

(کلّیاتِ نعت، نامی پریس، ص ۱۸۸)

اِس میں جو مفہوم "غمی" سے ادا ہو رہا ہے کیا وہ "غم" سے ادا ہو سکتا ہے۔ مولّفین یہ بھول گئے کہ یہ دو مستقل لفظ ہیں۔ اردو میں "غمی" "غم" کا مرادف نہیں، بل کہ وہ دوسرے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔ فارسی میں "غمی" "غمیں" کا مرادف ہے (حلیم) مگر اردو میں موت، ماتم، رنج کے مفہوم میں آتا ہے۔ آصفیہ و نور دونوں میں یہ لفظ موجود ہے۔

"فضا" کو بالکسر غلط بتایا گیا ہے (قاموس) یہ قول بھی محلِّ نظر ہے۔ قابلِ لحاظ بات یہ ہے کہ "فضا" کے اصل معنی ہیں : فراخی اور کھُلا ہوا میدان ـــ بہار، رونق اور کیفیت کے معنوں میں یہ مہنّد ہے۔ پھر جب ایک لفظ کے معنوں میں تصرّف کیا جا سکتا ہے تو اُس کی حرکات میں تصرّف کیوں نہیں ہو سکتا؟ مولّفینِ قاموس کو معلوم نہیں کہ "فِضا" (بہ کسرِ اول) کو اُردو میں جائز ہی نہیں، مرجّح بتایا گیا ہے۔ صاحبِ نور نے بہ فتحِ اوّل لکھ کر مزید لکھا ہے کہ: "اردو میں زبانوں پر بہ کسرِ اول ہے"۔ جلیل مانک پوری کے ایک خط کا اقتباس ملاحظہ ہو :

> "فضا، بالفتح، مگر اردو بول چال میں بالکسر مستعمل ہے۔ اگر کوئی صاحب صحت کے خیال سے بالفتح کہیں، تو مضائقہ نہیں"۔
>
> (مکتوبِ جلیل، ماہ نامہ الحمرا (لاہور) نومبر ۱۹۵۶ء)

ہاں، آصفیہ میں اس کو صرف بہ فتحِ اول لکھا گیا ہے ـــــ اس لفظ میں حرفِ اوّل کی دونوں حرکات قابلِ تسلیم ہیں۔

Marfat.com

"طمانینت" کے ذیل میں لکھا گیا ہے: "طمانیت کہنا، سخت غلطی ہے" (قاموس) حالاں کہ اردو میں صرف "طمانیت" مستعمل ہے۔ یہی بات صاحبِ نور نے لکھی ہے۔ "طمانینت" کو تو اردو لغات میں لکھنا ہی نہیں چاہیے۔ تعجب ہے صاحبِ آصفیہ پر، جنھوں نے اردو میں بھی "طمانینت" کو صحیح اور "طمانیت" کو غلط بتایا ہے۔ اُن کی عبارت یہ ہے: "یہ لفظ جس طرح بہ فتحِ طاے (غیر) منقوط و یک نونِ مکسور مشہور ہے، غلط ہے۔ صحیح بہ ضمِ اول و کسرِ نونِ اول و یاے معروف و فتحِ نونِ ثانی، بہ معنیِ سکونِ قلب تصوّر کرنا چاہیے، گو صراح سے ایک نون کے حذف کا جواز ظاہر ہوتا ہے"۔ یہ عجیب منطق ہے۔ "طُمانِینَت" اردو میں تو کوئی بولتا ہی نہیں۔ اس قدر ثقیل لفظ رائج ہو بھی نہیں سکتا تھا۔ اس کے علاوہ جب صراح سے ایک نون کے حذف کا جواز ملتا ہے، تو پھر اُسے کیوں نہ مانا جائے؟ لغت پرستی بھی عجیب چیز ہے کہ بعض اوقات خوش مذاقی بھی اُس کے سامنے ماند پڑ جاتی ہے۔ اردو میں ط کا زبر ہی اچھا معلوم ہوتا ہے۔ بہ ہر صورت، اردو میں اب صرف ایک لفظ ہے "طمانیت" ط مفتوح، اور ن مکسور، آگے آیت۔

سفلی، سِفلی خیز، دن بہ دن:

قاموس میں "سفلی" کو عربی کی رعایت سے بہ ضمِ اول لکھا گیا ہے۔ عربی میں ضرور یہ بہ ضمِ اوّل ہے (المنجد)، مگر اردو میں زبانوں پر بہ کسرِ سین (سِفلی) ہے۔ اردو میں اس لفظ کے صرف اِسی تلفظ کو صحیح ماننا چاہیے، اور بہ ضمِ اول کو عربی کے لیے چھوڑ دینا چاہیے۔

آصفیہ میں "سُفلی" لکھا ہوا ہے، یعنی س پر پیش بھی ہے اور زیر بھی۔ مطلب یہ ہوا کہ اردو میں یہ لفظ دونوں طرح مستعمل ہے، مگر اس کے بعد "سِفلی عمل" میں سین پر صرف زیر لگا ہوا ہے؛ اِس سے استعمالِ عام کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ نور میں صرف "سِفلی"

Marfat.com

ملتا ہے اور اردو کے اعتبار سے یہی صورت صحیح اور فصیح ہے۔

مؤلفین نے "سنسنی خیز" کو بھی غلط بتایا ہے۔ اور "دن بہ دن" کو بھی غلط ٹھہرایا ہے۔ اردو میں معلوم نہیں کتنے ایسے لفظ ہیں جن کا ایک جُز فارسی یا عربی ہے اور ایک جُز ہندی ہے، جیسے: پھول دار، تھانے دار، لٹھ باز، چوکی دار وغیرہ؛ کس کس کو نکالا جائے گا۔ ذرا اس شعر کو دیکھیے:

اک بسنتی پوش سے آغوش رنگیں کیجیے
جی میں ہے، اِس مصرعِ موزوں کو تضمیں کیجیے

یا مثلاً یہ شعر:

یہی جھینکنا کو بہ کو، گھر بہ گھر ہے پسر کو ٹھکانا، نہ بیٹی کو بر ہے

اور ایسی ہی بے شمار مثالیں۔ مؤلفینِ قاموس ہوں یا کوئی اور بزرگ؛ اِس طرح کے اقوال قابلِ التفات نہیں۔

یگانگت، یک سانیت:

مؤلفینِ قاموس نے "یگانگت" کو غلط بتایا ہے اور "یک سانیت" کو بھی اِسی کے ساتھ نادرست قرار دیا ہے۔ آرزو لکھنوی نے بھی "یگانگت" کو ترک کرنے کی فرمایش کی ہے: "یگانگی کی جگہ یگانگت بولنا صحیح نہیں ہے" (نظامِ اردو، ص ۴۶)۔ مؤلفِ آصفیہ نے بھی یہی کہا ہے: "یہ لفظ غلط ہے، یگانگی صحیح ہے"۔ یہی رائے مولانا نظم طباطبائی کی تھی (معائبِ سخن، ص ۴۸)۔

زبان میں قواعد کی پابندیاں ٹوٹتی رہتی ہیں اور اس کے نتیجے میں بہت سے نئے لفظ بھی بن جاتے ہیں اور نئے لفظوں کے اضافے سے زبان کا دامن وسیع ہوتا ہے۔ اردو میں تو بہت سے لفظ اسی طرح بنے ہیں۔ اگر قاعدوں کی پابندی ہی کی جاتی رہتی

Marfat.com

تو یہ ذخیرہ عالمِ وجود میں آ ہی نہیں سکتا تھا۔ جب کوئی لفظ بن جائے اور رواج پا جائے، تو اُسے قبول کر لینا چاہیے۔ قواعد کی خاطر، ارتقاے زبان پر پابندیاں نہیں لگائی جا سکتیں، بل کہ زبان کی خاطر، قواعد کو لچک دار بننا پڑے گا۔ مولفِ آصفیہ نے "یگانگت" کے بجاے صحیح لفظ "یگانگی" بولنے کی فرمایش کی ہے۔ فرمایش کرنے کی حد تک تو یہ قول اچھا معلوم ہو سکتا ہے، جب اس پر عمل کیا جائے گا تب اندازہ ہو گا کہ یہ مشورہ کس قدر غلط ہے مثلاً مولانا سید سلیمان ندوی کی اس عبارت میں "یگانگت" کے بجاے "یگانگی" کا پیوند لگا کر دیکھیے، خود اندازہ ہو جائے گا:

> انگریزی کے سہارے یگانگت کا خیال، پرائے مال پر دولت مند بننے کی آرزو ہے" (نقوشِ سلیمانی، ص ۹۹)

ذیل کے جملوں میں یہی بات پائیے گا:

> کہتے ہیں کہ سلطانِ مصر نے بادشاہِ روم سے طرح یگانگت کی ڈالی"
> میر امّن (گنجِ خوبی، ص ۴۵)

> سو مسلمانوں میں یگانگت دین و مذہب کی کفایت کرتی ہے"
> میر امّن (گنجِ خوبی، ص ۱۹۰)

مصحفی کے اس شعر کو بھی دیکھیے:

اعتمادِ یگانگت بھی تھا　　اتحادِ موانست بھی تھا

مصحفی نے تو اس کو بہ ترکیب فارسی نظم کیا ہے؛ اب کیا فرماتے ہیں فصحاے کرام! "یگانگت" کی طرح "یکسانیت" بھی مستعمل لفظ ہے اور اب بالکل صحیح ہے۔ اس سے بحث نہیں کہ قاعدہ کیا کہتا ہے۔ قاعدے کی رو سے تو "معتوب" اور "شکیل" بھی غلط ہیں، اور "مشکور" بھی اسی ذیل میں آتا ہے، وغیرہ وغیرہ؛ کیا ان سب کو چھوڑا جا سکتا ہے؟ آصفیہ و نور دونوں میں "یک سانیت" موجود نہیں۔

Marfat.com

مشترک الفاظ

اردو میں مشترک الفاظ اچھی خاصی تعداد میں ہیں مشترک الفاظ سے، وہ لفظ مراد ہیں جن کی تذکیر و تانیث میں اختلاف ہے۔ یہ اختلاف کئی طرح کا ہے: کچھ لفظ تو دہلی و لکھنؤ کے دبستانی اختلاف کے تحت آتے ہیں۔ کچھ لفظوں کی صورت یہ ہے کہ ایک ہی دبستان کے بعض لوگ مذکر کہتے ہیں اور بعض مونث۔ ایک صورت یہ بھی ہے کہ ایک لفظ ایک زمانے میں مثلاً مذکر تھا، رفتہ رفتہ اُس کی تانیث کی طرف رجحان بڑھتا گیا، یا اِس کے برعکس۔ بڑی مشکل یہ ہے کہ لغات میں یا متعلقہ کتابوں میں ایسی بہت سی تفصیلات موجود نہیں؛ اور اس وجہ سے بعض اوقات، الجھن کے ساتھ ساتھ، غلط فہمی سے بھی دوچار ہونا پڑتا ہے۔

بہت سے لفظوں کی صورت یہ ہے کہ شروع میں اُن کی تذکیر و تانیث کا تعین نہیں ہو سکا، استعمال میں دونوں طرح آتے رہے؛ کچھ دنوں کے بعد کسی نے ایک صورت کو قبول کر لیا، کسی نے دوسری صورت کو اور نتیجہ یہ ہوا کہ کسی کتاب میں ایک قول کو ترجیح دی گئی اور کسی میں دوسرے قول کو درج کیا گیا۔ ڈاکٹر عبدالستار صدیقی مرحوم نے لکھا ہے:

"جنس یا تانیث و تذکیر کا اختلاف ہر دور میں رہا ہے، اور یہ اختلاف، مکان اور زمان دونوں پر مبنی ہے۔ بعض صورتیں ایسی بھی ہیں کہ زمان و مکان کا

Marfat.com

تفاوت نہیں، پھر بھی اختلاف موجود ہے۔ ایک ہی شاعر ایک لفظ کو کبھی مونّث، کبھی مذکّر کہہ جاتا ہے۔ بات یہ ہے کہ اردو نے مختلف اور متعدد زبانوں سے لفظ لیے ہیں؛ جب کوئی نیا لفظ آیا، اگر اُس میں اردو کی رُو سے کوئی علامت تانیث یا تذکیر کی نہ تھی، تو ایک مدت تک اُس کی جنس معیّن نہ ہو سکی، اور اِسی لیے اکثر لفظوں کا فیصلہ آج تک نہ ہو سکا۔ جنس ہی کے معیّن ہونے پر جمع کی صورت کا انحصار ہوا کرتا ہے؛ اِسی لیے اردو میں جنس اور عدد، دونوں سیّال حالت میں ہیں۔" (مقدمۂ کلیاتِ ولی، طبعِ دوم، ص ۳۴)

اِن کے علاوہ دو صورتیں اور ہیں: ایک تو یہ کہ کسی شاعر نے غلطی سے ایک جگہ کسی لفظ کو رواجِ عام کے خلاف مذکّر یا مونّث نظم کر دیا؛ اُس استعمال کو قبولِ عام تو حاصل نہیں ہوا، مگر بعض لغت نویسوں نے اُس کو سند کے طور پر قبول کر کے، اُس لفظ کو مختلف فیہ الفاظ کے زمرے میں شامل کر دیا۔ دوسری صورت یہ ہے کہ جن اشعار کو یا کسی ایک شعر کو کسی لفظ کی تذکیر یا تانیث کے لیے بہ طورِ سند پیش کیا گیا؛ اُن اشعار کو یا اُس شعر کو اصولاً بہ طورِ سند قبول کیا ہی نہیں جا سکتا تھا، محض غلط فہمی کا کرشمہ تھا؛ لیکن اُس سے ایک غلط اندراج کا اضافہ ہو گیا اور بعد والوں کے لیے وہ ایک اختلافی مسئلہ بن گیا۔

اِس طرح کے الفاظ کا جائزہ، ایک دل چسپ اور مفید کام ہوگا اور اُس سے بعض غلط فہمیوں کے ازالے میں مدد ملے گی۔ ذیل میں ایسے چند الفاظ کو ضروری تفصیلات کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔ اِس تحریر میں اِن الفاظ پر گفتگو کی گئی ہے: آب، صاد، الاپ، ایجاد، آغوش، املا۔

آب:

یہ لفظ حقیقی معنی کے لحاظ سے "پانی" کا مرادف ہے اور بالاتّفاق مذکّر ہے۔ مجازاً:

Marfat.com

تاب اور آب داری کے معنوں میں بھی آتا ہے اور اِن معانی میں مونّث ہے۔ اردو لغات میں بھی اِس کو اِن معانی میں مونّث ہی لکھا گیا ہے؛ لیکن جلاؔل نے اپنے رسالۂ تذکیر و تانیث[1] مفید الشعرا میں اِس لفظ کو مختلف فیہ الفاظ میں شامل کیا ہے (اگرچہ مونّث کو مرجّح لکھا ہے) اور مذکّر کی سند میں، آتشؔ کا ایک شعر اور ایک مصرع، اور بحرؔ[2] کا

---

[1] حکیم سیّد ضامن علی جلاؔل لکھنوی، متوفّی ۱۹۰۹ء (تذکرۂ کاملانِ رام پور) کا یہ قابلِ قدر رسالہ پہلی بار ۱۲۹۳ھ (۱۸۷۶ء) میں شائع ہوا تھا۔ اُس وقت اِس کا نام کارآمدِ شعرا تھا۔ نظرِ ثانی کے بعد یہ مفید الشعرا کے نام سے شائع ہوا۔ اِس رسالے کے کچھ مندرجات سے اختلاف کیا گیا ہے، مگر اس کو ہمیشہ قدر کی نگاہوں سے دیکھا گیا ہے اور مستند سمجھا گیا ہے۔ جلاؔل کے سب سے بڑے مخالف مولوی سیّد ظہیر احسن شوؔق نیموی نے، مختلف رسائلِ تذکیر و تانیث کا ذکر کرتے ہوئے، اِس رسالے کے متعلّق ایک جگہ لکھا ہے:

اِن میں مفید الشعرا، جناب جلاؔل کی تالیفات سے ہے۔۔۔۔ یہ رسالہ بہ اعتبارِ حجم اگرچہ چھوٹا ہے اور سند کے اشعار بھی بہت کم ہیں؛ مگر الفاظ اس میں سب رسالوں سے کہیں زیادہ ہیں۔ چوں کہ اِس کا مولّف نامی اساتذۂ لکھنؤ سے ہے، اور زبانِ حال لکھی ہے؛ اگرچہ بعض جگہ بہ مقتضائے بشریّت فاحش لغزش بھی ہے، مگر پھر بھی اِس کو ترجیح ہے، کیوں کہ دوسرے رسالوں کی بنا صرف تتبّع پر ہے، زبانِ قدیم و جدید و شاذ وغیرہ کی کیفیت اُن سے ظاہر نہیں ہوتی۔ رشحاتِ صفیر میں اس کی کوشش کی گئی ہے؛ مگر وہ بات جو مفید الشعرا میں ہے، نہیں۔"

(حاشیۂ رسالۂ اصلاح، ص ۲۱)

[2] شیخ امداد علی بحرؔ لکھنوی، تلمیذِ ناسخؔ (تذکرۂ نادر)۔ "تحقیقِ الفاظ میں، رشکؔ کے بعد ناسخؔ کے شاگردوں میں یہی ممتاز تھے۔" (آبِ بقا، ص ۱۴۲) ان کا مطبوعہ دیوان موجود ہے، جس کا نام ریاض البحر ہے۔ قواعدِ زبان و لغت پر مشتمل ایک رسالہ بھی مرتّب کیا تھا جس کا مخطوط (اگلے صفحے پر)

Marfat.com

ایک شعر پیش کیا ہے۔ جلالؔ کی تقلید میں، رشحاتِ صفیرؔ[1] اور ارمغانِ احبابؔ[2] میں بھی اِس لفظ کو مختلف فیہ لکھا گیا ہے، اور مذکّر کی سند میں آتشؔ کا وہی شعر درج کیا گیا ہے، جس کو جلالؔ نے لکھا ہے ——— لیکن جلالؔ کا یہ فیصلہ محلِّ نظر ہے۔ جلالؔ نے مذکّر کی درج ذیل اسناد پیش کی ہیں:

نشّے ہی میں یا الٰہی مے کشوں کو موت دے — کیا گھر کی قدر، جب آبِ گہر جاتا رہا[3]

(آتشؔ)

(بقیہ صفحۂ گذشتہ) رضا لائبریری رام پور میں محفوظ ہے، اس کا نام بحر البیان ہے۔ کتابوں میں بحرؔ کا سالِ وفات ۱۳۰۰ھ لکھا ہوا ہے۔ غالباً سب سے پہلے صفیرؔ بلگرامی نے جلوۂ خضر میں اس سنہ کو لکھا تھا، بعد کو اسی کو نقل کیا جاتا رہا۔ امیرؔ مینائی کے ایک شاگرد مولوی مہدی علی خاں منازؔ رام پوری نے ایک مجموعۂ قطعاتِ تاریخ وفات مرتّب کیا تھا جس کا مخطوطہ رضا لائبریری میں محفوظ ہے۔ اُس کا نام مجموعۂ لطیف ہے۔ اُس میں امیرؔ کا کہا ہوا قطعۂ تاریخِ وفاتِ بحرؔ موجود ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بحرؔ کا انتقال ۱۲۹۳ھ/۱۸۷۶ء میں ہوا تھا۔ اُس قطعے کا شعرِ آخر یہ ہے:

ساختم فکرِ بہ تاریخِ وفاتش چو امیر — گفت دل "نیک موج بحر بہ ساحل برسید"

یہ واضح رہے کہ امیرؔ کا انتقال ۱۲۹۹ھ میں ہوا ہے۔

[1] سید فرزند احمد صفیرؔ بلگرامی، متوفّی ۱۳۰۰ھ، تلامذۂ غالبؔ، جس ۱۸۷۴ء کی معروف تالیف ہے۔ میرے سامنے اس کتاب کا وہ اڈیشن ہے جو صفیرؔ کی نظرِ ثانی کے بعد مطبع احمدی پٹنہ سے شائع ہوا تھا۔

[2] مؤلفہ منشی قادر علی صفیؔ پوری، ملازم ریاست بھوپال۔ یہ رسالہ مطبع شاہجہانی بھوپال میں ۱۲۹۳ھ میں چھپا تھا۔ اچھا خاصا رسالہ ہے۔ البتہ تحقیق سے کم کام لیا گیا ہے۔

[3] کلیاتِ آتشؔ، طبع دوم، جس ۳۳۰ پر یہ قطعہ ہے۔ ملّا نثار علی خاں دلؔ لکھنؤ میں چھپا تھا۔ پہلا دیوان ۱۲۶۵ھ میں اور دوسرا دیوان جمادی الاولیٰ ۱۲۶۸ھ میں مکمل ہوا تھا۔ صفحات کے نمبر مسلسل ہیں۔

Marfat.com

ع : ڈوبوں[1] گا میں، ڈبوئے گا آبِ گہر مجھے (آتش)

جب[2] کہ سمجھے زندگی، مرنا تہِ شمشیرِ یار اپنے حق میں آبِ حیواں، آبِ آہن ہو گیا

(بحر)

اِس سلسلے میں کئی باتیں قابلِ توجہ ہیں :

ا۔ "آب" بہ معنیِ تاب و آب داری مونّث ہے، لیکن جب یہ مرکّب ہو، جیسے: آبِ گہر، آبِ آہن، آبِ تیغ وغیرہ، اور اس کو مذکّر استعمال کیا جائے؛ تو وہاں درحقیقت آبِ حقیقی سے استعارہ ہوتا ہے، لفظِ "آب" کے مجازی معنی (آب داری) مراد نہیں لیے جاتے۔ ایسے مقامات پر آبِ حقیقی کے لوازم مذکور ہوتے ہیں؛ اِس لیے اُن مرکّبات کو لازماً مذکّر استعمال کیا جائے گا۔ اِس سے مفرد لفظ "آب" (بہ معنیِ آب داری) کی تانیث پر کچھ اثر نہیں پڑے گا، جیسا کہ امیر مینائی نے لکھا ہے :

شعرا جب آبِ گہر یا آبِ تیغ کو مذکّر باندھتے ہیں، تو وہ آبِ حقیقی سے استعارہ ہوتا ہے، اور لوازم آبِ حقیقی کے ثابت کرتے ہیں۔ جیسا کہ بحر کے اس شعر میں، گٹّوں تک یا گلو تک ہونا، آبِ حقیقی کے لوازم سے ہے :

کوچے کٹواتے ہیں میرے، باڑھ پر ہے آبِ تیغ آج گٹّوں تک ہوا، کل تا گلو ہو جائے گا"[3]

(امیر اللغات، جلدِ اوّل، ص ۱۳)

آتش کے مصرعے اور بحر کے شعر میں "آبِ آہن" اور "آبِ گہر" کی یہی صورت ہے کہ

---

[1] پورا شعر یوں ہے : جب دیکھتا ہے یار، تو ہے دانت پیستا ؛ ڈوبوں گا میں ڈبوئے گا آبِ گہر مجھے۔ (ایضاً ص ۱۷۲)

[2] ریاض البحر، ص ۲۸۔

[3] یا جیسے آتش کا یہ شعر : تشنگی کرتی جو محتاجِ دمِ خنجر مجھے ؛ آبِ آہن، شیرِ دایہ کی حلاوت مانگتا (کلیاتِ آتش، طبعِ دوم، ص ۷)

Marfat.com

معمولِ شعرا کے مطابق، دونوں جگہ آبِ حقیقی سے استعارہ کیا گیا ہے، اور آبِ حقیقی کے لوازم موجود ہیں؛ اِس لیے اِن دونوں مثالوں کو، مفرد لفظِ "آب" (بہ معنیِ آب داری) کی تذکیر کی سند میں کسی طرح پیش نہیں کیا جا سکتا۔

۲۔ آتشؔ کے شعر (نشے ہی میں یا الٰہی ...) میں "آبِ گہر" ضرور اس طرح آیا ہے کہ اِس کے سوا کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ یہاں اُن سے تسامح ہوا، اور انھوں نے بے خیالی میں "آبِ گہر" کو اس طرح نظم کر دیا جیسے آبِ حقیقی سے استعارہ کیا گیا ہو۔ حالاں کہ یہاں لفظِ "آب" مجازی معنی میں آیا ہے۔ اِس خیال کی تائید کئی طرح ہوتی ہے:

(الف) آتشؔ کے کلیات میں، زیرِ بحث شعر کے علاوہ، جہاں بھی یہ لفظ اِس طرح آیا ہے، آبِ حقیقی کے لوازم کے ساتھ آیا ہے، مثلاً:

کلیاں آبِ گہر کی بھی جو خوش رو کرتے — تیرے دانتوں کی نہ دانتوں میں صفائی ہوتی

(کلیات، طبع دوم، ص ۲۲۱)

ہمارے اشک کے قطرے ہیں حاضر، آبِ گوہر سے — بھرا چاہے جو پانی وہ صنم چاہِ زنخداں میں

(" " " ص ۱۳۱)

روح کو تفریح اُن دانتوں کے دیکھے سے ہوئی — آبِ گوہر سے، ہرا دل کا صنوبر ہو گیا

(" " " ص ۶۲)

الٰہی! بازوِ قاتل میں زورِ دستِ قدرت دے — روانی ہے اسی کے دم سے آبِ خشکِ خنجر میں

(" " " ص ۱۲۹)

(ب) آتشؔ نے مفرد لفظ "آب" کو مجازی معنی میں کہیں اور مذکر نظم نہیں کیا، البتہ ایک جگہ مونث ضرور لکھا ہے، شعر یہ ہے:

جلے ہر موئے تن، اے کاش میں گردن رکھتا — آب، ابرو کے ہر اک بال میں، تلوار کی تھی

(" " ص ۱۸۴)

Marfat.com

اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ آتش درحقیقت اِس کی تانیث ہی کے قائل تھے۔

(ج) آتش اور اُن کے تلامذہ کے یہاں (زیرِ بحث شعر سے قطعِ نظر) "آبِ گہر" (موتی کی آب کے معنی میں) کہیں مذکر نظم نہیں ہوا ہے، البتہ تانیث کی مثالیں مل سکتی ہیں، مثلاً:

چاہیے انسان کو بھی پاسِ حفظِ آبرو　　یاد رکھے، جا کے پھر آبِ گہر ملتی نہیں

رند (دیوان مطبوعۂ نول کشور پریس، ص ۱۸۴)

(د) آتش کے زیرِ بحث شعر کو، مفرد لفظِ آب کی تذکیر کی سند کے طور پر، جلال اور اُن کی تقلید میں مولفِ ارمغانِ احباب کے علاوہ، اور کسی نے تسلیم نہیں کیا؛ بل کہ اور لوگوں نے یہ صراحت کر دی ہے کہ آتش نے یہ خلافِ جمہور کہا ہے۔ صفیر بلگرامی، جنھوں نے جلال کی تحریر کے پیشِ نظر، اس لفظ کو مختلف فیہ لکھ دیا ہے، لکھتے ہیں:

"یا بعض الفاظ جن میں سب شعرا و فصحا متفق ہیں، مگر ایک دو شاعروں نے اُن کے خلاف باندھا؛ تو ہم کو جمہور کی تقلید کرنی ہوگی۔ جیسے "آبِ گہر" کہ جو قواعد کی رو سے بھی مونث ہے، اور فصحا کا برتاو بھی یہی ہے؛ اُس کو آتش مذکر باندھ گئے ہیں۔" (رشحاتِ صفیر، ص ۳۹)

شوق نیموی[1] نے رسالۂ اصلاح میں، "آب" بہ معنیِ آب داری کو مونث لکھ کر، لکھا ہے:

---

[1] مولوی سید ظہور احسن شوق نیموی، تلمیذِ شمشاد لکھنوی۔ اپنے زمانے کے معروف اہلِ علم میں تھے۔ جلال پر بہت سے اعتراض کیے تھے اور اچھی خاصی معرکہ آرائی ہوئی تھی۔ اس کی کچھ تفصیل اُن کی کتاب یادگارِ وطن میں بھی دیکھی جا سکتی ہے۔ متوفی ۱۷ رمضان ۱۳۲۲ھ (۱۹۰۴ء)۔ "شوقِ سخنور" مادۂ تاریخِ وفات ہے۔ اُن کی مثنوی سوز و گداز کے آخر میں قطعاتِ تاریخِ وفات بھی شامل ہیں۔ ایک قطعے میں اُن کی تصانیف کے نام بھی ہیں (مثنوی سوز و گداز، مطبوعۂ نظامی پریس پٹنہ)۔ اُن کا رسالہ اصلاح، اُس زمانے میں مقبول ہوا تھا۔ میرے سامنے وہ اڈیشن ہے جس کو (باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

"بعضوں نے جو اِس کو مذکّر استعمال کیا ہے، وہ جمہور شعرا کے خلاف ہے۔" (ص ۲۱) یہ درحقیقت ایراد ہے جلّال کے اُس قول پر کہ یہ لفظ مشترک الفاظ میں سے ہے ـــــــ اِسی ذیل میں شوق نے مزید لکھا ہے: "ہاں جہاں پانی کی رعایت کی گئی ہو، وہاں مذکّر بھی استعمال کرنا درست ہے۔" اور مثال میں ناسخ کا ایک مصرع اور بحر کا وہی شعر لکھا ہے جس کو جلّال نے "آب" (بہ معنیِ آب داری) کی تذکیر کی سند میں پیش کیا ہے۔ یہ بھی درحقیقت ایراد ہے اس پر کہ جلّال نے سند میں صحیح شعر پیش نہیں کیا، اور "لوازم آبِ حقیقی" والے نکتے تک اُن کی نظر نہیں پہنچی۔

مولّفِ معین الشعرا[1] نے "آب" بہ معنیِ آب داری کو مونّث لکھ کر حاشیے میں لکھا ہے: "خلاف جمہور کے، ایک جگہ آتش نے مذکّر بھی لکھا ہے۔"

(۲) بحر کا جو شعر جلّال نے مذکّر کی سند میں درج کیا ہے؛ جیسا کہ اوپر لکھا جا چکا ہے، اُس کو لفظِ "آب" کی تذکیر کی سند میں نہیں پیش کیا جا سکتا، اور نہ جلّال کے سوا، کسی نے اُس کو پیش کیا ہے۔ اِس ضمن میں یہ بات خاص طور پر قابلِ ذکر ہے کہ بحر نے ہر جگہ "آب" بہ معنیِ آب داری کو مونّث ہی نظم کیا ہے۔ اُن کے دیوانِ مطبوعہ

(بقیہ صفحہ گذشتہ) مولانا حسرت موہانی نے، اردو پریس علی گڑھ سے شائع کیا تھا۔ یہ دراصل دو رسائل کا مجموعہ ہے: ایک فارسی رسالہ ازاحۃ الاغلاط، جو لغت کے موضوع پر ہے، اور دوسرا اصلاح، جس میں مختلف قواعدِ زبان و شاعری جمع کیے گئے ہیں۔ اِس رسالے کے حواشی کا [illegible] نے ایضاح رکھا تھا۔ یہ گویا ایک ضمنی رسالہ ہوا۔ کارآمد رسالہ ہے۔

[1] مولّفہ منشی غلام حسین آفاق بنارسی، شاگردِ جلیل مانک پوری، متوفی ۶ اکتوبر ۱۹۳۴ء (مقدمہ معین الشعرا)۔ تذکیر و تانیث کے موضوع پر غالباً سب سے ضخیم تالیف ہے، بل کہ اچھا خاصا لغت ہے۔ اسناد کے ساتھ، ہر لفظ کے امداد بھی لکھ دیے ہیں۔ یہ کتاب مولّف کے انتقال کے بعد، عتیق بک ڈپو لکھنؤ سے شائع ہوئی۔ سالِ طبع درج نہیں، سنہ تکمیلِ تالیف ۱۳۵۲ھ (۱۹۳۳-۳۴ء) ہے۔ اچھی ضخیم کتاب ہے۔

Marfat.com

ہیں ایک شعر بھی ایسا نہیں ہے جس میں یہ لفظ بہ تذکیر آیا ہو۔ بہ طورِ مثال، مونّث کی چند اسناد اُن کے دیوان سے نقل کی جاتی ہیں :

جو آب آئنے کی جائے، ہم مکدّر ہوں وہ کون ہیں، جو کسی کی ہیں آبرو لیتے

(ریاض البحر، ص ۲۰۰)

مٹائی موتیوں کی آب اُس کے دانتوں نے اڑا دیا لبِ رنگیں نے رنگ لالوں کا

(ریاض البحر، ص ۱۴)

گردونِ دوں ہے درپے، رندو! پیو پیا پئے پھر ایک قطرۂ مے، موتی کی آب ہوگا

(ریاض البحر، ص ۲۰)

نیز بحرؔ کے دیوان میں "آبِ گہر" یا اِس نوع کا کوئی مرکّب، جس میں آبِ حقیقی سے استعارہ نہ ہو، بل کہ آب داری کے معنی مراد ہوں؛ مذکّر نظم نہیں ہوا ہے۔

(و) اردو کے کسی لغت نگار نے لفظ "آب" بہ معنیِ آب داری کو مذکّر نہیں لکھا، سب نے صرف مونّث لکھا ہے۔ نیز آبِ گہر، آبِ آہن، آبِ تیغ جیسے مرکّبات کو، جن میں آب داری کے معنی ہوں، صرف مونّث لکھا ہے۔ اِسی طرح، جن رسائلِ تذکیر و تانیث کا ذکر آچکا ہے، اُن کے علاوہ دوسرے قابلِ ذکر رسائل میں بھی یہی طریقہ اختیار کیا گیا ہے، مثلاً : رسالۂ بسیط[1] اور رسالۂ جلیل[2]۔

---

[1] یہ رسالہ غیر مطبوعہ ہے۔ اس کا مخطوطہ رضا لائبریری (رام پور) میں ہے۔ مولّفہ، آغا محسن علی عرف آغا جوؔ ہندی لکھنوی، ابنِ محمد علی خاں، ابنِ نوّاب شجاع الدولہ (تذکرۂ انتخابِ یادگار) یہ دربارِ رام پور سے متعلّق تھے۔ یہ مخطوطہ، فہرستِ کتب خانہ کی صراحت کے بہ موجب، مولّف کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ اس میں الفاظ کو تین حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے : مذکّر، مونّث، مشترک۔ مشترک الفاظ میں اس کی بھی صراحت کر دی گئی ہے کہ مولّف کی رائے میں ترجیح کسے ہے۔ رسالے کا سالِ اتمام ۱۲۹۴ھ ہے۔ مولّف کی شخصیت کے لحاظ سے بھی یہ رسالہ قابلِ ذکر ہے۔ سنہ ۱۳۰۰ھ (۸۳-۱۸۸۲ء) میں انتقال ہوا (تاریخِ لطیف) (باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

مختصر یہ کہ مفرد لفظ "آب" بہ معنیِ تاب و آب داری، متّفق علیہ مونّث ہے۔ اِس کے مرکّبات، جن میں آبِ حقیقی سے استعارہ ہو، مذکّر آتے ہیں۔ جن میں آب داری کا مفہوم ہو، وہ مونّث آتے ہیں۔ آتش کے اُس ایک شعر کی حیثیت شاذ کی ہے، یہ آتش کا تسامح ہے؛ اِس لیے اُس شعر کی بنا پر اس کو مختلف فیہ الفاظ میں شامل نہیں کیا جا سکتا۔ جلالؔ نے آتش کے جس مصرعے، اور بحرؔ کے شعر کو، تذکیر کی سند میں پیش کیا ہے: اُن دونوں میں، ایسے دوسرے اشعار کی طرح، آبِ حقیقی سے استعارہ کیا گیا ہے؛ اِس لیے اُن کو "آب"، بہ معنیِ آب داری کی بحث میں پیش ہی نہیں کیا جا سکتا۔ یہ جلالؔ کا تسامح ہے۔

صاد :

عربی کے حروفِ تہجّی میں چودھواں حرف ہے، آنکھوں کو بھی اِس سے تشبیہ دیتے ہیں، صحیح یا منظور ہونے کی علامت بھی ہے؛ اِن سب معانی میں اِس کو مذکّر استعمال کیا گیا ہے۔ اسنادِ لغات میں موجود ہیں۔ لیکن ایک غلط فہمی کی بنا پر اس کو بھی مشترک الفاظ میں شامل کر لیا گیا۔ معلوم نہیں اِس غلط فہمی کا آغاز کس طرح ہوا، البتّہ یہ معلوم ہے کہ بیش تر اربابِ لغت و رسائل اِس میں مبتلا ہوئے۔ ایک ایسے شعر سے اِس کی تانیث پر استدلال کیا گیا، جس کو تانیث کی سند میں پیش کیا ہی نہیں جا سکتا تھا؛ مگر نقلِ قول کو کیا کہا جائے کہ رفتہ رفتہ اِس کا مختلف فیہ ہونا مسلّم ہو گیا۔

جلالؔ نے مفید الشعرا میں اِس کو صرف مذکّر لکھا ہے اور یہ بالکل صحیح ہے۔ مؤلّفِ آصفیہ نے اِس کو "اسمِ مذکّر و مونّث" لکھ کر، مثال میں مثنوی گلزارِ نسیم کا یہ شعر لکھا ہے:

"صاد آنکھوں کی دیکھ کر پسر کی　　بینائی کے چہرے پر نظر کی"

۱؎ حافظ جلیل حسن جلیلؔ مانک پوری، تلمیذ و جانشینِ امیرؔ مینائی، کی تالیف۔ اِس کا نام رسالۂ تذکیر و تانیث ہے۔ سالِ ترتیب ۱۳۲۶ھ (۱۹۰۹ء) ہے۔ اخترِ دکن پریس حیدرآباد میں چھپا تھا۔

Marfat.com

اور اِس شعر کے نیچے مزید صراحت کی ہے کہ "تانیث کی مثال بھی اِس شعر سے ثابت ہے"۔

نور اللغات، رشحات اور ارمغانِ احباب میں بھی نسیم کے اِسی ایک شعر کو تانیث کی سند میں لکھا گیا ہے۔ اِس طرح "صاد" بھی مختلف فیہ الفاظ میں شامل ہوگیا، حالاں کہ نسیم کے اِس شعر سے تانیث ثابت نہیں ہوتی۔ اثباتِ تانیث کے لیے یہ ضروری ہے کہ مصرعِ اوّل کو یوں لکھا جائے: "صاد آنکھوں کی دیکھ کر پسر کی"؛ لیکن یہ کیسے کہا جاسکتا ہے کہ اِس مصرعے میں "آنکھوں کی" کے بجائے "آنکھوں کے" نہیں ہے؟

اب سے پہلے یائے معروف و مجہول کی کتابت میں امتیاز ملحوظ نہیں رکھا جاتا تھا؛ اِسی لیے اُس زمانے کی کسی تحریر میں اگر کوئی لفظ بہ یائے معروف یا بہ یائے مجہول لکھا ہوا ہو، یا چھپا ہوا ہو؛ تو اُس کتابت کی بنا پر، اُس لفظ کی تذکیر یا تانیث کا فیصلہ نہیں کیا جاسکتا، اور نہ ایسے کسی شعر کو سند کے طور پر پیش کیا جاسکتا ہے، اور یہ مسلّمہ قاعدہ ہے۔ مثنوی گلزارِ نسیم کا پہلا اڈیشن ۱۲۶۰ھ میں، مطبعِ حسنی میر حسن رضوی[1] سے شائع ہوا تھا۔ اُس میں، اُس زمانے کے رواج کے مطابق، یائے معروف و مجہول کا امتیاز نہیں ہے؛ یہ مصرع اُس میں اِس طرح چھپا ہوا ہے: "صاد آنکھوں کی دیکھ کر پسر کی"۔ لطیفہ یہ ہوا کہ ۱۹۰۵ء میں چکبست نے اِس مثنوی کا جو اڈیشن چھاپا[2]، اُس میں بھی "صاد آنکھوں کی" ہے۔ جن لوگوں نے پہلے اڈیشن کو یا نسخۂ چکبست کو دیکھا اور اس بات کو ملحوظ نہیں رکھا کہ یہاں "کی" یا "کے" میں سے کیا مرجّح ہوسکتا ہے؛ یا یہ کہ "کی" ہو یا "کے"، اس سے نہ تانیث پر استدلال کیا جاسکتا ہے نہ تذکیر پر؛ اُنھوں نے "صاد آنکھوں کی" پڑھا اور اس کتابت کی بنیاد پر یہ فرض کرلیا کہ نسیم نے اِس کو مونّث نظم کیا ہے۔

[1،2] یہ دونوں اڈیشن اب کم یاب ہیں۔ رضا لائبریری رام پور میں یہ دونوں اڈیشن موجود ہیں؛ اور میں نے انھی سے استفادہ کیا ہے۔

Marfat.com

شروع میں ایک لغت نویس نے اِس غیر صحیح بات کو لکھا؛ دوسروں کے لیے محض اُس لغت نویس کا لکھنا آیت و حدیث ہوگیا۔

مجھے تعجّب اِس پر ہے کہ صفیر بلگرامی نے رشحات میں اِس شعر کو تانیث کی سند میں کیسے قبول کرلیا اور اس طرح اِس کو بھی مشترک الفاظ میں شامل کر دیا؛ جب کہ اُنھوں نے اپنی اِس کتاب میں کئی جگہ یہ صراحت کی ہے کہ جن اشعار میں غلط اکاتب کا احتمال ہو، یا محض "کی" یا "کے" پر سند کا انحصار ہو، تو ایسی اسناد کو قبول نہیں کیا جا سکتا۔ یہی نہیں، انھوں نے دوسروں پر اس سلسلے میں اعتراض بھی کیا ہے۔ مثلاً جلّال نے مفید الشعرا میں لفظ "مشتری" کی تانیث کی سند میں یہ دو شعر لکھے ہیں:

نقدِ جاں لائی ہے، تا لے مول نور اُس ماہ سے　　مشتری رکھا ہے نام اپنے لیے برجیس کا

(ناسخ)

تیرا غلام کچھ مہِ کنعاں فقط نہیں　　کہتی ہے مشتری بھی، میں تیری خریدہ ہوں

صفیر نے اِن اسناد پر اعتراض کرتے ہوئے لکھا ہے:　　(ناسخ)

"مولف کہتا ہے کہ کارآمدِ شعرا کی ان مثالوں سے مونث ہونا کچھ ضرور نہیں کہ ثابت ہو۔ کیوں کہ کتابت کی غلطی بھی ہو سکتی ہے۔ یعنی "نقد جاں لایا ہے" اور "کہتا ہے مشتری" بھی کہہ سکتے ہیں۔" (رشحاتِ صفیر، ص ۴۷)

جلّال نے "طوطی" کی تانیث کی سند میں رشک کا یہ شعر بھی لکھا ہے:

طوطیِ سبزۂ خط صاف یہی کہتی ہے　　ہیں وہی عارضِ آئینۂ جاناں اب تک

صفیر نے اِس پر بھی یہی اعتراض کیا ہے:

"اور رشک کے شعر کی جو سند دی گئی، اس کو ماننا مشکل ہے، کیوں کہ "طوطیِ سبزۂ خط صاف یہی کہتا ہے" بھی ہو سکتا ہے۔ از روے غلطیِ کتابت، یہ مثال کافی نہیں۔ حضرت جلّال ایسی ہی مثالیں دیا کرتے ہیں۔" (رشحاتِ صفیر، ص ۶۸)

Marfat.com

ایک طرف تو یہ احتیاط کہ افعال میں بھی غلطیِ کتابت کے احتمال کی بنا پر، سند کو قبول نہ کرنا؛ اور دوسری طرف یہ صورت کہ جس سند کی بنا محض "کی" اور "کے" کے قدیم اندازِ کتابت پر ہے، اُس کو بے تکلّف قبول کر لیا !!

بہ ہر صورت، "صاد" مذکّر ہے۔ جن لوگوں نے گلزارِ نسیم کے زیرِ بحث شعر کی بنا پر اِس کو مونّث فرض کر کے، اِس کو مختلف فیہ الفاظ میں شامل کر دیا؛ اُن سے غلطی ہوئی۔ اِس شعر میں "صاد آنکھوں کے" پڑھا جائے گا، کیوں کہ یہ مذکّر ہے اور اب تک اِس کی تانیث کی کوئی قابلِ قبول سند نہیں ملی ہے۔ بالفرض، کوئی صاحب اِس قرائت کو مرجّح نہ مانیں؛ تب بھی اصولاً اِس شعر کو تانیث کی سند میں نہیں پیش کیا جا سکتا۔ اور جب تک تانیث کی کوئی مثال نہ ملے، اُس وقت تک اِس کو مختلف فیہ بھی نہیں کہا جا سکتا۔

الاپ :

جلّال نے مفید الشعرا میں "الاپ" کو مشترک الفاظ میں شامل کیا ہے، مگر یہ صراحت نہیں کی کہ ترجیح کسے ہے۔ البتّہ آغا حجّو ہندی نے رسالۂ بسیط میں مذکّر کو مرجّح لکھا ہے۔ جلّال نے مذکّر کی سند میں ایک شعر لکھا ہے، اور مونّث کے متعلّق لکھا ہے کہ اِس کی سند کلامِ اساتذہ میں نہیں ملی۔ اُن کی عبارت یہ ہے :

"الاپ، مختلف فیہ ہے۔ مذکّر و مونّث دونوں طرح بولا جاتا ہے، چناں چہ قدرت نے مذکّر کہا ہے :

ایک ہی پردے کے، تم سمجھو، تو ہیں یہ سب الاپ
گر صدائے بانگ ہے، ور نغمۂ ناقوس ہے

اور مونّث کی کوئی مثال مولّف کو کلامِ اساتذہ میں ملی نہیں، اِلّا یاد پڑتا ہے کہ مونّث بھی کہا گیا ہے۔" (مفید الشعرا)

جلّال نے مذکّر کی سند میں جو شعر درج کیا ہے، وہ شاہ قدرت اللہ قدرت کا ہے۔

Marfat.com

تذکرۂ میر حسن، تذکرۂ ہندی اور سخنِ شعرا میں یہ انھی کے نام سے ملتا ہے۔ یہ اُن کی مشہور غزل کا شعر ہے، جس میں وہ معروف قطعہ بھی شامل ہے، جس کا پہلا شعر یہ ہے:

کل ہوس اِس طرح سے ترغیب دیتی تھی مجھے　　کیا ہی ملکِ روم ہے، کیا سرزمینِ روس ہے

مگر اصولاً قدرت کے اس شعر کو تذکیر کی سند میں پیش نہیں کیا جا سکتا، کیوں کہ تذکیر کا انحصار "کے" پر ہے، اور یہاں "کی" بھی ہو سکتا۔ یہ بات پہلے لکھی جا چکی ہے کہ ایسے اشعار کو سند کے طور پر پیش نہیں کیا جا سکتا جن میں "کی" یا "کے" پر سند کا انحصار ہو۔ جن تذکروں کا اوپر حوالہ دیا گیا ہے، اُن میں اِس شعر کے متن کی صورت یہ ہے:

ایک ہی پردے کی گر سمجھو تو ہے یہ سب الاپ　　گر صدائے بانگ ہے، ور نغمۂ ناقوس ہے

(تذکرۂ میر حسن)

ایک ہی پردے کے یہ سب سمجھے تو ہیں الاپ　　گر صدائے بانگ ہے، ور نغمۂ ناقوس ہے

(تذکرۂ ہندی)

ایک ہی پردے کی گر سمجھو تو یہ ہیں سب الاپ　　گر صدائے چنگ ہے، یا نغمۂ ناقوس ہے

(سخنِ شعرا)

تذکرۂ میر حسن کے مطبوعہ نسخے کے ساتھ ساتھ، اُس کا ایک خطی نسخہ مخزونۂ رضا لائبریری رام پور بھی پیشِ نظر ہے: دونوں میں اِس شعر کا متن یک ساں ہے، اور اِس طرح یہ شعر تانیث کی گواہی دے سکتا ہے۔ مگر جیسا کہ ابھی کہا گیا ہے؛ اِس شعر کو (اور اس قبیل کے اور اشعار کو بھی) نہ تانیث کی سند کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے، نہ اس سے تذکیر کا استناد کیا جا سکتا ہے۔

اب صورت یہ ہے کہ مفید الشعرا، رسالۂ بسیط اور رشحاتِ صفیر میں اس کو مختلف فیہ لکھا گیا ہے۔ جلال نے مذکر کی سند میں قدرت کا جو شعر درج کیا ہے، وہی رشحات میں بھی منقول ہے۔ گویا مذکر کی سند میں صرف ایک شعر پیش کیا گیا ہے، اور وہ شعر ایسا ہے جس کو

Marfat.com

از روے قاعدہ، بہ طورِ سند پیش نہیں کیا جا سکتا۔

آصفیہ، نور، امیر اللغات، رسالۂ جلیل اور معین الشعرا میں اِس لفظ کو صرف مونّث لکھا گیا ہے۔ نور میں تانیث کی سند میں واجد علی شاہ اختر کا یہ شعر لکھا ہوا ہے:

"طبلوں پہ لگیں وہ پڑنے تھاپیں　　پہنچیں گردوں پہ وہ الاپیں"

یہی شعر معین الشعرا میں منقول ہے۔ آصفیہ میں میر حسن کی مثنوی سحر البیان کا یہ شعر، تانیث کی سند میں لکھا گیا ہے:

"وہ رقصِ بُتاں، اور وہ ستھری الاپ　　وہ گوری کی تانیں، وہ طبلوں کی تھاپ"

یہی شعر امیر اللغات میں ہے۔ صاحبِ بہارِ ہند[1] نے بھی، تذکیر و تانیث کی صراحت کے بغیر، اسی شعر کو درج کیا ہے۔ لیکن قدرت کے اُس شعر کی طرح میر حسن کے اِس شعر کو بھی سند کے طور پر نہیں پیش کیا جا سکتا۔ "ستھرے الاپ" بھی ہو سکتا ہے۔ اختر کے شعر سے تانیث ضرور ظاہر ہوتی ہے۔ میں فی الوقت یہ کہنے سے قاصر ہوں کہ یہ شعر اُن کی کس مثنوی کا ہے، اور یہ کہ اصلاً اِسی طرح ہے۔ اگر اس شعر کا متن صحیح ہے اور یہ اختر کا ہے، تو اثباتِ تانیث کے کام آ سکتا ہے۔ لیکن یہ واضح رہے کہ اس سند سے، یہ کسی طرح لازم نہیں آتا کہ یہ لفظ صرف مونّث ہے۔ جیسے رشک کے اس شعر سے:

---

[1] مولفہ مرزا محمد مرتضا، عرف مچھو بیگ عاشق لکھنوی۔ اودھ پنچ میں "ستم ظریف" کے نام سے لکھا کرتے تھے۔ یہ لغت جون ۱۸۸۹ء میں مطبعِ شوکتِ جعفری لکھنؤ میں چھپا تھا۔ مولف کی صراحت کے مطابق، اس کو چار جلدوں میں شائع کرنے کا ارادہ تھا، لیکن صرف حصۂ اوّل چھپ سکا۔ یہ حصّہ، صرف حرفِ الف پر مشتمل ہے۔ مولف، لکھنؤ کے اربابِ اعتبار میں سے تھے؛ اگر یہ لغت مکمل ہو جاتا تو بہت مفید ہوتا، بہ قولِ چکبست: "لکھنؤ کی زبان اور محاوروں کی جتنی تحقیق مرزا مرحوم کو تھی، اس کا اندازہ، ان کی مشہور تالیف بہارِ ہند کے دیکھنے سے بہ خوبی کیا جا سکتا ہے۔ افسوس ہے کہ ملک نے اس لغت کی کافی قدر نہ کی، ورنہ اگر اس کے باقی تین حصّے بھی چھپ جاتے، تو اردو زبان کی اصطلاحوں اور محاوروں کا ایک لاجواب مجموعہ مرتّب ہو جاتا۔"
(مضامینِ چکبست، ص ۲۴۵)

Marfat.com

فسانہ میرے عشق کا، ہے جا بہ جا غلط لفظیں غلط، حروف غلط، مدّعا غلط

(مجموعۂ دواوینِ رشک، ص ۱۵۵)

یہ ثابت نہیں کیا جا سکتا کہ "لفظ" صرف مونّث ہے۔

ہندی کے متعدّد اساتذہ سے دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ سنسکرت اور ہندی میں "الاپ" مذکّر ہے۔ لغات میں بھی صرف مذکّر لکھا ہوا ہے، ملاحظہ ہو:

ہندی شبدساگر (شائع کردۂ ناگری پرچارنی سبھا)، برہت ہندی کوش (شائع کردۂ گیان منڈل بنارس)، سنسکرت شبدارتھ کوستبھ (مرتّبۂ دوارکا پرشاد شرما)

یہ لفظ موسیقی کی ایک اصطلاح ہے؛ اِس لیے مناسب معلوم ہوا کہ اِس فن سے تعلّق رکھنے والے حضرات سے استصواب کیا جائے۔ اِس سلسلے میں، میں نے شاہد احمد دہلوی (مرحوم) سے رجوع کیا تھا۔ مرحوم اس فن کے جاننے والوں میں تھے۔ اُن کے مکتوب کا اقتباس درجِ ذیل ہے:

"پیشہ وروں کی زبان پر "الاپ" مذکّر ہے اور کتابوں میں بھی؛ اِس لیے میں بھی مذکّر ہی بولتا ہوں۔

(۱) معارف النّغمات مصنّفہ ٹھاکر نواب علی خاں، جو اردو کی واحد مستند کتاب ہے۔ اس میں بھی ص۱۰۱ پر یہ عبارت درج ہے: "آج کل الاپ کبھی، دھرپد کی طرح چار حصوں پر تقسیم کر دیا گیا ہے۔"

(۲) آجکل کے موسیقی نمبر مطبوعۂ اگست ۱۹۵۶ء کے ص ۸۶، کالم ۱، سطر ۲ میں کہا گیا ہے کہ: "دھرپد کا الاپ یا بین کار کا جوڑ وہ ماحول پیدا کرتا ہے جو دوسری گائیکیوں یا باج نے ابھی تک پیدا نہیں کیا ہے۔" مضمون نگار ہیں استاد رحیم اللہ خاں ڈاگر، جن کا کام ہی الاپ کرنا اور دھرپد گانا ہے۔

Marfat.com

(۳) کتاب اسرارِ کرامت، عرف نغماتِ محبّت، مطبوعۂ ۱۹۰۸ء، ص ۸۷، س ۹: "ہر راگ کے الاپ کے واسطے تین لَے مقرّر کی گئی ہیں"۔ یہ کتاب نعمت اللہ خاں نے لکھی تھی اور اس کی تکمیل ان کے بیٹے کرامت اللہ خاں نے کی تھی۔ نعمت اللہ خاں، دربارِ نیپال کے گایک تھے۔

"الاپ" مذکّر ہی بولا جاتا ہے، مگر غیر پیشہ وروں سے مونّث بھی سنا ہے۔ لغت میں شاید اسی وجہ سے دونوں طرح درج کر دیا گیا ہو"

اِس عبارت سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ یہ لفظ دونوں طرح مستعمل رہا ہے۔ اِس تخصیص کے ساتھ کہ فنِ موسیقی سے تعلّق رکھنے والے عام طور پر اس کو مذکّر استعمال کرتے رہے ہیں (اور غالباً یہ ہندی کا اثر ہے)۔ دوسرے لوگ مونّث کہتے رہے ہیں، اور اسی لیے اکثر اربابِ لغت نے اس کو صرف مونّث لکھا ہے۔ مولانا حالؔی کے کلام میں ایک جگہ یہ لفظ بہ تانیث نظم ہوا ہے، اور ایک جگہ اس کی جمع "الاپیں" آئی ہے۔ شعر یہ ہیں:

کان کو اپنی ہی بھاتی تھی الاپ — سر دُھنا کرتے تھے ہم آپ ہی آپ

("نظمِ تعصّب و انصاف"، مجموعۂ نظمِ حالی، ص ۵۸)

الاپیں مطربوں کی جب سنیں، چپ لگ گئی سب کو — بہت دعوا تھا مرغانِ چمن کو خوش نوائی کا

(جواہراتِ حالی، ص ۱۱۶)

اِن دو مثالوں سے اِس قیاس کی مکمل طور پر تائید ہوتی ہے کہ فنِ موسیقی سے متعلّق اصحاب کے علاوہ، شعرا نے اس کو بہ تانیث استعمال کیا ہے۔ واجد علی شاہ اخترؔ کا ایک شعر پہلے آ چکا ہے، اور اِس طرح اِس کی تانیث کا ثبوت مکمل ہو جاتا ہے۔ حالؔی و اخترؔ کا استعمال، تانیث کی ترجیح کے لیے کافی ہے، تا وقتے کہ دوسرے شعرا کے یہاں مذکّر کی مثالیں نہ ملیں، اِس لفظ کی تانیث مرجّح رہے گی۔

اخترؔ اور حالؔی کے اشعار کے بعد، سروشِ سخن کی اِس عبارت کو بھی، تائیدِ محض کی حد تک

Marfat.com

قبول کیا جا سکتا ہے: "شہانے میں کانڑے کی الاپ، گھنگروؤں کی صدا، طبلے کی تھاپ"
(سروشِ سخن، طبعِ پانزدہم، نول کشور پریس، ص ۱۵)

خلاصۂ کلام یہ ہوا کہ یہ لفظ واقعتاً مختلف فیہ ہے، مگر اس تفصیل کے ساتھ کہ فنِ موسیقی سے تعلق رکھنے والے، اِس لفظ کو، اصل کی رعایت سے، مذکّر استعمال کرتے ہیں، اور شعرا نے اِس کو مونّث باندھا ہے۔ اب نثر و نظم میں تو استعمالِ شعرا کی پیروی کی جائے گی، فنِ موسیقی کی تصانیف اور تحریروں میں اِس کو مذکّر لایا جا سکتا ہے، اور اِس فن کی پُرانی تصانیف میں اِس کو مذکّر ہی مانا جائے گا۔

اصل بحث کے بعد، ایک ضمنی بات کہنا ہے:

مولّفِ آصفیہ نے "آلاپ" (بہ الفِ ممدودہ) لکھا ہے، اور اُس کے آگے "عوام (الاپ)" لکھا ہے۔ اِس سے غلط فہمی پیدا ہوتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہاں پر مولّف نے فیلن کی تقلید کی ہے۔ فیلن کے لغت میں بھی یہی صورت ہے کہ اُس میں اصل لفظ "آلاپ" ہے سنسکرت میں یہ "آلاپ" ہے، بہ الفِ ممدودہ (سنسکرت انگلش ڈکشنری، مولّفہ وی، ایس، آپٹے)۔ ہندی میں "آلاپ" اور "الاپ" دونوں صورتیں ہیں (ہندی شبد ساگر) اور اردو میں صرف "الاپ" ہے۔ نور میں صحیح طور پر اس کو "الاپ" لکھ کر، قوسین میں نشان دہی کی گئی ہے کہ ہندی اور سنسکرت میں "آلاپ" ہے۔

ایجاد:

اِس لفظ کی داستان خاصی دل چسپ ہے۔ اساتذۂ دہلی و لکھنؤ نے بالعموم (اور بالاتفاق) اِس لفظ کو مذکّر استعمال کیا ہے؛ لیکن متعدد تصریحات سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس کی تذکیر و تانیث کسی نہ کسی حد تک معرضِ بحث میں رہی ہے، اگرچہ تانیث کی کوئی مثال پیش نہیں کی جا سکی ہے۔ شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ (کچھ لوگوں کی) بول چال میں بہ تانیث آجاتا ہوگا؛ چوں کہ جملہ اساتذہ اس کو مذکّر مانتے رہے ہیں، اِس لیے بہ تانیث

Marfat.com

نظم کرنے کی جرات نہیں کی جاسکی ۔ پھر یہ ہوا کہ جس لفظ کو دونوں دبستانوں کے اساتذہ متفقہ طور پر مذکّر مانتے آئے تھے؛ رفتہ رفتہ اُس کی تانیث کی طرف رجحان بڑھتا گیا، یہاں تک کہ آج کل عام طور پر اس کو مونّث استعمال کیا جاتا ہے۔

مفید الشعرا، ارمغانِ احباب، امیر اللغات، اور آصفیہ میں اِس کو صرف مذکّر لکھا گیا ہے اور اختلاف کا مطلق ذکر نہیں کیا گیا ہے۔ صفیر نے بھی رشحات میں اِس کو مذکّر ہی لکھا ہے، اور اِس صراحت کے ساتھ کہ: "مولف کہتا ہے کہ "ایجاد" جو مونّث مشہور ہے، اس کی سند مجھے ابھی تک نہیں ملی" (ص ۱۵۱)۔ اِسی کتاب میں انھوں نے ایک جگہ یہ بھی لکھا ہے کہ: "عوام میں "ایجاد" کا لفظ مونّث مستعمل ہے، حالاں کہ مذکّر ہے" (ص ۲۲۴)۔ نور میں بھی اِس کو مذکّر لکھا گیا ہے، مگر اس صراحت کے ساتھ: "بعض حضرات کی زبان پر یہ لفظ مونّث ہی ہے"۔ مطلب یہ نکلا کہ تانیث کا گزر محض گفتگو تک تھا، خواص اس کو مذکّر ہی مانتے تھے اور نظم میں مذکّر ہی لایا جاتا تھا یہی وجہ ہے کہ اس کی تانیث کی کوئی سند پیش نہیں کی جاسکی، اور صفیر کو یہ لکھنا پڑا کہ: "ایجاد جو مونّث مشہور ہے، اُس کی سند مجھے ابھی تک نہیں ملی"۔

مولفِ معین الشعرا نے "ایجاد" کو مذکّر لکھ کر حاشیے میں یہ بھی لکھا ہے کہ منشی امیر اللہ تسلیم نے اِسے مونّث بھی نظم کیا ہے، اور سند میں تسلیم کا یہ شعر لکھا ہے:

"رشکِ اعدا سے کیا تسلیمِ خستہ کو شہید　　دیکھیے ایجاد اُس ترکِ ستم ایجاد کی"

لیکن مولف کا یہ خیال صحیح نہیں۔ مخدومی مولانا امتیاز علی عرشی (زاد مجدہ) کے خط سے معلوم ہوا کہ اس غزل کی ردیف "کی" کے بجائے "کا" ہے، یعنی دوسرا مصرع یوں ہے: "دیکھیے ایجاد اس ترکِ ستم ایجاد کا"۔ یہ غزل اُن کے دیوان موسوم بہ نظمِ دل افروز میں ص ۳۰۹ پر ہے۔ اِس طرح یہ واضح ہوتا ہے کہ اِس لفظ کی تانیث کی کوئی سند نہیں ملی تھی۔

Marfat.com

امیر مینائی نے امیر اللغات میں تو اختلاف کی طرف اشارہ نہیں کیا، البتہ ایک خط میں اِس کا ذکر کیا ہے :

" ایجاد " مذکر ہے۔ اِس لفظ کی تذکیر و تانیث میں بحث چھڑی ہوئی ہے ....
سنا جاتا ہے کہ نواب مرزا خاں صاحب داغ کا قول ہے کہ دلّی میں مونث ہے، مگر کلام میں مونث کا پتا نہیں چلتا۔ اگر ایک معتبر شاعر نے بھی مونث کہا ہوتا تو کہا جاتا کہ مختلف فیہ ہے۔ اور بغیر کلام میں آئے ہوئے کہیں کہیں بول چال میں ہونا، کافی نہیں " (مکاتیبِ امیر مینائی۔ طبعِ دوم۔ ص ۱۴۲)

امیر نے اور جو کچھ لکھا ہے، وہ سب صحیح ہے، مگر انھوں نے داغ سے جس قول کو منسوب کیا ہے، وہ قطعاً درست نہیں۔ یہ روایت بالکل غلط ہے کہ داغ اِس لفظ کو مونث کہتے تھے۔ صورتِ حال اس کے برعکس ہے۔ داغ کے کسی شاگرد نے اپنی غزل میں " ایجاد " کو مونث لکھ دیا، اور وہ غزل چھپ بھی گئی؛ اُس پر داغ نے برہمی کے عالم میں، مولانا احسن مارہروی کو لکھا تھا :

" ایک اشتہار اس گل دستے میں آپ چھاپ دیجیے۔ اکثر اُستاد کے شاگرد، بجائے خود اُستاد بن کر، اپنی غزلیں بے اصلاح چھپوا دیتے ہیں، اس میں غلطیاں رہ جاتی ہیں۔ کسی شخص نے لفظ " ایجاد " اور " ارشاد " کو مونث باندھا، حالاں کہ اہلِ دہلی کی زبان پر دونوں لفظ مذکر ہیں " (انشائے داغ۔ ص ۱۳۳)

اِسی سلسلے میں، مولانا احسن مارہروی نے، داغ کے ایک خط کے جواب میں لکھا تھا :

" میری غزل میں " ایجاد " کہیں مونث نہیں ہے، اور نہ میں نے لکھا۔ غالباً حضور نے ملاحظہ نہیں فرمایا۔ میاں احسن شاہ جہاں پوری نے مونث لکھا ہے، جس کی اگلے پرچے میں صحت ہو جائے گی۔ مولوی عبدالحی بیخود نے " ایجاد " کو مونث

Marfat.com

لکھا ہے۔ خدا جانے کیا بات ہے کہ ایسے کہنہ مشق بھی ایسی فاش غلطیاں کرتے ہیں۔" (انشائے داغ، ص ۱۳۶)

مختصر یہ کہ "بعض لوگوں" کے علاوہ، دہلی ولکھنؤ کے مستندین اِس لفظ کو بالاتّفاق مذکّر مانتے رہے ہیں، مگر رفتہ رفتہ اس لفظ کی تانیث کی طرف رجحان بڑھتا گیا۔ مولانا احسن مارہروی کے خط کا اقتباس اوپر پیش کیا گیا ہے، جس میں اُنھوں نے اِس لفظ کو مونّث نظم کرنے کو "فاش غلطی" بتایا ہے، اور اپنی طرف سے اُستاد (داغ) کو یقین دلایا ہے کہ مجھ سے یہ غلطی نہیں ہوئی؛ یہی مولانا احسن، ایک زمانے کے بعد، اپنی کتاب تاریخ نثرِ اردو میں لکھتے ہیں:

"لفظ "ایجاد" کہ اس کو تمام یا بہ کثرت شعرائے دہلی ولکھنؤ نے مذکّر استعمال کیا ہے، لیکن اب چند شعرا کے سوا، اس کی تذکیر پر ہر شخص کو تامّل ہے۔ یہی حال لفظ "فہم" وغیرہ کا ہے۔" (تاریخ نثرِ اردو، ص ۳۵۸)

آج کل عام طور پر یہ لفظ بہ تانیث سننے اور دیکھنے میں آتا ہے۔ جیسے: امریکہ کی ایک نئی ایجاد۔ یہ کوئی نہیں کہتا کہ: امریکہ کا ایک نیا ایجاد[1] — یا جیسے: "زبانوں کا سیکھنا سکھانا، نسبتًا جدید زمانے کی ایجاد ہے"۔ مولوی عبدالحق صاحب (قواعدِ اردو، ص ۳)

حضرت اثر لکھنوی نے میرے استفسار کے جواب میں لکھا تھا: "ایجاد اور اپیل، میری زبان پر مونّث ہیں، مگر اس کے برخلاف بھی سنا ہے۔ تذکیر و تانیث کے لحاظ سے مختلف فیہ کہنا مناسب ہوگا۔" (مکتوب بہ نامِ راقم الحروف)۔

مناسب یہ ہے کہ فی الحال اس لفظ کو مختلف فیہ مان لیا جائے، اس صراحت کے ساتھ کہ اب عام طور پر بہ تانیث استعمال میں آتا ہے۔ کثرتِ استعمال کو دیکھتے ہوئے کہا

---

[1] اگرچہ اب سے پہلے اسی طرح لکھا جاتا تھا، جیسے: "چونکہ پہلا ایجاد تھا، اس لیے تعریف کی آوازیں دور تک پہنچیں"، محمد حسین آزاد (آبِ حیات، ترجمہ میر خلیق)

Marfat.com

جا سکتا ہے کہ کچھ دنوں کے بعد استعمالِ عام میں صرف مونّث مانا جائے گا۔

ہاں، یہ بات لکھنے سے رہ گئی کہ اِس سے پہلے امیر خود امیر اللغات (جلدِ دوم، ص ۳۹۹) میں داغ کا یہ شعر "ایجاد" کی تذکیر کی سند کے طور پر لکھ چکے تھے:

"ایجادِ ستم سے ہمیں برباد کریں گے گر تیس دن ایسے ہی وہ ایجاد کریں گے"

یہ شعر گلزارِ داغ میں ہے (ص ۲۲۶)۔ اِس کے بعد، داغ کے متعلق امیر کو یہ بدگمانی ہونا نہیں چاہیے تھی کہ وہ "ایجاد" کو مونّث کہتے ہوں گے، یا یہ کہتے ہوں گے کہ دہلی میں مونّث ہے۔

آغوش:

جلال نے مفید الشعرا میں لکھا ہے: "آغوش، بعضوں کے عندیے میں، گود کے قیاس پر، مونّث ہے، حالاں کہ بہ قیدِ نظم مذکر پایا جاتا ہے"۔ اُنھوں نے مذکر کی سند میں آتش و رند کا ایک ایک شعر پیش کیا ہے۔

جلال کی عبارت سے صحیح صورتِ حال سامنے نہیں آتی۔ حقیقت یہ ہے کہ اساتذۂ دہلی نے اِس لفظ کو مونّث مانا ہے، اور اساتذۂ لکھنؤ نے مذکر کہا ہے۔ اساتذۂ لکھنؤ میں سے صرف میر علی اوسط رشک کا ایک شعر عام طور پر تانیث کی سند میں پیش کیا گیا ہے، شعر یہ ہے:

شبِ فرقت کی آمد پا کے، آغوشِ لحد پھیلی
قضا کی مہربانی ہے، اجل سرگرمِ احساں ہے (مجموعۂ دواوینِ رشک، ص ۲۰۴)

رشک کے مجموعۂ دواوین میں اور کہیں یہ لفظ اس طرح مجھے نہیں ملا کہ تذکیر یا تانیث کے متعلق کوئی فیصلہ کن بات کہی جا سکے، مثلاً:

منظورِ الٰہی تھی، ہم آغوشیِ جاناں تب تو مری آغوشِ تمنا کو بنایا (ص ۸۰)
آغوشِ زمیں تو ہاتھ آئی گو ہم مددِ آسماں ہیں (ص ۲۲۳)

Marfat.com

دونوں شعروں میں "مری" اور "آئی" کو بہ یائے مجہول بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ اِس طرح رشک کے اِس شعر کی حیثیت، اساتذۂ لکھنؤ کے عام طرزِ عمل کے مقابلے میں، شاذ کی سی قرار پاتی ہے۔

جلالؔ کا یہ لکھنا کہ "بہ قیدِ نظم مذکّر پایا جاتا ہے"، صرف اِس حد تک صحیح ہے کہ اساتذۂ لکھنؤ نے عموماً اِس لفظ کو مذکّر باندھا ہے۔ لیکن اساتذۂ دہلی نے اِس کو مونّث باندھا ہے اور اس کی مثالیں عام ہیں۔ اِسی طرح کی عدم صراحت امیر اللغات میں بھی ہے، مولّف نے لکھا ہے کہ: "شعرا نے مذکّر بھی کہا ہے اور مونّث بھی استعمال کیا ہے، چناں چہ مثالوں سے پیدا ہے، مگر مولّف کے نزدیک اس کی تذکیر کو ترجیح ہے" (امیر اللغات)۔

صحیح صورتِ حال یہ ہے کہ لکھنؤ سے متعلّق حضرات میں سے بیش تر نے اِس لفظ کو یا تو صرف مذکّر لکھا ہے (تلخیصِ معلّی[1] ۔ رسالۂ بسیط)، یا مذکّر کو مرجّح بتایا ہے (امیر اللغات، مفید الشعرا، معین الشعرا، رسالۂ اصلاح)۔ صفیرؔ نے رشحات میں اِس کو مختلف فیہ لکھا ہے مگر یہ صراحت نہیں کی کہ ترجیح کسے ہے۔ صرف نور میں مونّث کو مرجّح لکھا گیا ہے۔ اور رشکؔ کے علاوہ دیگر اساتذۂ لکھنؤ نے عموماً اِس کو مذکّر نظم کیا ہے۔

دہلی سے متعلّق حضرات نے اس کو صرف مونّث مانا ہے۔ ابتداءً فرہنگِ آصفیہ میں "آغوش" مذکّر چھپا تھا۔ اِس کے متعلّق مولّفِ "اختلاف اللسان"[2] نے لکھا تھا:

---

[1] تصنیفِ کلبِ حسین خاں نادرؔ، تلمیذِ ناسخؔ۔ کتاب کا نام تاریخی ہے، جس سے سالِ تصنیف (یا تکمیلِ تصنیف) ۱۲۸۰ھ نکلتا ہے۔ اسی سال یہ مطبعِ منشی رام سروپ واقع کیمپ فتح گڑھ میں چھپی تھی۔ کل ۱۳۶ صفحے ہیں۔ متروکات، تذکیر و تانیث، عروض وغیرہ کے مختصر بیانات ہیں۔ بعض اعتبارات سے یہ کتاب اہم حیثیت رکھتی ہے۔

[2] مولّفہ منشی وجاہت حسین وجاہتؔ جھنجھانوی۔ تلمیذِ داغؔ۔ سالِ طباعت: ۱۹۰۶ء، مطبوعۂ رفاہِ عام اسٹیم پریس لاہور۔ مولّف کے الفاظ میں اِس کتاب میں "دہلی اور لکھنؤ کی (باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

"آغوش، لکھنؤ میں مذکّر بولا جاتا ہے..... منشی سیّد احمد صاحب دہلوی نے فرہنگِ آصفیہ میں "آغوش" کو مذکّر لکھا ہے۔ اس کے متعلق صاحبِ فصیح اللغات نے شبہہ ظاہر کیا ہے کہ یا تو کاتب کی غلطی ہے، یا حقیقت میں اہلِ دہلی بھی اس لفظ میں اختلاف رکھتے ہیں۔ حضرت استادِ مرحوم (فصیح الملک داغ دہلوی) نے فرہنگِ آصفیہ میں "آغوش" کو مذکّر چھپا دیکھ کر، قافیہ و ردیف کے لحاظ سے یہ لفظ مونّث کہا ہے:

سنتا ہی نہیں وہ بُتِ مے نوش ہماری
خالی ہے شبِ وصل بھی آغوش ہماری

اہلِ دہلی "آغوش" کو عموماً مونّث ہی بولتے ہیں۔ فرہنگِ آصفیہ میں جو اس کو مذکّر لکھا ہے، تو یہ یقیناً کتابت کی غلطی ہے، کیوں کہ ایسی غلطیاں کتابِ مذکورہ میں اکثر پائی جاتی ہیں۔" (اختلاف اللّسان، ص ۲)

اختلاف اللّسان کے مولّف کا خیال صحیح تھا، اور یہ کتابت ہی کی غلطی تھی، کیوں کہ اس کے بعد جو جلدِ اوّل باضابطہ شائع ہوئی تو اُس میں یہ لفظ مونّث ہی ہے، لیکن اِس تبدیلی یا تصحیح کی طرف کوئی اشارہ نہیں کیا گیا ہے۔

مختصر یہ کہ یہ لفظ مختلف فیہ الفاظ میں سے ہے اور یہ اختلاف، دبستانی حیثیت رکھتا ہے، کہ عموماً اربابِ لکھنؤ نے اس کو مذکّر کہا ہے، (رشک کے ایک شعر کے علاوہ) اور اساتذۂ دہلی نے متفقہ طور پر اس کو مونّث مانا ہے۔ یہ اختلاف، اب بھی سننے میں آتا رہتا ہے اور تحریر میں بھی دکھائی دے جاتا ہے۔

(بقیہ صفحہ گذشتہ) زبان کے الفاظ اور محاورات کا فرق" بیان کیا گیا ہے۔ ۸۴ صفحے کا رسالہ ہے مگر بہت سی کارآمد باتیں اس میں پائی جاتی ہیں۔ مولّف نے سرورق پر زبانِ دہلی کو "اردوے معلّا" اور زبانِ لکھنؤ کو "اردوے مطلّا" لکھا ہے۔

Marfat.com

دو[۲] ضمنی باتیں لکھی جاتی ہیں :

۱ - آصفیہ میں "آغوش" کے ذیل میں "آغوش کھول کر لینا" بھی لکھا ہوا ہے، اور مولّف نے اُس کی سند میں قلق کا یہ شعر لکھا ہے :

ہو گئی بے قرار تر ہر موج　　دوڑی آغوش کھول کر ہر موج

صاف ظاہر ہے کہ یہ شعر "آغوش کھول کر لینا" کی سند نہیں ہو سکتا۔ امیر اللغات و نور اللغات میں "آغوش کھول کر لینا" موجود ہی نہیں، ہاں "آغوش کھول کر لپٹنا" ضرور درج ہے اور سند میں ناسخ کا یہ شعر لکھا ہوا ہے :

بسانِ ساحلِ دریا ہو مشکل چھوٹنا ناسخ
لپٹ جاؤں اگر میں کھول کر آغوش جاناں سے

۲ امیر اللغات میں "آغوش سے نکلنا" کی سند میں داغ کا ایک شعر لکھا ہوا ہے، جس میں یائے معروف کے بجائے یائے مجہول کے آنے سے، اِس لفظ کی تانیث، تذکیر سے بدل گئی ہے۔ غالباً یہ غلطیِ کتابت ہے۔ شعر یہ ہے :

جس طرح تو مرے آغوش سے نکلا اے شوخ　　یوں ہی ہاتھوں سے نکلتی ہے طبیعت میری"

"مرے آغوش" کی جگہ "مری آغوش" ہونا چاہیے؛ اس لیے کہ دیگر اساتذۂ دہلی کی طرح، داغ بھی اس لفظ کو حتمی طور پر مونّث مانتے تھے۔ حوالہ اوپر آچکا ہے۔

املا :

جلال نے مفید الشعرا میں اِس کو مختلف فیہ لکھا ہے :

"املا مختلف فیہ ہے، یعنی مذکّر و مونّث دونوں طرح بولا جاتا ہے لیکن مذکّر بیش تر اور مونّث کم تر۔ جیسا کہ رشک مغفور مونّث فرماتے ہیں :

نامۂ جاناں ہے کیا لکھا مری تقدیر کا　　خط کی انشا اور ہے، لکھنے کی املا اور ہے

الاّ، مولف اِس کی تذکیر ہی کا قائل ہے۔"

Marfat.com

اِس کے برخلاف، مولفِ[1] فصیح اللغات نے اِس کو مذکّر لکھ کر صراحت کے ساتھ اِس کی نفی کی ہے کہ فصحا اِس کو دونوں طرح بولتے ہیں۔ اُن کی عبارت یہ ہے:

---

[1] داغ کے عزیز شاگرد مولانا احسن مارہروی نے اس لغت کی ترتیب کا کام شروع کیا تھا بہ قولِ مولانا احسن: "اول اول تو حضرت مبرور کو اس کتاب سے کوئی خاص دلچسپی نہیں ہوئی، مگر رفتہ رفتہ جب میرے شوق اور خلوصِ عقیدت کا اندازہ فرمایا تو اس کتاب کی طرف متوجہ ہوئے اور ایسی توجہ فرمائی کہ اٹھتے بیٹھتے، کھاتے پیتے، سوتے جاگتے، احسن ہے اور فصیح اللغات، فصیح اللغات ہے اور اس کی "تالیف"۔" (مقدمۂ یادگارِ داغ)

داغ کا خیال یہ تھا کہ اس طرح "زبانِ دہلی" کا ایک صحیح لغت مرتب ہو جائے گا۔ فرہنگِ آصفیہ بھی "زبانِ دہلی" کا گنجینہ ہے، مگر مولفِ آصفیہ کے متعلق داغ کی جو رائے تھی، وہ مولوی عبدالرزاق کان پوری (مصنفِ البراہمہ) کے بیان سے معلوم ہوگی۔ مولوی صاحب نے دہلی دربار کے موقعے پر داغ سے ملاقات کی تھی، اُس کا حال لکھتے ہوئے، اُنھوں نے لکھا ہے:

> میں نے دریافت کیا کہ مولوی سید احمد دہلوی نے تیس سال کی محنت میں فرہنگ آصفیہ لکھی ہے: تحقیقاتِ لغات اور محاورات اور زبان کی حیثیت سے اس کتاب کی نسبت جناب کی کیا رائے ہے؟ فرمایا کہ "سید احمد، عربی کے باشندے تھے" اور یہ کہہ کر خاموش ہو گئے۔ مکرر سوال کرنا، میں نے بھی ادب کے خلاف سمجھا۔ "یادایام" میں یہ بات پیشِ نظر رہنا چاہیے کہ عربی کے پرانی دہلی کے باہر ہے۔ اس سے داغ کی اس رائے کا اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ وہ مولوی صاحب کو مستند اہلِ زبان میں سے نہیں سمجھتے تھے۔ افسوس ہے کہ یہ لغت (فصیح اللغات) مکمل نہیں ہو سکا۔ حیدرآباد کے کسی مطبع میں اس کے کچھ اجزا چھپے تھے، لیکن معلوم نہیں کہ وہ سب کیا ہوئے۔

مولانا احسن نے سنہ ۱۹۰۵ء سے رسالہ فصیح الملک جاری کیا (مقدمۂ یادگارِ داغ) اس لغت کے کچھ اجزا اس میں شائع ہوئے تھے۔ اب اس رسالے کے سب شمارے بھی (باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

"یہ لفظ ناواقفوں کی بول چال میں بہ حالتِ تذکیر و تانیث، دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے، مگر اب تک شعرائے متقدمین و متاخرین میں، رشک لکھنوی کے سوا، اور کسی کے کلام میں "املا" کی تانیث نہیں پائی گئی۔"

(رسالۂ فصیح الملک، مئی ۱۹۰۹ء)

صفیر نے رشحات میں، ترجیح کی صراحت کے بغیر، صرف مختلف فیہ لکھا ہے۔ مؤلفینِ امیر اللغات، نور اللغات، معین الشعرا نے اس کو مذکر لکھ کر، یہ صراحت کر دی ہے کہ رشک نے مونث لکھا ہے۔ رشک کے لغت نفس اللغۃ[1] کے دیباچہ نگار نے بھی یہی بات لکھی ہے: "یہ لفظ عموماً زبانوں پر تذکیر کے ساتھ ہے .... لیکن رشک نے مونث باندھا ہے" (دیباچۂ نفس اللغۃ) مؤلفِ آصفیہ نے اِس کو صرف مذکر لکھا ہے، اور

(بقیہ صفحۂ گذشتہ) یک جا شاید ہی ملیں۔ صولت پبلک لائبریری رام پور میں اس کے کئی سال کے شمارے محفوظ ہیں۔ داغ اس لغت کے لیے سند کے شعر خاص طور پر کہا کرتے تھے۔ اس کا التزام کیا گیا تھا کہ اس لغت میں سند کے شعر صرف داغ کے کہے ہوئے ہوں گے۔ اگر یہ مکمل ہو جاتا تو واقعی ایک عمدہ ذخیرہ ہوتا۔

[1] یہ رشک کا لغت ہے۔ نام تاریخی ہے۔ اس کا صرف حصۂ اوّل، اُن کی موت کے بعد، نیّر پریس لکھنؤ سے شائع ہوا تھا۔ یہ حصہ حرف ت پر ختم ہو جاتا ہے۔ باقی حصوں کا پتا نہیں چلتا۔ امیر مینائی نے ایک خط میں لفظ "مسالا" کے ذیل میں، اِس لغت کی عبارت لکھی ہے؛ اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لغت کم سے کم حرف م تک تو ضرور مکمل ہو چکا تھا، اور اُس کا مخطوطہ امیر کی نظر سے گزرا تھا۔ امیر مینائی کا یہ خط مکاتیبِ امیر مینائی، مرتبۂ احسن اللہ خاں ثاقب میں شامل ہے۔ نفس اللغۃ کے حصۂ اوّل کا دیباچہ نشتر لکھنوی نے لکھا ہے، جس میں بہت سی کام کی باتوں کو یک جا کر دیا ہے۔ میرا خیال ہے کہ یہ لغت مکمل ہو چکا تھا۔

Marfat.com

اختلاف کا ذکر نہیں کیا ہے۔ رشک کے مجموعۂ دواوین[1] میں یہ لفظ اور کہیں اِس طرح نہیں آیا ہے کہ تذکیر یا تانیث کے متعلق کوئی فیصلہ کُن بات کہی جا سکے۔

صاحبِ فصیح اللغات کا یہ لکھنا کہ یہ لفظ ناواقفوں کی بول چال میں بہ حالتِ تذکیر و تانیث آتا ہے، صحیح نہیں۔ یہ صحیح ہے کہ اکثریت تذکیر کی قائل ہے اور بالعموم اساتذہ نے اِس کو مذکّر استعمال کیا ہے، لیکن بعض اربابِ نظر اس کی تانیث کے بھی قائل رہے ہیں اور اُنھوں نے اس کو بہ تانیث استعمال بھی کیا ہے۔ اوپر یہ لکھا جا چکا ہے کہ صفیر نے رشحات میں اِس کو مختلف فیہ لکھا ہے اور ترجیح کا ذکر نہیں کیا ہے، مگر اُن کے تذکرے جلوۂ خضر سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ تانیث کے قائل تھے۔ جلوۂ خضر کی پہلی جلد میں، ص ۸ پر ایک جملہ یوں چھپا ہوا ہے: "کوئی کہتا ہے اس کے املا خراب ہے"۔ کتاب کے غلط نامے میں یہ بتایا گیا ہے کہ "اس کے املا" غلط ہے، اِس کی جگہ "اس کی املا" لکھا جائے۔ اِس اندراج سے قطعی طور پر اس کا تعین ہوتا ہے کہ صفیر اس لفظ کو مونّث مانتے تھے۔

غالب نے اپنے رسالے تیغِ تیز میں ایک جگہ لکھا ہے: "جو علما و شعرا ایران سے آئے، لہجہ ان کا ہندی نہیں ہوا، املا اہلِ ہند کی املا کے موافق رہی"۔ (تیغِ تیز، مطبوعۂ اکمل المطابع، ص ۲۴ — نیز قاطعِ برہان و رسائلِ متعلقہ، مرتبۂ قاضی عبدالودود صاحب، ص ۲۸۵)۔ اِس سے معلوم ہوا کہ دہلی والوں میں سے مرزا غالب، اِس کی تانیث کے قائل تھے۔

---

[1] میر علی اوسط رشک لکھنوی، تلمیذِ ناسخ، متوفی ۱۲۸۴ھ (کلیاتِ منیر شکوہ آبادی)۔ عہد ناسخ اور ناسخ سے منسوب بہت سی اصلاحاتِ زبان و قواعد کے واضع دراصل رشک تھے۔ (ملاحظہ ہو مقدمۂ انتخابِ ناسخ، شائع کردۂ مکتبۂ جامعہ، دہلی۔ آبِ حیات، بہ ذیلِ ترجمۂ ناسخ۔ تلخیصِ معلّیٰ)۔ رشک کے دو دیوان ایک ہی مجلد میں چھپے تھے، ایک کا نام "نظمِ مبارک" اور دوسرے کا نام "نظمِ گرامی" ہے۔ دونوں تاریخی نام ہیں۔ یہ مجموعہ ان کی زندگی ہی میں (باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

آغا حجو ہندی لکھنوی نے، رسالۂ بسیط میں، اِس لفظ کو مختلف فیہ لکھ کر، مونث کو مرجح لکھا ہے۔ ہندی کا شمار لکھنؤ کے مستندین میں کیا جاتا ہے۔ اِن مثالوں کے بعد، رشک کے مندرجۂ بالا شعر کو بھی "املا" کی تانیث کے ثبوت میں بلا تکلف قبول کیا جا سکتا ہے۔ اِس طرح لکھنؤ کے دو مستند استادوں کے یہاں "املا" کی تانیث کی اسناد ملتی ہیں۔

حاصلِ کلام یہ کہ لفظ "املا" درحقیقت مختلف فیہ ہے، مگر اس طرح کہ دہلی و لکھنؤ کے اکثر اساتذہ نے اس کو مذکر استعمال لیا ہے، اور کم لوگوں نے اس کو مونث مانا ہے۔ مونث ماننے والوں میں مرزا غالب، صفیر بلگرامی، رشک لکھنوی اور آغا حجو ہندی لکھنوی کے نام پیش کیے جا سکتے ہیں۔ البتہ آج کل اِس لفظ کو بالعموم مذکر استعمال کیا جاتا ہے، اور اب شاید ہی کوئی شخص اس کو بہ تانیث استعمال کرتا ہو، کم از کم میری نظر سے ایسی کوئی مثال نہیں گزری۔

اصل بحث کے بعد، بعض ضمنی باتیں لکھی جاتی ہیں:

مہذب اللغات میں "املا" کو مذکر لکھا گیا ہے۔ مولف نے یہ صراحت بھی کی ہے کہ: "رشک اور اختر (شاہِ اودھ) نے مونث بھی نظم کیا ہے، لیکن موجودہ دور میں مذکر ہی ہے"۔ مولف نے تانیث کی سند میں رشک کا وہ شعر لکھا ہے جس کا حوالہ اوپر آچکا ہے، اور واجد علی شاہ اختر کا یہ شعر پیش کیا ہے:

"مگر یہ بھی نکلا سراپا غلط تھی انشا غلط اور املا غلط"

مولفِ مہذب اللغات کا یہ خیال ہرگز صحیح نہیں کہ اختر کے اِس شعر سے "املا" کی تانیث

(بقیہ صفحہ گذشتہ) سنہ ۱۲۶۳ھ میں چھپا تھا۔ ایک دیوان حوض میں ہے، اور ایک حاشیے پر۔ تیسرا دیوان جو ان کی زندگی ہی میں مرتب ہو چکا تھا، (دیباچۂ نفس اللغت) شائع نہیں ہو سکا۔ اس کا ایک نسخہ پاکستان میں ہے، اور ایک آزاد لائبریری علی گڑھ میں محفوظ ہے۔

(حواشیِ تذکرۂ ابنِ امین اللہ طوفان، ص ۴۴)

Marfat.com

ثابت ہوتی ہے۔ اِس شعر سے نہ تانیث ثابت ہوتی ہے نہ تذکیر۔ مصرعِ ثانی میں یہ لازم نہیں کہ "تھی" کا اطلاق "املا" پر بھی ہو۔

مولّف نے اِسی ذیل میں مزید لکھا ہے: "املے کی کاپی، املے کا قلم، وغیرہ رائج ہیں" لفظ "املا" میں امالہ روا نہیں۔ مجھے یقین ہے کہ مولّفِ مہذّب اللغات "انشے کی کاپی" لکھنے پر تیار نہیں ہوں گے۔ جس طرح "انشے کی کاپی" نہیں لکھا جا سکتا، اُسی طرح "املے کی کاپی" بھی نہیں لکھ سکتے۔ عربی کے جو مصادر بابِ اِفعال سے آتے ہیں اور اردو میں مستعمل ہیں؛ اُن میں امالہ نہیں ہوتا۔

۲ ارمغانِ احباب میں ایک دل چسپ صورت یہ ہے کہ اُس میں مفرد لفظ "املا" موجود نہیں، البتہ "املا و انشا" ملتا ہے، گویا یہ مرکّبِ امتزاجی ہے! مولّف نے اس "مرکّب" کو مونّث لکھ کر، سند میں رشکؔ کا زیرِ بحث شعر درج کیا ہے؛ اور اُنھوں نے اِس لفظ کی تذکیر کا مطلق ذکر نہیں کیا ہے۔

۳ مفید الشعرا میں رشکؔ کے مذکورہ شعر کا مصرعِ اول اِس طرح چھپا ہوا ہے: "نامۂ جاناں ہے کیا لکھا مری تقدیر کا"۔ اس رسالے کے جو اڈیشن میری نظر سے گزرے ہیں، اُن میں یہ مصرع اِسی طرح ہے۔ رشکؔ کے دیوان میں "یا لکھا مری تقدیر کا" ہے (مجموعۂ دواوینِ رشکؔ، ص ۳۵۵)۔ ہاں نور میں صحیح طور پر "یا لکھا" ملتا ہے۔

۴ جلالؔ، صفیرؔ، مولّفِ ارمغانِ احباب، مولّفِ نور، صاحبِ فصیح اللغات اور مولّفینِ امیر اللغات و معین الشعرا نے رشکؔ کے جس ایک شعر سے "املا" کی تانیث کی سند لی ہے؛ کیا اُس کو قبول کیا جا سکتا ہے؟ یہ بات واضح کر دی جائے کہ غالبؔ، بندیؔ اور صفیرؔ کے حوالوں کے بعد، رشکؔ کا شعر بھی بلا تکلف قابلِ قبول ہے اور اب اُس میں کسی طرح کا شک نہیں کیا جا سکتا، مگر جلالؔ اور صفیرؔ نے، تذکیر و تانیث کی اسناد کو قبول کرنے کے لیے جو شرائط رکھی ہیں؛ اُن کے پیشِ نظر، یہ دونوں حضرات رشکؔ کے صرف اِس شعر

Marfat.com

سے فائدۂ استناد حاصل نہیں کر سکتے تھے۔ اِن دونوں صاحبوں نے صرف رشکؔ کا یہی ایک شعر تانیث کی سند میں پیش کیا ہے، اور کوئی دوسرا حوالہ اُن کے سامنے نہیں تھا؛ اِس لیے، اپنے ہی بنائے ہوئے اصول کے تحت، یہ دونوں حضرات اِس شعر کو قبول نہیں کر سکتے تھے۔

جلالؔ نے لفظ "رقم" کے ذیل میں، اِس اصول کی صراحت اِس طرح کی ہے:

"ہندسے کے معنی پر" رقم "کو جناب مرزا والاجاہ مرحوم نے مذکر فرمایا ہے:

ہمارے رزق کا ہے فردِ قسمت میں رقم خالی
ہمیشہ صفر کے مانند رہتا ہے شکم خالی

حالاں کہ" رقم" بہ معنیِ مذکورہ بالا اتفاقی مونّث بولا جاتا ہے۔ پس موقفِ مستہام کہتا ہے کہ عجب نہیں ہے کہ اصل میں یہاں" کی" ہو اور کاتب نے" کا" لکھ دیا ہو"

مطلب یہ نکلا کہ جن اشعار میں صرف" کی" یا" کا" پر تذکیر یا تانیث مبنی ہو، اُن میں غلط الکاتب کا احتمال رہتا ہے۔ رشکؔ کے شعر میں بھی تانیث کا انحصار صرف لفظ" کی" پر ہے (ع: خط کی املا اور ہے، لکھنے کی انشا اور ہے) یہاں بھی وہی احتمال پیدا ہو سکتا تھا کہ شاید اصلاً" خط کا املا" ہو۔

صفیرؔ نے بھی اسی اصول کو مانا ہے، مانا ہی نہیں، دوسروں پر اعتراض بھی کیا ہے۔ حرف" واو" کی تذکیر و تانیث کے بیان میں انھوں نے لکھا ہے:

"واؤ کی سند کے لیے اگرچہ مرزا دبیرؔ صاحب کا یہ بند موجود ہے:

خیر النسا کا لال اِدھر، وہ شقی اُدھر
اور بیچ میں وہ گرزِ گراں بار، الحذر جس طرح واو عطف کا مابینِ خیر و شر

Marfat.com

مگر میرے اصول کے خلاف ہے، کیوں کہ "عطف کا" کی جگہ "عطف کی" بھی
ہو سکتا ہے" (رشحاتِ صفیر، ص ۱۲۷)

یہی نہیں، افعال پر اُنھوں نے اِسی طرح کے اعتراض کیے ہیں، مثلاً جلالؔ نے "طوطی" کی تانیث کی سند میں رشکؔ کا یہ شعر لکھا ہے:

"طوطیِ سبزۂ خط صاف یہی کہتی ہے ہیں وہی عارضِ آئینۂ جاناں اب تک"

صفیرؔ نے اِس پر اِس طرح اعتراض کیا ہے:

"اور رشکؔ کے شعر کی سند جو دی گئی، اُس کو ماننا مشکل ہے، کیوں کہ
"طوطیِ سبزۂ خط صاف یہی کہتا ہے" بھی ہو سکتا ہے۔ از روے غلطیِ کتابت
یہ مثال کافی نہیں۔ حضرت جلالؔ ایسی ہی مثالیں دیا کرتے ہیں۔" (رشحات، ص ۶۸)

اصول پرستی اور اصول پسندی کے اِس انداز کے بعد، لفظ "املا" کے سلسلے میں رشکؔ کے اُس شعر کو، اِن دونوں حضرات کو، کسی قید کے بغیر، قبول نہیں کرنا چاہیے تھا۔

Marfat.com

لُغت اور استعمالِ عام

اردو، بہت سی زبانوں کے لفظوں کا مجموعہ ہے۔ اِس مجموعے میں عربی و فارسی کے لفظوں کی تعداد اچھّی خاصی ہے۔ یہ لفظ کئی اعتبارات سے اہمّیت رکھتے ہیں۔ عربی کے اکثر لفظ، اردو کو فارسی کے واسطے سے ملے ہیں۔ یہاں کے پڑھے لکھے لوگ عربی سے واقف تو ہوا کرتے تھے، مگر عربی کو یہ مرتبہ کبھی حاصل نہیں ہوسکا کہ وہ ہندستان میں دفتری زبان بن سکے، یہ شرف فارسی کے حصّے میں آیا اور اِسی لیے فارسی کے اثرات، عربی کے مقابلے میں ہمہ گیر رہے۔ ایک خاص بات یہ بھی ہے کہ مختلف وجوہ کی بنا پر، ایرانی تہذیب اور زبان کو، عربی تہذیب اور زبان کے مقابلے میں ہندستان سے قریب کی نسبت تھی، اور حکم راں خاندان بھی عموماً اُسی طرف سے آتے رہے۔ یہ خاندان آئے ہوں کسی علاقے سے، مگر ایرانی اثرات اُن کے ساتھ آئے۔ ایرانی تہذیبی اثرات تھے ہی اِس قدر طاقت ور، ہمہ گیر اور ہمہ جہت۔ فارسی زبان کا مزاج بنیادی طور پر عربی سے مختلف ہے۔ یہ دونوں زبانیں، زبانوں کے دو مختلف خاندانوں سے تعلّق رکھتی ہیں۔ عربی اثرات بہت طاقت ور تھے، مگر ایرانی مزاج نے اُن کو کبھی حکم راں نہیں بننے دیا۔ فارسی کے مقابلے میں عربی زبان کہیں وسیع اور باقاعدہ تھی، مگر دوسری طرف ایرانی تہذیب مجموعی طور پر کہیں زیادہ ترقّی یافتہ تھی، اور اُس نے لسانی سطح پر بھی عربی کے اثرات کو اِس طرح غالب نہیں ہونے دیا کہ فارسی کی اپنی خصوصیات دب جائیں

Marfat.com

یا فنا ہو جائیں ۔ سیاسی اثرات کی بنا پر یہ لازم تھا کہ عربی کے لفظ فارسی میں اپنی جگہ بنائیں اور ایسا ہوا ۔ بے شمار عربی لفظ فارسی زبان کا حصّہ بن گئے ، مگر فارسی نے بہت سے لفظوں کو اِس طرح قبول کیا کہ وہ اُس کے مزاج سے ہم آہنگ ہو سکیں ۔ حرکات اور بناوٹ بل کہ معانی میں بھی بہت سے تصرّفات کیے اور بہت سے لفظوں میں تو املائی تغیّرات کو بھی شامل کر دیا ۔ اِن تصرّفات کے اثر سے عربی کے لفظ فارسی زبان کا جُز معلوم ہونے لگے ۔ یہی صورت عروض کی ہوئی جو فارسی کی بدولت نغمگی کے بہت سے اجزا سے روشناس ہوا ۔ ایرانی آہنگ نے کچھ اوزان کو جو اُس کے لہجے سے میل نہیں کھاتے تھے، قبول نہیں کیا ۔ دوسری طرف بہت سے مترنّم اوزان کا اضافہ کیا ۔ طاقت ور زبانوں کی ایک پہچان یہ بھی ہوا کرتی ہے ۔

جس طرح عربی کے بہت سے لفظوں کو فارسی میں تصرّفات سے دوچار ہونا پڑا تھا، وہی صورت اردو میں رونما ہوئی کہ عربی فارسی کے بہت سے لفظوں کو، یہاں کے تقاضوں کے تحت تصرّفات سے دوچار ہونا پڑا، اور یہ ہونا ہی تھا ۔ ہر زبان کا مزاج اور لہجہ مختلف ہوتا ہے ۔ عربی کے بہت سے لفظوں کا صحیح تلفّظ ہمارے لیے مشکل ہی نہیں نامانوس بھی ہے ۔ فارسی کے کچھ لفظوں کا بھی یہی حال ہے ۔ مثلاً "عیال" عربی کا لفظ ہے اور بہ کسرِ اول ہے (عِیال) اردو والا اِس کو "عیال" کہے گا تو لہجہ بگڑ جائے گا ۔ یا جیسے فارسی میں "فرشتہ" کی ف پر زیر ہے مگر اردو میں سب "فَرشتہ" کہتے ہیں ، اگر اِس کو اردو میں "فِرشتہ" کہا جائے تو دہن بگڑنے کا احتمال ہوگا ۔ یا جیسے عربی کے متعدّد ایسے لفظ ہیں جن کے اعراب میں کوئی اختلاف نہیں ، مگر تلفّظ میں فرق ہے ۔ اور یہ فرق ہندستانی لہجے کا آفریدہ ہے ۔ مثلاً احمد، محمود، عشر وغیرہ ، کہ یہ عربی میں بہ فتحِ حرفِ اوّل ہیں ، اردو میں اِن کو بہ فتحِ حرفِ اوّل ہی مانا جاتا ہے ، مگر فتحے کا تلفّظ وہ نہیں ہوتا جو اہلِ عرب کا خاصّہ ہے ، بل کہ ایسے الفاظ کے تلفّظ میں ایک طرح کی امالے والی کیفیت پائی جاتی ہے ۔ بعض لوگ ایسے الفاظ کو اصل کی پابندی کے زعم میں، اُسی قاریانہ لہجے کے ساتھ بولتے ہیں ۔ ظاہر ہے کہ اردو کے لحاظ سے

Marfat.com

یہ تلفّظ قطعًا غیر فصیح ہے۔ جیسے "احمد" اصلًا بروزنِ "افضل" ہے، لیکن اردو میں الف کے زبر میں ترچھاپن در آتا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے "احمد" "خیبر" کے وزن پر زبان سے ادا ہوا ہے۔ یا جیسے "محل" (بہ معنیِ قصر) کی حَ پر زبر ہے، لیکن ہمارے تلفّظ میں زبر کی آواز زیر کی آواز سے مشابہ ہو کر نکلتی ہے۔ اردو میں اِسی تلفّظ کو فصاحت کی سند حاصل ہے۔ [محلّ بہ لامِ مشدّد، جیسے: محلِّ استعمال، اس کی صورت مختلف ہے، اس کو ذہن میں رکھنا چاہیے] اِسی قبیل کے ہندی کے بھی کچھ افعال ہیں، جیسے بہل گیا، بہک گئے، مہک اٹھا، دہک گیا وغیرہ؛ ان میں ہائے ہوّز مفتوح ہے، لیکن فتحے کی آواز، کسرے سے قریب ہو کر نکلتی ہے۔ قافیے میں بہل "نکل" کے ساتھ آتا ہے اور مہک "جھجک" کے ساتھ آئے گا؛ مگر تلفّظ میں وہی امالائی کیفیت رہے گی۔

اشتقاق، تلفّظ، معانی اور املا کے لحاظ سے عربی و فارسی لفظوں میں بہت سی تبدیلیاں ہوئی ہیں، اور یہ ضروری ہے کہ ایسے سب تغیّرات کا جائزہ لیا جائے اور اُن تغیّرات کو بہ خوشی قبول کیا جائے۔ اِس مضمون میں اختصار کے ساتھ صرف تلفّظ کے تغیّرات پر گفتگو کی جائے گی، اور اِس کا مقصد یہ ہوگا کہ اِس اہم موضوع کی طرف باضابطہ توجّہ کو منعطف کرایا جائے۔ اردو میں اب اگر کوئی مفصّل لُغت مرتّب ہو (اور ہونا چاہیے) تو اُس میں ایسے تغیّرات کی نشان دہی لازم ہوگی، اور ضروری ہوگا کہ ایسے لفظوں میں تلفّظ کے تغیّرات کی نشان دہی کے ساتھ ساتھ اردو کے تلفّظ کو اب معیاری حیثیت دی جائے۔ کچھ لفظوں کے متعلّق متفرّق طور پر یہ لکھا بھی گیا ہے، مگر ایسے الفاظ کی پوری فہرست نہیں بنائی گئی ہے۔ عربی فارسی کے ایسے لفظوں کی تعداد اچھی خاصی ہے جن میں اعراب کی تبدیلی ہوئی ہے، یہاں اُن سب کا احاطہ کرنا مقصود نہیں، مقصد صرف یہ ہے کہ بہ طورِ مثال ایسے الفاظ کی ایک فہرست مرتّب کی جائے اور تفصیلات کے بغیر، مختصر الفاظ میں تبدیلِ حرکات کا ذکر کیا جائے۔ لغت نویسی کے لیے اِس فہرست کی حیثیت ایک اشارہ نما کی سی ہوگی۔ اِس سے اتّفاق

Marfat.com

کیا جائے گا کہ یہ موضوع ہماری خصوصی توجہ کا مستحق ہے، اور یہ کہ اس سلسلے میں ابھی تک باضابطہ کام نہ ہونے کے برابر ہوا ہے۔ لغت میں املا کے بعد دوسری بنیادی حیثیت تلفّظ کی ہوتی ہے اس لیے یہ از بس ضروری ہے کہ ایسے لفظوں کے تلفّظ کا قطعی طور پر اور صحیح طور پر تعیّن کیا جائے۔ اِس کے بغیر کوئی لغت مکمل نہیں ہو سکتا۔

زبان پہلے بنتی ہے، قواعد و لغت کی کتابیں بعد کو مرتّب کی جاتی ہیں۔ اِس طرح اصولی طور پر ہونا تو یہ چاہیے کہ جو لفظ (عام طور پر) جس طرح بولا جاتا ہے، اُس کو اُسی طرح درجِ لغت بھی کیا جائے، یا کوئی اور صورت ہے تو اُس اختلاف کی نشان دہی کی جائے؛ مگر اردو لغات میں اکثر لفظوں کے متعلّق اِس سلسلے میں ناتمامی پائی جاتی ہے۔ اِس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ ایک زمانے تک عربی فارسی لغات سے اختلاف کرنا کچھ اچھّا نہیں سمجھا گیا۔ مگر مشکل یہ تھی کہ کچھ لفظوں میں تلفّظ کا اختلاف اِس قدر نمایاں تھا کہ اُس کو نظر انداز کیا ہی نہیں جا سکتا تھا، یہی وجہ ہے کہ اردو لغات میں کچھ لفظوں کے ذیل میں اختلاف یا تغیّر کا ذکر ملے گا اور کچھ لفظوں کے ذیل میں نہیں ملے گا۔ یا یہ کہ ایک لغت میں ایک اختلاف کا ذکر ہوگا اور دوسرا اُس سے خالی ہوگا۔ ایک خیال یہ بھی تھا کہ لفظ کو لغت میں تو "معیاری" حرکات کے ساتھ ہی لکھا جائے، خواہ بول چال میں وہ کچھ اختلاف کے ساتھ آتا ہو۔ اور "معیار" کا تصوّر غیر واضح سا تھا۔ کہیں تو اُس سے اصل زبان کے لغات یا قواعد کی مطابقت مراد ہوتی تھی، اور کہیں اُس سے اہلِ علم و اہلِ اعتبار کے محدود طبقے کا طرزِ عمل مراد لیا جاتا تھا، اور کہیں اہلِ زبان کے مختارات سے مراد لی جاتی تھی۔ اِس غیر واضح صورتِ حال کا یہ نتیجہ ہونا ہی تھا کہ اِس سلسلے میں انتشار باقی رہے، اور مختلف مقامات پر مختلف صورتیں رونما ہوں۔

دوسری وجہ یہ ہوئی کہ شعر میں لفظ کی حرکت کا تعیّن بالعموم قافیے میں کیا جاتا ہے۔ قافیے کے علاوہ، ساکن و متحرک حروف کا تعیّن تو بعض اوقات شعر میں قافیے کے علاوہ

Marfat.com

ہوسکتا ہے، مگر زبر زیر کا تعیّن نہیں ہو پاتا۔ قافیے میں روی و ماقبلِ روی کی حرکات محسوب ہوتی ہیں۔ اِس طرح جو لفظ سہ حرفی و چہار حرفی وغیرہ ہوتے ہیں، اُن کے حروفِ اوّلیں کی حرکات کا تعیّن شعر میں نہیں ہو پاتا۔ چوں کہ لُغت میں عموماً اسناد میں شعر پیش کیے جاتے رہے ہیں، اور الفاظ کی حرکات کا بھی اکثر تعیّن اُن کے واسطے سے ہوتا رہا ہے، اِس لیے اوّلین حروف کی حرکات کا تعیّن مشکل تھا۔ مثلاً شعر کی مدد سے لفظ "عیاں" یا "عیال" کی عین کی حرکت کا تعیّن نہیں کیا جا سکتا۔ اِس کے برخلاف مثلاً "گھائل" میں ماقبلِ روی کی حرکت کا تعیّن کیا جا سکتا ہے۔ اب "عیاں" یا "عیال" کے حرفِ اول کی حرکت کا تعیّن کس طرح ہو؟ تو آسان طریقہ یہی تھا کہ لُغت کی طرف رجوع کیا جائے، اور اُس میں اِس کو "بہ کسرِ حرفِ اول" لکھا گیا ہے، تو اُسی کو نقل کر لیا جائے۔ ورنہ اور سند کہاں ملے گی؟ یہی وجہ ہے کہ عموماً تین حرفی، چہار حرفی وغیرہ الفاظ کے حروفِ اوّلیں کی حرکات کے تعیّن میں زیادہ اختلاف ملتا ہے اور ناتمامی کا بھی احساس ہوتا ہے۔ اور یہ بات اہم ہے کہ تلفّظ کی اکثر تبدیلیاں مختلف الفاظ میں شروع کے دو حرفوں میں ہوئی ہیں، جیسے: فرشتہ، بہشت، عیال، نفی، میّت، سیّد، حرکت، قلعہ، کلمہ، ارنی، عظمت، قلعی وغیرہ۔

اردو میں عربی و فارسی (وغیرہ) کے جن لفظوں میں حرکات کی تبدیلی ہوئی ہے، تو وہ تبدیلی، یہاں کے لہجے کا تقاضا تھا۔ ہر زبان میں یہی ہوتا ہے کہ دوسری زبانوں کے لفظ (اکثر و بیش تر) اُس زبان کے سانچے میں اِس طرح ڈھل جاتے ہیں کہ اجنبیّت کا شائبہ بھی نہیں رہتا۔ حرکات کی تبدیلی پہلے زبانوں پر اپنی جگہ بناتی ہے، اور پھر لُغت میں جگہ پاتی ہے۔ یہ درمیانی وقفہ (یعنی زبانوں سے نکل کر لُغت میں جگہ پانا) خاصا صبر آزما ہوتا ہے۔ اِس میں زیادہ الجھن اِس لیے ہوتی ہے کہ استعمالِ عام کی سطحیں مختلف ہوتی ہیں۔ یہ مسلّمات میں سے ہے کہ قابلِ قبول تبدیلیوں کا تعیّن ذرا دیر میں ہو پاتا ہے۔ جب تک کوئی تغیّر استعمالِ عام کی اُس سطح تک نہ پہنچ جائے جہاں پہنچ کر اُس کو اعتبار کی سند ملتی ہے، اُس وقت تک وہ

Marfat.com

لُغت کے لیے قابلِ قبول نہیں ہوسکتا۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ اِس میں قیاس ساتھ نہیں دیتا۔ یعنی اِس بنا پر کہ ایک لفظ میں حرکت کا تغیّر قابلِ تسلیم ہے، یہ لازم نہیں کہ اُس انداز کے دوسرے الفاظ میں بھی وہی تغیّر رونما ہوا ہو، یا قابلِ تسلیم بھی ہو۔ مثلاً "نفی" میں اصلاً ف ساکن ہے، مگر یہ اردو میں بہ کسرِ دوم مستعمل ہے اور یہ استعمال اُس سطح تک پہنچ چکا ہے جہاں سے استناد کی حدیں شروع ہوجاتی ہیں؛ اِس لیے اِس کو بہ کسرِ دوم بھی قبول کیا جائے گا، مگر اس کے قیاس پر، اِس کے ہم وزن الفاظ کو لازماً شامل نہیں کیا جاسکتا، جیسے "تخت" کو "تخت" کی صورت میں نہیں مانا جائے گا، جب کہ استعمال کی ایک سطح پر یہ تلفّظ ملتا ہے، مگر قابلِ قبول سطح تک یہ ابھی نہیں پہنچ سکا ہے۔ اور یہی وہ فرق ہے جس کو قدمانے اور لغت نویسوں نے "غلط العام" اور "غلط العوام" کے ناموں سے موسوم کیا ہے۔ "غلط العوام" کو آپ جو بھی حیثیت دیجیے، شوق کے ساتھ سنیے بھی؛ مگر اُس کو لُغت میں شامل نہیں کیا جاسکتا۔ "نَظْم" کو کچھ لوگ "نَظَم" کہنے لگیں اور اُن میں دو چار "مبتدیٔ" پڑھے لکھے بھی ہوں؛ تب بھی اِس کو قابلِ قبول نہیں قرار دیا جائے گا۔ میں اِس امکان سے انکار نہیں کرتا کہ کسی زمانے میں یہ قابلِ تسلیم ہوسکتا ہے؛ مگر وہ زمانہ کب آئے گا، اِس کا مجھے علم نہیں۔ مقصود یہ ہے کہ استعمالِ عام کی نچلی سطح پر تلفّظ میں جو مختلف قسم کی تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں، وہ سب لازماً قابلِ قبول نہیں ہوتیں۔ اُن تبدیلیوں کو قابلِ قبول سطح تک آنے کے لیے اور اپنی جگہ بنانے کے لیے ایک طویل وقفے کی ضرورت ہوتی ہے۔ بہت سی تبدیلیوں میں سے کچھ تبدیلیاں ہی قابلِ قبول سطح تک پہنچ کر، اپنی جگہ بنا پاتی ہیں اور اُسی صورت میں وہ لغت کے لیے قابلِ قبول ہوسکتی ہیں۔ اِس بات کو ضرور پیشِ نظر رہنا چاہیے۔

ایک دوسری بات یہ ہے کہ بہت سے لفظ ایسے ہیں کہ بول چال کی حد تک اُن میں تبدیلی نمایاں ہوچکی ہے، مگر نظم میں اور فارسی ترکیب میں وہ عموماً اصل کے مطابق ہی

Marfat.com

آتے ہیں ۔ اِس ذیل میں ساکنُ الاوسط الفاظ خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ مثلاً "شمع" اور "جمع" میں اصلاً م ساکن ہے لیکن اردو کی بول چال میں یہ عموماً بہ فتحِ م آتے ہیں، اور یہ صورت قابلِ قبول سطح پر اپنی جگہ بنا چکی ہے؛ مگر شعر میں اور فارسی ترکیب کی صورت میں یہ بہ سکونِ م ہی آتے ہیں۔ شعر میں اگر "شَمَع" باندھا جائے تو فوراً غیر مناسب معلوم ہوگا اور گفتگو میں اگر "شَمْع" کہا جائے تو اچھا نہیں لگے گا۔ ایسے الفاظ کے متعلق یہ خیال رکھا جائے گا کہ نظم میں تو یہ اُسی طرح رہیں گے جس طرح اب تک رہے ہیں، اور دوسری طرف بول چال میں بھی اُن کی مروّج صورت محفوظ رہے گی۔ ضرورتِ شعری اور روایتِ شعری اور بول چال کے ضابطے اپنی اپنی جگہ پر رہیں گے اور دونوں مقامات پر اِن ضابطوں کے تحت ہی الفاظ اپنے کو نمایاں کرتے رہیں گے۔ اِس امتیاز کو لازماً برقرار رہنا چاہیے اور اِس کو ختم کرنے کی کوشش ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔ بے امتیازی یوں بھی بہت بڑا عیب ہے، پھر یہ بات بھی ہے کہ ادبی زبان اور بول چال کی زبان میں کچھ نہ کچھ فرق تو رہتا ہی ہے اور رہے گا بھی، اور یہ بھی مسلّمات میں سے ہے۔

اردو میں لُغت نویسی کی روایت خاصی پُرانی ہے اور خاص بات یہ ہے کہ مختلف ادوار میں اس کا تسلسل ملتا ہے۔ آخری مفصّل لُغت تو نوراللغات تھا، مگر اُس کے بعد بھی اِس سلسلے میں کچھ نہ کچھ کام ہوتا رہا ہے۔ ان لُغات کے مرتّبین نے (جن میں مولّفِ نوراللغات خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں) تغیّرِ حرکات کا ذکر کیا ہے، مگر بہت سے لفظ اُس سے محروم رہے ہیں اور اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ ایسے الفاظ کا تفصیل [illegible] تھ ہمارے یہاں جائزہ نہیں لیا گیا؛ اب ضروری ہے کہ اس ضروری کام کو مکمل کیا جائے، کیوں کہ اس کے بغیر لغت کی تکمیل نہیں ہوسکے گی، اور پُرانے لغات میں تلفّظ کی حد تک جس ناتمامی کا احساس ہوتا ہے، وہ صورتِ حال اُسی طرح باقی رہے گی۔ اس ذیل میں قابلِ قبول تغیّرات کا تعیّن اصل کام ہوگا۔ جیسا کہ کہا جا چکا ہے، بہت سے

Marfat.com

لفظوں میں مختلف سطحوں پر طرح طرح کے تغیّرات سے دوچار ہونا پڑتا ہے، مگر وہ سب لازمًا قابلِ قبول نہیں ہو سکتے۔ زبان کی شائستگی اور اعتبار بڑی چیز ہے، اور لغت اُس کا آئینہ دار اور امین ہوتا ہے۔ جس طرح عربی و فارسی لُغات کی آنکھیں بند کر کے تقلید نہیں کی جا سکتی، اُسی طرح استعمالِ عام کے نام پر ہر خوب و ناخوب کو قبول نہیں کیا جا سکتا۔ ظاہر ہے کہ اس سلسلے میں الفاظ کی فہرست مرتّب کرنا ہوگی اور نہایت احتیاط کے ساتھ اُس پر غور کر کے، ہر لفظ کے متعلّق الگ الگ فیصلہ کرنا ہوگا۔ لغات میں ایسے کچھ لفظوں میں اختلافِ حرکات کا ذکر ملتا ہے، اُس کو بھی مثال کے طور پر سامنے رکھا جا سکتا ہے۔ اِس مضمون کا مقصد بھی یہی ہے کہ ایسے الفاظ کی پہلی فہرست پیش کی جائے، اور اُن تغیراتِ حرکات کی نشان دہی کی جائے جو مضمون نگار کی رائے میں لُغت کے لیے ہر اعتبار سے قابلِ قبول ہیں۔ اِس سلسلے کے کچھ لفظ ایک اور مضمون "صحتِ الفاظ" میں زیرِ بحث آئے ہیں؛ اُن کو بھی اِس فہرست کا جُز سمجھنا چاہیے۔ اِس مضمون میں نور اللغات کے لیے عموماً نور اور فرہنگِ آصفیہ کے لیے آصفیہ بہ طورِ مخفّفات استعمال کیے گئے ہیں۔

آصف : اصلاً ص مفتوح ہے، مگر اردو میں زبانوں پر اکثر بہ کسرِ صاد ہے۔ نور اللغات میں یہ لفظ موجود ہے، مگر ضبطِ حرکات کے بغیر۔ البتّہ امیر اللغات میں ص پر زبر لگا ہوا ہے (آصَف) اور فرہنگِ آصفیہ میں ص پر زیر لگا ہوا ہے — اِس لفظ کی دونوں حرکات قابلِ تسلیم ہیں، اس صراحت کے ساتھ کہ بہ کسرِ صاد اردو کا تصرّف ہے اور اب اکثر اِسی طرح بولا جاتا ہے۔

اچار : آصفیہ میں اِس کو "آچار" لکھا گیا ہے اور "اچار" کو "عوام" سے متعلق کیا گیا ہے۔ "آچار بنانا، آچار ڈالنا، آچار کرنا، آچاری" سب کو الفِ ممدودہ کے

Marfat.com

ساتھ ہی لکھا گیا ہے۔ اردو میں "اچار" بولا اور لکھا جاتا ہے اور اردو کے لحاظ سے یہی صورت صحیح اور فصیح ہے۔ "آچار" کو فارسی سے مخصوص قرار دینا چاہیے۔

احدی : اصلاً حَ پر زبر ہے۔ اردو میں کاہل اور نکمّے آدمی کو کہتے ہیں اور اِس معنی میں یہ بہ سکونِ حَ مستعمل ہے۔

ارجمند : فارسی میں جَ ساکن ہے۔ صاحبِ غیاث اللغات نے خاص طور پر صراحت کی ہے کہ بہ ضمِّ جیم غلط ہے۔ آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں۔ نور میں ہے اور اُس میں بھی بہ ضمِّ جیم کو غلط بتایا گیا ہے۔ البتّہ امیر اللغات میں جَ پر پیش بنا ہوا ہے: "اَرْجُمَنْدْ"۔ اردو میں یہ لفظ اِسی طرح مستعمل ہے۔ گفتگو میں جَ کا ضمّہ نمایاں رہتا ہے اور بہ سکونِ جیم، اردو کے لہجے سے میل نہیں کھاتا۔

اسفندیار : فارسی میں یہ بہ کسرِ اوّل ہے، مگر اردو میں زبانوں پر بہ فتحِ اول ہے اور اب یہی حرکت مرجّح ہے۔ آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں۔ نور اور امیر اللغات میں اِس کو فارسی حرکات کے مطابق (اِسْفَندیار) لکھا گیا ہے۔

اسلحہ : عربی کے لحاظ سے لَ پر زیر ہے۔ بول چال میں یہ بہ فتحِ لام (اَسْلَحَہ) بھی آتا ہے۔ اِس لفظ کی دونوں حرکات قابلِ تسلیم ہیں۔ بہ فتحِ لام کو اردو کا تصرّف مانا جائے گا۔ اردو لغات میں اِس کو عربی کے مطابق لکھا گیا ہے۔

اصفہان : فارسی میں یہ بہ کسرِ اول ہے مگر اردو میں بہ فتحِ اول زیادہ مستعمل ہے۔ آصفیہ میں یہ موجود نہیں۔ امیر اللغات و نور اللغات میں اِس کو اصل کے مطابق بہ کسرِ اول ہی لکھا گیا ہے۔ اِس لفظ کی دونوں حرکات کو لغت میں درج کرنا چاہیے، اِس صراحت کے ساتھ کہ اردو میں زبانوں پر عموماً بہ فتحِ اول ہے۔

افقَ : اصلاً بہ ضمّتین ہے (اُفُقْ)۔ آصفیہ، نور اور امیر اللغات میں بھی اِس کو

Marfat.com

اصل کے مطابق بہ ضمتین ہی لکھا گیا ہے۔ اردو میں اِس کا ایک تلفّظ "اُفَق" بھی ہے (بہ ضمِّ اول و فتحِ ثانی)۔ اِس تلفّظ کو بھی مان لینا چاہیے اور درجِ لُغت کرنا چاہیے۔

اکسیر : بہ لحاظِ لغت بہ کسرِ اول ہے۔ آصفیہ، نور، امیر اللغات؛ سب میں اِس کو بہ کسرِ اول لکھا گیا ہے، بل کہ مولّفِ نور نے صراحت بھی کر دی ہے کہ "بالفتح غلط ہے"۔ اردو میں زبانوں پر بہ فتحِ اول بھی ہے اور "اِکسیر" کے مقابلے میں "اَکسیر" زیادہ سُننے میں آیا ہے۔ بہ ہر صورت، اِس لفظ کے دونوں تلفّظ درجِ لغت ہونا چاہیے، اِس صراحت کے ساتھ کہ بہ فتحِ اول، اردو کا تصرّف ہے اور اکثر اِسی طرح سُننے میں آتا ہے۔

الماس : اصلاً حرفِ اول مفتوح ہے (اَلماس)۔ اردو میں زبانوں پر بہ کسرِ اول بھی ہے، اور اب بیش تر اِسی طرح سُننے میں آتا ہے۔ اردو لغات میں اِس کو اصل کے مطابق صرف بہ فتحِ اول لکھا گیا ہے۔ اِس لفظ کو دونوں طرح تسلیم کر لینا چاہیے۔ بہ کسرِ اول اردو کا تصرّف ہوگا۔

ایوان : اردو میں یہ لفظ صرف بہ فتحِ اول مستعمل ہے اور اِسی طرح ماننا چاہیے۔ غیاث اللغات میں اختلافِ حرکت کا ذکر کیا گیا ہے (اِیوان، اَیوان) مگر اردو میں اِس اختلاف کا گزر نہیں۔ نور میں یہ لفظ موجود ہے مگر حرکات کی صراحت کے بغیر ـــــ فرہنگِ آصفیہ میں اور امیر اللغات میں یہ لفظ موجود ہے اور اِن میں الف پر زبر لگا ہوا ہے۔

باقر : بہ لحاظِ لغت قَ مکسور ہے (باقِر) نور میں بھی اِس کو اصل کے مطابق بہ کسرِ سوم لکھا گیا ہے۔ اُردو میں اِس کو بہ کسرِ قاف شاید ہی کوئی بولتا ہو، سب لوگ "باقَر" کہتے ہیں۔ باقر خانی بھی بہ فتحِ سوم مستعمل ہے۔ اُردو میں اب اِس لفظ کو صرف بہ فتحِ سوم ماننا چاہیے۔ آصفیہ

Marfat.com

میں "باقر" موجود نہیں، البتّہ "باقرخانی" ہے اور اُس میں قاف پر زبر لگا ہوا ہے۔ نور میں "باقرخانی" اعراب یا صراحت کے بغیر ہے۔

ببر : آصفیہ میں "بَبَر" لکھا ہوا ہے۔ قوسین میں لکھا ہے "صحیح : بَبْر"۔ صاحبِ نوراللغات نے اختلافِ حرکت کا ذکر کیا ہے، مگر یہ بھی لکھا ہے کہ "اُردو میں زبانوں پر بروزنِ "گَبَر" ہے"۔ فارسی میں یہ بہ سکونِ دوم ہے۔ بہارِ عجم میں اِس کو بہ فتحِ دوم بھی لکھا گیا ہے مگر یہ صراحت بھی کر دی گئی ہے کہ فارسی والے بہ سکونِ دوم استعمال کرتے ہیں۔ بہرطور اردو میں یہ لفظ صرف بہ فتحتین مستعمل ہے، اور اردو کے لیے اب یہی صورت مرجّح ہے۔ یہ نظم میں بہ سکونِ دوم آسکتا ہے۔

برادر : غیاث اللغات میں اِس کو بہ فتحِ اول لکھا گیا ہے۔ آصفیہ میں ب پر زبر اور زیر دونوں حرکات لگائی گئی ہیں : "بِرادر"۔ یعنی مولّف کے نزدیک یہ لفظ دونوں طرح مستعمل اور صحیح ہے۔ نور میں غیاث اللغات کی عبارت کا ترجمہ کر دیا گیا ہے مگر یہ بھی لکھا ہے کہ "یہ لفظ زبانوں پر بہ کسرِ اول ہے"۔ بول چال میں یہ لفظ صرف بہ کسرِ اول ہے اور اردو میں اِس لفظ کو صرف بہ کسرِ اول ماننا چاہیے۔

برقع : عربی میں قاف پر زبر بھی ہے اور پیش بھی (صراح) اردو میں یہ صرف بہ فتحِ سوم مستعمل ہے۔ بہ ضمِّ سوم کو عربی سے مخصوص سمجھنا چاہیے اور اُردو سے غیر متعلّق۔

برہمنہ : بہ لحاظِ اصل حرفِ اول مفتوح ہے۔ اردو میں اِس طرح بھی استعمال کرتے ہیں اور بہ کسرِ اول بھی بولتے ہیں۔ یہی صورت "برہمن" کی ہے کہ اصلاً حرفِ اول مفتوح ہے، مگر گفتگو میں بہ کسرِ اول بھی آتا ہے۔ اِس کو اردو کا تصرّف قرار دے کر شاملِ لُغت کر لینا چاہیے۔

بشارت : اصلاً ب پر پیش اور زیر ہے۔ اردو والے صرف بہ فتحِ اول استعمال کرتے ہیں۔ آصفیہ میں "بِشارت" لکھا ہوا ہے۔ مولّف نے مزید لکھا ہے:

Marfat.com

"بول چال میں بہ فتحِ موحّدہ، صحیح بہ ضمّ یا بہ کسرِ با"۔ اِسی طرح کے اندراجات غلط فہمی پیدا کرتے ہیں۔ اردو میں "بُشارت" لکھنے کا مطلق جواز نہیں۔ یہی صورت "بِشارت" کی ہے۔ اردو میں اب صحیح صورت "بَشارت" ہے اور اِس لفظ کو صرف اِسی طرح ماننا چاہیے۔

بقراط : نور میں یہ لفظ موجود نہیں۔ آصفیہ میں "بَقراط" (بہ فتحِ اول) ہی۔ مولف نے صراحت بھی کی ہے: "صحیح بہ فتحِ موحدہ، اور زبان زدِ خاص و عام بہ ضمِّ موحدہ"۔ جب زبان زدِ خاص و عام بہ ضمِّ حرفِ اول ہے، تو پھر "بَقراط" لکھنے کا جواز کیا ہے؟ اردو میں اب اِس لفظ کو صرف بہ ضمِّ اول ماننا چاہیے اور بہ فتحِ اول کو اردو سے غیر متعلق سمجھنا چاہیے۔

بنفشہ : نور میں اِس کو "بہ فتحِ با و نون و شین" لکھا ہے، اردو میں اِسی طرح بولتے ہیں، مگر مولّف نے اس تلفّظ کو فارسی سے بھی متعلق بتایا ہے۔ یہ درست نہیں۔ فارسی میں بہ فتحِ اول و ضمِّ نون اور بہ ضمّتین ہے۔ آصفیہ میں "بَنَفْشَہ" لکھا ہوا ہے، مگر اُس میں بھی یہ وضاحت نہیں کہ یہ اُردو کا تصرّف ہے۔ اس سے غلط فہمی پیدا ہو سکتی ہے۔ فارسی میں جو بھی صورت ہو، اردو میں یہ صرف بہ فتحِ اول و دوم و چہارم مستعمل ہے، اور اردو کی حد تک اِسی کو صحیح ماننا چاہیے۔

بہادر : لُغات میں اِس کو بہ ضمِّ دال لکھا گیا ہے۔ یہ لفظ اِس طرح بھی مستعمل ہے اور اِس کا ایک تلفّظ بہ فتحِ دال بھی ہے۔ اِس تلفّظ کو بھی تسلیم کر لینا چاہیے۔ یہ اردو کا تصرّف ہوگا۔

بہزاد : بہ لحاظِ اصل یہ لفظ بہ کسرِ اول ہے (بِہزاد) مگر اردو میں زبانوں پر عموماً بہ فتحِ اول ہے، اور اردو کے لحاظ سے یہی فصیح معلوم ہوتا ہے۔ آصفیہ میں

Marfat.com

یہ لفظ موجود نہیں۔ نور میں ہے اور اُس میں اصل کے مطابق بہ کسرِ اول ہی لکھا گیا ہے۔

بہشت : نور میں اِس کو بہ کسرِ تین لکھا گیا ہے، مگر اردو میں بہ کسرِ اول و دوم کوئی نہیں بولتا۔ اُردو میں اِس لفظ کو بہ فتحِ اول و کسرِ دوم صحیح سمجھنا چاہیے۔

بیاباں : فارسی میں حرفِ اول کو مفتوح بھی بتایا گیا ہے اور مکسور بھی۔ اردو میں یہ عموماً زبانوں پر بہ کسرِ اول ہے، نور میں اِس لفظ کے اعراب کا ذکر نہیں کیا گیا۔ دونوں حرکات قابلِ تسلیم ہیں (بِیاباں۔ بَیاباں)

پروردگار : اصل کے لحاظ سے دال موقوف ہے، نور اللغات میں بھی اِسی طرح ملتا ہے ؛ مگر گفتگو میں دال مکسور ہو جاتا ہے۔ اگر اصل کے مطابق کوشش کر کے دال کو موقوف رکھا جائے اور "پَرْوَرْدْگار" کہا جائے تو گفتگو کی روانی پر اچانک حرف آجائے گا۔ یہ صورت اِس لفظ سے خاص ہے۔ جیسے ایک اور لفظ ہے "خداوندگار"، اُس کی یہ صورت نہیں، اُس میں دال موقوف ہی ہے۔

پریشاں : فارسی میں حرفِ اول مکسور بھی ہے اور مفتوح بھی، اِسی رعایت سے مولفِ نور نے اِس کو دونوں طرح لکھا ہے، اور اُن کی تحریر سے یہ متبادر ہوتا ہے کہ فارسی کی طرح اردو میں بھی حرفِ اول مکسور اور مفتوح ہے۔ مگر یہ ٹھیک نہیں۔ اُردو میں یہ صرف بہ فتحِ اول مستعمل ہے۔ بہ کسرِ اول کو فارسی سے متعلق قرار دینا چاہیے۔

پژمردہ : فارسی میں حرفِ اول مکسور بھی ہے اور مفتوح بھی۔ اردو میں یہ صرف بہ فتحِ اول مستعمل ہے۔

پنجرہ : آصفیہ میں اِس کو "پِنْجْرہ" لکھا گیا ہے، یعنی نون ساکن اور جیم موقوف۔ اِس کے برخلاف نور میں "پِنْجَرَہ" ہے، یعنی جیم مفتوح۔ مولف نے

Marfat.com

قوسین میں یہ بھی لکھا ہے : " اردو میں بہ سکونِ جیم بھی مستعمل ہے "۔ اِس اندازِ نگارش سے مترشح ہوتا ہے کہ مولف کی رائے میں اردو میں یہ لفظ دونوں طرح مستعمل ہے۔ بہ حرکتِ جیم کی سند میں منیر کا یہ شعر لکھا گیا ہے :

جوشِ جنوں ہمیشہ ہے دل ہائے چاک میں
شیروں سے خالی ایک گھڑی پنجرے نہیں

مگر استعمالِ عام میں یہ لفظ صرف بہ جیمِ موقوف آتا ہے۔ بہ حرکتِ جیم کو از قسمِ شاذ اور اب متروک سمجھنا چاہیے، اور اس کی صراحت کی جانا چاہیے۔

پوچ : فارسی میں واؤ معروف ہے۔ اسی رعایت سے نور میں بھی واؤ پر معروف ہونے کی علامت ملتی ہے (پوُچ)۔ بول چال میں عام طور پر یہ بہ واوِ مجہول سُننے میں آتا ہے، بہ واوِ معروف شاید ہی کوئی بولتا ہو۔ اردو میں بہ واوِ مجہول کو مرجح قرار دینا چاہیے۔ آصفیہ میں معروف و مجہول کی صراحت نہیں ملتی۔

تشنہ : آصفیہ میں "تشنہ" اور "تشنگی" کی تے پر زیر لگا ہوا ہے۔ اِس کے برخلاف نور میں اِس کو بہ فتحِ اول لکھا گیا ہے اور بہ کسرِ اول کو غلط بتایا گیا ہے : " بہ فتحِ تا صحیح ہے، بہ کسرِ تا غلط "۔ فارسی میں جو بھی صورت ہو، اردو میں زبانوں پر یہ دونوں لفظ عموماً بہ کسرِ اول ہیں، اور یہی تلفظ مرجح ہے۔ اِن لفظوں کی دونوں حرکات کو درجِ لغت ہونا چاہیے، مگر اس صراحت کے ساتھ کہ اردو میں مستعمل بہ کسرِ اول ہیں، اور یہ اردو کا تصرف ہے، اور صحیح دونوں طرح ہیں۔

تغلق : غیاث اللغات میں اِس کو بہ ضمِ اول و سوم (تُغلُق) لکھا گیا ہے اور صراحت کر دی گئی ہے کہ " از لُغاتِ ترکی نوشتہ شد "۔ اردو میں یہ لفظ بہ ضمِ اول و فتحِ سوم (تُغلَق) مستعمل ہے، اور اردو کے لیے اس کی یہی صورت

Marfat.com

صحیح مانی جائے گی ۔ آصفیہ و نور میں یہ لفظ موجود نہیں ۔

تلمیذ : صاحبِ نور اللغات نے لکھا ہے : "تلمیذ ع ۔ یہ لفظ عربی میں بالفتح، فارسی میں بالکسر ہے" ۔ یہ برعکس بات ہے ۔ یہ لفظ عربی میں بہ کسرِ اول ہے (المنجد) یہ صراحت بھی کر دی گئی ہے کہ شاید یہ فارسی کے لفظ "تلمیذ" بہ فتحِ اول کی تعریب ہے : "تلمیذ بالکسر، شاگرد، تلامذہ جمع ۔ و ظاہرا فارسی است، و عربیِ فصیح نیست، و لہٰذا صاحبِ قاموس نیاوردہ، اما تحقیق آن است کہ معرّبِ تلمیذ است بالفتح" (منتخب اللغات) ۔ مطلب یہ ہوا کہ فارسی میں بہ فتحِ اول ہے ۔ اور عربی میں بہ کسرِ اول ۔ اردو میں صرف بہ فتحِ اول مستعمل ہے ۔ بہ کسرِ اول کو عربی سے متعلق سمجھنا چاہیے ۔

تیمور : آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں ؛ نور میں اِس کو اصل کے مطابق بر وزنِ "ذی نور" لکھا گیا ہے ، مگر اردو میں عموماً زبانوں پر بہ فتحِ اول ہے ۔ اور کبھی کبھار بہ کسرِ اول و یائے مجہول بھی سُننے میں آجاتا ہے ۔

جبروت : اصلاً بہ فتحِ اول و دوم ہے ۔ اردو میں یہ بہ سکونِ دوم بھی مستعمل ہے ، اور یہ اردو کا تصرّف ہے ۔ اِس لفظ کی دونوں صورتیں تسلیم کر لینا چاہیے ۔ فرہنگِ آصفیہ اور نور اللغات میں یہ لفظ اصل کے مطابق صرف بہ فتحِ اول و دوم ہے ۔

جدّہ : عربی میں بہ فتحِ اول و دالِ مشدّدِ مفتوح کے معنی ہیں : مادرِ مادر و مادرِ پدر (منتخب اللغات) ۔ اور معروف بندرگاہ کے معنی میں بہ کسرِ اول اور بہ ضمِّ اول دونوں طرح ہے (غیاث اللغات) ۔ اردو میں اِن دونوں معانی میں یہ لفظ صرف بہ فتحِ اول و دالِ مشدّدِ مفتوح مستعمل ہے ، اور اردو میں اِسی طرح صحیح مانا جائے گا ۔

Marfat.com

جرح : اردو میں یہ لفظ بہ کسرِ اول و فتحِ دوم بھی بول چال میں آتا ہے، اور اس کی یہ صورت بھی قابلِ تسلیم ہے۔ آصفیہ کے اندراج سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ "قانونی معنی میں بالفتح پڑھنا چاہیے"۔ یعنی مولف کے نزدیک اِس کی صرف دو صورتیں ہیں : جُرْح ، جَرْح ۔ مگر "جُرُح" (بہ ضمِ اول و سکونِ دوم) تو اردو میں مطلقاً مستعمل نہیں ۔ اِس کو عربی سے مخصوص سمجھنا چاہیے ۔ ترکیب کی صورت میں عموماً یہ بہ سکونِ دوم آتا ہے، جیسے : جرح و تعدیل ۔ ج کو عموماً زیر کے ساتھ ہی بولا جاتا ہے، ممکن ہے کہ کچھ لوگ بہ صورتِ ترکیب اس کو بہ فتحِ اوّل بھی بولتے ہوں ، مگر مفرد لفظ "جرح" بہ کسرِ اول و فتحِ دوم ہی گفتگو میں آتا ہے۔ "جرح کرنا" میں بھی اِس لفظ کی یہی صورت رہتی ہے ۔

جسارت : اصلاً بہ فتحِ اول ہے ۔ بول چال میں یہ بہ کسرِ اول بھی آتا ہے ۔ اِس لفظ کی دونوں حرکات مان لینا چاہیے ۔ آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں ۔ نور میں ہے اور صرف بہ فتحِ اول ۔

جفر : (ایک علم کا نام) اصلاً بہ سکونِ دوم ہے ۔ اردو میں بہ فتحِ اول و دوم مستعمل ہے، اور اردو کے لحاظ سے یہ مرجّح ہے ۔ چوں کہ نظم میں یہ اصل کے مطابق بہ سکونِ دوم استعمال کیا گیا ہے ، اِس لیے اِس لفظ کو دونوں طرح صحیح ماننا چاہیے ، مگر اس صراحت کے ساتھ کہ اردو میں اب مستعمل بہ فتحتین ہے ۔

جمع : اصلاً یہ لفظ بہ سکونِ دوم ہے ۔ اِس طرح استعمال میں بھی آتا ہے ۔ ترکیبوں میں تو صرف اسی طرح استعمال کیا جاتا ہے اور اسی طرح استعمال بھی کرنا چاہیے، البتہ گفتگو میں عام طور پر یہ بہ فتحِ دوم آتا ہے، جیسے : بہت مال جمع ہو گیا ہے۔ اِس صراحت کے ساتھ اِس لفظ کو بہ فتحِ دوم بھی درست مان لینا چاہیے، اور یہ اردو کا تصرّف ہوگا ۔ تراکیب میں یہ بہ دستور بہ سکونِ دوم رہے گا۔ (توصیفی)

Marfat.com

اضافی، عطفی، کوئی سی بھی ترکیب ہو)۔

جنازہ : عربی میں حرفِ اول مکسور بھی ہے اور مفتوح بھی (منتخب اللغات)۔ اردو میں صرف بہ فتحِ اول مستعمل ہے۔

جنوب : اصل میں جَ پر زبر ہے۔ اُردو میں بہ ضمِّ دوم استعمال ہوتا ہے، اور اب یہی مرجح صورت ہے۔ لغت میں دونوں حرکات کا اندراج ہونا چاہیے، مگر صراحت کے ساتھ۔

چراغ : فارسی میں حرفِ اول کو مفتوح بھی کہا گیا ہے اور مکسور بھی (غیاث اللغات)۔ اردو میں بھی یہ دونوں طرح سننے میں آتا ہے، مگر بہ فتحِ اول کم اور بہ کسرِ اول زیادہ۔ "چراغی" تو بہ کسرِ اول ہی بولا جاتا ہے۔ "چراغاں" دونوں طرح سننے میں آیا ہے۔ اردو میں دونوں صورتوں کو صحیح ماننا چاہیے مگر مندرجۂ بالا صراحت کے ساتھ۔ آصفیہ میں "چَراغ" لکھا ہوا ہے، اور بہ کسرِ اول کے متعلق کچھ وضاحت نہیں کی گئی۔ نور میں فارسی کے اختلاف کا تو ذکر کیا گیا ہے، مگر یہ نہیں بتایا گیا ہے کہ اُردو میں کیا صورت ہے۔

چکن : اردو میں یہ لفظ صرف بہ کسرِ اول و فتحِ دوم مستعمل ہے، اور اردو میں اب اِسی طرح صحیح اور فصیح ہے۔ آصفیہ میں "چِکَنْ" لکھا گیا ہے مگر قوسین میں یہ بھی لکھا ہوا ہے: "صحیح بہ کسرِ تین"۔ اِس اندراج سے غلط فہمی پیدا ہو سکتی ہے کہ اردو میں بھی صحیح بہ کسرِ اول و دوم ہے۔ مگر یہ صحیح نہیں ہوگا اور مولف کا بھی یہ مطلب نہیں۔ بہ کسرِ تین کو فارسی سے مخصوص سمجھنا چاہیے۔ نور میں اِس کی اصل حرکات "بہ فتحِ اول و کسرِ دوم" بتائی گئی ہیں، مگر یہ اندراج صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ اصلاً یہ بہ کسرِ اول و دوم ہے۔ اور اُردو میں یہ صرف بہ کسرِ اول و فتحِ دوم ہے۔

حجم : اصلاً یہ لفظ بہ سکونِ دوم صحیح ہے۔ اردو کی بول چال میں یہ اکثر بہ فتحِ دوم

Marfat.com

آتا ہے۔ اِس لفظ کو دونوں طرح صحیح مان لینا چاہیے۔ آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں۔ نور میں صرف بہ سکونِ دوم ہے۔

حلق : بہ لحاظِ لغت بہ فتحِ اول وسکونِ دوم ہے، مگر زبانوں پر بہ فتحِ اول ودوم بھی ہے۔ دونوں طرح مان لینا چاہیے۔ ترکیب کی صورت میں اصل کے مطابق بہ سکونِ دوم ہی آتا ہے۔

حلقوم : لغت میں ح پر پیش ہے، مگر استعمالِ عام میں بہ فتحِ اول ہے۔

حلیہ : خلعت اور صورت وخلقت کے معنی میں اصلاً بہ کسرِ اول ہے اور سونے چاندی (وغیرہ) کے زیور کے معنی میں بہ کسرِ اول وبہ ضمِ اول دونوں طرح ہے (منتخب اللغات)۔ اردو میں یہ لفظ صورت، چہرہ، خط وخال (جو شناخت کے لیے لکھے جائیں) کے معانی میں بہ ضمِ اول استعمال ہوتا ہے، اور اب یہی حرکت قابلِ قبول ہے۔

حوصلہ : لغت میں اِس کو بہ فتحِ اول وسوم وچہارم لکھا گیا ہے۔ نور وآصفیہ میں بھی یہی صورت ملتی ہے۔ بول چال میں بہ سکونِ سوم آتا ہے اور عموماً اِسی طرح مستعمل ہے، اور یہی صورت مرجح ہے۔

خانقاہ : نور میں بہ فتحِ نون اور بہ سکونِ نون دونوں طرح لکھا گیا ہے۔ اردو میں صرف بہ سکونِ نون مستعمل ہے اور صرف یہی صورت قابلِ قبول ہے۔

خاوند : اصلاً بہ فتحہ واو ہے۔ زبانوں پر بہ کسرِ واو ہے، اور یہی صورت مرجح ہے۔ نور میں لکھا ہوا ہے کہ "اردو میں بہ کسرِ واو زبانوں پر ہے"

خباثت : عربی میں خ پر زبر ہے (المنجد)۔ اردو میں زبانوں پر بہ کسرِ اول بھی ہے۔ دونوں حرکات درج لغت ہونا چاہئیے اِس صراحت کے ساتھ کہ اردو میں عام طور پر بہ کسرِ اول مستعمل ہے، ہاں، آصفیہ اور نور دونوں میں

Marfat.com

"خُباثت" لکھا ہوا ہے۔ آصفیہ میں تو حرکات کے متعلّق اور کچھ نہیں لکھا گیا ہے، البتّہ نور میں قوسین میں "بہ فتحِ اول" بھی لکھا ہوا ہے، اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ خ پر پیش کتابت کی غلطی ہے، مگر یہ دل چسپ بات ہے کہ دونوں لُغات میں یہ غلطی پائی جاتی ہے۔

خجستہ : اصلاً بہ ضمِّ اول و فتحِ دوم ہے، مگر اردو میں بہ ضمِّ اول و کسرِ دوم مستعمل ہے اور یہی صورت مرجّح ہے۔

خدمات : بہ لحاظِ لغت بہ کسرِ اول و فتحِ دوم (خِدَمات) ہے، مگر اردو میں صرف بہ کسرِ اول و سکونِ دوم مستعمل ہے اور اِسی طرح فصیح ہے۔ نور میں اِس کو عربی کے مطابق "بہ کسرِ اول و فتحِ دوم" لکھا گیا ہے۔ اردو کے تصرّف کا ذکر نہیں ملتا۔ آصفیہ میں اِس کے برعکس "خِدْمات" ملتا ہے اور اس کو عربی لکھا گیا ہے۔ یہ انتساب صحیح نہیں، یہ تو مہنّد صورت ہے۔ یہ لکھنا ضروری تھا کہ اصلاً "خِدَمات" ہے اور اردو میں "خِدْمات" مستعمل ہے اور یہ مہنّد صورت ہے۔

خدیجہ : اصل کے لحاظ سے یہ بہ فتحِ اول و کسرِ دوم، بر وزنِ "نتیجہ" ہے۔ آصفیہ میں یہ موجود نہیں۔ نور میں ہے اور اصل کے مطابق۔ اردو میں یہ لفظ بہ طورِ نام مستعمل ہے اور عام طور پر بہ ضمِّ اول و فتحِ دوم مستعمل ہے۔ اِس لفظ کی دونوں صورتیں قابلِ قبول ہیں۔

خدیو : فارسی میں یہ کئی طرح ہے، مگر اردو میں عموماً بہ فتحِ اول و کسرِ دوم و یائے مجہول مستعمل ہے اور بہ یائے معروف بھی سُننے میں آیا ہے۔

خراج : عربی میں بہ فتحِ اول ہے۔ فارسی والے بہ کسرِ اول بھی کہتے ہیں (غیاث اللغات)۔ اردو میں صرف بہ کسرِ اول مستعمل ہے۔ نور میں اردو کے اِس

Marfat.com

تصرّف کا ذکر کیا گیا ہے، مگر آصفیہ میں صرف "خَراج" لکھا ہوا ہے۔

خصم : دو لفظ ہیں: (۱) خَصْم، بہ فتحِ اول و سکونِ دوم، اِس کے معنی ہیں: دشمن، بدخواہ، حریف، مقابل وغیرہ۔ (۲) خَصَم، بہ فتحِ اول و دوم، شوہر کو کہتے ہیں۔ آخر الذّکر، اردو کی ایجاد ہے، اور عورتوں کی زبان سے بھلا لگتا ہے۔ لفظ تو ایک ہی تھا، اختلافِ معانی نے دو لفظ بنا دیے ہیں۔ مناسب یہ ہے کہ اب لُغت میں اِن کو الگ الگ لکھا جائے۔ آصفیہ میں شوہر کے معنی میں بھی "خَصْم" لکھا گیا ہے؛ یہ ٹھیک نہیں۔ اِس معنی میں متّفقہ طور پر "خَصَم" ہے۔ ہاں مرکبات میں جب یہ لفظ آئے گا، تو اردو کے عام قاعدے کے مطابق بہ سکونِ دوم آئے گا، جیسے: دو خَصْمی، خَصْموں پیٹی، خَصْموں جلی۔

خصوصیت : لُغت میں خ پر زبر بھی ہے اور پیش بھی۔ نور میں دونوں حرکات کی نشان دہی کی گئی ہے۔ استعمالِ عام میں صرف بہ ضمِّ اول ہے، اور اِسی طرح قابلِ قبول ہے۔

خطمی : اصلاً بہ کسرِ اول ہے۔ اردو میں صرف بہ فتحِ اول ہے اور صرف یہی صورت قابلِ ذکر ہے۔ آصفیہ میں "خَطمی" لکھا ہوا ہے، یہ ٹھیک ہے، مگر اِس کو عربی بتایا گیا ہے، یہ ٹھیک نہیں۔ اِس صورت میں یہ ہندی ہے۔

خفقان : اصلاً بہ فتحِ اول و دوم ہے۔ آصفیہ میں اِسی طرح لکھا گیا ہے۔ بول چال میں بہ سکونِ دوم بھی آتا ہے اور بیش تر اسی طرح استعمال ہوتا ہے۔ البتّہ نظم میں عموماً بہ فتحتین استعمال کیا گیا ہے۔ اِس لفظ کو دونوں طرح ماننا چاہیے، یہی صورت "خفقانی" کی ہے۔

خلجان : نور میں اِس کو "بہ فتحِ اول و دوم" لکھا گیا ہے، آصفیہ میں بھی صرف "خَلَجان" لکھا ہوا ہے، یہ اصل کے مطابق تو ہے، مگر اردو میں چلن کے

Marfat.com

خلاف ہے۔ گفتگو میں یہ لفظ صرف بہ سکونِ دوم آتا ہے، البتہ نظم میں صرف بہ فتحِ دوم ملتا ہے۔ اِس صراحت کے ساتھ، اس کی دونوں صورتوں کو صحیح مان لینا چاہیے۔

خلوت : اصلاً بہ فتحِ اول ہے۔ نور میں اِسی رعایت سے لکھا گیا ہے کہ: "بالفتح صحیح، بالکسر غلط"۔ مگر یہ فیصلہ غیر مناسب ہے۔ اردو میں بہ کسرِ اول بھی استعمال ہوتا ہے، اور اِس کو بھی صحیح مان لینا چاہیے۔ آصفیہ میں صرف "خِلوت" ہے۔ اِس میں دو قباحتیں ہیں: ایک تو یہ کہ مولف نے بہ کسرِ اول کو عربی لکھا ہے، یہ صحیح نہیں، یہ مہنّد صورت ہے۔ اور دوسرے یہ کہ صرف بہ کسرِ اول لکھا ہے، جب کہ سماعت میں بہ کسرِ اول اور بہ فتحِ اول دونوں طرح ہے۔

دجلہ : عربی میں دال مفتوح اور مکسور دونوں طرح ہے (منتخب اللغات)۔ اردو میں صرف بہ فتحِ اول مستعمل ہے۔ نور و آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں۔

درخشاں : فارسی میں بہ ضمِ اول و دوم ہے۔ نور میں فارسی کے مطابق "بہ ضمِ اول و دوم" لکھا گیا ہے، مگر اردو میں اِس طرح مستعمل نہیں۔ اردو میں عموماً بہ فتحِ اول و دوم (دَرَخشاں) بولا جاتا ہے۔ یہی صورت "درخشندہ" اور "درخشندگی" کی ہے۔ آصفیہ میں "دَرَخشاں" لکھا ہوا ہے۔ اُردو کے لحاظ سے یہ بالکل درست ہے، مگر اِس کو فارسی بتایا گیا ہے، یہ درست نہیں۔ یہ صراحت ضروری تھی کہ یہ اُردو کا تصرّف ہے، یعنی موجودہ صورت میں یہ مہنّد ہے۔

دفع : اصلاً ف ساکن ہے مگر اردو کے محاورے میں یہ عموماً بہ فتحِ فا آتا ہے، جیسے، دفع کرنا، دفع ہونا۔ اِسی طرح "رفع دفع" میں بھی دونوں اجزا میں ف پر زبر آتا ہے، اور یہی صورت "دفعہ" کی ہے۔ یہ اردو کا تصرّف ہے اور اِس صورت کو بھی صحیح مان لینا چاہیے۔ تراکیب میں "دفع" بہ سکونِ دوم ہی آتا ہے، جیسے،

Marfat.com

دفعِ دخلِ مقدّر۔ اِسی طرح "دفعتًا" میں حرفِ ثانی ساکن رہتا ہے۔ "دفعہ" کی جمع "دفعات" تو بہ سکونِ دوم ہی ہے۔ اصل لفظ "دَفعہ دار" ہے، اِس کا تلفّظ "دَفعَدار" کیا جاتا ہے اور اردو کے لحاظ سے یہی فصیح ہے۔ اگر اسی طرح لکھا بھی جائے تو کچھ بے جا نہ ہوگا، بل کہ زیادہ مناسب ہوگا۔ یہ بھی اردو کا تصرّف ہوگا۔

ذبح : بہ لحاظِ لغت بہ فتحِ اول وسکونِ دوم ہے، مگر بول چال میں بہ فتحِ دوم بھی آتا ہے، بل کہ عموماً اِسی طرح بولا جاتا ہے۔ حرفِ اول کبھی مفتوح رہتا ہے اور کبھی مکسور ہوجاتا ہے۔ اِس لفظ کی یہ تینوں صورتیں قابلِ قبول ہیں، یعنی : ذَبح، ذَبَح، ذِبَح۔ "ذبیح" اور "ذبیحہ" میں حرفِ اول ہمیشہ مفتوح رہتا ہے۔ ترکیب کی صورت میں اصل کے مطابق ہی استعمال کیا جاتا ہے، جیسے : ذَبحِ عظیم۔

رجا : عربی میں بہ فتحِ اول ہے۔ اردو والے بہ کسرِ اول بولتے ہیں اور یہ تصرّف ہے۔ لغت میں دونوں حرکات کا اندراج ضروری ہے، مگر صراحت کے ساتھ۔

رخشاں : فارسی لغات میں بہ ضمِ اول ہے۔ نور میں بھی اِسی روایت سے بہ ضمِ اول لکھا گیا ہے، مگر اردو میں "رُخشاں" کوئی نہیں بولتا۔ سب لوگ "رَخشاں" (بہ فتحِ اول) کہتے ہیں، اور اردو میں اب اسی صورت کو صحیح ماننا چاہیے۔ آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں۔

ردّ و قدح : لغت کے لحاظ سے "قدح" کی دال ساکن ہے (ردّ و قدح)، مگر اردو والے بہ فتحِ دال "ردّ و قدَح" بولتے ہیں اور یہ اِسی طرح اچھا معلوم ہوتا ہے۔ دونوں صورتوں کو درجِ لغت ہونا چاہیے۔

رفع : اصلًا بہ سکونِ دوم ہے، مگر اردو میں زبانوں پر بہ فتحِ دوم ہے۔ رفع ہونا،

Marfat.com

رفع کرنا، رفع دفع، رفع دفع کرنا؛ اِن سب میں ف پر ہمیشہ زبر آتا ہے، اور اردو کے لیے یہی صورت مرجّح ہے۔ تراکیب میں البتہ اصل کے مطابق بہ سکونِ دوم رہتا ہے، جیسے: رفعِ حاجات، رفعِ شر وغیرہ۔

رفعت : بہ لحاظِ لغت حرفِ اول مکسور ہے (رِفعت) نور میں اِسی رعایت سے یہ لکھا گیا ہے کہ: "بالکسر و فتحِ سوم۔ بالفتح غلط ہے"۔ مگر زبانوں پر بہ فتحِ اول بھی ہے۔ اِس لفظ کو دونوں طرح صحیح ماننا چاہیے۔ آصفیہ میں بھی صرف بہ کسرِ اول لکھا ہوا ہے۔

رکاب : اصلاً بہ کسرِ اول ہے۔ نور و آصفیہ میں بھی بہ کسرِ اول لکھا گیا ہے، مگر اردو میں صرف بہ فتحِ اول مستعمل ہے اور اب اِسی طرح صحیح ہے۔ "رکاب دار" بھی بہ فتحِ اول مستعمل ہے۔

رکابی : یہ بھی لُغت کے لحاظ سے بہ کسرِ اول ہے، مگر اردو میں بہ فتحِ اول بولا جاتا ہے، اور اب یہی صورت صحیح ہے۔ "رکابی مذہب" میں بھی ر مفتوح رہتی ہے۔ نور میں اِس کو بھی، اصل کے مطابق، صرف بہ کسرِ اول لکھا گیا ہے۔ آصفیہ میں ر پر زبر لگا ہوا ہے۔ اردو کے لحاظ سے یہ بالکل درست ہے، مگر اِس کو فارسی بتایا گیا ہے، یہ درست نہیں۔ فارسی میں بہ کسرِ اول ہے اور بہ فتحِ اول اردو کا تصرّف ہے۔

رمضان : نور و آصفیہ میں اِس کو بہ فتحتین لکھا گیا ہے اور یہ اصل کے مطابق ہے، مگر زبانوں پر بہ سکونِ دوم ہے۔ مولّفِ نور نے اِس سلسلے میں لکھا ہے کہ: "عوام بہ سکونِ دوم و اظہارِ نون بولتے ہیں، لیکن اس کے مرکّبات یعنی رمضانی اور رمضان خاں میں فصحا کی زبان پر بھی بہ سکونِ دوم ہے"۔ آصفیہ میں "رمضانی" اور "رمضان کے نمازی" کو بھی بہ فتحِ اول و دوم ہی لکھا گیا ہے۔ صاحبِ نور

Marfat.com

کا یہ لکھنا کہ بہ سکونِ دوم عوام بولتے ہیں، اب قابلِ قبول نہیں۔ اب عام وخاص سبھی بہ سکونِ دوم بولتے ہیں۔ نظم میں البتہ بہ فتحِ دوم آتا ہے۔ "رمضان" کو دونوں طرح (بہ فتحِ اول ودوم، اور بہ فتحِ اول وسکونِ دوم) صحیح ماننا چاہیے، اور "رمضانی" اور "رمضان" بہ طورِ نام صرف بہ سکونِ دوم استعمال میں لائے ہیں۔

رمل : (ایک علم کا نام) اس معنی میں اصلاً بہ فتحِ اول وسکونِ دوم ہے، مگر زبانوں پر بہ فتحِ دوم ہے۔ "رَمَل" ایک بحر کا نام بھی ہے اور اس معنی میں یہ اصلاً بہ فتحِ اول ودوم ہے۔ اب اردو میں صورت یہ ہے کہ دونوں معانی میں یہ لفظ بہ فتحِ اول ودوم ہی مستعمل ہے۔

رہن : اصل میں بہ فتحِ اول ہے۔ اردو والے عام طور پر بہ کسرِ اول بولتے ہیں اور اردو کے لحاظ سے یہی صورت مرجح ہے۔

زراعت : لغت میں بہ فتحِ اول، زبانوں پر بہ کسرِ اول ہے۔ دونوں حرکات قابلِ اندراج ہیں۔

زمام : اصلاً بہ کسرِ اول ہے، نور میں بھی اصل کی رعایت سے اِس کو بہ کسرِ اول لکھا گیا ہے، مگر اردو میں زبانوں پر عموماً بہ فتحِ اول ہے، اور اردو میں یہی صورت مرجح ہے۔ آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں۔

سبقت : اصلاً بہ فتحِ اول ودوم ہے۔ اردو نظم میں اس طرح بھی استعمال کیا گیا ہے۔ اور بہ سکونِ دوم بھی نظم کیا گیا ہے۔ زبانوں پر صرف بہ سکون دوم ہے۔ دونوں طرح درست ہے۔

سپرد : فارسی مصدر "سپردن" کی حرکات میں اچھا خاصا اختلاف ہے، بہ ضمتین بھی ہے، بہ کسرِ اول وفتحِ ثانی بھی ہے۔ بہ ضمِ اول وفتحِ ثانی بھی لکھا گیا ہے اور غیرہ (تفصیل

Marfat.com

کے لیے دیکھیے غیاث اللغات۔ نور میں "سپرد" کو بہ کسرِ اول وضمِ ثانی (سِپُرد) لکھا گیا ہے۔ آصفیہ میں بھی اِسی طرح لکھا گیا ہے، مگر مولف نے قوسین میں یہ بھی لکھ دیا ہے کہ: "بہ ضمِّ اول زبان زد ہے"، اور یہ بالکل صحیح ہے۔ مختصر یہ کہ اِس لفظ کو بہ ضمِّ اول و دوم اور بہ کسرِ اول وضمِّ دوم دونوں طرح درست ماننا چاہیے۔

سرشک : فارسی میں بہ کسرِ اول و دوم ہے (برہانِ قاطع)۔ اردو میں بہ فتحِ اول وکسرِ دوم مستعمل ہے، اور اردو میں اِسی طرح صحیح ہے۔

سرود : اصلاً بہ ضمِّ اول و دوم ہے، بہ معنیِ "نغمہ وسماع"۔ اردو میں اِس معنی میں بھی، اور ایک قسم کے ساز کے معنی میں بھی، بہ فتحِ اول وضمِّ دوم ہی استعمال کرتے ہیں۔ ہاں، واو مجہول رہتا ہے۔

سروش : اصلاً بہ ضمِّ اول و دوم۔ اردو میں زبانوں پر بہ فتحِ اول وضمِّ دوم ہے۔ واو یہاں بھی مجہول ہے۔ آصفیہ میں سَ پر پیش لگا ہوا ہے، البتہ نور میں "بہ فتحِ اول" لکھا ہوا ہے، مگر یہ صراحت نہیں کی گئی کہ بہ فتحِ اول اردو کا تصرف ہے۔

سطح : اصل میں بہ فتحِ اول وسکونِ دوم ہے۔ اردو میں زبانوں پر بہ فتحِ دوم بھی ہے۔ نظم میں البتہ اصل کے مطابق بہ سکونِ دوم ہی آتا ہے، اور بہ حالتِ ترکیب بھی اصل کے مطابق استعمال کیا جاتا ہے، جیسے: سَطحِ گردوں۔ اِس تفصیل کے ساتھ اِس کی دونوں صورتوں کو شاملِ لغت کرنا چاہیے۔

سطر : "سطح" کی طرح "سطر" بھی اصلاً بہ سکونِ دوم ہے۔ تراکیب میں اور نظم میں اِسی طرح استعمال ہوا ہے اور ہوتا ہے، اور بول چال میں طَ پر زبر آتا ہے۔ اِس کی دونوں صورتیں قابلِ تسلیم ہیں، مگر صراحت کے ساتھ۔

سفال : فارسی میں حرفِ اول مضموم بھی ہے اور مکسور بھی، اردو میں بہ کسرِ اول مستعمل ہے۔ آصفیہ میں سَ پر پیش اور زیر دونوں حرکات لگی ہوئی ہیں:

Marfat.com

"سُفال"۔ البتہ نور میں صراحت کردی گئی ہے کہ: "اردو میں زبانوں پر بہ کسرِ اول ہے"

سمت : اصلاً بہ فتحِ اول ہے، اردو والے زیادہ تر بہ کسرِ اول بولتے ہیں۔ دونوں حرکات قابلِ تسلیم ہیں۔ آصفیہ میں س کی حرکت کو ظاہر نہیں کیا گیا۔ نور میں البتہ اصل حرکات کے ساتھ یہ صراحت ملتی ہے کہ: "اردو میں بالکسر ہی زبانوں پر ہے"

شتر : اصل میں بہ ضمِ اول و دوم ہے۔ نور و آصفیہ میں اسی طرح لکھا گیا ہے، بل کہ دونوں مولفین نے صراحت کردی ہے کہ بہ فتحِ دوم غلط ہے، مگر اردو میں زبانوں پر بہ فتحِ دوم بھی ہے۔ اِس لفظ کو دونوں طرح صحیح ماننا چاہیے۔

شرح : بیان، اظہار، تفصیل و تشریح کے معانی میں اصلاً بہ فتحِ اول و سکونِ دوم ہے۔ اردو نظم میں اور تراکیب میں اِسی طرح استعمال ہوتا ہے، مگر مفرد لفظ گفتگو میں بہ فتحِ دوم ہی آتا ہے، اور یہ اردو کا تصرف ہے۔ صراحت کے ساتھ دونوں صورتوں کو شاملِ لغت کرنا چاہیے۔ نرخ، قیمت، مول، بہا کے معانی میں اُردو ہے اور اِن معانی میں عموماً بہ فتحِ دوم آتا ہے۔

شطرنج : فارسی میں اس کو بہ کسرِ اول و فتحِ اول دونوں طرح لکھا گیا ہے۔ اِسی رعایت سے نور و آصفیہ میں بھی دونوں حرکات کا ذکر کیا گیا ہے، مگر یہ نہیں بتایا گیا کہ اردو میں کیا صورت ہے۔ اردو میں یہ صرف بہ فتحِ اول مستعمل ہے اور یہی مرجح ہے۔

شعبدہ : عربی میں بہ فتحِ اول و سوم و چہارم ہے۔ لُغات میں اس طرح بھی لکھا گیا ہے۔ مگر اردو والے اِس طرح نہیں بولتے۔ اردو میں اِس کو بہ ضمِ اول استعمال کیا جاتا ہے اور ب ساکن رہتی ہے۔ ضرورتاً ب مفتوح ہوسکتی

Marfat.com

ہے، مگر شؔ پر پیش ہی رہتا ہے۔ نور و آصفیہ میں بہ ضمِّ شین بھی لکھا گیا ہے۔

شعور : اصلاً بہ ضمِّ اول ہے، نور میں بھی اِسی طرح لکھا گیا ہے، مگر استعمالِ عام میں بہ فتحِ اول ہے۔ آصفیہ میں بھی بہ فتحِ اول ہے۔

شکوہ : شان و شوکت، رعب داب (وغیرہ) کے معانی میں اصلاً بہ ضمِّ اول و دوم ہے اور بہ کسرِ اول کے معنی ہیں "ترس و بیم"۔ اردو میں یہ امتیاز باقی نہیں رہا۔ یہاں یہ شان و شوکت (وغیرہ) کے معانی میں عموماً بہ کسرِ اول مستعمل ہے۔

شکیب : فارسی میں حرفِ اول و دوم مکسور ہے۔ نور میں بھی اِس کو اسی طرح لکھا گیا ہے اور آصفیہ میں بھی شؔ پر زیر لگا ہوا ہے، مگر اردو میں بہ کسرِ اول شاید ہی کوئی بولتا ہو۔ عموماً بہ فتحِ اول بولا جاتا ہے اور اِسی طرح مرجّح ہے۔ یہی صورت "شکیبا" کی ہے۔

شمشاد : فارسی میں شؔ پر زیر بھی ہے اور زبر بھی۔ اردو میں صرف بہ فتحِ اول مستعمل ہے۔ آصفیہ میں شؔ پر زبر بھی لگا ہوا ہے اور زیر بھی (شِمشاد)، یہ فارسی کی تقلیدِ محض ہے۔

شمع : عربی میں موم کے معنی میں یہ بہ فتحِ اول و دوم (شَمَع) تھا (منتخب اللغات)۔ بعد کو "موم بتّی" کے معنی میں بہ سکونِ دوم رائج ہو گیا، اور اِس صورت کو "مولّد" کہا گیا ہے۔ اب صورت یہ ہے کہ تراکیب میں اور نظم میں بہ سکونِ دوم ہی آتا ہے، مگر مفرد لفظ زبانوں پر بہ فتحِ اول و دوم ہے۔ اِسی طرح "شمع دان" میں بھی مؔ مفتوح رہتا ہے۔

صدقہ : بہ لحاظِ اصل بہ فتحِ اول و دوم و سوم ہے۔ اردو میں بہ فتحِ اول و سکونِ دوم مستعمل ہے۔

صلح : اصلاً بہ ضمِّ اول و سکونِ دوم ہے۔ اردو میں نظم اور تراکیب میں تو اِسی طرح آتا ہے اور بول چال میں بہ ضمِّ اول و فتحِ دوم آتا ہے۔ دونوں صورتیں قابلِ تسلیم ہیں۔

Marfat.com

صندوق : عربی میں بہ ضمِ اول تھا، فارسی میں بہ فتحِ اول ہوا، اور اردو میں صرف بہ فتحِ اول مستعمل ہے۔ آصفیہ میں صَ پر زبر اور پیش دونوں حرکات ملتی ہیں (صُندوق)۔ صَ کے پیش کو عربی سے مخصوص سمجھنا چاہیے۔

صومعہ : اصلاً بہ فتحِ اول وسوم ہے۔ اردو میں زبانوں پر بہ فتحِ اول وکسرِ سوم بھی ہے۔ دونوں طرح صحیح ماننا چاہیے۔ آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں۔

طغرل : اصل میں بہ ضمِ اول وکسرِ سوم ہے (طُغرِل)۔ اردو میں اِسے بہ ضمِ اول وفتحِ دوم استعمال کرتے ہیں اور یہی مرجّح ہے۔ آصفیہ میں یہ لفظ موجود نہیں، اور نور میں اِس کو اصل کے مطابق بہ کسرِ سوم ہی درج کیا گیا ہے۔

طمطراق : اصلاً بہ ضمِ اول وسوم ہے۔ نور و آصفیہ میں بھی اِسی طرح ملتا ہے۔ بول چال میں بہ فتحِ اول وسوم بھی آتا ہے اور یہ صورت بھی قابلِ تسلیم ہے۔

طہارت : اصلاً بہ فتحِ اول ہے۔ زبانوں پر کسرِ اول بھی ہے، اور یہ صورت بھی قابلِ تسلیم ہے۔ آصفیہ میں اِس کے اعراب کی نشان دہی نہیں کی گئی اور نور میں صرف بہ فتحِ اول ملتا ہے۔

ظرافت : یہی صورت اِس لفظ کی بھی ہے کہ اصلاً بہ فتحِ اول ہے اور زبانوں پر بہ کسرِ اول بھی ہے۔ اِس کو بھی دونوں طرح صحیح ماننا چاہیے۔

عجلت : عربی میں بہ کسرِ اول ہے۔ آصفیہ میں بھی عربی کے مطابق عَ پر زیر لگا ہوا ہے۔ اردو میں اِس طرح قطعاً مستعمل نہیں، اردو والے بہ ضمِ اول استعمال کرتے ہیں۔ اور اردو میں اِسی طرح صحیح ماننا چاہیے۔ نور میں یہ صراحت موجود ہے۔

عرفہ : اصلاً بہ فتحِ اول ودوم ہے۔ اردو میں صرف بہ فتحِ اول وسکونِ دوم مستعمل ہے۔

عروس : بہ لحاظِ اصل عَ پر زبر ہے۔ آصفیہ میں یہ لفظ حرکات کی صراحت کے بغیر لکھا گیا ہے۔ نور میں یہ صراحت کی گئی ہے کہ بہ فتحِ اول صحیح اور بہ ضمِ اول غلط

Marfat.com

ہے۔ اردو میں زبانوں پر بہ ضمِّ اول بھی ہے، بل کہ اکثر لوگ اِسی طرح بولتے ہیں۔ اِس لفظ کو دونوں طرح صحیح ماننا چاہیے۔

عروض : عروس کی طرح "عروض" بھی زبانوں پر بہ ضمِّ اول ہے، اور یہ صورت بھی قابلِ تسلیم ہے۔

عطارد : اصلاً بہ ضمِّ اول و کسرِ چہارم (عُطارِد) ہے۔ بول چال میں بہ فتحِ چہارم آتا ہے۔ یہ صورت بھی قابلِ تسلیم ہے۔

علاوہ : آصفیہ میں بہ کسرِ اول ہے۔ یہ اصل کے مطابق ہے، مگر اردو والے صرف بہ فتحِ اول استعمال کرتے ہیں، اور اردو میں اِسی طرح صحیح مانا جائے گا۔

عملہ : آصفیہ میں بہ فتحِ اول و دوم ہے۔ یہ عربی کے مطابق ہے، مگر اردو میں بہ سکونِ دوم مستعمل ہے، اور یہی صورت مرجح ہے۔

عنایت : عربی میں عَ مکسور بھی ہے اور مفتوح بھی۔ اردو میں صرف بہ کسرِ اول ہے۔

عندلیب : اصلاً بہ فتحِ اول ہے۔ نور و آصفیہ میں بھی اِسی طرح ہے۔ زبانوں پر بہ کسرِ اول بھی ہے۔ دونوں حرکات قابلِ قبول ہیں۔

عنوان : عربی میں بہ کسرِ اول و بہ ضمِ اول دونوں طرح ہے (منتخب اللغات)۔ آصفیہ میں عربی کی رعایت سے عَ پر زیر بھی لگایا گیا ہے اور پیش بھی۔ اُردو میں صرف بہ ضمِّ اول مستعمل ہے۔

غدر : اصل میں بہ فتحِ اول و سکونِ دوم ہے۔ نور و آصفیہ میں بھی اِسی طرح ہے۔ مگر اُردو میں کیا خواص کیا عوام، سبھی "غَدَر" کہتے ہیں، "غَدْر" کوئی نہیں کہتا۔ یہاں نظم سے بحث نہیں۔

غلاف : لغت میں بکسرِ اول ہے۔ زبانوں پر بہ فتحِ اول بھی ہے۔ دونوں حرکات قابلِ قبول ہیں۔

غیاث : اصل میں غَ مکسور ہے۔ زبانوں پر عموماً بہ فتحِ اول ہے۔ دونوں صورتیں

Marfat.com

درست مانی جائیں گی۔

فتح : اصلاً آ ساکن ہے۔ نظم اور فارسی تراکیب میں اِسی طرح مستعمل ہے۔ البتہ بول چال میں بہ فتحِ دوم آتا ہے اور اس حد تک یہ صورت بھی قابلِ تسلیم ہے۔

فراواں : فارسی میں بہ کسرِ اول ہے۔ اردو لغات میں بھی اِسی طرح ہے۔ زبانوں پر بہ فتحِ اول بھی ہے اور بیش تر اسی طرح استعمال کیا جاتا ہے۔ یہی صورت "فراوانی" کی ہے، کہ یہ بھی عموماً بہ فتحِ اول مستعمل ہے۔

فروزاں : فارسی میں بہ ضمِ اول و دوم ہے۔ اردو والے بہ فتحِ اول استعمال کرتے ہیں۔ یہی صورت "فروز" کی ہے، جیسے : دل فروز۔

فروغ : اصلاً بہ ضمِ اول و دوم۔ اردو میں زبانوں پر عموماً بہ فتحِ اول ہے۔ دونوں حرکات قابلِ تسلیم ہیں۔

فریدوں : اردو میں صرف بہ فتحِ اول ہے۔

فوّارہ : آصفیہ و نور دونوں میں ف پر زبر ہے، مگر زبانوں پر بہ ضمِ اول ہے۔ دونوں صورتیں قابلِ قبول ہیں۔

قبول : نور و آصفیہ دونوں میں بہ فتحِ اول ہے، یہ اصل کے مطابق ہے، مگر بول چال میں عموماً بہ ضمِ اول آتا ہے۔ یہی صورت "قبولیت" کی ہے۔

قدامت : اصلاً ق مفتوح ہے۔ گفتگو میں بہ کسرِ اول بھی آتا ہے۔

قزلباش : اصل میں بہ کسرِ تین ہے (قِزِلباش)۔ نور و آصفیہ میں بھی اسی طرح۔ اردو والے بہ فتحِ اول و کسرِ دوم استعمال کرتے ہیں اور اردو میں یہی صورت مرجح مانی جائے گی۔

قطّامہ : لغت میں بہ فتحِ اول ہے۔ اردو میں زبانوں پر بہ ضمِ اول بھی ہے۔

قطعہ : اصلاً بہ کسرِ اول ہے۔ زیادہ تر بہ فتحِ اول مستعمل ہے۔ دونوں

Marfat.com

حرکات قابلِ قبول ہیں۔

قندیل : اصل میں قَ پر کسرہ ہے۔ اردو والے عموماً بہ فتحِ اول استعمال کرتے ہیں۔

کفنی : اصلاً فَ مفتوح ہے۔ اردو میں شعرا نے اِسی طرح باندھا ہے، مگر زبانوں پر بہ سکونِ دوم ہے۔

گرفت : آصفیہ میں بہ کسرِ اول و دوم ہے۔ یہ فارسی کے مطابق ہے۔ اردو میں بہ فتحِ دوم بھی مستعمل ہے اور یہ حرکت بھی قابلِ قبول ہے۔ "گرفتار" عام طور پر بہ فتحِ دوم ہی بولا جاتا ہے، یہی صورت "گرفتاری" کی ہے۔

گرہ : اصلاً بہ کسرِ اول و دوم ہے، اردو میں بہ کسرِ اول و فتحِ دوم مستعمل ہے۔

گزاف : اردو میں بہ فتحِ اول بولا جاتا ہے۔ فارسی میں حرفِ اول مکسور بھی ہے اور مضموم بھی۔

لامحالہ : بہ لحاظِ لغت میم مفتوح ہے، مگر اردو میں زبانوں پر بہ ضمِ میم ہے۔

لغایت : اصلاً "لغایتہ" تھا (بہ کسرِ اول)، اردو میں "لَغایت" بن گیا، بہ فتحِ اوّل۔

محبّت : اصلاً بہ فتحِ اول ہے۔ نور و آصفیہ میں بھی اِسی طرح ہے۔ اِس طرح استعمال میں بھی آتا ہے، مگر استعمالاً اِس کی ایک یہ صورت بھی ہے کہ م مضموم ہو جاتا ہے۔ اِس صورت کو بھی مان لینا چاہیے۔

محلّہ : اصل میں بہ فتحِ اول ہے، مگر اردو میں زبانوں پر عموماً بہ ضمِّ اول ہے۔ دونوں حرکات قابلِ اندراجِ لُغت ہیں۔

مراعات : لغت میں بہ ضمِّ اول ہے، لیکن اردو میں زبانوں پر عموماً بہ فتحِ اول ہے۔

مرجان : اصلاً بہ فتحِ اول ہے۔ زبانوں پر بہ کسرِ اول بھی ہے۔ دونوں حرکات قابلِ قبول ہیں۔

Marfat.com

مزدور : فارسی میں بہ ضمِّ اول ہے۔ اردو میں صرف بہ فتحِ اول ہے۔ اصل لفظ "مزد" بہ ضمِّ اول ہی مستعمل ہے۔

مژدہ : فارسی میں حرفِ اول مضموم بھی ہے اور مکسور بھی۔ اردو میں صرف بہ ضمِّ اوّل مستعمل ہے۔

مژگان : یہ بھی اصلاً بہ کسرِ اول و بہ ضمِّ اول دونوں طرح ہے۔ اِسی رعایت سے آصفیہ میں م پر پیش بھی لگا ہوا ہے اور زیر بھی (مِژگاں)۔ مگر اردو میں صرف بہ کسرِ اول و سکونِ دوم مستعمل ہے۔

مسرّت : "محبّت" کی طرح یہ بھی بہ ضمِّ اول گفتگو میں آتا رہتا ہے۔ اصلاً بہ فتحِ اول ہے۔ دونوں طرح صحیح مان لینا چاہیے۔

مشک : (پانی بھرنے کی کھال)۔ اصلاً بہ فتحِ اول و سکونِ دوم ہے۔ نظم میں اِسی طرح آتا ہے، مگر بول چال میں بہ فتحِ اول و دوم ہے۔ اور یہ صورت بھی قابلِ تسلیم ہے۔

مصالحت : زبانوں پر عموماً بہ کسرِ لام ہے، جب کہ اصلاً بہ فتحِ لام ہے۔ دونوں طرح قابلِ قبول ہے۔

معاہدہ : اصلاً ہ پر زبر ہے، اردو والے عموماً بہ کسرِ ہا بولتے ہیں۔

معائنہ : اصلاً "مُعایَنَہ" تھا۔ اردو میں "معائنہ" (بہ کسرِ ہمزہ) ہے۔

مقناطیس : آصفیہ میں بہ کسرِ اول ہے اور نور میں بہ فتحِ اول۔ اردو میں صرف بہ فتحِ اول مستعمل ہے۔

ملکہ : (مہارت، قوّت جو علم و ہنر سے انسان کو حاصل ہوتی ہے) عربی میں بہ فتحِ اول و دوم ہے۔ اردو والے بہ فتحِ اول و سکونِ دوم بولتے ہیں۔

ملکہ : (جیسے ملکۂ معظمہ) اِس معنی میں اصلاً ل پر زیر ہے۔ زبانوں پر عموماً

Marfat.com

بہ سکونِ لام آتا ہے۔ دونوں طرح درست ہے۔

منع : اصلاً بہ فتحِ اول وسکونِ دوم ہے۔ بول چال میں بہ فتحِ اول ودوم ہے اور اِس صورت میں بھی یہ صحیح و فصیح ہے۔ تراکیب میں اور نظم میں بہ سکونِ دوم ہی آتا ہے۔

مولوی : اصلاً لام پر زبر ہے۔ بول چال میں لام ساکن ہوجاتا ہے۔ دونوں صورتیں لُغت کے لیے قابلِ قبول ہیں۔

مہار : اصلاً بہ کسرِ میم مرجح ہے، مگر اردو والے بہ ضمِ میم بولتے ہیں۔

مہارت : اصلاً م پر زبر ہے، بول چال میں اکثر بہ ضمِ میم سننے میں آتا ہے۔ دونوں حرکات قابلِ قبول ہیں۔

مہوّس : آصفیہ میں واو پر زبر لگا ہوا ہے۔ "مہوّسی" میں بھی واو پر زبر لگایا گیا ہے، مگر بولا جاتا ہے بہ کسرِ واو اور اسی طرح لکھنا چاہیے۔

مہیب : نور میں لکھا ہے: "بہ فتحِ اول صحیح وبہ ضمِ اول غلط۔" لغت کے لحاظ سے یہ ٹھیک ہے، مگر اردو میں استعمالاً یہ بہ ضمِ میم ہی مستعمل ہے، بہ فتحِ میم شاید ہی کوئی بولتا ہو۔

ناگوار: آصفیہ میں "گوارا" کے گ پر پیش لگا ہوا ہے، یہ فارسی کی تقلید ہے۔ اردو میں گاف مفتوح رہتا ہے۔ نور میں حرکات کی صراحت نہیں کی گئی۔

نجاست : لغت میں بہ فتحِ اول ہے۔ زبانوں پر بہ کسرِ اول بھی ہے۔ دونوں حرکات قابلِ تسلیم ہیں۔

نجوست : اصلاً بہ ضمِّ اول ہے۔ زبانوں پر عموماً بہ فتحِ اول ہے، اور یہ مرجح صورت ہے۔

نخوت : لغات میں بہ کسرِ اول، اور زبانوں پر بہ فتحِ اول ہے، یہی صورت مرجح ہے۔

ندامت : اصل میں بہ فتحِ اول ہے، بول چال میں بہ کسرِ اول بھی آتا ہے۔ دونوں حرکات قابلِ قبول ہیں۔

Marfat.com

نزاکت : یہ فارسی نژاد لفظ بہ فتحِ اول ہے، بول چال میں بہ کسرِ اول بھی آتا ہے۔ دونوں طرح ٹھیک ہے۔

نسرہں : "بالفتح وبالکسر دونوں طرح صحیح ہے" (نور)، مگر اردو میں صرف بہ فتحِ اول مستعمل ہے، اور اردو میں اِسی طرح صحیح ہے۔

نشاط : لغات میں بہ فتحِ اول ہے۔ بول چال میں بہ کسرِ اول بھی آتا ہے۔ دونوں طرح درست مان لینا چاہیے۔

نشان : نور میں ہے: "بہ کسرِ اول و نیز بہ فتح"۔ اردو میں صرف بہ کسرِ اول ہے۔ یہی صورت "نشانی" اور "نشانہ" کی ہے۔

نشوونما : اصلاً نونِ ثانی پر زبر ہے (نشوونَما)۔ نور میں صراحت بھی کی گئی ہے کہ "نُما بہ ضمِّ اول غلطی سے بول چال میں ہے"۔ حالاں کہ سبھی "نشوونُما" (بہ ضمِّ نونِ ثانی) کہتے ہیں۔ اردو میں بہ ضمِّ نونِ ثانی ہی مرجح ہے۔

نشیب : نور میں ہے: "بہ کسرِ اول و دوم صحیح، و بہ فتحِ اول و کسرِ دوم غلط"۔ پھر یہ بھی لکھا ہے کہ: "زبانوں پر بہ کسرِ اول و فتحِ دوم ہی ہے"۔ اور یہی مرجح صورت ہے۔

نشیمن : فارسی میں بہ کسرِ اول و دوم ہے، اردو میں بہ فتحِ اول بولتے ہیں، اور اردو کے لیے یہی صورت ٹھیک ہے۔

نفاذ : اصلاً بہ فتحِ اول، بول چال میں بہ کسرِ اول بھی آتا ہے۔ دونوں صورتیں قابلِ قبول ہیں۔

نفری : (روزانہ مزدوری، اجرت وغیرہ) آصفیہ میں "نفری" ہے بہ تینوں۔ نور میں "نَفَری" ہے اور اب اِسی طرح صحیح ہے۔

نفریں : اصلاً بہ کسرِ اول ہے، اردو والے صرف بہ فتحِ اول بولتے ہیں اور اردو میں اسی طرح

Marfat.com

صحیح ہے۔

نفع : اصل میں فَ ساکن ہے۔ اردو میں فارسی تراکیب کے ساتھ اور نظم میں اِسی طرح آتا ہے، مگر گفتگو میں عموماً بہ فتحِ دوم آتا ہے۔ "نفع نقصان" میں بھی فَ پر زبر رہتا ہے۔ دونوں صورتیں قابلِ قبول ہیں، مگر صراحت کے ساتھ۔

نفقہ : اصلاً بہ فتحِ اول و دوم، مستعمل بہ فتحِ اول و سکونِ دوم، اور یہی صورت مرجّح ہے۔

نقب : لغات میں بہ فتحِ اول و سکونِ دوم ہے۔ بول چال میں یہ بہ فتحِ دوم آتا ہے۔ دونوں طرح درست ماننا چاہیے۔

نگراں : اصلاً بہ کسرِ اول و فتحِ دوم ہے۔ نور میں بھی اسی طرح۔ یہی صورت "نگرانی" کی ہے۔ نظم میں یہ لفظ اِسی طرح آئے ہیں، مگر زبانوں پر بہ سکونِ دوم ہیں۔ دونوں صورتوں کو ماننا چاہیے۔

نمرود : اصلاً بہ ضمِّ اول ہے۔ نور میں صراحت بھی کی گئی ہے: "بالفتح غلط، بالضم صحیح"۔ مگر اردو میں بہ ضمِّ اول شاید ہی کوئی بولتا ہو، سبھی بہ فتحِ اول کہتے ہیں، اور اسی صورت کو مرجّح ماننا چاہیے۔

نمو : اصلاً بہ ضمِّ اول، زبانوں پر بہ فتحِ اول ہے۔ یہی صورت "نمود" کی ہے، کہ یہ بھی اردو میں بہ فتحِ اول مستعمل ہے۔

نوالہ : آصفیہ میں نَ پر زبر لگا ہوا ہے (نَوالہ) اور یہ بھی لکھا ہوا ہے کہ "مشہور بہ کسرِ اول"۔ یہاں فارسی سے بحث نہیں، اردو میں یہ لفظ صرف بہ کسرِ اول ہے۔ اور صرف اِسی طرح ماننا چاہیے۔

نوشت : فارسی میں "نوشتن" کی حرکات میں اختلاف ہے۔ نور میں "نوشت" کے ذیل میں لکھا گیا ہے کہ: "بہ فتحِ اول و دوم نیز بہ فتحِ اول و کسرِ دوم"۔ اِس سے

Marfat.com

یہ متبادر ہوتا ہے کہ اردو میں یہ لفظ اِن دو مختلف حرکات کے ساتھ مستعمل ہے فارسی میں جو بھی صورت ہو، اردو میں نوشت، نوشتہ، نوشتن، سب صرف بہ فتحِ اول و کسرِ دوم مستعمل ہیں اور اردو میں اِسی طرح صحیح مانے جائیں گے۔ آصفیہ میں "نَوِشتہ" ہے، اور ٹھیک ہے، اِسی طرح "نَوِشت" کو بھی ایک ہی طرح لکھا گیا ہے۔

نوید : فارسی میں اِس کو "بہ ضمِ نون و کسرِ واو و یای مجہول" بھی بتایا گیا ہے اور "بہ فتحِ نون و یای مجہول" بھی کہا گیا ہے۔ اردو میں عموماً بہ فتحِ اول و کسرِ دوم مستعمل ہے۔ آصفیہ و نور میں بھی اِسی طرح لکھا گیا ہے، اِس فرق کے ساتھ کہ نور میں اِس کو صرف "بہ یائے مجہول" لکھا گیا ہے اور آصفیہ میں لکھا گیا ہے کہ ی مجہول بھی ہے اور معروف بھی۔ سُننے میں عموماً بہ یائے مجہول آتا ہے۔

نہنگ : (گھڑیال) فارسی میں حرفِ اول مفتوح ہے۔ اردو والے عموماً بہ کسرِ اول بولتے ہیں۔

واردات : ر پر زیر ہے۔ خیال رکھنے کی بات یہ ہے کہ گفتگو میں یہ بہ سکون را آتا ہے، اور اِس صورت کو بھی صحیح سمجھنا چاہیے۔

واسطہ : اصلاً س پر زیر ہے۔ نور میں صراحت کی گئی ہے کہ: "کسرِ سوم و فتحِ چہارم" زبانوں پر بہ سکونِ سین ہے۔ "واسِطہ" کوئی نہیں بولتا۔ اِس صراحت کے ساتھ، بہ سکونِ سوم کو بھی درست مان لینا چاہیے۔ اِس طرح کے بہت سے لفظ ہیں، جن میں حرفِ سوم ساکن ہو جاتا ہے، اور یہ ایک لسانی رجحان ہے اِس لیے ایسے سبھی الفاظ کی اِس صورت کو بھی مان لینا چاہیے۔

وداع : نور میں صراحت کی گئی ہے کہ، "بہ کسرِ اول غلط و بہ فتحِ اول صحیح" عربی کے لحاظ سے یہ قول ضرور درست ہے، مگر اردو میں اکثر لوگ بہ کسرِ اول

Marfat.com

ہی بولتے ہیں۔ غیاث اللغات میں صراحت کی گئی ہے کہ: "بہ کسر خواندن، نوعے از تفریس باشد۔" بہ کسرِ اول کو بھی صحیح ماننا چاہیے۔

ورع : یہ اصلاً بہ فتحِ اول وسکونِ دوم بھی ہے اور بہ فتحتین بھی (منتخب اللغات)۔ اردو میں اکثر سننے میں بہ فتحتین آتا ہے، ضرورتِ شعری سے یہاں بحث نہیں۔

وضع : نظم اور تراکیبِ اضافی وعطفی کے علاوہ، یہ لفظ عموماً بہ فتحِ اول: : وم استعمال کیا جاتا ہے۔ "وضع دار" اور "وضع داری" میں بھی (بول چال میں) ض مفتوح رہتا ہے۔ اِس صراحت کے ساتھ، اِس صورت کو بھی صحیح ماننا چاہیے اور درجِ لُغت کرنا چاہیے۔

وقار : عربی میں حرفِ اول مفتوح ہے۔ فارسی میں بہ کسرِ اول بھی کہا گیا ہے۔ اردو میں بھی دونوں طرح مستعمل ہے۔ آصفیہ میں صرف بہ فتحِ اول ہے۔

ہذیان : عربی میں "ہَذَیان" ہے، بہ فتحِ اول ودوم، مگر اردو والے بہ سکونِ دوم استعمال میں لاتے ہیں۔ فارسی میں بہ سکونِ دوم بھی استعمال کیا گیا ہے (بہارِ عجم) اور اردو میں یہی مفرّس صورت قابلِ قبول ہے۔ نظم میں کہیں آیا ہو تو اُس سے بحث نہیں، لغت میں اِس کی صراحت کی جائے گی۔ صاحبِ نور اللغات کے لکھنے کے مطابق، اردو میں بہ کسرِ اول ہے۔ لُغت میں اِس کی بھی نشان دہی کی جانا چاہیے۔

ہزل : نور وآصفیہ دونوں میں صرف بہ فتحِ اول وسکونِ دوم ہے۔ یہ اصل کے مطابق ہے، مگر اردو میں زبانوں پر بہ فتحتین ہے۔ یہ صورت بھی قابلِ قبول ہے۔

ہلاکو : اصلاً بہ ضمِّ اول ہے۔ اردو میں صرف بہ فتحِ اول ہے اور یہی صورت قابلِ قبول ہے۔

یثرب : اصلاً بہ فتحِ اول وبہ کسرِ سوم ہے۔ نور وآصفیہ میں اسی طرح ملتا ہے،

Marfat.com

مگر زبانوں پر بہ فتحِ اول وسوم ہے، اور یہ بھی قابلِ قبول بل کہ مرجح صورت ہے۔

یورش : اصلاً بہ ضمِ اول وسوم ہے، اور واو غیر ملفوظ ہے۔ اردو میں یہ دو طرح مستعمل ہے: (۱) بہ ضمِ اول وکسرِ سوم و داوِ غیر ملفوظ (بروزنِ خورش)۔ نور میں اس کا ذکر کیا گیا ہے۔ (۲) بہ ضمِ اول وکسرِ سوم مع داوِ ملفوظِ معروف، گفتگو میں عموماً اسی طرح آتا ہے۔ لغت میں ان تفصیلات کے ساتھ ان سب صورتوں کا ذکر کیا جائے گا۔

Marfat.com

ملائی — بالائی

مولانا محمد حسین آزاد نے آبِ حیات کے مقدّمے میں ایک جگہ لکھا ہے :

"ہر زبان کے فصحا کا قاعدہ ہے کہ اپنی زبان میں تصرّفاتِ لطیف سے ایجاد کرکے نئے الفاظ اور اصطلاحیں پیدا کرتے ہیں۔ ہماری اردو بھی اس میدان میں کسی سے پیچھے نہیں رہی۔" (آبِ حیات، مفیدِ عام پریس لاہور، سالِ طبع ۱۸۹۹ء، ص ۳۶)

اِس ضمن میں اُنھوں نے مثالاً جو لفظ لکھے ہیں، اُن میں "بالائی" بھی ہے۔ اُن کے لکھنے کے مطابق، یہ لفظ نوّاب سعادت علی خاں[1] کی ایجاد ہے۔ اُن کی عبارت یہ ہے :

"نوّاب سعادت علی خاں مرحوم نے ملائی کا نام بالائی رکھّا، کہ لکھنؤ میں عام اور دلّی وغیرہ میں کم رائج ہے۔ مذاقِ سلیم دونوں کے لطف میں امتیاز کرسکتا ہے"

(ایضاً ص ۳۷)

مولوی[2] سیّد احمد دہلوی مولّفِ فرہنگِ آصفیہ نے بھی یہی بات لکھی ہے۔ عبارت کچھ دیتی

---

[1] مسند نشینی : ۲۱ جنوری ۱۷۹۸ء۔ وفات : ۱۱ جولائی ۱۸۱۴ء (مفتاح التواریخ)۔

[2] متوفّی ۱۱ مئی ۱۹۱۸ء (مجلّہ معاصر (پٹنہ) حصّہ ۲)۔ مرحوم کی ایک تصنیف رسومِ دہلی کے پاکستانی اڈیشن کا مقدّمہ سید یوسف بخاری دہلوی نے لکھا ہے، اس میں مرحوم کے حالات تفصیل کے ساتھ لکھے ہیں۔ تاریخِ وفات اس میں بھی یہی ہے۔

Marfat.com

ہے کہ آزاد کا مندرجۂ بالا قول ہی اُن کی تحریر کی بنیاد ہے :

"نوّاب سعادت علی خاں مرحوم نے ملائی کا نام بالائی رکھا تھا۔ چناں چہ یہ لفظ لکھنؤ میں عام اور دہلی میں کم رائج ہے۔ مذاقِ سلیم دونوں میں امتیاز کر سکتا ہے۔" (فرہنگِ آصفیہ، جلدِ چہارم، ص ۴۰۰)

اِس کے بعد جو لغات مرتّب ہوئے، اُن میں عموماً اسی کی تقلید کی گئی اور نوّاب سعادت علی خاں سے اِس لفظ کی ایجاد کو منسوب کیا گیا، جیسے: نور اللغات، فرہنگِ اثر، مہذّب اللغات۔ اِس کے برخلاف، مولانا[1] عبدالحلیم شرر لکھنوی نے اپنی معروف تصنیف گذشتہ لکھنؤ میں لفظ "بالائی" کا موجد نوّاب آصف الدولہ[2] کو بتایا ہے۔ مولانا نے "بالائی" کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے :

"اس کو پرانی زبان میں ملائی کہتے ہیں۔ آصف الدولہ بہادر نوّابِ اودھ کو یہ اس قدر پسند تھی کہ خاص اہتمام سے ان کے لیے تیّار کی جاتی تھی۔ انھوں نے اس کا نام ملائی کے عوض بالائی رکھ دیا، اس لیے کہ یہ دودھ کے اوپر کی چیز ہے۔"

(گذشتہ لکھنؤ، شائع کردۂ مکتبۂ جامعہ دہلی، ص ۲۹۲)

فی الوقت یہ کہنا مشکل ہے کہ اس لفظ کی ایجاد کے سلسلے میں کون سا قول مرجّح ہے۔ بہرصورت، ان تصریحات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ لفظ "بالائی" لکھنؤ میں نوّاب آصف الدولہ یا نوّاب سعادت علی خاں کے زمانے میں معرضِ وجود[3] میں آیا تھا۔

[1] متوفی ۱۷ جمادی الآخر ۱۳۴۵ھ (۱۹۲۶ء) (یادِ ایام تالیف مولوی عبدالرحمٰن [illegible] ص ۳۴۰)

[2] مسند نشینی: ۱۷۷۵ء، وفات: ۲۱ ستمبر ۱۷۹۷ء، مطابق ۲۸ ربیع الاول ۱۲۱۲ھ۔ (عماد السعادت، مفتاح التواریخ)

[3] کلبِ حسین خاں آذر (تلمیذ ناسخ) نے لکھا ہے :

"اور چند الفاظ بہ عہدِ دولتِ سلاطین و نیز بہ زمانۂ غازی الدین حیدر شاہ، بادشاہِ اودھ جاری ہوئے کہ بہت خوش معنی ہیں، سب نے ان کو استعمال کیا۔ ازاں جملہ ہے

Marfat.com

فرہنگِ جہانگیری، فارسی کا معروف لغت ہے، جس کا سالِ تکمیل ۱۰۱۷ھ (۹-۱۶۰۸ء) ہے (مقدمۂ فرہنگِ جہانگیری)۔ یہ لغت مطبعِ ثمرِ ہند لکھنؤ میں "بہ تصحیح و تنقیحِ مولانا سید محمد صادق علی غالب لکھنوی" چھپا تھا۔[۱] اِس لغت میں لفظ "چربک" کے ذیل میں، اُس کے ہندی مرادف کی حیثیت سے "ملائی" اور "بالائی" دونوں لفظ موجود ہیں:

"چربک، با اول مفتوح . . . بسے معنی دارد . . . . سوم سرشیر بود، و آنرا چربہ نیز گویند، و بہ ترکی قیماغ، و بہ ہندی ملائی و بالائی نامند"۔

میں کچھ دنوں تک سخت الجھن میں رہا کہ لفظ "بالائی" جب فرہنگِ جہانگیری میں موجود ہے جس کی تدوین کا کام عہدِ اکبری میں شروع ہوا تھا اور تکمیل عہدِ جہانگیر میں ہوئی، اس صورت میں یہ کہنا کیوں کر درست ہوگا کہ یہ لفظ عہد آصف الدولہ میں یا اُس کے بعد عالمِ وجود میں آیا۔ تحقیق کرنے پر معلوم ہوا کہ فرہنگِ جہانگیری کی عبارت میں فارسی لفظ "چربک" کے مرادف کی حیثیت سے اصلاً صرف "ملائی" تھا، اور "بالائی" کا لفظ بعد میں کسی نے بڑھایا ہے، اور غالباً یہ مطبعے کے کسی فرد کی کارگزاری ہے۔

فرہنگِ جہانگیری کے جن خطی نسخوں تک میری رسائی ہو سکی، وہ سب لفظ "بالائی" سے خالی ہیں۔ مخدومی قاضی عبدالودود صاحب نے مطلع فرمایا کہ خدا بخش خاں لائبریری (پٹنہ) کے خطی نسخوں میں، اِس عبارت میں صرف "ملائی" کا لفظ ہے۔ محترمی مولانا امتیاز علی خاں

بالائی، بجائے ملائی"۔ [تلخیصِ معلّی، ص ۱۲۶]

اگرچہ صراحت نہیں، مگر یہ کہا جا سکتا ہے کہ ناظر کی رائے میں، ملائی کی جگہ بالائی، عہدِ غازی الدین حیدر کی ایجاد ہے۔

[۱] غالب خیال یہ ہے کہ فرہنگِ جہانگیری صرف اسی مطبعے میں چھپی ہے۔ میں نے متعدد حضرات سے دریافت کیا، مگر کسی دوسرے مطبعے کے چھپے ہوئے نسخے کا حال معلوم نہیں ہوا۔

Marfat.com

عرشی کے مکتوب سے معلوم ہوا کہ رضا لائبریری (رام پور) میں اس فرہنگ کے تین خطی نسخے ہیں جن میں سے ایک نسخے پر عہدِ عالم گیر کی مہریں ثبت ہیں؛ اِن نسخوں میں بھی، اِس عبارت میں "بالائی" موجود نہیں، صرف "ملائی" ہے۔ فرہنگِ مذکور کا ایک نسخہ راقم الحروف کے پاس ہے، جس پر سنہِ کتابت ۱۰۳۱ھ لکھا ہوا ہے؛ اس کی بھی یہی صورت ہے۔ جامعہ ملیہ دہلی کے کتاب خانے میں اس کا ایک خطی نسخہ موجود ہے، جس کے اول و آخر کے چند اوراق غائب ہیں، لیکن خاصا پُرانا معلوم ہوتا ہے؛ اُس کی بھی یہی کیفیت ہے۔ ان سب نسخوں میں آخری جملہ اِس طرح ہے: "و بہ ہندی ملائی نامند"۔

اِس صورت میں یہ خیال کرنا کچھ بے جا نہیں معلوم ہوتا کہ لفظ "بالائی" کا اضافہ بعد کو کیا گیا ہے۔ قطعی طور پر تو نہیں کہا جا سکتا مگر خیال یہی ہے کہ یہ اضافہ اہلِ مطبع میں سے کسی نے کیا ہوگا، وہ کاتب صاحب ہوں یا تصحیح کرنے والے بزرگ ہوں۔ عرشی صاحب نے بھی یہی خیال ظاہر کیا ہے: "جہانگیری کے مطبوعہ نسخے میں بالائی، بعد کی اصلاح ہے، جو بالیقین کاتب کی ہے" (مکتوب بنام راقم الحروف)۔

دوسرے قرائن بھی اس پر دلالت کرتے ہیں کہ فرہنگِ مذکور میں اصلاً "بالائی" کا لفظ نہیں تھا۔ مثلاً: فرہنگِ رشیدی کا ایک اہم ماخذ فرہنگِ جہانگیری ہے۔ رشیدی نے بہت سے مقامات پر جہانگیری کی عبارتوں کو کچھ ترمیم کے ساتھ شامل کر لیا ہے[1]۔ فرماتے ہیں:

---

[1] مؤلف نے دیباچے میں خود وضاحت کی ہے کہ یہ لغت فرہنگ [illegible] کے مندرجات کا مجموعہ ہے، ترمیمات و تصحیحات کے ساتھ۔ مؤلف کی عبارت یہ ہے:

"چوں فرہنگِ جہانگیری و فرہنگ سروری [illegible] جامع ترین فرہنگہا دید، اما مشتمل بود بر مے چند کہ احتراز و اجتناب از آن لازم و متحتم گردید۔۔۔۔ بنابریں مقدمات، در جمع لغات ایں دو کتاب معتمد [illegible]

Marfat.com

سلسلے میں بھی جہانگیری کی طویل عبارت کو معمولی ترمیم کے ساتھ نقل کرلیا گیا ہے، اور زیرِ بحث جملہ رشیدی میں اُسی طرح ہے جس طرح جہانگیری کے مذکورہ خطّی نسخوں میں ہے، یعنی: "وسرشیر کہ بترکی قیماق و بہ ہندی ملائی گویند"

فرہنگِ جہانگیری سے پہلے جو لغت ہندستان میں لکھے گئے، اُن میں مؤیّد الفضلا کی بھی خاص حیثیت ہے۔ اِس لغت کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں ہندی مرادفات اچھی خاصی تعداد میں ملتے ہیں، اور یہ کہ بعد کے بہت سے لُغات کا یہ اہم ماخذ رہا ہے جن میں جہانگیری بھی شامل ہے۔ مؤیّد الفضلا میں لفظ "چربک" موجود ہے۔ جہانگیری اور مؤید کی عبارتوں کا مقابلہ کرنے پر معلوم ہوا کہ اِس لفظ کے ذیل میں جہانگیری میں تفصیل زیادہ ہے، لیکن یہ تفصیل، بہ ظاہر مؤیّد کی عبارت پر مبنی معلوم ہوتی ہے اور کئی جملے مشترک ہیں۔ مؤید میں آخری جملہ اِس طرح ہے: "و بہ معنیِ سرشیر کہ قیماغ باشد، و در ہند آنرا ملائی گویند، ہم بہ نظر آمدہ ہے"

صاحبِ مؤیّد الفضلا کے شاگرد، شیخ عبدالرحیم سور بہاری کا لُغت کشف اللغات بھی[1] جہانگیری کی فہرستِ مآخذ میں شامل ہے۔ اس لغت کے پیشِ نظر نسخے میں لفظ "چربک" تو موجود نہیں، البتہ اُس کی دوسری صورت "چربہ" ملتی ہے، اور اُس کا ہندی مرادف "ملائی" لکھا ہوا ہے: "چربہ، بالفتح و باجیم فارسی ..... بہ ہند ملائی نامند"

عباراتِ زائدہ و اشعارِ بے فائدہ ... و تنقیحِ الفاظ و ایضاحِ اعراب و تحقیقِ معانی بقدرِ مقدور سعیِ مجہود مبذول نمودہ شد" (دیباچۂ فرہنگِ رشیدی)

فرہنگِ رشیدی، ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کی طرف سے دو جلدوں میں شائع ہوئی تھی۔ پہلی جلد ۱۸۷۲ء میں اور دوسری ۱۸۷۵ء میں شائع ہوئی۔ یہ لغت بپٹسٹ مشن پریس کلکتہ میں چھپا تھا۔ یہی اڈیشن پیشِ نظر ہے۔ مؤلّف کے حالات کے لیے دیکھیے نزہۃ الخواطر جلدِ پنجم۔

[1] جامعہ ملیہ دہلی کے کتاب خانے میں اس کا ایک خطّی نسخہ موجود ہے، اسی سے استفادہ کیا گیا ہے۔ مطبوعہ نسخہ میری نظر سے نہیں گزرا۔

Marfat.com

جہانگیری اور رشیدی کے بعد جو اہم لغت ہندستان میں مرتب ہوئے، اُن میں سے برہانِ قاطع، بہارِ عجم، غیاث اللغات اور فرہنگِ آنند راج میں لفظ "چربک" کے ذیل میں اُس کا ہندی مرادف مذکور نہیں۔ ہاں، سراج اللغۃ اور ہفت قلزم میں "چربک" کا ہندی مرادف صرف "ملائی"[2] ملتا ہے۔ ہفت قلزم میں لفظ "چربک" کے ذیل میں موتید الفضلا کی عبارت کو معمولی سی ترمیم کے ساتھ نقل کر لیا گیا ہے اور ایک دو جملے جہانگیری سے لے لیے گئے ہیں؛ اِس طرح ہفت قلزم میں لفظ "چربک" کے ذیل میں جو کچھ مرقوم ہے، وہ اصلاً موتید اور جہانگیری کی عبارتوں کا مجموعہ ہے، اور اُس میں بھی زیرِ بحث جملہ اِس طرح ہے:

"و بہ معنیِ سرشیر ہم آمدہ کہ قیماغ باشد و در ہند آنرا ملائی گویند" یہ بات پیشِ نظر رہنا چاہیے کہ ہفت قلزم، لکھنؤ میں مرتب ہوا ہے اور وہیں[3] چھپا ہے۔

---

[2] خانِ آرزو کا یہ قابلِ قدر لغت ابھی تک طباعت سے محروم ہے۔ اس کا ایک اچھا خطی نسخہ رضا لائبریری رام پور میں محفوظ ہے۔ اس سے متعلق معلومات عرشی صاحب کے خط کے توسط سے حاصل ہوئی ہے۔

[3] یہ لغت غازی الدین حیدر کے زمانے میں مرتب ہوا تھا۔ اس کے دیباچے میں مولوی قبول محمد نے لکھا ہے کہ یہ لُغت خود غازی الدین حیدر نے "از فکرِ متین و عبارت رنگین بہ اتمام رسانیدند" اس کو شاید ہی کوئی تسلیم کرے۔ مولوی صاحب نے مزید لکھا ہے کہ یہ کتاب بروز [illegible] ۱۲۲۹ھ کو شروع کی گئی، اور غرۂ ذی الحجہ ۱۲۳۰ھ کو مکمل ہو گئی [illegible] ہے، تو اس کی ترتیب میں متعدد حضرات نے حصہ لیا ہوگا۔ خاصا ضخیم لغت ہے۔ یہ سات جلدوں پر منقسم ہے۔ پہلی چھے جلدیں لُغات پر مشتمل ہیں، اور ساتویں جلد میں قواعدِ زبان، اقسامِ نظم و نثر، صنائعِ لفظی و معنوی اور عروض و قافیہ کا بیان ہے۔ یہ لغت بھی دوسرے لُغات کے مندرجات کا مجموعہ ہے، معمولی ترمیمات کے ساتھ۔ میرا خیال ہے کہ مولوی قبول محمد جنھوں نے اس کا مقدمہ

Marfat.com

اِن مباحث سے، مختلف اعتبارات سے اس بات کی پوری طرح تائید ہوتی ہے کہ فرہنگِ جہانگیری کے مطبوعہ نسخے میں لفظ "بالائی" بعد کو شامل کیا گیا ہے اور غالباً اہلِ مطبع اس کے ذمّے دار ہیں۔ اس کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ کیا یہ صورت دوسرے مقامات پر تو نہیں پائی جاتی ہے؟ اس خیال کا پیدا ہونا قدرتی بات ہے، اور ایک اور دل چسپ "الحاق" سے اِس خیال کو مدد ملتی ہے۔ اُس کا تعلق بھی اِسی لفظ "بالائی" سے ہے۔

ابھی لکھا گیا ہے کہ خانِ آرزو کے لغت سراج اللغۃ میں لفظ "بالائی" موجود نہیں، اُس میں صرف "ملائی" ہے؛ مگر اُن کے دوسرے لُغت چراغِ ہدایت کے مطبوعہ نسخے میں یہ لفظ موجود ہے۔ سراج اللغۃ تو نہیں چھپ سکا، لیکن چراغِ ہدایت چھپ چکا ہے۔ اُس کے دو مطبوعہ نسخے پیشِ نظر ہیں، یہ دونوں غیاث اللغات کے حاشیے پر چھپے ہیں۔ ایک نظامی پریس کان پور کا مطبوعہ ہے اور دوسرا نول کشور پریس لکھنؤ کا۔ چراغِ ہدایت کے اِن دونوں نسخوں میں لفظ "سرشیر" کے ہندی مرادف کی حیثیت سے صرف "بالائی" ملتا ہے:

"سرشیر، بہ اضافت وشینِ معجمہ و یائے معروف، قیماق کہ بہ ہند بالائی گویند"

خانِ آرزو کا انتقال ۱۱۶۹ھ میں ہوا اور آصف الدولہ کی فرماں روائی کا زمانہ، آرزو کی

لکھنے کے ساتھ کئی دیگر علما نے اس لغت کی تالیف میں حصّہ لیا ہے۔ نول کشور پریس سے بہارِ عجم کا جو نسخہ ۱۸۷۹ء میں شائع ہوا تھا، اس کے آخر میں ہفت قلزم مطبوعہ نول کشور پریس کا اشتہار بھی ہے، اُس اشتہار کی یہ عبارت قابلِ توجہ ہے:

"اس خوبی اور اہتمام کے ساتھ تالیف کی گئی کہ سب کتابیں لغاتِ فارسی کی کتب خانۂ شاہی سے فراہم ہو کر، بہ اجتماعِ جمِّ غفیرِ علمائے نام دارِ لکھنؤ، مثلِ مولوی احد الدین مرحوم بلگرامی اور مولوی اسماعیل مغفور لندنی، خاص الخاص توجہ اور نفسِ نفیس التفاتِ شاہی سے . . . بہ صرفِ خزانۂ بے شمار [illegible] ال کی محنت میں . . . چھپی"

یہ لغت پہلی بار مطبعِ سلطانی لکھنؤ سے سات جلدوں میں شائع ہوا تھا، ۱۲۳۷ھ (۲۲-۱۸۲۱ء) میں۔ میرے سامنے یہی نسخہ ہے

Marfat.com

وفات کے ۱۸، ۱۹ سال بعد شروع ہوتا ہے۔ چراغِ ہدایت میں اس کی صراحت نہیں کی گئی ہے کہ اس کا سالِ تالیف کیا ہے، لیکن ڈاکٹر منوہر سہائے انور کی یہ رائے ہے کہ آرزو ۱۱۴۸ھ تک اِس کی تالیف سے فارغ ہو چکے تھے [دہلی کالج میگزین کا میر نمبر ۱۹۶۲ء] ہر صورت میں اِس لغت میں لفظ "بالائی" کا وجود میرے لیے باعثِ تعجب تھا۔ محترمی عرشی صاحب سے رجوع کیا، موصوف نے مطلع فرمایا کہ:

"سرشیر اور ملائی کے سلسلے میں چراغِ ہدایت کو دیکھا، اس میں یہ لفظ یعنی "سرشیر" سرے سے موجود ہی نہیں ہے۔ آپ یہ نہ سمجھیں کہ صرف ایک نسخے کو دیکھ کر لکھ دیا ہے، چار چار نسخے دیکھے، جن میں سے ایک ۱۱۸۴ھ کا ہے، مگر کسی میں بھی سرشیر نہیں ہے" (مکتوب بہ نام راقم الحروف)۔

یعنی چراغِ ہدایت میں لفظ "سرشیر" بعد کا اضافہ ہے اور اس کے ذمے دار بھی بظاہر وہ لوگ معلوم ہوتے ہیں جن کی "تصحیح و تہذیب" کے ساتھ یہ کتاب چھپی ہے۔ اس لحاظ سے چراغِ ہدایت کا مطبوعہ نسخہ بھی، فرہنگِ جہانگیری کے اُس نسخے کی طرح غیر معتبر قرار پاتا ہے۔

یہاں اِس کا اظہار ضروری ہے کہ خانِ آرزو کے اُردو لغت نوادر الالفاظ میں حرف میم کے تحت "ملائی" مندرج ہے، اور "بالائی" سے یہ لغت بھی کلیتاً خالی ہے۔

"ملائی" اور "بالائی" کے سلسلے میں ایک دلچسپ بحث فصیح و غیر فصیح کی بھی ہے۔ اور خود لکھنؤ میں یہ مسئلہ مختلف فیہ رہا ہے۔ جفاتِ دہلی نے اِس نووارد لفظ کو غلط نہیں کہا، لیکن اِس کو اہلِ لکھنؤ کی ایجاد سمجھا اور خود اسی پیرائے [illegible] فصیح سمجھتے رہے۔ آزاد کی عبارت اوپر نقل کی جا چکی ہے جس کو مؤلف آصفیہ نے بھی دہرایا ہے: اس سے اربابِ دہلی کے رجحان کا بہ خوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

آزاد کی خصوصیاتِ انشا میں سے ایک نمایاں خصوصیت یہ بھی ہے کہ وہ جہاں چاہتے ہیں، نہایت سادگی کے ساتھ طنز کا نشتر چبھو دیتے ہیں۔ سبحان اللہ اور مرحبا کہتے کہتے

Marfat.com

ایک جملہ ایسا بھی لکھ جائیں گے کہ ساری تحسین، تعریض میں بدل کر رہ جائے گی۔ لفظ بالائی سے متعلق جو کچھ انھوں نے لکھا ہے، اُس میں بھی یہی انداز ہے۔ وہ "ملائی" کو فصیح اور اُس کے مقابلے میں "بالائی" کو غیر فصیح کہنا چاہتے ہیں؛ مگر صاف صاف کہنے کے بجائے، مذاقِ سلیم کے پردے میں اِس بات کو ادا کرتے ہیں: "مذاقِ سلیم دونوں کے لطف میں امتیاز کر سکتا ہے۔"

اہلِ لکھنؤ میں سے مولانا شرر نے مذاقِ سلیم کے امتیاز کی نشتریت کو بُری طرح محسوس کیا اور گذشتہ لکھنؤ میں جہاں "بالائی" پر گفتگو کی ہے، وہاں آزاد کی اس تعریض کا بھی جواب دیا ہے، اگرچہ وہاں پر یہ پہلو ان کے موضوع سے غیر متعلق تھا۔ مولانا شرر کی عبارت یہ ہے:

> "اس کو پرانی زبان میں ملائی کہتے ہیں۔ آصف الدولہ بہادر نوابِ اودھ کو یہ اس قدر پسند تھی کہ خاص اہتمام سے ان کے لیے تیار کی جاتی تھی۔ انھوں نے اس کا نام ملائی کے عوض بالائی رکھ دیا، اس لیے کہ یہ دودھ کے اوپر کی چیز ہے۔ اہلِ لکھنؤ کو اپنے فرماں روا کا یہ تصرّف بہت پسند آیا اور بالائی کا لفظ زبانوں پر اس قدر چڑھ گیا کہ اب لکھنؤ میں سوا دیہاتیوں یا ہندو جہلا کے سب اسے بالائی ہی کہتے ہیں اور ملائی کا لفظ کسی مہذّب شخص کی زبان پر باقی نہیں رہا۔

اس پر مولوی محمد حسین صاحب آزاد مرحوم نے آبِ حیات میں اعتراض کر دیا اور انصاف کو ذوقِ سلیم پر محوّل فرمایا، جس معیار سے ان کے مذاق میں ملائی کا لفظ، بالائی سے زیادہ لطیف و فصیح ہے۔ کسی لفظ کو محض اپنے مذاق کے اعتبار سے غیر فصیح کہہ دینا میرے نزدیک ایک بے معنی سی چیز ہے، اس لیے کہ ہر جماعت کو وہی لفظ اپنے ذوق میں اچھے معلوم ہوتے ہیں جو اُن

Marfat.com

کی زبان پر چڑھے ہوں اور اُن کے لہجے اور محاورے سے مانوس ہو گئے ہوں۔
جن شہروں کے لوگ ملائی کہتے ہیں، ان کو بے شک بالائی کا لفظ گراں گزرتا ہوگا اور اُن کی زبان سے ناآشنا ہوگا۔ مگر جس شہر میں لوگ بالائی کہتے ہیں، اور یہی لفظ ان کے محاورے میں شامل ہو گیا ہے، ان کو جو فصاحت بالائی میں نظر آتی ہے، ملائی میں ممکن نہیں۔ ان کو ملائی، جاہلوں اور گنواروں کا لفظ معلوم ہوتا ہے .....

بہ ہر حال اگر دونوں شہر معیار مانے جائیں تو ملائی اور بالائی بجائے خود فصیح ہیں، ملائی اہلِ دہلی کے نزدیک اور بالائی اہلِ لکھنؤ کے نزدیک۔"

آزاد کے ایک لطیف جملے کے جواب میں مولانا نے کئی سطریں لکھیں، اور برہمی کے عالم میں سنجیدگی کا دامن بھی ان کے ہاتھ سے چھوٹ گیا کہ ملائی کو جاہلوں اور گنواروں کا پسندیدہ لفظ قرار دیا۔ یہ انتہا پسندی ہے۔ مولانا شرر نے "ملائی" کو اہلِ دہلی سے مخصوص کیا ہے، مگر لکھنؤ کے ایک مستند استاد اور زبان داں جلال[1] نے اس کے برعکس "ملائی" کو صحیح اور "بالائی" کو غلط بتایا ہے۔ جلال نے اپنے لغت گلشنِ فیض[2] میں لکھا تھا:

---

[1] متوفی ۱۹۰۹ء (تذکرۂ کاملانِ رام پور)۔

[2] اس کا دوسرا نام گنجینۂ زبانِ اردو ہے۔ "گلشنِ فیض" تاریخی نام ہے جس سے مؤلف کی صراحت کے مطابق سالِ تکمیل ۱۲۹۰ھ (۱۸۷۳-۷۴ء) ہے کتاب کے آخر میں جو قطعات تاریخ طبع ہیں، اُن سے سالِ طبع ۱۲۹۰ھ نکلتا ہے، مگر خاتمۃ الطبع کی عبارت میں یہ وضاحت کی گئی ہے کہ یہ کتاب دسمبر ۱۸۸۰ء مطابق محرم ۱۲۹۱ھ میں چھپی ہے۔ یہ کتاب نول کشور پریس لکھنؤ میں چھپی تھی۔ ۸۰۰ صفحات پر مشتمل ہے۔

امیر مینائی نے اپنے ایک شاگرد مہدی حسن خاں شاداب کو لکھا تھا کہ یہ لغت دراصل

Marfat.com

"ملائی، پوستیکہ بر شیر بسببِ جوش دادن پدید آید و پوستیکہ بر جغرات نشیند۔ ف: سرشیر و شمر، دکسانیکہ آنرا "بالائی" بہ موحدہ و الفِ کشیدہ گویند غلط گویند۔" (گلشنِ فیض، ص ۷۱۴)۔

جلال کا یہ لغت ۱۲۹۸ھ (۱۸۸۰ء) میں چھپا تھا۔ جلال کے بعض حریفوں نے اس پر کچھ اعتراض کیے، جن میں سے بعض بالکل درست تھے۔ ۱۳۰۴ھ میں ان کا لغت سرمایۂ زبانِ اردو شائع ہوا۔ یہ دراصل گلشنِ فیض کا اردو ترجمہ ہے، بہت سی ترمیموں کے ساتھ اس میں بھی انھوں نے "ملائی" کے متعلق اپنی اس رائے کو برقرار رکھا:

میرے مسوّدۂ لغت کا ایک ٹکڑا ہے، جس میں تصرفاتِ بے جا شامل ہیں (مکاتیبِ امیر مینائی، مرتبۂ احسن اللہ خاں ثاقب، طبعِ دوم، مکتوب بہ نامِ شاداب)

لطیفہ یہ ہے کہ صاحبِ فرہنگِ آصفیہ نے اس سے زیادہ واضح الفاظ میں امیر پر یہی الزام لگایا ہے:

"اللہ اللہ! کیا مقامِ عبرت ہے کہ حضرت امیر احمد صاحب امیر مینائی، جنھوں نے اِس اخیر عمر میں امیر اللغات کے دو باب صرف الفِ ممدودہ و الفِ مقصورہ کے ہو بہو ارمغانِ دہلی کا چربا اتار کر شائع فرمائے" (فرہنگِ آصفیہ، جلدِ اول، طبعِ ۱۹۰۸ء، ص ۳)

ان بزرگوں کے اس "مزاح المومنین" کو کیا کہا جائے!

جلال کے لغت گلشنِ فیض کی زبان فارسی ہے، کچھ دنوں کے بعد انھوں نے بعض ترمیموں کے ساتھ اس کا اردو میں ترجمہ کر کے سرمایۂ زبانِ اردو کے نام سے شائع کیا۔ ہاں جلال نے اپنے استاد رشک کے لغت نفس اللغۃ کی بہت سی عبارتیں بہ لفظہٖ یا معمولی ترمیم کے ساتھ گلشنِ فیض میں داخل کر لی ہیں اور کہیں حوالہ نہیں دیا ہے۔

لہ اِس کا دوسرا نام تحفۂ سخن وراں ہے، جلال نے سالِ ترتیب کی صراحت نہیں کی (باقی آگے)

Marfat.com

"ملائی، ہمزہ، تحتانیِ معروف کے ساتھ ایک چیز ہوتی ہے دودھ کی، بہت لذیذ اور عمدہ لطیف، کہ اس کو نان خورش کرتے ہیں، اور یوں بھی کھاتے ہیں۔ ف: سرِ شیر و شمر۔

اور یہ جو اِس کو "بالائی" بائے موحدہ اور الف کے ساتھ بولتے ہیں، غلط بولتے ہیں۔" (سرمایۂ زبانِ اردو، مطبوعۂ انوار المطابع لکھنؤ)

یہ بھی انتہاپسندی کی دوسری صورت ہے۔ جس طرح شرر کا یہ قول کہ "ملائی" جاہلوں اور گنواروں کا لفظ ہے، غیر مناسب ہے، اُسی طرح جلال کا یہ کہنا بھی درست نہیں کہ "بالائی" سرے سے غلط ہے۔ دو مثالیں اُن لوگوں کے یہاں سے پیش کی جاتی ہیں جن کا تعلّق دبستانِ لکھنؤ سے ہے۔

وہ شیرِ لطیفِ ماہِ تاباں — شیرینیِ درد، کاہشِ جاں
جاں بخشیِ درد عالمِ عشق — بالائی اک آمدِ غمِ عشق

(محسن کاکوروی، مثنوی چراغِ کعبہ، مطبوعۂ مطبعِ شاہم اودھ لکھنؤ، ص ۱۹)

افیون بڑھ کے زہر سے اپنے پیرا ہے — خونِ جگر مجھے یہ ملائی کی چاہے ہے منیر

(کلیاتِ منیر، ص ۳۶۵)

مؤلفِ نور اللغات نے ملائی اور بالائی، دونوں لفظ کسی تفریق یا امتیاز کے بغیر لکھے ہیں، اور کسی طرح کی پابندی عائد نہیں کی ہے۔ یہی صحیح صورت ہے۔ "ملائی" پرانا لفظ ہے۔ ایک زمانے تک دہلی و لکھنؤ میں مستعمل رہا ہے۔ لفظ "بالائی" کی ایجاد کے بعد بھی، اہلِ دہلی، "ملائی" ہی کو فصیح سمجھتے رہے[1]، اور اہلِ لکھنؤ میں سے جلال جیسے مستند لوگ بھی اُسے

یہ لغت پہلی بار ۱۳۰۴ھ (۸۷-۱۸۸۶ء) میں چھپا تھا۔ گلشنِ فیض (جس کا یہ ترجمہ ہے) ۱۲۹۸ھ میں چھپا تھا؛ اس لیے اس کی ترتیب ۱۲۹۹ھ اور ۱۳۰۴ھ کے درمیانی عرصے میں عمل میں آئی ہوگی۔

[1] مولانا احسن مارہروی، تلمیذِ داغ کی اِس عبارت سے، اہلِ دہلی کی رائے کا بہت کچھ اندازہ

Marfat.com

آخر تک صحیح اور فصیح سمجھتے رہے۔ مؤلفِ نور اللغات نے لفظ "ملائی" کے ذیل میں اس کے مرکبات ملائی پڑنا، ملائیاں کھانا، اور ملائی کی چائے بھی درج کیے ہیں اور موخر الذکر کی سند میں منیر کا وہی شعر لکھا ہے، جسے اوپر درج کیا گیا ہے۔

حضرت اثر لکھنوی مرحوم نے اپنے لغت فرہنگِ اثر میں جلال کی تردید اور مولانا شرر کی ہم نوائی کی ہے۔ اثر صاحب نے لفظ "ملائی" کے ذیل میں سرمایۂ زبانِ اردو کی عبارت نقل کرنے کے بعد لکھا ہے:

"ملائی میں رکاکت کا پہلو نکلتا تھا، ملائی دلائی، نواب سعادت علی خاں نواب وزیرِ اودھ نے اس کو بالائی کہا۔ ایک صورت جواز کی یہ ہو سکتی ہے کہ اس کی تہ دودھ کے اوپر (بالا) جمتی ہے۔ ان کی یہ اپج اتنی مقبول ہوئی لکھنؤ میں خواص، بہ جز بالائی کے، ملائی بولتے ہیں نہیں۔ سوال صحیح یا غلط کا نہیں، بل کہ فصیح و غیر فصیح کا ہے، اور اس نقطۂ نظر سے فیصلہ غالباً بالائی کے حق میں ہوگا۔" (فرہنگِ اثر، ص ۷۹)

اثر صاحب نے اپنے زمانے کو دیکھتے ہوئے یہ لکھا کہ خواصِ لکھنؤ صرف بالائی کہتے ہیں، جلال کے زمانے میں یہ صورت نہیں تھی۔

کیا جا سکتا ہے:

"ساتھ ہی اس کے یہ بات بھی بتائی جائے کہ اہلِ لکھنؤ کے مخترعات و تصرفات، دلّی میں کس زبان داں نے اپنے کلام میں استعمال کیے ہیں؟... اندھڑ بہ معنی آندھی کے، برسنا، اینٹھنے کی جگہ، بالائی، ملائی کی جگہ... اس قسم کے الفاظ کی وقعت اہلِ زبان کی نگاہوں میں اسی قدر ہے جس قدر دکن کی "نکو" اور بنگال کی "مہاراد" اور گجرات کی "ایں" کی قدر ہے۔ اس قسم کے اختراعات کی، اہلِ دہلی نے ہمیشہ مخالفت کی ہے۔"

(جلوۂ داغ، مطبعِ شمسی حیدر آباد دکن، ص ۳)

Marfat.com

اِس کے علاوہ یہ واقعہ ہے کہ لکھنؤ کی اور بہت سی ایجادوں کی طرح، اِس ایجاد نے بھی لکھنؤ سے باہر قبولِ عام کا شرف اُس طرح حاصل نہیں کیا۔ میں نے ہندستان کے مختلف خطّوں کے رہنے والوں سے اور یوپی کے متعدّد مغربی و مشرقی اضلاع والوں سے دریافت کیا؛ معلوم ہوا کہ لوگ عموماً "ملائی" کہتے ہیں اور گنتی کے لوگ "بالائی" بھی استعمال کرتے ہیں۔ دہلی میں شروع ہی سے "ملائی" رائج رہا ہے اور آج بھی اُسی طرح مروّج ہے۔ "ملائیاں[1] کھانا" ایک پُرانا محاورہ ہے، یہ آصفیہ میں بھی ہے اور نور اللغات میں بھی اور جلال کے لغت سرمایۂ زبانِ اردو میں بھی موجود ہے؛ اب اس کو بدل کر "بالائیاں کھانا" کہیے تو کیسا عجیب معلوم ہوگا؛ جن صاحب کو اب بھی اصرار ہو کہ صرف "بالائی" فصیح ہے؛ وہ "رس ملائی" کو "رس بالائی" کہہ کے دیکھیں، "مذاقِ سلیم" خود فیصلہ کر دے گا۔

یہاں پر یہ بات بھی سامنے رہنا چاہیے کہ لفظ "بالائی" اگرچہ حضراتِ لکھنؤ کی تحریروں میں بہت پہلے شامل ہو چکا تھا[2]، مگر لغات میں وہ ذرا بعد میں داخل ہو سکا۔ اوحد الدین بلگرامی کے لغت نفائس اللغات[3] (سالِ ترتیب: ۱۲۵۳ھ) میں "ملائی" ہے، لیکن "بالائی" موجود نہیں، جلال کے استاد رشک کے لغت نفس اللغۃ (سالِ ترتیب: ۱۲۵۶ھ) میں بھی حرف ب کے ذیل میں "بالائی مذکور نہیں۔

---

[1] "ملائیاں کھانا: کسی دوسرے کے مال سے نفع حاصل کرنا" (نور اللغات، جلد چہارم، ص ۲۰۰)

[2] مثلاً: "بالائی نورا کی دکان پر جب نظر آئی، بے قند و شکر، شکر کر۔ نورُ علیٰ نور کہہ کر چھری سے کاٹ کر کھائی۔" (فسانۂ عجائب، مطبوعۂ مطبعِ میر حسن رضوی، سالِ طبع ۱۲۶۳ھ)

[3] یہ لغت فارسی میں ہے، مؤلف کی ساری توجہ اس پر مرکوز رہی ہے کہ اردو الفاظ کے عربی اور فارسی مرادفات زیادہ سے زیادہ یک جا کر دیے جائیں۔ مؤلف کی صراحت کے مطابق ۷ رجب ۱۲۵۳ھ (۱۸۳۷ء) کو اس کی تکمیل ہوئی (عبارتِ خاتمہ) کئی بار چھپ چکا ہے۔ میرے سامنے وہ نسخہ ہے جو ۱۸۹۷ء میں نول کشور پریس لکھنؤ میں "بارِ دوم" چھپا تھا۔

Marfat.com

یہ بات بھی قابلِ توجہ ہے کہ اساتذۂ لکھنؤ میں سے بیش تر حضرات، متروکات اور فصیح و غیر فصیح کا بڑا لحاظ رکھتے تھے، اس موضوع پر کئی رسالے بھی لکھے گئے، کئی دواوین میں بھی اس کی صراحت کی گئی، غیر فصیح اور متروک الفاظ کی لمبی چوڑی فہرستیں مرتب کی گئیں؛ مگر متروکات کی اِن فہرستوں میں لفظ "ملائی" مذکور نہیں۔

یہ مان لینا چاہیے کہ یہ دونوں لفظ پہلے بھی فصیح تھے، اور اب بھی فصیح ہیں۔ جو صاحب چاہیں "بالائی" کہیں اور جس کا جی چاہے "ملائی" کہے۔ گفتگو اور تحریر میں بعض مقامات ایسے بھی آسکتے ہیں جہاں صرف حُسنِ بیان کے لحاظ سے یہ فیصلہ کرنا پڑے گا کہ کہاں پر ان میں سے کون سا لفظ کھپایا جائے؛ اور ایسے مواقع پر دہلی و لکھنؤ کا اختلاف خود بہ خود درمیان سے اُٹھ جائے گا۔

Marfat.com

ترکیبِ مُہَنَّد

عربی فارسی الفاظ کو غیر عربی فارسی الفاظ (خاص طور پر ہندی الفاظ) کے ساتھ بہ قاعدۂ فارسی ترکیب دینا قابلِ اعتراض سمجھا گیا ہے۔ اساتذۂ متوسّطین و متاخّرین نے ایسی ترکیبوں کو عموماً غیر معتبر قرار دیا ہے۔ اِس مضمون میں اِسی مسئلے پر بحث کی گئی ہے۔ یہ تین فصلوں پر مشتمل ہے:

پہلی فصل میں لفظ "مُہَنَّد" اور "ترکیبِ مُہَنَّد" کے معانی و مفہوم پر گفتگو کی گئی ہے۔

دوسری فصل میں فارسی و اردو میں ایسے مرکّبات کے متعلّق مسائل زیرِ بحث آئے ہیں۔

تیسری فصل میں اردو میں مُہَنَّد ترکیبوں کے لیے ضروری قاعدے لکھے گئے ہیں، اور یہ بتایا گیا ہے کہ کن صورتوں میں ایسی ترکیبیں مستحسن ہیں اور کن صورتوں میں وہ ناقابلِ قبول ہو سکتی ہیں۔

Marfat.com

ترکیبِ مُہَنَّد سے مراد یہ ہے کہ مرکّب کا ایک جُز عربی یا فارسی سے تعلّق رکھتا ہو (ترکی الفاظ بھی اِس میں شامل ہیں) اور دوسرے جُز کو کسی اور زبان سے نسبت ہو۔ اکثر ہندی اور کم تر انگریزی الفاظ دوسرے جُز کے طور پر آتے ہیں، اور وہ الفاظ بھی اِسی ذیل میں آتے ہیں جو اردو میں بنے ہوں یا اردو میں تصرّفات سے دوچار ہوتے ہوں۔

نور اللغات میں لفظ "تہنید" کی جس طرح تشریح کی گئی ہے، اُس سے وضاحت کے ساتھ معلوم ہو سکتا ہے کہ اردو میں "مہنّد" سے مراد کیا ہے:

"تہنید: کسی غیر زبان کے لفظ کو ہندی بنا لینا جیسے فارسی "دہل" سے "ڈھول"، انگریزی "لارڈ" سے "لاٹ"۔ تہنید کئی طرح کی ہوتی ہے: ایک یہ کہ دوسری زبان کے لفظ کو لفظاً و معناً دونوں طرح بدلیں، جیسے "افرا تفری" کہ اصل میں "افراط تفریط" تھا اور اردو میں بہ معنی "ہل چل" ہے۔ دوسرے، صرف لفظ کو بدل دینا، جیسے: "پلید" سے "پلیت"۔ تیسرے، صرف معنوں کو بدلیں، جیسے: "روزگار" فارسی میں "زمانہ"، اردو میں "نوکری"۔ چوتھے، حرکات کو بھی بدل دیں اور معنوں کو بھی، جیسے "مشّاطہ" عربی مبالغے کا صیغہ، اردو میں "مشاطہ" بغیر تشدیدِ دوم، وہ عورت جو زن و مرد کی نسبت ٹھہرائے اور شادی کرائے۔ پانچویں، جمع سے واحد کے معنی لیں، جیسے "اصول"، "احوال"۔ چھٹے، دوسری زبان کے مادّہ ہائے الفاظ سے ایسے صیغے بنانا جو اُس زبان میں مستعمل نہ ہوں، جیسے "عفو" اور "عتاب" سے "معاف" اور "معتوب"۔

Marfat.com

جو لفظ ہندی صورت اختیار کرے، اُس کو "مہنّد" کہتے ہیں" (نور اللغات)۔

غالباً پنڈت دتاتریہ کیفی مرحوم نے اردو کی رعایت سے "تہنید" کے بجائے اِس عمل کا نام "تاریدہ" رکھا تھا اور ایسے لفظوں کو "مُوَرَّد" کہا تھا، اور "تاریدہ" کی جگہ، "اُردُوانا" بھی کہا گیا تھا؛ مگر یہ نئی اصطلاحیں فروغ نہیں پا سکیں۔

عربی میں "مہنّد" ہندستانی لوہے سے بنی ہوئی تلوار کے معنی میں آتا ہے (صراح۔ المنجد) فارسی میں بھی یہی معنی برقرار رہے۔ ہندستان میں جب فارسی میں ہندی لفظوں کو بہ کثرت استعمال کیا جانے لگا اور عربی فارسی الفاظ، مختلف تصرّفات سے دوچار ہونے لگے تو یہاں یہ لفظ، اصطلاحی معنوں میں استعمال ہونے لگا۔ قیاس[1]

---

[1] اُس زمانے کے فارسی لُغات میں یہ لفظ اِن اصطلاحی معنوں میں نہیں ملتا۔ غیاث اللغات میں بھی یہ معنی نہیں ملتے جو موخّر لغات میں سے ہے۔ مگر یہ لفظ بہ طور اصطلاح مستعمل ضرور تھا۔ مثلاً میرزا خاں کی تالیف تحفۃ الہند میں یہ لفظ موجود ہے (یہ غیاث عالم گیر کی تالیف ہے) اِس کتاب سے ایک مثال پیش کی جاتی ہے:

"ارج: بہ ضمِ اول و فتحِ را، پستان را نامند۔ و بہ فتحِ اول، مہندِ عرض باشد"

(تحفۃ الہند، عکسِ مخطوطۂ باڈلین لائبریری، ورق ۲۰۱ ب)

سراج الدین علی خاں آرزو نے اپنی لُغت چراغِ ہدایت میں اِس لفظ کا جو اصطلاحی مفہوم لکھا ہے، وہ بہ ظاہر متعارف مفہوم سے مختلف معلوم ہوتا ہے۔ لفظ "انگ" کے تحت ایک ذیلی عنوان "اشتراکِ لُغات در فارسی و ہندی بچند وجہ است" کے ذیل میں اُنھوں نے لکھا ہے:

"پنجم مہنّد است، و ایں اصطلاحِ فقیر آرزو است، و آں آوردن الفاظ فارسیہ است در زبانِ ہندی، چنانکہ الفاظِ فارسیہ در دفاترِ ہندی نویسند مثل روزنامہ و فی ضرورت وغیرہ۔

اگر عبارت کا مفہوم سمجھنے میں مجھ سے غلطی نہیں ہوئی ہے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ [illegible] اُس تعریف سے ذرا مختلف ہے جو اس لفظ سے وابستہ رہی ہے۔

Marfat.com

کے لیے اِس انداز کے دو اصطلاحی لفظ "مُعَرَّب[1]" اور "مُفَرَّس[2]" موجود ہی تھے۔

تہنید کا تعلّق الفاظ کے بدلنے اور بننے سے ہے، اور لفظ "مہنّد" ایسے ہی الفاظ کے لیے آتا ہے، اِسی طرح عطف و اضافت کے زیرِ بحث قاعدے بھی فارسی سے تعلّق رکھتے ہیں، اگر فارسی یا عربی کے کسی لفظ کو کسی مہنّد لفظ یا ہندی انگریزی (وغیرہ) کے کسی لفظ کے ساتھ بہ قاعدۂ فارسی ترکیب دی جائے، تو یہ عمل بھی تہنید کے ذیل میں آئے گا؛ اِن وجوہ سے، اگر ایسی ترکیبوں کو "تراکیبِ مہنّد" کہا جائے تو کچھ بے جا نہ ہوگا۔ اِسی لیے اِس مضمون میں "ترکیبِ مہنّد" کو اصطلاح کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ مثلاً "آب و دانہ" فارسی ترکیب ہے، لیکن "آب و دانے" کو ترکیبِ مہنّد کے دائرے میں آنا چاہیے، کیوں کہ "دانے"، "دانہ" کی مہنّد صورت ہے۔ ایک رُباعی کا پہلا شعر ہے:

اب گرم خبر موت کے آنے کی ہے
ناداں! تجھے فکر آب و دانے کی ہے

اِسی طرح نشۂ بھنگ، موسمِ برسات، لیلائے سول سروس، پسِ چلمن، اخلاص و پیار جیسی ترکیبوں کو "مہنّد تراکیب" کہنا چاہیے۔ ہندستانی فارسی میں فارسی و عربی الفاظ کے ساتھ غیر فارسی عربی الفاظ کو بے تکلّف ترکیب دی جاتی رہی ہے اور اِس میں ہندستان نژاد اور ایران سے آئے ہوئے شعرا و نثّار برابر کے حصّے دار ہیں، مگر ایسی ترکیبوں کو کوئی خاص نام نہیں دیا گیا تھا؛ یہ بات مناسب ہوگی کہ ایسی ترکیبوں کو، تراکیبِ مہنّد کے نام سے موسوم کیا جائے۔

---

[1] "معرب، وہ لفظ جو دراصل کسی اور زبان کا ہو، اور اُس کو تھوڑی سی تبدیلی کے ساتھ عربی بنا لیا ہو، جیسے "مُشک" سے "مسک" (نور اللغات)

[2] "مفرس، غیر زبان کا لفظ جسے فارسی زبان کا لفظ بنا لیں" (نور اللغات)

Marfat.com

مرکّبات، زبان کا اہم حصّہ ہوتے ہیں۔ ادب خصوصًا شاعری کو اُن کی خاص طور پر ضرورت ہوتی ہے کیوں کہ ادائے خیال کے لیے اُن کے اندر بہت وسعت ہوتی ہے۔ اِس میں دراصل زبان کے مزاج کو بہت دخل ہوتا ہے۔ یہ بات بھی ذہن میں رہنا چاہیے کہ مفرد لفظوں کی کمی کو مرکّبات کی مدد سے پورا کرنا نسبتًا آسان ہے اور فارسی میں یہی ہوا ہے۔ عربی کے مقابلے میں فارسی کا ذخیرۂ مفردات کم ہے، مگر فارسی میں ترکیب کے متعدد قاعدوں کی مدد سے مرکّبات کا قابلِ قدر ذخیرہ ملتا ہے۔ مفرد یا مفرد نما لفظوں کا معرضِ وجود میں آنا، اکثر صورتوں میں نئی اشیا کے ظہور میں آنے یا نئے حقائق کے انکشاف پر منحصر ہوتا ہے، اِس لیے مفردات کے ذخیرے میں بہ تدریج اضافہ ہوتا ہے اور محدود تعداد میں۔ جب کہ مرکّبات کی تشکیل عمومًا جذبات و افکار کی تصوّر تراشی یا خیالات کی پیکر تراشی کے تحت ہوتی ہے (فارسی کے خیال بند شعرا یا اُن سے قریب کی نسبت رکھنے والے شاعروں نے بڑی تعداد میں بہترین ترکیبیں تراشی ہیں) اور کبھی محض لفظی تلازموں کے نتیجے میں بھی اُن کی نمود ہوتی ہے۔ گویا ادبی زبان میں اکثر مرکّبات کا ہیولا، عالمِ خیال میں بنتا ہے، اِس لیے مفرد الفاظ کے مقابلے میں مرکّبات کی تشکیل آسان ہے اور بہت بڑی تعداد میں وہ وجود پذیر ہو سکتے ہیں۔ ادائے مفہوم اور لفظ سازی کا یہ انداز اور مرکّبات کا بہت بڑا حصّہ فارسی سے براہِ راست اردو کو ملا ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ اردو زبان اپنے دورِ ارتقا میں "ادبی" رہی ہے۔ یعنی زبان کا ڈھانچا بنا کسی طرح ہو مگر اُس کا معیاری روپ ادبی رہا ہے، اور اُس ادبیت میں بھی شاعری کو سب سے اہم منزلت حاصل رہی ہے۔ اس زبان کا نقش جب درست ہو رہا تھا، اُس وقت دفتری اور تہذیبی سطح پر فارسی کی حکومت تھی۔

Marfat.com

جب فارسی کی بساط الٹ گئی تو اُس کی جگہ انگریزی نے لے لی۔ یہاں جدید علوم و فنون اور صنعت و حرفت کو جتنا بھی فروغ ہوا، اُس کی ترجمانی انگریزی کے حصّے میں آئی۔ اردو مجموعی طور پر شعر و ادب کی زبان رہی اور اُس معیار پسندی کے سایے میں پروان چڑھتی رہی جس میں دہلی سے کہیں زیادہ حصّہ لکھنؤ کی تہذیب آرائی کا تھا۔ دہلی ایک مدّت سے قافلوں کی منزل گاہ اور گذرگاہ تھی اور مختلف اقوام اور مختلف علاقوں کے اثرات یہاں آویزش و آمیزش کے عمل سے دوچار ہوتے رہے تھے؛ اِن وجوہ سے یہاں کی معاشرت کے مختلف مظاہر میں کھردرے پن کی ہلکی سی نمود ضرور تھی اور زبان بھی اِس سے مستثنا نہیں تھی؛ یہی وجہ ہے کہ یہاں کی ادبی زبان پر قاعدوں کے پہرے کچھ زیادہ نہیں بیٹھ پائے۔ اِس کے برخلاف لکھنؤ کی نئی معاشرت نے اُس شعری و ادبی زبان کو ضابطوں میں زیادہ سے زیادہ اسیر کرنا ضروری سمجھا۔ وہاں کی معاشرت جس طرح ظاہر آرائی کے پھیر میں آئی تھی، اُس کا تقاضا ہی یہ تھا۔ زبان، ادب اور حکومت؛ اِن سب کے مرکزِ اول (دہلی) سے امتیاز پیدا کرنے کی حد سے بڑھی ہوئی خواہش، اُس میں اضافے ہی کرتی رہتی تھی ——— گویا اردو کو وہ فضا ملی ہی نہیں جس میں صنعت و حرفت اور ایجادات و اکتشافات کی تازہ کاریاں اپنے اثرات کو ثبت نشیں کرتی رہتی ہیں، جن کے اثر سے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ ہوتا رہتا ہے، اور سب سے بڑی بات یہ کہ زبان میں وہ صلابت پیدا ہوتی ہے جس کے بل پر وہ پھیلتی ہے، اور ادبی زبان اور بول چال کی زبان کا فاصلہ کم ہوتا رہتا ہے۔ اِس کا کچھ اندازہ اُس وقت ہوتا ہے جب کسی نئے عنصر یا نئے انداز کے اضافے، یا کسی قاعدے کی شکست کا مرحلہ آتا ہے۔ ترکیبِ مہنّد کا قاعدہ بھی اِسی ذیل میں آتا ہے۔

Marfat.com

ترکیب کے کئی قاعدے ہیں۔ سادہ طریقہ تو یہ ہے کہ دو لفظوں کو پہلو بہ پہلو رکھ دیا جائے اور اس کی دو صورتیں یہاں قابلِ ذکر ہیں: دونوں جُز اسم ہوں، جیسے: گل بدن اور پن چکی۔ ایک اسم ہو اور ایک فعل، جیسے: دل شکن اور ہتھ چھُٹ۔ "پن چکّی" اور "ہتھ چھُٹ" جیسے مرکّبات دیسی ہیں اور اِن کو درست قرار دیا گیا ہے؛ مگر خاص خاص صورتوں کے علاوہ، عام طور پر اِس کو نادرست بتایا گیا ہے کہ مرکّب کا ایک جُز فارسی و عربی کے بجائے کسی اور زبان کا ہو، اور ایک جُز فارسی یا عربی سے تعلق رکھتا ہو۔ مثلاً "سمجھ دار" اور "سُننی خیز" کی حیثیت بہ لحاظِ قاعدہ "غیر معتبر مرکّبات" کی ہوگی۔

فارسی میں فعلِ امر سے پہلے کسی اسم کے اضافے سے اسمِ فاعل سماعی بنتا ہے۔ جیسے: دل کش، دل چسپ۔ ایسے مرکّبات اردو میں بھی اِسی طرح مستعمل ہیں۔ اِسی طرح فارسی کے متعدد سابقوں اور لاحقوں کے اضافے سے بنے ہوئے مرکّبات بھی اردو میں بہ کثرت موجود ہیں، جیسے: گل زار، مے کدہ (وغیرہ) ——— ترکیب کے یہ قاعدے جس قدر سادہ ہیں اُسی قدر کارآمد بھی ہیں۔ اِس سادگی و پُرکاری کے باعث یہ ہونا ہی تھا کہ اردو میں بھی ایسے مرکّبات کی تشکیل ہو اور اِس طرح کہ اُن کا ایک جُز فارسی یا عربی ہو اور ایک مقامی، جیسے: ٹکڑا گدا، ڈاک خانہ، دھوکے باز، جگت استاد ("جگت گرو" کی دیسی ترکیب بھی پیشِ نظر رہے) کفن کھسوٹ، عجائب گھر، چور دروازہ، ہتیار بند، لٹھ بند، امام باڑا، بسنتی پوش[1]، ڈگری یافتہ، رجسٹری شدہ، تھانے دار، دھاری دار، گاڑی بان، مُنہ زور وغیرہ۔ اِس قبیل کے مرکّبات کے متعلق اساتذہ نے کچھ بھی کہا ہو، یا کہیں؛ یہ زبان کا اہم جُز ہیں اور عام تحریروں میں اِن کو استعمال کیا گیا ہے اور استعمال کیا جاتا ہے۔

---

[1] ایک پُرانا شعر یاد آگیا،

اک بسنتی پوش سے آغوش رنگیں کیجیے ؎ جی میں ہے، اِس مصرعِ موزوں کو تضمیں کیجیے

Marfat.com

اِس سلسلے میں خاص بات یہ ہے کہ ایسے مرکّبات نے عموماً نثر میں بار پایا۔ اِن میں سے اکثر تھے بھی اُسی کے ڈھب کے۔ شاعری کی زبان کے متعلّق یہ کہا جا چکا ہے کہ اُس کا دائرہ شروع ہی سے محدود رہا ہے۔ شعری زبان کا ایک رچا ہوا تصوّر ذہن و ذوق پر اِس طرح چھا کر رہ گیا ہے کہ اکثر صورتوں میں اُس سے قطعِ تعلّق نہیں ہو پاتا۔ ہم میں سے اکثر کا یہ حال ہے کہ اصول کے طور پر جو بھی کہیں، مگر شعر میں کوئی ایک لفظ اِدھر اُدھر کا آجائے تو تربیت یافتہ ذوق تلخ کام ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اِس طرح کی بیش تر ترکیبیں نثر تک محدود رہیں۔

ترکیب کے دو[۲] خاص قاعدے ایسے ہیں جو فارسی سے مخصوص ہیں اور وہیں سے اُردو کو ملے ہیں؛ یہ ہیں عطف اور اضافت کے قاعدے۔ اضافی مرکّبات نے (توصیفی مرکّبات بھی اِس میں شامل ہیں) فارسی زبان و ادب کو بہت کچھ بخشا ہے اور اردو شاعری میں بھی بہت سی کرشمہ کاریاں اُنھی کی مرہون ہیں۔ اِن دونوں قاعدوں نے نثر کے مقابلے میں نظم میں زیادہ جگہ بنائی، بل کہ نثر میں خاص خاص ترکیبیں، نظم ہی سے مستعار لی جاتی رہی ہیں۔ چوں کہ اضافی ترکیبیں شروع ہی سے نظم سے کچھ زیادہ متعلّق رہی ہیں، اور یوں بھی کہ یہ دونوں قاعدے، فارسی کے خاص قاعدوں میں سے ہیں؛ اِن وجوہ سے اِن میں "خالص پن" کا بہ طورِ خاص لحاظ رکھّا گیا ہے، یعنی یہ کہ مرکّب کے دونوں اجزا فارسی و عربی کے ہوں۔ بس اتنی چھوٹ دی گئی کہ اسمائے خاص یا ایسے نام جن کا بدل موجود نہیں؛ اُن کو عطفی یا اضافی مرکّبات کا جُز بنایا جا سکتا ہے، مثلاً:

ہوس اندھا بنا کر، قتل کا سامان کرتی ہے
فریبِ نفس ہے، سیتا کہاں آغوشِ راون میں (آرزو لکھنوی)

حد یہ ہے کہ "چلمن" اور "محرم" کی طرح کے جو لفظ اردو میں مستعمل ہیں اور عین میں

Marfat.com

عربی یا فارسی کے معلوم ہوتے ہیں؛ اکثر اساتذہ کی احتیاط پسندی نے اُن کو بھی ایسی ترکیبوں سے دور رکھنے پر زور دیا۔ آتش کے اِس شعر میں :

کسی کی محرمِ آبِ رواں وہ یاد آئی ❊ حباب کے جو برابر کبھی حباب آیا

" محرمِ آبِ رواں " کی ترکیب پر کئی معتبر لوگوں نے اعتراض کیا ہے۔ آمیر مینائی کے ایک شاگرد کے ایک شعر میں " پسِ چلمن " آگیا تھا، آمیر نے اُس کو قابلِ اعتراض قرار دیا۔ شاگرد کا مصرع تھا ؏

ہم نے نظّارہ کیا ہے پسِ چلمن اُن کا

اُستاد نے اِس کو یوں بنا دیا ؏

ہم نے نظّارہ کیا ڈال کے چلمن اُن کا[1]

مولانا نظم طباطبائی نے لکھا ہے :

" وہ الفاظ فارسی و عربی کے، جن میں معنوی تغیّر ہو گیا ہے، اہلِ زبان اُس لفظ کو اور معنی میں بولتے ہیں، اہلِ ہند اور معنی میں بولنے لگے، مثلاً " محرم " کا لفظ اردو میں چھوٹے کپڑے کے معنی پر مستعمل ہے، یا " تردّد " کا لفظ عربی میں آمد و رفت کے معنی پر ہے اور اردو میں فکر و تشویش کے معنی پر بولتے ہیں، یا جیسے لفظ " نم " فارسی میں " تری " کے معنی پر ہے اور اردو میں " تر " کے معنی پر بولتے ہیں، یا جیسے لفظ " خفّت " اردو میں شرمندگی کے

---

[1] آمیر نے اِس اصلاح کے ذیل میں لکھا تھا :-

" چلمن، نہ فارسی ہے نہ عربی، اُس کی طرف اضافت فارسی کی ہرگز جائز نہ ہوگی۔ " جانبِ متھرا " کی نظیر اِس کے لیے سند نہیں ہے۔ " متھرا " عَلَم ہے، شہر کا نام ہے، اُس کا ترجمہ عربی فارسی میں کیا ہوگا؟ لہٰذا ترکیبوں کے ساتھ بے تردّد باندھا جائے گا۔ "

[مکتوبِ آمیر مینائی بہ نامِ دلؔ شاہ جہاں پوری۔ مرقعِ ادب، جلدِ دوم]

Marfat.com

معنوں پر مستعمل ہے ؛ اِس قسم کے جمیع الفاظ کا تتبع و تفحص کرنا چاہیے اور اُن سب الفاظ کو ہندی سمجھنا چاہیے اور ترکیبِ فارسی یا عربی میں جس طرح ہندی الاصل لفظوں کو لانا غلط ہے، اِسی طرح ان الفاظ کا استعمال بھی ہر اہلِ قلم کے لیے اضافت و عطفِ فارسی وغیرہ میں ناجائز ہوگا۔ یعنی جس طرح "کپڑۂ رنگیں" کہنا صحیح نہیں، اُسی طرح "محرمِ رنگیں" اور "چشمِ نم" کہنا بھی ناجائز ہے، کیوں کہ کسرۂ توصیفی فارسی کے لیے مخصوص ہے۔

اِن تین قسموں کے علاوہ، ایسے لفظ بھی اردو میں بہت سے بولے جاتے ہیں کہ ہندیوں نے کسی عربی یا فارسی لفظ سے اُن کو اشتقاق کر لیا ہے اور اہلِ زبان اُس اشتقاق سے بے خبر ہیں، مثلاً "تموز" تو فارسی لفظ ہے، اُس سے ہندیوں نے "تمازت"، "نزاکت" کے قیاس پر مصدرِ عربی بنالیا ——— اسی طرح علالت، بخالت، ذہانت، لیاقت، سہولیت، یگانگت وغیرہ ہندیوں نے قیاس سے مصدر بنائے ہیں؛ ایسے الفاظ کا استعمال اکثر تو ناجائز ہے۔ اگر کوئی لفظ فصحا کی زبان پر چڑھ گیا ہے، جیسے "بادشاہت" تو اُسے ہندی لفظ سمجھنا چاہیے؛ کسرۂ اضافی یا توصیفی یا کسی اور ترکیبِ عربی فارسی کے ساتھ اُس کو استعمال کرنا درست نہیں۔ مثلاً جس طرح "پیار و چاہت" بہ عطفِ فارسی کہنا جائز نہیں، اُسی طرح "امارت و بادشاہت" کہنا بھی نادرست ہے۔"

(معائبِ سخن، طبعِ چہارم، ص ۴۷-۴۸)

حسرت موہانی نے لکھا ہے: "اردو الفاظ کے ساتھ فارسی اضافت بھی سراسر معیوب اور ناجائز ہے" (ایضاً ص ۲۸) اور اِس ذیل میں بہت سی مثالیں درج کی ہیں، اُن میں یہ اشعار بھی ہیں:

Marfat.com

روتا ہے وہ حسیں جو مری بزمِ سوگ میں　　پھولوں میں میرے پھیلی ہوئی بو وفا کی ہے
ملازم ہیں جو دنیا میں تو ہم سرکارِ ساقی کے　　سبو تنخواہ میں، چھٹّی میں ہم کو جام ملتا ہے

سیّد انشا "برقا" اور "سفیل" کو صحیح سمجھتے تھے، مگر مہنّد ترکیبوں کو وہ بھی صحیح نہیں سمجھتے تھے :

" دو ہندی لفظوں یا ایک ہندی اور ایک غیر ہندی (عربی فارسی وغیرہ) کے ساتھ کسرۂ اضافت کا استعمال غلط ہے، لیکن فارسی عبارت میں، اشیا کی حقیقت کے بیان میں، دونوں صورتیں جائز ہیں "

(ترجمۂ دریاے لطافت ص ۳۵۹)

اِسی سلسلے میں اُنھوں نے مزید لکھا ہے :

" موصوف کے آخر کا کسرۂ اضافت، ہندی میں جائز نہیں، وہ فارسی سے خصوصیت رکھتا ہے۔ "اوسِ بسیار"، " پھولِ خوب" کہنا غلط ہے۔ لیکن کسرۂ اضافت ایسے لفظ کے آخر استعمال کر سکتے ہیں جس کے لیے فارسی میں کوئی لفظ نہ ہو " (ایضاً ص ۲۹۰)

شعری زبان کے اثر سے واقعتاً یہ صورت ہے کہ نظم میں عام طور پر ایسے مرکّبات اجنبی لگتے ہیں اور مذاقِ سلیم پر بار معلوم ہوتے ہیں جن کا ایک جُز فارسی یاء بی سے تعلّق رکھتا ہو اور ایک جُز ہندی یا انگریزی کا ہو۔ ایسی ترکیبوں کو کبھی طنز کے طور پر وارد استعمال کر لیا جاتا ہے، مزاحیہ شاعری میں بھی اُن کی کھپت ہو جاتی ہے، مگر غزل میں تو تربیت یافتہ ذوق اُن کو گوارا ہی نہیں کر پاتا، اور نظموں میں بھی محدود سطح پر بعض خاص قسم کی ترکیبیں ہی بار پا سکتی ہیں۔ زبان کا جو مزاج اب تک رہا ہے، یہ اُس کا اثر ہے۔ زبان کا مزاج بڑی چیز ہے، وہ دیر میں بدلا کرتا ہے اور اردو میں ابھی تک ایسی مزاجی تبدیلی نہیں ہو پائی ہے ——— یہ بات خاص طور پر ذہن میں رہنا چاہیے کہ عطفِ

Marfat.com

اضافت کے قاعدوں کا تعلّق فارسی سے ہے اور اب تک اُن کا وہ کردار اور انداز اُسی طرح محفوظ ہے اور یہ بھی کہ اصول و قاعدہ کچھ بھی کہئے لسانیات کا جو بھی فیصلہ ہو اور اصلاح پسند طبیعتیں زبان سے کچھ بھی کہیں ؛ مگر اردو میں اب تک فارسی و عربی اور غیر فارسی و عربی الفاظ کو الگ الگ پہچانا جاتا ہے اور جب تک یہ صورت رہے گی، اُس وقت تک عطف و اضافت کے خالص فارسی قاعدوں کا عمومی تعلّق، عربی و فارسی الفاظ سے یا اُن سے ملتے جُلتے مہنّد الفاظ ہی سے رہے گا۔

اِس سلسلے میں دل چسپ بات یہ ہے کہ خود فارسی میں صورتِ حال ذرا مختلف ہے۔ ایرانی فارسی میں تو ظاہر ہے کہ عام ہندی الفاظ کے شامل ہونے کا سوال کیوں پیدا ہوتا، البتّہ ہندستان میں اِس کی گنجایش تھی، اور گنجایش کیا، یوں کہیے کہ ایسا ہونا لازم تھا ؛ اِس بنا پر کہ یہاں فارسی زبان صرف شاعری کی زبان نہیں تھی، وہ دفتری زبان تھی اور سارے کام اُسی میں انجام دیے جاتے تھے، اِس لیے اُس میں ادبی پاکیزگی کے ساتھ ساتھ، دوسری سطح پر اُس کھُردرے پن کی نمود بھی لازم تھی جس کا تعلّق کاروباری اسالیبِ بیان سے ہوا کرتا ہے اور جس کے اثر سے زبان میں کئی سطحیں پیدا ہوتی ہیں۔ یہ کاروباری پن اِس کی ضمانت تھا کہ مقامی لفظوں کی کھپت اُس میں ہوتی رہے۔ جب ایک بار اجنبی لفظوں کے لیے راستہ کھُل گیا تو رفتہ رفتہ اُس میں مقامی لفظوں کا اجنبی پن کم ہوتا گیا۔ یہ اجنبیّت جس قدر کم ہوتی گئی، اُسی نسبت سے بہت سے مقامی لفظ، فارسی قاعدوں کی نسبتیں حاصل کر کے، فارسی تراکیب کے سانچوں میں ڈھلتے رہے۔ مگر اِس کا اظہار ضروری ہے کہ آمیزش کا یہ عمل نثر میں فروغ پذیر نظر آتا ہے، نظم میں اُس کا تناسب کم ہے۔ نظم میں بھی صنفِ غزل اِس سے محفوظ رہی، البتّہ مثنویوں میں اور پھر قصائد میں اُن کی نمود ہوئی۔

Marfat.com

[یہ تحدید اِن اصناف کے مزاجی تقاضوں کی بھی آئینہ داری کرتی ہے]۔

میں اِس سلسلے میں مزید گفتگو سے پہلے، (ہندستانی) فارسی نثر سے ہندترکیبوں کی کچھ مثالیں پیش کرنا چاہتا ہوں، تاکہ صورتِ حال کا صحیح طور پر اندازہ کیا جا سکے - یہ واضح کر دیا جائے کہ اِن مثالوں کی حیثیت "مشتے نمونہ از خروارے" کی سی ہے -

ذخیرۃ الخوانین (مصنفہ شیخ فرید بھکری، جلدِ اول، طبع کراچی، سنہ ۱۹۶۱ء)

از پرگناتِ ہندوستان (ص ۱۵) برچوکھنڈیِ فیل (۲۹) بصحبتِ شراب وپاتر بازی (۲۹) ایامِ برسات (۳۸) بضربِ برچھی (۴۱) صدای کوڑہ (۵۵) کھچڑیِ بے نمک (۹۰) کوڑۂ چوب (۹۲) ڈیوڑیِ محلِ نواب نور جہاں بیگم (۹۳) چوڈولِ آں صالحہ (۱۰۵) برگِ تنبول (۱۱۰) چھاگلِ خاصگیِ خود (۱۱۸) سکھپالِ سواری (۱۳۲) خرجِ بھٹیارہا (۱۴۵) جھروکۂ دولت (۱۴۶) چبوترۂ کوتوالی (۱۴۹) لباسِ سنّاسیاں (۱۵۳) درباب اکھاڑا (۲۲۹) عورتِ برہمن (۲۳۸) کٹرۂ خاص وعام[1] (۲۴۶)۔

جہانگیرنامہ (نول کشور پریس سنہ ۱۸۹۸ء)

چودھریِ پرگنہ (۱۶) فضای جھروکہ (۳۷) پھول کٹارۂ گراں بہا (۷۰)

---

[1] اِس کتاب سے عام الفاظ کی بھی کچھ مثالیں پیش کی جاتی ہیں،

برڈولی سوار شدہ (۵۵) درگدڑی (۶۲) پرگنات (۸۳) عورات (۹۰) ستی (۱۱۱) درٹوکرہ ہا انداختہ (۱۲۴) پاتر بازی (۱۲۶) کمل (۱۴۰) چہار گھڑی (۱۵۱) اخراجات (۱۵۷) دوپٹہ (۱۵۹) پنکہ (پنکھا) میکرد (۱۷۱) درکوٹھری نہادہ (۲۰۲) بگمار بال میبندد (۲۲۳) درزی (۲۲۳) ساگ (۲۰۰) سالن (۲۰۰)۔

Marfat.com

ایامِ برسات (۱۱۰) شدّتِ باد و جھکّڑ (۱۱۱) کُرتہ پٹّو (۱۴۶) پایانِ گھاٹ (۱۵۲) زخمِ برچھا (۲۴۰)۔

وقائع نعمت خانِ عالی (نول کشور پریس، طبعِ چہاردہم) :

کلسِ بارگاہ (۱۹) بیڑہ پان (۳۳) سفینہ بہی (۴۲) بیاضِ بیجک (۴۵) فیلانِ ہتیہ پول (۴۶) گولیِ افیون (۸۲) چلمِ تمباکو (۱۵۰)۔

رقعاتِ عالمگیری (مطبعِ مجیدی کان پور ۱۳۵۶ھ) :

چیرہ زعفرانی (۵) ڈالیِ انبہ (ؑ) جھروکہ درشن (۶) بعدِ برآمدنِ چہار گھڑی روز (۶) مالِ بیوپاریان (۹) چند تھانِ محمودیِ زردوزی (۱۱) تھانہ جاتِ فوجداری (۱۵) ڈالیِ نذر (۳۷) چھاونیِ دزداں (۴۶) بڈیرہ نصرت جنگ (۶۲)۔

رسائلِ طغرا (نول کشور پریس کان پور) :

تالِ آب (۳۱) چیرہ زرتار (۳۵) لطافتِ پٹکہ پٹنی (ؑ) کنارہ دوپٹّا (ؑ) برگِ پان (۳۶) پالکیِ زرنشان (۳۲) مہاوتِ روزگار (۶۴) جھروکہ مشرق (۶۴) درشنیانِ با اخلاص (۶۴) بدستِ ڈاک چوکی (۶۶) کیلہ ہلال صورت (۶۸) مہاوتانِ شمال (۷۱) ہتھنا لچیانِ رعد (۷۳) بدستک زدنِ تال (۷۴) منڈلِ عزائم خوانی (۸۱) کلانوتانِ خوش آواز (۱۴۲) حرکاتِ پاتر بازاں (۱۴۲) تنبولیِ وقت (۱۵۶)۔

مغل بادشاہوں خصوصًا اکبر نے بہت سی چیزوں کے ہندی نام برقرار رکھے تھے اور یہ ناگزیر تھا اور اِس طرح کے کچھ نام خود بھی رکھّے تھے۔ ایسے سب لفظ تحریر و تقریر میں بہ اضافت و بغیرِ اضافت آتے ہی رہتے ہوں گے (یہ بھی ناگزیر تھا) اور ان کے اثرات اپنا کام کرتے رہتے ہوں گے۔ میں صرف آئینِ اکبری کے ایک عنوان "آئینِ فیلخانہ" سے

Marfat.com

ایسی کچھ مثالیں پیش کرتا ہوں :

دھرنہ ، آنڈو ، بیری ، گدھ بیری ، لوہ لنگر ، چرخی ، اُجیالی ، دُلِٹھی ، گَدیلہ ، کُدَوتی ، پِچُوَہ ، چُوراسی ، پِٹ کَچَہ ، ٹیّا ، پاکھر ، کَج جَھنپ ، میکھ ڈنبر ، رَن پیل ، گیتلی ، پاے رنجن ، آنکس ، گجباک ، کَجَڑ ، جَگاوٹ ، جَھنڈَہ ، گج موتی ، مِرگ ، بال ، پوت ، سَرَہری ، سینکا ڈھال ، تَل جُور ، پنڈریک ، بامن ، انجن ، پھپدنت ، ساربہ بھوم ، گندھرپ مزاج ، سودر مزاج ، راچھس مزاج ، منجھولا ، پَھندُرکیا ، مُوکل ۔

مختلف دفاتر میں بے شمار مقامی اصطلاحیں بھی استعمال کی جاتی تھیں ۔ زبان پر ان سب کا اثر پڑنا ناگزیر تھا ۔ امیر خسرو ، ظہوری ، طغرا ، کلیم وغیرہ کے یہاں نظم میں بھی بہت سے دیسی مفردات اور مہنّد مرکّبات مل جائیں گے ۔ مدّعا یہ ہے کہ ہندستانی فارسی میں ہندی الفاظ اور مہنّد مرکّبات عام طور پر پائے جاتے ہیں ۔ اِس صورتِ حال کے پیشِ نظر ہونا یہ چاہیے تھا کہ اردو میں مہنّد مرکّبات کا وہی انداز برقرار رہتا کیوں کہ اردو فارسی کی جانشین نہ سہی ، مگر اس کے بعد ادبی فرماں روائی اِسی کے حصّے میں آئی ؛ مگر بات وہی ہے کہ جب یہ تبدیلی رونما ہوئی اُس وقت ایک تو زبان کا ابتدائی دور تھا ، دوسرے یہ کہ فارسی یا انگریزی کی طرح دفتری زبان کی حیثیت اردو کو نہیں ملی ۔ اُردو کو جو حیثیت ملی ، اُس میں ادبیّت شریکِ غالب تھی ۔ اِس طرح وہ شروع ہی سے ایک دائرے میں محصور رہی ۔ پھر بھی فارسی کے اُس عام انداز کے دو اثرات کسی نہ کسی حد تک اردو میں کارفرما رہے : ایک تو یہ کہ قدیم شعرا کے یہاں مہنّد مرکّبات اچھی خاصی تعداد میں ملتے ہیں ۔ یہ صورتِ حال کسی نہ کسی حد تک غالب کے زمانے تک ، بل کہ ذرا بعد تک نظر آتی ہے[1] ۔

---

[1] کلیاتِ اسماعیل میرٹھی سے صرف دو مثالیں (ایک اضافی اور ایک عطفی) پیش کی جاتی ہیں ،

Marfat.com

یہ ضرور ہے کہ بہ تدریج اُن کا اوسط کم ہوتا گیا ہے۔ مگر جب دبستانِ لکھنؤ کی روایتوں نے نمود حاصل کی تو یہ سلسلہ ٹوٹ گیا۔ دہلی میں شاعری کے ضابطے کم بنے، اور اُن پر عمل اُس سے بھی کم ہو پایا؛ اس لیے عام اثرات کے لیے گنجایش نکلتی رہی۔ لکھنؤ میں شروع ہی سے زبان کو قواعد کی زنجیروں میں کسا گیا اور سخت گیری کی نگاہ پاسبانی کرتی رہی؛ اِس لیے اُس طرح کی گنجایشوں کے لیے جگہ نہیں بن سکی، چوں کہ سیاسی حالات نے آخر میں لکھنؤ کو مرکزیت اور طاقت بخش دی تھی، اور وہاں کی ٹھپّا لگی ہوئی پابندیوں کو فروغ مل گیا تھا؛ اِس لیے محدود دفتری اور نچلی سطح کے لسانی اثرات اور آزادہ روی کے لیے اِس کی گنجایش رہی ہی نہیں تھی کہ وہ نظم کی معیاری زبان میں آمیز ہو سکیں۔

دوسرے یہ کہ اساتذہ کے یہاں نثر میں آخر تک مہنّد ترکیبیں بار پاتی رہیں اور یہ اُس طاقت ور روایت کے پایدار اثرات کا نتیجہ تھا۔ اِن اساتذہ میں امیر مینائی جیسے استاد بھی شامل ہیں جو "پسِ چلمن" کو غیر معتبر سمجھتے تھے۔ نوطرزِ مرصّع خاصی پرانی کتاب ہے، پہلے اُس سے دو چار مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔ نوطرزِ مرصّع مرتّبۂ ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی پیشِ نظر ہے:

فرشِ چاندنی (ص ۱۰۱) شامیانۂ چاندنی (۱۰۹) بوٹا کاری و رنگ طرازی (۱۳۳) مرہم برسات (۱۴۰) روشنی جھاڑ بندی (۱۷۵) کٹنی و دلّالہ (۲۳۳) خواجہ سرایانِ ڈیوڑھی خاص محل (۳۲۲)۔

سرسیّد اور حالی بعد کے لوگوں میں سے ہیں، اِن لوگوں کے یہاں اور ان کے معاصرین

دوسرا مورچہ، کالج کی نہ ہے اعلا تعلیم
جس سے کچھ ہوتے مکشوف رموزِ نیچر (ص ۱۹۱)
نو روسایے کی بڑھی ہم سایگی
گویا ہم رنگ ہیں لیل و نہار (ص ۲۱۳)

Marfat.com

کے یہاں بھی ایسی ترکیبوں کی بہتات ہے۔ بدلے ہوئے حالات اور ضرورت نے اِن لوگوں کے یہاں انگریزی لفظوں کا تناسب بڑھا دیا ہے۔ مکاتیبِ سرسیّد، مرتبہ مشتاق حسین سے چند مثالیں نقل کی جاتی ہیں :

چودھریانِ ہلدور (ص ۲) قرضۂ سوسیٹی (۳۶) آمدنی چھاپا خانہ (۴۲) چندۂ ممبری (۴۳) زرِ چندۂ ممبری (۴۴) قواعدِ کمیٹی (۸۰) ٹرسٹیان کالج (۱۱۰) بذریعۂ چٹھی (۱۱۴) رپورٹ مابعد (۱۱۶) اخراجاتِ لاٹری (۱۲۴) مستحق اسکالرشپ (۱۹۱) ڈگریات آرٹس (۲۰۲)۔

امیر مینائی کا ذکر اوپر آچکا ہے کہ وہ نظم میں "پس چلمن" تک کو صحیح نہیں سمجھتے تھے۔ مکاتیبِ امیر مینائی، مرتبۂ احسن اللہ خاں ثاقب (طبع دوم) سے بھی چند مثالیں پیش کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے :

متصل سڑک (ص ۳۰۹) بہ واپسی ڈاک (۳۴۹) کمیٹی انتخاب (۲۳۶) ممبرانِ کمیٹی (۳۲۸) ارکانِ اسٹاف (۲۳۹) کارڈ اطلاعی (۱۰۹) بہ صیغۂ رجسٹری (۳۳۱)۔

---

(۳)

ہم کو صفائی کے ساتھ یہ مان لینا چاہیے کہ اردو میں مختلف امتیازات سے عربی و فارسی اور ہندی لفظوں کی تفریق باقی رہی اور اس کے طلاقت و اثرات پھیلے ہوئے ہیں۔ زبان کا مزاج اچانک کسی ایسے مطالبے کو قبول نہیں کر سکتا جو اب تک کی ہمہ گیر روایت کے خلاف ہو۔ آپ "درد گھٹنا" یا "اونٹ بے نکیل" یا "اونٹ و گھوڑا" لکھیں یا بولیں، اور لسانی اصولوں کی منطق سے ان کو قابلِ قبول ٹھہرائیں، مگر زبان کا مزاج ان کو قبول نہیں کر پائے گا۔ ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ ایسے اضافی و عطفی مرکبات کو مزاحیہ

Marfat.com

ادب کے حوالے کر دیا جائے اور یہ فرض کر لیا جائے کہ یہ اِسی مقصد سے بولے یا لکھے گئے ہیں[1]۔

میں نے اِس سے پہلے کئی بار یہ بات کہی ہے کہ ترکیبِ مہنّد بجائے خود غلط نہیں، ہاں اِس سلسلے میں مذاقِ سلیم کے تقاضوں کو ملحوظ رکھنا ہوگا؛ مگر میں خود محسوس کرتا ہوں کہ یہ قول ناتمام ہے۔ تجربہ یہ ہوا ہے کہ اردو میں جو لفظ فارسی عربی لفظوں کے انداز پر بن گئے ہیں، یا وہ لفظ جن میں کچھ تصرّف ہوا ہے مگر اُن کا کینڈا وہی عربی فارسی والا ہے؛ ایسے لفظ بِالعموم اضافی و عطفی مہنّد مرکّبات کے ایک جُز یا دونوں اجزا کے طور پر کھپ جایا کرتے ہیں۔ اصطلاحی الفاظ اور خاص خاص نام کسی بھی زبان کے ہوں، وہ بھی اِسی ذیل میں آتے ہیں؛ مگر عام ہندی و انگریزی لفظ عموماً نہیں کھپ پاتے۔ اُکھڑے اُکھڑے، بے جوڑ اور اکثر مضحکہ خیز معلوم ہوتے ہیں۔

اِسی کے ساتھ یہ بھی ذہن میں رہے کہ بول چال کی زبان اور ادبی زبان میں کچھ نہ کچھ فرق ضرور ہوتا ہے، اور یہ کہ اردو میں یہ فرق کچھ زیادہ ہے؛ اِس لیے یہ لازم نہیں کہ جو ترکیب بول چال کا جُز ہو، وہ ادبی زبان میں بھی اُسی طرح کھپ سکے۔ اور یہ بھی ضروری نہیں کہ جو ترکیب نثر میں جگہ پا سکتی ہو، وہ نظم میں بھی اپنی جگہ بنا سکے۔ کچھ دنوں سے اُردو میں یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ نظم کی زبان کو بول چال کی زبان سے قریب تر لایا جائے، مگر آج کل یہ کوشش افراط و تفریط کے پھیر میں آ گئی ہے۔ اگر ایسی کوششیں

---

[1] ایک فلم آئی تھی منور نجن، اُس میں مکالمہ نویس نے "گھنٹہ چوبیس" قسم کی بہت سی ترکیبیں استعمال کی تھیں، جو ایک جعلی نوّاب کی گفتگو کا جُز تھیں۔ مکالمہ نویس کے سامنے یہ پہلو تھا کہ "نوّاب صاحب" اُس معاشرت اور زبان کے متعلق بہت کچھ سُننے کے گنہ گار ضرور ہیں، مگر اُن سے واقف نہیں۔ دیکھنے والوں کو یاد ہوگا کہ ایسی ترکیبوں نے اُس فلم میں تمسخر کو کس کس طرح سما ان کیا تھا۔

Marfat.com

وسیع پیمانے پر بار آور ہوسکیں کہ مفرد الفاظ کی حد تک نظم کی زبان، بول چال کی زبان سے کچھ اور قریب آجائے [ابتدائی کوششیں عموماً مفرد الفاظ تک محدود رہتی ہیں] تو اِس کا امکان ہے کہ دوسرا مرحلہ یہ آئے کہ ایسے کچھ مرکّبات بھی نظم کی زبان میں دخل پا سکیں۔

بہ ہر حال، اِس وقت یہ ملحوظ رکھنا ضروری ہے کہ بہت سی ایسی مہنّد ترکیبیں جو نثر میں مناسب معلوم ہوتی ہیں، یہ ضروری نہیں کہ وہ نظم کو بھی اُسی طرح راس آسکیں۔ اردو کا تو یہ حال ہے کہ بعض ایسے فارسی لفظ جو فارسی میں مستعمل ہیں، مگر کسی نہ کسی وجہ سے وہ ہندی الاصل معلوم ہوتے ہیں؛ اُردو نے اُن کو بھی ترکیب کی صورت میں قبول نہیں کیا ہے۔ مثلاً ایک لفظ ہے "جنگل" یہ فارسی میں موجود ہے (بہارِ عجم) مگر اِس کی بناوٹ اِس کے ہندی ہونے کا شُبہہ ذہن میں پیدا کرتی ہے؛ یہی وجہ ہے کہ اگر کوئی شخص مثلاً "خانۂ جنگل" لکھ دے تو بڑا عجیب مرکّب معلوم ہوگا۔ یا جیسے ایک لفظ ہے "چوترہ"۔ یہ برہان قاطع میں موجود ہے، مگر "جنگل" کی طرح یہ بھی دیسی دکھائی پڑتا ہے؛ اب "چوترۂ بلند" لکھیے اور اُس پر حاشیہ بھی لکھ دیجیے، مگر ذہن و ذوق دونوں کی آنکھوں میں ناپسندیدگی کی چمک برقرار رہے گی۔

ذیل میں ترکیب مہنّد سے متعلق چند اور قاعدوں کو لکھا جاتا ہے۔ یہ قاعدے رہنما ایسے قاعدوں میں قطعیت نہیں ہوسکتی۔ بہت سے مقامات [illegible] اپنے طور پر فیصلہ کیا جاتا ہے اور کچھ مقامات پر استثنا کا قاعدہ [illegible] معلوم ہوتا ہے اور یہ بھی ایک ضابطہ ہے۔ اِس کے باوجود، قواعد کی ضرورت اور اہمیت برقرار رہتی ہے، کیوں کہ اکثر صورتوں میں اُن کے بغیر لفظ و لہجہ راستہ نہیں مل پاتا اور اُن کی عدم موجودگی میں عموماً انتشار کو بڑھاوا ملتا ہے۔ مناسب قواعد اکثر صحیح فیصلوں میں معاون ہوتے ہیں اور اُن کے لیے منطقی بنیادوں کا کام دیتے ہیں۔

Marfat.com

غیر عطفی واضافی مرکّبات :

غیر عطفی واضافی مرکّبات اردو میں بہت ہیں۔ ہندی میں ترکیب کا یہ سادہ قاعدہ موجود ہے کہ دو لفظوں کو پہلو بہ پہلو رکھ دیا جائے۔ ایسے مرکّبات کبھی تو (ہندی کے انداز پر) غیر فارسی عربی اجزا پر مشتمل ہوتے ہیں، جیسے: چڑیا گھر، چور گلی، موتی چوک، کسان سبھا وغیرہ۔ اور کبھی اُن کا ایک جُز فارسی یا عربی ہوتا ہے، جیسے: توتا چشم، ٹکڑا گدا، عجائب گھر، امن سبھا، ڈاک خانہ، لنگر خانہ، چور دروازہ، امام باڑا، جیل خانہ، کٹھ مُلّا، مُنہ زور وغیرہ۔

ایسے مرکّبات بھی اردو میں اچھّی خاصی تعداد میں ہیں جو اسم اور فعل پر مشتمل ہیں اور دونوں اجزا غیر عربی فارسی ہیں، جیسے: تیس مار: لٹھ مار، مُنہ پھٹ، ہتھ چھُٹ، رس بھری، من چلا، من مانی، مُنہ بولا، دانت کاٹی، آنکھ پھوڑ (وغیرہ)؛ اِس لیے یہ ہونا ہی تھا کہ اِن کے انداز پر ایسے مرکّبات بھی بنیں (الف) جن کا ایک جُز یعنی فعل، اردو (یا ہندی) سے تعلّق رکھتا ہو اور دوسرا جُز یعنی اسم عربی یا فارسی کا ہو۔ مختلف افعال سے مرکّب اِس قماش کے بے شمار مرکّبات اردو میں پائے جاتے ہیں، مثلاً: دُم کٹا، دل جلا، دل لگی، کفر توڑ وغیرہ، اور (ب) ایسے مرکّبات بھی بنیں جن میں فارسی افعال بہ طور ایک جُز کے آئیں، جیسے: کھدّر پوش، گیروا پوش، سنسنی خیز، تھوک فروش، گھڑی ساز، کناری باف، لٹھ بند، چال باز، لٹھ باز پتّے باز، دھوکے باز، سمجھ دار، لچک دار، پھول دار، چوٹی دار، ٹھیکے دار، بوٹے دار، ڈگری یافتہ، رجسٹری شدہ وغیرہ۔

وہ مرکّبات بھی اِسی ذیل میں آتے ہیں جن میں فارسی افعال کسی تصرّف کے ساتھ آئے ہوں، جیسے: اُٹھائی گیرا، صبح خیزیا۔ یا ایسے مرکّبات جن کے دونوں اجزا عربی

Marfat.com

فارسی کے ہیں مگر بنے ہیں وہ اردو کے انداز پر اور یہیں کی پیداوار ہیں، جیسے: عمر قید۔ یائے نسبتی و یائے مصدری کا اضافہ بھی اِسی طرح ہوا ہے، جیسے: لٹھ بازی، گھڑی سازی، تھانے داری وغیرہ۔ اور ایسے مرکّبات بھی بڑی تعداد میں ہیں جو فارسی کے سابقوں یا لاحقوں کی ترکیب سے بنے ہیں، جیسے: بے ڈھب، بے کل، گاڑی بان، بے جوڑ، بے ڈھنگا، کاری گر وغیرہ۔

یہاں ترکیب کے سب قاعدوں کو گنانا مقصود نہیں، صرف اہم قاعدوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ غیر عطفی و اضافی مرکّبات کا چلن اردو میں عام ہے، اور اُن میں مہمل مرکّبات کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ جیسا کہ لکھا جا چکا ہے، ایسے سارے مرکّبات بالکل صحیح ہیں اور زبان کا اہم جُز ہیں۔ متعدّد اساتذہ نے اِس قبیل کے اکثر مہمل مرکّبات کو غیر معتبر قرار دیا ہے، "سنسنی خیز" اور "سمجھ دار" جیسے مرکّبات کو اب بھی کچھ حضرات ناقابلِ قبول قرار دینے میں تکلّف یا تامّل سے کام لینا پسند نہیں کرتے؛ مگر اطمینان کی بات یہ ہے کہ ایسے فتووں کو کچھ زیادہ قابلِ اعتنا نہیں سمجھا گیا۔ بعض افراد کا جو بھی طرزِ عمل رہا ہو، اکثریّت نے ایسے مرکّبات کو کبھی غیر معتبر نہیں سمجھا۔ ایسے مرکّبات نظم و نثر دونوں میں بہ کثرت ملتے ہیں۔ نثر میں زیادہ اور نظم میں کم، اور اس کمی بیشی پر تعجب نہیں کرنا چاہیے۔ نثر میں زیادہ وسعت ہوتی ہے اور اُسی نسبت سے مختلف عناصر کو جذب کرنے اور گوارا بنا لینے کی صلاحیت بھی زیادہ ہوتی ہے۔ نظم میں بھی مثنویات و قصائد اور عام منظومات کے مقابلے میں غزلوں میں اُن کا تناسُب کم ہوگا، اور اس پر بھی حیرت نہیں ہونا چاہیے۔ غزل کا ذخیرۂ الفاظ عام منظومات کے مقابلے میں شروع ہی سے محدود رہا ہے۔ یہ روایت بھی ہے اور اِس صنفِ سخن کا تقاضا بھی۔

یہ واضح کر دیا جائے کہ یہ صورت اُن مرکّبات کی ہے جنھوں نے دو اسموں سے یا ایک اسم اور ایک فعل سے ترکیب پائی ہو۔ فارسی کے سابقوں یا لاحقوں سے بنے ہوئے

Marfat.com

اکثر مرکّبات غزلوں میں بھی اُسی طرح ملیں گے جس طرح عام نظموں میں یا نثر میں ملتے ہیں۔

بہ ہر حال قاعدہ یہ ہوگا کہ ہر طرح کے غیر عطفی و اضافی مرکّبات بالکل صحیح ہیں اور اُن کو بے تکلّف استعمال کیا جا سکتا ہے، نثر میں بھی اور نظم میں بھی۔ غزلوں میں بھی اُن کو بار ملنا چاہیے، مگر غزل کے مزاج اور انداز کو ملحوظ رکھتے ہوئے اُن کا انتخاب ہونا چاہیے۔ غزل کے متعلّق یہ بات خاص طور پر ذہن میں رہنا چاہیے کہ جب تک اُس میں مجموعی طور پر مزاجی تبدیلی نہ ہو، اُس وقت تک اُس کی زبان میں اِس طرح کے تغیّرات اپنی جگہ نہیں بنا پائیں گے۔ اردو تو خیر بڑی حد تک ادبی زبان رہی ہے؛ فارسی کو کاروباری زبان کی حیثیت بھی حاصل رہی ہے اور اُس کے باوجود فارسی غزل میں مہنّد مرکّبات کا اُس طرح عمل دخل نہیں ہو پایا جس طرح فارسی نثر میں اور اُس کے بعد مثنویات اور قصائد میں اُن کی پیوند کاری ہوئی ہے۔

اضافی و عطفی مرکّبات :

ترکیبِ مہنّد میں اصل مسئلہ اضافی و عطفی مرکّبات کا ہے۔ غیر عطفی و اضافی مرکّبات کی طرح، عطفی و اضافی مرکّبات کے متعلّق یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ مطلقاً قابلِ قبول ہیں۔ خاص خاص صورتوں کے علاوہ، عام صورتوں میں ایسے اکثر مرکّبات قابلِ قبول نہیں معلوم ہوتے اور فی الوقت اِس پر اصرار بھی نہیں کرنا چاہیے کہ ایسے سب مرکّبات کو لازماً قابلِ قبول ہونا چاہیے۔ اِس سلسلے میں مندرجۂ ذیل قاعدوں کو پیشِ نظر رکھنا مفید ہوگا۔

(۱)

بہت سے لفظ ایسے ہیں جو عربی فارسی لفظوں کے انداز پر بن گئے ہیں اور صورت شکل کے لحاظ سے عین مین عربی فارسی کے لفظ معلوم ہوتے ہیں، مگر ہیں یہیں کی پیداوار، جیسے: شکریہ، رہایش، مرغّن، یگانگت، جنّاب وغیرہ؛ ایسے سب

Marfat.com

لفظوں کو عطفی واضافی ترکیبوں کے ساتھ بے تکلّف استعمال کیا جاسکتا ہے اور کسی طرح کی تخصیص یا تحدید نہیں کی جاسکتی۔ (بعض اساتذہ نے ایسے الفاظ کے متعلّق جو بھی کہا ہو یا کہیں، مگر ایسے سب لفظ بالکل صحیح اور فصیح ہیں) جیسے : غذائے مرغّن، یومِ پیدائش، شکریۂ احباب، جائے رہائش، محبّت دیگانگت وغیرہ۔ مثلاً :

کس کی پریاں، شہِ جنّات کو بھی آٹھ پہر
ہے یہ حسرت کہ سگِ کوچۂ جاناں ہوتا (ناسخ)

اعتقادِ یگانگت بھی تھا اتّحادِ موالنست بھی تھا
(مصحفی، مثنوی بحرالمحبّت)

(۲)

اِسی طرح بہت سے عربی فارسی لفظوں میں مختلف قسم کے تصرّفات نے اپنی جگہ بنالی ہے۔ کہیں تو نئے معنی کا اضافہ ہوگیا ہے، جیسے : محرم، آبِ رواں، تکرار، عادی، راشی، شادی، مشکور وغیرہ، اور کہیں صورت میں ذرا سی ترمیم ہوگئی ہے، جیسے : غلطی، دائمی، جواہرات وغیرہ : ایسے سب لفظ بھی بالکل صحیح اور فصیح ہیں اور ان کو عربی فارسی الفاظ کی طرح عطفی واضافی مرکّبات کا جز بنایا جاسکتا ہے۔ ایسے لفظ مرکّب کا ایک جُز بھی ہو سکتے ہیں اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ دونوں اجزا اِسی قبیل کے ہوں، جیسے :

غلطی ہائے مضامیں مت پوچھ لوگ نالے کو رسا باندھتے ہیں
(غالب)

ہاتھ کیوں رکھتے ہو مُنہ پر مرے طلب کیا ہے باعثِ تپش وتکرار کہوں یا نہ کہوں
(داغ)

کسی کی محرمِ آبِ رواں وہ یاد آئی حباب کے جو برابر کبھی حباب آیا
(آتش)

Marfat.com

شبِ شادی کی دھوم کی کیا بات　　روزِ روشن تھی روشنی سے رات (میرؔ)

(۳)

عربی فارسی کے جن لفظوں کے آخر میں ہائے مختفی ہوتی ہے ؛ محرّف صورت میں وہ ہ ، یے سے بدل جاتی ہے، جیسے "پیمانہ" اور "پیمانے میں"۔ یہ کہا گیا ہے کہ ایسے لفظوں کو محرّف صورت میں بہ ترکیبِ اضافی وعطفی نہیں لانا چاہیے، مثلاً "آب و دانہ" تو فارسی ترکیب ہے، مگر "آب و دانے" اُس کی مہنّد صورت ہے اور اِس لیے غیر معتبر ہے ——— ایسی اکثر صورتوں میں یہ دیکھا گیا ہے کہ عطفی ترکیب تو عموماً غیر مناسب نہیں معلوم ہوتی، مثلاً یہ مصرع :

ناداں ! تجھے فکر آب و دانے کی ہے

اِس میں "آب و دانے" کسی طرح اجنبی نہیں معلوم ہوتا، نہ صورتاً نہ سماعتاً۔ اور ایسی بہت مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں، مثلاً :

سائل کو نان و حلوے کے اونٹوں کی دی قطار　　(سوداؔ)

رات کو دیکھوں ہوں میں جب شمع و پروانے میں دھوم　　(سوداؔ)

البتّہ اضافی ترکیب عموماً غیر مناسب معلوم ہوتی ہے، جیسے :

کوسوں کیا تنگیِ زمانے کو　　کہ نہیں جائے سر اٹھانے کو (ذوقؔ)

اِس میں "تنگیِ زمانے" اچھّا نہیں معلوم ہوتا۔ یہی صورت نثر میں پیش آتی ہے۔ اِس لیے ایسے عطفی مرکّبات کو تو مطلقاً درست ماننا چاہیے اور قابلِ قبول سمجھنا چاہیے، ہاں، ایسی اضافی ترکیبیں بالعموم نا قابلِ قبول ٹھہریں گی، جیسے میرؔ کا یہ مصرع : مگر بازیچہ سمجھے میرؔ عشقِ خُردسالوں کو۔ (کلّیات مرتّبۂ آسیؔ ص ۳۰۴)۔

یہ عرض کر دیا جائے کہ ایسی صورتوں میں عموماً عطفی تراکیب ہی سے سابقہ پڑتا ہے۔

Marfat.com

(۴)

یہ کہا گیا ہے کہ ہائے مختفی پر ختم ہونے والے مفرد لفظوں میں تو قافیے کی ضرورت سے ہ کو الف سے بدل دینا درست ہے، مگر ترکیب کی صورت میں یہ تبدیلی جائز نہیں۔ یعنی "نظارہ" کو "ہمارا" اور "گوارا" کے قافیے میں "نظارا" لکھنا تو ٹھیک ہے، مگر "لطفِ نظارا" نہیں لکھا جائے گا، کیوں کہ اِس صورت میں یہ مہندمرکّب ہے۔ مگر یہ پابندی قطعاً غیر ضروری ہے، کیوں کہ "لطفِ نظارہ" اور "لطفِ نظارا" میں کچھ فرق نہیں۔ اردو میں ہائے مختفی ویسے بھی اکثر الف کی طرح تلفّظ میں آتی ہے، مثلاً :

ادا سے دیکھ لو، جاتا رہے گلہ دل کا　　بس اک نگاہ پہ ٹھہرا ہے فیصلہ دل کا

اس میں "فیصلہ" اور "گلہ" تلفّظ میں "فیصلا" اور "گلا" بن جاتے ہیں اور یہ صورت عام ہے۔ بات یہ ہے کہ ہائے مختفی فارسی کی خاص چیز ہے، اُردو میں اُس کی جگہ اصل حرف الف ہے؛ اِس لیے اکثر صورتوں میں ہائے مختفی، الف کی آواز کو قبول کر لیتی ہے۔ مختصر یہ کہ قافیے کی ضرورت سے "لطفِ نظارا" اور "کیفِ جلوا" قسم کی ترکیبوں کو بالکل صحیح ماننا چاہیے، مثلاً :

رات آخر ہوئی اور بزم ہوئی زیر و زبر　　اب نہ دیکھو گے کبھی لُطفِ شبانا ہر گز
بزمِ ماتم تو نہیں، بزمِ سخن ہے حالی　　یاں مناسب نہیں رو رو کے رُلانا ہر گز
(حالی)

دیا قمری کو مصرعِ نالا　　مصرعِ قدِ سرو پر بالا (ذوق)
گائیں گے ہم آزادیِ گلشن کا ترانا　　بے کار ہے اے برقِ بلا، ہم کو ڈرانا
کافی ہے بہت وسعتِ صحرائے زمانا　　ہم اور کہیں ڈھونڈ نکالیں گے ٹھکانا
(اقبال سہیل)

Marfat.com

(۵)

ہندی وغیرہ کے اعلام کے ساتھ عطفی و اضافی ترکیبوں کو اساتذہ نے بھی روا رکھا ہے اور یہی ٹھیک بھی ہے۔ ہاں اِس کا لحاظ رکھنا چاہیے کہ عام طور پر ایسے خاص ناموں کو مرکّب کے ایک جُزء کے طور پر آنا چاہیے (مستثنیات سے بحث نہیں)، جیسے: سمتِ کاشی، صبحِ بنارس، سرو قدانِ گوکل وغیرہ۔

ع : سمتِ کاشی سے چلا جانبِ متھرا بادل

ع : گھر میں اشنان کریں سرو قدانِ گوکل

ع : فریبِ نفس ہے، سیتا کہاں آغوشِ راون میں

(۶)

ہندی و انگریزی کے ایسے لفظ جو عام طور پر استعمال میں آتے رہتے ہیں، اور اُن میں سے اکثر کے بدل موجود نہیں، جیسے: اسٹیشن، سول سروس، چندا، ممبری، کہار، ڈولی، ڈگری، سڑک وغیرہ، یا مہینوں اور موسموں کے نام، یا اسمائے جنس وغیرہ؛ ایسے لفظوں کو بھی اضافی و عطفی مرکّبات کا جُزء بنایا جا سکتا ہے۔ جیسے ناسخ کا یہ مصرع: بابِ امام باڑۂ سلطانِ خاص و عام ــ یا جیسے سودا کا یہ مصرع: کیا قصد جس دم سوے نیل گاؤ، یا جیسے میر کا یہ مصرع: اب جو آیا ہے موسمِ برسات ــــ ہاں ایسے لفظوں کو بھی عطفی و اضافی مرکّبات کے ایک جز کی حیثیت سے لایا جا سکتا ہے۔ یہ وضاحت ضروری ہے کہ شق ۵ میں جن مرکّبات کا ذکر کیا گیا ہے، اُن میں اور اِن میں اصولاً تو کچھ فرق نہیں، مگر استعمالاً اِس کا خاص طور پر لحاظ رکھنا ہوگا کہ اِن مرکّبات کو نظم میں احتیاط کے ساتھ لایا جائے، یعنی مقتضاے کلام کا بہ طورِ خاص لحاظ رکھا جائے، اور اس احتیاط کی وجہ یہ ہے کہ ایسے مرکّبات میں شامل ہندی و انگریزی اجزا، خاص ناموں کے بجاے خاص الفاظ (اسمائے جنس وغیرہ) کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اور یہ تو سبھی جانتے ہیں کہ احتیاط، پابندی

Marfat.com

سے مختلف چیز ہے۔ دونوں کے تقاضے بھی مختلف ہیں اور دائرۂ اثر بھی، محض بحث کی خاطر اِس فرق کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔

(۷)

ایسے لفظ بھی ہیں جو شکل صورت سے فارسی الاصل معلوم ہوتے ہیں یا یوں کہیے کہ فارسی یا عربی الفاظ جیسے لگتے ہیں؛ ایسے لفظوں کو بھی عطفی و اضافی مرکّبات میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ جیسے ایک لفظ ہے "چلمن"، اِس کی اصل جو بھی ہو، مگر یہ معلوم ہوتا ہے فارسی لفظوں جیسا؛ یہی وجہ ہے کہ "پسِ چلمن" قطعاً اجنبی نہیں لگتا۔ مستعمل بھی رہا ہے:

نیم جلوے کو بھی وہ کہتے ہیں اب بے پردگی
جسم کا ہیدہ یہ کس کا صرفِ چلمن ہو گیا (مومن)
یہ کاہ رُبا سے بھی ہیں کم اے کششِ دل
مذکور کچھ ایسا پسِ چلمن ہے ہمارا (〃)

یا جیسے لفظ "کلس"۔ یہ لفظ سودا کے ایک مصرعے میں اِس طرح آیا ہے کہ اُس کے غیر فارسی ہونے کا احساس ہی نہیں ہوتا، ع: کر رکھا ہے کلسِ گنبدِ دستار اُسے۔ یا جیسے ایک لفظ ہے "رومان" کہ بہ ظاہر عربی نژاد معلوم ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص "کیفِ رومان" لکھے تو یہ نہایت گوارا ترکیب ہوگی۔ ایسے لفظوں کو عطفی و اضافی مرکّبات کے اجزا کی حیثیت سے قطعاً قابلِ قبول سمجھنا چاہیے۔ ہاں ایسے کچھ مرکّبات غزل میں بھی کھپ سکتے ہیں، مثلاً:

دیکھ دستارِ بسنتی ساقیِ سرشار کی — کھل گئی ہیں آج آنکھیں نرگسِ بیمار کی
پریوں کے ہے لباسِ بسنتی کی کیا بہار — آرائشیں بسنت کی ہیں حُسنِ باغ میں
کہے ہے شعرِ سخن فہم کے لیے اشرف — وگرنہ زمزمۂ واہ واہ سے کیا کام

Marfat.com

آج کل نظم کا انداز بدل رہا ہے اور اُسی کے ساتھ زبان و بیان میں بھی کچھ نہ کچھ تبدیلیاں آرہی ہیں ، موضوعات کے لحاظ سے کھُردرا پن بھی اپنی جگہ بنا رہا ہے ، اور اِس طرح فی الحال محدود پیمانے پر سہی، مگر اس کی گنجایش نکلتی دکھائی دیتی ہے کہ کچھ اور ہندی الفاظ بھی ترکیبِ فارسی کے ساتھ پہلے کی طرح بے جوڑ معلوم نہ ہوں ۔ اِس میں شک نہیں کہ ایسے الفاظ کی تعداد ابھی کم سے کم ہے ، مگر اس کا امکان ضرور ہے کہ زبان و اسالیب کی تبدیلیاں اور نئے نئے موضوعات کے تقاضے ، اِس تعداد میں قابلِ لحاظ اضافہ کر دیں۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بعض الفاظ خاص خاص مقامات پر اِس طرح ترکیب کا جُز بنیں کہ وہاں خوش مذاقی کو اجنبیّت کا احساس ہی نہ ہو، مثلاً ایک نئے شاعر کی ایک نظم کے پہلے دو مصرعے ہیں :

یہ کیسے روز و شب ہیں جو لہو میں تیرتے آئے
گزرتے وقت کی پہچان اک موجِ لہو ٹھہری (مخمور سعیدی)

ایسے اضافوں کو قبول کرنے کے لیے ذہن کو آمادہ رکھنا چاہیے ، البتّہ بدمذاقی کو راہ نہیں ملنا چاہیے اور "سب ٹھیک ہے" اور "سب جائز ہے" جیسے گمراہ کُن تصوّرات کو ذہن پر حاوی نہیں ہونے دینا چاہیے ۔

(۸)

قدما اور متوسّطین کے یہاں ایسی بہت سی مثالیں ملتی ہیں جن میں حرفِ عطف دو جملوں یا دو ٹکڑوں کے درمیان آیا ہے ، مثلاً :

گل گراں گوش و چمن صورتِ حیرانی ہے ___ کس گلستاں میں ہمیں حکمِ غزل خوانی ہے
یہ جور و جور کش تھے کہاں آگے عشق میں ___ تجھ سے جفا و میر سے رسمِ وفا چلی
سینے میں ہوا نالہ و پہلو میں دل آتش ___ دھڑکے ہے پڑا دل کہ نہ ہو مشتعل آتش

ع : دل مدّعی و دیدہ بنا مدّعا علیہ۔

Marfat.com

ایسے بہت سے مقامات ایسے ہیں جہاں اجنبیّت کا احساس نہیں ہوتا، اِس لیے عطف کی اِس صورت کو قابلِ قبول تو سمجھنا چاہیے، مگر اب اِس کا خیال ضرور رکھنا چاہیے کہ ناگوار صورت پیدا نہ ہو، مثلاً :

جوں ابر بے کسانہ روتے اٹھے ہیں گھر سے — برسے ہے عشق اپنے دیوار سے و در سے

اپنے کوچے میں فغاں جس کی سُنو ہو دن رات — وہ جگر سوختہ و سینہ جلا میں ہی ہوں

دونوں شعروں میں نہایت ناگوار صورت پیدا ہوگئی ہے۔ اِس کو قابلِ قبول نہیں کہا جا سکتا۔ اِس سے زیادہ ناگوار صورت اُس وقت پیدا ہوتی ہے جب و کے بجائے اور آجائے، جیسے :

اب ہمارا آپ کا ہے تذکرہ — ذکرِ مجنوں اور لیلا ہوگیا

(۹)

ایسے عطفی مرکّبات بھی دیکھنے میں آئے ہیں جن کا ایک جُز غیر عربی فارسی ہوتا ہے ایسے بہت سے مرکّبات قابلِ قبول ہوتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ اضافت کے مقابلے میں عطف کے اندر تہنید کو قبول کرنے کی صلاحیت کچھ زیادہ ہوتی ہے، اور یہی وجہ ہے کہ آئے عطفی مرکّبات۔ بے جوڑ اجزا کا مجموعہ نہیں معلوم ہوتے۔ مثلاً :

ع : لگیں اُس کو نہ جب تک راج و مزدور

ع : کوئی رہ گیا موش و بینڈک کا زور

ع : چھٹیں گر لاکھ اُس پر چرخ و بان

ایسے عطفی مرکّبات میں ہندی اجزا عموماً ایک جز کے طور پر قابلِ قبول معلوم ہوتے ہیں۔ یہ ہو سکتا ہے کہ ہندی کے بعض اجزا یا انگریزی کے کچھ لفظ ایسے ہوں جو مرکّب کے دونوں اجزا کے طور پر آسکیں، مگر یہ خاص صورت ہوگی، عام طور پر ایسا کم ہوگا۔ قواعد کی بنا مستثنیات پر نہیں رکھی جاتی اور قواعد بنانے کا یہ مطلب بھی نہیں ہوتا

Marfat.com

کہ مستثنیات سے انکار کر دیا جائے۔

ہاں، یہ بات ذہن میں رہنا چاہیے کہ غیر عربی فارسی الفاظ کے ٹکڑے اکثر واوِ عطف کے بغیر آتے ہیں اور فصاحتِ کلام کا عموماً تقاضا بھی یہی ہوا کرتا ہے، جیسے: پھول پھل، ڈاک تار، خط پتّر، ہاتھ پیر، دانہ پانی، دن رات وغیرہ۔ ایسے بے شمار ٹکڑے ملیں گے اور یہ اِسی طرح آتے ہیں۔ اگر اِن کے درمیان عطف کا واو لایا جائے، یعنی "پھول و پھل" یا "دن و رات" یا "ڈاک و تار" کہا جائے یا لکھا جائے تو فصاحتِ کلام پر حرف آجائے گا۔

یہ وضاحت پہلے کی جا چکی ہے اور اب اُس کی تکرار کی جاتی ہے کہ اب تک زبان کا جو انداز رہا ہے، اُس میں اِس کی گنجایش تو ہے کہ ہندی یا انگریزی کے خاص خاص لفظوں کو اضافی ترکیبوں کے ایک جُز کے طور پر لایا جا سکے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بعض مرکّبات ایسے ہی دونوں اجزا پر مشتمل ہوں، جیسے: ممبرانِ پارلی منٹ، اجرائے ڈگری، کاغذاتِ اپیل، ارکانِ کمیٹی، بہ ذریعۂ رجسٹری، انتظامِ جیل (نادر کا کوروی کا مصرع یاد آیا: کہ اِس نظم و نسق سے انتظامِ جیل اچھا ہے) وغیرہ؛ مگر ایسے مرکّبات کا دائرہ محدود رہے گا۔ خاص خاص لفظوں کے علاوہ، عام لفظوں کی یہ صورت نہیں ہوگی، یعنی گوشتِ بھینس، دودھِ بکری، انجنِ ریل، دردِ گھٹنا، اونٹِ بے نکیل جیسے مرکّبات قابلِ قبول نہیں ٹھہریں گے۔ البتہ ظرافت یا تمسخر کی ضرورتوں کے کام آسکتے ہیں۔

Marfat.com

سقوطِ حروفِ علّت

لفظ کے آخر سے، خواہ وہ کسی زبان کا ہو، حروفِ علّت کا دبنا یا گرنا، اساتذہ متقدّمین کے نزدیک مطلقاً معیوب نہیں تھا۔ بیش تر اساتذہ متوسّطین کا بھی یہی مسلک تھا۔ یہ صراحت ضروری ہے کہ حروفِ علّت میں سے یَ کا دبنا، عام تھا۔ اسم، فعل، حرف: ہر لفظ کے آخر سے حسبِ ضرورت اِس کا سقوط روا رکھا جاتا تھا۔ حروفِ مغیّرہ، حروفِ رابط اور ضمیروں کے آخر سے الف اور واو کو بھی بلا تکلّف گرا دیتے تھے۔ البتہ مفرد اسموں کے آخر سے واو اور فعلوں کے آخر سے الف کا گرانا اس قدر عام نہیں تھا۔ اِس میں کچھ احتیاط کی جاتی تھی، اگرچہ مثالیں ملتی ہیں اور اچھی خاصی تعداد میں [illegible] مگر اس کو [illegible] بھی سمجھا گیا ہے۔

نظم میں، گفتگو کی طرح، حروفِ علّت کا دب [illegible] عام بات ہے۔ اس کو زبان کا خاصہ سمجھنا چاہیے۔ حروفِ علّت کا کردار [illegible] سے مختلف ہوتا ہے، اور وہ اس طرح کہ آوازوں کو مختلف سطح پر اور مختلف [illegible] کھینچنا، بل دینا اور گرانا اٹھانا، ان کا خاص عمل ہے؛ اور اس طرح یہ لازم ہے [illegible] آہنگ کے لحاظ سے، آواز کی کشش میں گرا دیا تقلیل [illegible] شعری آہنگ

Marfat.com

تقاضوں کا اِس میں اضافہ کر لیجیے۔ اِس طرح یہ ضروری ہے کہ گفتگو میں حروفِ علّت کی کشش میں کہیں کمی ہو، کہیں بیشی اور کہیں حرفِ علّت کی آواز کسی دوسری آواز میں اِس طرح جذب ہو جائے کہ وہاں پر اُس کا وجود ہی مخلوط ہو کر رہ جائے۔ جہاں تک شعری آہنگ کا تعلق ہے، تو حروفِ علّت کا دبنا، کبھی تو شعر کی روانی پر بالکل اثر انداز نہیں ہوتا اور یہ وہ مقامات ہوتے ہیں جہاں گفتگو میں بھی وہی کیفیت نمایاں رہتی ہے۔ یعنی عام بول چال میں، جن الفاظ کے اجزا یا آخری جُز، دب کر نکلتے ہیں؛ شعر میں بھی وہ اُسی طرح اچھے معلوم ہوتے ہیں۔ البتّہ جن مقامات پر شعری ضرورتیں، آواز کو معمول کے مقابلے میں کم کشش دار رکھنے پر مجبور ہوتی ہیں، وہاں روانیِ کلام ضرور مجروح ہو جاتی ہے، کہیں کم اور کہیں زیادہ۔ غالبؔ نے صفیر بلگرامی کو ایک خط میں لکھا تھا:

"ہائے وہ لب ہلا کے رہ جانا ابھی کچھ بات کر نہیں آتی

کیوں حضرت! "ابھی کچھ" کی تحتانی کا دبنا غیر فصیح نہیں؟ "کچھ ابھی بات کر نہیں آتی" کیا اس کا نعم البدل نہیں؟" (غالب کی نادر تحریریں، ص ۵۶)

اِس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ صاحبِ نظر، حروفِ علّت کے اِس طرح دبنے کو جس سے فصاحتِ کلام پر حرف آجائے، کچھ اچھا نہیں سمجھتے تھے، اور اس ضمن میں عربی، فارسی، ہندی الفاظ کی تفریق اُن کے پیشِ نظر نہیں رہتی تھی۔ غالبؔ کے کلام میں عربی و فارسی الفاظ کے آخر سے یائے معروف کے سقوط کی مثالیں موجود ہیں۔ مقصود یہ ہے کہ حروفِ علّت کے دبنے کو مطلقاً غلط نہیں سمجھا جاتا تھا۔ اصل مقصد، فصاحتِ کلام کا باقی رہنا تھا۔ جہاں اُس پر اثر پڑے، اُس کو محلِ نظر خیال کیا جاتا تھا۔ اِس سے اتّفاق کیا جائے گا کہ صحیح و غلط یا یوں کہیے کہ مناسب و غیر مناسب کا یہ معیار نہایت صحیح تھا۔

یہ بات ذہن میں رہنا چاہیے کہ زبان میں لہجے کی بہت اہمیّت ہے اور اُس

Marfat.com

کے تقاضوں کے تحت، آواز کے اُتار چڑھاو کی لہریں پیچ و تاب کھاتی رہتی ہیں۔ شعر میں لہجے کی کچھ زیادہ اہمیت ہے۔ لفظوں کی صحیح ترتیب اُس کے لیے بنیادی حیثیت رکھتی ہے اور اُس صحیح ترتیبِ الفاظ کو، پڑھتے وقت اگر صحیح لہجے کی رفاقت نصیب ہو جائے؛ تو خواندگی کی تکمیل ہو جاتی ہے اور اُس تکمیل کی مدد سے، معنوی رنگ کے عکس، مناسب طور پر اور مناسب مقامات پر چمک اٹھتے ہیں۔ آواز کا اُتار چڑھاو بہت سے مقامات پر حروفِ علّت کی کشش دار اور کشش آفریں لہروں کا سہارا لیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شعر میں حروفِ علّت کہیں پر تو پوری طرح آواز کا ساتھ دیتے ہیں اور کہیں پر کم اور کہیں پر کم تر۔ اِس لحاظ سے دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ شعر میں حروفِ علّت کا نمایاں ہونا اور دبنا، دونوں صورتیں لازم ہیں، اور اس لیے ایسی کوئی پابندی نہیں لگائی جا سکتی کہ مثلاً عربی و فارسی لفظوں کے آخر سے یائے معروف ساقط نہیں ہو سکتی، مگر دوسری زبانوں کے لفظوں کے آخر سے ساقط ہو سکتی ہے۔ یہ غیر اصولی ہی نہیں، ناقابلِ عمل پابندی ہوگی۔

لکھنؤ کے اساتذۂ متاخّرین نے جو بہت سی غیر ضروری پابندیاں نافذ کی تھیں، اُن میں سے ایک پابندی یہ بھی تھی کہ عربی فارسی الفاظ کے آخر سے حروفِ علّت، خاص طور پر یائے معروف کو گرانا، غلط ہے۔ ہاں ہندی الفاظ اس پابندی سے مستثنیٰ ہیں۔ مولانا حسرت موہانی کے رسالے معائبِ سخن کا ایک اقتباس پیش [illegible] سے خالی نہ ہوگا:

"شیخ ناسخ کی نسبت یہ کہا جاتا ہے کہ انھوں نے اپنے تلامذہ کو اخیر زمانے میں جو ہدایتیں کی تھیں، ان میں سے ایک یہ بھی تھی کہ کلمے کے آخر سے الف، واو، یے کو بے تکلف گرا دینا اچھا نہیں۔ مگر بہ قولِ دلوی ملی جید صاحب طباطبائی، شیخ کی اِس وصیت پر کسی سے عمل نہ ہو سکا۔ افضلوں کی

Marfat.com

ہڈیاں پسلیاں توڑ کر مصرعے میں بھر دینا، اردو شاعری میں رواج پا گیا۔
شیخ کا متنبہ کرنا اس بنا پر تھا کہ فارسی میں کہیں ایسا نہیں دیکھا کہ "میکنی" و "میروی" میں سے ی کو گرا دیں۔ یا "گفتگو" و "شست وشو" میں سے واو یا "دریا" یا "گویا" کا الف ساقط ہو جانے دیں۔" (معائبِ سخن، ص ۱۷)

شیخ ناسخ کی جس وصیّت کا ذکر کیا گیا ہے، اُس کی حیثیت تو بہ ظاہر مفروضے کی معلوم ہوتی ہے، کیوں کہ ناسخ کی ایسی کوئی تحریر موجود نہیں۔ اس کے برخلاف، اُن کے کلام میں عربی و فارسی الفاظ کے آخر سے یائے معروف کا سقوط ملتا ہے۔ ہاں اُن کے شاگرد کلبِ حسین خاں نادر نے اِس قاعدے کو لکھا ہے:

"حروفِ علّت جو آخر الفاظِ عربی فارسی میں آتے ہیں، ان کا خوب واضح ہونا تلفّظ میں چاہیے، تنگی کے ساتھ دب کر زبان پر نہ آئیں، مگر الفاظِ ہندی میں خصوصًا (بہ) مقامِ جمع مضائقہ نہیں ہے" (تلخیصِ معلّیٰ، ص ۲۱)

اصل میں ایسے اکثر قاعدوں کے واضع رشک (تلمیذِ ناسخ) تھے۔ اُن کے بعد سے اساتذۂ لکھنؤ نے ہمیشہ ایک قاعدے کی حیثیت سے اِس پر زور دیا کہ عربی فارسی الفاظ کے آخر سے حروفِ علّت، خصوصًا یائے معروف کو ساقط نہیں ہونا چاہیے۔ یہاں تک کہ داغ نے بھی اِس قاعدے کی پابندی کو آخر آخر میں ضروری قرار دیا تھا، جب کہ دہلوی اساتذہ عموًا ایسی پابندیوں کے قائل کبھی نہیں رہے تھے۔ مولانا احسن مارہروی کی فرمایش پر، داغ نے معائبِ شاعری سے متعلق ایک طویل قطعہ لکھا، اُس قطعے میں اِس کا بھی ذکر ہے:

"عربی فارسی الفاظ جو اردو میں کہیں
الفِ وصل اگر آئے تو کچھ عیب نہیں

حرفِ علّت کا بُرا اُن میں ہے گرنا، دبنا
لیکن الفاظ میں اردو کے، یہ گرنا ہے روا"

(یادگارِ داغ، ص ۱۹۵)

Marfat.com

قواعدسازی کے پھیر میں اور اُس زمانے کے زبان و ادب کے خاص تصوّرات کے تحت، سب سے بڑی غلطی یہی ہوئی کہ ایک عام قاعدے کو، عربی و فارسی الفاظ سے متعلق کر دیا گیا۔ ظاہر ہے کہ یہ غیر مناسب پابندی تھی اور ہر طرح کی منطق سے آزاد تھی؛ اِس لیے یہ لازم تھا کہ اس قاعدے کی پابندی پوری طرح نہ کی جا سکے، بل کہ یہ لہجے کا تقاضا تھا، جس کا کچھ ذکر اوپر آچکا ہے۔ اور ایسا ہوا۔ جن لوگوں نے اِس قاعدے کی تبلیغ کی، اُن سے بھی پوری طرح اِس کی پابندی نہیں ہو سکی۔ اچھے اچھے اساتذہ کے یہاں اِس کی مثالیں موجود ہیں، اور اچھی خاصی تعداد میں۔ خاص طور پر جن شاعروں نے غزل کے علاوہ، اور اصناف (مرثیہ، مثنوی وغیرہ) پر بھی طبع آزمائی کی ہے، اُن میں سے بیش تر اس (غیر مناسب، بل کہ غیر معقول) پابندی کو نہیں نبھا سکے۔ وجہ وہی ہے کہ یہ پابندی تھی ہی بے اصولی۔ حروفِ علّت کے دبنے سے کلام میں جہاں ناہمواری نمایاں ہوتی ہے، وہ عام ہے، پھر اُس کو عربی یا فارسی الفاظ سے مخصوص کیسے کیا جا سکتا ہے؟ مثلاً درجِ ذیل مصرعوں میں خط کشیدہ الفاظ کو دیکھیے؛ اِن میں ایسے حروفِ علّت ساقط ہوئے ہیں، جن کا گرانا، از روے قاعدہ جائز ہے، مگر فصاحتِ کلام ہَوا ہو گئی ہے:

ع: عمر اپنی کٹی دنیا کے ستمگاروں میں (تسلیم)

ع: دنیاے عشق میں بڑے نام امتحاں کے ہیں (")

ع: لطف وہ عشق میں پائے ہیں کہ جی جانتا ہے (داغ)

ع: کرتا بیمارِ محبت کا مسیحا جو علاج (ذوق)

ع: مجھے تو اجل کی ہے آرزو، اُسے وہم ہے کہ یہ مر گیا (نظم طباطبائی)

ع: ہمہ تن محو رہا گو کہ تو خود بینی میں (عزیز لکھنوی)

ع: صحرا میں جب ہوئی مجھے خوش چشموں کی تلاش (آمیہ مینائی)

Marfat.com

ع : بال کھولے پریاں پھرتی تھیں سرِ دیوار پر (امیر مینائی)

بات وہی ہے کہ اِن سب مقامات پر حروفِ علّت اُس طرح دبے ہیں جس طرح گفتگو میں نہیں دبتے، اور اِس لیے آواز کو جھٹکا لگتا ہے اور روانی کی سانس ٹوٹ جاتی ہے۔ اِس سے صاف طور پر معلوم ہو سکتا ہے کہ حروفِ علّت کا ساقط ہونا اگر عیب ہے، تو اُس کا تعلّق محلِّ استعمال سے ہے؛ جہاں بھی روانیِ کلام پر اثر پڑے، بس وہاں عیب ہے، اِس کی تخصیص عربی یا فارسی یا کسی اور زبان کے الفاظ سے نہیں کی جا سکتی۔ اِسی تخصیص نے، اِس قاعدے کو غیر مناسب، ناقابلِ قبول اور ناقابلِ عمل بنا کر رکھ دیا۔

بہت سے مقامات پر (آخرِ لفظ سے) حروفِ علّت کا سقوط ہی مناسب بل کہ فصیح ہوتا ہے۔ حروفِ مغیّرہ، یعنی کا، کو، کے، نا، نی، نے، را، ری، رے، اور جو، سو، تھا، ہیں، سا ہیں یہ صورت اکثر سامنے آتی ہے۔ مثلاً :

ع : تم کو ہے وصلِ غیر سے انکار

ع : مُنہ اُس نے چڑایا تو ہنسی آ گئی مجھ کو

ع : ننگِ مے خانہ تھا میں، ساقی نے یہ کیا کر دیا

ع : ہم سے ہر چند وہ ظاہر میں خفا ہیں، لیکن

ع : دنیا کا ورق، بینشِ اربابِ نظر میں

لیکن یہ قاعدۂ کلّیہ نہیں؛ اِس کا تعلّق اِس بات سے ہے کہ کہاں پر لہجے کا تقاضا کیا ہے۔ یہ پہلے کہا جا چکا ہے کہ لہجے کی تہ میں، معنویت کی لہریں پنہاں ہوتی ہیں، اور اُنھی کے تحرّک سے، لہجے کی سطح پر کشمشوں کے نقش اُبھرتے اور دبتے ہیں۔ اردو کی جمعیں (ین، یں، ون، وں کے ساتھ) یا ایسے افعال جن کے آخر میں یہ حروف یک جا ہوں، جیسے : تصویریں، دنیائیں، دیکھیں، دیکھوں وغیرہ؛ اُن

Marfat.com

میں بہت سے مقامات پر حروفِ علّت کا سقوط بُرا نہیں معلوم ہوتا۔ اردو کی جمع کے بعد اگر کوئی لاحقہ آجائے، جیسے: گیسوؤں والا؛ اِس صورت میں عموماً حروفِ علّت کا دبنا ہی اچھا معلوم ہوگا، جیسے ع: گل ہیں چراغ گیسوؤں والوں کے سامنے ـــــ مفردِ الفاظ کے آخر سے بھی کبھی کبھی واو کا دب کر نکلنا اچھا معلوم ہوتا ہے، جیسے: دعوا زباں کا لکھنؤ والوں کے سامنے۔ غالب کا مصرع ہے: لکھنؤ آنے کا باعث نہیں کھلتا، یعنی۔ اِس میں واو کا اظہار کچھ بھلا نہیں معلوم ہوتا۔ نواب مرزا شوق کے اِس مصرعے میں: گیسو رخ پر ہَوا سے ہلتے ہیں، "گیسو" میں واو کا دب کر نکلنا اچھا نہیں معلوم ہوتا، لیکن "گیسوؤں والے" میں یہ صورت نہیں پائی جاتی۔ بات وہی ہے کہ گفتگو میں عام طور پر کن لفظوں کو کس طرح بولا جاتا ہے اور یہ کہ کہاں پر لہجے کا تقاضا کیا ہے۔ بہادر شاہ ظفر کا شعر ہے:

دلاور ہیں، بہادر ہیں ظفر جو رستمِ میداں وہ اعدا کی سدا شمشیرِ دو دستی پہ ہنستے ہیں

اس شعر میں "دو دستی" میں واو کا اظہار اچھا نہیں معلوم ہوتا۔

افعال کے آخر سے عموماً اور بہت سے اسما کے آخر سے الف کا گرنا کچھ اچھا نہیں ہوتا، مثلاً:

چلا جاتا ہے کاروانِ نفس نہ بانگِ درا ہے، نہ صوتِ جرس ہے

ہجومِ شوق کا بھی قصّہ مختصر یہ ہے کہ جو میں چاہتا ہوں، وہ کہا نہیں جاتا

جلیل مانک پوری نے ایک خط میں لکھا ہے:

"کیا اور دیا اور دی وغیرہ، جو افعال متصرفہ ہیں؛ اُن میں حرفِ علّت کا گرنا معیوب ہے۔" (نقوش، خطوط نمبر، جلد ۲، ص ۳۵۰)

جہاں تک یائے معروف کا تعلق ہے، اُس کے متعلق قطعیت کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ اسما کے آخر میں واقع یائے معروف کی بھی یہی صورت ہے۔ مثلاً ان مصرعوں کو دیکھیے:

Marfat.com

ع : الٰہی خیر! کہ اب آگ پاس آن لگی

ع : در بہ در ناصیہ فرسائی سے کیا ہوتا ہے

ع : آج بیداری میں ہے خوابِ زلیخا مجھ کو

اِن میں سقوطِ یا ناگوارِ سماعت نہیں معلوم ہوتا۔ مگر درجِ ذیل مصرعوں میں سقوطِ یا، قطعاً مخلِّ فصاحت ہے:

ع : سر سے شعلے اٹھتے ہیں، آنکھوں سے دریا جاری ہے

ع : مجھ کو تو یار سے ہے ہم آغوشی کا خیال

ع : کچھ نازکی قاتل کی، کچھ اپنی گراں جانی

ایسے مرکّبات، جن میں پہلے لفظ کے آخر میں ی ہو؛ گفتگو میں عموماً یہ ی دب کر نکلتی ہے۔ نظم میں بھی اِس ی کے دبنے سے اکثر مقامات پر حُسنِ گفتگو باقی رہ جاتا ہے، جیسے یونانی علاج، ہوائی جہاز، ویرانی سی ویرانی وغیرہ:

ع : پیاری پیاری کلائیاں اُس کی

ع. کوئی ویرانی سی ویرانی ہے

اِس سلسلے میں آرزو لکھنوی مرحوم کے ایک خط کا اقتباس، افادیت سے خالی نہیں ہوگا:

"الف، واو اور ي؛ عربی کے لیے حروفِ علّت ہیں، مگر اردو کے لیے حروفِ اتمامِ حرکات ہیں..... تلفّظ میں دبتے ہوئے آئیں، لہٰذا کتابت میں ان کا آنا، صرف اظہارِ حرکت کے لیے ہوتا ہے۔ ایسے تمام حروف کا اسقاط جائز ہے، چاہے وہ عربی و فارسی کے کیوں نہ ہوں۔ مثلاً "نفسی نفسی" میں پہلی ی بولتے وقت دبتی ہے، لہٰذا اس کا اسقاط ہی فصیح ہے۔ فارسی میں ہائے مختفیہ کا اسقاط ہی فصیح سمجھا جاتا ہے۔ "تو" اور "چو" کا واو بھی ظاہر ہو تو غیر فصیح

Marfat.com

ہے .... جو لوگ ہندی کے الفاظ میں بھی ناجائز سمجھتے ہیں، وہ اپنی سمجھ
کے مالک ہیں۔ ہمیں دوسروں کے مسلک سے کیا واسطہ۔"

(ہماری زبان (علی گڑھ) یکم فروری ۱۹۶۲ء)

اِس خط کے حاشیے میں آرزو صاحب کا یہ شعر بھی لکھا ہوا ہے، جس میں "نفسی نفسی" آیا ہے، اور پہلے لفظ کی "ی" ساقط ہوگئی ہے :

پڑی ہے ہر اک کو اپنی اپنی، ہے انبیا میں بھی نفسی نفسی
تمھیں کو اک رٹ ہے اُمتی کی، شفیعِ روزِ جزا تمھیں ہو

آرزو صاحب نے جس نکتے کی طرف توجہ مبذول کرائی ہے، یعنی ایسے مقامات پر حروفِ علت کی حیثیت کے باب میں، وہ خاص طور پر توجہ طلب ہے اور یہ اہم بات ہے۔ مختصر یہ کہ لفظ کے آخر سے حروفِ علت کا دبنا، قابلِ قبول بھی ہو سکتا ہے اور ناقابلِ قبول بھی۔ اِس کا انحصار محلِ استعمال پر ہوگا۔ نہ اس میں عربی و فارسی اور غیر عربی و فارسی الفاظ کی تفریق کی جا سکتی ہے، اور نہ کوئی قاعدۂ کلیہ بنایا جا سکتا ہے۔ اصل معیار یہ ہے کہ جہاں بھی حرفِ علت کے دبنے سے، مصرعے کی روانی متاثر ہو، وہاں غیر مناسب ہے۔ اور جہاں یہ صورت نہ ہو، وہاں مناسب ہے۔ یہ بات ذہن میں رہے کہ مسئلہ مناسب اور غیر مناسب کا ہے، غلط اور صحیح کا نہیں۔

۲

ذیل میں عہدِ ناسخ اور اُس کے بعد کے چند اساتذہ کے یہاں سے ایسی کچھ مثالیں پیش کی جاتی ہیں، جن میں عربی و فارسی الفاظ کے آخر سے یائے معروف کا سقوط نمایاں ہے۔ یائے معروف کی تخصیص اِس لیے کی گئی ہے کہ اِس بحث کا مرکز خاص طور پر یائے معروف کو قرار دیا گیا ہے اور اُسی کا ذکر بار بار کیا گیا ہے۔ اساتذہ نے جب بھی سقوطِ حروفِ علت کے قاعدے پر کچھ کہا تو یائے معروف کا بہ طورِ خاص ذکر کیا۔ اِن مثالوں سے

Marfat.com

جو محض "مشتے نمونہ از خروارے" کا حکم رکھتی ہیں، اِس غلط فہمی کا ازالہ کیا جا سکے گا کہ اساتذہ کے یہاں سقوطِ یائے معروف نہیں پایا جاتا۔ یہ صراحت ضروری ہے کہ ناسخ، آتش، اور بیش تر تلامذۂ آتش کے یہاں اِس قاعدے کی مطلق پابندی نظر نہیں آتی۔ یہی حال مرثیہ گویوں کا ہے، اُن کے کلام میں بھی اِس کا التزام نہیں ملتا۔ اصل میں امیر و جلال کے زمانے میں یہ لہر تیزی سے اُبھری تھی۔ امیر نے اپنے خطوں میں کئی جگہ اِس کو عیب بتایا ہے، مگر دل چسپ بات یہ ہے کہ اُن کے کلام میں سقوطِ یائے معروف کی مثالیں ملتی ہیں۔ شعرائے دہلی میں سے، بہ استثنائے داغ، کسی نے اِس کو عیب نہیں مانا۔ اور داغ بھی دربارِ رام پور میں جب اساتذۂ لکھنؤ کے دنگل میں اُترے، تب اُن کے یہاں غیر ضروری قواعد پسندی کا رجحان فروغ پذیر ہوا۔ اُن کے کلام میں بھی اِس کی مثالیں موجود ہیں۔

ع : وحشی ہوں آدمی کے جنگل کا — ناسخ (کلیات طبعِ اول، ص ۴۳)

ع : کام خوں ریزی ہے اُس یوسفِ بازاری کا — 〃 (〃 ص ۱۱)

ع : کہ نہریں جاری ہوئیں، موسمِ بہار آیا — 〃 (〃 ص ۵)

ع : چھوڑوں کیا پیری میں شیریں دہنوں کی صحبت — 〃 (〃 ص ۲۶)

ع : کیا ہو بغیر پستی کے، آبِ رواں بلند — 〃 (〃 ص ۱۰۵)

ع : چین عریانی کا کفن میں نہیں — 〃 (〃 ص ۱۴۵)

ع : آج اے جان، خود آرائی کا سامان کرو — 〃 (〃 ص ۲۰۸)

ے : ہیں یہ بے تابی کے مضموں، کہ کسی رنگ کا ہو
نامے کے بندھتے ہی، سیمابی کبوتر ہو جائے — 〃 (〃 ص ۲۶۷)

ع : کہیں الٰہی، مری آہ کو اثر مل جائے — 〃 (〃 ص ۲۸۲)

ع : جو چُنتے ہیں پیشانی پر آپ افشاں — 〃 (〃 ص ۲۸۸)

Marfat.com

ع : خوں خواری کی عادت جو ہے اے یار، نہ چھوٹی 〃 〃 ص ۳۰۷

ع : خالی رہنا گھر کا ہوتا ہے بُرا 〃 〃 ص ۳۰۸

ع : پیری میں دونا جوانی سے جنوں کا جوش ہے 〃 〃 ص ۳۱۱

ع : مشکل کے وقت حامی ہوا تو خلیل کا آتش (کلیات نول کشور پریس ص ۴)

ع : ناقص ہے دوستداری میں کامل نہیں ہے تو 〃 〃 ص ۸

ع : آزادی سے زیادہ اسیری میں لطف ہے 〃 〃 ص ۸

ع : فتنہ پردازی جسے کہتے ہیں فن ہے کس کا 〃 〃 ص ۱۸

ع : منہ کتابی، قطبی ہے۔ خط، حاشیہ ہے میر کا 〃 〃 ص ۲۱

ع : زائچہ بھی نقل ہے پیشانی کی تحریر کا 〃 〃 ص ۲۶

ع : عزلت گزینی کا جو میں نے کیا ارادہ 〃 〃 ص ۳۴

ع : موجد اس کی ہے سیہ روزی ہماری آتش 〃 〃 ص ۴۸

ع : گمان ساقی پہ صیاد کا ہوا مجھ کو 〃 〃 ص ۵۴

ع : وہی دیوانگی میری ہے بہار آنے دو 〃 〃 ص ۶۶

صرف الف کی ردیف سے ابھی اتنی ہی مثالیں اور مل سکتی ہیں۔

ع : دل کی بے تابی نے پیارے مجھے ناچار کیا امانت لکھنوی (واسوخت)

ع : آبرو ریزی سے شاید تو نہیں ڈرتا ہے 〃

ع : دل کی بے تابی سے، گودی میں اٹھایا اس کو 〃

ع : کردی اک تفرقہ اندازی کی صورت باہم 〃

ع : جب کہ عیاری میں کامل ہوا وہ ماہِ تمام 〃

ع : میں نے اُس گُل کو جو یک رنگی میں کامل پایا 〃

Marfat.com

ع : میں بھی تو آدمی کی جان ہوں، حیوان نہیں 〃

ع : کبھی کہتا ہوں پریشانی میں شامِ ہجراں 〃

ع : آگے اُس بینی کے، خود بینی تری ہے بے کار 〃

ع : وصل سے شادی ہوئی، کھل گئے عقدے دل کے 〃

ع : پاک دامانی میں تیری نہیں پڑنے کا خلل زندہ دیوان مطبوعہ نول کشور پریس ص ۲

ع : الٰہی دیکھیے، واماندگی کہاں پہنچائے 〃 〃 ص ۴

ع : مے خواری کی تکلیف نہ دے روزوں میں ساقی 〃 〃 ص ۱۱

ع : ایمائے ملاقات تھی خاموشی ہماری 〃 〃 ص ۱۱

ع : دم میں دم باقی ہے جب تک، نہ اٹھایا رسے ہاتھ 〃 〃 ص ۱۱

ع : پاک دامانی کا دعوا نہ کرے اس روسے 〃 〃 ص ۱۳

ع : پھر راتیں کاٹنے لگے اختر شماری میں 〃 〃 ص ۱۴

ع : جوہر وہ خاکساری نے پیدا کیا مری 〃 〃 ص ۱۵

دیوانِ زندہ ۲۱۶ صفحات پر حاوی ہے؛ مندرجۂ بالا مثالیں شروع کے صرف ۱۵ صفحات سے ماخوذ ہیں۔

دکھلایا ناتوانی نے گھر یار کا مجھے صبا (غنچۂ آرزو، ص ۱۶)

خود بینی کا رواج کبھی پیش تر نہ تھا 〃 ص ۳۵

سودائی کس قدر ہے شبِ تار کا مزاج 〃 ص ۴۷

خالی کر دیجیے قاتل کا نمک داں کیوں کر 〃 ص ۶۵

جو گل فشانی کی جا ہے تگرگ بار چراغ 〃 ص ۷۲

Marfat.com

ع : درازدستی یہ کس بے ادب نے کی دمِ قتل — مومن (دیوان مرتبہ ضیا احمد ص ۱۳۷)
ع : یہ بے حجابی بُری، گو مجھی کو جھانکو تم — 〃 〃 ص ۱۳۷
ع : غزل سرائی کی مومن نے کیا کہ رشک سے آج — 〃 〃 ص ۱۳۸
ع : مری تسلّی کو روزِ جزا کے آنے کی — 〃 〃 ص ۱۹۳
ع : دربدر ناصبہ فرسائی سے کیا ہوتا ہے — 〃 〃 ص ۲۲۸
ع : بیزارِ زندگانی کا جینا محال تھا — 〃 〃 ص ۲۳۶
ع : سر سے شعلے اٹھتے ہیں، آنکھوں سے دریا جاری ہے — 〃 〃 ص ۱۸

ع : آج بیداری میں ہے خوابِ زلیخا مجھ کو — غالب (دیوان مرتبہ عرشی صاحب، ص ۳۰۱)
ع : کوئی ویرانی سی ویرانی ہے — 〃 〃 ص ۱۵۲
ع : خاموشی ہی سے نکلے ہے، جو بات چاہیے — 〃 〃 ص ۲۱۹
ع : پنبۂ مینائی ہی رکھ لو تم اپنے کان میں — 〃 〃 ص ۱۰۳
ع : سینہ بے تابی سے ملتا ہے بہ تیغِ کہسار — 〃 〃 ص ۲
ع : بیضۂ قمری کے آئینے میں پنہاں صیقل — 〃 〃 ص ۴
ع : ناخن کو جگر کاوی میں بے رنگ نکالوں — 〃 〃 ص ۶۰

ع : الٰہی جلوہ ہے کس بُت کا آج مسجد میں — ذوق (دیوان مرتبہ آزاد، ص ۴۰)
ع : کہ سینہ کاوی میں یاں نامور کو دیکھتے ہیں — 〃 〃 ص ۱۴۷
ع : نہیں وہ آدمی، لیکن سب آدمی کے ڈھنگ — 〃 〃 ص ۲۹۸
ع : نقش سجدے کا ہے پیشانی کا ٹیکا ہم کو — 〃 〃 ص ۱۶۷
ع : الٰہی خیر ہو، مانندِ شعلۂ سرکش — 〃 〃 ص ۱۱۸

Marfat.com

ع : حنائی پنجہ ہوں تاک و چنار و بید انجیر ″ ″ ص ۳۶۳

ع : سچ ہے، محبوب جولاثانی ہے، وہ یکتا ہے محسن کاکوروی (کلیاتِ نعتِ محسن ص ۳۰)
ع : عرش پر کرسی بچھائے ہے مرا ذہنِ رسا ″ ″ ص ۳۸
ع : اک رگِ مخفی ہے مابینِ دو ابروئے سیاہ ″ ″ ص ۴۰
ع : اُمّی ہونے میں بھلا آپ کے شبہہ کیا ہے ″ ″ ص ۴۲
ع : رہے خوں ریزی کا نقشہ دماغِ کج کلاہاں میں ″ ″ ص ۷۳
ع : سبک روئی یاروں کو دکھلاؤں میں ″ ″ ص ۸۸
ع : کیسی افسردگی، کیا بات ہے مرجھانے کی ″ ″ ص ۱۰۹
ع : تاریکی میں نور یا الٰہی ″ ″ ص ۱۲۷

ع : باقی جو کچھ کہ ہے، وہ فانی ہے نواب مرزا شوق (مثنوی زہرِ عشق)
ع : سختی ساری بتوں کے دل کو دی ″
ع : ثانی رکھتی نہ تھی وہ صورت میں ″
ع : میری رسوائی کا خیال رہے ″

ع : چھپ کے تنہائی میں اغیار سے رویا ہوگا امیر مینائی (صنم خانۂ عشق، مجموعہ پریس آگرہ ص ۱۴)
ع : تیری بے دردی ہی اچھی تھی ترس کھانے سے ″ ص ۲۸۰
ع : پاس یکتائی کا اُس شوخ کو ایسا ہے امیر ″ ص ۳۲۸
ع : طرفت العین میں وہ روشنی پہنچی جو قریب ″ (مرآۃ الغیب ص ۲۵)
ع : بھٹیاں ہوتی ہیں آبادی سے اکثر باہر ″ ص ۲۰۰

Marfat.com

ع : یہ شیخ سعدی ہے، جس نے کہ چشمِ روشن کو 〃 〃 ص ۲۷

ع : نہ بے وفائی کا غم تھا، نہ ڈر جدائی کا 〃 〃 ص ۸۴

ع : الٰہی تو نے ہمیں کس بلا میں ڈال دیا داغ (گلزارِ داغ، مطبعِ تیغ بہادر، ص ۱۳)

ع : وہ بُت کرے خدائی کی باتیں، خدا کی شان 〃 〃 ص ۱۹

ع : کیا جانے وہ خدائی کا مارا کہاں ہے اب 〃 〃 ص ۷۲

ع : الٰہی شیخ بھی مے خوار ہو، مغاں کی طرح 〃 〃 ص ۸۲

ع : الٰہی قاصد کی خیر گزرے کہ آج کوچے سے فتنہ گر کے 〃 〃 ص ۱۰۰

ع : الٰہی دم مری آنکھوں میں پھیر کھا کے نہ آئے 〃 〃 ص ۱۰۸

ع : مثالِ عارض صفائی رکھنا، بہ رنگِ کاکل کجی نہ کرنا 〃 〃 ص ۱۴

ع : الٰہی تو نے حسینوں کو کیوں کیا پیدا 〃 〃 ص ۱۵۲

ع : گھر میں جو سپیدی چار سو تھی شوق قدوائی (مثنوی ترانۂ شوق)

ع : دانتوں سے کبودی لب پہ آئی 〃

ع : چاندی کی رگڑ سیاہی لائی 〃

ع : دانائی تھی ختم اُس پری پر 〃

ع : آزادی کو مشتری نے کھویا 〃

ع : تقدیر کی نارسائی کب تک 〃

ع : تنہائی میں رنجِ شب یلدا ہے قیامت حسرت موہانی (دیوانِ ششم)

ع : رعنائی میں آفت ہیں ترے لب بہ تبسم 〃 〃

Marfat.com

ع : اب بھی کیا ہم تری یکتائی کا دعوا نہ کریں 〃 (دیوانِ چہارم)

ع : یعنی جب یہ ہے تو فکرِ بے نوائی پھر کہاں 〃

ع : پھر بھی ہے تم کو مسیحائی کا دعوا، دیکھو 〃

ع : یعنی ہم نے کس لیے غلطی جتائی آپ کی 〃 (دیوانِ ہشتم)

ع : پیے کھائے، یا کوئی قربانی دے اثر لکھنوی (نغمۂ جاوید)

ع : وہ اندھے ہیں دانائی سے کوسوں دور 〃 〃

ع : خوشی سے صفا کوشی مضبوط ہے 〃 〃

ع : ہستی ہوتی ہے اُتنی ہی مبہم 〃 (نوبہاراں ص ۱۷۱)

ع : راستی وہ جو ہم سخن تجھ سے ہوئی ہو برملا 〃 〃 (ص ۱۱۵)

بہت بڑے ذخیرے کے یہ صرف چند اجزا ہیں اور ان مثالوں ہی سے بہ خوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ فارسی عربی الفاظ کے آخر سے یائے معروف کس بے تکلفی کے ساتھ ساقط ہوتی رہی ہے اور یہ کہ جن لوگوں نے اِس سقوط کو غلط بتایا، وہ خود بھی اِس کے مرتکب ہوئے ہیں۔ اِس سے ثابت ہو گیا ہو گا کہ حروفِ علّت کا سقوط ضروری ہے اور یہ کہ اس میں زبانوں کی قید نہیں لگائی جا سکتی۔ اساتذہ کے یہاں ہر طرح کے مناسب و غیر مناسب سقوطِ حروفِ علّت کی ہزار در ہزار مثالیں بکھری ہوئی ہیں اور اس میں معتبر و غیر معتبر کی کچھ تخصیص نہیں۔ پُرانے ذخیرے کا جائزہ لینا مقصود نہیں، مقصود یہ ہے کہ ایک قاعدے کی حیثیت سے، سقوطِ حروفِ علّت کو جو غلط طور پر "صحیح و غلط" کے خانوں میں بانٹا گیا، اور فارسی و عربی کی جس طرح تخصیص کی گئی؛ اُس پر گفتگو کی جائے، اور جو شعرا فصاحتِ کلام پر نظر رکھنا چاہتے ہیں، اُن کی توجہ کو صحیح اندازِ نظر

Marfat.com

اور طریقۂ کار کی طرف مبذول کرایا جائے۔ اور اس پر زور دیا جائے کہ الفاظ کے آخر سے حروفِ علّت کا دبنا اور نہ دبنا، غلط اور صحیح کے عنوانات کے تحت نہیں آتا؛ اِس کو مناسب اور غیر مناسب کے نام سے موسوم ہونا چاہیے۔ اشعار میں، گفتگو کی طرح، حروفِ علّت کا ساقط ہونا لازم ہے؛ مگر اس سلسلے میں گفتگو کے اسلوب اور لہجے کے تقاضوں پر ضرور نظر رہنا چاہیے۔ مکمل پابندی تو شاید ہی کسی چیز کی ہوسکے، البتّہ یہ مناسب بھی ہے اور ضروری بھی کہ یہ پہلو ذہن میں رہے اور توجّہ اِس کی طرف منعطف ہوتی رہے۔

Marfat.com

اعلانِ نون

عربی فارسی کے وہ لفظ جن کے آخر میں نون ہو، اور اُس سے پہلے الف، واو، یا میں سے کوئی حرف ساکن ہو، جیسے: جان، ایمان، خون، جنون، دین، تحسین وغیرہ؛ تو ایسے لفظوں کو شعر میں کس طرح لایا جائے، اعلانِ نون کے ساتھ، یعنی جان، بروزنِ مال؛ یا اخفائے نون کے ساتھ، یعنی جاں، بروزنِ پا؟ اور اگر ایسے لفظ مرکّبِ اضافی، توصیفی یا عطفی کا جزوِ آخر ہوں، جیسے دشمنِ ایماں، جوشِ جنوں، دشتِ بے پایاں، دین و ایماں وغیرہ؛ اِس صورت میں کیا نون کا اعلان کیا جائے گا؟

اِس کا سیدھا سا جواب تو یہ ہونا چاہیے کہ جہاں نون کا اعلان مناسب ہو، وہاں اعلان کیا جائے اور جہاں اخفا کا محل ہو، وہاں ایسے لفظوں کو بہ اخفائے نون نظم کیا جائے۔ اور اِس کا اصل معیار ذوقِ سلیم ہوگا۔ مصرعے کی روانی اور اُس کا آہنگ، اگر اخفا کا متقاضی ہو تو وہی صحیح ہے، اور اگر اعلان کا طالب ہو، تو وہی درست ہے۔ لفظ مفرد ہو یا مرکّب، اِس سے کچھ فرق نہیں پڑنا چاہیے۔ لیکن قواعدِ شاعری کی شریعت میں اِس آزادہ روی کو قابلِ قبول نہیں سمجھا گیا، بل کہ مفرد اور مرکّب الفاظ کو الگ الگ قاعدوں کے پھندوں میں کسا گیا۔ مرکّبات کے متعلق تو قطعیت کے ساتھ یہ فیصلہ کیا گیا کہ اُن میں نون کا اعلان کسی صورت میں بھی روا نہیں، ہر مرکّب کو (عطفی،

Marfat.com

اضافی، توصیفی) لازماً بہ اخفائے نون نظم کرنا چاہیے۔ اِس قاعدے کی رو سے "دشمنِ جاں" صحیح ہے اور "شرمندۂ احسان" غلط ہے ——— اور مفرد الفاظ کے متعلق کچھ لفظوں کو مستثنا کر کے یہ کہا گیا کہ اُن کو اعلانِ نون کے ساتھ نظم کرنا چاہیے۔ مولانا حسرت موہانی نے لکھا ہے:

"فارسی کے جو الفاظ اردو زبان میں عام طور پر رائج ہیں، اُن کے متعلق دستور یہ ہے کہ اگر وہ بلا اضافت ہوں، تو رواجِ اہلِ زبان کے خلاف، اُن میں نون کا اعلان کیا جائے؛ لیکن ترکیبِ فارسی میں اعلانِ نون جائز نہیں سمجھا جاتا۔ مثلاً صرف "مکان" یا "جان" کہنا ہوگا تو "مکاں" اور "جاں" اعلانِ نون کے ساتھ بولیں گے، جس کی کتابت کے لیے ن کے پیٹ میں نقطہ دینا ضروری سمجھا جاتا ہے۔ لیکن اگر "آفتِ جاں" یا "رگِ جاں" کہنا ہوگا تو "آفتِ جاں" اور "رگِ جاں" میں ترکیبِ فارسی کی موجودگی کے باعث، اعلانِ نون جائز نہ ہوگا، اور کتابت میں نون بے نقطہ لکھا جائے گا۔"

[نکاتِ سخن، اشاعتِ ششم، انتظامی پریس حیدرآباد، ص ۹۱]

بہ حالتِ ترکیب اعلانِ نون کے ناجائز ہونے کی وجہ یہ بتائی گئی کہ:

"جب ترکیبِ فارسی ہو، تو اعلان، جیسا کہ ذوق دہلوی کے کلام سے جا بہ جا ہے، جائز نہیں۔ جب فارسی ترکیب ہو، تو فارسیوں کا اتباع چاہیے، اور وہ اس قسم کے الفاظ، اعلان کے ساتھ نہیں باندھتے۔ اور ایک آدھ جگہ جو اُن کے کلام میں اعلان پایا جاتا ہے، تو یا تو وہاں سہو کاتب ہے، یا من قبیلِ شاذ۔" [شوق نیموی، رسالۂ اصلاح، ص ۱۸]

اس سلسلے میں تین اہم باتوں کو نظر انداز کر دیا گیا، جس کی وجہ سے مفرد و مرکب کی تفریق اور اعلان و اخفا کی قید غیر مناسب احکام کا مجموعہ بن کر رہ گئی۔ پہلی بات تو یہ کہ بول چال

Marfat.com

میں کچھ لفظ عموماً اعلانِ نون کے ساتھ آتے ہیں، جیسے: "خون" اور "دین"۔ اور کچھ لفظ عموماً اخفائے نون کے ساتھ بولے جاتے ہیں، جیسے "گریاں" اور "خنداں"۔ اِن سب لفظوں کی صورت یہ ہے کہ ان میں سے کچھ لفظ تو ایسے ہیں کہ وہ مفرد ہوں یا مرکّب، اور نظم میں ہوں یا نثر میں؛ اُن کو اگر اعلانِ نون کے ساتھ استعمال کیا جائے گا تو ہمیشہ ناگوار معلوم ہوں گے، خواہ اساتذہ کے بنائے ہوئے قاعدے کے مطابق، اعلان جائز ہو۔ اور کچھ ایسے لفظ ہیں کہ وہ دونوں طرح استعمال میں آسکتے ہیں، اُن میں صوتی سطح پر ناگوار کیفیت نمایاں نہیں ہو پاتی۔ ظاہر ہے کہ اسی اعتبار سے ایسے الفاظ کے متعلق فیصلہ بھی کیا جانا چاہیے۔

دوسری بات یہ ہے کہ بہت سے مرکّبات اِس طرح کے ہیں جو گفتگو میں عام طور پر اعلانِ نون کے ساتھ آتے ہیں۔ نثری تحریروں میں بھی جب یہ جگہ پاتے ہیں تو قاری اُن کو بہ اعلانِ نون ہی پڑھتا ہے۔ یہ ایسے مرکّبات ہیں کہ اگر اُن کو، قاعدے کی پابندی کے خیال سے، بالجبر بہ اخفائے نون بولا جائے تو ناگوار صوتی کیفیت پیدا ہو جائے گی۔ مثلاً اِسی "اعلانِ نون" کو لیجیے؛ اِس کو "اعلانِ نوں" کہہ کر دیکھیے، واضح طور پر یہ محسوس ہوگا کہ تلفّظ میں بھدّاپن در آیا ہے، اگرچہ از روے قاعدہ اِسی طرح صحیح ہے۔ مشہور قول ہے: الشّعرا تلامیذ الرحمٰن"، اِس میں نون کا اعلان ہے۔ اب حالؔی کے اِس شعر کو دیکھیے:

دعویِ فضل و براعت اس کو زیبا ہے یہاں
جو کوئی تلمیذِ رحماں تم میں ہو، میرے سوا

اِس میں "تلمیذِ رحماں" زبان سے ادا تو ہو جاتا ہے، جمتا نہیں، اجنبی سا لگتا ہے؛ حالاں کہ قاعدے کی رو سے یہ بالکل صحیح ہے۔ ایک اور مثال:

Marfat.com

راکبِ حزم ترا : ناقۂ صالح تہِ راں مومن
رائضِ عزم ترا : دوشِ ملائک پہ سوار [کلیات طبعِ لاہور، ص ۴۹]

پہلے مصرعے میں بہ لحاظِ قاعدہ "تہِ راں" صحیح ہے، لیکن پڑھنے میں کس قدر بے جوڑ معلوم ہوتا ہے!

اِس سلسلے میں یہ بات بھی اہم تھی کہ بہت سے مرکّبات ایسے بھی ہیں، جو بہ اخفاے نون اور بہ اعلانِ نون، دونوں طرح بولے جا سکتے ہیں اور نظم بھی کیے جا سکتے ہیں اور بہت سے مقامات پر دونوں صورتوں میں بدنمائی اُن سے دور رہتی ہے۔ مثال کے طور پر غالب کے اِس شعر میں "بلاے جاں" کی ترکیب بہ اخفاے نون آئی ہے، اور بالکل ٹھیک معلوم ہوتی ہے:

بلاے جاں ہے غالب اُس کی ہر بات عبارت کیا، اشارت کیا، ادا کیا
[دیوانِ غالب، نسخۂ عرشی، ص ۱۵۸]

یہی ترکیب ذیل کے شعر میں بہ اعلانِ نون نظم کی گئی ہے، اور اِس صورت میں بھی بُری نہیں معلوم ہوتی:

ہے بلاے جان یہ افعی بہ نخلِ یاسمن
یا کہ ہے یہ دام، بہرِ عاشقانِ خستہ تن
تصوّر لکھنوی [تذکرۂ مجمع الانتخاب]

گویا سارا کھیل محلِ استعمال اور اندازِ استعمال کا ہے۔ بہ خوبی ممکن ہے کہ یہی ترکیب کسی دوسری جگہ بہ اخفاے نون ناگوار معلوم ہو اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کسی شعر میں بندش ایسی ہو کہ بہ اعلانِ نون ناگوار تر لگے۔

تیسری بات جو سب سے زیادہ اہم تھی، اور جس کو نظر انداز کیا گیا، یہ تھی کہ اساتذۂ دہلی کے یہاں ذوق و غالب، بل کہ حالی کے زمانے تک، اخفا و اعلانِ نون کی یہ

Marfat.com

پابندی ہرگز نہیں تھی۔ وہ لوگ مرکّبات کو بے تکلّف بہ اعلانِ نون نظم کیا کرتے تھے۔ داغؔ کے ابتدائی کلام میں بھی اِس کی مثال ملتی ہے۔ البتّہ بعد کو انھوں نے سختی کے ساتھ اِس کی پابندی کی، اور یہ اثر تھا درحقیقت اُن کے قیامِ رام پور کا، جہاں لکھنوی شعرا کے جمگھٹے میں وہ بہت سی پابندیوں کو ماننے پر مجبور ہوئے۔ اِن دہلوی شعرا کے یہاں بے شمار اشعار میں بہ صورتِ ترکیب نون کا اعلان ملتا ہے، اور ان میں نہ معلوم کتنے اشعار ایسے ہیں جن میں یہ اعلان، کسی طرح بُرا نہیں معلوم ہوتا۔ یہ بات قابلِ توجہ تھی کہ ایک مدت تک نون کے اخفا یا اعلان کو کوئی اہم مسئلہ نہیں سمجھا گیا، قاعدے کی زنجیر میں پاے بند ہونے کے بجاے، ضرورت اور آسانی کی روشنی میں اس کو دیکھا گیا؛ تو اس کے اثرات زبان اور شاعری میں تہ نشیں ہوئے ہوں گے؟ اور ان اثرات کے باعث، بہت سے ایسے مفرد و مرکّب لفظ سامنے آئے ہوں گے، جن میں اخفا یا اعلان، محلِ استعمال کے تابع رہا ہوگا، کسی قاعدے کا اسیر نہیں بنا ہوگا؟ طویل مدت تک شاعری کی زبان میں بہت سے مرکّبات کو بہ اعلانِ نون نظم کیا جاتا رہا؛ اس پیہم عمل سے، کیا یہ مرکّبات چلن کے سانچے میں نہیں ڈھل گئے ہوں گے، اور شاعری کی زبان سے اچھی طرح روشناس نہیں ہو گئے ہوں گے؟

اِن امور کو نظر انداز کر دینے سے، اور محض ایک جامد قاعدہ بنا دینے سے، سب سے بڑا نقصان یہ ہوا کہ جن مرکّبات کو بہ اعلانِ نون نظم کرنا اچھا نہیں معلوم ہوتا، اُن کو بھی متاخرین نے مجبوراً اسی طرح نظم کیا اور حُسنِ کلام کی پروا نہیں کی گئی۔ یہی وجہ ہے کہ یہ قاعدہ، کہ بہ صورتِ ترکیب ایسے الفاظ کو لازماً بہ اخفاے نون نظم کرنا چاہیے؛ آج مفروضہ معلوم ہوتا ہے ——— میں ذیل میں کچھ ایسی مثالیں پیش کرتا ہوں جن سے یہ معلوم ہوگا کہ محلِ استعمال اور سلیقۂ استعمال کا لحاظ رکھا جائے، تو بہت سے مقامات پر، مرکّبات میں بھی اعلانِ نون اُسی طرح گوارا بن جائے گا جس طرح وہ بہ اخفاے نون گوارا معلوم

Marfat.com

ہوتے ہیں، اور دوسری طرف اِن مثالوں سے یہ ثابت کرنا مقصود ہے کہ اساتذہ نے مرکّبات کو بہ اعلانِ نون بہ کثرت نظم کیا ہے؛ اِسی لیے مثالیہ اشعار کی تعداد کچھ زیادہ ہے، مگر ان کی حیثیت "مشتے نمونہ از خروارے" سے زیادہ نہیں، البتّہ اثباتِ مدّعا کے لیے یہ کافی ہیں:

در پے جان ہے قراولِ مرگ
کسو کے تو شکار ہم بھی ہیں — میر (کلّیات مرتّبہ آسی، ص ۱۵۱)

لوٹے ہے خاک و خون میں غیروں کے ساتھ میر
ایسے تو نیم کُشتے کو ان میں نہ سانیے — (" ص ۱۹۶)

غنچہ ہی وہ دہان ہے گویا
ہونٹ پر رنگِ پان ہے گویا — (" ص ۲۲۵)

مر گیا جو اسیرِ قیدِ حیات
تنگنائے جہان سے نکلا — (" ص ۱۷)

خوب رو سب کی جان ہوتے ہیں
آبروئے جہان ہوتے ہیں
غمزۂ چشمِ خوش قدانِ زمیں
فتنۂ آسمان ہوتے ہیں — (" ص ۱۱۰)

ہم نے کون و مکان دیکھ لیا
پل میں سارا جہان دیکھ لیا
آرزو تھی عدم میں دنیا کی — میر سوز، اردوئے معلّی (دہلی)
ہے یہ وہم و گمان دیکھ لیا — میر سوز نمبر، ص ۷۷)

بسایا غم نے آ کر اس دلِ ویران کو ہے ہے
وگرنہ رفتہ رفتہ حُسن سے آباد میں کرتا — (" ص ۱۳۵)

Marfat.com

اور بھی چاہیے سو کہیے، اگر میر درد
دلِ نامہربان میں کچھ ہے (دیوانِ درد، مکتبۂ جامعہ، ص ۸۷)

شہرِ عدم کو قافلے لاکھوں گئے، ولے چل چل کے نت میں بے سروسامان رہ گیا
مصحفی (انتخابِ سخن، مرتبۂ حسرت موہانی، ص ۱۳)

کب کا اک عمر سے جھگڑا تھا دل وجان کے بیچ
کام دونوں کا کیا یار نے اک آن کے بیچ مصحفی (ص ۳۱)

ازبس کہ مرے دیدۂ حیران میں کچھ ہے
اک آن میں دل کچھ ہے، تو اک آن میں کچھ ہے ″ (ص ۶۶)

گیا ہے چھوڑ کر جس کو تو اے آبادیِ عالم وہ مضطر، کیا درونِ خانۂ ویران لوٹے ہے
جرأت (انتخابِ سخن، ص ۶۸)

کیا لڑکپن کا ہے عالم اس بُتِ نادان کا
بھولی بھالی صورت اور تس پر وہ بالا کان کا
جرأت (ص ۱۴)

مل مجھ سے اے پری، تجھے قرآن کی قسم دیتا ہوں تجھ کو تختِ سلیمان کی قسم
ملت میں جس کی ہے تو، اُسی کی قسم تجھے اور اپنے دین ومذہب وایمان کی قسم
انشا (کلامِ انشا، ص ۱۳۶)

گر ہاتھ لگاؤں، خطرِ جان مجھے ہے کھیلے وہ تری زلف سے، جو کالے کو کیلے
انشا (ص ۱۹۹)

کب وہ آزاد بھلا موردِ تحسین ہوئے بھول جو سب کو گئے، دین سے بے دین ہوئے
قمری و بلبلِ نالاں میں پڑے جو جھگڑے سو دلِ غم زدہ کے موجبِ تسکین ہوئے
انشا (ص ۲۵۱)

Marfat.com

ہے یہ اُس مہ جبین کی تصویر
یا کسی حورِ عین کی تصویر
نظر آتی ہے اشکِ انشا میں
جبرئیلِ امین کی تصویر

انشا (کلامِ انشا، ص ۹۱)

کیا ہنسی آتی ہے مجھ کو حضرتِ انسان پر
فعلِ بد تو خود کریں، لعنت کریں شیطان پر

انشا (ص ۹۶)

جھوٹ ہی جانوں کلام اُس رہ زنِ ایمان کا
پہن کر جامہ بھی وہ آئے اگر قرآن کا

ذوق (دیوانِ ذوق، مرتبۂ آزاد مجبوب للمطابع، ص ۶۵)

جو دلِ پُر آرزو سے نکلا نالہ عشق میں
ایک پُتلا تھا سراپا حسرت و ارمان کا

ذوق (ص ۶۵)

نفسِ بے مقدور کو تھوڑی سی بھی فرصت ہو مگر
دیکھ پھر سامان، اس فرعونِ بے سامان کا

ذوق (ص ۶۶)

مصحفِ رخ پہ ترے، رنگ سنہرا تیرا
واہ کیا خوب ہے سونا سرِ قرآن چڑھا

ذوق (ص ۷۱)

شرم، آئینہ تراشِ جبہۂ طوفان ہے
آب گردیدن روا، لیکن چکیدن منع ہے

غالب (دیوانِ غالب، نسخۂ عشق، ص ۱۱۲)

وہ کہ جس کی صورتِ تکوین میں
مقصد ہے چرخ و ہفت اختر کھلا

غالب (ص ۱۲۹)

مشکیں لباسِ کعبہ، علی کے قدم سے جان
نافِ زمین ہے، نہ کہ نافِ غزال ہے

غالب (ص ۲۰۵)

Marfat.com

بٹھا ہے جو کہ سایۂ دیوارِ یار میں
فرماں روائے کشورِ ہندوستان ہے

(دیوانِ غالب ، ص ۲۰۳)

شرع و آئین پر مدار سہی
ایسے قاتل کا کیا کرے کوئی

(دیوانِ غالب (ص ۲۴۲)

وہ شوخ بے سبب آزار و بے گنہ خوں ریز
کہ جرمِ قاتلِ عثمان کا نہ ہو قائل

مومن (کلیات مرتبۂ کلب علی خاں فائق ، ص ۳۶)

شرطِ ایمان ہے، پیمانِ خلافت اس کا
وہ مسلمان ہے کیا، جس کو ہو اس میں انکار (ص ۴۷)

سیف و قلم ہیں دونوں ستوں کاخِ دین کے
حیراں ہوں، بابِ علم کہوں، یا جہانِ تیغ (ص ۵۶)

صاف طوفان اس کو جان گئے
دشمنِ جان اس کو جان گئے

(ص ۱۵۳)

چرخِ مینو مضطرب آن آن میں
خضر ڈوبے چشمۂ حیوان میں

(ص ۳۴۱)

اب قید سے امیدِ رہائی نہیں رہی
ہمدردِ پاسباں ہیں زندانیوں میں ہم

مومن (دیوان مرتبۂ ضیا احمد، ص ۱۲۴)

نہ چاہوں روزِ جزا داد، یہ ستم دیکھو
کب آزماتے ہیں، جب وقتِ امتحان نہیں (ص ۱۵۳)

تا بندہ و جوان تو بختِ رقیب تھے
ہم تیرہ روز کیوں غمِ ہجراں کو بھاگئے

(ص ۲۳۶)

کچھ آنکھ بند ہوتے ہی، آنکھیں سی کھل گئیں
جی اک بلائے جان تھا، اچھا ہوا گیا

(ص ۴۹)

Marfat.com

ع : جنّ و انسان کی حیات ہے تو حالی (مجموعۂ نظمِ حالی، ص ۲۲)
ع : قتلِ انسان ہمیشہ سے ہے عادت تیری (" ص ۳۳)
ع : حکم و قانون کسی گھر میں مقیّد نہ رہا (" ص ۳۷)
ع : جسے احباب اک قصرِ رفیع الشان سمجھے ہیں (" ص ۱۰۱)
ع : اب دیر کیا ہے، دور کر امن و امان کو میر مہدی مجروح (دیوان ص ۱۸۹)
ع : شکرِ احسان مگر فطرتِ انسانی ہے شبلی (کلیاتِ نظمِ اردو، ص ۸۳)

ع : ہیں لٹکے ہوئے سقفِ ایوان سے اسمٰعیل میرٹھی (کلیات ص ۳)
ع : ہر اک جنس کا ساز و سامان بھی (" ص ۵)
ع : دامانِ زمین کو کترتی (" ص ۶)
ع : برّاقیِ سنگین سے تھی آنکھ جھپکتی (" ص ۱۳۰)
ع : امورِ دین میں ظاہر حیا ہے عثمانی (" ص ۲۲۵)

میر انیس کے کلام میں بھی اعلانِ نون کی مثالیں موجود ہیں۔ مولانا احسن مارہروی مرحوم نے، میر انیس کے کچھ ایسے اشعار نقل کر کے لکھا تھا:

"اہلِ لکھنؤ قدیم سے اس کے پابند ہیں کہ ایسے ترکیبی نون کو بالاعلان نہیں کہتے، اور ذوق و غالب تک دہلی والے ایسے نون کا اعلان بے تکلف کیا کرتے تھے، اور اب بھی بعض اہلِ دہلی عموماً اور نیچرل شعرا خصوصاً اخفا کی قید کے پابند نہیں" (رسالۂ فصیح الملک، جنوری ۱۹۰۹ء)

خط کشیدہ عبارت خاص طور پر قابلِ توجہ ہے اور ان مثالوں سے اور اس قول سے مکمل طور پر یہ ثابت ہے کہ بہت سے شعرا نے اس قاعدے کو التزامی صورت میں کبھی

Marfat.com

قبول نہیں کیا کہ بہ صورتِ ترکیبِ اضافی وغیرہ، ایسے الفاظ میں اخفاے نون ضروری ہے۔ یہ واقعہ ہے کہ قواعدِ شاعری کے سلسلے میں بھی (جن میں متروکات بھی شامل ہیں) ساری غیر ضروری پابندیاں لکھنؤ میں وضع کی گئیں اور وہاں یہ ایک طرح کا فیشن بن گیا تھا۔ عام دلّوی شعرا نے اور اُن سے متاثر ہونے والوں نے ایسے التزامات کو کچھ زیادہ اہمیت کا مستحق نہیں سمجھا۔ جیسا کہ لکھا جا چکا ہے، داغ نے اعلان و اخفاے نون کے اِس قاعدے کی طرف بہ طورِ خاص توجہ کی، مگر آغاز میں جب کہ وہ دہلی کے اثرات سے باہر نہیں نکل پائے تھے، اُن کے یہاں اعلانِ نون اور آخرِ کلمہ سے سقوطِ یاے معروف جیسے ضابطوں کی لازمی پابندی نہیں ملتی۔ دربارِ رام پور میں لکھنوی شعرا کے ہجوم نے اور وہاں کے اُس خاص ادبی ماحول نے اُن کی توجہ کو اس طرف منعطف کیا۔ نوّاب کلبِ علی خاں کو متروکات وغیرہ کا بڑا لحاظ رہتا تھا اور اُن کے دربار میں زبان و قواعد کی ایسی بحثیں ہوا کرتی تھیں۔ اور ذرائع کے علاوہ، نوّاب صاحب کے دواوین کے آخر میں متروکات کی جو فہرستیں ہیں، اُن سے بھی اِس کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ فرماں روا کے اس رجحان نے قواعدِ شاعری و قواعدِ زبان کی بحثوں کو، اور اُن کی سخت گیر پابندیوں کو، لازمۂ استادی بنا دیا تھا۔ اعتبار کے لیے ایسے قواعد کی پابندی ضروری تھی، بہ صورتِ دیگر اعتبار و استناد پر حرف آ سکتا تھا۔ ایسے حالات میں داغ کے یہاں روشِ دہلی کے خلاف، قواعد پسندی اور ضابطہ پرستی کا پیدا ہونا اور فروغ پانا ضروری تھا۔

اِس کی ایک اور دل چسپ مثال بھی ہمارے سامنے ہے۔ اوپر بہ صورتِ ترکیب اعلانِ نون کے ذیل میں جو اشعار بہ طورِ مثال نقل کیے گئے ہیں، اُن میں انشا کے بھی چند شعر ہیں، اور ان اشعار کی موجودگی میں، یہ کہنا صحیح نہیں ہوگا کہ انشا، بہ صورتِ ترکیب اعلانِ نون کے قائل نہیں تھے؛ مگر دریاے لطافت میں اُنھوں نے اِس کو عیب بتایا ہے:

"ہندی شعر میں صفت اور مضاف الیہ میں اگر مضاف اور موصوف مذکور ہوں، تو

Marfat.com

نون کا اعلان غلط ہے۔ جیسے "دیدۂ گریاں" اور "سروِ گلستاں" میں نون کا اعلان غلط ہے۔" (ترجمۂ دریائے لطافت، ص ۳۵۹)

اب اِس کے سوا اور کیا کہا جائے گا کہ یہ تضاد، دو دبستانوں کی آئینہ داری کر رہا ہے۔ یہ خیال رہے کہ یہ کتاب لکھنؤ میں مکمل ہوئی تھی اور اُن کی شاعری نے ابتداءً فروغ دہلی میں پایا تھا۔ یہ جملۂ معترضہ تھا، جو یہاں پر ختم ہوا، اب اصل بحث پھر شروع کی جاتی ہے۔

اِس زمانے کے بعض شعرا کی مثالیں بھی اِس سلسلے میں دل چسپی کے ساتھ دیکھی جائیں گی اور ان سے مزید اس بات کا اندازہ کیا جا سکے گا کہ ترکیب کی صورت میں بھی نون کا اعلان تناسب کی حدود میں رہ سکتا ہے۔ بہ طورِ مثال محض دو چار مثالیں پیش کی جائیں گی:

توقع دوستوں سے کیوں وفاداری کی ہے تجھ کو
کسی کا کون اب شرمندۂ احسان ہوتا ہے
احسان دانش

اجالا ہے مشرق کے ایوان میں
سحر ہو گئی شام و یونان میں
سردار جعفری

شکستہ دوش پہ دیوارِ چین کو لادے
سروں پہ مصر کے اہرام کو اٹھائے ہوئے
سردار جعفری

دست و پا شل ہیں، کنارے سے لگا بیٹھا ہوں
لیکن اس شورشِ طوفان سے ہارا تو نہیں
(وامق)

مولانا محمد علی مرحوم کے یہ دو شعر بھی دیکھیے:

عالم میں آج دھوم ہے فتحِ مبین کی
سن لی خدا نے قیدیِ گوشہ نشین کی

بہرِ خدا، یہود و نصارا کو دو نکال
یہ ہے وصیت اُس کے رسولِ امین کی

اِن مثالوں سے (جن میں بہت کچھ اضافہ کیا جا سکتا ہے) مولانا احسن مارہروی کے اُس قول کی بھی تائید ہوتی ہے کہ "نیچرل شعرا خصوصاً اخفا کی قید کے پابند نہیں"۔ ان

Marfat.com

ساری مثالوں میں نون کا اعلان گراں نہیں گزرتا۔ اوپر جو کچھ لکھا گیا ہے اُس کی روشنی میں یہ مان لینا چاہیے کہ ترکیب کی صورت میں نون کا اعلان لازمًا غلط، غیر مناسب یا بارِ سماعت نہیں ہوسکتا۔ وہ مناسب بھی ہوسکتا ہے اور غیر مناسب بھی، اور اس کا تعلق صرف محلِّ استعمال اور اندازِ استعمال سے ہوگا۔ جہاں سلیقے سے ایسے الفاظ آئیں گے اور اُن الفاظ میں بجائے خود بھی اخفا یا اعلان سے کوئی خاص مناسبت ہوگی، وہاں اس طرح کی صورت پیدا ہوگی۔ مناسب اعلانِ نون کی مثالیں اوپر پیش کی گئی ہیں؛ ذیل میں چند ایسی مثالیں پیش کی جاتی ہیں جن میں ترکیب کی صورت میں، نون کا اعلان نہایت ناگوار معلوم ہوتا ہے:

ع: ہو ابر خجل دیدۂ گریان کے آگے (جرأت)

ع: دم مارے نہ دل اس دلِ نالان کے آگے (جرأت)

ع: میں طرفہ تماشا شبِ ہجران میں دیکھا (مصحفی)

اِن مقامات پر نون کا استعمال بارِ سماعت ہی نہیں، مخلِّ فصاحت بھی معلوم ہوتا ہے، اور اس طرح کی مثالیں بھی بہت پیش کی جاسکتی ہیں۔ بات وہی ہے کہ یہ سب لفظ وہ ہیں جو گفتگو میں بھی بہ اخفائے نون آتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ ایسے الفاظ میں نون کا اعلان ہمیشہ بُرا معلوم ہوگا۔

مختصر یہ کہ، ترکیب کی صورت میں نون کا اعلان مطلقًا غلط یا ناقابلِ قبول نہیں، اور یہ کہ اس کو کسی قاعدے کا اسیر نہیں بنایا جاسکتا۔ یعنی مسئلہ غلط اور صحیح کا نہیں، مناسب اور غیر مناسب کا ہے؛ اور مناسب و غیر مناسب کا فیصلہ محض محلِّ استعمال کی بنا پر کیا جائے گا اور بس۔ اِس بیان کو ایک دل چسپ مثال پر ختم کیا جاتا ہے، مثنوی زہرِ عشق کا معروف شعر ہے:

صبح کو طائرانِ خوش الحان — پڑھتے ہیں: کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانْ

Marfat.com

دوسرے مصرعے کا آخری ٹکڑا، ایک آیت کا جُزہے اور اُس میں آخری لفظ "فان" ہے جس کو اصولاً بہ اعلانِ نون "فان" پڑھنا چاہیے، کیوں کہ عربی میں اعلان و اخفا کا یہ جھگڑا نہیں، اور یوں بھی کہ اس کو اگر "فاں" پڑھا جائے تو یہ ایک طرح کی تحریف ہوگی۔ اگر اس کو "فان" پڑھا جائے (اور پڑھنا بھی اسی طرح چاہیے) تو پہلے مصرعے میں "طائرانِ خوش الحان" پڑھنا پڑے گا، یعنی بہ صورتِ ترکیب ن کا اعلان کرنا ہوگا۔ قاعدہ یہ کہے گا کہ اس کو "خوش الحاں" پڑھا جائے، مگر خوش مذاقی کا تقاضا یہ ہوگا کہ اس کو "خوش الحان" کہا جائے اور دوسرے مصرعے میں "فان" پڑھا جائے۔ اگر یہ مان لیا جائے کہ اخفا و اعلان کا مسئلہ کسی قاعدے کا اسیر نہیں، بلکہ محض محلِ استعمال سے خوب و ناخوب کا فیصلہ کیا جائے گا؛ اس صورت میں کوئی جھگڑا باقی نہیں رہے گا۔ یہ خیال رہے کہ قدیم اساتذہ (خصوصاً اساتذۂ دہلی) کا طرزِ عمل یہی تھا۔ درمیان میں جب شاعری اور زبان کو بہت سے غیر ضروری قاعدوں کے حصار میں مقید کرنے کا رجحان فروغ پذیر ہوگیا تھا: اُس زمانے میں اعلانِ نون کا یہ غیر ضروری اور قطعاً غیر مناسب قاعدہ بنا لیا گیا تھا اور اس کو آیت و حدیث والی اہمیت بخش دی گئی تھی۔ وہ زمانہ ختم ہوگیا، وہ حالات بھی ختم ہو گئے جب شعر گوئی پر، شعر سازی نے غلبہ پالیا تھا اور شعریت کے مقابلے میں بے روح صنعت گری نے اہمیت حاصل کر لی تھی: اس لیے اُس زمانے کی ایسی غیر مناسب پابندیوں کو بھی ختم ہو جانا چاہیے، اور قدیم اساتذہ کے مناسب طرزِ عمل کو اُس کی جگہ ملنا چاہیے۔

اوپر جو کچھ لکھا گیا، اُس کا تعلق مرکبات سے ہے مفرد الفاظ کے سلسلے میں اساتذہ نے یہ قاعدہ بنایا تھا کہ کچھ لفظوں کے علاوہ، جو گفتگو میں بالعموم بہ اخفائے نون بولے جاتے ہیں، باقی سب مفرد الفاظ کو بہ اعلانِ نون ہی نظم کیا جائے گا۔ کلب حسین خاں نادر نے

Marfat.com

لکھا ہے :

"جو ن آخرِ الفاظِ عربی فارسی میں آتا ہے، اگر وہ بے کسی ترکیب کے ہو، تو بہ اعلان موزوں کیا جائے، جیسا کہ اس مصرعے میں : کپڑے اتارتے ہیں بلا کر مکان میں .... غرض یہ ہے کہ جس طرح سے الفاظ روزمرّہ گفتگو میں بولے جاتے ہیں، اُسی طرح سے موزوں بھی ہوا کریں، مگر چند الفاظ ایسے بھی ہیں کہ جن میں یہ قاعدہ قائم نہیں رہتا، مثلاً گراں، اور خزاں، اور رواں، اور دواں، اور طپاں، اور عیاں، اور نہاں، وغیر ذالک؛ ان میں اعلان نہیں چاہیے، اس لیے کہ روزمرّہ گفتگو میں فصحا بہ اعلان نہیں بولتے ہیں، اس سبب سے اِن کا اعلان جائز نہیں۔" (تلخیصِ معلّٰی، ص ۲۹، ۳۰)

بعض اساتذہ نے، پابندیاں عائد کرنے کے شوق میں، یہ طے کر لیا کہ مفرد لفظوں کے نون کا اعلان لازمًا کیا جائے گا۔ ان میں منیر شکوہ آبادی اور شمشاد لکھنوی کا نام قابلِ ذکر ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ لزوم مالایلزم والی بات تھی۔ یہ مسرّت کی بات ہے کہ عام شعرا نے کبھی اس کی پابندی نہیں کی کہ ایسے مفرد الفاظ کو لازمًا بہ اعلانِ نون نظم کیا جائے۔ مفرد الفاظ کو دونوں طرح نظم کیا گیا ہے، اور یہی صحیح طرزِ عمل تھا ــــ اثر لکھنوی مرحوم نے منیر کے اس التزام کے سلسلے میں کہ مفرد لفظوں کو لازمًا بہ اعلانِ نون نظم کیا جائے، ایک دل چسپ روایت لکھی تھی :

"منیر شکوہ آبادی، شاگردِ ناسخ نے ایک مطلع کہا۔ ہاتھ ملتے تھے اور کہتے تھے، ہائے کیا خوب مطلع ہے، مگر دیوان میں نہیں رکھ سکتا، کیوں کہ "آسمان" بے عطف و اضافت نظم ہوا ہے، تاہم اعلانِ نون نہیں ہوتا

گنبدِ قبرِ دوستاں ٹوٹے اے زمیں تجھ پہ آسماں ٹوٹے"

(رسالۂ الحمرا (لاہور)، مارچ ۱۹۵۵ء)

Marfat.com

یہی منیر ایک جگہ نہایت مجبوری کے عالم میں کہتے ہیں :

منیر! افسردہ ہوں پابندیِ عطف و اضافت سے وگرنہ لطف دکھلاتا مضامینِ گریباں کا

(کلیاتِ منیر، ص ۲۲۶)

شمشاد لکھنوی کے متعلق، اُن کے شاگرد شوق نیموی نے لکھا ہے :

"وہ لوگ جن کو اعلان پر بہت اصرار ہے، ان کے دیوان میں بھی بعض جگہ بہ نونِ غنہ مستعمل ہے۔ چنانچہ استاذی شمشاد لکھنوی، جن کو متروکات سے نہایت ہی احتیاط ہے، اور اعلان کے باب میں بڑی کد رہتی ہے؛ ان کے دیوان خزانۂ خیال میں یہ اشعار موجود ہیں۔" (ایضاح، حاشیۂ اصلاح، ص ۱۸)

اور دو شعر لکھے ہیں جن میں "عنوان" اور "جنون" بہ اخفاے نون نظم ہوئے ہیں۔ شوق نے اسی سلسلے میں مزید لکھا ہے کہ: "مولف بھی وجوباً اعلانِ نون کا پابند نہیں" ـــــ مفرد الفاظ میں اعلانِ نون کے سلسلے میں اربابِ لکھنؤ میں، سب سے زیادہ متوازن راے خورشید لکھنوی کی تھی۔ انھوں نے "خون" اور "جان" کے ذیل میں لکھا ہے :

"گو بعض اساتذہ کل الفاظِ فارسی کو، جس میں نون بعدِ حرفِ مد واقع ہے، بہ اخفاے نون بغیرِ ترکیبِ فارسی ترک کر چکے ہیں، بہ استثنا ان الفاظ کے جن میں اخفاے نون واجب ہے، مثلاً نہاں، عیاں، زیاں وغیرہ کے؛ مگر میں نے ان دونوں لفظوں کو تو بلاشک ترک کر دیا ہے، کیوں کہ خاص ان دو لفظوں کو بہ اخفاے نون بے ترکیبِ فارسی ادا کرنا زبان پر بہت ہی برا معلوم ہوتا ہے، اور چند الفاظ ان کی پابندی میں وقت اور خوف بے معنی کلام بھی نہیں ہے، بہ خلاف اور تمام الفاظ کے، کہ ان میں دونوں باتیں ہیں، یعنی زبان پر برا بھی نہیں معلوم ہوتا اور پابندی میں خوف بے معنی کلام و وقت بھی بہت ہے: لہٰذا اور سب کو جائز رکھا ہے، ترک نہیں کیا ہے، مثل زبان، جہان، آسمان وغیرہ کے۔" (افادات، ص ۴۲)

Marfat.com

اصل بات یہی ہے کہ "دقّت" اور "بے مزگیِ کلام" صحیح معیار ہے اعلانِ نون کے مناسب وغیر مناسب ہونے کا۔ جہاں کلام میں بے مزگی پیدا ہو، وہاں غلط ہے اور یہ بے مزگی، کہیں اخفا سے بھی ہو سکتی ہے اور کہیں اعلان سے بھی ہو سکتی ہے۔ اس سلسلے میں ایسا کوئی قاعدہ نہیں بنایا جا سکتا جس کے تحت قطعیّت کے ساتھ یہ کہا جا سکے کہ نون کا اعلان یا اخفا، بجائے خود صحیح ہے یا غلط۔ اس سلسلے میں مفرد اور مرکب الفاظ یک ساں حیثیت رکھتے ہیں، ان میں کسی طرح کی تفریق نہیں کی جا سکتی۔ اس ضروری بات کی تکرار کی جاتی ہے کہ حروفِ علّت کے بعد آخرِ لفظ میں واقع نون کے اعلان یا اخفا کے مسئلے کو کسی قاعدے کا اسیر نہیں بنایا جا سکتا۔ یعنی یہاں یہ سوال سرے سے نہیں پیدا ہوتا کہ نون کا اعلان غلط ہے یا صحیح، بل کہ مسئلہ مناسب و غیر مناسب کا ہے؛ اور مناسب و غیر مناسب کا فیصلہ، قاعدے کی رو سے نہیں، حُسنِ کلام کی رو سے کیا جائے گا، جہاں جیسی صورت ہو۔

Marfat.com

مختاراتِ امیرؔ مینائی

ادبی خطوطِ غالب کے مولّف مرزا محمد عسکری صاحب نے (خدا اُن کی قبر کو ٹھنڈا رکھے) مولانا غلام رسول مہر مرحوم کو ایک خط میں لکھا تھا:

"حضرت! خود ستائی بہت بُری چیز ہے، مگر اتنا کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ادبی خطوطِ غالب، مطبوعہ ۱۹۲۹ء، مولّفہ خاکسار نے وہ کام کیا جو ہوا، آگ کے ساتھ کرتی ہے۔ یعنی اُن لوگوں کے دلوں میں، جن میں غالب پر ریسرچ کرنے کا مادّہ گویا دبا ہوا تھا؛ اُس کو بہت زور سے اُبھار دیا" (نقوش، مکاتیب نمبر، ص ۸۴۶)۔

مرزا صاحب مرحوم کی اس تالیف کو پڑھ کر، مجھے غالب پر تو ریسرچ کرنے کی جرأت نہیں ہوئی نہیں؛ یہ بھاری پتھر تھا، چومے بغیر ہی چھوڑ دیا۔ ہاں، یہ خیال ضرور آیا کہ جس طرح انھوں نے غالب کے خطوں کے اقتباسات کو ایک خاص انداز سے یک جا کر دیا ہے، اُسی سے ملتا جلتا ایک سلسلہ شروع کیا جائے، جس میں مشہور اساتذۂ اردو کے خطوں میں سے ایسی عبارتوں کو منتخب کیا جائے جن میں کسی ادبی مسئلے پر رائے ظاہر کی گئی ہو، کسی کتاب پر اظہارِ خیال کیا گیا ہو، زبان و بیان سے متعلق کسی استفسار کا جواب دیا گیا ہو، یا اصلاحِ شعر کے ضمن میں کسی نکتے کی وضاحت کی گئی ہو؛ اور اُن پر توضیحی حواشی لکھے جائیں۔ یہ مضمون

Marfat.com

جو اِس سلسلے کی پہلی کڑی ہے، اُسی خیال کا نتیجہ ہے۔

اُردو شاعری کا وہ دور جو ناسخ سے شروع ہو کر، امیر و جلال پر ختم ہوتا ہے؛ زبان و بیان کے لحاظ سے اہم حیثیت رکھتا ہے۔ بہت سے قاعدے اُسی زمانے میں وضع کیے گئے۔ شاعری کو نئی نئی پابندیوں میں مقید کرنے کا رجحان اُسی عہد کی پیداوار ہے۔ متروکات کی ساری غیر ضروری بحثیں اُسی دَور میں اٹھیں: تذکیر و تانیث، تلفظ اور غلط و صحیح کے دبستانی معیار کے ہنگامے بھی اُسی عرصے میں صف آرا ہوئے۔ خاندانِ ناسخ کے شاعروں نے اور اُن کے زیرِ اثر دوسروں نے، اُن قاعدوں کی پابندی کو فرضِ عین قرار دیا جن کو تلامذۂ ناسخ نے اور خاص طور پر رشک نے، آیت و حدیث کا درجہ بخش دیا تھا۔ یہی نہیں، رفتہ رفتہ یہ رجحان بھی فروغ پانے لگا کہ اُن پابندیوں کے ساتھ نئے نئے التزامات کو بھی شامل کیا جائے۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ متعدد اساتذہ کے مختارات و متروکات کی فہرستیں الگ الگ مرتب ہو گئیں، جن کی پابندی اُن کے حلقہ بگوشوں کے لیے لازم تھی ــــ اِس کا ایک نتیجہ یہ بھی ہونا چاہیے تھا کہ معمولی سے اختلاف پر، غیر معمولی بحثیں شروع ہو جائیں جن میں اثباتِ حق سے زیادہ، اپنی بات کے برحق ہونے پر زور دیا جائے۔ اور یہ ہوا۔

دہلی و لکھنؤ کا اختلاف، پُرانی داستان ہے۔ سیّد انشا کی دریائے لطافت میں اُس کی ابتدائی تفصیلات کو دیکھا جا سکتا ہے۔ امیر و جلال کے ابتدائی زمانے تک یہ اختلاف، بہت سے مرحلے طے کر چکا تھا اور اُن کے آخری زمانے تک، یہ معراجِ کمال پر پہنچ چکا تھا۔ داغ کے ابتدائی دَورِ شاعری تک، اساتذۂ دہلی کے یہاں قواعدِ زبان و بیان کے سلسلے میں، اساتذۂ لکھنؤ کی طرح سخت گیری نہیں تھی اور نہ التزام کا وہ عالم تھا۔ سچ تو یہ ہے کہ شاعری کے سارے غیر ضروری ضابطے لکھنؤ ہی میں وضع کیے گئے اور اُن کی لازمی پابندی پر بھی وہیں زور دیا گیا۔ اساتذۂ دہلی کے یہاں یہ رجحان تقریباً مفقود تھا۔ اخفا و اعلانِ نون، سقوطِ حروفِ علّت، تراکیبِ مہمل جیسے قاعدوں کو اساتذۂ دہلی نے قابلِ التفات ہی

Marfat.com

نہیں سمجھا تھا۔ اور متروکات کی فہرستیں بھی یہاں نہیں بنائی گئی تھیں۔ داغ نے البتہ اِن ضوابط کی طرف باقاعدہ توجہ کی اور اپنے شاگردوں کے لیے اِن پابندیوں کو ضروری قرار دیا۔ وہ تنہا اپنی ذات سے ایک انجمن تھے۔ لیکن یہ بات پیشِ نظر رہنا چاہیے کہ داغ کے یہاں اِس رجحان کے فروغ پانے کی اصل وجہ، دربارِ رام پور سے اُن کی وابستگی تھی۔

رام پور میں نوّاب کلبِ علی خاں کے زمانے میں، اساتذۂ اُردو کا جو بے مثال اجتماع ہوگیا تھا؛ اُس میں اکثریت اساتذۂ لکھنؤ کی تھی۔ دہلی کی نمایندگی کرنے والوں میں نمایاں شخصیت داغ کی تھی۔ نوّاب کلبِ علی خاں کو متروکات، تذکیر و تانیث اور اس قسم کے دوسرے مسائل سے خاص دل چسپی تھی، جس کے اثر سے مصاحب منزل کے جلسوں میں ایسی بحثیں برابر ہوتی رہتی تھیں۔ اس صورتِ حال کا یہ نتیجہ ہونا ہی چاہیے تھا کہ داغ کی توجہ ان مسائل کی طرف منعطف ہو۔ یہ وہی صورتِ حال تھی جو مصحفی کو لکھنؤ میں پیش آئی تھی اور جس کا ذکر انھوں نے اپنے دیوانِ ششم کے دیباچے میں کیا ہے۔ مصحفی جیسے شاعر اور اُستاد کو، لکھنؤ کے مشاعروں میں کامیاب ہونے کے لیے، ناسخ کے انداز کو اپنانا پڑا تھا۔ (تفصیلات کے لیے دیکھیے مقدمۂ انتخابِ ناسخ، شائع کردہ مکتبۂ جامعہ دہلی)۔

لکھنؤ میں جس تہذیب کی آب یاری ہوئی، اُس میں ظاہر آرائی پر بہت زور تھا۔ دہلی سے متاثر رہنے کے احساس نے، جذبۂ رقابت کو فروغ بخشا کوشش کی [illegible] زندگی کے مختلف مظاہر میں نئے پن کی نمود اس طرح ہو کہ امتیا[illegible] ایسے حالات میں بے روح ظاہر آرائی کو فروغ ہوتا ہے اور سطحی باتوں کو بنیادی حیثیت مل جاتی ہے۔ شاعری میں بھی اِسی کی نمود ہوئی۔ لکھنؤ کی زبان اور انداز کو امتیاز کا شرف بخشنے کے لیے، اور عناصر کے علاوہ، مختلف قسم کی پابندیوں کو نافذ کرنے کا رجحان بھی اِسی کی دین ہے۔ دہلی میں یہ صورتِ حال تھی ہی نہیں۔ وہاں کسی نئی معاشرت کا نقش درست نہیں ہو رہا تھا، نہ وہاں کی تہذیبی روایتوں کو کسی طرح کے مقابلے کا احساس تھا۔

Marfat.com

جس کے لیے غیر ضروری التزامات کی ضرورت ہو۔ یہی وجہ ہے کہ دہلی میں قواعدِ شاعری کی تفصیلات اِس طرح مرتّب نہیں ہوئیں۔ داغ کے شروع کے کلام میں قواعدِ شاعری اور متروکات کے لحاظ سے ایسی کئی چیزیں ملتی ہیں جن کو انھوں نے بعد میں ترک کر دیا۔ یہ بھی ایک واقعہ ہے کہ قواعدِ شاعری، متروکات وغیرہ کی بہت سی بحثیں اُسی زمانے میں اٹھی تھیں، جن کی تہ میں دہلی و لکھنؤ کی دبستانی کش مکش کارفرما تھی، اور اس طرح دبستانی اختلافات زیادہ وسعت اور شدّت کے ساتھ معرضِ بحث میں آئے؛ جس کے اثرات بہت دنوں تک فضا میں صدائے بازگشت پیدا کرتے رہے۔

یہ دور ایک اور لحاظ سے بھی اہم ہے۔ اُردو کے کئی مشہور لُغت اسی زمانے میں مرتّب ہوئے، جیسے: نفس اللغۃ، فرہنگِ آصفیہ، امیر اللغات، گلشنِ فیض (وغیرہ)۔ فرہنگِ آصفیہ کو کچھ لوگوں نے دہلی و لکھنؤ کے دبستانی اختلافات کی روشنی میں دیکھا اور جلالؔ کے لُغت کو اُن کے بعض مخالفوں نے اعتراضات کی کسوٹی پر کسا۔ اِس طرح بھی بہت سی بحثیں اٹھیں، جو دنوں تک اخبار و رسائل کے صفحات پر دل چسپی کے گل کھلاتی رہیں ـــــ اسی دور میں زبان و بیان کے عام مباحث، متروکات اور تذکیر و تانیث پر بھی کئی رسالے لکھے گئے، جیسے کلبِ حسین خاں نادرؔ کی کتاب تلخیصِ معلّیٰ، صفیرؔ بلگرامی کی رشحاتِ صفیر، جلالؔ کے رسالے مفید الشعرا اور قواعد المنتخب، شوقؔ نیموی کے رسالے اصلاح اور ازاحۃ الاغلاط، کمالؔ خلفِ جلالؔ کا رسالہ دستور الفصحا (وغیرہ)۔ یہ سب اُس زمانے کی بہت سی بحثوں کی دستاویزیں ہیں۔ اِن رسالوں کے اثر سے بھی ضروری اور غیر ضروری بحثوں میں اضافہ ہوتا رہا۔

غرض یہ زمانہ معرکے کی بحثوں کا ہے۔ ان بحثوں کے کچھ اجزا مختلف کتابوں میں محفوظ ہیں اور کچھ اساتذہ کے مکاتیب میں۔ اُس زمانے میں شاگردی و استادی کا رشتہ بہت اُستوار ہوتا تھا۔ اساتذہ کی یہ کوشش رہتی تھی کہ زبان و بیان کے مسائل، خاص طور

Marfat.com

پر اختلافی امور کو تلامذہ کے ذہن نشین کرایا جائے اور اُن کی پابندی کرائی جائے۔ یہ فریضہ جوابِ استفسارات کے علاوہ، اصلاحِ کلام کے ذیل میں مفید حواشی کے واسطے سے بھی ادا کیا جاتا تھا۔ دوسرے لوگ بھی زبان و بیان سے متعلق سوالات پوچھتے رہتے تھے، اور یہ لوگ فراخ دلی کے ساتھ جواب دیتے تھے۔ اساتذہ کے ایسے خطوں کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اُن میں قابلِ قدر معلومات محفوظ ہیں اور اِن خطوں کا مطالعہ، بہت سی باتوں کو مختلف انداز سے سمجھنے کے لیے ضروری ہے۔

متعدد اساتذہ کے خطوں کے مجموعے چھپ چکے ہیں۔ جن لوگوں کے مجموعے نہیں چھپے ہیں، اُن کے بہت سے خط دوسرے مجموعوں میں محفوظ ہیں۔ صفدر مرزا پوری نے مرقعِ ادب کے نام سے دو جلدوں میں خطوں کا ایک نہایت دل چسپ اور قابلِ قدر مجموعہ اپنی یادگار چھوڑا ہے۔ اُن کی ایک دوسری تالیف مشاطۂ سخن میں متعدد اساتذہ کی اصلاحیں اور ضروری تشریحات یک جا ملتی ہیں۔ مجلۂ نقوش (لاہور) کے مکاتیب نمبر کی دو ضخیم جلدیں بے شمار خطوں کی امین ہیں اور خطوط نمبر کی تین جلدیں اب سے چند سال پہلے آئی ہیں، جو نہایت اہم خطوط کا مجموعہ ہیں۔ فنِ اصلاح پر لکھی گئی کتابوں میں، خصوصاً مشاطۂ سخن کی دو جلدوں میں، اصلاحات کے ذیل میں، خطوں کے اقتباسات بھی شامل ہیں۔ مختلف رسائل میں بہت سے خط چھپے ہیں اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ زبان و بیان پر کام کرنے والوں کے لیے اِن سب کا مطالعہ ناگزیر ہے۔

. . . . . .

اِس سلسلے کی پہلی قسط مکاتیبِ امیر مینائی پر مشتمل ہے۔ امیر احمد امیر مینائی، تلمیذ اسیر، اپنے زمانے کے معروف و مستند اُستاد تھے۔ ولادت: ۱۶ر شعبان ۱۲۴۴ھ۔ وفات: ۱۸ر جمادی الثانی ۱۳۱۸ھ (سوانحِ امیر، مرتبہ جلیل مانک پوری)۔ اُس زمانے میں امیر و داغ سے زیادہ شاگرد شاید ہی کسی کو نصیب ہوئے ہوں۔ آمیر مینائی کے خطوں کے مطالعے سے

Marfat.com

نیز اُن کے سوانح سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ وسیع الاخلاق انسان اور شفیق اُستاد تھے، اور نکاتِ زبان وبیان بتانے میں فراخ دل۔ اُن کے شاگرد احسن اللہ خاں ثاقب نے مکاتیبِ امیر کی ترتیب کے سلسلے میں، اُن کے بعض تلامذہ و اخلاف کے عدمِ تعاون کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے: "اس بے پروائی کے ساتھ جب جنابِ مرحوم کا خُلق اور محبت یاد آتی ہے تو زمانہ آنکھوں میں تیرہ وتار ہو جاتا ہے۔ ایسا کوئی عریضہ میں نے استاد کی خدمت میں نہیں بھیجا کہ جس کا جواب نہ دیا گیا ہو۔ اور کوئی ایسا مسئلہ فنِ شعر کے متعلق دریافت نہیں کیا کہ جس کی جانب توجہ نہ فرمائی ہو" (دیباچہ مکاتیبِ امیر)۔ یہی وجہ ہے کہ امیر کے خطوں میں مختلف مسائل بکھرے ہوئے ہیں۔ امیر اللغات کے مولّف کی حیثیت سے بھی اُن کو بہت سے استفسارات کا جواب دینا پڑتا ہوگا۔

امیر کے سب خط شائع نہیں ہو سکے۔ بہت سے خط جو اُن کے کسی شاگرد نے جمع کیے تھے، گم ہو گئے۔ انھوں نے اپنے شاگرد زاہد سہارن پوری کو ایک خط میں لکھا تھا:

> "خطوط جب میں فکر سے اچھے لکھتا تھا، وہ ذخیرہ ایک سوکنی جُز کا میرے ایک شاگرد نے جمع کیا تھا۔ سولہ برس ہوئے کہ وہ بے چارہ مر گیا اور اُس ذخیرے کا پتا نہ لگا۔ تین چار شاگردوں نے کبھی کبھی کچھ خطوں کی نقلیں اپنی پسند کے موافق لکھ لیں، وہ جا بجا ہیں۔ بعض تحریروں کی نقلیں لڑکوں نے کر لی ہیں۔ اور جب سے دفترِ امیر اللغات کھولا گیا ہے، محرّرانِ دفتر بعض مکاتیب لکھ لیتے ہیں۔ یہ سب بھی جمع ہوں، تو ایک مجموعہ ہو سکتا ہے"

(مکاتیبِ امیر مینائی، ص ۱۶۴۔ مکتوبہ ۷/اپریل ۱۸۹۱ء)۔

احسن اللہ خاں ثاقب نے بہت کوشش کی، لیکن مجموعۂ مکاتیبِ امیر کے دوسرے اڈیشن میں وہ ۲۳۳ سے زیادہ خط جمع نہیں کر سکے۔ ان کے لکھنے کے مطابق، امیر کے بعض تلامذہ اور اخلاف نے بالکل تعاون نہیں کیا۔ امیر کے شاگردوں کے پاس یقیناً خطوں کا

Marfat.com

اچھا خاصا ذخیرہ تھا، مگر مختلف وجوہ سے، وہ سب خط سامنے نہیں آسکے۔ زاہد سہارنپوری نے ایک خط میں ثاقب کو لکھا تھا:

"عرصہ ہوا، میرا وہ بکس جس میں ضروری کاغذات رہا کرتے تھے، چوری گیا تھا۔ اس میں ۱۸۸۷ء کے قبل کے اکثر خطوط تھے۔۔۔ بعض خطوط اس لیے نقل نہیں کر سکا کہ جنابِ مرحوم نے ان کو نظرِ اغیار سے محفوظ رکھنے اور کسی کو نہ دکھلانے کی تاکیدِ اکید کر دی تھی۔ مابقی ارسالِ خدمتِ شریف ہیں۔" (مکاتیبِ امیر مینائی ص ۱۵۳)

اِسی خط میں آگے چل کر زاہد نے لکھا ہے: "جناب مرحوم کے خطوط اگر زیادہ مطلوب ہوں تو اخوی منشی محمد احمد صاحب قمر سے رام پور میں، اور محبی حافظ جلیل حسن صاحب سے حیدر آباد دکن میں، اور مشفقی ممتاز علی صاحب آہ۔۔۔ سے ضرور خط و کتابت کیجیے، جن میں سے آخر الذکر کے پاس یقیناً پورا ذخیرہ جمع ہوگا، کیوں کہ انھوں نے بھی کچھ دن ہوئے ایسا ہی قصد کیا تھا، جو اَب تک بعض وجوہ سے انجام کو نہیں پہنچا۔" لیکن ان لوگوں میں سے کسی نے خط ثاقب کے حوالے نہیں کیے۔ آہ نے جو امیر کی سوانح عمری لکھی ہے، اُس میں صرف آٹھ خط درج کیے ہیں۔ اِس مقالے میں مکاتیبِ امیر کے اقتباسات کے لیے درجِ ذیل مآخذ پیشِ نظر رہے ہیں:

(۱) مکاتیبِ امیر مینائی: امیر کے شاگرد مولوی احسن اللہ خاں ثاقب نے ۱۹۰۳ء میں اُن کے خطوں کو جمع کرنے کی طرف توجہ کی۔ ۱۹۱۰ء میں یہ مجموعہ مکمل ہوا (دیباچہ: مجھے یہ پہلا اڈیشن نہیں مل سکا۔ دوسرے اڈیشن کے آخر میں جو قطعاتِ تاریخ طبع ہیں، اُن میں ایک قطعہ وحشت کلکتوی کا بھی ہے، جس کا آخری شعر یہ ہے: فکر تاریخ داشتم وحشت: گفت ہاتف "بلیغ مکتوبات"۔ اس سے سالِ طبع ۱۹۱۱ء نکلتا ہے۔ اس کا تاریخی نام "خطوطِ منشی امیر احمد" ہے۔ اس کا دوسرا اڈیشن نظرِ ثانی اور اضافے کے ساتھ، ۱۹۲۴ء میں مطبعِ ادبیہ

Marfat.com

ٹاٹوش روڈ لکھنؤ سے شائع ہوا۔ یہی اڈیشن پیشِ نظر ہے۔ اس مجموعے میں کُل ۲۳۳ خط ہیں۔ شروع میں ایک مفصل مقدمہ ہے، جس میں امیر کی سوانح، تصانیف اور تلامذہ کے مختصر تذکرے کے ساتھ ساتھ، امیر و داغ کی شاعری کا تقابل بھی کیا گیا ہے۔ اشاعتِ اوّل پر جو تبصرے ہوئے تھے، وہ بھی آخر میں شامل کر دیے گئے ہیں۔ خطوں کے بیش تر اقتباسات اِسی مجموعے سے لیے گئے ہیں۔

(۲) مرقعِ ادب: صفدر مرزا پوری نے اساتذہ کے خطوں کا ایک مجموعہ، دو جلدوں میں مرتّب کیا تھا۔ اُس کی پہلی جلد میں امیر کے ۲۳ خط ہیں۔ ثاقب نے مکاتیبِ امیر مینائی کے دوسرے اڈیشن میں ان خطوں کو شامل کر لیا ہے۔ اس کی دوسری جلد میں امیر کے دس خط ہیں۔ یہ دسوں خط دل شاہ جہاں پوری کے نام ہیں۔ ان میں سے تین خطوں کے اقتباسات اس مقالے میں شامل کیے گئے ہیں۔ ان کے نمبر ہیں: ۵۵، ۵۶، ۵۷۔

(۳) نقوش: اس کے مکاتیب نمبر میں امیر کے چودہ خط ہیں۔ ان میں سے چھے خط تو واقعتاً پہلی بار شائع ہوئے ہیں (دو خط بہ نام وسیم خیر آبادی، ایک خط بہ نام داغ، دو خط بہ نام رآزر رام پوری، ایک خط بہ نام احسن مارہروی) باقی آٹھ خط جو بہ نام دل شاہ جہاں پوری ہیں، وہی ہیں جو مرقعِ ادب کی دوسری جلد میں شامل ہیں۔ ان میں سے سات خط تو مکمّل ہیں، اور ایک خط (۱۱) نامکمّل ہے۔ یہ مرقعِ ادب میں مکمّل صورت میں موجود ہے۔ اوّل الذّکر چھے خطوں کا کوئی اقتباس اس مقالے میں شامل نہیں۔

(۴) سوانحِ امیر: امیر کے شاگرد اور عزیز، شاہ محمد ممتاز علی آہ نے امیر کی سوانح عمری لکھی تھی، جو اُن کے انتقال کے بعد، ادبی پریس لکھنؤ سے ۱۹۴۱ء میں شائع ہوئی۔ اس تاریخی نام "سیرتِ امیر احمد مینائی" ہے۔ آہ کا انتقال ۱۵ رمضان ۱۳۵۴ھ کو ہوا تھا (دیباچۂ سوانحِ امیر) اس کتاب میں امیر کے آٹھ خط ہیں۔ یہ آٹھوں خط آہ کے نام ہیں۔ ان میں بھی زبان و بیان سے متعلق کوئی خاص بات نہیں۔ ان خطوں سے بھی کوئی

Marfat.com

اقتباس نہیں لیا گیا۔

صہبائے مینائی: یہ ڈاکٹر آفتاب احمد صدیقی کی تصنیف ہے جو ڈھاکہ یونیورسٹی میں اُردو اور فارسی کے استاد تھے۔ اس پر سنہِ اشاعت موجود نہیں۔ ڈاکٹر عندلیب شادانی کا مقدمہ شاملِ کتاب ہے، جس کے آخر میں "یکم دسمبر ۱۹۵۸ء" لکھا ہوا ہے؛ اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ اس کتاب میں امیر کے آٹھ خط ہیں۔ اِن میں سے تین خط بہ نام دل شاہ جہاں پوری ہیں اور یہ تینوں خط مرقعِ ادب میں موجود ہیں۔ ان میں سے خط ۳ نامکمل ہے۔ یہ وہی خط ہے جو نقوش میں بھی نامکمل شائع ہوا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایک ہی صاحب نے ایک بار وہ ناتمام خط مدیرِ نقوش کے حوالے کر دیا اور دوسری بار مولفِ کتاب کو دے دیا اور انھوں نے بغیر تحقیق درجِ کتاب کر دیا۔ اس کتاب میں تین خط کسی نامعلوم مکتوب الیہ کے نام ہیں۔ ان میں سے ایک خط دراصل روشن بدایونی (تلمیذِ امیر) کے نام ہے۔ اتفاق سے اصل خط جناب عبرت صدیقی بریلوی (تلمیذِ دل شاہ جہاں پوری) کے پاس محفوظ ہے۔ صہبائے مینائی میں یہ خط نامکمل ہے۔ عبرت صاحب نے میری درخواست پر، اصل خط سے استفادے کی اجازت دی۔ میں نے اصل خط سے باقی ماندہ عبارت نقل کی ہے۔ اِس مقالے میں صہبائے مینائی سے تین خطوں کے اقتباسات شامل کیے گئے ہیں۔ مذکورۂ بالا خط بھی ان میں شامل ہے۔ ان کے نمبر ہیں: ۵۸، ۵۹، ۶۰۔ ہاں، مصنف نے یہ کہیں نہیں بتایا ہے کہ امیر کے یہ آٹھ خط اُن کو کہاں سے ملے ہیں۔ میں نے دو وجہوں سے ان خطوط سے استفادہ کرنا غیر مناسب نہیں سمجھا: ایک تو یہ کہ اُن آٹھ خطوں میں سے تین خط دوسری جگہ بھی امیر کے نام سے شائع ہو چکے ہیں اور یہ خط ہر طرح کے شبہے سے بری ہیں اور ایک خط (بہ نام روشن بدایونی) کی اصل خود میں نے دیکھی ہے۔ دوسرے یہ کہ ان باقی ماندہ خطوں میں بھی ایسی کوئی بات نہیں ملتی کہ اُن پر ضرور شک کیا جائے۔ میری رائے میں یہ امیر ہی کے خط ہیں اور اس انتساب پر شک کرنے کی کوئی معقول وجہ نہیں

Marfat.com

نہ خارجی طور پر، نہ داخلی سطح پر۔

مشاطۂ سخن : صفدر مرزا پوری نے اساتذہ کی اصلاحوں کو دو جلدوں میں جمع کیا ہے۔ اس میں امیر کی اصلاحات کے ذیل میں متعدد خطوں کی مختصر عبارتیں بھی درج ہیں ان میں سے تین عبارتیں ایسے خطوں کی ہیں جو مجموعۂ مکاتیب مرتبۂ ثاقب میں موجود نہیں، نہ کہیں اور ملتے ہیں۔ ان عبارتوں کو بھی بہ ذیلِ مکاتیب شامل کر لیا گیا ہے۔ حاشیے میں نشان دہی کر دی گئی ہے۔

یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ مشاطۂ سخن میں ان مذکورہ عبارتوں کے علاوہ، امیر کے کچھ ان خطوں کی بھی عبارتیں مع اصلاحات منقول ہیں جو ثاقب کے مرتبہ مجموعے میں شامل ہیں، متعدد مقامات پر مشاطۂ سخن اور مجموعۂ مکاتیب کی عبارتوں میں اختلاف ملتا ہے۔ میں نے ایسی عبارتوں کو عموماً مشاطۂ سخن کے مطابق لکھا ہے اور بالعموم اِس کی صراحت بھی کر دی ہے۔ اگر کہیں اس کے خلاف کیا ہے تو اُس کی بھی نشان دہی کر دی ہے ـــــ کئی جگہ یہ صورت ہے کہ مشاطۂ سخن میں امیر کے مکتوب کی جو عبارت منقول ہے، اُس عبارت کا کچھ حصہ مشاطۂ سخن میں تو ہے، مگر مجموعۂ مکاتیب میں موجود نہیں، ایسی عبارتوں کو قوسین میں لکھا گیا ہے اور حاشیے میں اس کا ذکر کر دیا گیا ہے۔

سوانحِ امیر مینائی : جلیل مانک پوری (جانشینِ امیر) نے امیر کی مختصر سی سوانح عمری اور طویل انتخابِ کلام پر مشتمل ایک کتاب مرتب کی تھی، جو مطبعِ سیدی دارالشفا حیدر آباد سے ۱۳۴۷ھ میں شائع ہوئی تھی۔ اس کتاب میں امیر کا کوئی خط یا کسی خط کی عبارت تو موجود نہیں، البتہ لفظ "سدا" سے متعلق امیر کا ایک قول درج ہے۔ چوں کہ اِس لفظ کے متعلق امیر نے کہیں اور رائے ظاہر نہیں کی ہے اور بجائے خود یہ رائے بہت اہم ہے، خصوصاً بحثِ متروکات کے سلسلے میں، اِس لیے اِس قول کو بھی اِس مقالے میں شامل کر لیا گیا ہے، اِس کا نمبر ہے ۶۱۔

Marfat.com

ہماری زبان : رسالہ اصلاحِ سخن (لاہور) میں آمیر کے تین خط شائع ہوئے تھے۔ ہماری زبان (علی گڑھ) کے شمارۂ یکم نومبر ۱۹۶۳ء میں سلطان اشرف صاحب نے اُن خطوں کو اصلاحِ سخن سے نقل کر کے، شائع کرایا ہے، مگر انھوں نے یہ نہیں لکھا کہ یہ خط اس رسالے کے کس شمارے میں شائع ہوئے تھے۔ یہ تینوں خط حفیظ جون پوری (تلمیذِ آمیر) کے نام ہیں۔ ان خطوں سے بھی کوئی اقتباس نہیں لیا گیا ہے۔ ہاں، رسالہ اصلاحِ سخن کے اڈیٹر، داغ کے معروف شاگرد وجاہت جھنجھانوی تھے، جن کی کتاب اختلاف اللسان دہلی و لکھنؤ کی دبستانی کش مکش کے سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔

نقوش : نقوش کے خطوط نمبر کی پہلی جلد میں آمیر کے سات خط چھپے ہیں مگر ان میں سے اکثر خط مطبوعہ ہیں۔ صرف ایک خط سے ایک اقتباس اس مضمون میں شامل کیا گیا ہے۔ اس کا نمبر ہے ۶۲ء۔

تاریخِ نثرِ اردو : تالیفِ مولانا احسن مارہروی، متوفی : ۳۰ اگست ۱۹۴۰ء (جلوۂ احسن، ص ۶۷) اس میں آمیر کا ایک خط ہے۔ اس خط کو اس مضمون میں شامل کیا گیا ہے۔ (۶۳ء) مولف کی صراحت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب دو جلدوں پر منقسم کی گئی تھی۔ پہلی جلد ۱۹۳۰ء میں، مسلم یونیورسٹی پریس علی گڑھ میں چھپی تھی۔ دوسری جلد کے متعلق یہ لکھا گیا تھا کہ یہ "زیرِ طبع ہے"، مگر یہ دوسری جلد شائع نہیں ہو سکی۔ مولانا کے صاحب زادے رفیق احسن مارہروی نے اپنی کتاب جلوۂ احسن میں لکھا ہے : "افسوس اس کتاب کی دوسری جلد مولانا مرحوم ترتیب نہ دے سکے، حالاں کہ مواد سب موجود تھا۔ وہ مواد میری دسترس سے دور ہے، ورنہ تاریخِ نثرِ اردو کی دوسری جلد ضرور طبع اور شائع ہوتی۔" (جلوۂ احسن، ص ۷۷) معلوم نہیں صحیح صورتِ حال کیا تھی۔

جناب ابو محمد سحر نے اپنی کتاب مطالعۂ امیر میں لکھا ہے کہ "سوانحِ اسلاف مولفہ ولایت علی خاں عزیز صفی پوری" اور رسالہ نیرنگ (دہلی) کے آمیر نمبر میں بھی آمیر کے بعض

Marfat.com

خط ہیں اور دو خط رضا لائبریری رام پور میں ہیں۔ میں ان خطوں کو نہیں دیکھ سکا۔ ممکن ہے ان میں کوئی خط ایسا ہو جن میں کوئی ادبی مسئلہ زیرِ بحث آیا ہو۔

امیر کے خط کئی جگہ چھپے ہیں، عبارتوں کا مقابلہ کرنے پر معلوم ہوا کہ بعض جملوں میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ اور غالباً اس کی وجہ یہ ہے کہ مختلف لوگوں نے خطوں کی نقلیں تیار کیں۔ اغلاطِ کتابت مزید برآں۔ مثلاً لفظ "پارسل" ایک خط مشمولہ "مجموعۂ مکاتیب" میں مونث ملتا ہے: "پارسل دیوان کی روانہ کرتا ہوں" (مکاتیبِ امیر مینائی، مرتبہ ثاقب، ص ۲۴۱)۔ مرقعِ ادب کے دوسرے حصے میں ص ۳۱ پر امیر کا ایک خط بہ نام دل شاہ جہاں پوری ہے، اُس میں یہ لفظ مذکر ہے: "آپ کا پارسل آیا ہوا ہے"۔ لفظ "دُمّل" مجموعۂ مکاتیب میں ایک جگہ مونث ہے: "ایک دُمّل نکل آئی تھی" (ص ۲۵۲)۔ اِسی مجموعے کے ایک دوسرے خط میں یہ مذکر ہے: "میری ران میں ایک دمّل نکل آیا ہے" (ص ۳۴۴)۔ یہ خط مرقعِ ادب حصۂ اول سے ماخوذ ہے، اور وہاں بھی مذکر لکھا ہوا ہے۔ ایسی اور مثالیں بھی ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ یہ پہلو بھی نظر میں رہنا چاہیے۔ ہاں، یہ عرض کر دوں کہ امیر نے "پارسل" کو مذکر ہی لکھا ہے۔ نقوش کے خطوط نمبر کی پہلی جلد میں امیر کے خط کا عکس چھپا ہے، اُس میں "آپ کا پارسل آیا ہوا رکھا ہے" ملتا ہے۔

امیر کی یہ تحریریں اس لحاظ سے بھی دیدنی ہیں کہ قواعدِ زبان و بیان پر کام کرنے والوں کو ان میں بہت مسالا ملے گا۔ بہت سے جملوں کی بناوٹ، ترکیبیں وغیرہ قابلِ توجہ ہیں۔ بعض اُمور کی طرف اشارے کیے جاتے ہیں۔ قوسین میں مکاتیبِ امیر مینائی مرتبہ ثاقب کے صفحات نمبر ہیں۔

(۱) عبارتوں میں تراکیبِ مہمل کا استعمال بے تکلفی کے ساتھ کیا گیا ہے۔ جیسے: لوچ دار (۱۸۷) متصلِ سڑک (۳۰۹) جگ آشنا (۳۵۷) بہ واپسیِ ڈاک (۳۴۹) کمیٹیِ انتخاب (۲۳۶) مزے دار (۱۸۷) ممبرانِ کمیٹی (۳۲۸) ارکانِ اسٹاف (۲۳۸) وغیرہ۔

Marfat.com

(۲) بعض الفاظ کا استعمال مثلاً امیر نے ہر جگہ "سرسری" کے بجائے "سراسری" لکھا ہے۔ یا جیسے: "لغت میں مصروفی اور محنت کی بہت حاجت ہے"۔

(۳) بعض صفتیں جیسے: خوب صورت نیا تخلص (۲۹۵) بعض محاورے جیسے: خیر بھائی، تمھاری ہی آنکھ اونچی رہے (۲۰۶) "آنکھ اونچی رہنا" نہ تو فرہنگِ آصفیہ میں ہے نہ نور اللغات میں۔ امیر اللغات بھی اس سے خالی ہے۔

کئی خطوں میں امیر اللغات کا ذکر ہے اور اس کے واسطے سے کچھ ایسی بھی باتیں آگئی ہیں جن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ لغت نویسی کے سلسلے میں امیر کا اندازِ فکر کیا تھا۔ اور یہ کہ صحت پسندی اور فصاحت کے معیار کے سلسلے میں اُن کے سوچنے کا کیا ڈھنگ تھا۔ مثلاً انھوں نے ایک خط میں لکھا ہے کہ کلامِ نظیر اکبرآبادی نے ایک لفظ کا فائدہ نہیں دیا۔ اس سے یہ اندازہ ضرور کیا جا سکتا ہے کہ لغت نویسی کا محدود تصور اور معیار پسندی کا مسلمہ انداز، اُن کے بھی راستے کا پتھر تھا۔ ایسی ہی بعض اور باتیں، آج کے کام کرنے والوں کے سامنے یہ سارے مسائل و معاملات رہنا چاہیے اور اس لحاظ سے ان خطوں کی بھی اہمیت ہے۔ متروکات، بعض قواعد اور متعدد الفاظ کے سلسلے میں جو رائیں ظاہر کی گئی ہیں، آج زبان و بیان پر کام کرنے والوں کو اُن سے بھی واقفیت حاصل کرنا ضروری ہے۔

ان خطوں میں بہت سے مختلف فیہ مسائل کا تذکرہ ہے اور امیر کی کچھ رائیں موجودہ معلومات کی روشنی میں، نظرِ ثانی کی طلب گار نظر آتی ہیں، حواشی میں ان کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ امیر کے خطوں میں جن کتابوں کے نام آئے ہیں، ان میں سے بیشتر کے متعلق ضروری معلومات کو یک جا کر دیا گیا ہے خطوں میں جو اشعار سند آئے ہیں، شعرا کے دواوین سے اُن کا مقابلہ کر لیا گیا ہے اور دواوین کے صفحات نمبر بھی لکھ دیے گئے ہیں۔ خطوں میں سے اُنھی عبارتوں کو لیا گیا ہے جن میں زبان و بیان سے متعلق یا کسی کتاب کے متعلق یا کسی اہم فرد کے متعلق کچھ ملتا ہے۔ طریقہ یہ اختیار کیا گیا ہے کہ پہلے خط کا

Marfat.com

اقتباس درج کیا گیا ہے، پھر اُس سے متعلق حاشیے کی عبارت لکھی گئی ہے۔ جن خطوں میں تاریخیں موجود ہیں، ان کے اقتباسات کے آخر میں اُن تاریخوں کو بھی لازماً لکھا گیا ہے۔ یہی صورت مکتوب الیہ کے نام کی ہے۔ اس مقالے میں بیش تر اقتباسات مکاتیبِ امیر پنائی، مرتبۂ ثاقب سے لیے گئے ہیں اور ان اقتباسات کے ذیل میں ماخذ کا حوالہ نہیں دیا گیا ہے۔ جو اقتباسات دوسری جگہوں سے لیے گئے ہیں، ماخذ کے ذیل میں اُن کا ذکر آچکا ہے۔ ہر اقتباس کے اوپر نمبر شمار ڈالا گیا ہے خطوں کی جو عبارتیں منتخب کی گئی ہیں، ان کو صفحے پر اسی طرح لکھا گیا ہے جس طرح اقتباسات کو لکھا جاتا ہے، اور اس کے بعد تحشیے کی عبارت، نسبتاً خفی قلم سے لکھی گئی ہے۔

اقتباسات میں جو مباحث آئے ہیں، یا جن کتابوں کے نام آئے ہیں اور ان پر حواشی لکھے گئے ہیں، اُن کی فہرست ذیل میں پیش کی جاتی ہے۔ اس سے مطلوبہ مبحث کو بہ آسانی دیکھا جا سکتا ہے۔ ہر لفظ کے سامنے خط کا نمبر شمار بھی لکھ دیا گیا ہے:

متروکات

ابر کی بوند	ع۳۲، ع۳۳	ساکھا	ع۴۵
انکھڑیاں	ع۱۴	سدا	ع۶۱
باٹ دیکھنا	ع۳۳	مہیں (میں ہی)	ع۱۴
بھانا	ع۱۴، ع۴۸	واں	ع۴۶
پرے	ع۴۰	دیا	ع۴۰
پہ (پر)	ع۴۰	ہووے، ہوئے	ع۱۹
ڈھونڈھے ہے	ع۲۰	یاں	ع۴۶
رکھیں	ع۴۷		

Marfat.com

تذکیر و تانیث

ایجاد ع۱۴
برس ع۵۳
تو ع۲۹
دشنام ع۱۴
دولت سرا ع۶۰
م ع۵۰
مردمِ دیدہ ع۵۰
مشتری ع۴۴

الفاظ، محاورات، تلمیحات

آری ع۱
آستین نکلنا ع۵۶
آنچل اور دامن ع۵۲
اچھا اچھا ع۱۳
ایک تنکے کا شرمندہ نہ ہونا ع۱۳
اویر سویر ع۱۳
باٹ ع۲۶
بانگی ع۷
باہم دگر ع۴۰
بھاشا، بھاکا ع۴۵
بلعم باعور ع۳۵، ع۳۶
بعد میں ع۱۹
بھدنا ع۱۴
پیار ع۴۰
پیراک، تیراک ع۴۹
تیروں کا گنجان ہو کر بیٹھنا ع۵۵
جامے سے باہر ہونا ع۵۸
جرس کھڑکنا ع۲۳
چپقلش ع۱۵
چلمن ع۵۶
چھڑے ع۱۱
خنجر کا دونا ہونا ع۱۶
خورد و نوش ع۲۰
دامن نکلنا ع۵۶
دنبل، دمّل ع۴۱، ع۴۲، ع۴۳
زکریا ع۳۰، ع۳۸
سن (سنہ) ع۵۰
شگفانند ع۸، ع۹
شنوا ع۹، ع۱۰
قدس ع۲۵

Marfat.com

قرار ۳۹ء
قرن ۳ء
کسر ۵۴ء
کشش اور جذبہ ۶۰ء
کعبے کا گھر ۱۵ء
گریبان نکالنا ۵۶ء
گھائل ۶۳ء
گھڑنا، گڑھنا ۱۱ء
مدفن ۱۵ء
مسالا ۱ء
مایقرآ ۳ء
موتی کی لڑی ۱۱ء
نشہ ۳۹ء

تاریخ گوئی ۵۱ء
تسبیغ ۳ء
تعقید ۱۰ء
تعداد اشعار ۲۸ء
تضمین ۳۰ء
تلامذہ کی تعداد ۶۲ء
سقوطِ حرفِ علّت ۱۷ء، ۲۳ء، ۳۹ء
سنگلاخ زمینیں ۲۸ء
سہ حرفی الفاظ میں حرفِ ساکن کو متحرک کرنا ۲۵ء
شترگربہ ۳ء
گل دستوں کے متعلق رائے ۱۸ء
مجموعۂ مکاتیب ۱۹ء

قواعد، عروض، دیگر امور

اخفائے نون ۵۹ء
اعلانِ نون ۳۹ء
اضافتِ مہنّد ۵۰ء
ایطا ۵۲ء
اسیر لکھنوی ۶۲ء
بعض ناگوار تشبیہیں ۲۵ء

مصحفی کے استاد کا نام ۶۲ء
ہدایات متعلقِ شاعری ۶ء
استفتا اور بحث کے متعلق رائے ۴۴ء

Marfat.com

کتابیں، رسالے، اخبار

افادۂ تاریخ گوئی ۵۱

امیر اللغات ۱۲، ۱۳، ۱۹، ۲۱، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۸، ۳۱، ۳۳، ۳۴

انتخاب یادگار ۴، ۵

برہانِ قاطع ۲۴

بہارِ ہند ۲۱، ۵۸

خزینۃ الامثال ۲۲

دامن گل چیں ۱۸

رسالۂ تذکیر و تانیثِ رشک ۵۰

رسالۂ عروض با قافیہ ۶

(یوسفیہ فی علم العروض والقافیہ) ـــ

سرمۂ بصیرت (معیار الاغلاط) ۲۷

شحنۂ ہند ۹

شرحِ قصیدۂ خزرجیہ ۶

صنم خانۂ عشق ۲

فرہنگِ فرنگ ۲۱

گلشنِ فیض ۱، ۱۲، ۵۸

گوہرِ انتخاب ۲۷

مخزنِ المحاورات ۱۲، ۳۳

مرآۃ الغیب ۲

معیار الاشعار ۳، ۶

نجم الامثال ۲۲

نفس اللغۃ ۱

(۱) آری (عاری)۔ مسالا:

"آری، میرے نزدیک ہندی ہے، اس لیے کہ "عاری" زچ و تنگ و عاجز کے معنوں میں فارسی عربی میں کہیں نظر سے نہیں گزرا۔ ہندی میں تو عین سے لکھنا خلافِ اصول ہے۔ ہندی میں عین[1] کہاں!

---

[1] عاری، دراصل عربی کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں: برہنہ (منتخب اللغات)۔ عربی میں یہ "زچ و تنگ و عاجز" کے معنی میں مستعمل نہیں۔ یہ معانی اردو کا اضافہ ہیں۔ اردو میں عربی کے ایسے بہت سے لفظ

Marfat.com

مسالا، معلوم ہوتا ہے کہ "مصالح" کا مہنّد ہے، جو عربی میں مصلحت کی جمع ہے، اور

ہیں جن کے معنی کچھ سے کچھ ہو گئے ہیں، لیکن اس تبدیلی سے یہ لازم نہیں آتا کہ ایسے ہر لفظ کا املا بھی بدل جائے۔ ایسے اکثر الفاظ میں املائی تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔ لفظ "عاری" بھی اسی فہرست میں شامل ہے، اس میں املائی تبدیلی کو لازم قرار دینا کچھ ضروری نہیں۔ یہ لفظ بالعموم عَ ہی سے لکھا جاتا ہے، اور یہ استعمالِ عام قطعی طور پر اس پر دلالت کرتا ہے کہ اس لفظ میں معنوی تبدیلی کی بنا پر، املائی تبدیلی نہیں ہو سکتی۔ آمیر نے امیر اللغات میں اور اُن کی تقلید میں صاحبِ نور اللغات نے اس لفظ کو حرفِ الف کے ذیل میں درج کیا ہے (آری)، لیکن کسی اور تحریر میں اس لفظ کا یہ املا نظر سے نہیں گزرا۔ مستندینِ لکھنؤ کے لغات میں ان دو لغات کے علاوہ، میر علی اوسط رشک شاگردِ ناسخ کا لغت نفس اللغۃ، اُن کے شاگرد حلال کا لغت سرمایۂ زبانِ اردو، اور مرزا مچھو بیگ عاشق کا لغت بہارِ ہند قابلِ ذکر ہیں۔ ان میں سے سرمایۂ زبانِ اردو میں تو لفظ "عاری" یا "آری" موجود ہی نہیں باقی دونوں لغتوں میں "آری" ہے، مگر اس کو "آرے" کا مصغّر لکھا گیا ہے، لفظ "عاری" کے معانی کو اس سے متعلق نہیں کیا گیا ہے۔ فرہنگِ آصفیہ میں "عاری" اور اس کے جملہ مرکبات عین سے لکھے ہوئے ہیں۔ اس سے اہلِ دہلی کی رائے کا بہ خوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

اِس لفظ کو الف سے (آری) لکھنا، آمیر کی ایجاد تھی۔ یہ املا اُن کے لُغت تک، اور اس خط کے زیرِ اثر نور اللغات تک محدود رہا۔ اُردو میں "آری" ایک جداگانہ لفظ ہے، "آرے" کا مصغّر؛ اِس امتیاز کے لحاظ سے بھی "عاری" کو عین سے لکھنا انسب ہے ـــــ آمیر کا یہ لکھنا کہ "آری" میرے نزدیک ہندی ہے، محلِ نظر ہے۔ ہندی میں یہ لفظ "زچ و تنگ و عاجز" کے معنی میں نہیں ہے۔ ان معانی کے لحاظ سے "عاری" کو مہنّد کہا جائے گا۔ بہ ہر صورت آمیر کی اس رائے کو، اور اس لفظ سے متعلق امیر اللغات و نور اللغات کے اندراجات کو قبول نہیں کیا جا سکتا۔ عاری ہونا، عاری آجانا، تنگ آجانے اور تھک جانے کے معنوں میں عام طور پر اسی طرح لکھے جاتے ہیں۔ آرزو لکھنوی مرحوم

Marfat.com

فارسی والے ہر چیز کی تیّاری کے لوازم اور ضروریات کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ اور یہی محلِّ استعمال ہندیوں کے یہاں بھی ہے، جیسے: عمارت کے لیے چونا سرخی وغیرہ۔ تالیف کے لیے وہ کتابیں وغیرہ جن سے اس تالیف میں مدد مل سکے۔ کپڑوں کی رونق اور چمک دمک کے لیے گوٹا، پٹّھا، بنت، کناری۔ کھانے کے لیے لونگ، الائچی، دھنیا، مرچ۔ بال دھونے کا مسالا۔ محرم کا مسالا۔ مسالے کا تیل۔

دلّی والے اصل کی طرف[2] جاتے ہیں۔ مگر چوں کہ زبانوں پر "مصالح" نہیں ہے،

کا شعر یاد آیا:

وقتِ آخر چلتے چلتے، سانس بھی عاری ہوئی ساتھ دے مرنے کا، اتنا دم نہ تھا دم ساز میں

(جہانِ آرزو، ص ۱۰۳)

[2] فرہنگِ آصفیہ میں "مصالح" ہے۔ اس کے مرکبات کی بھی یہی صورت ہے یعنی گرم مصالح، مصالح بنانا، مصالح ٹانکنا، مصالح دار، مصالح رگڑنا، مصالح کا تیل، مصالح کی سل۔ نیز "میم مع سین" کی فصل میں "مسالا" لکھ کر، لکھا گیا ہے کہ صحیح لفظ "مصالح" ہے۔ اہلِ دہلی اس لفظ کو اسی طرح صحیح سمجھتے تھے۔ دہلی والوں کی تحریروں میں یہی املا ملتا ہے۔ مولانا محمد حسین آزاد نے مقدمہ [illegible] میں وضاحت بھی کی ہے۔ انھوں نے اس عنوان کے تحت "بہت سے الفاظ [illegible] نے اُردو کو دیے؛ اُردو نے کہیں تو لفظوں میں کچھ تصرف کیا، معنی وہی رکھے، کہیں لفظوں کو [illegible] رکھا، معنی کچھ سے کچھ کر لیے۔" "مصالح" کا بھی ذکر کیا ہے: "مصالح جمع مصلحت یا "ما صلح" کا مخفف ہے۔ اُردو میں گرم مصالح وغیرہ، اور سامانِ عمارت کو بھی مصالح کہتے ہیں۔ اس سے یہ خوبی معلوم ہوتا ہے کہ اہلِ دلی اس لفظ کا شمار اُن دعربی الفاظ میں کرتے تھے جن کی صورت نہیں بدلی ہے، معنی بدل گئے ہیں۔

Marfat.com

یعنی یہ کوئی نہیں بولتا کہ گوشت کا مصالح پیس لیا، گرم مصالح ہوگیا، کُرتی میں مصالح کم پڑا، اب کے محرم کا مصالح ہم کو نہیں دیا؛ اس لیے میری رائے ہے کہ اُردو میں جو بولیں، وہی لکھیں۔ جس طرح "مسالا" بولتے ہیں، اسی طرح لکھا بھی جائے۔

اور یہی مشربِ متوسّطین و متاخّرین شعرائے لکھنؤ کا ہے؛ جیسا رشکؔ نے اپنے لُغت[۳] میں لکھا ہے: "مسالا، میمِ مفتوح، سینِ مہملہ و لام بہ الف کشیدہ؛ ضروریات ہر چیز باشد کہ بداں ضروریات، رونق و لذّتِ آں چیز شود۔ ظاہرا ایں لغت از

آج کل اِس لفظ کا املا بدل گیا ہے اور عام طور پر لوگ "مسالا" لکھتے ہیں۔ اب یہی املا مرجّح ہے، مگر دہلی والوں کی پُرانی تحریروں میں پُرانا املا "مصالح" ہی باقی رکھّا جائے گا۔

جلّال نے سرمایۂ زبانِ اردو میں "مسالا" لکھا ہے، لیکن اس کا عربی مرادف "مصالح" بتایا ہے۔ یہ بجائے خود درست نہیں عربی میں "مصالح" جمع ہے "مصلحت" کی۔ اُردو کے اِن معانی سے اُس کو کچھ علاقہ نہیں۔ یہ صراحت کرنا چاہیے تھی کہ عربی کے لفظ "مصالح" میں لفظی اور معنوی تغیر ہوا ہے، اور "مسالا" اُردو میں ایک نیا لفظ بن گیا ہے۔ جلّال نے دہلی و لکھنؤ کے املائی اختلاف کا بھی ذکر نہیں کیا۔ یہ بھی ضروری بات تھی۔

ریاضؔ خیر آبادی نے ایک خط میں لکھا ہے: "مسالا، س، ہ، سے صحیح اُردو ہے" (مکتوب بنام صفدر مرزا پوری۔ مرقعِ ادب، جلدِ دوم، ص ۱۶۲)۔ صحیح لفظ "مسالا" مع الف ہے، جیسا کہ امیرؔ نے لکھا ہے۔

[۳] میر علی اوسط رشکؔ لکھنوی، تلمیذِ ناسخ، متوفی ۱۲۸۴ھ (مقدّمۂ نفس اللغۃ) کے لغت کا نام نفس اللغۃ ہے۔ یہ تاریخی نام ہے (۱۲۵۶ھ)۔ اس کا صرف حصّۂ اول، جو حرف ت تک ہے، اُن کی وفات کے بعد، نیّر پریس لکھنؤ سے شائع ہوا۔ باقی حصّوں کا پتا نہیں چلتا۔ امیرؔ نے جو اقتباس پیش کیا ہے، اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لُغت (کم از کم حرفِ میم تک) مکمّل ہو

Marfat.com

"مصالح" باشد"۔ اور اسی کی تقلید جلال نے بھی اپنے لغت گلشنِ فیض میں کی ہے۔ منیر مرحوم نے بھی یہی مشرب اختیار کیا ہے:

نمک چھڑکنے کو مانگے جراحتِ دل پر　　جو دیکھے آپ کے موبان کا مسالا سانپ[۴]

"کالا سانپ" اور "پالا سانپ" زمین ہے۔ جان صاحب کے ایک شعر سے یہ بھی پتا چلتا ہے کہ محلاتِ لکھنؤ میں بھی یہی بول چال تھی:

اے جان، ایسا چھاتی سے لپٹایا بھینچ کر　　انگیا کا میری سارا مسالا مسل گیا"[۵]

چکا تھا اور اُس کا خطی نسخہ اُن کی نظر سے گزرا تھا۔ ممکن ہے کہ وہ ان کے پاس ہی ہو۔

جلال، رشک کے شاگرد تھے، انھوں نے اپنے لغت گلشنِ فیض میں، نفس اللغۃ کی بہت سی عبارتوں کو بہ لفظہٖ یا معمولی سی ترمیم کے ساتھ نقل کر لیا ہے، اور کہیں حوالہ نہیں دیا۔ اس سلسلے میں مزید دیکھیے حواشیِ مکاتیب ۱۲، ۵۸۔

[۴] کلیاتِ منیر، مطبوعہ مطبعِ ثمرِ ہند لکھنؤ، ص ۳۹۷۔ منیر کی ایک رباعی میں بھی یہ لفظ بہ طورِ قافیہ آیا ہے:

ہے قحط میں مشکل اک نوالا کھانا　　رکھتا ہے نہ گھی : کچھ مسالا، کھانا
ہر لقمۂ خشک، حلق میں پھنستا ہے　　تیار ہوا ہے کیا اُبالا کھانا

(کلیات، ص ۵۰۰)

[۵] دیوانِ جان صاحب، مرتبۂ مبین نقوی، ص ۱۱۰۔ صاحب نور اللغات نے لفظ "مسک" کے ذیل میں لکھا ہے:

"مسک جانا، کپڑے کا خفیف سا پھٹ جانا، دباؤ یا زور پڑنے سے کپڑا مسک جانا۔

اے جان، ایسا چھاتی سے لپٹایا بھینچ کر　　انگیا کا میری سارا مسالا مسک گیا"

قطعِ نظر اس سے کہ "کپڑا مسک جانا" کو "مسالا مسک گیا" سے کیا تعلق ہے، یہ شعر غلط طور پر نقل ہوا ہے، جب کہ لفظ "مسالا" کے ذیل میں یہ شعر صحیح صورت میں ان کی نظر سے گزر چکا تھا۔

Marfat.com

[بہ نامِ نور الحسن[6] نیّر کاکوروی (مولّفِ نور اللغات)، ۸؍ اگست ۱۸۹۱ء]

(۲) صنم خانۂ عشق:

"صنم خانۂ عشق کو نظرِ ثانی سے میں نے مکمّل و مہذّب[1] کر لیا ہے، کچھ کسر باقی ہے۔ بعض احباب سخت مصر ہیں کہ چھپے۔ اُمّید ہے کہ اب کے ایسا ہی ہوگا۔ اتنا تم سے کہتا ہوں کہ یہ دیوان، دیوانِ اوّل[2] سے بہ درجہا اولیٰ ہے، بہ اعتبار زبان اور مزے کے، اور بہ اعتبار بلاغت[3] کے بھی۔"

[بہ نامِ حکیم برہم۔ ۲۲؍ نومبر ۱۸۹۵ء]

---

[6] مکتوب الیہ نے اپنے لُغت نور اللغات میں، لفظ "مسالا" کے ذیل میں، امیر کے اس خط کی مکمل متعلّقہ عبارت بہ تبدیلِ بعض الفاظ درج کی ہے، لیکن حوالہ نہیں دیا۔ اس خط میں امیر نے جہاں "میری راے میں" لکھا تھا، مولّف نے وہاں "مولّف کی راے میں" لکھ دیا ہے۔

[1] صنم خانۂ عشق پہلی بار ۱۳۱۳ھ میں مطبعِ مفیدِ عام آگرہ میں چھپا تھا۔ اس کے آخر میں گوہرِ انتخاب اور جوہرِ انتخاب، دونوں مجموعے شامل ہیں۔ ص ۲۹۹ تک دیوان ہے، ص ۳۰۱ سے گوہرِ انتخاب شروع ہوتا ہے، اور ص ۳۴۵ سے جوہرِ انتخاب کا آغاز ہوتا ہے۔ آخر کے چھے صفحوں میں قطعاتِ تاریخِ طبع ہیں۔

[2] مراد ہے مرآۃ الغیب سے۔ اس کا نام تاریخی ہے۔ اس کی پہلی اشاعت میری نظر سے نہیں گزری۔

[3] شاد عظیم آبادی نے، بہ سلسلۂ تبصرۂ مکاتیبِ امیر مینائی، صنم خانۂ عشق کے متعلّق لکھا تھا: "دبی زبان سے اتنا عرض کیے بغیر نہیں رہ سکتا کہ حضرت امیر کا پہلا دیوان جس قدر اُن کی پختہ کلامی و استادی و باکمالی پر روشنی ڈالتا ہے، اس قدر جدید روش کا دیوان روشنی نہیں ڈالتا" (مکاتیبِ امیر مینائی، ص ۳۷۰)۔

مولانا حسرت موہانی نے، بہ سلسلۂ تبصرۂ مکاتیبِ امیر، اس سے مختلف راے کا اظہار کیا تھا:

Marfat.com

(۳) تسبیغ۔ قرن۔ مایقرأ۔ شتر گُربہ:

"بحرِ متقارب کی تخصیص نہیں، ہر بحرِ سالم میں تسبیغ[1] کراہت سے خالی نہیں۔ محقّق

"صنم خانۂ عشق کی غزلوں میں ہر رنگ کے اشعار موجود ہیں، یہ بات امیر کی قادر الکلامی پر دلالت کرتی ہے" (ایضاً ص ۳۹۶)۔ یہ دونوں تبصرے مکاتیبِ امیر مینائی کے آخر میں شامل کر دیے گئے ہیں۔ امیر نے خود بھی ایک مقطعے میں اس دیوان کے متعلق اظہارِ خیال کیا ہے جو قابلِ توجہ ہے:

پچھلا کلام بھی ہے جو اس میں شریک امیر　　دیواں میں اب کا رنگ کہیں ہے کہیں نہیں

(صنم خانۂ عشق، ص ۱۴۴)

[1] تسبیغ، معروف زحاف ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ رکن کے آخر میں جو سببِ خفیف (دو حرفی جُز) ہو اس کے حرفِ ساکن و متحرک کے درمیان الف بڑھا دیا جائے۔ جیسے: فعولن سے فعولان۔ محقّق نے تو اس کو اس لیے مکروہ بتایا ہے کہ وزن، دائرۂ عروضی سے نکل جاتا ہے۔ یہ ضابطے کی بات ہے، میں عرض کروں کہ سالم بحر میں ایسا شعر یا مصرع اکثر ناگوارِ سماعت بھی ہوتا ہے جیسے یہ مصرع: مرے پاس محفل میں بیٹھے ہیں کیوں آپ۔ اس میں آخری جُز "آپ" کس قدر بارِ سماعت ہے! اس کے باوجود، اساتذۂ فارسی و اُردو نے اس کی پابندی نہیں کی۔ بحرِ سالم میں تسبیغ کی بے شمار مثالیں ملتی ہیں۔ امیر نے "اذالہ" کا ذکر نہیں کیا لیکن اصولاً رکنِ مسبّغ و مذال، ایک ہی قاعدے کے ذیل میں آتے ہیں۔ ذیل میں ایسی چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں جن میں بحرِ سالم میں رکنِ مسبّغ و مذال آئے ہیں:

نہ خاقانیم گر ہمی عزمِ تحویل　　مصمّم ازیں کلبۂ غم ندارم

دعاہات گفتم، بہ خیرات بپذیر　　اگرچہ دعای مقسّم ندارم　　خاقانی

(کلیات، طبعِ تہران، ص ۲۴۶)

ع: زجنگِ دی و فردا رستہ ام بے منّتِ امروز　　عرفی (دیوان، نول کشور پریس ص ۷۷)

ع: رباید تیزی از الماس و سرخی از لبِ یاقوت　　صائب (کلیات، شائع کردۂ کتاب خانۂ خیام، طبعِ ثانی، ص ۸۶۶)

Marfat.com

نصیرالدین طوسیؒ نے معیارالاشعار میں اس کی تصریح کی ہے، اور یہی محقق۔ بحرِ متقارب میں یہ شعر:

ببالا نگارا چو آزادہ سروی ولیکن برخسار مانندِ گلنار

دارا محمد شاہِ راد، آں قیصرِ کسرا نژاد
آں کز رسومِ عدل و داد، آئینِ یزداں پرورد
ایں نظم را ناگفتہ گیر، ایں مدح را نشنفتہ گیر
ایں بندہ را آشفتہ گیر، ایراکہ ہذیاں پرورد قاآنی

(کلیات مطبوعہ تہران، ص ۱۵۲)

القصہ باصد پیچ و تاب، از جایِ جستم باشتاب
از خجلتم جاں در عذاب، از حسرتم خوں در جگر قاآنی

(کلیات مطبوعہ تہران، ص ۲۶۳)

انوارِ عرفاں سے ترا سینہ ہوا ایسا ہے صاف
جس کی پہنچتی روشنی ہے قاف سے لے تا بہ قاف
خورشید و مہ کو روبہ رو تیرے کہاں مقدورِ لاف
کرتے ہیں دونوں روز و شب آکر ترے در کا طواف ذوق

(قصائدِ ذوق، مرتبہ سر شاہ سلیمان، ص ۹۸)

ع: مومن سے اچھی ہو غزل، تھا اس لیے یہ زور شور مومن (دیوان، مرتبہ ضیا احمد بدایونی، ص ۸۳)

بحرِ سالم میں اذالے کی مثال خود امیر کے یہاں موجود ہے، صنم خانۂ عشق میں ص ۹۶ پر ایک دوغزلہ ہے جس میں یہ صورت پائی جاتی ہے۔ مطلعے لکھے جاتے ہیں:

واں چشم دابرو ہم نشیں، اور یاں جگر ہے دل کے پاس
قاتل وہ قاتل کے قریں بسمل ہے یہ بسمل کے پاس

Marfat.com

لکھ کر لکھتے ہیں: وایں ناپسندیدہ است چہ حرفِ آخر از دائرہ بیرون است؟ اور متقاربِ مزاحف میں اہلِ فارس اور اہلِ اُردو نے تسبیغ کا استعمال کیا ہے اور اس کو کسی نے مکروہ نہیں جانا۔ حافظ:

ٹھہرا گیا کب تیر سے اے ترک میرے دل کے پاس
خنجر بھی تڑپا دیر تک ــــ، آیا جو مجھ بسمل کے پاس

اور یہ مصرع: پیری میں اے زاہد نہیں یہ تیرے گیسوے سفید ــــ حقیقتاً یہ ہے کہ شاعری میں اس قسم کی پابندیاں ٹوٹ پھوٹ جایا کرتی ہیں۔ شاعری کو زیادہ قیدیں راس آ ہی نہیں سکتیں یہی وجہ ہے کہ بہت سے قاعدے کتابوں میں موجود ہیں مگر ان کی مکمل پابندی نہیں کی جا سکی۔ سالم بحر میں رکنِ مسبغ و مذال، بارِ سماعت ہوتے ہیں، مگر ان کا استعمال عام ہے اور اب ان پر معترض نہیں ہونا چاہیے۔

۲ے برٹش میوزیم (لندن) کے فارسی مخطوطات کے فہرست نگار ریو نے، فہرستِ مخطوطات کی دوسری جلد میں، معیار الاشعار کے ذیل میں لکھا ہے کہ مفتی سعداللہ نے اس کی شرح میزان الافکار میں اس کو کسی ثبوت کے بغیر، محقق طوسی کی تصنیف بتایا ہے (ص ۵۲۵) قزوینی مرحوم نے المعجم فی معاییر اشعار العجم کے مقدمے میں، ریو کے اسی قول کی بنیاد پر، اور اس کا حوالہ دے کر لکھا ہے: "کتابِ مرغوبِ معیار الاشعار است در علمِ عروض و قوافی کہ در ۶۴۹ھ تالیف شدہ، و مصنفِ آن معلوم نیست، و مفتی محمد سعداللہ مرادآبادی این کتاب را شرحِ نفیسی ممتازی نمودہ موسوم بہ میزان الافکار فی شرح معیار الاشعار ..... وی تالیفِ این کتاب را بہ خواجہ نصیر الدین طوسی معروف، متوفی در ۶۷۲ھ نمودہ، ولی معلوم نیست از روی چہ ماخذی"۔

اِن دو فاضل حضرات کی تحریروں سے یہ غلط فہمی ہو سکتی ہے کہ سب سے پہلے مفتی سعداللہ صاحب نے اس کو محقق طوسی کی تصنیف بتایا ہے، حالاں کہ یہ صحیح نہیں ہوگا۔ شیرانی صاحب کے طویل

Marfat.com

گر تیغ بارد در کوی آں ماہ گردن نہادیم الحمد للہ[۳]

مقالے "تنقیدِ شعرالعجم" کی پہلی قسط اکتوبر ۱۹۲۲ء کے رسالہ اردو میں شائع ہوئی تھی ادیباچۂ تنقیدِ شعرالعجم، اس میں انھوں نے رباعی کی بحث کے سلسلے میں "معیارالاشعار مولفۂ محقق طوسی" کا حوالہ دیا تھا۔ مولانا سید سلیمان ندوی نے اپنی کتاب خیام (مطبوعہ ۱۹۳۳ء) میں اس پر اعتراض کیا کہ: "تنقیدِ شعرالعجم کے فاضل مولف پروفیسر شیرانی نے . . . اس کو کسی تذبذب کے بغیر محقق طوسی کی تالیف بتایا ہے، معلوم نہیں ان کے سامنے اس کی کیا سند ہے، دراں حالیکہ مشرق و مغرب کے فضلا اس نسبت کے قبول کرنے میں تامل کرتے ہیں" (خیام، ص ۲۲۱)، اور حوالہ ریو اور قزوینی کے مذکورۂ بالا اقوال کا دیا تھا۔ شیرانی صاحب کا یہ مقالہ ۱۹۴۲ء میں کتابی صورت میں شائع ہوا، اس وقت انہوں نے اس کے آخر میں ایک ضمیمہ شامل کیا، جس میں سید صاحب کے اس اعتراض کا بھی مفصل جواب دیا۔ شیرانی صاحب نے ایسی تیرہ کتابوں کے نام لکھے ہیں، جن میں اس کتاب کو محقق طوسی سے منسوب کیا گیا ہے۔ ان میں دو حوالے اُن مصنفین کے بھی ہیں جن کا سالِ وفات ۶۴۷ھ ہے۔ گویا کم از کم آٹھویں صدی ہجری سے معیارالاشعار کو محقق کی تصنیف بتایا گیا ہے۔

معیارالاشعار میں ایسی کوئی صراحت نہیں جس سے اس کے مصنف کے متعلق قطعی طور پر کچھ کہا جا سکے۔ محقق کی فہرستِ تصانیف میں ایک رسالۂ عروض کا ذکر ملتا ہے، جس کا نام کسی نے نہیں لکھا۔ بہ خوبی ممکن بل کہ قریب بہ یقین ہے کہ وہ رسالہ یہی ہے۔ مولانا سید سلیمان ندوی نے خیام کے آخر میں "استدراک و اضافہ" کے تحت لکھا ہے کہ قوافی کی بحث میں ایک جگہ مصنفِ (معیارالاشعار) نے کمال اسماعیل اصفہانی کے ایک قصیدے کا اس طرح ذکر کیا ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس قصیدے کی تصنیف کے زمانے میں یہ رسالہ لکھا گیا ہے۔ کمال کا یہ قصیدہ قاضی رکن الدین ابوالعلا مسعود صاعدی اصفہانی کی مدح میں ہے۔ قاضی رکن الدین

Marfat.com

تقطیعِ مصرعِ اوّل: فعلن فعولن فعلن فعولان. تقطیعِ مصرعِ ثانی: فعلن فعولان فعلن فعولان ۔ میرؔ:

اب حال اپنا، اس کے ہے دل خواہ　　کیا پوچھتے ہو، الحمد للّٰہ[۴]

مشقّت کو، محنت کو جو عار سمجھیں　　ہُنر اور پیشے کو جو خوار سمجھیں[۵]

کا زمانہ ۶۱۵ھ سے ۶۲۲ھ تک معلوم ہے۔ اس سے کم از کم یہ تو معلوم ہو جاتا ہے کہ اس کتاب کا زمانۂ تصنیف، محقق طوسی کا زمانۂ حیات ہے۔

امیر مینائی کے شاگرد جلیل مانک پوری نے اپنی کتاب سوانح امیر مینائی میں معیار الاشعار کو مفتی سعد اللہ صاحب کی تصنیف بتایا ہے۔ مفتی سعد اللہ صاحب کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے لکھا ہے: "عروض میں مفتی صاحب کی تصنیف معیار مشہور ہے، جس کی مترجم زر کامل عیار، حضرت آسیہ نے کی ہے" (ص ۳۷)۔ دونوں باتیں صحیح نہیں۔ آسیہ نے دراصل معیار الاشعار کا ترجمہ کیا ہے۔ عبارتِ فارسی کے ترجمے کے بعد جو تشریحات ہیں، وہ آسیہ کی نہیں، اور اس کا اظہار آسیہ نے مقدمۂ کتاب میں کر دیا ہے۔ عجیب بات یہ ہے کہ امیر مینائی نے بھی تذکرۂ انتخاب یادگار میں آسیہ کے ذکر میں "زر کامل عیار شرحِ معیار الاشعار" لکھا ہے۔ شیدا نی صاحب نے تنقید شعر العجم میں کئی جگہ زر کامل عیار کا ذکر کیا ہے اور ہر جگہ "زر کامل عیار ترجمۂ معیار الاشعار" لکھا ہے۔ آسیہ نے دیباچۂ کتاب میں بھی اس کو ترجمہ کہا ہے۔

[۳] مصرعے کی صحیح صورت یہ ہے: گردن نہادیم الحکم للہ ۔ (دیوانِ حافظ، مرتبۂ قزوینی و ڈاکٹر غنی، طبعِ تہران)

[۴] کلیاتِ آسیہ، مرتبۂ مولانا عبدالباری آسی، ص ۱۳۷۔

[۵] مسدسِ حالی، شائع کردۂ انجمنِ الفرض، علی گڑھ، ص ۴۲۔

Marfat.com

میری رائے میں یہ سالم ہے، نہ مسبّغ۔
قرن، بہ فتحتین صحیح ہے[۶ھ]۔ انوری:

دو قرن از کرمت بُردہ جہاں برگ ونوا
توچہ دانی کہ جہاں بے توچہ بے برگ ونواست

[۶ھ] امیر نے انوری کے اس شعر کی بنا پر "قرن" کو بہ فتحتین بھی صحیح کہا، مگر انوری کے شعر میں حقیقتاً یہ بہ سکونِ دوم ہی نظم ہوا ہے اور اس لیے یہ قول محلِّ نظر قرار پاتا ہے۔ اصل میں ٹیک چند بہار نے بہارِ عجم میں اس شعر کو بہ فتحتین کی سند میں لکھا ہے، نیز اپنے رسالے ابطالِ ضرورت میں بھی اِسے بہ فتحتین کی سند میں لکھا ہے۔ امیر کا ماخذ (غالباً) بہارِ عجم ہے۔

غالب بہت پہلے بہار کی پیش کی ہوئی اس سند پر اعتراض کر چکے تھے۔ غالب نے درآرستہ، خانِ آرزو اور بہار کی کتابوں پر بھی اختلافی حواشی لکھے ہیں۔ یہ کتابیں، جن کے حاشیوں پر غالب کی یہ تحریریں موجود ہیں، رضا لائبریری رام پور کے لوہارو سکشن میں محفوظ ہیں۔ مولانا امتیاز علی خاں عرشی نے غالب کی ایسی فارسی تحریروں کو ایک مقالے کی صورت میں مرتب کیا ہے جو دہلی یونی ورسٹی کے شش ماہی رسالے اردوے معلیٰ کے غالب نمبر حصۂ اول میں شائع ہوا ہے۔ ذیل میں اس مقالے کی متعلقہ عبارت نقل کی جاتی ہے۔ بہار کے رسالے ابطالِ ضرورت کے سلسلے میں وہ لکھتے ہیں:

[" قرن۔ بہ فتحتین۔ مدّتِ سی سال یا ہشتاد سال یا یک صد و بیست سال، وایں اصح است . . . انوری:

دو قرن از کرمت بردہ جہاں برگ ونوا۔
توچہ دانی کہ جہاں بے توچہ بے برگ ونواست"۔

غالب نے لفظ قرن پر ۲۵ کا ہندسہ بہ طورِ علامت لکھ کر، حاشیے میں لکھا ہے:

Marfat.com

مایقرأ کا استعمال خط وکتابت کے ساتھ ہے، جیسے کہیں: فلاں شخص کا خط مایقرأ ہے، خوش نویس نہیں۔ اور کسی چیز کے ساتھ استعمال میں[۵] نے نہیں سنا۔

بحر[۵] نے جو ایک شعر میں:

"استغفراللہ! حرفِ ندا را فرو خوردن و آوازہ در افگندن کہ انوری قرن را بحرکتِ را ے قرشت آوردہ است، حال آنکہ بے لفظ "اے" لطفِ بیاں نمی ماند:

اے دو قرن از کرمت بردہ جہاں: برگ و نوا ۱۲ غالب ۱۲"

غالب کا یہ اعتراض درست ہے۔ اوّل تو کلیاتِ انوری (طبعِ کارخانۂ ملا صالح، تبریز، ۱۲۲۶ھ، ص ۳۰) میں مصرعے کا آغاز غالب کی تجویز کے مطابق ہوا ہے۔ اور رضا لائبریری کے نسخہ ہائے قلمی نوشتہ ۱۰۰۲ھ اور ۱۰۶۳ھ اور تیسرے غیر مورّخ مگر قدیم میں "اے" کی جگہ "وے" ملتا ہے، جو معناً ایک ہے۔ دوسرے کسی لغت میں کوئی شعر ایسا نہ ملا جس میں "قرن" کو بہ فتحِ را باندھا گیا ہو۔"]

لفظ "قرن" بہ سکونِ دوم ہی استعمال کیا گیا ہے۔ بہار نے انوری کا جو شعر "بہ فتحتین" کی سند میں پیش کیا تھا، وہ قابلِ قبول نہیں۔ آمیہ نے خود تحقیق کرنے کے بجائے نقلِ قول پر بھروسا کیا۔ چوں کہ ماخذ کا حوالہ نہیں دیا، اس لیے بہار کی ذمّے داری، اُن کے حصّے میں آجاتی ہے۔

[۵] مایقرأ (صفت۔ ایسی تحریر جس کو آدمی وقت سے پڑھ سکے) اس کا استعمال خط و کتابت کے ساتھ ہے اور کسی چیز کے ساتھ نہیں۔" (نور اللغات) یہ لفظ آج کل بہت کم استعمال میں آتا ہے۔ کبھی کبھار کسی خواص آدمی کی عبارت میں دکھائی دے جاتا ہے۔ ایک مثال اس وقت یاد داشت میں محفوظ ہے: "لیکن بجز چند مقامات کے، جہاں عبارت مایقرأ نہیں، مطالعہ کرنے والے کو کوئی خاص دشواری کا سامنا کرنا نہیں پڑتا۔" (جناب سید حسن عسکری، رسالہ معارف شمارہ ۵)

[۵] شیخ امداد علی بحر للکھنوی، خلف شیخ امام بخش، تلمیذ آتش، انتخاب یادگار، متوفی ۱۲۹۵ھ (تاریخ

Marfat.com

اب مجھ سے التیام کی باتیں نہ کیجیے
دل تم سے پھٹ گیا، جگر افگار ہو گیا[9]

مصرعِ اولیٰ میں "کیجیے" کے ساتھ خطاب کیا ہے اور دوسرے مصرع میں "تم" سے، یہ تجر پر موقوف نہیں، بل کہ اُس زمانے تک اکثر معاصرینِ تجر، جن کا شمار اساتذہ میں ہے، اِس کے تارک نہ تھے۔ اُن کے بعد متاخرین نے اس اختلافِ خطابات سے احتراز کیا۔ میں بھی اُنھی تارکین میں ہوں[10]"

[بہ نامِ حکیم برہم، ۳؍ اکتوبر ۱۹۰۰ء]

(۴) انتخابِ یادگار :

"تذکرۂ انتخابِ یادگار[11]، حسبِ فرمایشِ سرکار مرتب ہوا اور چھپ کر سرکار میں

لطیف (قلمی) رضا لائبریری رام پور)۔

[9] اِس شعر کی ردیف غلط ہے۔ صحیح مصرع یہ ہے: دل تم سے پھٹ گیا، جگر افگار ہو چکا
(ریاض البحر، ص ۱۸)

[10] امیر کے خطوں میں ایسے "خطابات" کی مثالیں موجود ہیں اور خاصی تعداد میں۔ صرف ایک مثال پیش کی جاتی ہے:

"یہ لوکاٹ اعلیٰ قسم کے نہ تھے جیسا کہ سہارن پور کے لوکاٹ مشہور ہیں اور تم بھیجا کرتے ہو، تاہم آپ کے خلوص و محبت کے ساتھ تہدیے کا دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں"۔
(مکاتیبِ امیر مینائی، ص ۱۶۶)

[11] یہ تذکرہ دو طبقوں میں منقسم ہے: طبقۂ اول میں "والیانِ ملک کا ذکرِ خیر بہ ترتیبِ زمانۂ حکومت و ریاست" ہے، اور دوسرے طبقے میں ریاست کے متوسل و متوطن شعرا کا ذکر ہے۔ مولف کی صراحت کے مطابق، یہ ایک سال میں مرتب ہو گیا تھا۔ "انتخابِ یادگار" تاریخی نام ہے جس سے سالِ تکمیل

Marfat.com

داخل ہوا۔ میں اپنی تالیفات کو اس قابل نہیں جانتا کہ ہدیۂ احباب کردں ،

۱۲۹۰ھ نکلتا ہے۔ آغا علی نقی غنیؔ (تلمیذِ منیرؔ) نے اس کی تقریظ لکھی تھی جو تذکرے کے آخر میں شامل ہے، اس میں انھوں نے لکھا ہے: "ہنگامِ تالیف، چار سو دس شعرا کے نام تھے، مگر چھپنے میں تاخیر ہوئی، آفتاب الدولہ قلقؔ، لالا گوبند لال صباؔ، شیخ امیر اللہ تسلیمؔ وغیرہ ملازمین میں شامل ہوئے لہٰذا چھپنے کے وقت تک، چار سو پندرہ شعرائے نازک خیال کے نام اس تذکرے میں داخل ہوئے"۔

یہ تذکرہ ۱۲۹۷ھ میں مطبعِ تاج المطابع رام پور میں چھپا تھا۔ تذکرے کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ مذکورہ شعرا کے علاوہ، بعض اور اضافے بھی ۱۲۹۰ھ کے بعد کیے گئے ہیں۔ مثلاً منیرؔ کا ایک قصیدہ ان کے نمونۂ کلام کے ذیل میں ملتا ہے، جس کا آخری شعر یہ ہے:

ہے یہ تاریخ اِس قصیدے کی "وصفِ پاکِ خدیوِ دیں پرور"

مصرعِ آخر سے ۱۲۹۱ھ نکلتا ہے۔ گویا یہ اضافہ ۱۲۹۱ھ میں یا اس کے بعد ہوا ہے۔ کُل صفحات ۵۸۸۔ بعض اعتبارات سے یہ تذکرہ بہت کارآمد ہے۔ اس کی خصوصیات کی طرف آمیرؔ نے بھی اشارہ کیا ہے: "ہر شاعر کے استاد کا نام اور مقدارِ عمر اور ولدیت اور در صورت متوفی ہونے کے تاریخ و ماہ و سالِ رحلت لکھنے کا اس تذکرے میں التزام کیا ہے" (دیباچہ، ص ۸)۔ اس التزام نے اس تذکرے کو بہت کارآمد بنا دیا ہے۔ آمیرؔ نے شعرا کی عمر لکھ دی ہے، اس سے ان کے سنہ ولادت کے تعین میں مدد ملتی ہے۔ ایسے کئی شعرا ہیں جن کے سنہ ولادت کا تعین کسی اور ذریعے سے نہیں ہو سکا۔ مثلاً بحرؔ کے قصائد کے چند شعر جو اس تذکرے میں موجود ہیں، وہ ان کے مطبوعہ دیوان ریاض البحر میں موجود نہیں، اور ان اشعار سے بحرؔ کے تعلق دربارِ رام پور کے زمانے کے تعین میں مدد ملتی ہے۔ یا مثلاً حسین علی خاں شادؔ اں کے فارسی شعر وغیرہ۔

ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی نے اپنے تحقیقی مقالے لکھنؤ کا دبستانِ شاعری میں کئی جگہ لکھا ہے کہ ملاحظہ ہو تذکرۂ کاملانِ رام پور مرتبۂ آمیر مینائی۔ تذکرۂ کاملانِ رام پور بھی ایک تذکرہ ہے جس

Marfat.com

علی الخصوص یہ تذکرہ، جس میں مجھ کو حالاتِ تاریخی اور انتخابِ اشعار میں ایسی مداخلت ہے جیسی قلم کو دستِ کاتب میں؛ مگر اب جو آپ نے یاد فرمایا تو ضرور لکھ کر ایک نسخہ بھیجوں۔"

[بہ نام احسن اللہ خاں ثاقب۔ ۱۹ نومبر ۱۸۸۱ء]

(۵) انتخابِ یادگار :

"بندہ پرور! اس تذکرے میں اگر کچھ محاسن ہوں تو ان کو آپ سے نہ ہیں جانیں اور جو اس میں بہ مجبوری قبائح ہیں، قرارِ واقعی ان کو میرا دل جانتا ہے۔ مگر کیا کروں، مامور تھا، معذور تھا۔ دیباچے میں اس کا اشارہ بھی کیا ہے۔ آپ غور سے پڑھیے گا تو سمجھ جائیے گا کہ مولف مجبور[1] تھا۔"

[بہ نام ثاقب۔ یکم ربیع الاول ۱۲۹۹ھ]

اس کے مولف آمیر مینائی نہیں۔ اس کتاب کی دوسری اشاعت میں بھی یہ غلطی بدستور موجود ہے۔

[1] دیباچے کی متعلقہ عبارت یہ ہے:

"ایک دن بندگانِ حضور کو خیال آیا کہ ایک تذکرہ شعرائے ماضی و حال کا ایسا تیار ہو کہ اس سے خاص اس دارالریاست کے متوطن اور متوسل شاعروں کی مختصر کیفیت، سخن گوئی کی حقیقت نقشِ صفحۂ روزگار ہو۔ اس ضمن میں اعزا اس ہیچ مداں کا بھی منظور ہوا، لہٰذا یہ ہیچ میرزا اس خدمت پر مامور ہوا۔ اور محض بہ اقتضائے عطوفتِ خسروانی، آغاز سے انجام تک حضور نے التفات فرمایا، تب یہ تذکرہ تمامی پر آیا۔ اگر ناخنِ امدادِ حضور گرہ کشائی نہ فرماتا، ممکن نہ تھا ایسا تذکرۂ جامع . . . ترتیب پاتا۔ اس مہم کا سرانجام ہونا محض نتیجۂ توجہِ سرکار ابد قرار ہے۔ اِس بے حقیقت کی سعی، مانندِ حرکتِ خامہ بہ دستِ نامہ نگار ہے۔ حق یہ

Marfat.com

(۶) ہدایات متعلقِ شاعری۔کتبِ عروضِ عربی:

"ہدایات متعلقہ شاعری جو آپ مجھ سے پوچھتے ہیں ع: ما خویشتن گیم، کرار ہری کنیم۔ ایک عمر گزر گئی مگر آج تک وہ باتیں پیش آتی ہیں کہ خود تحیر[1] رہتا ہے۔ آپ سے ذہین اور جوہرِ قابل کے واسطے کچھ ہدایت نامہ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ جو قسم شعر کہیے، ابتدا میں کسی استاد سے اصلاح لیجیے، اُس کے محو و اثبات سے چند روز میں خود راہِ راست پر آجائیے گا۔ رہا منزلِ مقصود پر پہنچنا؛ یہ بہت مشکل ہے۔ اسباب سب فراہم ہوں، تب بھی ع: عمرے باید کہ یار آید بہ کنار۔

عروضِ عربی کے رسائل بہت ہیں۔ بعضے چھپ بھی گئے ہیں۔ معیار الاشعار[2] محقق نصیر الدین طوسی، جامع عروضِ عربی و پارسی ہے۔ اور اگر عروضِ عربی، زبانِ عربی میں مقصود ہو، تو شرحِ قصیدۂ خزرجیہ[3] دیکھیے۔ اور مولوی محمد سعد اللہ

ہے کہ بندگانِ عالی نے صدہا اموات بے نام و نشاں کو زندہ فرمایا ہے، در حقیقت اعجازِ مسیحائی دکھایا ہے۔"

[1] شعرا و ادبا، خصوصاً نو رسیدہ حضرات کو، ایک واقفِ رسم و راہ منزل کی یہ تحریر غور سے پڑھنا چاہیے۔

[2] معیار الاشعار کے لیے دیکھیے حاشیہ مکتوب ۳۔

[3] یہ قصیدہ، علامہ ضیاء الدین ابی محمد عبداللہ بن محمد خزرجی مالکی اندلسی کی تصنیف ہے۔ یہ عروض و قافیہ کے بیان پر حاوی ہے۔ اس کی دو شرحیں ہیں، ایک ہی بلد میں: ایک حواشی ہیں، دوسری حاشیے پر۔ حواشی میں جو شرح ہے، وہ مفصل ہے۔ یہ شرح علامہ بدر الدین ابو عبداللہ محمد بن ابی بکر مخزومی کی ہے۔ انھوں نے لکھا ہے کہ میں نے پہلے ایک مختصر سی شرح اس قصیدے کی لکھی تھی، پھر اندلسی طلبہ نے مجھے اس کی ایک شرح دکھائی، جو غرناطہ کے قاضی امام علامہ "السید الشریف

Marfat.com

مرحوم نے عروض باقافیہ[۴۴]، ایک متن مع شرح لکھا ہے، وہ چھپ گیا ہے۔ وہاں نہ ملے تو میں تلاش کر کے بھیج دوں۔"

[بہ نام ثاقب۔ ۳، مارچ ۱۸۸۳ء]

ابی عبداللہ محمد بن احمد الحسینی السبتی" کی لکھی ہوئی تھی۔ میں نے خیال کیا کہ میں اب ایک اور شرح لکھوں جو نسبتاً مفصل ہو "فوق الوجیز دون البسیط"۔ میں نے اس کا نام "عیون الغامزة علی خبایا الرامزة" رکھا۔

حاشیے والی شرح شیخ الاسلام زکریا انصاری کی ہے، جس کا نام "فتح البریة بشرح القصیدة الخزرجیة" ہے۔ میرے سامنے جو نسخہ ہے وہ ۱۳۲۳ھ میں مطبع الخیریہ مصر میں چھپا تھا۔ بڑے سائز کے ۱۰۲ صفحات پر مشتمل ہے

[۴۴] اس کا نام "یوسفیہ فی علم العروض والقافیہ" ہے۔ یہ عربی میں ہے۔ "عروض باقافیہ" فارسی کا تاریخی نام ہے جس سے ۱۲۷۵ھ نکلتا ہے۔ یہ رسالہ مشتمل ہے دو فنون پر: فنِ اول مشتمل ہے ایک مقدمے اور پانچ فصلوں پر اور فنِ دوم میں ایک مقدمہ اور تین فصلیں ہیں۔ حاشیے پر فارسی میں ضروری تشریحات بھی ہیں۔ یہ متن مع شرح ہے۔ اصل متن علاحدہ بھی چھپا ہے دو اور مختصر رسالوں کے ساتھ۔ اُس مجموعۂ رسائل میں پہلا رسالہ تو یہی متنِ عربی ہے۔ دوسرا رسالہ فارسی میں ہے، اُس کا نام جواہرِ عروض ہے اور تیسرا رسالہ بھی فارسی میں ہے، اُس کا نام ہے: کیفیتِ ایجادِ رباعی۔ یہ دونوں رسالے بھی مفتی صاحب مرحوم کے ہیں۔ یہ مجموعۂ سہ رسائل، نظامی پریس کان پور میں ۱۹۲۴ء میں چھپا ہے۔ اول الذکر متن مع شرح، نولکشور پریس میں چھپا تھا۔

مفتی سعداللہ صاحب اپنے زمانے کے جید عالم تھے۔ امیر مینائی نے ان سے معقولات کی کتابیں پڑھی تھیں (سوانحِ امیر، مرتبہ جلیل مانک پوری، ص ۴)۔ تذکرۂ علمائے ہند میں مفتی صاحب کی اکتیس[۳۱] تصنیفات کی فہرست موجود ہے۔ آخر میں رام پور میں "عہدۂ قضا، افتا اور مرافعہ" پر

Marfat.com

(۷) بانگی:

"بانگی، بہ معنیِ نمونہ کو، آپ نے دو جگہ "باندگی" بہ اضافۂ دالِ مہملہ بعدِ نون لکھا ہے، حالاں کہ دال اس میں نہیں ہے۔ اُمید ہے کہ یہ اطلاع، طبعِ نازک پر گراں نہ ہو۔"

[بہ نامِ ثاقب۔ ۱۷ اپریل ۱۸۸۹ء]

(۸) شگفانند:

"غنچہ ہا را بہ چمن بہر چہ می شگفانند" میں گاف کا سکون بے تکلف جائز، بل کہ فصیح ہے۔ البتہ مثال اس وقت یاد نہیں، پھر بھیج دوں گا۔ [بہ نامِ ثاقب]

(۹) شگفانند۔ شنوا:

"پوسٹ کارڈ کے جواب میں تاخیر اس وجہ سے ہوئی ہو کہ "شگفانند" بہ سکونِ کاف فارسی کی سند تلاش کرنے کا خیال رہا، مگر ہنوز نہ ملی تھی کہ شحنۂ ہند[1] آیا اور بدلا ہوا مصرع پایا۔ آپ نے بہت ہی خوب کیا کہ مصرع بدل دیا۔ خدا جانے

سرفراز ہوئے اور وہیں ۲۴ رمضان ۱۲۹۴ھ کو وفات پائی (تذکرۂ علمائے ہند)

[1] یہ ہفتے وار اخبار تھا۔ مالک و مدیر تھے مولوی احمد حسن شوکت میرٹھی جو خود [illegible] السنۂ شرقیہ کہتے تھے اور اپنے زمانے میں مرکزِ ہنگامہ تھے۔ یہ اخبار [illegible] میرٹھ (یوپی) سے شائع ہوتا تھا۔ تاریخ اجرا: ۲۰ جنوری ۱۸۸۳ء۔ مقاصد اخبار میں سے چند یہ تھے جن سے مجدد صاحب کے تیوروں کا کچھ اندازہ کیا جا سکتا ہے:

"دیسی زبان کی انشا پردازی کی اصلاح کرے گا اور بتائے گا کہ مہذب و فصیح و بلیغ انشا پردازی اس کو کہتے ہیں۔۔۔ مدبرانہ و مصلحانہ و حلیمانہ و شاعرانہ و عالمانہ و فاضلانہ۔ غرض کہ ہر قسم کے خیالات شائع کرے گا۔ فن اڈیٹری

Marfat.com

سند ملتی نہ ملتی تتبّع کامل کی فرصت نہیں ہے۔ میں نے دیکھا ضرور ہے، مگر یاد نہیں کہاں دیکھا ہے۔ خیر اب وہ قصّہ ہی مٹا۔ احتیاط ہمیشہ اچّھی ہوتی ہے۔ شبہے کی بات سے، جہاں تک ممکن ہو، بچنا ہی چاہیے۔

"شنوا" بہ سکونِ نون کہاں ہے؟ یہ تو میں نے کہیں نہیں دیکھا۔ بہ حرکتِ نون ہی چاہیے[2]۔"

[بہ نامِ ثاقب، ۷ فروری ۱۸۹۱ء]

(۱۰) شنوا:

"شنوا، بہ سکونِ نون، اگر کلام میں ہو تو بدل دیجیے۔"

[بہ نامِ ثاقب]

(۱۱) گھڑنا۔ چھڑے۔ موتی کی لڑی:

"گھڑنا اور گڑھنا، دونوں صحیح ہیں مگر "گڑھنا" شعرا کے کلام میں نہیں پایا۔ فصحائے لکھنؤ "گھڑنا" کو ترجیح دیتے ہیں۔ رشکؔ مرحوم نے جب "گھڑے نہیں، چھڑے

وقائع نگاری کے اصول بتائے گا، اور دیسی اخبارات جو کچھ غلطیاں کریں گے یا کر رہے ہیں، ان پر متنبّہ کرے گا۔ الغرض اپنے کو اسم بامسمّیٰ کر دکھائے گا۔"

مندرجۂ بالا تفصیلات اور عبارت، اخترؔ شہنشاہی سے ماخوذ ہے۔

[2] فارسی کے متعلّق تو فی الوقت میں کچھ نہیں کہہ سکتا، البتہ اُردو میں بہ سکونِ نون کی مثال میں قائمؔ چاندپوری کا یہ شعر پیش کیا جا سکتا ہے:

گوشِ شنوا جب بہم پہنچا نہ کوئی یاں تو آہ
لے گئے ہم ساتھ اپنے وہ جو دل میں بات تھی

(دیوانِ قائمؔ، عکسِ نسخۂ انڈیا آفس، لندن)

Marfat.com

نہیں" طرح کی تھی، تو مجھے یاد آتا ہے کہ شعرا نے "گھڑے نہیں" بھی انھی معنوں میں کہا تھا[1]۔ رشک مرحوم کا شعر یہ ہے:

---

[1] صاحبِ نور اللغات نے اس کے برخلاف لکھا ہے کہ "لکھنؤ میں زبانوں پر "گڑھنا" اور دہلی میں "گھڑنا" ہے۔ لفظ "گڑھنا" کے ذیل میں انھوں نے لکھا ہے: "گھڑنا اور گڑھنا دونوں صحیح ہیں۔ شعرا کے کلام میں گڑھنا کہیں نہیں ملا۔ لکھنؤ میں زبانوں پر گڑھنا اور دہلی میں گھڑنا ہے۔" پھر لفظ "گھڑنا" کے ذیل میں انھوں نے ایک بار پھر وضاحت کی ہے کہ یہ دہلی سے متعلق ہے۔ اور سند میں داغ کا یہ شعر لکھا ہے:

"ادھر وحشت لیے جاتی ہے مجھ کو ادھر جھاڑ نے بیڑی گھڑی ہے"

"پڑی۔ دھڑی قافیہ"۔ اس کے بعد رشک کا وہ شعر لکھا ہے جس کو آمیر نے بھی اپنے خط میں لکھا ہے۔ فرہنگِ آصفیہ میں "گڑھنا" موجود نہیں، اس میں صرف "گھڑنا" ہے۔ داغ کے شعر سے اور آصفیہ کے اندراج سے، مؤلفِ نور اللغات کے اس قول کی پوری طرح تائید ہوتی ہے کہ "دہلی میں "گھڑنا" ہے"۔ رشک کے مذکورہ شعر اور لغات کے اندراجات کی بنا پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ لکھنؤ میں "گڑھنا" اور "گھڑنا" دونوں صورتیں ہیں۔ مگر یہاں پر یہ کہنا مناسب ہوگا کہ لکھنؤ میں "گڑھنا" اکثر اور "گھڑنا" کم تر ہے۔ "گھڑنا" کی سند میں رشک کے اسی ایک شعر کو پیش کیا گیا ہے۔ جلال نے سرمایۂ زبانِ اردو میں دونوں لفظ اپنی اپنی جگہ پر لکھے ہیں اور "گھڑنا" کے ذیل میں رشک کے اسی شعر کو پیش کیا ہے۔ اثر لکھنوی مرحوم نے فرہنگِ اثر میں "گھڑوانا" کے متعلق لکھا ہے کہ "لکھنؤ میں "گڑھوانا" کہتے ہیں۔ اس کی وہی صورت ہے جو "پڑھانا" اور "بڑھانا" کی ہے"۔ (فرہنگِ اثر، ص ۵۰۶)۔ جلال، مؤلفِ نور اللغات اور صاحبِ فرہنگِ اثر کی تحریروں سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ لکھنؤ میں مستعمل عام لفظ "گڑھنا" ہے۔ اور "گھڑنا" کی حیثیت شاذ کی ہے اور دہلی میں "گھڑنا" اصل لفظ ہے۔

Marfat.com

ڈھالے ہوئے ہیں سانچے میں یہ بھی بدن کی طرح
ہرگز سُنار نے ترے زیور گھڑے[۲] نہیں

چھڑے، بہ معنی تنہا، البتہ میں نے لکھنؤ میں فصحا سے نہیں سنا، اور کلام میں بھی نہیں[۳] دیکھا۔

اِس دبستانی اختلاف سے قطعِ نظر کر کے، اب یہ دونوں مصدر (گڑھنا، گھڑنا) یک ساں حیثیت رکھتے ہیں، جس کو جو لفظ پسند ہو، وہ اُسے استعمال کر سکتا ہے، دبستانی اختلاف کے جھگڑے کا خیال کیے بغیر۔

۲؎ مجموعۂ دواوینِ رشک، ص ۲۲۹۔

۳؎ فرہنگِ آصفیہ، سرمایۂ زبانِ اردو اور نور اللغات میں "چھڑا" موجود ہے۔ "چھڑا عورتوں کے پانو کا ایک زیور ہوتا ہے۔ اور کنایہ ہے مردِ یکہ و تنہا سے بھی" (سرمایۂ زبانِ اردو) آصفیہ میں میر کا یہ شعر سنداً لکھا ہوا ہے:

"فرہاد و قیس ساتھ تھے سب کب کے چل بسے
دیکھیں نباہ کیوں کے ہو اب ہم چھڑے رہے"

(کلیاتِ میر، مرتبۂ آسی، ص ۱۷۳)

نور میں بھی یہی شعر منقول ہے۔ البتہ مولفِ نور نے یہ صراحت کر دی ہے کہ "اب قلیل الاستعمال ہے"۔

اِسی سے ایک مرکب "چھڑی سواری" بھی ہے۔ یہ آصفیہ و نور میں ہے۔ آصفیہ میں بحر لکھنوی کی یہ رباعی سنداً درج ہے:

جس وقت چلی یہ جان پیاری اپنی — یاروں کو ہوئی دریغ یاری اپنی
دو گام دیا نہ چوب دستی نے بھی ساتھ — دنیا سے چلی چھڑی سواری اپنی

(ریاض البحر، ص ۲۸۲)

Marfat.com

"موتی کی لڑی" کی سند آپ نے ایسی دی ہے کہ اب میں اس میں کچھ کلام نہیں کر سکتا۔[۴] جنھوں نے مجھ کو منع کیا تھا، جب اُنھی کے یہاں موجود ہے تو مجھے کیا تامّل ہو سکتا ہے۔"

[بہ نام کوثر خیر آبادی۔ ۲۹ اکتوبر ۱۸۹۲ء]

(۱۲) مخزن المحاورات۔ گلشنِ فیض:

"محاورات و لُغات کی تحقیق کے واسطے مخزن المحاورات[۱] اور گلشنِ فیض[۲]

آصفیہ میں اِس رباعی کا متن قدرے مختلف ہے۔ میں نے اس کو تحر کے دیوان کے مطابق لکھا ہے۔

[۴] غالباً آسیہ کی طرف اشارہ ہے۔ سرمایۂ زبانِ اردو اور آصفیہ میں "موتی کی لڑی" موجود ہے۔ نور میں ناسخ کا یہ شعر سنداً لکھا ہوا ہے:

"اپنی تری موتی کی لڑی سے جو لڑی آنکھ
توڑے گی اب اے جان نہ اشکوں کی جھڑی آنکھ
[کلیات ناسخ، طبعِ دوم، ص ۲۲۵]

اور مثالیں بھی پیش کی جا سکتی ہیں، مثلاً:

دانتوں کی صفا، کیا کہوں، موتی کی لڑی ہے
لب، لعل کے ٹکڑے
مستی ہے بلا، تس پہ رکھے پان کا لاکھا
سو شوخی کی نکہت (نکات)

(تذکرہ مجمع الانتخاب)

"موتی کی لڑیاں" بھی کہا گیا ہے:

کبھو ٹوٹا نہ مژگاں سے مری آنسو کا زنجیرا
نہ جانے اشک کے قطرے تھے یا موتی کی یہ لڑیاں
(قائم چاند پوری)

[۱] یہ منشی چرنجی لال دہلوی کی تالیف ہے۔ منشی صاحب، بہ سلسلۂ لغت، مولوی سید احمد دہلوی

Marfat.com

کسی قدر مفید ضرور ہیں، مگر غیر محقق کو دھوکا دینے میں بھی یہ کتابیں استاد ہیں۔ دعا کیجیے کہ امیر اللغات مکمل ہو جائے تو خدا سے اُمید ہے کہ وہ ان سب سے مستغنی کر دے گا۔"

[بہ نام کوثر خیرآبادی۔ ۱۰ر فروری ۱۸۹۳ء]

(مؤلفِ فرہنگِ آصفیہ) کی طرح فیلن کے معاون تھے۔ فیلن نے اپنے لُغت کے دیباچے میں اُن کا نام بھی فہرستِ معاونین میں لکھا ہے۔ اس کتاب میں "ہندی اور اردو کے ہر قسم کے محاورے اور اصطلاحیں دس ہزار کے قریب بڑی تلاش اور جستجو سے جمع کر کے، درج کی گئی ہیں۔ ان کے ثبوت میں ناظمانِ بے مثال و ناثرانِ باکمال کا کلام اور روزمرہ کے معنی خیز فقرے اور ضرب الامثال پیش کی گئی ہیں۔ اکثر محاوروں کی وجہِ تسمیہ اور شانِ نزول بھی حتی الوسع بڑی تحقیق اور تدقیق کے ساتھ لکھی گئی ہے" (عبارتِ سرِ ورق)۔ یہ کتاب ۱۸۸۶ء میں مطبعِ محبِ ہند، فیض بازار دہلی میں چھپی تھی اور غالباً اس کے بعد دوبارہ نہیں چھپ سکی۔ امیر نے اس کتاب کے متعلق ایک اور خط میں یہ لکھا ہے: "مخزن المحاوراتِ چرونجی لال کا کیا اعتبار! اس میں ہزاروں محاورے گنواروں کے لکھے ہیں" (مکتوب بہ نام آزاد سہارن پوری) امیر کی یہ رائے، فنِ لغت کے نقطۂ نظر سے، نہایت غیر مناسب اندازِ بیان کا مجموعہ ہے۔ ہزاروں کا مبالغہ مزید برآں۔ یہ بالکل ضروری نہیں کہ جو محاورہ یا لفظ آج مستعمل نہیں، یا ایک خاص علاقے میں مستعمل نہیں، وہ گنواروں کی زبان کا جُز ہو۔ یہ بہ خوبی ممکن ہے کہ اس کتاب میں غلطیاں ہوں، مگر وہ کہاں نہیں! اصل میں اس طرح کی رائیں، لُغت نویسی اور تصورِ زبان اور معیارِ فصاحت کے قدیم اور محدود تصور کی آئینہ داری کرتی ہیں۔ اس تصوّر نے لُغت نویسی کو بہت نقصان پہنچایا کہ آج نہ معلوم کتنے پرانے لفظ ہیں جن کا حال احوال معلوم کرنا مشکل ہو کر رہ گیا ہے، کیوں کہ وہ معیاری لغات میں جگہ نہیں پا سکے۔ پھر مخزن المحاورات

Marfat.com

(۱۳) بہ سلسلۂ امیر اللغات :

"آپ نے جو امیر اللغات کو شروع سے آخر تک دیکھا اور اس کی بعض

کے مولّف نے تو خود ہی صراحت کر دی ہے کہ اس میں "ہندی اور اردو کے ہر قسم کے محاورے، اور اصطلاحیں" ہیں۔ ہارڈنگ لائبریری دہلی میں اس لغت کا ایک نسخہ محفوظ ہے۔

۲ے گلشنِ فیض، جلال کے لغت کا نام ہے۔ جلال نے فارسی میں، اردو کا ایک لُغت لکھا تھا جس کا نام "گنجینۂ زبانِ اردو" رکھا تھا۔ "گلشنِ فیض" اُسی کا تاریخی نام ہے جس سے مولّف کی صراحت کے مطابق، سالِ اختتامِ تالیف ۱۲۹۰ھ نکلتا ہے۔ یہ لغت نول کشور پریس لکھنؤ میں ۱۲۹۸ھ میں چھپا تھا۔ آٹھ سو صفحات پر مشتمل ہے

جلال کا اُردو لُغت "سرمایۂ زبانِ اردو" کچھ ترمیمات کے ساتھ اسی کا ترجمہ ہے۔ گلشنِ فیض پر کچھ لوگوں نے اعتراض کیے تھے۔ سرمایۂ زبانِ اردو اور گلشنِ فیض کا مقابلہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ جلال نے لوگوں کے اعتراضوں سے فائدہ اٹھایا ہے۔ کچھ الفاظ کو خارج کر دیا ہے یا عبارت میں ضروری ترمیم کر لی ہے۔ میں ایک مثال پر اکتفا کروں گا: "گلشنِ فیض" میں لفظ "سن" کے ذیل میں لکھا تھا: "سن سینِ مہملہ مفتوح بہ نون، بہ معنیِ سال آید۔ ع سنہ بہ فتحتین و در آخر تاے موقوفہ۔ و بضمِ سینِ مہملہ، عضویکہ بے حس و حرکت شدہ باشد، وام بود از شنیدن" (ص ۲۸۰)

سرمایۂ زبانِ اردو میں صرف یہ عبارت ہے: "سن بے حس و حرکت عضو، اور خاموش و حیران آدمی"

یہ لکھنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ جلال کے اُستاد رشک کے لغت نفس اللغۃ کا اگر گلشنِ فیض سے مقابلہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ جلال نے رشک کے لغت کی بہت سی عبارتیں بہ لفظہٖ یا معمولی لفظی ترمیم کے ساتھ، اپنے لُغت میں درج کی ہیں اور کہیں حوالہ نہیں دیا، نہ کہیں ذکر کیا ہے ـــــ امیر نے مہدی حسن خاں شاداب رسول پوری کو ایک خط میں گلشنِ فیض کے متعلق

Marfat.com

فروگذاشتوں سے مجھ کو مطلع کیا، میں اس کا شکر گزار ہوں۔ بے شک
کاتب نے غلطی کی اور تصحیح کرنے والے بھی چوک گئے، جو بحر کے شعر میں "بچھوا"[1]

لکھا ہے کہ یہ لغت درحقیقت میرے مسوّدۂ لغت کا ایک ٹکڑا ہے، جس میں تصرّفاتِ بے جا بھی شامل ہیں۔ دیکھیے مکتوب ۵۸۔

[1] امیر اللغات کا مطالعہ کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ غلطی دوسری جلد کے ص ۲۷۴ پر لفظ "انوٹ" کے ذیل میں ہوئی ہے۔ بحر کا شعر دراصل یوں ہے:

پیٹ سے پاؤں نکلے ہیں کچھ اب تو تم نے — چھو لیا ہم نے جو انوٹ کو تو بچھوا کھینچا

(ریاض البحر ص ۴۵)

امیر اللغات میں "پہنچا کھینچا" چھپا ہوا ہے۔

ایک بات اور: امیر اللغات میں "انوٹ" کے صرف ایک معنی لکھے ہوئے ہیں: "ایک زیور ہوتا ہے جسے ہندو عورتیں پانو کے انگوٹھے میں پہنتی ہیں"۔ فرہنگِ آصفیہ میں بہ معنیِ زیور لکھ کر مزید لکھا گیا ہے: "آن کی تصغیر، چھب، انداز، ادا"۔ لیکن کوئی سند نہ کور نہیں، البتہ نور اللغات میں داغ کا یہ شعر سنداً ملتا ہے:

"وہ حُسن، وہ انداز، وہ پھر بانکپن اس کا — بھل بل ہے قیامت کی تو انوٹ ہے غضب کی"

نور اللغات میں اِس معنی میں اِس لفظ کو دہلی سے مخصوص بتایا گیا ہے۔ امیر اللغات کی طرح سرمایۂ زبانِ اردو اور نفس اللغۃ میں بھی "انوٹ" کے صرف ایک معنی (زیور) لکھے ہوئے ہیں۔ اس سے صاحبِ نور اللغات کے اس اندراج کی تائید ہوتی ہے کہ "انوٹ" بہ معنیِ "انداز و ادا" دہلی سے متعلق ہے اور لکھنؤ میں اس کے صرف ایک معنی تھے، یعنی پانو کے انگوٹھے میں پہننے والا زیور۔ امیر اللغات اور نور اللغات میں "انوٹ" بہ معنیِ زیور کو مذکر لکھا گیا ہے اور نور اللغات میں "انوٹ" کو ناز و ادا کے معنی میں مونث لکھا گیا ہے۔ داغ کا شعر اس پر دلالت کرتا ہے۔ اور آصفیہ میں اسے

Marfat.com

کی جگہ "پہنچا"[۲] چھپ گیا۔
اچھا اچھا، کی مثال میں سخی کا شعر بے شک بہت مناسب اور اچھا تھا، مگر اول تو سخی مستند[۳] استادوں میں نہیں ہیں، دوسرے آج تک اُن کا کلام لُغت میں دیا نہیں گیا۔
"ایک تنکے کا شرمندہ نہ ہونا" میں منیر کا شعر[۴] ضرور دیا جاتا، اگر پہلے سے ملتا۔ اتفاق کی بات ہے کہ استقرا سے یہ شعر رہ گیا۔

دونوں معانی میں مونث لکھا ہے۔ یہ ایک اور اختلاف ہوا کہ ایک معنی کے لحاظ سے تو لکھنؤ میں مذکر ہے اور دہلی میں (دونوں معانی میں) مونث۔

[۲] مکاتیبِ امیر مینائی میں "پہونچا" لکھا ہوا ہے، لیکن امیر اللغات میں "پہنچا" ہے اور صحیح املا بھی یہی ہے۔

[۳] سخی تخلص کے کئی شاعر ہوئے ہیں، جن میں سے تین قابلِ ذکر ہیں: (۱) سید پرورش علی سخی، متوطنِ کڑا، ضلع الٰہ آباد، متوفی ۱۲۹۳ھ۔ ان کے دو دیوان مطبوعہ ہیں (خم خانۂ جاوید) (۲) سید محسن حسین امروہوی، برادرِ صفی امروہوی۔ (۳) سید محمد جعفر حسین خاں عرف ننھے مرزا لکھنوی، تلمیذِ عشق لکھنوی (خم خانۂ جاوید)۔ میرا خیال ہے کہ امیر کی مراد اول الذکر سخی سے ہے۔

[۴] منیر کا شعر یہ ہے:

بھولے سے پھانس نکالی: ہمارے دل کی
ایک تنکے کے بھی شرمندہ تمھارے نہ ہوئے

(کلیاتِ منیر، ص ۱۰۷، ۲۵)

امیر اللغات میں اِس محاورے کے ذیل میں ایک فقرہ بطور مثال لکھا ہوا ہے۔

Marfat.com

اویر سویر، فصلِ الف مع الواو میں لکھا گیا ہے، آپ کی نظر اس پر نہیں پڑی۔ اب ملاحظہ کر لیجیے ـــــــ حصۂ سوم کی ترتیب ہو رہی ہے۔ قصد ہے کہ ب کا حرف اسی حصّے میں تمام کر دیا جائے۔ اگرچہ اس حرف میں بھی بڑی وسعت معلوم ہوتی ہے، مگر یہاں حتی الامکان اختصار پر نظر ہے۔"

[بہ نام کوثر۔ ۹ر اگست ۱۸۹۳ء]

(۱۴) بھانا۔ مہیں۔ انکھڑیاں۔ بھدنا۔

ایجاد۔ دشنام:

"بھانا، پسند آنا کے معنی میں، اگلی زبان ہے۔ اب میرے نزدیک بھی مستحسن[1] الترک ہے۔

---

[1] اِس لفظ کو مستحسن الترک کہنا، زبان پر ظلم کرنا ہے۔ اُردو کے بہت کم شاعر ایسے ہوں گے جنھوں نے اس لفظ کو استعمال نہ کیا ہو یا استعمال نہ کرتے ہوں)۔ دو چار مثالیں پیش کی جاتی ہیں: بھاگئی کون سی وہ بات بتوں کی ورنہ (ناسخ۔ کلیات، مطبعِ مولائی، ص ۱۸۸) نہ بھائی انھیں خوں فشانی کسی کی (مہر۔ کلیات، ص ۴۹۰) کوئی کھانا اسے نہ بھاتا تھا (ایضاً، ص ۵۷۶) مجھ کو بھاتے ہیں وہ الفاظ جو ہوں پہلو دار (رشک۔ مجموعۂ دواوین، ص ۱۰۵) اور کوئی نہیں بھاتی مجھے بر سات میں بات (ایضاً ص ۱۰۴) چو چلا تیرا مجھے بھاتا نہیں (رند۔ دیوان، نول کشور پریس، ص ۱۰۲) روتے میں ہنسا میں جو ادا بھا گئی مجھ کو (شوق قدوائی۔ فیضانِ شوق، ص ۱۱۸)۔

"بھانا" سے جو مفہوم ادا ہوتا ہے، وہ اس کے مرادف الفاظ سے اس طرح ادا نہیں ہوتا۔ مثلاً مثنوی میر حسن کے اس شعر میں: "میں اس طرح کا دل لگاتی نہیں :: یہ شرکت تو بندی کو بھاتی نہیں"۔ یہ لفظ جس مفہوم کو جس انداز سے ادا کر رہا ہے، اس کا کچھ بدل نہیں ہو سکتا ـــــ اس سلسلے میں یہ لکھنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ امیر نے خود بھی اس لفظ کو استعمال کیا ہے:

Marfat.com

مہیں ، میں ہی کی جگہ ، بول چال میں چاہے آجاتا ہو مگر کسی معتبر کلام میں

داورِ محشر کو بھائی میری اس کی چھیڑ چھاڑ چھیڑ کو پوچھا مکرّر، کیا ہوا، کیوں کر ہوا

(مرآۃ الغیب، ص ۶۲)

شوق قدوائی (متوفی ۱۹۲۵ء) نے ایک خط میں لکھا ہے:

"آپ نے مجھ سے "بھانا" کے لفظ کو پوچھا ہے۔ میں نے حضرت امیر مرحوم کے اُس خط کو دیکھا ہے جس میں اِس لفظ کو وہ متروک تحریر فرما گئے ہیں۔ میرے خیال میں اُن سے سہو ہوا۔ وہ خود بھی اپنے کلام میں اِس لفظ کا استعمال کر چکے ہیں۔ اِس کے معنی ہیں: پسند آنا۔ یہ لفظ اب بھی استعمال میں ہے اور اس کے ترک کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔"

[بہ نام صفدر مرزا پوری، مرقع ادب، اول، ص ۱۵]

صاحبِ نور اللغات نے جلد اول میں بہ ذیل متروکات، اس لفظ کے متعلق لکھا ہے:

"لکھنؤ میں صرف عورتوں کی زبان پر ہے۔" مندرجۂ بالا مثالوں سے اس کی تردید خود بخود ہو جاتی ہے۔ اِس سلسلے میں آغا لکھنوی مرحوم کی یہ تحریر بھی قابلِ توجہ ہے:

"بھانا کو متروک سمجھنا ہی غلط ہے۔ ایک لفظ ہے جس میں کبھی وجود تھا، پیارے صاحب رشید مرحوم نے فی البدیہہ یہ شعر پڑھا تھا، جو مجھے اب تک یاد ہے:

یہ آپس کی شادی مجھے دل سے بھائی کہ سمدھی سے سمدھی میں بھائی کے بھائی"

(فرہنگ آصفیہ، ص ۱۱)

جلال نے سرمایۂ زبان اردو میں (سال طبع: ۱۹۳۰ء - ۱۹۱۶ء) اس لفظ کے متعلق لکھا ہے: "بعض فصحائے متاخرین کے نزدیک متروک الاستعمال ہے۔" ان کی اس عبارت

Marfat.com

اب تک نظر سے نہیں گزرا۔ حکم اس کو (اس کے؟) استعمال کا نہیں دیا جا سکتا۔

سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ وہ خود اُس وقت تک اِس کو متروک نہیں سمجھتے تھے۔ اِس کی تائید یوں بھی ہوتی ہے کہ انھوں نے اپنے تیسرے دیوان "مضمون ہائے دل کش" میں (سالِ طبع: ۱۳۰۶ھ) اپنے متروکات کی جو فہرست شامل کی ہے، اُس میں یہ لفظ موجود نہیں۔ البتہ اُن کے صاحبزادے حکیم سید مہدی کمال نے اپنے رسالے دستور الفصحا میں (سالِ طبع: ۱۳۱۵ھ) اس لفظ کو متروک لکھا ہے مگر خورشید لکھنوی نے اپنے رسالے افادات میں "بھانا" کو متروکات کے ذیل میں شامل نہیں کیا۔

آمیر نے اپنے ایک شاگرد زاہد سہلرن پوری کے نام ایک خط میں اس لفظ سے متعلق ایک تیز فقرہ لکھا ہے:

> "بھانا پسند آنا کے معنی میں، فصحاے لکھنؤ نہ بولتے ہیں نہ لکھتے ہیں۔ اگر اہلِ دہلی بولتے ہیں تو آپ ضرور لکھیے۔ توسیعِ زبان کا بھی آپ کو بہت خیال ہے۔"
>
> [مشاطۂ سخن، بہ ذیلِ اصلاحاتِ آمیر مینائی]

مندرجۂ بالا تفصیل سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ اس لفظ کے متعلق آمیر کی راے قرینِ صواب نہیں۔ نہ اُن کا یہ لکھنا صحیح ہے کہ "فصحاے لکھنؤ نہ بولتے ہیں نہ لکھتے ہیں"۔ زاہد کے نام آمیر کا جو خط ہے جس کا اقتباس اوپر دیا گیا ہے، اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس لفظ کے سلسلے میں دراصل دبستانی چشمک آمیر کے ذہن پر حاوی تھی۔ بہ ہر حال، جیسا کہ شوق قدوائی نے لکھا ہے، اس مقام پر آمیر کو سہو ہوا۔ ہاں، پہلے کی طرح آج بھی یہ مصدر اور اس کے مشتقات عام طور پر استعمال کیے جاتے ہیں۔ صرف ایک مثال پیش کی جاتی ہے:

ہر منظرِ خوب و زشت بھاتا ہے مجھے — ہر ذرہ، نئی جھلک دکھاتا ہے مجھے
پھولوں میں بھی امتیاز کرتا تھا کبھی — کانٹوں پہ بھی اب تو پیار آتا ہے مجھے

Marfat.com

حضرت اسیر مرحوم کی نظر سے آپ کے شعر ہیں نہیں معلوم کیوں کر رہ گیا۔ اور
میں نے بھی اُسے دیکھا ہے تو سوا اپنے سہوِ نظر کے اور کیا کہا جائے۔
انکھڑیاں، چشمِ معشوق کے لیے مخصوص ہے اور یہ لفظ مجھے پسند نہیں[۳] ہے۔

جوشؔ ملیح آبادی (جنون و حکمت، طبعِ بمبئی، ص ۲۰۲)

۲؎ جلالؔ نے سرمایۂ زبانِ اردو میں "مہیں" کو صحیح اور "میں ہی" کو غلط لکھا ہے۔ اُن کی عبارت یہ ہے:

"مہیں، تحتانیِ معروف و اخفائے نون کے ساتھ، ایک کلمہ ہے کہ فائدہ اپنی ذات کے حصہ کے معنی کا دیتا ہے۔ اور جو اس لفظ کو "میں ہی" پڑھتے ہیں یا لکھتے ہیں، مولفِ ہیچ مداں کے عندیے میں غلط ہے"

جلالؔ کے اِس قول پر تبصرہ کرتے ہوئے، وجاہت جھنجھانوی (تلمیذِ داغؔ) نے اپنے رسالے اختلاف اللسان (سالِ طبع: ۱۹۰۶ء) میں لکھا ہے:

"جناب جلالؔ کا یہ اجتہاد باقاعدہ ضرور ہے۔ کیوں کہ جب "تم ہی" "ہم ہی" کو "تمھیں" اور "ہمیں" کہتے ہیں تو اس قیاس پر "میں ہی" کو "مہیں" کہنا چاہیے مگر یہ "مہیں" اور "ہمیں" کے مقابلے میں یہ لفظ نہایت غیر فصیح معلوم ہوتا ہے، شاید اجنبیت کی وجہ سے۔ اور سچ پوچھیے تو یہ اجتہاد ایسا ہی ہے جیسے کوئی "یہاں": "وہاں" کے قیاس پر کہ ان کا مخفف "ہاں" اور "واں" آتا ہے، "کہاں" کا مخفف "کاں" کہنا چاہے۔ شعرائے دہلی و لکھنؤ میں سے اور کوئی اس کا قائل نہیں پایا جاتا، صرف جناب جلالؔ اور ان کے شاگرد لکھتے ہیں"

۳؎ آپ نے خود اس لفظ کو استعمال کیا ہے:

کاجل یہ نہیں ہے انکھڑیوں میں — اُستھا ہے دھواں تری کمی کا

Marfat.com

نیز امیر اللغات میں اس لفظ کو درج کیا ہے اور ناپسندیدگی یا ترک کی طرف اشارہ بھی نہیں کیا۔ اُن کی عبارت یہ ہے: "انکھڑیاں، آنکھ کی جمع؛ پیار سے معشوق کی آنکھوں کو کہتے ہیں"۔ اور سند میں سودا، آتش اور قلق کا ایک ایک شعر لکھا ہے۔

امیر کے شاگرد حکیم برہم نے ایک طویل خط میں، اصلاحِ زبانِ اردو مولفہ خواجہ عبدالرؤف عشرت لکھنوی پر تبصرہ کرتے ہوئے، اس کی تردید کی ہے کہ "انکھڑیاں" متروک ہے۔ مولفِ اصلاحِ زبانِ اردو نے لکھا تھا: "انکھڑیاں اب بول چال میں نہیں"۔ برہم نے اِس کی تردید کی ہے اور امیر اللغات و گلشنِ فیض کا حوالہ دیا ہے (مرقع ادب، دوم ص ۔د)

شوق نیموی نے رسالہ "اصلاح" میں اور مولفِ نور اللغات نے اس لفظ کو متروکات کے ذیل میں درج کیا ہے: "انکھڑیاں، آنکھوں کے معنی میں۔ . . اکثر فصحاے حال استعمال نہیں کرتے" (اصلاح، ص ۱۲)۔ اس کے برخلاف، خورشید لکھنوی نے لکھا ہے:

"انکھڑیاں، اس لفظ کو گو بعض فصحاے حال، بہ قولِ بعض، ترک کر چکے ہیں، مگر میں متفق ان سے نہیں ہوں۔ منشی منیر مرحوم سے محقق کہ جنھوں نے اس قدر متروکات کی پابندی کی ہے کہ دوسرے نے کم کی ہوگی، وہ فرماتے ہیں:

نشیلی انکھڑیاں، نیچی نگاہیں پھنسا لینے کی، بہکانے کی راہیں

اور گھوڑے وغیرہ کی آنکھوں کی تعریف میں جس کی نظم کی ضرورت مرثیوں میں اکثر پڑتی ہے، تو "انکھڑیاں" ہی "آنکھوں" سے فصیح تر ہیں" (افادات ص ۳۹)

اور "بحثِ متروکات مندرجۂ نور اللغات" کے ذیل میں اثر لکھنوی مرحوم نے لکھا ہے:

"انکھڑیاں۔ آنکھیں۔ دونوں کے محلِّ استعمال میں فرق ہے۔ "آنکھیں" عام لفظ ہے۔ "انکھڑیاں" معشوق کی خوب صورت آنکھوں کو کہتے ہیں۔ میرا شعر ہے:

اُن انکھڑیوں کی اُف نیم خوابی ڈورے پڑے تھے جن میں گلابی

انکھڑیوں میں جو بانکپن ہے، وہ آنکھوں میں کہاں!" (فرہنگِ اثر، ص ۷، ۸)

Marfat.com

نواب عزیز جنگ ولا حیدر آبادی نے اپنے رسالے معیارِ فصاحت میں یہی بات کہی ہے:
"آنکھوں میں انکھڑیوں کی تخصیصِ معنوی کا لطف کہاں ہے جو پیار سے متعلق ہے" (معیارِ فصاحت، ص ۲۴)۔

نواب کلبِ علی خاں (والیِ رام پور، تلمیذِ امیر) کو متروکات کا بہت لحاظ رہتا تھا۔ نواب صاحب کے دوسرے دیوان دستنبوئے خاقانی (مطبوعہ ۱۲۹۰ھ) کے آخر میں اُن کے متروکات کی ایک فہرست ہے، اس میں یہ لفظ بھی موجود ہے۔ لیکن جلال نے اپنے تیسرے دیوان مضمون ہائے دل کش (مطبوعہ ۱۳۰۶ھ) میں اپنے متروکات کی جو فہرست شامل کی ہے، اُس میں "انکھڑیاں" موجود نہیں۔ اُنھوں نے آخر تک اِس کو متروک نہیں سمجھا، کیوں کہ اُن کے چوتھے دیوان نظمِ نگاریں میں یہ لفظ موجود ہے:

اپنی شوخ انکھڑیوں میں کچھ تو جواب آنے دو
راہ پر آئیں جو یہ خانہ خراب آنے دو (ص ۱۰۶)

اِس بات پر بیش تر حضرات نے زور دیا ہے کہ "انکھڑیاں" چشمِ معشوق کے لیے آتا ہے مگر مطلق آنکھوں کے لیے بھی اس کو استعمال کیا گیا ہے، جیسے یہ سوز کا یہ شعر:

جب تلک آنکھیں کھلی ہیں دُکھ پہ دُکھ دیکھیں گے یار
مُند گئیں جب انکھڑیاں، اے سوز سب آنند ہیں

(دیوان سوز، قلمی، رسالہ [illegible])

اور بہ قولِ خورشید لکھنوی "گھوڑے وغیرہ کی آنکھوں کی تعریف میں جس کی نظم کی ضرورت مثنویوں میں اکثر پڑتی ہے" یہ لفظ آتا ہے [illegible] یہ کہ اس لفظ کو متروک قرار دینے کی کوئی وجہ نہیں۔

اِس بحث کے بعد، اس لفظ "انکھڑیاں" کے سلسلے میں آمیر کی اس تحریر کے متعلق ایک بات اور کہنا ہے: آمیر کے خط کی عبارت جس میں انھوں نے لکھا ہے کہ "یہ لفظ مجھے پسند نہیں [illegible]

Marfat.com

بھدنا، لفظ نہیں ہے، "بدھنا"[۴] ہے اور سرایت کرنے کے معنی میں مستعمل

مکاتیبِ امیر بینائی مرتبہ ثاقب (طبعِ دوم) میں اِسی طرح ہے، اور یہی میرا ماخذ ہے ـــــ ریاض خیرآبادی (تلمیذِ امیر) کے شاگرد عبدالحکیم حکمت عظیم آبادی نے، "دبدبۂ امیری" کے نام سے ایک کتاب لکھی تھی، جس میں بہت سی عبارتیں بہ لفظہٖ یا معمولی تغیّر کے ساتھ، طرۂ امیر مرتبہ امیر احمد علوی سے منقول ہیں۔ اس کتاب میں مکاتیبِ امیر کے کچھ اقتباسات بھی جمع کیے گئے ہیں۔ حکمت نے یہ صراحت نہیں کی کہ یہ اقتباسات، مکاتیبِ امیر بینائی کے پہلے اڈیشن سے لیے گئے ہیں یا دوسرے اڈیشن سے۔ دبدبۂ امیری میں منقول عبارتوں میں اور مکاتیبِ امیر بینائی مرتبہ ثاقب (طبعِ دوم) کی عبارتوں میں کئی جگہ کچھ اختلاف پایا جاتا ہے۔ امیر کے زیرِ بحث خط کے اقتباس کی بھی یہی صورت ہے کہ دبدبۂ امیری میں آخری جملہ اس طرح ملتا ہے: "یہ لفظ مجھے پسند ہے"۔ مکاتیبِ امیر بینائی کا پہلا اڈیشن مجھے یہاں باوصفِ تلاش نہیں مل سکا کہ اُس سے تقابل کیا جاتا۔ اگر دبدبۂ امیری والا جملہ صحیح ہے تو پھر صورتِ حال بدل جاتی ہے۔

[۴] سرمایہ میں جلال نے اس معنی میں "بھدنا" لکھا ہے: "بھدنا، پسی ہوئی مرچ یا نمک وغیرہ کا کسی چیز میں سرایت کر جانا"۔ رشک نے بھی نفس اللغۃ میں اسی کو مانا ہے: "بِھدا، ماضی، سرایت کردنِ نمک باشد در چیزے"۔ اس کے بعد متعدی مصدر "بھدانا" لکھا ہے: "نمک در چیزے سرایت کنانیدن بود"۔ یہی بول چال میں ہے۔ امیر نے صبا کے شعر میں اس لفظ کی مکتوبی صورت پر اعتماد کیا ہے، حالاں کہ اس سے فائدۂ استناد حاصل نہیں ہو سکتا۔ فائدۂ استناد اُس وقت حاصل ہو سکتا تھا جب یہ لفظ شعر میں اس طرح (بہ طورِ قافیہ) آئے کہ لازماً اس کو "بدھنا" پڑھنا پڑے۔ اور صبا کے زیرِ بحث شعر میں یہ صورت نہیں پائی جاتی؛ اِس لیے اُس کو سنداً پیش نہیں کیا جا سکتا۔

نور میں اِس معنی میں "بدھنا" کو صحیح بتایا گیا ہے (یہ گویا امیر کے قول کی تائید ہوئی)، عبارت

Marfat.com

ہے۔ صبا[5]:

یہ ہے: "بھدنا... پسے ہوئے نمک مرچ یا کسی اور سفوف کا کسی دوسری چیز میں مل جانا، سرایت کر جانا۔ کسی چیز میں بو بس جانا۔ جان صاحب: سوئی ہے تو لپٹ کے کل شب کو اے زلیخا: بو تیری بھد گئی ہے یوسف کے پیرہن میں۔ اِس جگہ "بدھنا" صحیح ہے"۔ اور "بدھنا" کے ذیل میں صبا کا وہی شعر سنداً لکھا ہے، جس کو امیر نے اپنے خط میں درج کیا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ صاحبِ نور نے "بدھنا" کو محض امیر کے اس خط کی عبارتِ زیرِ بحث کی بنیاد پر مرجح قرار دیا ہے، اور کوئی وجہ نہیں، نہ کوئی سند ہے۔ آثر لکھنوی مرحوم نے صاحبِ نور کے اِس قول پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے:

"کوئی وجہ نہیں بیان کی کہ "بھدنا" کیوں غلط اور "بدھنا" کیوں صحیح ہے۔ لکھنؤ میں اس موقع پر "بھدنا" ہی کہتے ہیں۔ بو کا بس جانا یا سرایت کر جانا، جیسا خود حضرت مولف نے لکھا ہے "بھدنا" ہے۔ سوراخ کرنا "بدھنا" ہے۔ مثلاً: بدھا موتی"۔

(فرہنگِ اثر، ص ۲۱۰)

یہی صحیح صورت ہے کہ "بدھنا" یا "بندھنا" سوراخ ہونا کے معنی دیتا ہے اور سرایت کرنے کے معنی میں "بھدنا" ہے۔

آصفیہ میں نور سے زیادہ ابہام آفریں صورت ہے۔ اُس میں: "بدھنا" ہے، نہ "بھدنا" بل کہ ایک مصدر "بندھنا" ہے اور "بھدنا" اور "بندھنا" دونوں کے معانی اُسی ایک مصدر سے منسوب کیے گئے ہیں ـــــ صحیح بات وہی ہے جس کو اوپر لکھا گیا ہے یعنی سرایت کرنے کے معنی میں "بھدنا" ہے اور (موتی وغیرہ) میں سوراخ ہونے کے معنی میں "بدھنا" اور "بندھنا" ہیں۔

[5] میر وزیر علی صبا لکھنوی خلفِ میر بندہ علی، تلمیذِ آتش، متوفی: ۱۲۱۱ھ قطعاتِ تاریخِ وفات شامل دیوانِ صبا موسوم بہ گنجینۂ آرزو، مطبوعہ مطبعِ محمدی لکھنؤ، سالِ طبع ۱۲۷۲ھ۔

Marfat.com

شور جس کا ہے، وہ ہے عشقِ جنوں زا دل میں بدھ گیا ہے نمکیں حُسن کا سودا دل میں[6]

ایجاد، مذکّر ہے۔ سند کے شعر ذیل میں دیکھیے۔ آج کل اس لفظ کی تذکیر و تانیث میں بحث چھڑی ہوئی ہے۔ اخباروں میں مضامین دیکھے جاتے ہیں، اور جابجا سے میرے پاس استفتے آتے ہیں۔ سنا جاتا ہے کہ نوّاب مرزا خاں[7] صاحبِ داغ کا قول ہے کہ دلّی میں مونّث ہے، مگر کلام میں کہیں مونّث کا پتا نہیں چلتا۔ اگر ایک معتبر شاعر نے بھی مونّث کہا ہوتا تو کہا جاتا کہ مختلف فیہ ہے۔ اور بغیر کلام میں آئے ہوئے کہیں کہیں بول چال میں ہونا کافی نہیں ہے۔

نسیم[8] دہلوی :

قبر پر آیا ہے، دینے کو مبارک بادِ مرگ یہ نیا ایجاد ہے میرے ستم ایجاد کا[9]

میر :

یہ تازہ لگا ہونے ایجاد گلستاں میں راتوں کو لگا رہنے صیّاد گلستاں میں[10]

---

[6] غنچۂ آرزو، ص ۱۱۱۔

[7] اِس لفظ سے متعلق مفصّل بحث اِس کتاب میں شامل مضمون "مشترک الفاظ" میں کی گئی ہے۔ یہاں پر صرف یہ کہنا کافی ہوگا کہ داغ کے متعلق یہ روایت قطعاً درست نہیں کہ وہ لفظ "ایجاد" کو مونّث کہتے تھے۔ اِس کے برخلاف، داغ بھی اِس لفظ کو مذکّر ہی مانتے تھے۔

[8] اصغر علی خاں نسیم دہلوی، تلمیذِ مومن۔ متوفّی: ۱۴ رمضان ۱۲۸۲ھ، دیباچۂ دیوانِ نسیم، موسوم بہ دفترِ شگرف، نوشتۂ امیر اللہ تسلیم (تلمیذِ نسیم)۔

[9] دفترِ شگرف، مطبوعۂ مطبعِ مصطفائی لکھنؤ (سالِ طبع: ۱۲۸۵ھ) ص ۴۴۔

[10] یہ شعر میر کا نہیں۔ کلیات مرتّبۂ آسی اِس سے خالی ہے اور مخدومی قاضی عبدالودود صاحب کی

Marfat.com

اگرچہ اس شعر میں "ایجاد" کا لفظ جس صورت میں آیا ہے، وہ سند کے لیے پورے طور سے کافی نہیں ہو سکتا؛ مگر دیوان میں اسی طرح چھپا ہے اور ثقات کو اسی طرح پڑھتے سنا ہے۔

غافل لکھنوی[11]:

اتنی بینائی کہاں، دیکھیں جو سیرِ جُزو و کُل
عالمِ ایجاد میں تو سیکڑوں ایجاد ہیں[12]

دشنام، زیادہ مونث ہے، مگر ظفر نے ایک جگہ مذکر کہا ہے؛ فلہٰذا مختلف فیہ کہا جا سکتا ہے۔

ناسخ:

کسی نے جو حیدر کو دشنام دی — تو گویا پیمبر کو دشنام دی[13]

تحقیق کے مطابق، یہ شعر تنہا، شاگردِ مصحفی کا ہے۔ قاضی صاحب کی عبارت یہ ہے:

[اب اور لگا ہونے ایجاد گلستاں میں — راتوں کو لگا رہنے صیاد گلستاں میں

شیفتہ ص ۱۵ و نساخ ص ۱۷۶ و ثم خانہ ۳ ص ۳۲۹ میں بنام راسخ عظیم آبادی لیکن اُن کے دیوان کے کسی نسخے میں نہیں۔ اور انتخاب دیوانِ تنہا، شاگردِ مصحفی مؤلفہ حسرت موہانی میں، بہ تبدیلِ بعض الفاظ موجود ہے۔ بل کہ اُس میں [illegible] اور اشعار بھی ہیں۔ اِس میں کچھ شک نہیں کہ یہ تنہا کا نتیجہ فکر ہے۔]

(آوارہ گرد اشعار، نقوش، لاہور، جون ۱۹۵۶ء)

[11] منور خاں غافل لکھنوی، خلفِ صلابت خاں، تلمیذِ مصحفی (سخن شعرا)۔

[12] دیوانِ غافل، اشاعتِ ثانی، نول کشور پریس کانپور ص ۵۶۔ سالِ طبع: ۱۸۹۷ء۔

[13] کلیاتِ ناسخ، مطبعِ مولائی ص ۴۰۲ (سالِ طبع: ۱۲۶۶ھ)۔

Marfat.com

ناسخ :

بارہا میں گیا ہوں نزدِ امام　　کبھی مجھ کو نہ دی کوئی دشنام[۱۴]

ظفر :

ہم کو پوشیدہ ہیں پیغام کسو کے آتے　　خط پہ خط روز ہیں بے نام کسو کے آتے
ہوسِ بوسہ اگر کھینچ نہ لاتی ہم کو　　کاہے کو سننے کو دشنام کسو کے آتے"[۱۵]

[بہ نام کوثر۔ ۸ مارچ ۱۸۹۸ء]

۱۴؎ مثنویِ ناسخ، مرتبہ حبیب اللہ غضنفر، شائع کردہ کتابستان الٰہ آباد، ص ۲۷۔ سالِ طبع : ۱۹۳۱ء۔

۱۵؎ کلیاتِ ظفر، نول کشور پریس ص ۱۴۴ ـــــ مولفِ معین الشعرا نے ظفر کے اسی شعر کی بنا پر "دشنام" کے متعلق لکھا ہے کہ : "دہلی میں مذکر اور لکھنؤ میں مونث بولتے ہیں"۔ مگر یہ درست نہیں۔ یہ لفظ عمومی سطح پر دونوں جگہ مونث ہے۔ آصفیہ میں بھی اِس کو صرف مونث لکھا گیا ہے۔ ظفر کا شعر از قسمِ شواذ ہے۔ نیز میرا خیال ہے کہ امیر نے سند کے جو شعر لکھے ہیں، یہ رشحاتِ صفیر سے ماخوذ ہیں، محض اختلافِ ترتیب کے ساتھ۔ رشحات میں ظفر کے شعر پہلے ہیں اور ناسخ کے شعر اُن کے بعد۔

رشحات اِس خط سے پہلے شائع ہو چکی تھی۔ نور میں بھی یہی لکھا گیا ہے : "دشنام... مونث۔ دہلی میں مذکر ہے"۔ اور سند میں ناسخ و ظفر کا ایک ایک شعر لکھا گیا ہے۔ یہ وہی شعر ہیں جو امیر کے خط میں درج ہیں۔ یہ بھی محض نقلِ قول ہے۔ صاحبِ نور نے امیر کے مکاتیب سے اکثر استفادہ کیا ہے؛ اِس بنا پر میرا خیال ہے کہ اس لفظ کے ذیل میں جو مثالیہ اشعار درج کیے گئے ہیں، وہ امیر کے اِسی خط سے ماخوذ ہیں، اس فرق کے ساتھ کہ امیر نے قطعیت کے ساتھ یہ نہیں لکھا تھا کہ دہلی میں مونث ہے، مولفِ نور نے اِس کا اضافہ کر دیا۔

Marfat.com

(۱۵) مدفن ۔ چپقلش ۔ کعبے کا گھر :

"مدفن، بہ کسرِ فا، لُغۃً صحیح، پھر موزوں کرنے کو کون منع کرتا ہے۔ اچّھا نہ معلوم ہو، نہ کہیے۔ میں نے بھی کبھی نہیں کہا۔ خلد آشیاں[1] نے موزوں کیا تھا، بہت چرچا رہا، مگر جیت انھی کی تھی کہ لفظ صحیح[2] ہے۔

چپقلش، بہ معنیِ جنگِ شمشیر، غیاث میں بہ فتحِ لام ہے۔ اور اُردو میں بہ کسرِ لام، انبوہ[3] کے معنی میں ہے۔

---

[1] مراد ہے نوّاب کلبِ علی خاں نوّاب، خلفِ نوّاب یوسف علی خاں ناظم، والیِ رام پور سے۔ ولادت: ۱۲۵۰ھ۔ تخت نشینی: ۱۲۸۱ھ، وفات: ۱۳۰۴ھ۔ (حواشیِ مکاتیبِ غالب، مرتبۂ عرشی صاحب) نوّاب صاحب کے پانچ مطبوعہ دیوان ہیں (۱) نشیدِ خسروانی، مطبوعہ ۱۲۹۳ھ (۲) دستنبوے خاقانی، مطبوعہ ۱۲۹۵ھ (۳) درۃ الانتخاب، مطبوعہ ۱۲۹۵ھ (۴) توقیعِ سخن، مطبوعہ ۱۲۹۷ھ (۵) مضامینِ رفیع، مطبوعہ ۱۳۰۲ھ۔ نوّاب صاحب کو صحتِ الفاظ کے ساتھ ساتھ، متروکات کا بہت خیال رہتا تھا۔ دیوانِ دوم کے آخر میں انھوں نے اپنے متروکات کی فہرست شامل کی ہے۔ مصاحب منزل میں اساتذہ کا مجمع رہتا تھا اور اُس اجتماع میں زبان و قواعد کے مختلف مسائل خاص طور پر موضوعِ بحث بنتے تھے۔ نوّاب صاحب ایسی بحثوں میں بطورِ خاص دلچسپی لیا کرتے تھے۔ دیگر اساتذۂ دہلی کے برخلاف، داغ کے یہاں جو اساتذۂ لکھنؤ کی طرح، قواعد پسندی کا رجحان شدّت کے ساتھ کارفرما تھا، اُس میں رام پور کے اِس ماحول شعر و سخن کو بہت کچھ دخل تھا۔

[2] لُغت کا نوشتہ سر آنکھوں پر، مگر یہ لفظ بہ کسرِ فا، اردو کے لحاظ سے قطعاً غیر فصیح ہے۔ بہ کسرِ فا کو عربی سے مخصوص سمجھنا چاہیے اور اُردو میں صرف بہ فتحِ فا کو جگہ دینا چاہیے۔

[3] اصلاً یہ لفظ "چپقلش" ہے، بہ فتحِ اول و ضمِ سوم و فتحِ چہارم اور اس کے معنی ہیں: جنگِ شمشیر

Marfat.com

خانۂ کعبہ کا ترجمہ "کعبے کا گھر" بالکل مستعمل نہیں، اور نہایت بُرا معلوم ہوتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ "خانۂ کعبہ" ترکیبِ اضافی نہیں ہے، ترکیبِ توصیفی یا بدل مبدل منہ ہے؛ پھر "کعبے کا گھر" کیوں کر درست ہوگا۔ آپ کسی سے تو لڑ پڑے نہیں، اور سمجھیے کہ غلط ہے، ہاں معتبرین کے کلام میں نکلے تو خیر! اگر کوئی آپ سے پوچھتا ہے تو سمجھا دیجیے کہ میرا تو یہ خیال ہے۔ پھر وہ تاویلات کرے تو چُپ ہو رہیے"۔

[بہ نامِ کوثر خیرآبادی]

(غیاث اللغات)۔ اردو میں حرکات کے لحاظ سے یہ تصرّف ہوا کہ ق کا پیش زبر سے بدل گیا۔ اور لؔ مفتوح اور مکسور دونوں طرح رہا۔ اور معنی بھی بدل گئے۔ نور اللغات کی عبارت ہے:

"چپقلش، ت۔ بالفتح وضمِ سوم وفتحِ چہارم: انبوہ، ہجوم، تلوار کی لڑائی۔ مونث: لڑائی، جھگڑا، تکرار، جگہ کی تنگی، انبوہ، بھیڑ۔ داغ:

ہوئی لوگوں میں چپقلش کیا کیا رہی آپس میں کش مکش کیا کیا

... اردو میں بالفتح وفتحِ سوم وکسرِ چہارم بھی زبانوں پر ہے"۔

قائم کی ایک غزل ہے: کششِ دل اور تپشِ دل، اُس میں "چپقلشِ دل" بھی آیا ہے:

کس طرح کوئی گزرے تری رہ سے کہ پیارے
ہر گام پہ اُس کوچے میں ہے چپقلشِ دل

چوں کہ اس غزل میں حرفِ ماقبلِ شین کی حرکت کی پابندی ہر شعر میں کی گئی ہے، اس لیے اس شعر کو، بہ کسرِ لؔ کی مثال کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے۔ بہ فتحِ چہارم کی مثال میں اوپر داغ کا شعر آچکا ہے۔ آصفیہ میں حرکات کی صراحت نہیں کی گئی، البتہ ق پر زبر اور لؔ پر کسرہ لگا ہوا ہے۔ بول چال میں بہ فتحِ چہارم اور بہ کسرِ چہارم (چپقلش، چپقلش)، دونوں طرح آتا ہے۔

Marfat.com

(۱۶) خنجر کا دونا ہونا:

"خنجر کا دونا ہونا، صحیح ہے[1]"

[بہ نام کوثر خیرآبادی۔ ۱۹، مئی ۹۳ء]

(۱۷) تعقید۔ سقوطِ یائے معروف:

"جو شبہات آپ نے لکھے ہیں، اُن میں سے بعض تو میں رفع کیے دیتا ہوں، اور بعض اِس پر موقوف ہیں کہ پورا شعر اپنا اور اصلاح میری لکھیے۔

واضح ہو کہ "کھائے پھرتے ادھار ہم بھی ہیں" محاورہ فصحا کا نہیں ہے اور بندش بھی تعقید سے خالی نہیں۔ "کھائے پھرتے" اِدھر اور "ہیں" اُدھر، اور بیچ میں "اُدھار ہم بھی" خوش سنا نہیں۔ چاہو، رہنے دو۔

ق پر بہ ہر صورت زبر رہتا ہے۔

اُردو میں اصل معنی یعنی "تلوار کی لڑائی" تو ختم ہو گئے۔ اُس کے بجائے، جگہ کی تنگی، جھگڑا، بھیڑ، کے معنوں میں مستعمل رہا ہے۔ آمیر کی یہ تحدید کہ "اُردو میں بہ کسرِ لام" ہے اور صرف "انبوہ" کے معنی میں ہے، صحیح نہیں۔ داغ کے مندرجۂ بالا شعر سے اس قطعیت کی خود بہ خود نفی ہو جاتی ہے۔ داغ کے شعر میں بہ فتحِ لام، اور بہ معنیِ "تکرار" نظم ہوا ہے۔ جیسا کہ اوپر لکھا جا چکا ہے یہ لفظ اردو میں بہ فتحِ لام اور بہ کسرِ لام، دونوں طرح مستعمل ہے اور تکرار، جھگڑا، انبوہ، جگہ کی تنگی کے معنوں میں آتا ہے، اور قاف ہر صورت میں مفتوح رہتا ہے۔

[1] "دونا ہونا" یا "خنجر کا دونا"، نہ تو آصفیہ میں ہے نہ نور میں۔ البتہ دونوں میں "دونا ہو جانا" موجود ہے۔ نور کی عبارت یہ ہے: "دونا ہو جانا (لکھنؤ) تلوار یا نیچے کا دہرا ہو جانا، خمیدہ ہو جانا،

صبا: جانِ شیریں ہم نے کس سختی سے دی نیچہ قاتل کا، دونا ہو گیا"

مقابلہ کرنے پر معلوم ہوا کہ صاحبِ نور نے ذرا سی ترمیم کے ساتھ، آصفیہ کی عبارت کو

Marfat.com

"سیہ بختی ہیں عدیم المثل"؛ "سیہ بختی" میں یائے تحتانی کا اسقاط نہ چاہیے ، ترکیبِ فارسی[1] ہے۔ اگرچہ بعض اساتذۂ اردو کے کلام میں سند ملتی ہے، مگر کیا ضرور ہے۔

"نباشد جز بتو اے شوخ عیّار"؛ اس میں اگر "جز بتو" پسند نہیں تو "غیر تو" رکھیے، کچھ مضائقہ نہیں"۔

[بہ نام کوثر خیرآبادی]

نقل کرلیا ہے۔ بہ ہر صورت "دونا ہونا" اور "دونا ہو جانا" میں کچھ زیادہ فرق نہیں۔

[1] ترکیبِ فارسی کی شرط نہیں، ترکیب ہو یا نہ ہو، ہر صورت میں عربی و فارسی الفاظ کے آخر سے ی کے سقوط کو غلط بتایا گیا ہے؛ مگر یہ اس قدر بے اصولی پابندی تھی کہ پوری طرح نباہی نہیں جاسکی، اور "بعض اساتذہ" نہیں، اکثر اساتذہ کے یہاں اس کی مثالیں ملتی ہیں۔ اس کتاب کے ایک دوسرے مضمون میں اس پر مفصّل گفتگو کی گئی ہے جو اسی موضوع پر ہے؛ اُس کو دیکھا جائے۔ یہاں پر، صرف امیر مینائی کے یہاں سے سقوطِ یائے معروف کی چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں، اور ان کو دیکھ کر، اس بات کا بہ خوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ جب امیر خود اس "لزوم مالایلزم" کو نہیں نباہ سکے، تو دوسروں کو کیا کہا جائے گا!

پاس یکتائی کا اس شوخ کو ایسا ہے امیر (صنم خانۂ عشق، محبوب پریس حیدرآباد، ص ۳۳۸)

تیری بے دردی ہی اچھی تھی ترس کھانے سے (ایضاً ص ۲۸۰)

چھپ کے تنہائی میں اغیار سے رویا ہوگا (ایضاً، ص ۱۴)

تنہائی میں نہ رونے نہ گانے کا لطف ہے (ایضاً، ص ۳۱۲)

رسائی کچھ نہیں دشوار بام تک اُس کے (ایضاً ص ۲)

یہ شیخ سعدی ہے جس نے کہ چشمِ روشن کو (مرآۃ الغیب، ص ۲۷)

Marfat.com

(۱۸) گل دستوں کے متعلق رائے، گل دستۂ دامنِ گل چیں :

"سلامِ نیاز کے بعد مدّعا نگار ہوں کہ نورِ چشم محمد احمد کے چھوٹے بھائی، برخوردار لطیف احمد کی طبیعت شعر سے بہت مناسب واقع ہوئی ہے۔ اِس زمانے میں بہ سبب بے شغلی کے، اُن کو خیال پیدا ہوا کہ دامنِ گل چیں کے قالبِ بے جاں میں پھر نئے سرے سے روح پھونکی جائے۔ مجھ سے اصرار کیا کہ اس گل دستے کی نگرانی پر مثلِ سابق پھر توجہ کی جائے۔ اگرچہ میں اپنے آلام و اسقام کی وجہ سے نکما ہو رہا ہوں، مگر اُن کی خاطر سے منظور کرنا پڑا۔

گل دستوں کی کثرت ایسی ہے کہ اب یہ مشغلہ بھی ابتذال سے خالی نہیں، اور زیادہ تر اسی ابتذال کی وجہ سے طبیعت گریز کرتی ہے۔ اور پرچے کو رونق بھی مشکل معلوم ہوتی ہے۔ موجودہ گل دستوں سے فروغ کی صورت اگر ہے تو یہی کہ محاسنِ معنوی میں کوشش کی جائے۔ اس کا مدار، صرف اس بات پر ہے کہ معدودے چند عمدہ نامور شعرائے خوش فکر و خوش مذاق کا کلام ہمیشہ اس میں چھپے۔

آپ کی ذاتِ سراپا صفات اس طبقۂ نامور کی افسر ہے، اور غایتِ مشتاقی سے اب غزل کہہ دینا، آپ کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے؛ لہٰذا خواست گار ہوں کہ اپنی طبیعتِ نازک پر جبر کر کے، بالالتزام غزل دینے کا وعدہ کیجیے۔ مگر یہ پہلے سے کہہ رکھتا ہوں کہ غزل ایسی کہا کیجیے گا کہ ہم سے غبیوں کو بھی

طرفت العین میں وہ روشنی پہنچی جو قریب (ایضاً ص ۳۵)
نہ بے وفائی کا غم تھا، نہ ڈر جدائی کا (ایضاً ص ۸۴)
بھٹیاں ہوتی ہیں آبادی سے اکثر باہر (ایضاً ص ۱۲۶)

Marfat.com

کہنے کی گنجایش رہے۔ یہ نہ ہو کہ پہلے ہی سے دنیا بھر کے قلم توڑ دیے جائیں ۔
پرچہ ابتدائے[1] جنوری میں نکلے گا۔ مصرعِ طرح بابت جنوری ۱۸۹۹ء: گیسوِ
پیچاں کی گلیاں ہیں مری چھانی ہوئی ـــــ مہمانی، قافیہ "

[بہ نام داغ دہلوی، ۳۱ر نومبر ۱۸۹۸ء]

(۱۹) بہ سلسلۂ مکاتیب وامیر اللغات ۔

بعد بس، ہو وے، ہوئے :

"تم نے میری انشا پردازی کی ستایش کر کے، اور مجھے شرمندہ کیا۔ شرمندگی
کے ساتھ، تمھاری قدر دانی کا (جو محض محبت سے ہے) شکر گزار ہوں۔ خطوط
جب میں فکر سے اچھے لکھتا تھا، وہ ذخیرہ ایک سوکئی جز کا میرے ایک شاگرد نے
جمع کیا تھا۔ سولہ برس ہوئے کہ وہ بے چارہ مر گیا اور اس ذخیرے کا پتا نہ
لگا۔ پھر کسی نے جمع نہیں کیا۔ تین چار شاگردوں نے کبھی کبھی کچھ خطوں کی نقلیں
اپنی پسند کے موافق لکھ لیں، وہ جا بہ جا ہیں۔ بعض تحریروں کی نقلیں لڑکوں نے
کر لی ہیں۔ اور جب سے دفترِ امیر اللغات کھولا گیا ہے، محرّرانِ دفتر بعض
مکاتیب لکھ لیتے ہیں۔ یہ سب بھی جمع ہوں تو ایک مجموعہ ہو سکتا ہے،
مگر یہ کام کون کرے۔ اس قدر ضرور ہے کہ کوئی خوش سلیقہ فہمیدہ و
سنجیدہ آدمی ترتیب دے کر ان کو یک جا لکھ دے اور میں ایک نظر دیکھ کر
جو مطلب شائع کرنے کے نہ ہوں، ان کو نکال ڈالوں، تو بنے۔ مگر اس کی

---

[1] اِسی سلسلے میں امیر نے اپنے شاگرد زاہد سہارن پوری کو بھی لکھا تھا: "گل دستۂ دامنِ گل میں جنوری سے بہ اہتمامِ نور چشم لطیف احمد اختر پھر نکلے گا۔ یہ وہی پرچہ ہے جو ۱۸۸۵ء میں میری نگرانی میں نکل کر مقبولِ عام ہو چکا ہے" (مکاتیبِ امیر مینائی، ص ۲۳۳)۔

Marfat.com

فرصت ہی نہیں رہی ہے۔ کروں کیا "یک انار صد بیمار" کا مصداق ہوں۔ کاہشوں سے نجات نہیں ہوتی۔

یہ اُلفت اردو کا، جس کو لکھ رہا ہوں، اس نے کسی کام کر لینے کا وقت نہیں چھوڑا ہے اور پھر وہ بھی جلد نہیں ہوتا ہے۔ اور ہو کیوں کر، روپیا پیسا بہت چاہیے اور یہاں اب کتھوڑا سا بھی نہیں ہے۔ اگر یہ کام ہو گیا تو عجب عمدہ کام ہو گا۔ ایسا بور اُلغت اُردو کا اب تک کوئی نہیں، اور آیندہ بھی اُمید نہیں، اس لیے کہ اب زمانہ اس زبان کو مٹاتا جاتا ہے۔

"بعد" کے ساتھ لفظ "میں" کا لانا، خلافِ فصاحت ہے۔ اور "ہو" کی جگہ "ہووے" یا "ہوئے" اگلی زبان ہے[1]۔"

[بہ نام زاہد۔ ۱۷ اپریل ۱۸۹۱ء]

---

[1] جلال نے اپنے رسالے قواعد المنتخب میں لکھا ہے:

"یہ جو آئے، جائے، پائے، کھائے، لائے وغیرہ، یا روئے، دھوئے، سوئے وغیرہ میں کبھی بجائے ہمزہ، واو بھی بولتے ہیں اور لکھتے ہیں یعنی آوے جاوے، پاوے، روو ے، سووے، دھووے؛ مولف کے عندیے میں نہایت غیر فصیح بل کہ غیر صحیح ہے۔ اور "ہو" جو "باش" یا "باشد" کا ترجمہ ہے، اس کے بعد تو واو اور ی دونوں کے لانے کی کوئی ضرورت ہی نہیں ہے، کہ فقط "ہو" پر مدعا تمام ہو جاتا ہے، اور واو ہی زائد ٹھہرتے ہیں، جیسے اس شعر میں کسی کے:

گُل وہ کھاؤں کہ چمن محو تماشا ہووے دیکھنے کا اسے کچھ ذوق تو پیدا ہووے

یہاں "ہو" کے آخر میں واو اور ی کے بڑھانے کی کچھ حاجت نہ تھی؛ مطلب "ہو" ہی پر تمام ہو گیا تھا۔ پس یہی وجہ ہے کہ "ہووے" کو متاخرین نے ترک کر دیا

Marfat.com

(۲۰) ڈھونڈھے ہے۔ خورونوش :

" "ڈھونڈھتا ہے" کی جگہ "ڈھونڈھے ہے"، اب زبان نہیں ہے۔ قدما کہتے ہیں، متاخرین نے ترک کر دیا ہے[1]۔

ہے۔ ہرگز اپنے کلام میں "ہووے" نہیں لاتے ہیں۔

اور یہ جو "ہو" کے آخر میں کبھی ہمزہ اور کبھی بڑھا کر "ہوئے" بولتے ہیں، بل کہ شعرا روئے، سوئے، دھوئے وغیرہ کا قافیہ بھی گردانتے ہیں؛ یہ مولف کے نزدیک زوائد میں کیسا، محض غلط ہے" (ص ۱۴)۔

[1] ایسے افعال کو متروک قرار دینا، زبان اور حسنِ بیان، دونوں کی جان پر ستم کرنا ہے۔ شکر ہے کہ اُس زمانے میں بھی سب نے اِس غیر مناسب فیصلے کو تسلیم نہیں کیا تھا، اور آج تو اکثر لوگ اِس کو ماننے کے لیے تیار نہیں۔ فراق نے اپنی کتاب اُردو کی عشقیہ شاعری میں اِس سلسلے میں ایک نہایت عمدہ بات لکھی ہے :

" ہندی یا اُردو فعل کی ایک قدیم صورت ایسی تھی جو مذکر و مونث دونوں کے لیے آتی تھی، جیسے : آئے ہے، یا آوے ہے . . . وغیرہ، جن کی جگہ پر اب "آتی ہے" یا "آتا ہے" . . . وغیرہ کہتے ہیں۔ اُس قدیم شکل میں واحد و جمع بھی صرف "ہے" کو "ہیں" کر دینے سے بن جاتا تھا۔ یہ شکل وہ لطیف، نازک، رنگین ابہام پیدا کر دیتا تھا، جس کا ذکر میں فارسی تغزل کے سلسلے میں ابھی کر چکا ہوں۔ ولی دکنی کا یہ شعر سنیے، جس پر مہذب دنیا کی مہذب سے مہذب شاعری وجد کرے گی، اور جس میں محبوب کے بارے میں یہ کھلتا ہی نہیں کہ وہ مرد ہے یا عورت : ولی اُس گوہرِ کانِ حیا کا واہ کیا کہنا

مرے گھر اس طرح آوے ہے، جیوں سینے میں راز آئے" (ص ۵۰)

Marfat.com

(حاشیۂ گذشتہ)

فراق نے اردو کے اندازِ بیان کی ایک خوبی کی طرف جو اشارہ کیا ہے، وہ بہت اہم ہے اِس ابہامِ رنگیں کے علاوہ، ایسے افعال عام صورتوں میں بھی کہیں کہیں بہت لطف دے جاتے ہیں۔ اُردو کے اہم شعرا نے برابر ایسے افعال کو استعمال کیا ہے (یہاں پر خاص قسم کے اسائندہ سے بحث نہیں) اور ایسے مصرعے یا شعر، کسی طرح کی عدمِ فصاحت سے گراں بار نہیں معلوم ہوتے۔ اس کے برعکس، حُسنِ بیان کے آئینہ دار ہوتے ہیں۔ جیسے: آئے ہے بے کسیِ عشق پہ رونا غالبؔ (غالبؔ)، ڈھونڈھے ہے اُس مغنیِ آتش نفس کو جی (غالبؔ)۔ آج کل تو ایسے افعال کو بے تکلف استعمال کیا جاتا ہے، خصوصاً ردیف یا قافیے کے طور پر۔ خود فراق نے ایسے افعال کو نہایت خوبی کے ساتھ نظم کیا ہے، جیسے اُن کی وہ غزل، جس کا ایک سادہ و تہ دار شعر یہ ہے:

جو بے خواب رکھّے ہے تا زندگی　　وہی غم کسی دن سُلا جائے ہے

یہاں پر اس نکتے کی طرف توجّہ دلانا بھی فائدے سے خالی نہ ہوگا کہ ایسے بہت سے مقامات آتے ہیں، مصرعے کے درمیان میں یا قافیے کے محل پر، جہاں "آتا ہے"، "جاتا ہے" جیسے افعال اگر لائے جائیں تو "آتا" اور "جاتا" وغیرہ کا الف دب جاتا ہے اور نہایت درجہ ناگوار صورت پیدا ہو جاتی ہے۔ میں صرف ایک مثال سے اپنی بات کو واضح کرنا چاہوں گا: داغؔ کی ایک غزل ہے، جس کا ایک مصرع یہ ہے، ع: میں نے وہ رنج اٹھائے ہیں کہ جی جانتا ہے (انشائے داغؔ، ص ۱۴۳) قافیہ کس قدر مخلِ فصاحت اور بارِ سماعت ہے! اگر دیگر اساتذۂ دہلی (ذوقؔ، مومنؔ، غالبؔ وغیرہ) کی طرح داغؔ یہاں پر "جی جانے ہے" لکھتے تو وہ خرابی پیدا نہیں ہو سکتی تھی۔

جیسا کہ لکھا جا چکا ہے، آج کل، اساتذۂ متوسطین کی طرح، ایسے افعال کو بے تکلف استعمال کیا جاتا ہے اور وہ واقعی لطف دے جاتے ہیں۔ مثلاً اِس زمانے کی ایک ممتاز غزل گو خاتون کی ایک غزل کے یہ دو شعر دیکھیے:

کیا قیامت ہے کہ راہِ عشق میں ہر گام پر　　منزلوں کا فاصلہ کچھ اور بڑھتا جائے ہے

Marfat.com

(حاشیۂ گذشتہ)

اِس شبِ تاریک میں تنہا ہوں میں تنہا ہوں میں کوئی جگنو، کوئی تارا، جی بہت گھبرائے ہے

(خانم ممتاز مرزا)

اصل بحث کے بعد، ایک ضمنی بات کہنا چاہتا ہوں: فراق نے ولی کے جس شعر کو پیش کیا ہے؛ وہ اس طرح صحیح نہیں. کلیاتِ ولی، مرتبۂ مولانا احسن مارہروی نیز کلیات مرتبۂ ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی میں یہ شعر اس طرح ہے:

"ولی اُس گوہرِ کانِ حیا کی کیا کہوں خوبی
مرے گھر اس طرح آتا ہے، جیوں سینے میں راز آوے"

رضا لائبریری رام پور کے ایک مخطوطۂ دیوانِ ولی میں، دوسرے مصرعے میں "آتا ہے" کی جگہ "آوتا ہے" ہے، یعنی: "مرے گھر اس طرح آوتا ہے، جیوں سینے میں راز آوے"۔ بہرحال، یہ شعر تحقیقِ مزید کا محتاج ہے. مگر اس اختلافِ متن سے فراق کی بات پر کچھ اثر نہیں پڑتا۔ فراق کی بات اپنی جگہ پر بالکل صحیح ہے اور مثالاً اِس ایک شعر کی جگہ اور بیسیوں شعر پیش کیے جاسکتے ہیں۔

مولانا حسرت موہانی نے اپنے رسالے نکاتِ سخن میں، اس سلسلے میں اساتذۂ متقدمین و متاخرین کے یہاں سے بہت سی مثالیں پیش کی ہیں، جن سے اندازہ ہوتا ہے کہ افعال کی یہ صورت کس قدر مروج رہی ہے اور کس قدر برمحل استعمال ہوا ہے اِن کا۔ میں یہاں پر مولانا مرحوم کی مکمل عبارت اور کچھ مثالیہ اشعار نقل کرتا ہوں:

["آئے ہے" اور "جاؤ ہو" نواحِ دہلی مثلِ میرٹھ، بلند شہر، علی گڑھ میں آج تک عوام کی زبان پر جاری ہے مگر تحریرِ نثر و نظم میں اب لکھنؤ کے مانند دہلی میں بھی یہ الفاظ بالاتفاق متروک سمجھتے ہیں۔ راقمِ حروف کے نزدیک بھی اس قسم کے الفاظ کا ترک جائز ہے لیکن ضرورتِ شاعری کے خاص موقعوں پر، بہ شرطِ مشاقیِ کامل، ان کے استعمال میں بھی کچھ مضائقہ نہ ہونا چاہیے۔ مثلاً مرزا نسیم دہلوی کا ایک مصرع ہے: "رحم آجاتا ہے دشمن کی گرفتاری پر" مرزا صاحب

Marfat.com

(حاشیۂ گذشتہ)

اگر زبانِ لکھنؤ کی پابندی سے آزاد ہوکر "رحم آجاتا ہے" کی جگہ "رحم آجاتے ہے" لکھتے تو کچھ ہرج نہ ہوتا بل کہ غالباً بہتر ہوتا۔ یہی حال بیخود دہلوی، شاگردِ داغ کے اِس مطلعے کا ہے:

کوئی چل جاتا ہے جب تیرِ نظر، تیر کے ساتھ
خود تڑپ جاتا ہے صیاد بھی، نخچیر کے ساتھ

اب متقدمین سے لے کر متوسطین و متاخرین و شعرائے دورِ حاضر کے کلام سے اس کی مثالیں ملاحظہ ہوں:

پل مارتے کرے ہے اشاروں سے متہم
ٹک اُس ستم ظریف کا بہتان دیکھیو (قائم)

دل لے گیا ہے میرا وہ سیم تن چُرا کر
شرما کے جو چلے ہے سارا بدن چُرا کر (مصحفی)

کون آئے ہے کہ سینے میں بیدار ہوگئی
صد آرزوے خفتہ، صدائے قدم کے ساتھ (ممنون)

مستانہ طے کروں ہوں رہِ وادیِ خیال
تا بازگشت سے نہ رہے مدعا مجھے (غالب)

اب یہ حالت ہے کہ تجھ سا بے درد
میرے بچنے کی دعا مانگے ہے (انیس)

برستے لہو، جنبشِ ابرو کی ادا میں
تم لوٹ لو دیکھے خونِ شہدا میں (بنواری لال شعلہ)

دوزخ، الف فاکستر و جنت، ثمرِ خام
ڈھونڈے ہے تھکا دلِ بے بال و پر اپنا (شاکی میرٹھی)

Marfat.com

"خورونوش" زیادہ مستعمل ہے۔ فقط "نوش" اِس محل پر زبان نہیں، اور کوئی عیب بھی نہیں۔ مضمون اچھا ہے اور معناً درست ہے، لہٰذا رہنے دیجیے[۲]۔ اصلاح سے زیادہ ہر جگہ وجوہِ اصلاح لکھنا دشوار ہے۔ اور اکثر وجوہ وجدانی ہوتے ہیں، جن کو طبعِ سلیم سمجھ لیتی ہے۔"

[بنام زآہد سہارن پوری، ۲۶ر جولائی ۱۸۹۱ء]

(۲۱) بہارِ ہند۔ انگریزی الفاظ۔ فرہنگِ فرنگ:

"میرے پاس بھی الف سے ی تک مسلسل معنی و مثل کے ساتھ لُغت موجود ہے

کام یابِ عشقِ بے حد ہے دلِ عشرت نصیب
آرزو کے سر سے گزرا جائے ہے آبِ نشاط (حسرت موہانی)

(نکاتِ سخن، انتظامی پریس، حیدرآباد ص ۳۲-۳۳)

۲ زآہد کا شعر یہ تھا:

"روزی گرے پڑوں کو پہنچتی ہے ان کے گھر ہے میرے آبلوں کا لہو نوشِ نقشِ پا"

(مشاطۂ سخن، اول، ص ۵۹)

مشاطۂ سخن میں اس شعر کی اصلاح کے ذیل میں آمیر کے خط کا اس سے متعلق اقتباس بھی ہے مجموعۂ مکاتیب اور اس میں بعض الفاظ کا فرق ہے۔ میں نے "خورونوش" سے متعلق عبارت مشاطۂ سخن کے مطابق رکھی ہے۔

جمیل سہسوانی نے صفدر مرزا پوری (مولفِ مشاطۂ سخن) کے نام ایک خط میں زآہد کا یہی شعر نقل کر کے لکھا ہے:

"منشی صاحب نے اس شعر کی تعریف فرمائی اور کچھ اصلاح نہ دی، لیکن میرا خیال ہے کہ آبلوں میں لہو نہیں ہوتا، پانی ہوتا ہے۔ معلوم نہیں جناب منشی صاحب کی نظر

Marfat.com

جس کا نام میں نے بہارِ ہند[1] رکھا تھا مگر وہ فارسی عبارت میں گلشنِ فیض کی قطع کا ہے۔ اب جہاں تک ممکن ہو، اُس سے بڑھانا مقصود ہے! امیر اللغات اُس سے کئی حصّے زیادہ ہوگا۔

انگریزی الفاظ سے مجھے کوئی مناسبت نہیں، اس لیے اس کا ایسا ذخیرہ نہ میرے سینے میں ہے نہ سفینے میں، جس سے یہ معلوم ہو کہ اتنے الفاظ اردو نے قبول کر لیے ہیں۔ کتابیں بھی ایسی اب تک بہت کم ملک میں تالیف ہوئی ہیں۔ صرف فرہنگِ فرنگ[2]، اور بعض اخبار کے اوراق، جن میں ایسے لفظ جمع کیے گئے ہیں، دفتر میں موجود ہیں؛ اس لیے میں تم کو ایسے الفاظ کے جمع کرنے کی ضرور تکلیف دوں گا۔

سے کیوں کر رہ گیا۔ اس کو سوائے سہوِ نظر کے اور کیا کہوں" (مرقعِ ادب، دوم، ص ۸۲)

[1] اِس لغت کا پتا نہیں چلتا، امیر کے سوانح نگاروں نے دو تین سطروں میں اس کا ذکر کیا ہے جس میں محض نقلِ قول ہے کسی نے اس کو دیکھا نہیں۔ امیر نے اپنے خطوں میں کئی جگہ اس کا ذکر کیا ہے۔ میں نے کتاب خانۂ رام پور میں اور بعض دوسرے مقامات پر اس کو تلاش کیا لیکن کچھ پتا نشان نہیں ملا۔ میرا خیال ہے کہ یہ کتاب جو امیر اللغات کا نقشِ اول تھی چھپی نہیں اور امیر اللغات جیسے وسیع الذیل لغت کے سامنے، اس کی قدر و قیمت خود مولف کی نگاہوں میں ختم ہو کر رہ گئی۔

ہاں، بہارِ ہند نام کا ایک اور لغت ہے جس کے مولف ہیں مرزا محمد مرتضیٰ عرف چھتو بیگ عاشق لکھنوی "خلف الرشید مرزا چھتو بیگ صاحب بانکے خویش محمد مصطفیٰ خاں مطبع مصطفائی شاگرد مرزا اصغر علی خاں نسیم" (شعلۂ جوالہ) متوفی: ۱۸۹۳ء، ۱۳۱۱ھ (تاریخ لطیف، قلمی، رضا لائبریری رامپور) یہ لغت جون ۱۸۸۹ء میں مطبعِ شوکتِ جعفری لکھنؤ میں چھپا تھا۔ صرف حرفِ الف پر مشتمل ہے۔ باقی حصے نہیں چھپ سکے۔ یہ بھی نہیں معلوم کہ مرتب ہوئے تھے یا نہیں اس کا ایک نسخہ دہلی یونیورسٹی لائبریری میں موجود ہے۔

[2] اِس کتاب کے متعلق کچھ معلوم نہیں ہو سکا۔ امیر کی تحریر سے تو اندازہ ہوتا ہے کہ یہ انگریزی

Marfat.com

تم نے جو انگریزی الفاظ امیر اللغات میں کم پائے، اس کی وجہ یہ ہے کہ کمیٹی میں بہ اتفاق یہ رائے قرار پائی کہ امیر اللغات میں وہی الفاظ انگریزی کے داخل کیے جائیں، جن کی جگہ اردو میں کوئی فصیح، مختصر اور ٹھیک انھی معنوں میں لفظ موجود نہیں ہیں۔ آفس، آنرر، آڈر وغیرہ لکھے لکھائے مسودے سے خارج کر دیے گئے، کیوں کہ "آفس" کی جگہ کچہری اور دفتر، اور "آنرر" کی جگہ مصنف "آرڈر" کی جگہ حکم موجود ہے۔ آنر، آنریبل، آنریری وغیرہ لکھے گئے ہیں۔"

[بہ نام زاہد، ۲۶ ستمبر ۱۸۹۱ء]

(۲۳) نجم الامثال۔ خزینۃ الامثال:

"امیر اللغات میں مدد دینے سے ہاتھ نہ روکو، یعنی جو کچھ ہو سکے وہ لکھا کرو اور ممنون و مشکور کیا کرو۔ اگر نجم الامثال[1] کے سوا، کوئی ذخیرہ مثلوں اور

الفاظ پر مشتمل کوئی کتاب ہوگی، مگر مولف فرہنگِ آنند راج (سالِ ترتیب: ۱۳۰۶ھ) نے اس کو اپنے مآخذ میں گنایا ہے اور لفظ "بامہ" کے ذیل میں اس کا حوالہ دیا ہے: اس سے یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ کسی مستشرق کا لغت ہوگا۔ لغت نامۂ دہخدا کے چالیسویں حصے میں، لغاتِ فارسی سے متعلق جو مقالہ ہے، اس میں مقالہ نگار نے بھی اسی خیال کا اظہار کیا ہے۔ فرہنگِ آنند راج کے مآخذ کا ذکر کرتے ہوئے، فرہنگِ فرنگ کے متعلق لکھا ہے: "مقصودش از فرہنگِ فرنگ درست معلوم نشد۔ گویا کتابِ لغتِ جانسن یا استینگس است کہ ہر دو لغتِ عربی و فارسی بہ انگلیسی است" (ص ۲۲۰)۔

[1] یہ کتاب مولوی محمد نجم الدین دہلوی کی تالیف ہے۔ مولف اینگلو سنسکرت اسکول دہلی میں "مدرسِ اول فارسی و ریاضی" تھے۔ یہ پہلی بار مطبعِ مجتبائی دہلی میں ۱۸۷۵ء/۱۲۹۲ھ میں

Marfat.com

شانِ امثال کا ملے تو بڑا کام نکلے۔ مثلیں تو خزینۃ الامثال[1] میں ملتی ہیں، مگر شانِ امثال نہیں ملتی۔"

[بہ نام زاہد، ۱۳ر جنوری ۱۸۹۲ء]

چھپی تھی (قطعاتِ تاریخِ طباعت، شاملِ کتاب)۔ یہ اڈیشن کم یاب ہے۔ رضا لائبریری رام پور میں اس اڈیشن کا ایک نسخہ موجود ہے۔ اس کا تیسرا اڈیشن مولف کی زندگی ہی میں شائع ہوا تھا جس میں مولف نے (دیباچۂ کتاب کی صراحت کے مطابق) خاصی ترمیم و تنسیخ کی تھی۔ یہ اڈیشن میری نظر سے نہیں گزرا، البتہ اس کا چوتھا اڈیشن پیشِ نظر ہے، جس کو کارخانۂ پیسہ اخبار (لاہور) نے ۱۹۲۵ء میں شائع کیا ہے۔ مولف کی صراحت کے مطابق یہ کتاب پانچ حصوں پر مشتمل تھی۔ باقی چار حصے غالباً شائع نہیں ہو سکے۔ مؤلف نے اس کتاب کے حصوں کی جو تفصیل درج کی ہے، اس کی بنا پر یہ مطبوعہ جلد حصۂ پنجم ہے، اور اس پانچویں حصے میں "کئی ہزار ضرب الامثال یعنی کہاوتیں مع ان کے محلِ استعمال اور قصص کے بہت ایجاز اور اختصار کے ساتھ، سلیس اردو میں بیان ہوئی ہیں"۔ یہ اڈیشن، نہایت خراب بادامی کاغذ پر چھپا ہے اور ۳۷۱ صفحات پر مشتمل ہے۔ پہلا اڈیشن صرف ۱۶۹ صفحات پر حاوی تھا۔ موضوع کے لحاظ سے یہ کتاب ایسی دوسری کتابوں سے زیادہ جامع اور مفصل ہے، بل کہ بعد میں شائع ہونے والی کتابوں کا ماخذ رہی ہے۔

[1] اس کے مولف ہیں سید حسین شاہ حقیقت۔ یہ عربی، فارسی، اردو، تینوں زبانوں کی ضرب الامثال پر مشتمل ہے۔ ہر حرف کے ذیل میں پہلے عربی امثال ہیں، پھر فارسی، پھر اردو۔ عربی امثال کا بین السطور ترجمہ بھی ہے اور حواشی پر مزید تشریح بھی کی گئی ہے۔ یہ ترجمہ اور حواشی، مولوی تراب علی صاحب کے ہیں، جو انھوں نے عبدالرحمان شاکر ابنِ حاجی محمد روشن خاں (برادرِ محمد مصطفیٰ خاں، مالکِ مطبعِ مصطفائی) کی فرمائش پر لکھے تھے۔ مولف کی صراحت کے

Marfat.com

(۲۳) بہ سلسلۂ امیر اللغات۔ سقوطِ الف۔ جرس کھڑکنا :

"امیر اللغات کی جلدِ ثانی غالباً الفِ مقصورہ ہی پر تمام ہو، یا شاید بائے موحدہ کا بھی کوئی ٹکڑا شریک ہو جائے۔ تم سے اگر ممکن ہو تو زبان کی اصلیت، کہ ابتداءً کہاں سے یہ زبان پیدا ہوئی اور کن کن تغیرات کے بعد اس حد کو پہنچی، وغیرہ وغیرہ لکھو۔ تذکرۂ آبِ حیات میں آزاد نے اور جلوۂ خضر میں صفیر نے

مطابق، یہ کتاب ۱۲۱۵ھ میں مرتّب ہوئی۔ اس میں صرف امثال ہیں، شانِ مثل یا سند مذکور نہیں۔ ۱۲۷۰ھ میں مصطفائی پریس کان پور میں چھپی تھی۔ کُل ۲۲۴ صفحات ہیں۔ تذکرۂ سراپا سخن کے مولّف محسن، انھی حقیقت کے صاحب زادے تھے۔ اس کا ایک نسخہ دہلی یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ ہے۔ ہارڈنگ لائبریری دلّی میں بھی ایک نسخہ ہے۔

خزینۃ الامثال نام کی ایک اور چھوٹی سی کتاب بھی ہے جس کے مرتّب ہمارے زمانے کے کئی نصابی کتابوں کے مرتّب حافظ جلال الدین احمد جعفری ہیں۔ اس میں ۲۳۰۰ امثال ہیں۔ چھوٹے سائز کی کتاب ہے جو ۲۰۰ صفحات پر حاوی ہے۔ مطبعِ انوارِ احمدی میں چھپی ہے۔ سنہ طباعت درج نہیں۔ طلبہ کے مطلب کی کتاب ہے۔

امثال کی قدیم کتابوں میں ایک اور کتاب بھی قابلِ ذکر ہے: بابو کالی چرن (ہیڈ کلرک سررشتۂ تعلیم) نے دو حصّوں پر مشتمل ایک مجموعۂ امثال مرتّب کیا تھا۔ پہلے حصّے میں، جو ۱۲۵ صفحات پر مشتمل ہے، فارسی امثال ہیں۔ اور دوسرے حصّے میں کہ یہ بھی ۱۲۵ صفحات پر حاوی ہے، اردو امثال ہیں۔ اس مجموعے میں صرف مثلیں لکھی گئی ہیں، نہ معانی ہیں نہ محلِّ استعمال کا ذکر ہے۔ حصّۂ اول کا نام "فارسی امثال" ہے اور حصّۂ دوم کا "اردو امثال"۔ یہ کتاب مطبعِ "سوسیٹی بریلی" میں ۱۸۶۸ء میں چھپی تھی۔ نہ مقدّمہ ہے نہ خاتمہ۔ دونوں حصّے ایک جلد میں ہیں۔ اس کا ایک حصّہ رضا لائبریری رام پور میں ہے۔

Marfat.com

اور گلستانِ سخن میں مرزا صابر بخش شاہزادہ دہلی نے کچھ کچھ اس بحث کو لکھا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ امیر اللغات میں یہ بحث ان سے الگ اور نہایت شرح وبسط کے ساتھ لکھی جائے۔ مگر اس کے مادّے کا پتا نہیں لگتا کہ کہاں سے اخذ کیا جائے۔ تم کہیں سے ٹوہ لگاؤ۔ میں بھی فکر میں ہوں۔ جو کچھ آزاد و صفیر وغیرہ نے لکھا ہے، امیر اللغات میں اس کی نقل کر دینے کو تو جی نہیں چاہتا۔ نئی باتیں بھی پیدا ہوں اور ان کے ضمن میں یہ باتیں بھی سب آجائیں۔

الف کا گرنا جائز نہیں۔ ہندی کا الف جو آخر میں ہو، وہ گرتا ہے۔ بعض شعرا نے جو ایسا کہا ہے، وہ قابلِ استناد نہیں۔ کیوں کہ اساتذہ کی طرف سے وہ ہمیشہ موردِ ایرادات رہے ہیں۔

مطلع میں میں نے دخل دیا ہے:

ہاتھ تک اس کے جو ہو دسترسِ جامِ شراب
کیوں نہ اس ہاتھ سے ہو پھر ہوسِ جامِ شراب

دوسرے مصرعے میں "اس ہاتھ سے" کی جگہ "مے خواروں کو" بنا دیا ہے، کیوں کہ لطف اسی قدر مضمون میں ہے کہ جب جامِ شراب کو یہ فخر حاصل ہے کہ اُس کے ہاتھ تک پہنچتا[1] ہے، تو ایسے جامِ شراب کی ہوس مے خواروں کو کیوں نہ ہو۔ جب "اس ہاتھ سے" کہیے گا تو جامِ شراب کے اس ہاتھ تک پہنچنے کا فائدہ کچھ نہ رہے گا۔

"جرس کا کھڑکنا"[2] فصحا نہیں کہتے [اس لیے بدلا گیا] [بہ نام زاہد، ۳۰ جون ۱۹۲

---

[1] مجموعۂ مکاتیب میں یہ جملہ غلط چھپا ہے۔ مشاطۂ سخن (اول) میں اصلاحاتِ آمیر کے ذیل میں اس خط کا اقتباس بھی ہے، اس جملے کی تصحیح وہیں سے کی گئی ہے۔

[2] زاہد کا شعر یہ تھا:

Marfat.com

(۲۴) بہ سلسلۂ امیر اللغات :

"میں استقرائے کلام اور لغات سے عوام اور خواص کے وہی الفاظ لیتا ہوں جو اردو لغت کی شان پر پھبتے ہیں۔ آپ کے مرسلہ الفاظ میں بھی جو لفظ ایسے ملیں گے، داخلِ لغت کیے جائیں گے۔ میں نے بہت دنوں ملک کی رائے پر کام کرنا چاہا، مگر باہم رایوں کا اختلاف اس قدر ہوا کہ میں عاجز آگیا۔ چند نازک خیال اور عالی دماغ احباب نے یہی رائے دی کہ ان جھگڑوں میں لغت تالیف سے رہ جائے گا، صرف اپنی رائے کو دخل دینا چاہیے[1]۔ ناچار میں اب اپنی ہی رائے سے کام لیتا ہوں۔ اور جو عزیز یا دوست میری مدد کرتا ہے، اور اپنی کوئی صائب رائے ظاہر کرتا ہے، اس کا شکر گزار ہوتا ہوں، اور اس کی رائے ماننے نہ ماننے میں ہٹ دھرمی نہیں کرتا۔

قافلے ہوش کے رخصت ہوئے مے خواروں سے
شب جو مے خانے میں کھڑکا جرسِ جامِ شراب

امیر نے دوسرے مصرع کو یوں بنایا: ع : سُن کے مے خانے میں شورِ جرسِ جامِ شراب (مشاطۂ سخن، اول، ص ۶۰)۔ قوسین کے الفاظ بھی مشاطۂ سخن سے منقول ہیں۔

[1] ممتاز علی آہ امیر اللغات کے دفتر میں پانچ چھے سال کام کرتے رہے تھے، انھوں نے امیر کے سوانح پر ایک کتاب لکھی ہے، اُس میں لکھتے ہیں :

"اصولِ تالیف میں ملک کے نامور قابل اصحاب سے رائے لی گئی اور ایک کمیٹی قائم ہوئی جس کے ممبر: مولوی حفیظ اللہ، مدرسۂ عالیۂ عربی کے پروفیسر مولوی فصیح الزماں خاں صاحب نعیم، منشی عبدالرحمان صاحب بسمل، منشی محمد احمد صاحب صریر، حکیم نعیم الزماں خاں صاحب نعیم، حافظ محمود علی صاحب فدا

Marfat.com

آزردگی، آسودگی، آشفتگی، آوارگی؛ یہ سب قاعدے کی بنا پر چھوڑ دیے گئے۔ اور آزادہ رو، آفس، آفیسر، آوارہ مزاج، آنچل ڈھلنا؛ بے شک امیر اللغات میں[۲] نہیں ہیں۔ بعض تو اختلافِ رائے کی وجہ سے عاجز ہو کر چھوڑ دیے۔ مثلاً "آفس" کہ اس کی جگہ کچہری اور دفتر کا لفظ موجود ہے۔ جو آدھی انگریزی اور آدھی اردو بولتے ہیں؛ زیادہ اسخی کی زبانوں پر یہ لفظ ہے۔ اور "آفیسر" لکھنے کی کوئی وجہ نہ تھی، "افسر" موجود ہے، اور اس دوسرے حصے میں لکھا گیا ہے۔ اور بعض نقصِ استقرا سے رہ گئے۔ یہ الزام بے جا ہے۔ اس کا دعوا کبھی نہیں کیا گیا کہ امیر اللغات میں کوئی لفظ چھوٹ نہ جائے گا، کیوں کہ یہ محال ہے۔ بڑے بڑے فارسی اور عربی کے لغات موجود ہیں جن میں روزمرہ کے صدہا الفاظ نہیں ملتے۔ صراح وغیرہ پر دس ہزار لغات صاحبِ قاموس نے بڑھائے۔ صاحبِ غیاث اللغات نے کیا کچھ کوشش نہیں کی، مگر پھر بھی صدہا الفاظ نہیں ملتے۔ اردو میں اس وقت جتنے لغت

تھے، اور حضرت آمیر مینائی صدر۔ تجویز یہ قرار پائی تھی کہ دن میں جس قدر تالیف ہو، شب کو اُسے کمیٹی سن لیا کرے۔ دو مہینے تک روزانہ شب کو یہ کمیٹی کام کرتی رہی، مگر بحث و مباحثہ ہی رہا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ "آ" کا لفظ بھی ختم نہ ہوا۔ آخر کار یہ رائے قرار پائی کہ مؤلف اپنے ہی اجتہاد سے کام لے۔ تب جا کے کام چلا۔"

(سوانحِ آمیر، ص ۱۱۳)

[۲] امیر اللغات کا حصۂ اول ۱۸۹۱ء میں مطبعِ مفیدِ عام آگرہ میں چھپا تھا۔ اس پر جو اہم تبصرے دوسری جلدِ دوم کے شروع میں شامل کر دیے گئے، جو اسی پریس میں ۱۸۹۲ء میں چھپی تھی۔ ان میں ایک تبصرہ منشی محمد یاسین متفق وکیل گورکھپور کا ہے جس میں مندرجہ مکتوب الفاظ کے چھوٹ جانے کا پلندہ بنا کر دکھایا گیا ہے۔

Marfat.com

لکھے گئے ہیں، اُن کا یہی حال ہے کہ پہلے میں دس لغت ہیں تو دوسرے میں بیس۔ تیسرے میں پچاس ہیں تو چوتھے میں سو۔ ہاں میں نے یہ قصد کر لیا ہے کہ جو لغات، حصۂ چھپنے کے بعد چھوٹے ہوئے معلوم ہوں گے، وہ سب ایک جگہ جمع ہوتے جائیں گے اور ختمِ کتاب کے بعد، ایک ضمیمہ اُن کا لگا دیا جائے گا، جیسا کہ صاحبِ برہانِ قاطع نے کیا ہے[۳]۔"

[بہ نام زاہد۔ ۲۷ ستمبر ۱۸۹۲ء]

---

[۳] برہانِ قاطع کا ضمیمہ، صاحبِ برہان کا مرتب کیا ہوا نہیں۔ اس کا پہلا اڈیشن تھامس روبک نے ۱۸۱۸ء میں شائع کیا تھا۔ برہان کے قلمی نسخوں میں مختلف مقامات پر جو حواشی لکھے ہوئے تھے ان کو روبک نے بطورِ ملحقات، آخرِ کتاب میں درج کر دیا اور بہ قولِ قاضی عبدالودود صاحب، خود بھی اُس میں اضافہ کیا۔

برہانِ قاطع، مطبوعۂ تہران کے مرتّب ڈاکٹر محمد معین نے جو یہ لکھا ہے کہ:

"ملحقات برہان قاطع، تالیف عبدالمجید قائم مقام قاضی القضاۃ بہرامی و مولوی بدیع الدین و مولوی عبداللہ و مولوی مجیب الرحمان و حکیم عبداللہ و عبدالصمد و عبدالماجد، مشتمل بر لغات و کنایاتیکہ در متن برہان نیامدہ اند و آں بعنوان (تتمہ) ضمیمہ برہان قاطع چاپ کلکتہ سال ۱۲۵۰ قمری (۱۸۳۴م) و نیز چاپ کلکتہ ۱۲۴۷ قمری (۱۸۵۸م) بطبع رسیدہ است" (مقدّمہ)۔

یہ درست نہیں، کیوں کہ عبدالمجید والا اڈیشن، جس کا ذکر ڈاکٹر معین نے کیا ہے، نسخۂ روبک کی نقل ہے، جو اس سے ۱۶، ۱۷ برس پہلے ۱۸۱۸ء میں شائع ہو چکا تھا۔ قاضی عبدالودود صاحب نے اپنے گراں قدر مقالے "غالب بہ حیثیتِ محقق" میں اس پر مفصّل بحث کی ہے۔ قاضی صاحب کی عبارت کا ایک اقتباس:

"تیرھویں صدی میں اس کی مقبولیت کو دیکھ کر روبک کو اس کے طبع کرانے کا

Marfat.com

(۲۵) بہ سلسلۂ امیراللغات ۔ سہ حرفی الفاظ میں ساکن کو متحرک کرنا۔ قدس:

"شانِ امثال میں مَیں نے یہ رائے قرار دی ہے کہ جس حکایت میں خلافِ عقل و عادت کوئی بات نہ ہو، وہ ضرور لکھی جائے۔ میرا گمان ہے کہ مانعین بھی وہی لوگ اکثر ہیں جو نیچر کے خلاف اُمور پر معترض ہیں۔

الفاظِ مثلّثہ میں ساکن کو متحرک کرنے کا قاعدہ عام نہیں ہے، بلکہ جس قدر اساتذہ نے تصرّف کر لیا، اُسی قدر جائز ہے۔

اور خواجہ نصیر[1] مرحوم کا کلام استناد کے لیے کافی نہیں ہے۔ قادر سخنانِ نارس

خیال آیا اور اس نے اس کی تصحیح میں متعدد ہندستانی فارسی دانوں کے علاوہ دو ایرانیوں سے بھی مدد لی۔ نسخۂ روبک کا انگریزی مقدمہ خود روبک اور فارسی سید کرم حسین بلگرامی کا لکھا ہوا ہے۔ حواشی روبک کے تحریر کردہ ہیں مگر جیسا کہ اس نے خود اعتراف کیا ہے، تارینی چرن متر نے اسے مدد دی تھی۔ ملحقات کو جو خاص خاص نسخوں کے حواشی میں تھے، روبک نے کتاب کے آخر میں درج کیا اور خود بھی ان میں بہت سے لغات کا اضافہ کیا اور موخّر الذکر و مقدم الذکر میں تمیز کے لیے، رموز استعمال کیے۔ روبک کا نسخہ ۱۸۱۸ء میں چھپا تھا۔ اس کے چار برس بعد یہ کتاب پھر طبع ہوئی اور تیسری بار ۱۸۳۴ء میں چھپی۔ طبع ثالث کے ناشر حکیم عبدالمجید تھے اور اس کے سرورق پر صاحبِ اہتمام رقم ہے کہ یہ نسخہ روبک کی نقل ہے۔ حواشی اور ملحقات و اضافات اس میں اسی طرح ہیں جس طرح نسخۂ روبک میں ہیں، مگر حکیم صاحب نے دونوں دیباچے حذف کر دیے ہیں" (انقدِ غالب، ص ۳۶۶)

برہان قاطع ۱۰۶۲ھ میں مکمل ہوئی تھی (دیباچہ برہان، ڈاکٹر محمد معین استادِ دانش کادہ تہران نے اس کو چار جلدوں میں مرتب کیا تھا۔ یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ اس اڈیشن میں ملحقات کو شامل نہیں کیا گیا۔

[1] ابتداءً مجھے دھوکا ہوا تھا کہ شاہ نصیر دہلوی کو امیر نے "خواجہ نصیر" لکھ دیا ہے۔ (عتب) (باقی آگے)

Marfat.com

نے کہا ہوتا تو مضائقہ نہ تھا۔ معہذا، خواجہ نصیر نے "قدس" بہ معنیِ پاک نہیں کہا ہے، بلکہ "قدس" ایک شہر کا نام تھا، وہاں[۲] کے دشت کو کہا ہے، ع: اور وحشی نے ترے دشتِ قدس کی تیلیاں۔

مستوں کی چشمِ مست کی مژہ[۳] کو، عکسِ جامِ شراب سے تشبیہ دے سکتے ہیں،

ڈاکٹر تنویر احمد علوی نے شاہ نصیر کا کلیات مرتب کیا ہے، موصوف نے میرے استفسار کے جواب میں لکھا کہ: "آپ نے جو مصرع لکھا ہے، یہ شاہ نصیر کے یہاں ہے ہی نہیں"۔ اور اس سلسلے میں مزید لکھا کہ: "یہ صاحب جن کو خواجہ نصیر کہا گیا ہے، وہ شاہ نصیر عرف میاں کلو نہیں ہیں، خواجہ غلام حسین نصیر ہیں، جن کا ذکر تذکروں میں مل جاتا ہے اور بعض دکنی بیاضوں میں ان کا کلام بھرا پڑا ہے۔ ایک بیاض سے میں نے بیسیوں صفحے نقل کروا کے منگائے تھے، بعد میں پتا چلا کہ نصیر نام سے دھوکا ہو گیا، یہ تو شاہ نصیر کے بجائے خواجہ نصیر ہیں"۔

۲؎ قُدُس (بہ ضمِّ اول وسکونِ دوم)، یروشلم کو کہیں گے اور قُدَس (بہ ضمِّ اول و فتحِ دوم) کے معنی ہیں: قدحِ صغیر (المنجد) شاعر نے اگر اس کو اول الذکر معنی میں نفس و قفس کا ہم قافیہ کیا ہے، تو اس کو شاعرانہ تصرّف یا شاعرانہ مجبوری سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ یہ ویسی ہی بات ہو گی جیسے مومن نے ایک جگہ شمُر (بہ سکونِ دوم) کو "شمَر" بہ فتحِ دوم نظم کیا ہے۔ ایسے استعمالات سے یہ لازم نہیں آتا کہ لفظ کی اصل حرکات بدل ہی جائیں مثلاً مومن کے استعمال کرنے کے باوجود لفظ "شمر" کی حرکات میں تبدیلی نہیں ہوئی۔ یہی صورت "قدس" کی ہے۔ ہاں بعض الفاظ میں اختلافِ حرکت رونما بھی ہو جایا کرتا ہے، جیسے: خضر۔

۳؎ عکسِ مژۂ چشم کو، خسِ جامِ شراب سے تشبیہ دی جا سکتی ہے، دی بھی گئی ہے، جیسے: ذوق کا یہ شعر:

بادۂ صاف میں آیا ہے کہاں سے تنکا
عکسِ مژگاں ترا مے کش، ہے خسِ جامِ شراب

(دیوانِ ذوق، مرتبۂ آزاد، ص ۱۰۲)

مژہ کو مگسِ جامِ شراب قرار دینا، میری نظر سے کہیں نہیں گزرا۔

Marfat.com

لیکن ایسی تشبیہات میرے نزدیک کراہت سے خالی نہیں شعرا نے خال کو مگس سے تشبیہ دی ہے[۴]، اور بحر نے بہ اعتبار نیش کے، زنبور کے ساتھ تشبیہ دے لی ہے۔"

[بہ نام زاہد، ۱۲ر فروری ۱۸۹۳ء]

(۲۶) باٹ:

"اُردو میں "راہ باٹ" تو کوئی بولتا بھی ہے، فقط "باٹ" بہ معنیِ انتظار تو ذرا بھی مستعمل نہیں ہے۔"

[بہ نام زاہد، ۱۹ر مئی ۱۸۹۳ء]

(۲۷) گوہرِ انتخاب۔ سرمۂ بصیرت:

"گوہرِ انتخاب میں بہت سے اشعار وہی ہیں جو مجھے وقتاً فوقتاً تلف شدہ دیوان کے یاد آتے گئے۔ یہ دیوان غدر میں تلف[۱] ہو گیا۔

---

[۴] ذوق کا شعر ہے:

لب تک اس کے جو ہوئی دسترس جامِ شراب — بن گیا خالِ لب اُس کا، مگس جامِ شراب

(دیوان ص ۱۰۱)

[۱] جلیل مانک پوری نے سوانح امیر مینائی میں لکھا ہے:

"غدر کے زمانے میں ان کا بہت سا کلام تلف ہو گیا۔ اس ہنگامے کے بعد رام پور جانے اور اطمینان ہونے پر ان کو خیال ہوا کہ تلف شدہ کلام کے کچھ اشعار اگر یاد آ جائیں تو لکھ لینا چاہیے چنانچہ غور کرنے سے جو جو شعر یاد آتے گئے، وہ سب قلم بند کر لیے گئے۔ اس طرح ایک چھوٹا سا مجموعۂ مفردات ہو گیا جس کا نام "گوہرِ انتخاب" رکھا گیا۔ مرآۃ الغیب کے بعد لکھنؤ میں یہ مختصر مجموعہ

Marfat.com

سرمۂ بصیرت، چھپی نہیں، قلمی ہے[2]۔"

[بہ نامِ زآہد۔ ۲۴، جون ۱۸۹۳ء]

چھپ گیا تھا۔ بعد کو جب اس کی کاپیاں باقی نہیں رہیں تو صنم خانۂ عشق کے ساتھ مکرر چھپوا کر آخر میں لگا دیا گیا ہے"۔ (ص ۵۸)

عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ آمیر نے اس مجموعے میں میر و درد کے اندازِ سخن کی پیروی کی ہے آمیر کا درجِ مکتوب قول اور جلیل کی مندرجۂ بالا عبارت اس خیال کی تردید کے لیے کافی ہیں۔ "گوہرِ انتخاب" میں جلیل کے قول کے مطابق ۹۱۱ شعر ہیں، جن میں اکثریت مطلعوں کی ہے۔ داغ کے اِس قطعے سے، جو شاملِ مجموعہ ہے، اس کی تاریخِ ترتیب و طبع معلوم ہوتی ہے:

وقتِ ترتیب آمیر نے لکھا "گوہرِ انتخاب" ہے تاریخ (۱۲۸۵ھ)

داغ ہنگامِ طبع بول اُٹھا "دل برِ انتخاب" ہے تاریخ (۱۲۹۰ھ)

یہ پہلی بار مطبعِ حسینی رام پور میں چھپا تھا۔ کُل صفحات ۸۸، مسطر گیارہ سطری ہے۔

[2] آمیر نے کئی خطوں میں اس کتاب کا ذکر کیا ہے لیکن مجھے باوصفِ تلاش، اِس نام کی کوئی کتاب نہیں ملی۔ ہاں، کتاب خانۂ رام پور میں آمیر کا ایک غیر مطبوعہ لغت فرہنگ ہے، جس کا نام معیار الاغلاط ہے۔ یہ مخطوطہ مہدی علی خاں مرحوم (سابق تحویل دارِ کتب خانۂ رام پور) کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ جو آمیر کے خاص شاگرد تھے۔ میرا خیال ہے کہ آمیر نے آخر میں "سرمۂ بصیرت" کے بجائے اس کا نام معیار الاغلاط رکھ دیا تھا۔ معیار الاغلاط میں عربی، فارسی کے ایسے الفاظ کو جمع کیا گیا ہے جن کا تلفظ درجِ لغت حرکات سے مختلف طور پر کیا جاتا ہے یا جن کو غلطی سے مہند سمجھا جاتا ہے۔

اِس موضوع پر قاضی محمد صادق اختر نے ایک رسالہ لکھا تھا، جس کا نام لوامع النور ہے۔ کتاب خانۂ رام پور اس کا مخطوطہ موجود ہے۔ دونوں کا مقابلہ کرنے پر معلوم ہوتا ہے کہ آمیر نے بہت سے مقامات پر حوالے کے بغیر لوامع النور کی عبارتوں کو نقل کر لیا ہے۔

Marfat.com

(۲۸) بہ سلسلۂ امیر اللغات ۔ تعدادِ اشعار سنگلاخ زمینیں :

"لُغت کی خوب صورتی بڑھانے اور کسی قدر اختصار کی راہ میں نے یہ نکالی ہے کہ اب صرف وہی مفرد ات اور مرکّبات وغیرہ لکھے جائیں جو زبانوں پر رات دن کی بول چال میں ہوں، جن میں نظم و نثر کی تخصیص نہ ہے، وہ چھوڑ دیے جائیں ۔

تم نے تو "فرسِ جامِ شراب" اور "قفسِ جامِ شراب" میں دریا بہا دیے ۔ اب ذرا طبعِ رواں کو روکو۔ ہر زمین میں اشعار کی تعداد غزل سے نہ بڑھ جانا چاہیے ۔ ہر زمین کا ایک پیمانہ ہوا کرتا ہے[1]، جہاں اس سے بڑھ جاتی ہے، بدنمائی آجاتی ہے ۔ اور یہ بھی یاد رکھو کہ سنگلاخ زمینوں میں لاکھ کوشش کی جائے مگر مزے دار شعر ایسے نہیں ہوتے ہیں کہ سُننے والے چٹخارے بھرنے لگیں؛ اس لیے میں چاہتا ہوں کہ تمھارا سا مزے دار شاعر اپنا وقت ایسی شورہ لاحاصل

اِسی موضوع پر جلال نے بھی ایک کتاب لکھی تھی: تنقیح اللغات، جو اس زمانے میں شوق نیموی وغیرہ کے اغلاط و اضافات کا ہدف بنی تھی۔ شوق نیموی نے اس سلسلے میں کئی رسالے لکھے تھے جن میں سے ایک رسالہ ازاحۃ الاغلاط واقعتاً قابلِ ذکر ہے ۔ امیر کے کسی شاگرد نے بھی تنقیح اللغات کا رد لکھا تھا جس کا مخطوطہ کتاب خانۂ رام پور میں موجود ہے ۔ اس رسالے میں [illegible] کہ اس کا مؤلف کون ہے ۔ فہرستِ کتب خانہ میں مؤلف کے نام میں کسی از شاگردانِ امیر لکھا ہوا ہے جو بعض قرائن کی بنا پر صحیح معلوم ہوتا ہے ۔

[1] امیر نے ایک قطعے میں بھی اس خیال کو ظاہر کیا ہے :

یہ کہنا تو غزل کچھ نہیں دشوار امیر — خوف یہ ہے کہ نکل جائے نہ پیمانے سے

(مصحفِ خانۂ عشق ص ۳۱۲)

Marfat.com

زمینوں میں نہ صرف کرے۔ لوچ دار زمین اختیار کرو، تو دیکھو کیا مزہ آتا ہے۔
اب اس زمین کو بھی چھوڑ دو، اور ہمیشہ کے لیے[2] ایسی زمینوں کو ترک کرو۔"

[بہ نام زاہد، ۳۰ جون ۱۸۹۳ء]

لیکن اس کی پابندی نہیں کی، جن زمینوں میں چوغزلے پنج غزلے کہے ہیں، اُن میں اشعار کی تعداد، قصیدے کی تعدادِ اشعار کی حریف ہوگئی ہے۔ مثلاً مرآۃ الغیب میں ایک غزل ہے ردیف اور قوافی ہیں "عید کا" "دید کا"؛ اس زمین میں امیر نے پنج غزلہ کہا ہے، کُل تعدادِ اشعار اکہتر ہے۔ ایسی مثالیں ان کے یہاں خاصی تعداد میں مل سکتی ہیں۔

[2] قدما کے زمانے میں سنگلاخ زمینوں میں غزل کہنا لازمۂ استادی ہو کر رہ گیا تھا۔ خصوصاً وہ لوگ اس مرض میں بُری طرح مبتلا تھے جو شعر کہنے کے بجائے، شعر بنانے کا فن اچھی طرح جانتے تھے، لیکن تعجب اور افسوس کی بات یہ ہے کہ ہمارے زمانے کے بہت سے جدید تر شعرا بھی اس کج خرامی کے امانت دار ہیں اور لطیفہ یہ ہے کہ وہ اس کو جدّت کی نمایش بلکہ اُس کا اعلان نامہ سمجھتے ہیں۔ رسائل میں عجیب الخلقت زمینیں دیکھنے میں آتی ہیں، جیسے اڑیل توتے، چراغ کی اوٹ، بہار کے گھونٹ وغیرہ۔ اس رجعتِ قہقری کو کیا کہا جائے۔ جہادِ کم نظری کے اِن اسیروں کو یہ معلوم نہیں کہ یہ کاروبار اب سے بہت پہلے بہت بڑے پیمانے پر ہو چکا ہے اور اپنے مسموم اثرات کو ظاہر کر چکا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ، ان غریبوں کو نہ ردیف کے چسپاں ہونے کا اندازہ ہوتا ہے اور نہ اس کا کہ لفظوں کو کن پہلوؤں سے بٹھایا جائے۔ نہ چستیِ بندش سے آشنا ہوتے ہیں، نہ مرادف الفاظ کے فرق سے اور ستم بالائے ستم یہ کہ قدرتِ کلام سے تہی داماں ہوتے ہیں، نتیجے کے طور پر ایسی غزلیں، بیربل کے لطائف کا مجموعہ معلوم ہوتی ہیں۔ ایسے حضرات کے لیے امیر کی یہ رائے قابلِ توجہ ہے یہ اُس شخص کی رائے ہے جس کو شور زمینوں کو سرسبز کرنے کا فن آتا تھا اور قدرتِ کلام جس کے سامنے باستہ بانہ ہے کھڑی رہتی تھی۔

Marfat.com

(۲۹) "تو" کی تذکیر و تانیث :

"تو" کی تذکیر و تانیث ہی کیا، مگر جس محلِ استعمال کی رو سے آپ پوچھتے ہیں اُس جگہ تو یہی کہیں گے کہ : "اس نے مجھے تو کہا" لیکن اِس سے تذکیر و تانیث "تو" کی نہیں پیدا ہوتی، بل کہ اس جگہ لفظِ "لفظ" مقدر رہتا ہے، جیسے : "اس نے مجھے عورت کہا"۔ دیکھیے، "عورت" تو قطعی مونث ہے۔ وقس علیٰ ہذا۔"

[بہ نام زاہد۔ ۹ر دسمبر ۱۸۹۳ء]

(۳۰) تضمین :

"آگ لگی" والی غزل پر مصرعے لگانے کے واسطے تم نے مجھ دل جلے کو تجویز کیا، یہ بھی تمھاری طبیعت کی گرما گرمی کا ایک نتیجہ ہے۔ غزل کے گرم ہونے میں کوئی شبہہ نہیں، مگر بہ نظرِ اپنے تجربات کے میں جب ایسے بدیمن شعر دیکھتا ہوں تو میرا دل دھڑکتا ہے۔ "بدن میں آگ لگی" اور "انجمن میں آگ لگی" وقس علیٰ ہذا، ایسے شعروں پر میں ہرگز مصرعے لگانے کی جرأت[1] نہیں کرتا۔ کوئی اور مختصر سی اچھی غزل میرے واسطے تجویز کر کے بھیجو تو تضمین کا ارادہ کروں۔ میں اب شاعر نہیں رہا۔ شاعری کے واسطے طبیعت میں امنگ شرط ہے، وہ جوانی کے ساتھ سدھاری : بڑھاپے میں جوش کہاں! کبھی کسی دوست کی فرمایش سے مجبور ہو کر کچھ کہہ لیتا ہوں تو بڑے ہی جبر سے، پھر اِس میں مزہ کہاں سے آئے اور جب اپنا کلام آپ ہی پسند نہ آئے تو اوروں کو کیونکر رجھائے۔"

[بہ نام زاہد، ۱۳ جون ۱۸۹۴ء]

---

[1] زاہد کی اس غزل کا مطلع یہ تھا:

وفورِ سوزشِ دل سے بدن میں آگ لگی — یہ آگ گھر کی جو پھیلی، وطن میں آگ لگی

(مشاطۂ سخن، حصہ اول، ص ۶۱)

Marfat.com

(۳۱) بہ سلسلۂ امیر اللغات :

"اشعار سند میں نہ دیے جائیں، اِس کو تو میں خود بھی پسند نہیں کرتا، چاہے کوئی کتنی ہی مخالفت کرے۔ اور مجھے یاد بھی نہیں آتا کہ کسی نے مخالفت کی ہے۔ ہاں، حصۂ اول میں جس کثرت سے شعر دیے گئے تھے، تو وہ ضرورت سے زیادہ نظر آتے تھے؛ اِسی لیے کمی ضرور ملحوظ ہے۔ اور یہ بات بھی ہے کہ فقرہ جس قدر محلِّ استعمال کو ٹھیک ٹھیک بتاتا ہے، شعر سے اُتنا واضح نہیں ہوتا؛ اِس لیے شعر کم کر کے، فقرہ خوب صورت بن پڑتا ہے، تو وہی درج کیا جاتا ہے۔"

[بہ نام زاہد۔ ۲۰ فروری ۱۸۹۴ء]

(۳۲) ابر کی بوند :

"مینہ کی بوند، مینہ کے پانی کی بوند؛ یہ سب درست ہے، مگر ابر کی بوند مستعمل نہیں۔"

[بہ نام زاہد، ۳۰ ستمبر ۱۸۹۴ء]

(۳۳) ابر کی بوند۔ باٹ دیکھنا۔ مخزن المحاورات۔ امیر اللغات کا تیسرا حصہ:

"ابر کی بوند، بے شک شعرا نے [اور شاہ نصیر اور داغ[1] نے] کہا ہے؛ اس سے یہ غلط نہیں کہا جا سکتا، لیکن اپنی اپنی پسند ہے۔ زبانوں[2] پر مستعمل نہ ہونے سے میری طبیعت اس کو پسند نہیں کرتی۔ اگر آپ اپنے کلام میں لکھنا چاہتے ہیں تو چنداں مضائقہ بھی نہیں۔

---

[1] قوسین کی عبارت مجموعۂ مکاتیب میں موجود نہیں۔ مشاطۂ سخن میں بہ ذیل اصلاحاتِ امیر، اس خط کا اقتباس مندرج ہے؛ اُس میں یہ ٹکڑا موجود ہے۔ زاہد کا شعر یہ تھا:

"ہوا ہے سرد، بجھے سوزِ دلِ شراب چلے پڑے اگر کوئی ابرِ سیاہ فام کی بوند"

[2] مجموعۂ مکاتیب میں "زبانوں سے" ہے۔ میں نے یہ جملہ مشاطۂ سخن کے مطابق لکھا ہے۔

Marfat.com

"کر دے گی" کی یائے اول کا گرنا، ناپسند کر کے، اُس کی جگہ "کر گئی"[۳] بنانا ٹھیک ہے۔ اب اپنے وجدانِ سلیم سے کام لیجیے اور اس مصرعے کو یوں ہی رکھیے، جیسا میں نے بنایا ہے۔

"باٹ دیکھنا" راہ دیکھنے کے معنی میں، فصحاے دہلی و لکھنؤ کی زبان نہیں۔ میر کا کہنا، اِس وقت سند نہیں ہو سکتا، اُس وقت بولتے ہوں گے، اب کوئی نہیں بولتا۔

مخزن المحاورات چرنجی لال کا کیا اعتبار! اس میں ہزاروں محاورے گنواروں کے لکھے ہیں؛ من جملہ اُن کے ایک یہ بھی ہے بہ ہر کیف "باٹ دیکھنا" کسی طرح صحیح نہیں۔ میں بھی آپ سے متفق ہوں۔

تیسرا حصہ لغت کا مدّت سے تیار ہے۔ بے سرمایگی اُس کی طبع سے مانع ہے۔ دفتر، ابتر اور پریشان ہوا چاہتا ہے بل کر ہو گیا۔ کام بند ہو گیا ہے۔ بڑا افسوس ہو گا اگر یہ کتاب ناتمام رہ گئی۔ اور یہ افسوس نہ صرف مجھ کو ہی رہے گا، بل کہ تمام ملک کو۔"

[بہ نام زاہد۔ ۱۹ ستمبر ۱۸۹۵ء]

(۳۴) بہ سلسلۂ امیر اللغات:

"لُغت کا تیسرا حصہ تمام ہوا اور نظرِ ثانی بھی ہو گئی۔ اب کچھ [illegible] کام اُس میں باقی رہا ہے۔ میں نے آپ کے ابتزال نکالے اور دیکھے؛ اُن میں

---

[۳] مجموعۂ مکاتیب میں "کر گئی" کے بجاے "کر دے گی" ہے، لیکن یہ درست نہیں ہو سکتا۔ زاہد کا شعر یہ تھا:

جگر کو گرمیِ بنتِ عنب نے پھونک دیا　　حلال کر دے گی زاہد کو یہ حرام کی بوند

امیر نے دوسرا مصرع یوں بنایا، ع: حلال کر گئی زاہد کو یہ حرام کی بوند (شاملۂ سخن)

Marfat.com

اکثر لغت نئے ملے اور اکثر شعر بھی کام آئے۔ دریاے لطافت بھی دفتر میں ہے، مگر اُس کے دیکھنے کی نوبت کم آتی ہے، بل کہ نہیں آتی۔ اس کے ماورے جو تم نے انتخاب کیے، وہ مفید ہوئے۔ نظیر کے کلام نے ایک لفظ کا فائدہ نہیں[1] دیا۔ ان کے ماورا، جو تم نے بعض بعض الفاظ کے نوٹ لکھے ہیں، اور مثلوں کی شان لکھی ہے، اُن کا ماخذ معلوم ہونا چاہیے کہ کہاں سے اور کس کتاب سے لیے گئے ہیں۔ امیر اللغات میں تو وہی لکھنا ہوتا ہے جو کسی صورت سے نامعتبر نہیں ہوتا۔ غالب ہے کہ تم نے اس کا خیال کر لیا ہوگا۔"

[بہ نام زاہد۔ ۱۲ر جون ۱۸۹۵ء]

(۳۵) بلعم باعور:

"تمھارے ایک شعر کے معنی نہیں سمجھا کہ "بلعم باعور کی طرح دوش دسر کی پوٹ" کیا چیز ہے؟ یہ مضمون غالباً کسی قصّے سے متعلق ہوگا، جو مجھے معلوم نہیں۔"

[بہ نام زاہد۔ ۴ر مارچ ۱۸۹۶ء]

---

[1] نظیر کے کلام میں ایسے لفظ بہت ہیں جو لُغت میں نہیں ملتے۔ نظیر کی ایک خصوصیت یہ بھی کہ انھوں نے عام بول چال اور مقامی بول چال کے الفاظ بہ کثرت نظم کیے ہیں۔ آمیر کا یہ لکھنا کہ "نظیر کے کلام نے ایک لفظ کا فائدہ نہیں دیا"، لُغت نویسی کے محدود تصوّر کا ترجمان ہے۔ ایسے کسی لغت کو مکمل نہیں کہا جا سکتا جس میں نظیر (وغیرہ) کے کلام میں مستعمل الفاظ شامل نہ ہوں۔

دریاے لطافت کے متعلق جو کچھ آمیر نے لکھا ہے، وہ بھی اسی قبیل سے ہے۔ یہ کتاب تو نہایت کارآمد ہے۔ اصل میں معیار پسندی کے محدود تصوّرات نے یہ سارے گُل کھلاتے ہیں اور اُس زمانے میں حکومت اِسی کی تھی۔ آمیر بھی، لغت نویس ہونے کے باوصف، اُس حصار کو توڑ نہیں پائے۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے لفظ آج لُغات میں نظر نہیں آتے، جب کہ وہ تصنیفات میں موجود ہیں۔

Marfat.com

(۳۶) بلعم باعور:

"بلعم باعور کا جو حال تم نے لکھا ہے[1]، میں نے دیکھا۔ اب وہ شعر بے تکلف رکھنے کے قابل ہے"۔

[بہ نام زاہد۔ ۱۹ر اپریل ۱۸۹۶ء]

(۳۷) زکریا:

"زکریا، بہ فتحتین، کسرِ را و تشدیدِ یا ہے۔ اس میں کوئی تغیر اب تک نہیں ہوا اور نہ ہو سکتا ہے۔ جو لوگ "ذکریا" ذال سے بالکسر لکھتے ہیں، اور سکونِ ثانی و تخفیفِ یا کے ساتھ بولتے ہیں، محض غلط ہے، خواہ دہلی والے ہوں خواہ لکھنؤ والے"۔

[بہ نام زاہد۔ ۲۶ر ستمبر ۱۸۹۶ء]

(۳۸) زکریا:

"میں لکھ چکا ہوں اور پھر لکھتا ہوں کہ "زکریا" ز سے ہے۔ ذال سے کسی طرح صحیح نہیں ہو سکتا، اور اس کے اعراب میں بھی تغیر ممکن نہیں[2] ہے"۔

[بہ نام زاہد۔ ۳۰ر ستمبر ۱۸۹۶ء]

---

[1] مشاطۂ سخن میں اس جملے کے بعد یہ عبارت بھی ہے: "بنی اسرائیل کا ایک بڑا عالم و عابد تھا جو [illegible] اور کثرتِ زہد و عبادت سے ایسا نحیف ہو گیا تھا کہ تلامذہ اس کو پوٹلی میں باندھ کر [illegible] کرتے تھے۔ انشا نے بھی اپنے مقطعے میں کہا ہے:

حاسد تو ہے کیا چیز، کرے قصد جو انشا — تو توڑ دے جھٹ بلعم باعور کی گردن"

میرا خیال ہے کہ یہاں پر زاہد کے خط اور آمیہ کے خط کی عبارت خلط ملط ہو گئی ہے۔ زاہد نے اصلاحِ آمیہ کے ذیل میں اپنے خط کی اس عبارت کو لکھا ہوگا، جو آمیہ کی عبارت کے ساتھ آمیز ہو گئی۔

[2] یہ نام ہے ایک معروف پیغمبر کا، اور اس نام کے طور پر اس کی حرکات ناقابلِ تغیر ہیں، مگر یہ لفظ اب

(اگلے صفحے پر)

Marfat.com

(۳۹) سقوطِ الف۔ نشہ۔ قرار۔ اعلانِ نون :

"الفاظِ ہندیہ میں سے آخر کا حرف گرتا ہے، بیچ کا حرف نہیں گرتا۔ [فلہٰذا "وہاں" کی تصحیح کر دی گئی]۔ "نشے" میں یے سے پہلے ہمزۂ مقروء[1] چاہیے۔

"قرار" بہ معنیِ اقرار، عربی و فارسی میں نہیں ملتا۔ بغیر واوِ عطف "قول قرار" کو جس طرح آپ نے اُردو کر لیا ہے، اُس کا مضائقہ نہیں۔

عام لوگوں کے نام کے طور پر بھی استعمال میں آتا ہے، جیسے : رفیق زکریا۔ بل کہ کلکتے میں تو "زکریا اسٹریٹ" ایک علاقے کا نام ہے۔ ایسے عام ناموں کے طور پر، اس لفظ کے اعراب میں تغیر ہو چکا ہے اور اس کو بہ فتحِ اول و دوم، بہ سکونِ سوم و یاے مخففِ مفتوح بولتے ہیں یعنی، زَکَرْیا۔ ان اعراب کو بھی اب تسلیم کر لینا چاہیے۔

[1] یہ خیال کہ اُردو میں "نشے" میں یے سے پہلے ہمزۂ مقروء لازماً ہونا چاہیے صحیح نہیں۔ اردو میں یہ لفظ بہ فتحِ شین یعنی "نشہ" یا "نشا" بھی مستعمل ہے اور یہ اُردو کا تصرّف ہے۔ چند اسناد پیش کی جاتی ہیں، اثباتِ مدّعا کے لیے یہ کافی ہیں :

ہشیاری کے برابر کوئی نشا نہیں ہے (میر، کلیات مرتبۂ آسی، ص ۲۶۰) یارو، مجھے معاف رکھو، میں نشے میں ہوں (ایضاً ص ۲۹۶) اِس غزل کی ردیف ہے "میں نشے میں ہوں"۔ کُھلا نشے میں جو پگڑی کا پیچ اُس کی میر (ایضاً ص ۴۵) نشہ اور کچھ دل کو بھایا ہے شاید (میر سوز) لے نشے میں جو تجھے یوں قدحِ بنگ اُڑے (انشا۔ کلامِ انشا، ص ۳۳۴) مخمور ہیں نشے میں جہاں گر پڑے، پڑے (ایضاً ص ۲۱۷) یاں وہ نشے نہیں جنھیں ترشی اُتار دے (ذوق، دیوان مرتبۂ آزاد، ص ۲۳۳) رات مے خانے میں ساقی جو نشے میں بہکا (ایضاً ص ۱۰۱) کیوں نشے میں توڑتے ہو رکھ کے ساغر زیرِ پا (ایضاً ص ۸۸) نشے میں بیخبر کے ہے چور کوئی احالی۔ مسدس۔ تاج کمپنی، ص ۶۳) نشے میں مے حق کے سرشار سارے (ایضاً ص ۲۳) نشے میں مے عشق کے چور ہیں وہ (ایضاً ص ۵)، نشے رند نے سب

Marfat.com

اضافت کی حالت میں اعلانِ نون جائز نہیں۔

اُتارے تمھارے (رند لکھنوی۔ دیوان، نول کشور پریس، ص ۱۳۹)

یہاں پر ایک بات قابلِ غور ہے: امیر کا شعر ہے:

ڈورے نشے کے دخترِ رز سے در پردہ ہیں رشتہ دل لگی کا

(صنم خانۂ عشق ص ۵۸)

بہ قولِ امیر اس میں "نشے" لکھا جائے گا یعنی ے سے پہلے ہمزہ آئے گا، پڑھنے میں بھی اور لکھنے میں بھی۔ یہ تو ٹھیک ہے، مگر امیر کے اِس شعر میں:

"ہم کیا کہ مے کدے میں ترے جامِ چشم سے جو شیشہ تھا، وہ نشۂ مستی سے چور تھا"

(صنم خانۂ عشق، ص ۴۹)

"نشہ" کو کسی طرح لکھا جائے گا؟ اِس میں بہ قولِ امیر ایک ہمزہ تو جزوِ لفظ ہے، اور ایک ہمزہ اضافت کی علامت کے طور پر آئے گا، یعنی اصولاً اس کو "نشۂ" لکھنا چاہیے اور یہ مسلمات میں سے ہے کہ اِس لفظ کا یہ املا آج تک نہیں دیکھا گیا۔ اس کی جگہ "نشہ" ہی لکھا جاتا ہے، اور اس کا واضح طور پر مطلب یہ ہوا کہ اس صورت میں ش کو مشدد پڑھنا پڑے گا، یعنی: "نشۂ مستی سے چور تھا"۔ اِس کے سوا اور کوئی صورت نظر نہیں آتی اور اس صورت میں یہ کہنا کہ "نشے" میں "ے" سے پہلے "ہمزۂ مقدرہ" ضروری ہے، لازماً صحیح نہیں ہو سکتا۔

اربابِ لُغت اس لفظ میں متفق نہیں، مختلف اقوال ملتے ہیں۔ اردو میں بول چال میں یہ لفظ صرف بہ فتحِ شین مستعمل ہے اور نظم میں بہ فتحِ شین و بہ سکونِ شین، دونوں طرح آتا ہے، تحریر میں بیش تر "نشہ" دیکھا جاتا ہے۔ اُردو کی حد تک مناسب یہ ہوگا کہ اس کا املا "نشہ" مانا جائے۔ یہ بروزنِ فعل بھی آئے گا، اور "نشہ" بروزنِ فعلن بھی آسکتا ہے، جب یہ بروزنِ فعلن آئے، اُس صورت میں اِس کو بہ تشدیدِ شین لکھا جانا چاہیے، یعنی ہم: جو شیشہ تھا وہ نشّۂ مستی سے چور تھا۔

لہٰذا اِس موضوع پر ایک مستقل مضمون میں بحث کی گئی ہے، جو شاملِ کتاب ہے، اُسے دیکھا جائے۔

Marfat.com

یہ شعر مجھ کو جی سے پسند آیا۔ بارک اللہ! خوب کہا ہے:

وہ آنکھوں میں ہے پُتلیوں کی طرح مگر دیکھنے کو نظر چاہیے"

[بہ نام زاہد۔ ۱۴ر جولائی ۹۷ء]

ویا۔ باہمدگر۔ پہ۔ پرے۔ پیار:

"ویا[1] اب بالکل متروک ہے، اس کی جگہ صرف "یا" بولتے ہیں [یا کاف سے کام لیجیے، جو "یا" کے معنی میں آتا ہے]۔

"باہمدگر" کی صحت میں کلام[2] ہے۔ "بایک دگر" ہو سکتا ہے، یا محض "ہمدگر" چاہیے

---

[1] ناسخ اور ان کے شاگرد وزیر کے یہاں یہ لفظ موجود ہے:

بعدِ مدت سو گیا ہوں چین سے یہ جنازہ ہے ویا گہوارہ ہے

ناسخ (کلیات طبعِ اول، ص ۲۴۱)

جب نہ تب کہتے ہو، صاحب صبر کر بندہ عاشق ہے، ویا ایوب ہے

(" ص ۲۵۱)

جب نہ تب منہ دیکھ لیتا ہے وہ عاشق کھینچ کر یہ کٹاری ہے ویا اس کی کمر میں آئنہ

(" ص ۲۲۲)

نہ آؤ، خوش رہو، جس جا رہو مرے صاحب ملو ویا نہ ملو، ہم نباہ کرتے ہیں

وزیر (دفترِ فصاحت، ص ۱۳۴)

متاخرین نے اس کو متروک قرار دیا ہے۔

[2] آثیر کی یہ رائے صحیح نہیں۔ "باہمدگر" کی صحت میں مطلق کلام نہیں کیا جا سکتا۔ فارسی میں یہ لفظ موجود ہے، وہیں سے یہ لفظ ہمارے یہاں آیا ہے۔ سلیمان حیم کے لغت میں یہ لفظ موجود ہے (جلدِ اول، ص ۲۲۱)۔ غالب نے قاطعِ برہان میں کئی جگہ اس کو استعمال کیا ہے، مثلاً لفظ "برپروشاں" کے

Marfat.com

لکھیے۔

"پہ" بہ معنیِ لیکن ومگر، واجب الترک ہے، بجاے پر، جو ہر جگہ[۳ه] مستعمل ہے (کذا)

تحت انھوں نے لکھا ہے: "وتبدیلِ شینِ نقط دار وشینِ مہملہ باہمدگر، اصلے است محکم در ضوابطِ زبانِ ایران"۔ لفظ "برخ" کے ذیل میں لکھا ہے: "نہ بایں شش معنی موافق ونہ باہمدگر متحد ومرادف"۔ مولفِ آصف اللغات نے "باہم" کو "باہم دگر" کا مخفف لکھا ہے (جلدِ نہم)۔ اساتذۂ اردو نے بھی اس کو استعمال کیا ہے، مثلاً:

باہمدگر رکھے ہے میاں عالم اختلاط (قائم چاندپوری۔ دیوانِ قائم، عکس نسخۂ انڈیا آفس لندن)، دیا ان کو باہمدگر الیتام (قائم) ہوئی ہے روحِ قیس وکوہ کن باہمدگر اک جا (انشا۔ کلامِ انشا، ص ۷۴) اٹھ جائے چاہیے سب باہمدگر تکلف (ایضاً ص ۱۱۷) خود پرستی سے رہے باہمدگر ناآشنا (غالب، دیوانِ غالب، نسخۂ عرشی، ص ۱۹) باہمدگر ہوئے ہیں دل ودیدہ پھر رقیب (ایضاً ص ۲۲۵) اگر اختلاف ان میں باہمدگر تھا (حالی۔ مسدس۔ تاج کمپنی، ص ۲۳) باہمدیگر ہیں خشتِ بنیاد (صفی لکھنوی۔ مثنوی تنظیم الحیات، حصۂ احمد)۔

[۳ه] ایسا معلوم ہوتا ہے کہ عبارت میں بعض لفظ چھوٹ گئے ہیں۔ آخیر کا مفہوم یہ معلوم ہوتا ہے کہ "پر" بہ معنیِ لیکن ومگر، مستعمل ہے، مگر اس کا مخفف "پہ" واجب الترک ہے۔ "پر" بہ معنیِ لیکن ومگر کے مخفف "پہ" کو اساتذۂ لکھنؤ نے بالاتفاق متروک قرار دیا ہے، البتہ "پر" بہ معنی لیکن کے ترک میں اختلاف ہے۔ جلال نے اپنے تیسرے دیوان مضمون ہاے دل کش میں جہاں اپنے متروکات کی فہرست درج کی ہے، اس لفظ کو بھی بہ ذیلِ متروکات لکھا ہے۔ شوق نیموی نے رسالۂ اصلاح میں اور مولفِ نوراللغات نے لکھا ہے کہ بعض فصحا نے ترک کر دیا ہے۔ اثر لکھنوی مرحوم نے صاحبِ نوراللغات کے اِس قول پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا تھا:

"لیکن میں وہ بات کہاں جو بعض موقعے پر لفظ "پر" سے پیدا ہوتی ہے، مثلاً:

(باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

نہ ہوا پر نہ ہوا میرؔ کا انداز نصیب ذوقؔ، یاروں نے بہت زور غزل میں مارا"

(فرہنگِ اثر، ص ۸۸)

شوقؔ نیموی نے وضاحت کی ہے: "فی الواقع "پر" بہ معنیِ لیکن، بہ کثرت مستعمل تھا۔ اُستادی جناب شمشادؔ لکھنوی، جن کو متروکات کا بہت خیال ہے، ان کے دیوانِ اول میں، جس کا نام خزانۂ خیال ہے، یہ لفظ موجود ہے۔ اور مولّف بھی پہلے اس لفظ کا تارک نہ تھا، مگر رسالۂ اصلاح کی وجہ سے جب بہت سے لوگ احتیاط کرنے لگے، حتیٰ کہ کچھ دنوں سے جناب شمشادؔ کو بھی احتیاطِ کُلّی ہے، تو مولّف نے بھی وجوباً ترک کر دیا ہے۔" (حاشیۂ رسالۂ اصلاح، ص ۱۲)

مولّفِ اصلاحِ زبانِ اردو نے لکھا ہے: "لیکن کے معنوں میں "پر" کا استعمال اب فصحا نے ترک کر دیا ہے۔ آخر میں جلالؔ و داغؔ نے بھی ترک کر دیا تھا" ـــــ اس پر تبصرہ کرتے ہوئے امیرؔ مینائی کے شاگرد حکیم برہمؔ نے لکھا: "پر کا استعمال لیکن کے معنی پر بہ کثرت ہے۔ اگر کچھ لوگ نہیں کہتے تو اس سے متروک نہیں ہو سکتا۔ امیرؔ نے آخر تک اس کو جائز رکھا ہے، اور دیگر شعرا بھی استعمال کرتے ہیں" (مرقعِ ادب، جلدِ دوم ص ۶۱) برہمؔ نے ٹھیک لکھا ہے کہ امیرؔ نے آخر تک اس کو جائز رکھا سچا صنم خانۂ عشق سے صرف ایک مثال پیش کی جاتی ہے:

بے تکلف نشۂ مے نے تو اُن کو دیا پر وہ شرمیلی نگاہوں کا مزا جاتا رہا

خورشیدؔ لکھنوی نے اپنے رسالے افادات میں لکھا ہے:

"اب اُن الفاظ کا ذکر کرتا ہوں جنھیں بعض اساتذہ ترک کر چکے ہیں ... مگر چوں کہ مجھے یقین ہے کہ ان کے ترک میں ضرور دقت پڑے گی اور مزہ کلام میں باقی نہ رہے گا، لہٰذا میں نے ترک نہیں کیے ہیں، اور نہ اپنے تلامذہ و احباب کو صلاح اِن کے ترک کی دیتا ہوں، کیوں کہ میں تجربہ کر چکا ہوں کہ بعض اشعار سے جو اِن لفظوں کو نکال کے اور بدل کے دیکھا، تو وہ مزہ جو پہلے تھا، باقی نہ رہا" (ص ۴۲)۔

اور اس ذیل میں انھوں نے "پر" بہ معنیِ لیکن کو بھی لکھا ہے ـــــ مختصر یہ کہ "پر" بہ معنیِ لیکن

Marfat.com

"پرے" لکھنؤ میں بالکل متروک ہے۔ اور دلّی میں بھی اب فصحا کے کلام میں

کو محض بعض نے ترک کر دیا، مگر بیش تر نے اس کو استعمال کیا ہے۔ امیر کی بھی یہی رائے تھی اور اُن کے کلام میں اس کی مثالیں بالعموم ملتی ہیں۔

لکھنؤ کے اساتذۂ متاخرین میں سے بعض نے "پر" کے مخفّف "پہ" کو، خواہ وہ کسی معنی میں ہو، متروک قرار دیا تھا اور اس کی وجہ یہ بتائی تھی کہ: "ہندی میں کوئی لفظ جس کے آخر میں ہائے مختفی ہو، نہیں پایا جاتا؛ اس واسطے کہ ہندی میں ہائے مختفی نہیں آتی۔ پس معلوم ہوا کہ اس لفظ کی کچھ اصل نہیں۔ "پر" کے مقام پر، زبانوں پر غلط مستعمل ہو گیا ہے" (دستور الفصحا)۔ جلال نے اس کو اپنے تیسرے دیوان میں شامل فہرستِ متروکات میں داخل کیا ہے، اگرچہ وہ اس کو استعمال کر چکے تھے:

دل کس کو دیا، لاکھ یہ پوچھا کیے احباب　　دل ہی میں رہا، لب پہ ترا نام نہ آیا

صفیر بلگرامی نے "پر" کے ذیل میں لکھا ہے: اردو میں یہ حرف مخفّف بھی آتا ہے یعنی (پہ) رائے مہملہ گرا کر، بہ ضرورتِ وزن۔ لکھنؤ میں ناسخ تک نے تو جائز رکھا، مگر رنگ نے اس تخفیف کو ناجائز قرار دیا اور اپنے کلام سے اس تخفیف کو تخفیف کر دیا، لیکن خواجہ وزیر، اور بحر، تحر وغیرہ شاگردانِ ناسخ نے ناسخ کی تقلید کی" (رشحاتِ صفیر، ص ۶۱)

اس بے معنی التزام کو اِن شاگردانِ ناسخ کی طرح، دوسرے بہت سے اساتذہ نے بھی تسلیم نہیں کیا تھا۔ مؤلفِ اصلاحِ زبانِ اردو نے لکھا تھا: "پہ" کا استعمال اب اکثر فصحا نے ترک کر دیا ہے۔ آخر میں داغ و جلال نے ترک کر دیا تھا۔" حکیم برہم نے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا تھا: "کسی نے ترک نہیں کیا اور نہ کوئی شاعری اس سے خالی ہو سکتی ہے۔ داغ کے آخری دیوان میں صدہا جگہ بندھا ہوا ہے" (مرقعِ ادب، دوم، ص ۶۰)۔ اصل میں اس طرح کے التزامات، محض مصنوعی حیثیت رکھتے تھے اور ان کو قبولِ عام حاصل ہو ہی نہیں سکتا تھا۔

Marfat.com

پایا نہیں جاتا ہے۔ آپ چاہیے، لکھیے۔

"پیار" بروزنِ فاع[۵] ہے۔" [بہ نام زاہد۔ ۱۱ر اگست ۱۸۹۷ء]

---

[۴] ریاض خیرآبادی نے بھی ایک خط میں یہی خیال ظاہر کیا ہے: میں "پرے" کے لفظ کو متروک سمجھتا ہوں۔ داغ و امیر و جلال نے بھی استعمال نہیں کیا، نہ ان کے متبعین نے۔ عام بول چال میں بھی نہیں۔ بعض دلّی والے شاید بولتے ہیں"۔ (مکتوبِ ریاض، نقوش مکاتیب نمبر ص ۲۴۹)

دہلی میں یہ لفظ ہر زمانے میں مستعمل رہا ہے۔ مولّفِ فرہنگِ آصفیہ نے اس لفظ کے متروک یا غیر فصیح ہونے کی طرف کوئی اشارہ نہیں کیا۔ "پرے بٹھانا" کے ذیل میں انھوں نے یہ فقرہ بہ طورِ مثال لکھا ہے: "ایسا پکایا کہ باورچی کو پرے بٹھا دیا"۔ اس مثالیہ فقرے سے بہ خوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ مولّف کے زمانے میں بھی یہ لفظ رائج تھا۔ اس کے بعد کی کتابوں میں بھی یہ لفظ موجود ہے، مثلاً: "نابالغ لونڈے بھی اگلے زمانے کے پختہ کلاموں کو پرے بٹھاتے ہیں" (ترجمۂ دریاے لطافت، ص ۳۷۸)۔ عام بول چال میں بھی یہ لفظ آتا رہتا ہے۔ نوّاب عزیز جنگ ولا (تلمیذِ داغ) نے اس لفظ کے متعلّق لکھا ہے: "مولّف عرض کرتا ہے کہ استادانِ سخن کے کلام میں اِس کا استعمال ہے اور ہمارا ذوق اس کے استعمال کو پسند اور فصیح خیال کرتا ہے" (معیارِ فصاحت، ص ۴۳) ——— حقیقت یہ ہے کہ "سدا" اور "سمیت" جیسے بہت سے الفاظ کی طرح یہ لفظ بھی غیر ضروری طور پر فہرستِ متروکات میں شامل ہو گیا۔ اور اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اصلاحِ زبان کا یہ سودا کس قدر بے معنی تھا۔ ہاں یہ لفظ رشک کے یہاں موجود ہے: تو عرش سے پرے ہے، مگر پیشِ چشم ہے (مجموعۂ دواوینِ رشک، ص ۲۶۸)

[۵] قدما و متوسّطین نے "پیارا" کو بروزنِ فعولن بھی نظم کیا ہے، مثلاً:

کہ ایسے لوگ پیارے عزیز مہماں ہیں (میر۔ کلّیات مرتّبۂ آسی، ص ۳۰۴) میر کی ایک

Marfat.com

۴۱۰) دنبل :

" "دنبل" لفظ عربی ہے، "دمامیل" اس کی جمع ہے"۔ "دنبل" صحیح نہیں۔ آپ کے قلم سے کسی جگہ یوں ہی نکلا، لہٰذا اطلاعاً لکھا گیا "

[بنام زاہد۔ ۱۹ ستمبر ۱۸۹۷ء]

غزل ہے جس کی ردیف "پیارے" بر وزنِ فعولن ہے مطلع: میرا ایک دم نہ اس بن تو جیا پیارے :۔ کیا کہ کے تجھ کو رو دیں یہ کیا کیا پیارے (ص ۳۳۲) نگاہِ کبک میں سورج سے ہے پیارا چاند (آتش، کلیات، نول کشور پریس، ص ۳۶۸) کیا ہوئی تو مری پیاری آج (مومن۔ دیوان مرتبہ ضیا احمد صاحب، ص ۴۷)۔

"پیارا" کی طرح "پیاسا" اور "دھیان" کو بھی بہ اظہاریا نظم کیا گیا ہے۔ غالباً میر انیس کا مصرع ہے: قوم کے ہاتھ سے ہوتے ہیں پیاسے مقتول۔ ذوق کا مصرع ہے: ساقیا، عید ہے، لا بادے سے مینا بھر کے۔ کہ اس کو میرے سوا اور کا دھیان نہیں مومن (دیوان مرتبہ ضیا احمد، ص ۱۵۴)۔

اس کے برخلاف بھی ہوا ہے جیسے "پیالہ" بہ اظہاریا فصیح مانا جاتا ہے مگر اس کو بیائے مخلوط بھی نظم کیا گیا ہے مثلاً: دونوں جہان کی نہ رہی پھر خبر اُسے :: دو پیالے تیری آنکھوں نے جس کو پلا دیے (میر درد، دیوان شائع کردہ مکتبہ جامعہ، ص ۸۱)، یاس یگانہ کا شعر ہے: خواہ پیالہ ہو یا نوالہ ہو :: بن پڑے تو جھپٹ لے، بھیک نہ مانگ (آیاتِ وجدانی)

بات یہ ہے کہ اس قبیل کے کئی لفظ ہیں جن میں سے بعض کو بہ اخفائے یا فصیح مانا گیا اور بعض کو بہ اظہاریا۔ ایسے لفظوں میں پیار، پیاس، پیالہ، پیاز، پیال، پیادہ، دھیان قابلِ ذکر ہیں۔ اسی وجہ سے ان کے تلفظ میں کبھی کبھی مختلف کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ میری رائے میں ایسے الفاظ کے کسی ایک تلفظ پر حکم نہیں لگانا چاہیے۔ ذوق کے مصرعے میں "پیاسے" بہ اظہاریا نظم ہوا ہے اور قطعاً خلاف فصاحت نہیں معلوم ہوتا۔ یہی صورت اور الفاظ کی بھی ہے اور ہو سکتی ہے۔

Marfat.com

Marfat.com

میرے سچے دوست جو بات مجھ سے پوچھتے ہیں، اپنی رائے ناقص کے موافق ان کو بتا دیتا ہوں۔ اسی مشرب کی بنا پر میں تاریخِ مبحوث عنہ سے بحث نہیں کرتا اور آپ کو بھی نصیحت کرتا ہوں کہ بے فائدہ دردِ سر نہ مول لیا کیجیے۔

جب خصوصیتِ مباحثِ متعلقۂ تاریخ سے قطعِ نظر کی گئی، تو اب بتانے کی بات یہ رہی کہ مشتری ستارہ، مذکر ہے یا مونث؟ واضح ہو کہ یہ ستارہ، مونث ہے۔ اور جہاں کہیں سخن دانوں اور سخن وروں نے استعمال بہ تذکیر کیا ہے، وہاں ستارہ مقصود نہیں ہے، جس[1] کو مشتری سے تشبیہ دی ہے۔ جیسے ناسخ کے اس مطلعے پر:

بلبل ہوں بوستانِ جنابِ امیر کا　　روح القدس ہے نام مرے ہم صفیر کا[2]

اُن کے شاگردِ رشید مرزا محمد رضا برق[3] نے جو مصرعے لگائے ہیں، اس میں قمری کو جس کی تانیث میں کسی کو اختلاف نہیں، بہ تذکیر استعمال کیا ہے، تو بات یہی ہے کہ وہاں قمری طائر مقصود[4] نہیں ہے۔ وہ تضمین یہ ہے:

---

[1] عبارت میں بعض لفظ چھوٹے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ امیر کی مراد یہ ہے کہ جہاں یہ لفظ مذکر استعمال ہوا ہے، وہاں اس سے دراصل وہ وجود مقصود ہے جس کو مشتری سے تشبیہ دی گئی ہے، نہ کہ ستارۂ مشتری۔

[2] کلیاتِ ناسخ مطبعِ مولائی ص ۲۔

[3] فتح الدولہ، بخشی الملک، مرزا محمد رضا خاں برق، تلمیذ ناسخ (تذکرۂ نادر) واجد علی شاہ کے مصاحب اور استاد تھے۔ متوفی ۱۲۷۴ھ (کلیاتِ منیر)۔ ان کا دیوان ان کی زندگی ہی میں بہ حکم واجد علی شاہ اور بہ تصحیح امیر علی خاں جلال (تلمیذِ برق) مطبعِ سلطانی لکھنؤ میں ۱۲۶۹ھ میں چھپا تھا۔

[4] جلال اِس سے بہت پہلے اس طرف توجہ مبذول کرا چکے تھے۔ انھوں نے مفید الشعرا میں

Marfat.com

پروانہ ہوں ازل سے سراجِ منیر کا　　قمری ہوں سروِ باغِ علیِ کبیر کا
میں نغمہ سنج ہوں چمنِ بے نظیر کا　　بلبل ہوں بوستانِ جنابِ امیر کا[۵]

جہاں تاریخ میں زہرہ کے ساتھ مشتری کا لفظ آئے گا، وہاں مشتری سے دولھا ہی مقصود ہوگا؛ جیسے قمری سے، برق کے شعر میں، عاشق یا خود متکلم و مصنف مراد ہے۔ اگر تتبعِ کلامِ اساتذہ سے آپ کوئی سند مشتری کوکب کی تذکیر کی پائیے تو مجھے بھی لکھیے۔"

[بہ نامِ زاہد، ۱۴ر مارچ ۱۸۹۹ء]

لفظ "بلبل" کے ذیل میں لکھا ہے:

"بعضے سخنورِ اسناد تذکیرِ بلبل کی، اس شعر سے ناسخ مرحوم کے کرتے ہیں ع بلبل ہوں بوستان الخ۔ حالاں کہ اتنا نہیں سمجھتے کہ یہاں سے تذکیرِ بلبل کی مستفاد ہوتی ہے یا قائلِ شعر کی؟ اور بالفرض والتسلیم، اگر شعرِ مذکور سے تذکیرِ بلبل ہی کی مستفاد ہوتی ہے تو اس مصرعِ برق مرحوم سے ع قمری ہوں سروِ باغِ علیِ کبیر کا، استفادہ تذکیرِ قمری کا بھی ہو سکتا ہے، حالاں کہ قمری کو کسی نے آج تک مذکر نہیں کہا ہے۔ فتامل۔"

یہ عرض کر دوں کہ جلال کا یہ رسالہ پہلی بار ۱۲۹۳ھ میں چھپا تھا مقدمہ طبعِ چہارم یعنی امیر کے اِس خط سے پانچ چھے برس پہلے۔

خواجہ وزیر کا بھی ایک شعر اسی نوعیت کا ہے:

اُس سروِ خوش خرام کا قمری ہوں اے وزیر　　چلتے تھے جس کے ساتھ شجر پائے لنگ سے

(دفترِ فصاحت ص ۱۹۵)

۵ دیوانِ برق، ص ۴۶۴۔
۶ فرہنگِ آصفیہ میں مشتری (بہ معنیِ ستارہ) کو مذکر لکھا گیا ہے۔ اور نور اللغات و

Marfat.com

معین الشعرا میں، نذکر کی سند میں، منیر کا یہ شعر درج کیا گیا ہے :

ہوا ہے مشتری محبوس گویا برجِ عقرب میں
نظر آتے ہیں اہلِ علم و فضل اس سال زندانی

کلیاتِ منیر میں یہ شعر اسی طرح ہے (ص ۹) اگرچہ ایسے اشعار سے تذکیر یا تانیث حتماً ثابت نہیں کی جا سکتی، کیوں کہ غلط نویسیِ کاتب کا احتمال باقی رہتا ہے، مگر یہ ضرور معلوم ہوتا ہے کہ یہ لفظ مختلف فیہ رہا ہے۔ اِس سلسلے میں صفیر بلگرامی کی عبارت سے مزید وضاحت ہو گی۔ نقلِ عبارت سے پہلے یہ لکھنا ضروری ہے کہ جلال نے "مشتری" کی تانیث کی سند میں مفید الشعرا میں ناسخ کے یہ دو شعر لکھے تھے :

نقدِ جاں لائی ہے تا لے مول نو رائس ماہ سے — مشتری رکھا ہے نام اپنے لیے برجیس کا

تیرا غلام کچھ مہ کنعاں فقط نہیں — کہتی ہے مشتری بھی یہی تیری خریدہ ہوں

صفیر نے اِس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا تھا:

"مؤلف کہتا ہے کہ کارآمدِ شعرا کی اِن مثالوں سے، ونث ہونا کچھ ضرور نہیں کہ ثابت ہو، کیوں کہ کتابت کی غلطی بھی ہو سکتی ہے یعنی "نقدِ جاں لایا ہے" اور "کہتا ہے مشتری" بھی کہہ سکتے ہیں۔ چناں چہ اکثر الفاظ میں صاحبِ کارآمد شعرا کو بھی شک ہو گیا ہے اور کاتب کی غلطی پر محمول کیا ہے۔ بے شک ایسی مثالوں سے تسکین نہیں ہو سکتی، مگر میں نے مشتری کے لفظ کو مذکرات میں لکھا ہے اور اس کی مثال کسی استاد کے کلام میں پائی تھی۔ افسوس اصل مسودہ ایسا گم ہو گیا کہ اب نہیں ملتا اور نہ اب اتنی مہلت اور فرصت ہے جو پھر دیوان وغیرہ دیکھ کر مثال نکالوں۔ مجھے اِس لفظ پر مذکر ہونے کا بھی یقین ہے، اِس لیے اصلی یائے معروف کے قاعدے میں، میں نے

Marfat.com

(۴۵) ساکھا، بھاشا :

"مادّۂ تاریخ میں لفظِ "ایجاب" محض، اور بجائے "قران" لفظِ "وصل" لانا اور اُس سے معنیِ ایجاب وقبول، اور قران واجتماع مراد لینا بہت ہی تکلّف ہے۔ اِس باب میں مجھے بھی آپ کی رائے سے اتّفاقِ کلّی ہے۔

لفظ "ساکا" کی اصل "ساکھا" بہ معنیِ جنگ[1] وجدل ہے۔ میر تقی مرحوم کے شعر میں بھی یہی معنی ہیں۔ قدما کے سوا متوسّطین ومتاخّرین کے کلام میں یہ لفظ دیکھا نہیں گیا۔

"بھاکا" اصل میں "بھاشا" ہے۔ ہندی میں "شا" اور "کھا" کا بدلا ہوتا ہے۔ اردو میں فصحا کی زبان پر بیش تر "بھاکا" اور کم تر "بھاشا" مستعمل ہے۔"

[بہ نام زاہد، ۴/اپریل ۱۸۹۹ء]

(۴۶) یاں، واں :

"یاں اور واں، یا یہاں اور وہاں، بروزنِ فاع، فصحاے لکھنؤ

"مشتری" کو داخل کر دیا ہے۔ مقلّد کو اختیار ہے، مذکّر باندھے یا مونّث۔" (رشحاتِ صفیر، مطبعِ احمدی پٹنہ ص ۴۷)

[1] "ساکھا" بہ معنیِ اتّفاق ویک دلی بھی ہے: "ساکھا، متّفق ہونا چند آدمیوں کا کسی کام پر، مثلاً حریف سے لڑنے پر اتّفاق کرنا، یا اور اسی طرح کے کسی امر پر متّفق ہو جانا۔ ف: یک دلی۔ ع: اتّفاق" (سرمایۂ زبانِ اردو)۔ فرہنگِ آصفیہ میں بھی یہ معنی ملتے ہیں۔ یہ بھی درست نہیں کہ متوسّطین یا متاخّرین کے کلام میں یہ لفظ نہیں ملتا۔ صرف ایک مثال پیش کی جاتی ہے: "اگرچہ راج پوت تلواروں نے بڑا ساکھا کیا مگر انجام کو شکست کھائی۔" محمد حسین آزاد (قصصِ ہند، مجلسِ ترقّیِ ادب لاہور، ص ۲۷)

Marfat.com

اب[1] نہیں لکھتے۔ لیکن آپ چوں کہ دہلی کی زبان پسند کرتے ہیں اور اسی کا اتباع کرتے ہیں، اِس لیے آپ لکھیے۔"

[بہ نام زاہد، ماخوذ از مشاطۂ سخن]

---

[1] ایک زمانے میں اکثر اساتذۂ لکھنؤ کو متروکات کا مراق سا ہو کر رہ گیا تھا۔ مختلف حضرات کی فہرستیں الگ الگ تھیں، اور ایسی ایسی قیدیں عائد کر لی تھیں کہ آج ہنسی آتی ہے۔ چوں کہ یہ قطعاً غیر ضروری پابندیاں تھیں، اس لیے ایسے بہت سے قاعدوں کی پابندی پوری طرح یہ لوگ خود بھی نہیں کر پاتے تھے۔ اسی "یاں" اور "واں" کو لیجیے، آپ نے امیر کے قول کو ملاحظہ فرمایا! لیکن مرآۃ الغیب اور صنم خانۂ عشق میں بیسیوں جگہ یہ لفظ آئے ہیں۔ پہلے دیوانِ اول مرآۃ الغیب سے چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں :

ڈھونڈھے گر عاشق، تو یاں معشوق کا پائے نہاں (ص ۱۸) ہر روش سبزے پہ واں عکسِ گل و لالہ زنہ تھا (ص ۳۳)۔ چمنِ دل میں جو عارف کے چلی واں کی نسیم (ص ۳۳) یاں اور دوستوں نے لکھا خطِ رسید کا (ص ۵۲) سرمۂ روشنیِ چشم ہے یاں خاکِ قدم (ص ۵) خواب میں سبزۂ خوابیدہ جو واں کا دیکھے (ص ۳۲) خواب میں دیکھے اگر ترکِ فلک یاں کی بہار (۳۳) قدم یاں پھونک کر رکھتی ہے، بجلی بھی جو آتی ہے (ص ۵۷) واں نزاکت پر تو یاں ہے ناتوانی بے گھٹا (ص ۱۱۸) یاں عمر کٹ گئی ہے اسی اضطراب میں (ص ۱۹۰)۔

دوسرے دیوان صنم خانۂ عشق سے بھی کچھ مثالیں لکھی جاتی ہیں (مطبوعہ محبوب پریس حیدرآباد) :

واں نگاہیں تیز تیز اور یاں نگاہیں آبیں سرد (ص ۵) کیا قدر ہے فسانۂ الفت کی واں آمیر (ص ۱۶۸) یاں کثرتِ سجود، واں جوشِ نقشِ پا (ص ۲۱) جوانی میں کبھی یاں نہ آئی ہنسی (ص ۳۶) یاں ہاتھ اٹھایا ہے دعا کے لیے میں نے .:. تاثیر سے واں ہاتھ اٹھایا ہے دعا نے

Marfat.com

(۴۷) رکھیں :

"رکھیں ہیں اب تخفیفِ کاف کو فصحا[1] خلافِ فصاحت جانتے ہیں"۔

[مشاطۂ سخن ص ۲۲]

(ص ۲۸۵) یاں خامشی پسند ہے واں گفتگو پسند (ص ۵۷) واں جام سے دریغ یہاں ہے سبو پسند (ص ۵۷)
الٹی سنو کہ ہوتے ہیں واں داد خواہ بند (ص ۶۷) کس سے شرماتے ہو تم وصل میں یاں غیر نہیں (ص ۲۰۷)

جلال نے اپنے تیسرے دیوان مضمون ہائے دل کش میں اپنے متروکات کی جو فہرست پیش کی ہے، اس میں دونوں لفظ موجود ہیں۔ نیز اُن کے صاحب زادے کمال نے اپنے رسالے دستور الفصحا میں، اِن لفظوں کو متروک لکھنے ہی پر قناعت نہیں کی، یہ بھی لکھا ہے: "یہ جو یہاں، وہاں کو... لوگ یاں، واں بولتے ہیں اور لکھتے ہیں، یہ نہیں معلوم کیا لفظ ہیں"۔ شوق نیموی نے رسالۂ اصلاح میں یہ لکھ کر کہ واں اور یاں، وہاں اور یہاں کی جگہ محض غیر فصیح ہیں، اکثر شعرا نے ان کو ترک کر دیا ہے؛ اس پر حاشیہ بھی لکھا ہے اس میں لکھتے ہیں: "خصوصاً رشک کے مقلدین نے یک قلم ترک کر دیا ہے۔ مولف نے آج تک یہ الفاظ استعمال نہیں کیے، ابتدا سے ان کا تارک ہے" (ص ۱۶) ــــ اس کے برخلاف خورشید لکھنوی نے اپنے رسالے افادات میں یاں اور واں کو ایسے الفاظ میں شامل کیا ہے جن کا ترک کرنا ضروری نہیں، بل کہ یہ دونوں ایسے الفاظ میں شامل ہیں جن کے ترک میں ضرور دقت پڑے گی اور مزہ کلام میں باقی نہ رہے گا لہٰذا میں نے ترک نہیں کیے ہیں اور نہ اپنے احباب و تلامذہ کو صلاح ان کے ترک کی دیتا ہوں" (ص ۴۲)۔

صاحبِ نور اللغات نے صحیح طور پر لکھا ہے کہ: "فصحاے دہلی استعمال کرتے ہیں لکھنؤ کے بعض شعرا احتراز کرتے ہیں" (جلدِ اول ص ۱۱) بعض کی حد تک یہ بات درست ہے جمہور نے نہ اُس زمانے میں اِس بات کو مانا تھا نہ اب مانتے ہیں۔ ان "بعض" میں اگر اُن لوگوں کو بھی شامل کر لیا جائے جنھوں نے بہ لحاظِ قاعدہ ان کو متروک کہا ہے، مگر خود نظم کیا ہے (جیسے امیر مینائی) تب اِس "بعض" کا دائرہ مختصر تر ہو جائے گا۔

[1] اِس کا شمار بھی ایسے متروکات میں ہے جو رواجِ عام کی سند نہ پا سکے۔ حقیقتاً یہ بھی غیر ضروری

Marfat.com

(حاشیہ)

پابندی تھی۔ امیر کے زمانے کو چھوڑیے، اُس کے بعد بھی "رکھا" کو بہ تخفیفِ کاف استعمال کیا جاتا رہا۔
آرزو لکھنوی مرحوم اِس دَور کے اساتذہ میں تھے، اُن کے شعر ہیں:

کلیم! برق بنے گا بھڑک کے شعلۂ حُسن — رکھو امیدِ رعایت نہ اشتعال کے بعد

(جہانِ آرزو، طبعِ اول ص ۶۲)

اب آرزو، اس پھلواری میں دینے کا سہارا کوئی نہیں
دو سوکھے تنکے لا کے رکھو، تو وہ بھی جلائے جاتے ہیں

(سریلی بانسری، طبعِ اول ص ۶۹)

داغ کے کلام سے اس کی متعدد مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں، مثلاً:

خوش نوائی نے رکھا ہم کو اسیر اے صیاد
ہم سے اچھے رہے صدقے میں اُترنے والے

روزہ رکھیں، نماز پڑھیں، حج ادا کریں
اللہ، یہ ثواب بھی ہے کس عذاب کا

نشانِ شر نہ رکھا نام کو زمانے میں
خدا کے بندوں کا وہ خیر خواہ ہے محبوب

ناسخ اور اُن کے اکثر تلامذہ کے یہاں بھی یہ صورت ملتی ہے، مثلاً:

قدم رکھا کہیں اور جا پڑا کہیں کا کہیں — ناسخ (کلیات، طبعِ ولائی ص ۱۹۱)
ناتوانی نے رکھا محروم استقبال سے — " (ص ۲۷۵)
علی نے رکھا سر بہ روئے زمیں — " (ص ۳۷۰)
رکھو مومنو اس طرف گوشِ جاں — " (ص ۲۷۹)

Marfat.com

(۴۸) بھانا :

"بھانا، پسند آنا کے معنی میں، فصحائے لکھنؤ نہ بولتے ہیں نہ لکھتے ہیں۔ اگر اہلِ دہلی بولتے ہیں تو آپ شوق سے لکھیے۔ توسیعِ زبان کا بھی آپ کو بہت خیال ہے۔"

[مشاطۂ سخن، بہ ذیلِ اصلاح بر غزلِ زاہد]

(۴۹) پیراک، تیراک :

"پیرنا اور تیرنا میں آپ کی رائے صحیح ہے۔ میرے ایک شعر کا مصرع تھا: تیراک

دامن آنکھوں پہ رکھو، چاک گریباں کرو ناسخ (ص ۲۰۸)

ہوں وہ لاغر، جب رکھا ان کے کفِ رنگیں پہ ہاتھ وزیر (دفترِ فصاحت، ص ۲۷)

جامِ خالی پر رکھا کیوں دستِ گل گوں ساقیا " " (" ص ۱۴۳)

آتش اور ان کے تلامذہ کے یہاں بھی یہی صورت ملتی ہے صرف صبا کے یہاں سے مثالیں پیش کی جاتی ہیں :

جب رکھا آنکھوں پہ دامن لال بادل ہو گیا (گنجینۂ آرزو ص ۱۴۱) سدا خراب رکھا اپنے ساتھ اس کو بھی (ص ۵۰)، طاقِ نسیاں پر رکھا ہے ہم نے قرآں آج کل (ص ۸۰) کچھ بھی قیمت لبِ جاناں نے رکھی لعلوں کی (ص ۸۸)۔

اور لوگوں کے علاوہ نادر نے بھی تلخیصِ معلّیٰ میں "رکھا" بہ تخفیفِ کاف کو متروک لکھا ہے، مگر ہر زمانے میں اس کی مثالیں مل جاتی ہیں، خواہ بعض نے مکمل احتیاط کی ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ پابندی بھی محض غیر ضروری تھی اور اسی لیے یہ صورت پیدا ہوئی۔

لہ اس لفظ کے لیے مکتوب ۱۴ کا حاشیہ دیکھا جائے۔ زاہد کا شعر یہ تھا:

ادائیں یہ ساقی کی زاہد کو بھائیں کہ جھٹ توڑ بیٹھا وہ مے خوار توبہ

[مشاطۂ سخن]

Marfat.com

پانی چیر کے، سن سے نکل گیا۔ میرے استادِ مرحوم نے "پیراک" بنا دیا تھا۔"
[بہ نامِ شہیر مچھلی شہری]

لہ جلال نے سرمایۂ زبانِ اردو میں "تیراک" کے ذیل میں لکھا ہے: "بعض کے نزدیک اس لغت میں بجائے فوقانی، بائے فارسی ہے۔" گویا جلال "تیراک" کو صحیح (یا کم از کم مرجح) سمجھتے تھے، لیکن صاحبِ نور اللغات نے وضاحت کر دی ہے کہ "پیراک صحیح ہے، اور تیراک غلط۔" پھر "پیرنا" کے ذیل میں لکھا ہے: "فصحائے لکھنؤ بے جان چیز کے پانی پر چلنے کے لیے "تیرنا" بولتے ہیں، اور جان دار کے لیے "پیرنا"۔ جناب اثر لکھنوی نے اس پر تنقید کرتے ہوئے لکھا ہے: "یہ درست نہیں۔ مرغابی جان دار ہے، لیکن اس کے لیے کہتے ہیں کہ پانی میں تیر رہی ہے، نہ کہ پیر رہی ہے۔ اصل یہ ہے کہ "پیرنا" فنِ شناوری ہے۔ اس کے علاوہ، اگر کوئی شے سطحِ آب پر رہے یا بہے، اس کو تیرنا کہتے ہیں" (فرہنگِ اثر، ص ۲۵۵)۔

فرہنگِ آصفیہ میں "تیرنا" اور "پیرنا" دونوں درج ہیں اور کسی امتیازِ معنوی کا ذکر نہیں۔ اِن دونوں لفظوں کا معنوی فرق مسلّم، اکثر مواقع پر اس کا لحاظ بھی ضروری ہوگا، مگر "تیراک" اور "پیراک" میں اس کی پابندی ضروری نہیں، کیوں کہ یہ دونوں لفظ عموماً انسانوں کے لیے بولے جاتے ہیں۔ غالباً اسی نکتے کے پیشِ نظر جلال نے تیراک کے ذیل میں "بعضوں" کا لفظ استعمال کیا ہے۔

جیسا کہ اثر صاحب نے لکھا ہے: "اگر کوئی شے سطحِ آب پر رہے یا بہے، اس کو تیرنا کہتے ہیں" اس میں اس کا اضافہ کرنا چاہیے کہ اس معنی کے ساتھ ساتھ، شناوری کے معنی میں بھی "تیرنا" مستعمل ہے، البتہ "پیرنا" مطلقاً شناوری کے لیے سننے میں آیا ہے، اور یہی وجہ ہے کہ شناور کے لیے "تیراک" اور "پیراک" دونوں لفظ مستعمل ہیں ـــــ ہاں، بحرالبیان لکھنوی نے بحرالبیان میں تیرنا اور پیرنا کو مرادف بتایا ہے: "تیرنا و پیرنا بفتح، شناوری کردن"۔

Marfat.com

(۵۰) رسالۂ رشک، میم کی تذکیر۔ سن۔ مردم دیدہ :

"رشک مرحوم نے کس کتاب میں تانیث و تذکیرِ حروفِ تہجی کا ذکر کیا ہے ؟ اُس کتاب کا نام و نشان[1] ضرور لکھیے۔ اور اگر آپ کے پاس ہو، تو چند روز کو مستعار مجھے دیجیے۔

میرے نزدیک میم ضرور مذکر ہے، اور میں نے مذکر ہی کہا ہے[2]۔

"سن" بہ معنیِ سال، کہیں نہیں نکلتا۔ فارسی میں تلاش کیا، کوئی سند قابلِ اعتبار نہیں ملی۔ ان معنی میں "سنہ" ہے۔ اردو میں بغیرِ ترکیب اگر "سن" بہ معنیِ سال کوئی کہے تو تاویل ہو سکتی ہے۔ محققین اس کی جگہ "سال" کہتے ہیں۔

"مردم دیدہ" مذکر ہے۔"

[بہ نامِ نعیم الحق آزاد، ۱۴ نومبر ۱۸۹۱ء]

اور اس اندراج سے قطعی طور پر اس کی تائید ہوتی ہے کہ "تیرنا" کے ایک معنی "شناوری کردن" بھی ہیں اور یہی مستفاد ہوتا ہے صاحبِ فرہنگِ آصفیہ کے اندراج سے۔

[1] رشک کی ایسی کسی کتاب کا کسی اور نے ذکر نہیں کیا، نہ اس کے وجود کا کچھ پتا چلتا ہے۔

[2] امیر کا شعر یہ ہے :

جو آنکھیں ہوں تو نامِ پاک سے پیدا ہے یکتائی — کہ آغوشِ احد میں جلوہ گر ہے میم احمد کا

[محامدِ خاتم النبیین، ص ۷]

صفیر بلگرامی نے رشحاتِ صفیر میں م کو مذکر ہی لکھا ہے اور سنداً ناسخ کا ایک شعر لکھ کر مزید وضاحت کی ہے کہ : "مگر حیرت ہے کہ کلبِ حسین خاں نادر نے تلخیصِ معلی میں میم کو مونث کیوں کر لکھا ہے اور کہاں سند پائی" (ص ۱۳۷)

جن لوگوں نے م کو مونث کہا ہے، انھوں نے رشک کے یہاں سے سند لی ہے،

Marfat.com

(۵۱) بہ سلسلۂ تاریخ گوئی :

"میں نے اب یہی مشرب اختیار کرلیا ہے کہ "آئی" اور "آئے" اور "گئی" اور "گئے" سب میں دُہری ی خیال کی جائے اور ۲۰ عدد لیے جائیں۔ پہلے میرا خیال تھا کہ "آئے" میں ۱۰ عدد اور "آئی" میں ۲۰ عدد شمار کیے جائیں، مگر اب بعض وجوہ سے یائے معروف (و مجہول) دونوں کے ۲۰ قرار دیے[1] ہیں۔ اگر آپ کو یہ

ع "لکھ سکو ایسی اگر دو ایک میمیں، لطف ہے" (مجموعۂ دواوینِ رشک، ص ۵، ۳) رشک کے دونوں مطبوعہ دواوین میں حرف م بہ صورتِ واحد کہیں اس طرح نہیں ملا کہ اس کو مذکر یا مونث کہا جا سکے۔ مندرجۂ بالا مصرعے میں "میمیں" بہ حالتِ جمع ہے۔ اس سے حرفِ م کی تانیث پر حتماً استدلال نہیں کیا جا سکتا۔ جیسے "لفظ" کی جمع "لفظیں" اساتذۂ لکھنؤ کے یہاں ملتی ہے، مگر اس سے "لفظ" کا مونث ہونا لازم نہیں آتا۔ ناسخ کے یہاں "لفظ" مذکر ملتا ہے (ع : آ نہ جائے لفظ لب پر بابِ استفعال کا) یہی صورت "میمیں" کی بھی ہو سکتی ہے۔ بہ ہر صورت اکثریت م کی تذکیر پر متفق ہے۔

[2] جلال نے گلشنِ فیض میں "سن" کو "سنہ" کا مرادف لکھا تھا۔ اس پر اعتراض کیا گیا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ مکتوب الیہ نے اسی سلسلے میں استفسار کیا تھا۔ تفصیل کے لیے دیکھیے مکتوب ۱۲ کا حاشیہ۔

[1] "آئے، بمائے بروزنِ فعلن کا املا دو طرح مروج ہے: ایک یہ کہ جس طرح آ، جا، وا میں واو پر ہمزہ لکھتے ہیں، اسی طرح آئے وغیرہ میں ایک ے لکھ کر اس کے اوپر ہمزہ لکھ دیتے ہیں۔ ایسی حالت میں صرف ایک ے کے مد دینا چاہیے۔ مؤرخینِ ہند نے جا بہ جا ایسے الفاظ میں ایک ہی ی کے مد دیے ہیں۔ اور دوسری صورت یہ ہے کہ دو یائیں لکھ کر پہلی ی پر ہمزہ لکھ دیں فی الحال اکثر اس کا املا دو یاؤں سے دیکھا جاتا ہے۔ ایسی حالت میں دو یاؤں کے بیس مد دینا چاہیے

(باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

(حاشیہ)

کیوں کہ تاریخ کی بنا کتابت پر ہے۔" (رسالہ اصلاح ص ۳۰)

جلالؔ نے افادۂ تاریخ میں لکھا ہے کہ "آئی" "گئی" میں بیس عدد لیے جائیں گے لیکن یائے مجہول جن الفاظ کے آخر میں ہو، خواہ اس پر ہمزہ لکھا جائے خواہ نہ لکھا جائے، جیسے بخدائے صفائے وغیرہ، اس میں دس عدد لیے جائیں گے۔ منیرؔ نے جلالؔ کے قول کے خلاف، "گئے" میں دو ی شمار کی ہیں اور اس لفظ کے ۴ عدد لیے ہیں۔ رشکؔ کے دیوان کی تاریخ میں اُن کا یہ مصرع ہے: ع: چھپ گئے دیوانِ رشکِ شاعراں۔ ۱۲۶۳ (کلیاتِ منیر)۔

صفیؔ لکھنوی مرحوم نے جلالؔ کے اس قول سے اختلاف کیا ہے کہ "گئے" میں ایک ی فرض کی جائے:

> "گئے" میں دو ی ہیں، پہلی ہمزہ ہو گئی ہے، مگر عدد اس کے بھی دس ہی شمار کیے جائیں گے۔ "آئی" کے اگر جلالؔ نے گیارہ عدد لیے ہیں تو یہ ہرگز صحیح نہیں، اس لیے کہ آئی میں بھی دو ی شمار میں آنا چاہیے، پہلی ی بہ صورتِ ہمزہ ہے اس کے بھی دو عدد لینا چاہیے۔ اس طرح "آئی" کے ۲۱ عدد ہوتے ہیں۔
>
> "کہلائے" بروزنِ مفعولن، اس کے بھی ۶۶ عدد لینا چاہیے، کیوں کہ اس میں دو ی ہیں۔ . . . . اگر امیرؔ مینائی صاحب نے اس لفظ کے ۶۶ عدد لیے ہیں تو مجھے ان کی رائے سے اتفاق نہیں۔ البتہ "کہلائے" بروزنِ مفعول کہیں پر نظم میں آئے تو اُس حالت میں آپ ۶۶ لے سکتے ہیں۔ کیوں کہ کتابت میں صرف ایک ی ہوگی اور اس کے دس شمار کیے جائیں گے۔"
>
> (مکتوبِ صفیؔ، نقوش، مکاتیب نمبر ص ۴۵۷)

اِس بحث سے قطعِ نظر کرتے ہوئے، موجودہ املا کے لحاظ سے عرض کروں کہ اصولاً آئے جائے وغیرہ میں ایک ہمزہ اور ایک ی لکھنا چاہیے۔ عموماً لکھا بھی اسی طرح جاتا ہے، یعنی آئے، جائے، لائے، پائے، اور آئی، جائی، لائی، پائی وغیرہ۔ اِس بنا پر کہ تلفظ میں آخری ی سے

(باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

(حاشیہ)

پہلے ہمزہ آتا ہے۔ ورنہ پھر آدا اور جاؤ کو، آیو اور جایو لکھنا پڑے گا۔ اور اس لحاظ سے اب "ئی" اور "ئے" کے گیارہ عدد لیے جائیں گے۔ (ہمزہ کا ایک عدد ان لفظوں میں ضرور لیا جائے گا۔ یہ مکتوبی اور ملفوظی، دونوں حیثیتیں رکھتا ہے)۔ تاریخ کی بنا کتابت پر ہے اور اس سے کسی کو اختلاف نہیں۔ آئے اور آئی میں صرف ایک ی لکھی جاتی ہے، اس لیے عدد بھی صرف ایک ی کے لیے جائیں گے۔ اس سے بحث نہیں کہ قدما نے کیا کہا ہے۔ ان کی بحث کا مدار اسی پر تھا کہ لفظ آئی (آ ی ی) ہے۔ مگر اس طرح نہ لکھتے ہیں اور نہ بولتے ہیں۔ رہی ہمزہ کا عدد شمار نہ کیے جانے کی بات، تو شوق نیموی نے یادگارِ وطن میں اس پر بحث کی ہے اس کو دیکھا جائے۔ ہمزہ کا ایک عدد بہت سی تاریخوں میں لیا گیا ہے۔ اُردو میں ہمزہ کی حیثیت مستقل حرف کی سی ہے، اس لیے ایسے مقامات پر، اب اس کا شمار حروف میں کیا جانا چاہیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ افادۂ عام کی خاطر، یادگارِ وطن کی مکمل عبارت کو یہاں پر نقل کر دیا جائے:

"بعض رسائل میں لکھا ہے کہ ہمزے کا کوئی عدد نہیں۔ چناں چہ ریاض العروض میں ہے کہ رہا الفِ ممدودہ، اس کا مورخین نے ایک لیا ہے، اس لیے کہ ہمزہ بے عدد ہے۔ اور حضرت جلال نے رسالۂ افادۂ تاریخ میں لکھا ہے کہ ہمزہ جو خطِ منحنی سے عبارت ہے، اس کا کوئی عدد تاریخ میں نہیں لیا جاتا، اس لیے کہ یہ کوئی حرف، حروفِ تہجی میں سے نہیں ہے۔ پس موئفِ ہیچ مداں کے نزدیک ہمزہ کا ایک عدد لینا کسی طرح صحیح نہ ہوگا۔ غلط بل کہ اغلط ہے کہ مورخینِ ثقات نے کبھی ہمزہ کا کوئی عدد تاریخ میں نہیں لیا۔ انتہٰی۔

اور موئف کی نظر سے بعض ایسی تاریخیں بھی گزری ہیں جن میں ہمزہ محسوب نہیں ہوا، جیسے رشک لکھنوی کی یہ تاریخ: اب کیا کشتی بنی ہے ماشاء اللہ (۱۲۴۹ھ)۔ المختصر، لوگوں کی اس قسم کی تحریر اور تاریخوں سے، پہلے میرا بھی یہی خیال تھا کہ ہمزے کا عدد لینا صحیح نہیں۔ مگر بعد تتبع و تفحص ثابت ہوتا ہے کہ اس کا ایک عدد لینا بلاشک درست ہے۔ یہ خیال کہ ہمزہ، حروفِ تہجی سے نہیں، قابلِ التفات نہیں، کیوں کہ جس طرح ہے، جیم

(باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

(حاشیہ)

کے عوض ہے، اُسی طرح ہمزہ، الف کا قائم مقام ہے۔ دیکھو صاحبِ صراح وغیرہ "خباءٌ"، وغیرہ کو، باب الالف میں لائے ہیں، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ہمزہ، الف کا قائم مقام ہے۔ اس کے علاوہ مورّخینِ کرام نے بھی ہمزے کا ایک عدد لیا ہے۔ چناں چہ مولّفِ خزانۂ عامرہ نے یحییٰ کاشی کے ترجمے میں لکھا ہے کہ:

"مخفی نماند کہ ہمزہ کہ بعدِ الف می آید، مورخان فرس اکثر اورا بجای الف داشتہ، در تاریخ حساب می کنند۔ چناں چہ در ترجمۂ نعمت خان عالی گذشت کہ ہمزۂ "لقار" را در تاریخ مصرع: "نخوجا تزکر دایں جا التقار ساکنین" محسوب ساختہ۔ وگاہے حساب نمی کنند، زیرا کہ شکلے از اشکالِ حروفِ تہجّی ندارد۔ چناں چہ در تاریخِ میر یحییٰ، کہ مورخ ہمزۂ "احیار" را محسوب نساختہ۔ و مورخانِ عرب برعکسِ ایں عمل کنند۔ یعنی اکثر حساب نمی کنند، وگاہے کنند وقتِ ضرورت۔ مثلاً تاریخ از قرآن یا حدیث یافتہ شود۔ میر عبدالجلیل بلگرامی تاریخِ جلوسِ محمد فرخ سیر بادشاہ، مطابقِ ۱۱۲۴ھ اربع عشرین ومأتہ و الف "یورثہا مَن یّشار" یافتہ، و ہمزۂ "یشار" را حساب کردہ"۔

اور شمس العلما مولانا محمد سعید حسرت عظیم آبادی نوّر اللہ مرقدہ، کہ بہت بڑے محقق تھے، ان کے دیوان قسطاس البلاغۃ میں یہ تاریخیں موجود ہیں، ع: گو سیر شد بمایۂ زلالِ وصالِ دوست (۱۲۸۳ھ)، ع: بناءٌ طری کبیتِ عتیق (۱۲۹۶ھ) اور ان کے دیوان مقصد البلاغۃ میں یہ تاریخ ہے ع جارِ عندی خزائن الاسرار۔

الغرض ہمزے کا لینا اور نہ لینا دونوں طرح ثابت ہوتا ہے۔ رہی یہ بات کہ ہم لوگوں کو کیا کرنا چاہیے؟ اگر یہ قاعدہ رکھا جائے کہ جہاں چاہے لیجیے، اور جہاں چاہے چھوڑ دیجیے، تو کچھ ٹھیک نہیں۔ ایسی حالت میں ایک سال کی کمی بیشی کا کھٹکا رہے گا، اور تعیینِ زمانہ، جو تاریخ سے مقصود ہے، ثابت نہ ہوگی۔ اس باب میں کوئی قاعدہ منضبط ہونا چاہیے کہ یہ خرابی

(باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

مشرب پسند آئے تو آپ بھی اختیار کیجیے۔ اور جلال نے "آئی" میں ۱۰ عدد نہیں لیے ہیں بلکہ ۲۰ عدد لیے ہیں۔ البتہ "بوی"[2] میں ی نہیں لکھی ہے، واو کو اضافت دی ہے، چناں چہ دیوان میں بھی بغیری کے چھپوایا ہے، اور افادۂ تاریخ میں[3] بھی اس سے بحث کی ہے، مگر میں اس کو پسند نہیں کرتا۔"

بہ نامِ نعیم الحق آزاد۔ ۲۱ اپریل ۱۸۹۳ء

(۵۲) آنچل اور دامن ـــ ایطا:

"آنچل اور دامن کے جھگڑے میں میری یہ راے ہے کہ دوپٹے اور اوڑھنی وغیرہ اوڑھنے کی چیزوں میں "آنچل" کہنا چاہیے۔ اور قبا، عبا وغیرہ پہننے کی چیزوں

دور ہو جائے۔ میں اب اس ضابطے کا پابند ہوں کہ عربی ہو یا فارسی، جہاں ہمزہ مستقل طور پر ہو، یعنی "پردۂ چشم" وغیرہ کی طرح کسی حرف پر نہ ہو، جیسے: جاءَ، ماءٌ، اس کا ایک عدد لینا چاہیے۔ کیوں کہ جب کتابت میں بھی موجود ہے اور ہمزہ، الف کا قائم مقام ہے، تو اس کا خون کیوں ہو۔ ہاں اگر کسی واقعے کی چند تاریخیں ہوں، جن سے تعیینِ زمانہ ہو جاتی ہے، اگر اُس کی ایک آدھ تاریخ میں ہمزے کا عدد نہ لیا جائے تو چنداں مضائقہ نہیں کیوں کہ آخر لوگوں نے ہمزے کو غیر محسوب بھی قرار دیا ہے، اور دوسری تاریخوں سے ثابت ہو جاتا ہے کہ یہاں غیر محسوب ہے۔ کمی بیشی کا کھٹکا نہیں ہو سکتا۔ مگر بہ ہر صورت اولیٰ یہی ہے کہ ہمزۂ مستقلہ ہر جگہ محسوب ہو، کہیں نظر انداز نہ کیا جائے۔" یادگار دہلی، ص ۴۵-۴۷

یہی صورت اردو میں ملحوظ رہنا چاہیے "گئی" اور "آئے" جیسے لفظوں میں ہمزہ مستقل حیثیت رکھتا ہے۔

[2] اشارہ ہے جلال کی اس عبارت کی طرف: "یا مؤلف نے نواب مرزا خان داغ دہلوی کے طبعِ دیوان اول کی تاریخ میں لفظ "آئی" کے بیس عدد لیے ہیں ع بوِ گلزارِ داغ آئی آج" (افادۂ تاریخ، ص ۱۳۰)

[3] جلال کا یہ رسالہ قواعدِ تاریخ گوئی پر مشتمل ہے۔ مطبعِ جعفری لکھنؤ میں ۱۳۰۳ھ میں پہلی بار چھپا تھا۔

(باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

ہیں "دامن" کہنا چاہیے۔ مگر شعرِ مبحوث عنہ کی تصحیح یوں ہو سکتی ہے کہ شعرا نے گوشۂ دامن کو بھی آنچل کہا ہے، چناں چہ اس کو میں نے امیر اللغات[1] میں کسی قدر تفصیل سے لکھا ہے، اور یہ دو شعر سند کے بھی "آنچل" کے لغت میں درج کیے ہیں:

آنچل اس دامن کا ہاتھ آتا نہیں — میر، دریا کا سا اس کا پھیر ہے[2] (میر)

دھیان دانتوں کا جو آیا تو یہ سوجھی تشبیہ — صبح نے منہ پہ لیا دامنِ شب کا آنچل[3] (نسیم)

ساعت اور گھڑی ساعت کے قافیے میں احتیاط تو مقتضی اس کی ہے کہ شاعر بلا ضرورتِ شدید، وہمِ التباس سے بھی بچے، مگر جواز ثابت کرنے کے لیے بہت سے اشعار شعرائے فارسی و اُردو کے ملیں گے، جن میں انھوں نے جائز کر لیا ہے، جیسا کہ بحرؔ نے یہ مطلع کہا ہے:

"افادۂ تاریخ" تاریخی نام ہے، جس سے سالِ اختتامِ تالیف (حسبِ صراحتِ مولّف) ۱۳۰۲ھ نکلتا ہے۔ آغازِ تالیف کا سال "مادۃ التاریخ" سے نکلتا ہے (۱۲۹۲ھ)۔

[1] امیر اللغات کی مکمل عبارت یہ ہے:

"آنچل، ھ۔ انچل، س۔ (مادّہ "انچو" ہے)۔ مذکّر، دوپٹے وغیرہ اوڑھنے کی چیز کے (سوا رومال کے) دونوں سرے جو ایک طرف سے دوسری طرف شانے پر ڈالے جاتے ہیں۔

مومن: آنچلوں سے کہو مقیّش کہاں جھڑتا تھا — کب دوپٹا یہ مری طرح گرا پڑتا تھا

گلزارِ نسیم: آنچل ہوا واں حجابِ عارض — سہرا ہوا یاں نقابِ عارض

اور شعرا نے دامن کے کنارے کو بھی "آنچل" کہا ہے، مگر زبانوں پر نہیں ہے۔

میر: آنچل اس دامن کا ہاتھ آتا نہیں — میر، دریا کا سا اس کا پھیر ہے

(باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

بحرؔ، درویشی طریقہ ہے رسول اللہ کا　　باندھیے تسمہ کمر میں بندِ بسم اللہ[۴] کا

[بہ نامِ قاضی محمد خلیل حیرؔاں بریلوی]

(۵۳) برس :

"غزل دیکھی، زمین کے سُست ہونے سے، اکثر شعر سُست ہیں۔ "برس"[۱] مذکر ہے۔"

[بہ نامِ بشیر ملیح آبادی۔ ۲۶ر جون ۱۸۹۳ء]

نسیمؔ :　　دھیان دانتوں کا جو آیا تو یہ سوجھی تشبیہ
صبح نے منہ پہ لیا دامنِ شب کا آنچل"۔

[۲] کلیاتِ میرؔ، مرتبہ آسیؔ، ص ۲۶۳ [۳] دیوانِ نسیمؔ دہلوی موسوم بہ دفترِ شگرف ص ۱۷۔

[۴] بحرؔ لکھنوی کا یہ شعر غالباً بہ سلسلۂ ایطا درج کیا گیا ہے۔ شوقؔ نیموی نے رسالۂ اصلاح میں بحرؔ کا یہی شعر اور خواجہ وزیرؔ کا ایک شعر نقل کر کے لکھا ہے کہ :

"ان اشعار میں بھی ایطا نہیں ہے، کیوں کہ بہ وجہِ اختلافِ علمیت، معنی میں تکرار نہ رہی" (ص ۲۵) خواجہ وزیرؔ کا وہ شعر یہ ہے :

میں سراپا مظہرِ اسمِ خدا، واللہ ہوں　　ہم صفیر و اس چمن میں مرغِ بسم اللہ ہوں

[۱] "برس" کے مذکر ہونے پر اتفاق ہے۔ اصولاً اس کی جمع "برسیں" نہیں آنا چاہیے۔ صفیرؔ بلگرامی نے یہ بات لکھی بھی ہے : "بعض ناواقف "برس" کے لفظ کو جو بہ معنیِ سال ہے، مونث سمجھ کر اس کی جمع "ین" سے "برسیں" کرتے ہیں، حالاں کہ "برس" مذکر ہے اور اس کی جمع "برسوں" ہوگی"۔ (رشحاتِ صفیر، ص ۱۱۸) صفیر کا یہ لکھنا کہ جو لوگ اس کی جمع "برسیں" کرتے ہیں، وہ "برس" کو بھی مونث سمجھتے ہیں، درست نہیں۔ یہ عرض کر دیا جائے کہ بول چال میں اس کی جمع "برسیں" سننے میں خود آتی ہے۔ صاحبِ نور اللغات نے اس کو عورتوں سے مخصوص کیا ہے : "برس۔ برسوں جمع۔ عورتیں مونث بولتی ہیں۔ فقرہ : پانچ چھے برسیں ہوئی ہوں گی جب (باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

(۵۴) کسر:

"کسر، بہ فتحتین، اردو ہے۔ اور اُسی طرح مستعمل ہے جس طرح داغ نے کہا ہے۔ "ایک آنچ کی کسر رہ گئی" "تھوڑی سی کسر باقی ہے" بے تکلف ہے۔ اور "کسر" بہ فتحِ اول وسکونِ ثانی، عربی ہے، جو بہ معنیِ شکستن ہے: جیسے: کسرِ شان، کسرِ نفس؛ وہ اُس جگہ مستعمل نہیں ہے جس جگہ سے بحث کی گئی ہے اور نہ اس کے معنی یہاں چسپاں ہوتے ہیں۔ بہ ہر کیف "کسر"[1] اپنے مقام پر صحیح اور بول چال میں داخل ہے۔"

[بہ نام بشیر ملیح آبادی۔ ۸ مارچ ۱۸۹۷ء]

(۵۵) تیروں کا گنجان ہو کر بیٹھنا:

"تیروں کا گنجان ہو کر بیٹھنا، یہ زبان نہیں ہے۔ درخت، آبادی وخط کی نسبت گنجان کہا جاتا ہے۔" [بہ نام دل شاہ جہاں پوری]

(۵۶) چلمن۔ دامن نکلنا۔ آستین نکلنا۔ گریبان نکلنا:

"چلمن" ہندی ہے۔ دامن نکلنا، آستین نکلنا؛ ہر ایک صحیح ہے۔ کسی کا شعر ہے:

لاٹے صاحب لکھنؤ آئے تھے"۔ مگر اس میں عورتوں کی تخصیص مناسب نہیں۔ عام گفتگو میں بھی یہ اس طرح استعمال میں آتا رہتا ہے۔ اور جو لوگ "برسیں" بولتے ہیں (عورتیں ہوں یا مرد) وہ "برس" کو مذکر ہی استعمال کرتے ہیں۔ "لفظیں" کی مثال سامنے ہے کہ "لفظ" مذکر اور اُس کی جمع "لفظوں" اور "لفظیں" دونوں طرح آتی ہے۔ یہی صورت اس لفظ "برس" کی ہے۔ بہ ہر حال "برسیں" کو بھی صحیح مان لینا چاہیے، لیکن یہ صراحت ضرور ہوگی کہ اس سے "برس" کا مونا لازم نہیں آئے گا۔

[1] داغ کا شعر ہے: اتنی ہی تو بس کسر ہے تم میں ۔۔ کہنا نہیں مانتے کسی کا
(مہتابِ داغ، مطبعِ مفیدِ عام لاہور، ص ۲۴)

Marfat.com

گریباں کو میں روکوں، یا سنبھالوں اپنے دامن کو
بڑی مشکل تو یہ ہے ساتھ ہی دونوں نکلتے ہیں"

[بہ نام دل شاہ جہاں پوری۔ ۱۹ ستمبر ۱۸۹۵ء]

(۵۷) پسِ چلمن :

"چلمن" نہ فارسی ہے نہ عربی، اس کی طرف اضافت فارسی کی ہرگز جائز نہ ہوگی۔ "جانبِ متھرا" کی نظیر اس کے لیے سند نہیں ہے۔ "متھرا" علم ہے، شہر کا نام ہے؛ اس کا ترجمہ فارسی عربی میں کیا ہوگا؟ لہٰذا یہی لفظ ترکیبوں کے ساتھ بے تردّد باندھا جائے گا۔ آپ کے مطلعے میں جس میں "پسِ چلمن" ہے[1]، یوں اصلاح ہو سکتی ہے:

دلِ صد چاک میں دیکھا رُخِ روشن اُن کا — ہم نے نظّارہ کیا ڈال کے چلمن اُن کا"

[بہ نام دل شاہ جہان پوری۔ ۱۴ مئی ۱۸۹۵ء]

---

[1] دل صاحب کا مطلع یہ تھا:

دلِ صد چاک میں دیکھا رُخِ روشن ان کا — ہم نے نظارہ کیا ہے پسِ چلمن اُن کا

(مشاطۂ سخن)

اِس لفظ کو بہ اضافت نظم کیا گیا ہے:

کیوں نہ وہ پردہ نشیں پھر مجھے سمرن مارے — میں نے تھے پھول کئی جانبِ چلمن مارے

انشا (کلام انشا، ص ۲۳۶)

نیم جلوے کو بھی وہ کہتے ہیں اب بے پردگی — جسم کا ہیدہ یہ کس کا صرف چلمن ہو گیا

مومن (دیوان مرتبہ ضیا احمد ص ۴۰)

یہ کاہ ربا سے بھی ہیں کم اے کششِ دل — مذکور کچھ ایسا پسِ چلمن ہے ہمارا

(ص ۴۳) (باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

(حاشیہ)

اضطرابِ شوق، شاید غیر اُس کے پاس ہو　　جانبِ چلمن نظارہ دم بہ دم کیوں کر کریں

مومن (دیوان مرتبہ ضیاء احمد ص ۱۳۷)

بے پردہ پسِ چلمن یک بار تم آ بیٹھے　　ہے تابِ نظر کس کو، کیوں جلوہ گری اتنی

(" ص ۲۰۴)

"چلمن" درحقیقت ایسا لفظ ہے جس کے ساتھ اضافتِ فارسی مطلق مخلِ فصاحت نہیں معلوم ہوتی۔ جو مثالیں اوپر پیش کی گئی ہیں، اُن سے اس کا بہ خوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے، اور ایسے الفاظ کے ساتھ عطف و اضافت کو غلط نہیں کہنا چاہیے۔ آتش کا شعر ہے:

سرخ و سفید رنگ سے ہوتا ہے آشکار　　وہ جسمِ نازنیں ہے ابیر و گلال کا

(کلیات، نول کشوری، ص ۵۵)

یہاں "ابیر و گلال" نہایت برمحل ترکیب ہے، جب کہ قاعدے کے لحاظ سے یہ بھی درست نہیں۔ یہ بات ذہن میں رہنا چاہیے کہ ایسی ترکیبوں سے مفر نہیں۔ اوروں کا کیا ذکر، خود امیر کے یہاں ایسی مثالیں موجود ہیں۔ اُن کے مختلف خطوط سے بعض مثالیں پیش کی جاتی ہیں:

بہ واپسیِ ڈاک (ص ۳۴۹)، بہ صیغۂ بیرنگ (ص ۲۲۲)، کمیٹیِ انتخاب (ص ۲۳۶)، ارکانِ اسٹاف (ص ۲۳۸)، متصلِ سڑک (ص ۳۰۹)، کارڈِ اطلاعی (ص ۱۰۹)

یا مثلاً اُن کے اس مطلع کو دیکھیے:

گھر ہے اللہ کا، گھر بے سر و سامانوں کا　　پاسبانوں کا یہاں کام نہ دربانوں کا

(صنم خانۂ عشق، ص .)

پہلے مصرعے میں "بے سر و سامانوں" کی بھی یہی حیثیت ہے۔ غرض یہ ہے کہ "چلمن" جیسے لفظوں کے ساتھ عطف و اضافت کو غلط نہیں کہنا چاہیے! اس طرح کی ترکیبیں اچھی خاصی تعداد میں اُردو کی نثر و نظم میں ملتی ہیں۔

یہ خط نقوش کے مکاتیب نمبر میں بھی شائع ہوا ہے اور مرقعِ ادب میں (باقی آگے صفحے پر)

Marfat.com

(۵۸) جامے سے باہر ہونا۔ گنجینۂ زبان :

"واقعہ یہ ہے کہ جامے سے باہر ہونا اور اس کے امثال ہیں، بے خودی ضروری ہے، مگر بے خودی کی علل بہ اختلافِ مواقع مختلف ہوتی ہیں۔ کہیں کمالِ غضب، کہیں کمالِ سرور، کہیں کمالِ رشک۔ وقس علیٰ ہذا۔ ناسخ کے اِس شعر میں :

تجھ کو جس گل پیرہن نے اک نظر دیکھا وہی نکہتِ گل کی طرح[1] جامے سے باہر ہوگیا

منشائے بے خودی، رشک ہے۔ اور اس شعر ناسخ میں :

اپنے جامے سے وہیں ہوگئے باہر لاکھوں گھر سے پوشاک بدل کر جو وہ باہر آیا[2]

منشائے بے خودی، وفورِ سرور ہے۔ اور اس فقرے میں کہ "تم سے کوئی کیا دردِ دل کہے، تم ذرا ذرا سی بات میں جامے سے باہر ہو جاتے ہو" منشائے بے خودی، فرطِ غضب ہے۔ یہ ہر حال، آپ کے اس شعر میں :

جامے سے باہر ہے جب سے چھو لیا تیرا لباس عطر کی بو ہر طرف پھرتی ہے اترائی ہوئی

منشائے بے خودی، وفورِ سرور ہے۔ اور اترانے کا ذکر، صاف اس کی طرف شعر میں ہے (گویا یعنی بوئے عطر اس بات پر کہ میں نے اس کا لباس چھوا ہے، ناز کر رہی ہے۔ پس یہ مقام سرور اور نشاط کے جوش کا ہے۔ یہاں غضب اور رشک کی گنجایش نہیں۔

بھی موجود ہے۔ دونوں کے متن میں فرق ہے۔ تقدیم کے لحاظ سے دفتر اول کے متن کو ترجیح دی گئی ہے۔

[1] کلیات میں طرح کی جگہ "روش" ہے۔ ع : نکہت گل کی روش جامے سے باہر ہوگیا۔
(کلیات ناسخ، مطبع مولائی ص ۶)

Marfat.com

پس یہ جو آپ نے لکھا ہے کہ "جامے سے باہر ہونا، بے خودی کے معنی میں مان لیا جائے تو میرے شعر میں بوے عطر کا اترانا، لطف نہیں دیتا" مسلّم نہیں، بل کہ خوب لطف دیتا ہے۔ اور شعرا نے ایسے موقع میں (کذا) بہت کہا ہے۔ چوں کہ سرِ دست تنقیحِ کلام کی فرصت نہیں، لہٰذا مثالیں نہیں لکھ سکتا۔ اور آپ کی سلامتِ رائے اور ذہنِ وقّاد پر اعتماد کر کے، اسی قدر توضیح کو کافی سمجھتا ہوں۔

لُغت اردو کا جو آپ کے پیشِ نظر ہے، اس سے متعلّق ایک وجہ ہے کہ اس کو میں لکھنا مناسب نہیں سمجھتا۔ کبھی ملوں گا تو کہوں گا۔ ایک لُغت میں نے زمانۂ عذر سے شروع کیا تھا، مگر وہ میری کم فرصتی سے مہذّب و مکمل نہ ہو سکا۔ مسوّدہ غیر مہذّب اُس کا اب بھی موجود ہے کہ اِس لُغت سے، جو آپ نے دیکھا ہے، چہار چند ہے۔ اگر خدا اطمینان دے تو دو[2] برس کی محنت میں وہ تکمیل پا سکتا ہے۔ مگر جو سامان اس کی تکمیل و اشاعت کے لیے درکار ہے، وہ خدا مہیّا کرے تو ہو۔ گنجینۂ زبان[3] کو اس کا ایک ٹکڑا جانیے، اور

---

[3] گنجینۂ زبانِ اردو، جلّال کے لُغت کا نام ہے، جس کا تاریخی نام گلشنِ فیض ہے۔ اس کی تفصیل مکتوب ۱۲ کے حاشیے میں درج کی جا چکی ہے۔ امیر نے گویا جلّال پر سرقے کا الزام لگایا ہے، جس صورت میں کہ امیر کا مذکورہ لُغت چھپا ہی نہیں تھا اور اُس کا مسوّدہ بھی "غیر مہذّب" تھا اور امیر کی کم فرصتی کی وجہ سے وہ "مہذّب و مکمل نہ ہو سکا"، کسی خاص ثبوت کے بغیر اس بات کو کیسے مانا جا سکتا ہے۔ اصل میں اِن اساتذۂ کرام میں باہم اس طرح کا "مزاحُ المومنین" ہوتا ہی رہتا تھا۔ اس کو یوں دیکھیے کہ امیر نے جس طرح جلّال پر سرقے کا الزام لگایا ہے، مگر ذرا احتیاط کے ساتھ: اس کے مقابلے میں، مولوی سیّد احمد دہلوی مولّفِ فرہنگِ آصفیہ نے

Marfat.com

ٹکڑا بھی کسی قدر تصرّف کیا ہوا، اور سب تصرّفات بھی بجا نہیں ہیں۔ خیر! اس قصّے کو جانے دیجیے۔ اس خط کو بھی کسی کو نہ دکھائیے، کیا حاصل کہ باہم ملال بڑھے۔ جو ہونا تھا وہ ہو چکا۔ اگر زمانہ فرصت دے گا اور وہ لُغت کبھی نکلے گا تو حقیقت منکشف ہو جائے گی۔ اور فرصت نہ ملی اور وہ محنتِ بست و ہشت سالہ برباد ہو گئی، تو ع اے بسا آرزو کہ خاک شدہ۔"

[بہ نامِ مہدی حسن خاں شاداب رسول پوری۔ ۱۳؍اپریل ۱۸۸۵ء]

نہایت وضاحت کے ساتھ امیر پر بھی یہی الزام لگایا ہے۔ جلدِ اول کے دیباچے میں جہاں امیر کی وفات کا ذکر کیا ہے، وہاں لکھا ہے:

"اللہ اللہ! کیا مقامِ عبرت ہے کہ حضرت امیر احمد صاحب امیر مینائی، جنھوں نے اس اخیر عمر میں امیر اللغات کے دو باب، حرفِ الفِ ممدودہ و مقصورہ کے، ہو بہو ارمغانِ دہلی کا چربا اُتار کر شائع فرمائے۔۔۔" (فرہنگِ آصفیہ، جلدِ اول، حاشیہ ص ۳۰)

مولوی صاحب نے کئی جگہ اس الزام کی تکرار کی ہے۔ اس طرح کے الزامات کو زیادہ اہمیت نہیں دینا چاہیے۔ معاصرانہ چشمک، ایسے خیال پیدا کر ہی دیا کرتی ہے اور متعلقین کی سخن ساز طبیعتیں اس کے حاشیے چڑھاتی رہتی ہیں۔ ہر لُغت میں الفاظ و محاورات کی تو تکرار ہی ہوگی، نئے محاورے اور لفظ کہاں سے آئیں گے۔ اور بہت سی تشریحات و امثال بھی ایک جیسی ہو سکتی ہیں۔ اس سے کسی کو مفر نہیں۔ امیر نے اپنے حسن نامکمل لُغت کا اِس خط میں ذکر کیا ہے، اُس کے متعلق ڈاکٹر ابو محمد سحر نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ بہارِ ہند ہو کا مطالعہ ص ۴۱۱، اور مجھے اس رائے سے اتفاق ہے۔ بہارِ ہند کا ذکر امیر کے ایک اور خط میں بھی آیا ہے۔ ملاحظہ ہو مکتوب ۲۱، اور اس کا حاشیہ۔

Marfat.com

(۵۹) اخفاے نون :

"خون، جان وغیرہ سہ حرفی الفاظ میں نون کا اخفا غیر فصیح[1] ہے، الّا بہ حالتِ اضافت وغیرہ"

[بہ نامِ نامعلوم، ۲۵ر نومبر ۱۸۹۸ء]

(۶۰) دولت سرا۔ کشش و جذبہ :

"دولت سرا، مونّث ہے۔ دولت سرا کی جگہ، دولت کدہ مناسب ہے۔
کشش اور جذبہ، ایک ہی چیز ہے۔ "کشش" کی جگہ "دل" مناسب ہوگا:
پیغامِ وصل، یار نے بعدِ فنا دیا آخر کو دل نے جذبۂ الفت دکھا دیا"[1]

[بہ نامِ منشی عنایت اللہ روشن بدایونی، ۱۹ر اکتوبر ۱۸۹۸ء]

(۶۱) سدا :

"سدا کا لفظ بہت فصیح ہے۔ متوسّطین نے اس کو ناحق ترک کر دیا۔

---

[1] دوسرے شعرا کا کیا ذکر، اس کی مثالیں خود امیر کے یہاں بہت ہیں، مثلاً :

پر دیکھنے کی طرح مری جاں نہیں دیکھا (صنم خانۂ عشق، ص ۲۹) حسرتیں خوں ہوگئیں دل میں تو لایا رنگ عشق (مرآۃ الغیب، ص ۸۸) زلفِ لیلیٰ سے بہے قیس کا دل خوں ہو کر (ایضاً ص ۳۸) ایسا ہوا ہے اب تو زمانے کا خوں سفید (ص ۴۷) چمن ہے بلبل کے خوں کا محضر، گواہ ہیں برگ و بر سراسر (ص ۹۸) خوں مرا کر کے بہت ہاتھ ملے قاتل نے (۱۰۴) خوں رونے اِس قدر کہ ہوا فرشِ خواب سرخ (ص ۱۱۳) پھولے گا خوں سے دشت میں پھر لالہ زار آج (ص ۱۱۰)۔

یہ پابندی بھی قطعاً غیر ضروری، غیر مناسب اور ناقابلِ عمل تھی، اور اِسی لیے اس کو نباہا نہ جا سکا۔ ایک دوسرے مضمون میں اِس پر مفصّل گفتگو کی گئی ہے، اس سلسلے میں اس کو بھی دیکھا جائے۔

[1] یہ خط صہبائے بینائی میں ہے، مگر نامکمل۔ مکتوب الیہ کا نام بھی مذکور نہیں۔ اصل خط مکرمی جناب عبرت صدیقی بریلوی کے پاس محفوظ ہے۔ میں نے اُس خط سے یہ عبارت نقل کی ہے اور مکتوب الیہ کا نام بھی اُسی سے ماخوذ ہے۔

Marfat.com

میراجی تو چاہتا ہے کہ اِس کا استعمال کروں[1]"

[سوانحِ امیر مینائی مؤلفہ جلیل مانک پوری، ص ۱۷]

---

[1] امیر کے شاگرد اور جانشین جلیل مانک پوری نے امیر کا یہ قول اپنی کتاب سوانحِ امیر مینائی میں لکھا ہے۔ مکمل عبارت یہ ہے:

"فرماتے تھے کہ "سدا" کا لفظ بہت فصیح ہے۔ متوسّطین نے اس کو ناحق ترک کر دیا۔ میراجی چاہتا ہے کہ اس کا استعمال کروں؛ مگر کبھی استعمال نہیں کیا۔ اور لطف یہ ہے کہ داغ صاحب سے جب حیدرآباد میں یک جائی ہوئی تو اُن کو یہی کہتے سُنا کہ "سدا" کا لفظ استعمال کرنے کو جی چاہتا ہے؛ مگر انھوں نے بھی کبھی استعمال نہیں کیا۔ یہ اِن حضرات کی احتیاط کا مقتضا تھا؛ ورنہ استعمال کیا جائے تو کچھ مضائقہ نہیں۔"

(سوانحِ امیر مینائی، ص ۱۷)۔

صاحبِ نور اللغات نے "سدا" کو بہ ذیلِ متروکات لکھا ہے۔ جلالؔ نے گلشنِ فیض میں اِس لفظ کو لکھا تھا اور سند میں ناسخ کا یہ شعر لکھا تھا:

"ہو مبارک تا صد و سی سال چترِ سلطنت　　سایہ افگن ہو سدا رایت علم بردار کا"

اور آخر میں لکھا تھا کہ: "والحال ایں لفظ متروک است"۔ سرمایۂ زبانِ اردو میں ناسخ کا شعر درج کیے بغیر لکھا ہے: "اس زمانے کے فصحا اِس لفظ کو نہیں بولتے۔ اب متروک الاستعمال ہو گیا ہے"۔ مگر اُس زمانے کے فصحا کے یہاں یہ لفظ ملتا ہے، مثلاً:

ایک کوڑی کبھی نہ میں لایا　　تم کو اس پر بھی خوش سدا پایا

منیرؔ شکوہ آبادی (کلیات ص ۵۶۹)

خواجہ اسد قلق لکھنوی (متوفی ۱۲۹۶ھ) کے شہر آشوب (مطبوعہ معاصر ۱۸۷۱ء) میں یہ لفظ دو جگہ آیا ہے:

Marfat.com

(۶۲) آسیر۔ مصحفی کے استاد کا نام۔ تلامذہ کی تعداد :

"منشی مظفر علی آسیر مرحوم نے ۶۷ برس، تین مہینے، تیرہ دن کی عمر پائی۔ ۱۷ ربیع الاوّل ۱۲۹۹ھ کو رحلت فرمائی۔ مذہب اُن کا امامیہ تھا۔ تصنیفات کی تعداد تو لکھ دینا آسان ہے، مگر سب کے نام لکھنے کی فرصت کہاں۔

ع : نامِ فرزند پہ جس کی ہو سدا جان نثار

ع : ملکہ شہرِ اودھ کی جو سدا کہلاتے

وزیر تلمیذِ ناسخ نے بھی اس کو استعمال کیا ہے، اور صبا کے یہاں بھی موجود ہے :

ع : دیکھتا ہوں اس کو پھرتے دستِ خوباں میں سدا وزیر (دفترِ فصاحت، ص ۱۸۲)

ع : سدا خراب رکھا اپنے ساتھ اُس کو بھی " صبا (غنچۂ آرزو، ص ۵۰)

ع : گرداب سے کیوں کر نہ کرے آب سدا رقص " صبا (" " ص ۶۹)

ع : ہر حال میں خوش رہتے ہیں کرتے ہیں سدا رقص " صبا (" ")

صاحبِ نور اللغات نے لکھا تھا کہ "خواص نے اِس کا استعمال ترک کر دیا ہے"۔ اثر لکھنوی مرحوم نے اس قول پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے :

"خواص کی نہ کہیے، وہ دن دور نہیں جب یہ "سدا بہار" کو "ہمیشہ بہار"، "سدا سہاگن" کو "ہمیشہ سہاگن"، "سدا رنگیلے" کو "ہمیشہ رنگیلے" اور نہ معلوم کیا کیا ہانک لگائیں گے اور زبان کو باوڈنا بنا دیں گے۔ ایک قابلِ غور بات یہ ہے کہ چُن چُن کے ہندی الفاظ نکال باہر کیے جاتے ہیں اور اُن کی جگہ فارسی عربی کے الفاظ ٹھونسے جاتے ہیں! اپنی علمیت جتانے اور زبان کو گنجلک اور بھدّا بنانے کے سوا، اور تو کام ہی کوئی نہیں۔ میرے مخاطب فصحا ہیں"۔ (فرہنگِ اثر، بحثِ متروکاتِ نور اللغات)۔

اِس کے بعد اِس لفظ کے متروک ہونے کے ناقابلِ قبول قول پر مزید گفتگو کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

Marfat.com

مصحفی مرحوم کے اُستاد کا نام خوب تحقیق کو تو نہیں پہنچا، مگر غالباً آمانی ہی کے شاگرد تھے۔

آپ میرے تلامذہ کی تعداد کیا دریافت فرماتے ہیں۔ میں نے کبھی ان کے اسما ضبط نہیں کیے۔ ایک زمانے میں میرے فرزندِ اکبر محمد احمد قمر نے کچھ نام لکھے تھے، یاد پڑتا ہے کہ سو سے زیادہ تھے۔ اس کے بعد سیکڑوں اور ہوئے اور ہوتے جاتے ہیں، اور زندگی باقی ہے تو ہوتے جائیں گے۔ ان سب کی فہرست تیار کرنا محال ہے۔ پہلے سے التزام کیا جاتا تو البتہ ممکن تھا۔ میرے نزدیک مناسب یہ ہے کہ چند نامور شاگرد مثلِ ریاض و آہ و فدا و خلیل و جلیل و عابد و سرشار مولفِ فسانۂ آزاد وغیرہ کے نام اور پتے لکھ دیجیے اور بہ اعتبار تعداد کے یہ لکھیے کہ بے شمار ہیں۔ اُمرا میں اول درجے (کذا) نواب خلد آشیاں اور موجودہ میں نواب صفدر علی خاں اور احمد حسین خاں تعلقہ دارِ پریانواں ہیں۔ آخر میں اتنا لکھنا ضرور ہے کہ آپ اپنے تذکرے سے دو جزو مرتب شدہ، نقل کرا کے بھیجیے، تاکہ معلوم ہو کہ آپ نے کن کن طبقات کو لیا ہے اور کس رنگ پر لکھا ہے۔"

[بہ نام نعیم الحق آزاد، ۲۴ جنوری ۱۸۹۲ء، ماخوذ از نقوش، خطوط نمبر حصہ اول]

(۶۳) گھائل :

"گھائل" کو قدما میں اکثر شعرا نے بہ فتحِ یا موزوں کیا ہے۔ شاہ ظفر دہلوی نے اسی کی تقلید کی، مگر متوسط طبقۂ شعرا نے بہ کسرِ یا موزوں کیا۔ البتہ اس طبقے میں بحر مرحوم نے بہ فتحِ یا کہا ہے اور مجھ سے بالمشافہ یہ ذکر کیا کہ وزن سے لوگوں کو دھوکا ہو گیا ہے، درحقیقت ہندی لفظ ہے بہ فتحِ یا۔ اُس صحبت میں اسیر مرحوم بھی موجود تھے، اُن کے نزدیک بہ کسرِ یا ہی رہا، اور انھوں نے فرمایا کہ

Marfat.com

طبقۂ متوسطین میں جمہور شعرا نے بہ کسرِ یا[1] کہا ہے؛ تقلید انھی کی مناسب ہے اور خود وہ، اور اُن کے اتباع سے میں بھی، بہ کسر ہی استعمال کرنا بہتر اور راجح سمجھتا ہوں۔ مگر چوں کہ "بسمل" ان معنوں میں شعرا کو مل گیا ہے، تو اس کا استعمال کم تر ہے۔ ہاں، جہاں کہیں مطلعے میں "بسمل" کا قافیہ آگیا ہے، اور ضرورت پڑی ہے کہ دوسرا قافیہ بھی انھی معنوں میں ہو، تو "گھائل" کہا ہے۔ اشعار سند کے اِس وقت یاد نہیں، اور میں عازمِ سفر ہوں؛ لہٰذا تفحص و تجسّس نہیں کر سکتا"۔ [بہ نام حافظ سید عبدالجلیل مارہروی یکم رجب ۱۳۰۵ھ]

---

[1] جلال نے بھی یہی لکھا ہے: "جناب شیخ امداد علی بحر مغفور، کہ ارشد تلامذہ میں سے جناب شیخ ناسخ مرحوم کے تھے، وہ اس لُغت کو یائے تحتانی کے فتحے سے صحیح فرماتے تھے، اور صندل، مخمل وغیرہ کے قافیے میں لاتے تھے، لیکن اتفاقِ جمہور فصحاے لکھنؤ کا لُغتِ مذکور میں یائے تحتانی کے کسرے ہی پر ہے یعنی مکسور پڑھتے ہیں اور دل، بسمل کے قافیے میں لاتے ہیں" (سرمایۂ زبانِ اردو، قاعدے کے لحاظ سے تو یہ لفظ بہ فتحِ یا صحیح ہے، مریل، اڑیل، سڑیل وغیرہ کی طرح شعرا نے اصل کی رعایت سے بہ فتحِ یا نظم بھی کیا ہے، لیکن اکثریت کسرۂ یا کو مرجح سمجھتی رہی ہے۔ شعراے متقدمین و متوسطین و متاخرین کے دواوین کا جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اکثر دل اور بسمل کے قافیے میں آیا ہے اور کم تر بسمل اور کل کے قافیے میں باندھا گیا ہے۔ البتہ یہ بات ملحوظ رکھنے کی ہے کہ جب یہ "بسمل" وغیرہ کا ہم قافیہ ہوگا تو ی سے لکھا جائے گا (گھائل) اور جب یہ "دِل" وغیرہ کے ساتھ آئے گا تو ی کی جگہ ہمزہ لکھا جائے گا (گھائِل)۔ اس کے خلاف لکھنا، غلطیِ املا کا مرتکب ہونا ہے۔ اِس قبیل کے عام ہندی الفاظ کی صورت یہی ہے کہ جب حرفِ آخر سے پہلے والا حرف مفتوح ہوگا تو ی لکھی جائے گی، جیسے: نرائن، پائل۔ اور جب وہ مکسور ہوگا تو ی کی جگہ ہمزہ آئے گا، یعنی نرائِن، پائِل، اجوائِن، گھائِل وغیرہ ——— امیر کا یہ خط تاریخِ نثرِ اردو، مؤلفۂ مولانا احسن مارہروی سے ماخوذ ہے (ص ۵۵۳)

Marfat.com

بحرالبیان

بحر لکھنوی (تلمیذِ ناسخ) کا یہ رسالہ، جس کا نام بحرالبیان ہے، قواعد اور لُغت کے موضوعات سے تعلّق رکھتا ہے۔ قواعد کا حصّہ مختصر اور ناتمام ہے۔ دراصل اِس کی حیثیت ضمنی ہے۔ رسالے کا موضوع، اُردو مصادر کا بیان ہے، اور اِس لحاظ سے اِس کو "لُغات المصادر" کے ذیل میں رکھنا چاہیے۔ تقدّمِ زمانی کے لحاظ سے غالباً اُردو میں یہ اپنے انداز کا پہلا رسالہ ہے۔ اُردو میں متعدّد لُغت اِس رسالے سے پہلے لکھے جا چکے تھے، مگر یہ انداز کہ اُردو کے مصدروں کو یک جا کیا جائے؛ اُس وقت تک شاید سامنے نہیں آیا تھا۔ اِس رسالے میں مرتّب نے حروفِ تہجّی کی ترتیب کے بجائے، سات عروضی ارکان (فعلن، فاعلن وغیرہ) کو باب بنایا ہے اور مختلف مصدروں کو اِن اوزان کے تحت یک جا کیا ہے؛ یہ نیا انداز ہے۔ اربابِ تذکرہ نے بحر کی عروض سے واقفیّت اور اِس فن میں مہارت کا خاص طور سے ذکر کیا ہے؛ اِس رسالے کی یہ عروضی ترتیب بھی اِس پر دلالت کرتی ہے۔ مصدروں کی تعداد کے لحاظ سے یہ رسالہ "جامع" کہلانے کا مستحق نہیں، مگر یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ اِس رسالے سے متعدّد مصادر کے متعلّق، اور خود مولّف کے مختارات کے متعلّق کچھ قیمتی معلومات حاصل ہوتی

Marfat.com

ہے ۔ نیز بعض مصادر اِس رسالے کے علاوہ شاید ہی اور کہیں مل سکیں ۔ لُغت کے نقطۂ نظر سے ، اور اُس عہد کی زبان پر کام کرنے والوں کے لیے ، یہ اہم باتیں ہیں۔ مرتّب نے لکھا ہے کہ یہ رسالہ " اردوی لکھنؤ " سے تعلّق رکھتا ہے ، اور مرتّب کا شمار ناسخ کے اہم تلامذہ میں کیا جاتا ہے ؛ اِس طرح دبستانی نقطۂ نظر سے بھی اِس کے مندرجات قابلِ ذکر حیثیت رکھتے ہیں۔ اِس رسالے کے مندرجات سے متعلق مزید کچھ کہنے سے پہلے ، مولّف کے کچھ حالات مختصراً لکھے جاتے ہیں ۔

شیخ امداد علی بحر لکھنوی ، شیخ امام بخش کے بیٹے اور ناسخ کے نامور شاگرد تھے [انتخابِ یادگار ۔ مجموعۂ سخن] ۔ سالِ ولادت کسی نے نہیں لکھا۔ امیر مینائی نے تذکرۂ انتخابِ یادگار میں (سالِ ترتیب : ۱۲۹۰ھ) اِن کی عمر " پینسٹھ برس " لکھی ہے ؛ اِس حساب سے ۱۲۲۵ھ کے لگ بھگ زمانۂ ولادت ہوگا ۔ ایک عمر کی پریشانی کے بعد ، دربارِ رام پور سے متعلّق ہوگئے تھے۔ انتخابِ یادگار میں نمونۂ کلام کے ذیل میں اِن کے دو قصیدوں کے چند اشعار بھی لکھے گئے ہیں ، اُن دونوں قصیدوں کا تعلّق دربارِ رام پور سے ہے اور اُن میں سے ایک قصیدہ نوّاب یوسف علی خاں ناظم کی مدح میں ہے ؛ اِس سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ نوّاب ناظم کے زمانے میں رام پور کے متوسّلین میں شامل ہوئے ہوں گے ۔ تاریخِ لطیف (قلمی ، مخزونۂ کتاب خانۂ رام پور) میں اسیر کا کہا ہوا قطعۂ تاریخِ وفاتِ بحر موجود ہے ، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۲۹۵ھ (۱۸۷۸ء) میں اُن کا انتقال ہوا تھا ۔ قطعہ یہ ہے :

شیخ امداد علی بحر ز دارِ فانی رفت در باغِ جناں ، خدمتِ حیدر برسید
ساختم فکرِ بتاریخِ وفاتش چو اسیر گفت دل : "بحر بیک موج بکوثر برسید"

متعدّد کتابوں میں بحر کا سالِ وفات ۱۳۰۰ھ لکھا ہوا ہے ، مگر یہ درست

Marfat.com

نہیں ۔ یہ لکھنا بے محل نہ ہوگا کہ خود اسیر کا انتقال ۱۲۹۹ھ میں ہوا تھا اور اِس میں کچھ اختلاف نہیں ۔ انتقال لکھنؤ میں ہوا تھا اور کربلائے تال کٹورا میں دفن ہوئے تھے (آبِ بقا) ۔ رام بابو سکسینا نے لکھا ہے کہ رام پور میں انتقال ہوا تھا ، مگر صاحبِ آبِ بقا کا قول مرجّح ہے ۔ محمد علی خاں اثر رام پوری (مرحوم) نے مسدّسِ بے نظیر کے حاشیۂ ص ۳۷ پر بحر کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ : " رام پور میں تحقیق کرنے سے بھی بحر کا انتقال رام پور میں ثابت نہیں ہوا "۔

بحر کا دیوان سیّد محمد خاں رند (تلمیذِ آتش) نے ۱۲۵۲ھ میں مرتّب کیا تھا ، جس کا اعتراف بحر نے کیا ہے :

جامع اِس دفتر کے ہیں سیّد محمد خانِ رند
اُس سراپا لطف کا یہ بحر پر احسان ہے

(ریاض البحر ، ص ۲۸۳)

اِس کا نام ریاض البحر ہے ۔ یہ تاریخی نام ہے ، لیکن یہ چھپا تھا رند کے انتقال کے بعد ۱۲۵۳ھ میں ۔ امیر مینائی نے انتخاب یادگار میں بحر کے نمونۂ کلام کے ذیل میں لکھا ہے : " یہ اُن کے کلیاتِ مطبوعہ کا انتخاب ہے " ، اور اِس ضمن میں اشعارِ غزلیات کے علاوہ ، ایک قصیدے کے پانچ شعر ، ایک قصیدے کے تین شعر ، ایک واسوخت کا ایک بند اور ایک دوسرے واسوخت کے پانچ بند بھی درج کیے ہیں ؛ مگر قصائد اور واسوخت ، دیوانِ مطبوعہ میں شامل نہیں ۔ بحر کے دو واسوخت ، واسوختوں کے مجموعے شعلۂ جوّالہ (مرتّبۂ عیش لکھنوی) میں شامل ہیں ۔ بحر کا ایک دیوان غیر مطبوعہ بھی ہے ، " اِس کا ایک نسخہ کتب خانۂ خدا بخش پٹنہ میں موجود

Marfat.com

ہے" [قاضی عبدالودود صاحب ۔ تحریک ، غالب نمبر، اپریل ۱۹۷۴ء] ۔

خواجہ عبدالرؤف عشرت لکھنوی مرحوم نے ، تذکرۂ آبِ بقا میں ، بحر کے مفصّل حالات لکھے ہیں ، اُن میں سے کچھ باتیں دوسری کتابوں میں بھی ملتی ہیں، ذیل میں خواجہ صاحب مرحوم کی عبارت کے کچھ اجزا کو اقتباس کی صورت میں پیش کیا جاتا ہے :

" توپ دروازے کے رہنے والے ، شیخ ناسخ مرحوم کے شاگردِ رشید ، سیاہ فام ، دُبلے پتلے ، میانہ قد تھے ۔ تحقیقِ لُغت اور صحّتِ الفاظِ ہندی میں مشہور۔ اُستاد لوگ اُن کی زبان کو سند مانتے تھے ۔ ہمیشہ محاورات کی تلاش رہتی تھی۔ نوّاب سیّد محمد خاں رند، آتش کے شاگرد ، اُن کے بہت قدردان تھے اور کچھ خدمت بھی کیا کرتے تھے۔ چھوٹی شہزادی اشرف النسا بیگم افسر بہو صاحبہ ، دخترِ حضرت امجد علی شاہ بادشاہ کی سرکار سے کچھ قلیل وظیفہ پاتے تھے ۔ افیون کا استعمال کیا کرتے تھے ۔ عیش باغ کے میلوں میں اکثر جاتے تھے۔ زندگی بہت عسرت سے بسر ہوتی تھی ۔ میاں بحر داڑھی کا ہمیشہ صفایا رکھتے تھے ـــــ نوّاب مہدی علی خاں مرحوم ثمر ، تلمیذِ بحر کہتے تھے کہ جس وقت ہم شاگرد ہوئے ہیں ، اُستاد ، چھوٹی شہزادی کی ڈیوڑھی پر رہتے تھے۔ پھاٹک کی بغل میں ایک کمرا ہے ، اُس میں افیون گھُلا کرتی تھی اور ایک کہنہ چٹائی بچھی رہتی تھی ۔ تحقیقِ الفاظ کو لوگ دور دور سے آتے تھے ۔ دن بھر ڈیوڑھی پر رہتے تھے ، شام کو اپنے مکان پر جاتے تھے ۔ توپ دروازے پر ایک کچّا مکان تھا ، اُس میں رہتے تھے ۔ لڑکا کوئی نہ تھا ،

Marfat.com

بیوی تھیں اور آپ تھے ـــــ حکیم میر ضامن علی جلالؔ مرحوم بعدِ رشکؔ اُنھی سے مشورۂ سخن فرماتے تھے۔ نوّاب سلیمان خاں صاحب اسدؔ فرماتے ہیں کہ بحرؔ کو ہم نے بارہا دیکھا، آواز میں سخت رعشہ تھا، غزل خود نہیں پڑھتے تھے، میاں فہیمؔ اُن کے شاگرد پڑھتے تھے۔ عروض اچھی طرح جانتے تھے اور اِس فن پر بہت ناز تھا۔"

ایک معاصر کا مختصر بیان بھی اِس کی تائید کرتا ہے: "علمِ عروض و قافیہ خوب جانتے ہیں۔ بہت لوگ اِن کے شاگرد ہیں۔ آواز میں رعشہ ہمیشہ سے تھا۔ اب بہ وجہ ضعف رعشہ زیادہ ہوگیا، اِس سبب سے شعر پڑھنا کم کر دیا" [مجموعۂ سخن[1]، حصّۂ دوم، ص ۱۱۹] ۔ نسّاخؔ نے بھی سخنِ شعرا میں عروض و قافیے سے اُن کی اچھی واقفیت کا ذکر کیا ہے: "عروض و قوافی میں اچھا دخل رکھتے ہیں"۔

بحرؔ کے ایک لُغت کا ذکر کئی حضرات نے کیا ہے، لیکن یہ لکھا ہے کہ غالباً وہ مکمّل نہیں ہو سکا۔ صاحبِ گلِ رعنا نے لکھا ہے: "لوگ کہتے ہیں کہ اُردو کا ایک لُغت لکھنا شروع کیا تھا، اُن کے مزاج کو دیکھتے ہوئے، اِس کی کیا توقّع کہ

---

[1] یہ ایک انتخاب ہے جس کو طلبۂ مدارس کے لیے مرتّب کیا گیا تھا۔ یہ مجموعہ "حسب الحکم کالن اے۔ آر برونگ ..... ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن ملکِ اودھ، پنڈت شیو نرائن صاحب ڈپٹی انسپکٹر مدارسِ ضلع لکھنؤ نے، بہ امانت منشی محمد حکیم الدین صاحب ہیڈ ماسٹر چوک اسکول، و منشی غلام حسنین قدرؔ ہیڈ ماسٹر مہونا اسکول ضلع لکھنؤ، واسطے طلبۂ مدارسِ ملکِ اودھ کے ترتیب دیا"۔ منشی نول کشور کے مطبعے میں ۱۸۷۲ء میں چھپا تھا۔ مختلف عنوانات کے تحت مشہور شعرا کی غزلیں نظمیں جمع کی گئی ہیں۔ آخر میں کچھ شعرا کا حال بھی لکھا گیا ہے۔

Marfat.com

اُسے پورا کیا ہو"۔ صاحبِ تذکرۂ آبِ بقا نے لکھا ہے : "جب دیوان چھپ چکا تو ایک لُغت کی تصنیف میں مصروف ہوئے ۔ خُدا جانے اُس کو تمام کیا یا ناتمام رہ گیا"۔۔۔۔ کتاب خانۂ رام پور کی فہرستِ مخطوطات میں .بحرالبیان نام کی ایک کتاب پر نظر پڑی ۔ خیال آیا کہ ممکن ہے یہ وہی لُغت ہو جس کا ذکر کیا گیا ہے، دیکھنے پر معلوم ہوا کہ وہی ہے ۔ یہ اصلاً ایک رسالہ ہے جو دو حصّوں پر مشتمل ہے : حصّۂ اول، قواعدِ زبان سے متعلّق ہے ، اور دوسرا حصّہ، اردو مصادر اور کچھ محاورات وکنایات پر مشتمل ہے ۔ مولّف نے آغاز ہی میں لکھا ہے کہ : " ایں رسالہ ایست مسمّیٰ بہ .بحرالبیان ، مصنّف امداد علی متخلّص بہ .بحر، چند قوانینِ ہندی یعنی اردوی لکھنؤ ، بطریقِ صرف و نحو بہ تحریر آوردہ"۔

یہ دیکھا گیا ہے کہ بعض رسائل میں ایسی باتیں بھی مل جاتی ہیں جو بہت کام کی ہوتی ہیں ۔ .بحر کا زمانہ قواعدِ زبان و قواعدِ شاعری کے بہت سے اہم مباحث کا زمانہ ہے ۔ دبستانِ لکھنؤ کی اکثر پابندیاں اِسی زمانے میں معرضِ وجود میں آئیں ۔ اِس دور پر ابھی بہت کم کام کیا گیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اُس زمانے کے لسانی مباحث پر کام کرنے والوں کے لیے یہ رسالہ مفید ثابت ہوگا۔ جو لوگ اُس عہد کی زبان اور مصادر کے معانی اور اُن کے اجزا کی ترتیب پر کام کرنا چاہیں گے، اُن کے لیے اِس رسالے کا مطالعہ از بس ناگزیر ہوگا ۔ ناسخ کے تلامذہ میں قواعد و ضوابط کے واضع کی حیثیت سے رشک کا نام سرِ فہرست آتا ہے ۔ اکثر پابندیاں ، جن کو ناسخ سے منسوب کیا جاتا ہے ، وہ دراصل رشک ہی کے نتائجِ افکار ہیں ۔ رشک کے بعد ، فہرست میں .بحر کا نام آتا ہے ۔ اتّفاق یہ ہے کہ ناسخ کے اِن دونوں اہم شاگردوں نے لُغت کے موضوع پر اپنی تحریروں کو اپنی یادگار کے طور پر چھوڑا ہے ۔ رشک کا لُغت نفس اللغۃ ، مکمل شائع نہیں ہو سکا ، مگر جس قدر بھی چھپا

Marfat.com

ہے ، وہ اُس عہد کی زبان کے لحاظ سے اہمیّت رکھتا ہے۔ بحرؔ نے گو باقاعدہ لُغت نہیں لکھا ، مگر اُن کا یہ رسالہ جو لغاتُ المصادر کے ذیل میں آتا ہے ؛ لُغت ہی کے قبیلے کی چیز ہے اور اِس لحاظ سے منفرد اور ممتاز ہے کہ اِس موضوع پر اِس انداز سے اُس وقت تک اُردو میں شاید کوئی کتاب نہیں لکھی گئی تھی۔ اِس رسالے میں متعدّد مصادر ، املا اور معانی کے لحاظ سے ، لسانی اہمیّت رکھتے ہیں اور لُغت نویسی کے ذیل میں ایسے مطالعوں کی جو اہمیّت ہے ؛ اُس سے متعلّق افراد بہ خوبی واقف ہوں گے۔

دو چار مثالوں سے مندرجۂ بالا قول کی وضاحت کی جاتی ہے : مصدر "سونچنا" کو مع نونِ غنّہ لکھا گیا ہے ، اور اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ اِس مصدر میں غنّہ آواز کا شمول محض عوام سے متعلّق نہیں ، معتبرین بھی اِس صورت کو مانتے تھے ۔ اِس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ لہجے کی ایسی کارفرمائی نہیں جو تحریری سطح پر کبھی قابلِ قبول ہی نہ رہی ہو۔ اِس سے اتّفاق کیا جائے گا کہ اُس عہد کے لیے بھی ، اور کلامِ بحرؔ کی تدوین کے لیے بھی ، یہ معلومات قابلِ ذکر حیثیت رکھتی ہے ۔۔۔ مصدر "ٹھیرنا" کو مع یَ لکھا گیا ہے اور اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ " ٹھہرنا" اور "ٹھیرنا" دونوں صورتیں لکھنؤ میں بھی پائی جاتی ہیں۔ بحرؔ کے دیوان ریاض البحر میں ، یَ کی ردیف میں ایک غزل ہے جس کی ردیف ہے : "ٹھیرے" (ص ۴-۲)۔ بحرؔ کے کلام میں تو اِس مصدر اور اِس کے مشتقّات کو مع یَ (ٹھیرنا ، ٹھیرا وغیرہ) لکھا ہی جائے گا اور تدوین کے نقطۂ نظر سے یہ اہم معلومات ہے ؛ مگر اِس کے علاوہ ، لُغت کے لحاظ سے بھی اِس معلومات کی اہمیّت ہے۔

"پیلنا" کے ذیل میں صراحت کی گئی ہے کہ : " بعض بایں معنی ۔ بجای لام ، حرفِ رای قرشت استعمال کنند"۔ یعنی اِس مصدر کی دو صورتیں

Marfat.com

ہیں : پیلنا اور پیزنا ۔ فرہنگِ آصفیہ و نوراللغات میں صرف "پیلنا" ہے ـــــ "بننا" جس کا فارسی مرادف "بافتن" ہے ، زیادہ تر بہ ضمِّ اول بولا جاتا ہے ۔ فرہنگِ آصفیہ و نوراللغات میں بھی اِس کو بہ ضمِّ اول ہی لکھا گیا ہے ؛ مگر بحرؔ نے اِس کو "بافتن" کے معنی میں صرف "بہ کسر" لکھا ہے ۔ اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ کچھ لوگوں کی زبان پر جو اِس مصدر کے بعض مشتقّات بہ کسرِ اول ہیں ، وہ محض بے اصل نہیں ، بل کہ یہ اختلاف بجائے خود پایا جاتا ہے ۔ لُغت نویسی کے لحاظ سے اِس کی جو اہمیّت ہے ، اُس سے انکار نہیں کیا جا سکتا ۔

"جھنجھوڑنا" کو بہ کسرِ اول لکھا گیا ہے ۔ نوراللغات میں یہ صراحت نہیں ملتی ، بل کہ اُس میں حرفِ اول کی حرکت کی صراحت ہی نہیں کی گئی ہے ۔ آصفیہ میں حرفِ اول پر زبر لگا ہوا ہے ۔ تلفّظ کے ایسے اہم اختلافات ، مختلف لسانی مباحث کے لیے بہت کار آمد ہوتے ہیں ، اور لُغت میں ایسی تفصیلات کا جس طرح ذکر کیا جاتا ہے ، اُس کے لحاظ سے یہ اختلاف اہمیّت رکھتا ہے ـــــ یہی صورت "سستانا" کی ہے ۔ نوراللغات میں اِس کو "بہ فتحِ اول" لکھا گیا ہے ، عام طور پر مستعمل بھی اِسی طرح ہے ؛ مگر بحرؔ نے اِس کو بہ فتحِ اول و بہ ضمِّ اول ، دونوں طرح لکھا ہے (سَستانا ۔ سُستانا) ۔ یہ اختلافِ حرکت بھی لُغت کے لیے اہمیّت رکھتا ہے ۔

چکلانا ، "بفتح ، بمعنیِ چوڑانا" ؛ ڈِھمڈِمانا ، "بہ کسرِ ہر دو دالِ ثقیل ، نواختنِ دفِ کوچک" ؛ مٹمٹانا ، "برہم زدنِ چشم بہ غنودگی" ؛ ٹھپنا ، "بتای ثقیل و بای فارسی ، بمعنیِ ارتسام و طبع ، چوں مُہر بر کاغذ" ؛ یہ مصادر نوراللغات میں موجود نہیں اور میرا خیال ہے کہ اِس رسالے کے سوا یہ اور کہیں بھی شاید ہی مل سکیں ۔ آصفیہ میں "چکلانا" موجود ہے ، مگر مختلف معنی میں :

Marfat.com

"چکل اٹھانا، کسی پودے کو مٹی سمیت اٹھانا"۔ یہ مختلف مصدر ہوا۔

نوراللغات میں "چھکارنا" کے معنی لکھے گئے ہیں: "کتا پیچھے دوڑانا۔ سیٹی بجانا"۔ بحرالبیان میں اِس کے معنی "دوانیدنِ اسپ بآوازِ راندن" لکھے ہوئے ہیں۔ یہ بھی قابلِ ذکر اختلافِ معنی ہے۔ بحر نے "اردوی لکھنؤ" کی جو تخصیص کی ہے، اُس نے اِس رسالے کی اہمیت بہت بڑھا دی ہے۔ متعدد مصادر کے ذیل میں اِس کو دیکھا جا سکتا ہے، مثلاً "تڑنا" اور "دمانا" زبانِ لکھنؤ سے متعلق مصادر ہیں۔ نور میں بھی اِس کی صراحت کر دی گئی ہے۔ آصفیہ میں یہ مصدر موجود نہیں۔ بحرالبیان میں یہ دونوں مصدر موجود ہیں اور بحرالبیان، نوراللغات سے بہت پہلے لکھی گئی تھی۔ "تڑنا" کے ذیل میں نوراللغات میں بہ طورِ سند بحر ہی کا شعر لکھا گیا ہے۔

جیسا کہ لکھا جا چکا ہے، قواعد کا حصّہ مختصر اور ناتمام ہے۔ بحر نے زیادہ توجّہ مصادر پر صرف کی ہے۔ قواعد کے موضوع پر جلال کا رسالہ نسبتاً مفصّل ہے؛ مگر بحر کے اِس رسالے میں، قواعد کے ذیل میں بھی بعض اہم باتیں مل جائیں گی اور اِس اعتبار سے یہ ناتمام حصّۂ قواعد بھی قابلِ توجّہ قرار پاتا ہے۔ مثلاً بحر نے حرفِ جیم کے ذیل میں لکھا ہے:

"درشش کلمہ برای رفعِ ثقالت می آید، چوں: لیجیے و دیجیے و پیجیے .... بجہتِ آنکہ اجماعِ سہ یای تحتانی شدہ است و خواندن آں دشوار، لہذا حرفِ جیم واقع شدہ، کلمہ فصیح گردید ...."۔

جلال کے رسالے میں یہ بات مذکور نہیں، اور یہ اہم بات ہے۔ ضمنی طور پر، اِس صراحت سے صحتِ املا کے اِس قاعدے کی بھی توثیق ہوتی ہے کہ ایسے تعظیمی افعال میں آخری دو حرف، یَ یَ ہیں۔ اصلاً تین یَ تھیں، پہلی یَ کی جگہ

Marfat.com

جَ آگیا، دو یَ باقی رہیں۔ یعنی صحیح املا "دیجیے" (دی جِ یا یے) ہے، اِس کو "دیجئے" (دی جِ۔ ے) نہیں لکھا جائے گا۔

بعض حضرات نے معائبِ شاعری کے ذیل میں یہ بات بھی لکھی ہے کہ عربی و فارسی کے جن الفاظ کے آخر میں ہائے مختفی ہوتی ہے؛ اُن کو اِس طرح نظم کرنا کہ ہائے مختفی، الف کی طرح آواز دے، داخلِ معائب ہے۔ بحر نے ایک جگہ بڑے پتے کی بات لکھی ہے کہ: "حرفِ ہا، بمنزلۂ الف است در محاورۂ ہندیاں"۔ اور اِس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ بعض حضرات کا وہ قول "محاورۂ ہندیاں" پر توجّہ نہ دینے کا نتیجہ ہے۔

بحر نے مرکّبات کے ذیل میں جھالردار، انگیٹھی بردار، چوپڑباز جیسے متعدّد مرکّبات بہ طورِ مثال لکھے ہیں؛ اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض اور اہلِ نظر کی طرح وہ ایسے مرکّبات کو "مہنّد مرکّبات" کے نام پر غلط نہیں سمجھتے تھے، بل کہ وہ ایسے مرکّبات کو زبان کا جُز سمجھتے تھے۔ اِسی طرح سمیت، تلک جیسے الفاظ، جن کو بعد والوں نے متروک قرار دیا؛ اُن کو بحر نے مستعمل اور فصیح الفاظ کی طرح درج کیا ہے۔ بحر نے "تک" اور "تلک" دونوں کو مستعمل لکھا ہے۔

مختصر یہ کہ یہ رسالہ کئی اعتبارات سے قابلِ توجّہ ہے، اور اِس قابل ہے کہ لُغت نویسی کے سلسلے میں اِس کے مندرجات کو سامنے رکھا جائے۔ یہ ایک ایسے شخص کی تحریر ہے جو اپنے زمانے میں مستند حیثیت رکھتا تھا اور اُس زمانے کی تحریر ہے جب زبانِ لکھنؤ کا نقش درست ہو رہا تھا۔ اِنھی اعتبارات کے پیشِ نظر، اِس متن کو شائع کیا جارہا ہے اور توقّع کی جاتی ہے کہ زبان و بیان کے بعض مسائل کی افہام و تفہیم میں اِس کے مندرجات سے قابلِ قدر مدد ملے گی۔

اِس کا مخطوطہ رضا لائبریری رام پور میں محفوظ ہے، جو مضبوط بادامی کاغذ

Marfat.com

پر لکھا ہوا ہے ۔ خط پختہ اور روشن ہے ۔ سرخیاں شنگرفی ہیں اور عبارت میں بھی خاص خاص لفظوں کی یہی صورت ہے ۔ جس طرح اِس کی کتابت کی گئی ہے اُس سے بہ ظاہر یہ خیال ہوتا ہے کہ کسی خاص مقصد کے تحت اہتمام سے کام لیا گیا ہے ، اگرچہ مخطوطے میں ایسی کوئی صراحت موجود نہیں ۔ کتابت کی اغلاط بھی کچھ نہ کچھ موجود ہیں ، جیسے : "کثیف" کی جگہ "کسیف" وغیرہ ۔ الفِ ممدودہ پر کہیں مد ہے اور کہیں نہیں ۔ بابِ فعلن کے ذیل میں "آنا" کو "اانا" لکھا گیا ہے ، مگر اور مقامات پر الفِ ممدودہ کی متعارف صورت (آ) ملتی ہے ۔ پیش کے اظہار کے لیے اکثر مقامات پر ، قدیم طرزِ نگارش کے مطابق ، واؤ لکھا گیا ہے ، جیسے : اوس ، اوڑنا وغیرہ ۔ کتابت کا عام انداز جو اُس زمانے میں تھا ، وہ اِس میں بھی موجود ہے ۔ "پانو" کا املا ہر جگہ "پاوں" ہے ۔ لکھنؤ والے اِس لفظ کا یہی املا مانتے تھے ۔ خاص بات یہ ہے کہ واؤ کو ہمزہ کے بغیر لکھا گیا ہے ۔ ہمزہ اور بہت سے ضروری مقامات پر بھی نظر نہیں آتا اور کہیں ملتا بھی ہے ۔ اِس طرح کی کم احتیاطیاں یا انتشار ، اُس زمانے میں عام طور پر پایا جاتا ہے ۔ الفِ ممدودہ پر کہیں مد ہے اور کہیں نہیں ۔ نقطوں کا بھی یہی حال ہے ۔

عام طور پر املا میں صحت اور روشِ حال کو ملحوظ رکھا گیا ہے ، البتہ خاص خاص مقامات پر اصل صورت کو محفوظ رکھا گیا ہے ۔ "پاوں" کو ہر جگہ "پاؤں" لکھا گیا ہے ۔ الفِ ممدودہ پر ہر جگہ مد لگایا گیا ہے ۔ گاف کے مرکزوں کی بھی یہی صورت ہے ۔ البتہ "اانا" کو اِسی طرح رکھا گیا ہے ۔ پیش کے اظہار کے لیے جن لفظوں میں واؤ کو لکھا گیا تھا ، اُن کو عموماً واؤ کے بغیر لکھا گیا ہے ۔ البتہ جن الفاظ و مصادر میں ، تشریح کے ذیل میں ، اِس واؤ کا ذکر آ گیا ہے

Marfat.com

وہاں واؤ کو ضرورتاً لکھا گیا ہے، مثلاً "اُڑنا" کو مخطوطے میں اِس طرح لکھا گیا ہے: "اوڑنا' بضم و وادِ مشمومہ، پریدن۔" ظاہر ہے کہ تشریح میں "وادِ مشمومہ" کا ذکر آگیا ہے، اِس لیے یہاں "اوڑنا" لکھنا لازم ہوا۔ املا کی روشِ حال کے مطابق رموزِ اوقاف کا بھی اضافہ کیا گیا ہے۔

مخطوطے میں متعدّد جگہ کچھ قلم زد عبارتیں بھی ہیں۔ اُن عبارتوں کو قلم زد ہی سمجھا گیا ہے۔ جن مقامات پر یہ خیال ہوا کہ لغزشِ قلم نے غلط نگاری کا ارتکاب کیا ہے، ایسے مقامات پر صحّت کو ملحوظ رکھا گیا ہے، مگر سختی کے ساتھ اِس کی پابندی کی گئی ہے کہ صرف نہایت صریح غلطی تک اِس کو محدود رکھا جائے اور خواہ مخواہ قیاسی تصحیح سے کام نہ لیا جائے۔ یہی وجہ ہے کہ کئی مقامات پر "کذا" لکھنا پڑا ہے۔ بعض مقامات پر نہایت ضروری اجزا چھوٹے ہوئے معلوم ہوئے، ایسے مقامات پر ربطِ عبارت کے لحاظ سے، قوسین ( ) میں ضروری اضافے کیے گئے ہیں۔ مخطوطے میں اگر کہیں کوئی لفظ قوسین میں تھا، تو اُس کو ایسے قوسین [ ] کے درمیان لکھا گیا ہے۔ اِس کا اظہار ضروری ہے کہ فارسی عبارت نہایت معمولی درجے کی ہے، بل کہ متعدّد مقامات فارسی کے لحاظ سے محلِّ نظر بھی معلوم ہوتے ہیں؛ مگر مولّف نے فارسی دانی کا کہیں دعوا بھی نہیں کیا۔ اِس کے علاوہ، اِس رسالے کا مطالعہ موضوع کے لحاظ سے کرنا چاہیے، زبان کے لحاظ سے نہیں۔ چوں کہ اُس زمانے میں یہ روایت عام تھی کہ ایسی تحریروں کو فارسی میں لکھا جائے، اِس لیے مولّف نے بھی اُسی کی پیروی کی۔ مولّف کی حیثیت اُردو کے لحاظ سے "اہلِ زبان" کی تھی، اور اِس حیثیت پر شک نہیں کیا جا سکتا، اور یہی اصل بات ہے۔

،رسالے کے آغاز میں حمد و نعت و منقبت پر مشتمل ۲۹ اشعار ہیں، اُن کو چھوڑ دیا گیا ہے۔

Marfat.com

ایں رسالہ ایست مسمّٰی بہ بحرالبیان - مصنّف امداد علی ، متخلّص بہ بحر، پند قوانینِ ہندی یعنی اردوی لکھنؤ ، بہ طریقِ صرف و نحو بہ تحریر آوردہ ، بہ چند موج -

موجِ اوّل :

بداں کہ جملہ کلامِ زبان زدِ خاص و عام ، سہ قسم اند : اسم و فعل و حرف — اسم ، کلمہ ایست مستقلِ معنی باشد فی نفسہٖ ، چوں : گاؤ و خر و سنگ و شجر- فعل ، کلمہ ایست کہ در معنیش یکے زمانہ یافتہ شود : ماضی یا حال یا استقبال - چوں : آمد و می آید و خواہد آمد- و در ہندی : آیا و آتا ہے و آئے گا - حرف ، آنست کہ معنیش بلا ضمِّ ضمیمہ مفہوم نشود- چوں : در و بر و اوپر و تلے - میں و نیچ و سے و سمیت و جو و تک و ہاں و ہوں و سوای آں-
مصدر ، آنست کہ ماخذ باشد و افعالِ متصرفہ از آں اخراج یابند، یعنی صیغۂ ماضی و حال و استقبال وغیرہ - و مصدر در ہند سہ اند : یکے اصلی و یکے جعلی و یکے مزیدی و حاصل بالمصدر- و آں ہر سہ مصادر بہ اعتبارِ حروف چہار اند : یکے رباعی و دوم خماسی و سوم سداسی و چہارم سباعی -

Marfat.com

و بہ اعتبارِ وزنِ عروضی ہفت اند ، بریں اوزان : فعلن و فاعلن و فعولن و مفاعلن و مفعولن و مستفعلن و فاعلاتن ۔

پس مصدرِ اصلی کہ بروزنِ فعلن است ، ہیچ حرف درو زائد نیست، چوں : آنا و جانا و کھانا و پینا و سونا و جاگنا ۔

مصدرِ جعلی آنست کہ مرکب باشد از فارسی و ہندی ، چوں : خریدنا و قبولنا و تراشنا و لرزنا و شرمانا و بخشنا و گزرنا و فرمانا ۔

مصدرِ مزیدی آنست کہ صیغۂ امر برو افزایند ، چوں : کر بیٹھنا و بول اٹھنا و تڑپ جانا و رو دینا ۔ و وزن برای آں معیّن نیست ۔

حاصل بالمصدر بہ سہ حرف (کذا) مشترک است : یکے بہ تائے قرشت ، چوں : گھڑت و جڑت و چاہت و بادشاہت ۔ و یکے بہ تائے ثقیل ، چوں : بناوٹ و سجاوٹ و رُکاوٹ و گھبراہٹ ۔ و یکے بہ سینِ سعفص ، چوں : مٹھاس و کھٹاس و ہگاس و مُتاس و پیاس ۔ و یکے بہ نون ، چوں : تڑپھن و چلن و الجھن و مرن ۔

و مصادرِ فعلن بہ ہر سہ حرکت ، چوں : کہنا و رہنا و دینا و لینا و جینا و پینا و ہونا و رونا ۔

و مصادرِ فاعلن نیز بہ ہر سہ حرکت ، چوں : مارنا و گاڑنا و پھیرنا و گھیرنا و موڑنا و توڑنا ۔

و مصادرِ فعولن نیز بہ ہر سہ حرکت ، چوں : جلانا و منگانا و چھپانا و چلانا و اُچھلنا و اُبلنا ۔

و مصادرِ فاعلن نیز بہ ہر سہ حرکت ، چوں : پچھاڑنا و سنوارنا و نکالنا و بگاڑنا و پکارنا و اُبھارنا ۔

Marfat.com

و مصادرِ مفعولن نیز بہ ہر سہ حرکت ، چوں : سہلانا ، بہلانا ، اترانا، دکھلانا ، مرجھانا ، کمھلانا ۔

و مصادرِ مستفعلن ہم بہ ہر سہ حرکت ، چوں : پہچاننا ، چہکارنا ، مل بیٹھنا ، سرکھیلنا ، چمکارنا ، سسکارنا ۔

و مصادرِ فاعلاتن نیز بہ ہر سہ حرکت ، چوں : کرکرانا ، جھلجھلانا ، بلبلانا ، ہچکچانا ، کنکنانا ، سرسرانا ۔

و چہار حرف کہ مخلوط التلفظ آیند ، مخلِ وزن نیست ، و آں این است : ن ، و ، ہ ، ی ۔ مانندِ نونِ غنہ و وادِ مشمومہ ، کہ در فارسی می آیند ، چوں : خواب و خور و ناں و جاں ۔ و ہشت حروف در فارسی نمی آیند ، و آں این است : ث ، ح ، ص ، ض ، ط ، ظ ، ع ، ق ۔ و چار حرف در عربی نمی آیند ، و آں این است : پ ، چ ، ژ ، گ ۔ و نُہ حرف در ہندی نمی آیند ، و آں این است : ث ، ح ، ذ ، ص ، ض ، ط ، ظ ، ع ، ق ۔ و چہار حرف کہ از لہجۂ زبان پیدا می شوند ، و آنرا حروفِ مشمومہ گویند کہ بالا مذکور شد ۔ و مثالِ ں ، چوں : ڈانک و ٹانک ، ہر دو بر وزنِ پاک ۔ و مثالِ ۄ ، چوں : کواری و جواری ، ہر دو بر وزنِ یاری ۔ و مثالِ ۂ ، چوں : گھر و دھر ، ہر دو بر وزنِ زر ۔ و مثالِ ۓ ، چوں : پیارا و پیاسا ، ہر دو بر وزن دارا ۔

و بنای زبانِ عربی منحصر است بر بست[۲۸] و ہشت حروف ۔ و بنای زبانِ فارسی منحصر است بر بست[۲۴] و چہار حروف ۔ و بنای زبانِ ہندی بر سی[۳۰] حروف ، مع حروفِ مشمومہ و حروفِ ثقیل ، یعنی ٹ و ڈ و ڑ ۔

Marfat.com

موجِ دوم در تقسیمِ حرف :

بداں کہ الف در آخرِ افعال ، علامتِ ماضیِ مذکّر است ، چوں : اُٹھا و بیٹھا و دیکھا و سُنا ۔ و در آخرِ اسم ، علامتِ مذکّر است ، بشرطے کہ جمعش محض بہ یائے مجہول باشد ، بہ یا و نون نباشد ، چوں : گھوڑا و گدھا و کالا و گورا ۔ و گاہے برای تحقیر می آید ، چوں : کلوا و بدھوا و ٹٹوا و مٹھوا ۔ و گاہے برای تعداد ، چوں : پہلا و دوسرا و تیسرا و چوتھا و چھٹا ۔ سوای ایں پنج مقام نمی آید ۔

و گاہے میانِ دو کلمہ برای اتّصال می آید ، چوں : بھاگا بھاگ و مارا مار ۔ و گاہے در مصدر برای تعدیہ می آید ، چوں از سمجھنا ، سمجھانا ۔ و از اُٹھنا ، اُٹھانا ۔ گاہے در اولِ کلمہ برائے نفی می آید ، چوں : الگ و اچھت و اتھک و امٹ ۔ و گاہے در آخرِ اسم برای مفعولیت می آید ، چوں : گنڈیا و لتیا و دُکھیا و سُکھیا ۔

حرفِ تا : برای حاصل بالمصدر ، کہ بالا مسطور شدہ ، چوں : چنت و بنت ۔ و علامتِ تانیث است در الفاظِ عربی و فارسی و ہندی ، چوں : دولت و حشمت و ثروت و عظمت ۔ و خلعت و شربت ، کہ در استعمال مذکّر اند ، شاذ اند ۔

حرفِ جیم : در شش کلمہ برای رفعِ ثقالت می آید ، چوں : کیجیے و لیجیے و پیجیے و دیجیے و ہوجیے و سیجیے ۔ بہ جہتِ آں کہ اجماعِ سہ یائے تحتانی[1] ۔

---

[1] اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اِن افعال میں اصلاً تین یَ کا اجتماع تھا ، ج کے آنے

(باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

شدہ است و خواندنِ آں دشوار ؛ لہذا حرفِ جیم واقع شدہ ، کلمہ فصیح گردید ، چوں نونِ وقایہ درعربی ۔ و اگر لفظ "کیجیے" را "کریے" خوانند ، خلافِ محاورۂ فصحا ست ۔

حرفِ سین : برای حاصل بالمصدر آید ، کہ مذکور شد، چوں : بکواس و مٹھاس ۔ و در اولِ کلمہ برای حُسن و خوبی می آید ، چوں : سُمیل و سُڈول ، ہر دو بہ ضم ۔

حرفِ کاف : برای مفعولیت در آخرِ کلمہ می آید ، چوں : لے پالک و ٹھنڈک و پھٹک و کالک[1] ۔ و گاہے برای تصغیر ، چوں : ڈھولک ۔ و گاہے برای مشارکت میانِ دو کلمہ ، چوں : مارک مارا و نوچک ناچا ۔ و گاہے برای نفی ، چوں : کُمیل و کُڈھب و کُرُہ ، ہر سہ بہ ضم ۔

سے آخر میں دو یَ باقی رہ گئیں ، اس لیے "کیجئے" یا "دیجئے" یا "لیجئے" لکھنا غلط ہوگا ۔ صحیح املا ہوگا : کیجیے (کی جِ یِ یے) ، دیجیے (دی جِ یِ یے) وغیرہ ۔ یہ غلط نگاری اکثر دیکھنے میں آتی ہے کہ ایسے "تعظیمی افعال" میں آخری 'یے' سے پہلے ایک عدد ہمزہ کو داخل کر دیا جاتا ہے اور یہ بالکل غلط طرزِ نگارش ہے ۔ ایسے افعال کے آخر میں ہمیشہ دو یَ آئیں گی ۔ جیسے : دیکھیے ، لکھیے ، پڑھیے ، دیجیے وغیرہ ۔

[1] "کالک ، قلیل سی سیاہی کو بولتے ہیں" جلالؔ (قواعد المنتخب ، ص ۸) مگر استعمالا تصغیر کی قید باقی نہیں رہی ، عام لفظ کے طور پر بھی اس کو استعمال کیا جاتا ہے ۔ نور اللغات میں رند کا ایک شعر اس لفظ کے ذیل میں بہ طورِ مثال لکھا گیا ہے اور اس سے اس کا بھی ثبوت ملتا ہے ۔ شعر یہ ہے : شبِ فراق کی کالک سے دم نکلتا ہے ؛ الٰہی ، رات ہوئی یا کوئی بلا آئی ۔

Marfat.com

حرفِ نون : در آخرِ اسم علامتِ تانیث است ، چوں : رحیمن و کریمن۔ و گاہے علامتِ زوجہ ، چوں : تیلن و تنبولن و دلھن و سمدھن۔ و گاہے در آخرِ صیغۂ امر برای حاصل بالمصدر آید ، چوں : جلن و مرن و دھڑکن و پھبن ۔ و گاہے در آخرِ صیغۂ ماضی بہ ہماں معنی آید ، چوں : اُڑان و اُٹھان و چلان و لگان ۔ و گاہے برای مفعولیت آید ، چوں : کھُرچن و پھٹکن و چھیلن ۔ و بر افعال و اسما[1] حرفِ نفی است ، چوں : نہ دیا ، نہ لیا ، نہ جائے گا ، نہ آئے گا ۔ نڈر ، نبل ۔

حرفِ لام : در مصدر برای تعدیہ[2] می آید ، چوں : از دینا ، دلانا و

---

[1] اسموں کے قبل نونِ نفی مکسور ہوتا ہے ، جیسے : ندھڑک ، نکما ، نگوڑا وغیرہ ۔ اور افعال کے اول "نہ" آتا ہے ۔ یہ صراحت ضروری تھی ۔ تحر نے آگے چل کر خود بھی "نہیں" اور "نہ" کو درج کیا ہے اور لکھا ہے : "بفتح ، ہر دو نافیہ اند" ، اور یہاں پر "نہ" کا اندراج بالکل ٹھیک ہے ۔ بہ ہر صورت ، اسموں کے قبل آنے والا نونِ مکسور ، جو نفی کے واسطے آتا ہے ، وہ "نہ" سے یوں مختلف ہے ، جو افعال کے شروع میں آتا ہے کہ وہ مفتوح ہوتا ہے ۔

[2] جلال نے بجا طور پر اِس صورت کو "تعدیۂ صرف" سے موسوم کیا ہے ، یعنی "دلانا" وغیرہ میں تعدیۂ محض ہے اور یہ لام ، "کہیں قبل الفِ تعدیہ کے آکر ، فائدہ تعدیہ کی تاکید کا دیتا ہے ، جیسے : دکھانا سے دکھلانا ، بتانا سے بتلانا ، بٹھانا سے بٹھلانا" (قواعد المنتخب ، ص ۹) ۔ یہ حوالہ اِس لیے دیا گیا کہ لکھنؤ کے بعض اساتذۂ متاخرین نے "دکھلانا" ، "بتلانا" جیسے افعال کو متروک قرار دیا ہے ، حالاں کہ بہ قولِ جلال اِن سے تعدیہ کی تاکید کا فائدہ حاصل ہوتا ہے ۔ جلال نے اِس سلسلے میں مزید لکھا ہے :

(باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

از کھانا ، کھلانا و از پینا ، پلانا۔

حرفِ میم : در دو[2] کلمہ برای مشارکت می آید ، چوں : دھکّم دھکّا، گھونسم گھانسا، کشتم کشتا۔

حرفِ واو : واوِ معروف در آخرِ کلمہ علامتِ مذکّر است ، چوں : بُدّھوٗ و کلّوٗ و پیروٗ۔ و گاہے برای فاعلیّت آید ، چوں : کھاؤ و لٹاؤ و کماؤ و ڈاکو۔ و واوِ مجہول در آخرِ امرِ حاضر برای جمع تعظیماً آید ، چوں : آؤ و جاؤ و بیٹھو و اُٹھو۔ و گاہے برای حاصل بالمصدر ، چوں : دکھاو و بچاو و چڑھاو و گھٹاو۔[1]

" یہ جو بعضے فصحاے متاخّرین اِن مصادر کو اپنے نزدیک زائد و بے کار سمجھ کر، اُن کے استعمال ہی کے نظم و نثر میں مانع ہیں ، اُن کی غلط فہمی ہے۔ ہرگز یہاں لام زائد و بے کار نہیں۔ ہاں خود اُن کو اپنے مقام پر اِن مصادر کے استعمال کے ترک کر دینے کا اختیار ہے ، کہ ہر ایک اپنے طور پر اخذ و ترکِ الفاظ کا مختار ہے "۔ (ایضاً)

آرزو لکھنوی مرحوم کا شعر یاد آیا :

نیرنگ نہ دکھلائے اگر جلوۂ یک رنگ — وہ کون ہے، کعبے کو جو بُت خانہ بنا دے

(جہانِ آرزو ، ص ۱۶۰)

جلالؔ نے آخر میں آنے والے اِس واؤ کی تین قسمیں کی ہیں : معروف ، مجہول ، موقوف۔ یہ نہایت مناسب تقسیم ہے ، کیوں کہ دکھاو ، بچاو وغیرہ حاصل مصدروں کے آخر میں واؤ موقوف ہی ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اِن کو "دکھاؤ" یا

(باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

حرفِ یا : یای معروف در آخرِ اسم علامتِ تانیث است ، چوں : ٹوپی ، پگڑی ، کھڑکی [دروازۂ کوچک] ۔ و در افعالِ ماضیِ مونّث است ، چوں : مٹھائی کھائی و کھٹائی نہ کھائی ۔ گاہے برای فاعلیّت ، چوں : تیلی و تنبولی و چھپی ۔ و گاہے برای نسبت ، چوں : پڑوسی و دیسی ۔ گاہے برای اجرت ، چوں : پسائی و دُھلائی و پکوائی و رنگائی ۔ و گاہے مصدری ، چوں : بھلائی و بُرائی و چوراچوری و قسماقسمی و چھینا جھپٹی و ہلاچلی ۔

و یای مجہول در آخرِ اسم مذکّر برای جمع آید ، اگر آخرش الف باشد یا ہای ہوّز ۔ زیرا کہ حرفِ ہا ، بمنزلۂ الف است در محاورۂ ہندیاں ، چوں : گھوڑے و گدھے و خیمے و بے چوبے ۔ و گاہے در آخرِ امرِ غائب می آید ، چوں : آئے ۔ و گاہے در آخرِ امرِ حاضر می آید مکرّر ۔

" بچاؤ " لکھنا غلط ہوگا ، کیوں کہ اِس صورت میں واؤ موقوف نہیں رہتا ، محض ساکن ہوتا ہے ۔ افعال میں واؤ ساکن ہوتا ہے ، اور حاصل مصدروں میں موقوف ہوتا ہے ۔ مثلاً جانا کے فعل " جاؤ " میں واؤ ساکن ہے (جائُ و) اور لگانا کے فعل " لگاؤ " میں بھی واؤ ساکن ہے ، مگر اِس کا حاصل مصدر " لگاو " ہوگا اور اِس میں واؤ موقوف ہے ، اِس کو " لگاؤ " نہیں لکھا جا سکتا ـــــ اِسی طرح گھاو ، راو ، پاو ، گاو وغیرہ اسموں میں بھی واؤ موقوف ہے ، اِن میں بھی واؤ سے پہلے ہمزہ نہیں آئے گا ، ورنہ واوِ موقوف ، واوِ ساکن میں بدل جائے گا ۔ جلّال نے واوِ موقوف کے متعلق لکھا ہے : " اور واوِ موقوف کی شناخت یہ ہے کہ آخر میں اُن اسما کے واقع ہوتا ہے جن میں اِس واؤ کے قبل الف واقع ہو " ۔ یہ نہایت واضح تعریف ہے ۔ اِس کے مطابق " بناؤ " میں واوِ ساکن ہے اور " بناو " میں واوِ موقوف ہے ۔ اِس فرق کو ملحوظ نہ رکھنے سے اکثر صورتوں میں املا کے لحاظ سے غلط نگاری کا ارتکاب کیا جاتا ہے اور قواعد کے لحاظ سے غلطِ مبحث ہوتا ہے ۔

Marfat.com

موجِ سوم :

ہر گاہ می خواہی کہ صیغۂ امر بسازی از مصدرِ ہفتگانہ ، پس لفظِ " نا " کہ علامتِ مصدر است ، ساقط کُن ، چوں امرِ حاضر از آنا : آ و از جانا : جا ۔ و جمعش : آؤ و جاؤ ۔ و جمعِ تعظیماً : آئیے و جائیے ۔ و امرِ غائب : آئے و جائے ۔ و جمعش بہ یا و نون است، چوں : آئیں و جائیں ۔ و در امرِ حاضر و غائب، مذکّر و مونّث مساوی اند ۔

ماضیِ پنجگانہ : بداں کہ صیغۂ ماضیِ پنجگانہ و صیغۂ حال و صیغۂ استقبال از صیغۂ امر می سازند ۔ ہر امرے کہ در آخرِ آں الف است ، بہ الحاقِ یا ، ماضی شود ، چوں : آیا و کھایا ۔ و اگر آخرِ امر حرفِ دیگر ؛ بہ الحاقِ الف ، ماضی می شود ، چوں : سیا و دیکھا ۔ و " جانا " کہ مصدر است بمعنیِ رفتن ؛ ماضیِ آں بہ لفظِ " گیا " خلافِ قیاس آمدہ ۔

و بہ الحاقِ " ہے " بہ فتح ، ماضیِ قریب الحال می شود ، چوں : لکھا ہے و پڑھا ہے ۔ و در جمعِ مذکّر و مونّث نون زیادہ می شود ، چوں : ہیں ، بجاے " ہے " ۔ و بہ الحاقِ " تھا " ماضیِ بعید الحال می شود ، چوں : بیٹھا تھا و اُٹھا تھا ۔ و بہ الحاقِ " تا تھا " ماضیِ استمرار می شود ، چنانکہ : جلتا تھا ، ملتا تھا ۔ و بہ الحاقِ " ہوگا " ماضیِ محتملہ می شود ، چوں : گایا ہوگا و بجایا ہوگا ۔ و بہ الحاقِ " گا " صیغۂ امرِ غائب ، صیغۂ استقبال می شود ، چوں : آئے گا و جائے گا ۔

Marfat.com

ماضیِ پنجگانہ :	مذکر واحد	جمع مذکر	واحد مونث	جمع مونث	متکلم واحد و جمع
ماضی مطلق :	آیا	آئے	آئی	آئیں	آیا میں آئے ہم
ماضی قریب الحال :	آیا ہے	آئے ہیں	آئی ہے	آئیں ہیں	آیا ہوں میں آئے ہیں، ہم
ماضی بعید الحال :	آیا تھا	آئے تھے	آئی تھی	آئیں تھیں	آیا تھا میں آئے تھے ہم
ماضی استمرار :	آتا تھا	آتے تھے	آتی تھی	آتیں تھیں	آتا تھا میں آتے تھے ہم
ماضی محتملہ :	آیا ہوگا	آئے ہوں گے	آئی ہوگی	آئیں ہوں گی	آیا ہوں گا میں آئیں ہوں گے ہم
استقبال :	آئے گا	آئیں گے	آئے گی	آئیں گی	آؤں گا میں آئیں گے ہم
حال :	آتا ہے	آتے ہیں	آتی ہے	آتیں ہیں	آتا ہوں میں آتے ہیں ہم

و برای متکلم سہ لفظ اند : مَیں ، بہ فتح ۔ ہم ، بہ فتح ۔ مجھ ، بہ ضم ۔ و وَن بلا شرکتِ حرفِ دیگرے خاص است (کذا)۔

و ایں الفاظِ متکلم ، گاہے با فعل اول می آیند و گاہے در آخرِ فعل۔ "میں" و "ہم" بہ افعالِ لازم می آیند ، چوں : میں اٹھا ، میں بیٹھا ۔ ہم اٹھے ، ہم بیٹھے ۔ اٹھا میں ، بیٹھا میں ۔ اٹھے ہم ، بیٹھے ہم ۔ "میں نے" و "ہم نے" بہ افعالِ متعدّی می آیند ، چوں : میں نے کھایا ، میں نے پیا۔ ہم نے کھایا ، ہم نے پیا۔ "مجھ" برای اشارت بذاتِ خود ، چوں : مجھ کم بخت کو ، مجھ دیوانے کو کیوں ستاتے ہو ۔ "مجھے" نیز برای ذاتِ خود ، چوں : مجھے کیا غرض ، مجھے کیوں بلایا۔

گاہے بہ ازدیادِ کاف و واو ، برای مفعولیتِ خویش ، چوں : مجھ کو پڑھایا لکھایا۔ گاہے بہ ازدیادِ سین و یا ، چوں : مجھ سے فلاں شخص کو کیا مطلب ۔ و گاہے بہ الحاقِ لفظِ "میں" ، چوں : مجھ میں طاقت ہے ۔ و گاہے بہ اتصالِ لفظِ "سمیت" ، چوں : مجھ سمیت

Marfat.com

اُستاد مخلّع ہوئے ۔ و گاہے بہ اتّصالِ لفظِ "پر" ، چوں : مجھ پر احسان ہے آپ کا۔ و گاہے بہ الحاقِ لفظِ "سا" ، چوں : مجھ سا دوسرا نہیں ۔

میرا : برای ملکیت ، چوں : یہ حال میرا ہے ۔ یہ غلام میرا ہے ۔ و بریں قیاس "ہم" ، چوں : ہمیں کیوں بلایا ۔ ہم کو کس لیے تکلیف دی ۔ ہم سے کیا غرض ۔ ہم میں طاقت نہیں ۔ وہ ہم سمیت نوکر ہوئے ۔ ہم پر احسان اُن کا ۔ ہم سا بے ہُنر ۔ یہ مقسوم ہمارا ۔ و ایں الفاظِ روابط اند ۔

اپنا : مخفّفِ "آپنا" ، بمعنیِ خویش ، برای مذکّر ۔ یعنی : یہ گھوڑا اپنا ہے ۔ و برای مونّث "اپنی" : یہ گھوڑی اپنی ہے ۔

الفاظِ روابط این است کہ با کلمہ و کلام می آیند :

سمیت : بفتحتین ، برای معیّت است ۔

سے : بکسر ، بیای مجہول ، بمعنی "از" است ۔

میں : بکسر ، بیای مجہول و نونِ غنّہ ، بمعنیِ "در" ۔

سا : بمعنیِ مانند ۔

پر : بفتح ، بمعنیِ بالا و علیٰ ۔

کو : کافِ تازیِ مضموم بہ واوِ مجہول ، چوں "را" در فارسی ۔

کے : کافِ تازیِ مکسور بیای مجہول ، بمعنیِ اضافت ، برای اشیای مذکّرِ جمع ، چوں : زید کے گھوڑے ، عمرو کے ہاتھی ۔ و بیای معروف برای اشیای مونّث ، چوں : زید کی گھوڑی ، عمرو کی ہتھنی ۔

کا : برای اضافتِ شیءِ مذکّر ، چوں : امیر کا لشکر ۔

اور : بفتح ، بمعنیِ واوِ عطف ۔

Marfat.com

نہیں : بفتح و ہای مکسور بیای معروف و نونِ غنّہ ؛ نہ ، بفتح ؛ ہر دو نافیہ اند ،
چوں : فلاں مفلس نہیں نہ بے بضاعت ۔
ہے : بفتح ، بمعنیِ " است " در فارسی ۔

الفاظِ اشارہ برای سمت و طرف :

اِدھر : بکسر و دالِ مفتوح با ہای مخلوط ؛ بمعنیِ ایں طرف ۔
اودھر[1] : بضم و واوِ مشمومہ و دالِ مفتوح و ہای مخلوط ، بمعنیِ آں طرف ۔
کدھر : بر وزنِ اِدھر ، بمعنیِ کدام سمت ۔
جدھر : بر وزنِ کدھر ، اشارہ ایست اثر ہر سو ، چوں : جدھر چاہو ، جاؤ ۔ جدھر سے آئے ہو ، اُدھر جاؤ ۔
اِس : بکسر ، اشارہ ایست بہر چیز ، بمعنیِ ایں ، چوں : اِس مرد کو یا اِس گھوڑے کو پہچانتے ہو ؟ یا اِس طرف جاؤ ۔
اُس : بضم ، بمعنیِ آں ، بہماں معنی ۔
کِس : بر وزنِ مِس ، بمعنیِ کدام جا و کدام وقت ۔ گاہے بہ ازدیادِ حرفِ "کو" ، یعنی : کس کو ۔ گاہے بہ ازدیادِ یا ، یعنی : کسے ۔ گاہے بزیادتیِ " میں " ، یعنی : کس میں ۔ و بریں قیاس ہر سہ : اِس و اُس و کِس ۔

---

[1] یہ پُرانا اندازِ نگارش ہے ، جو اب قطعاً متروک ہے ۔ اب " اُدھر " لکھا جائے گا ۔ چوں کہ یہاں "واوِ مشمومہ" کی صراحت تھی ، اِس بنا پر مع واو لکھا گیا ہے ۔

Marfat.com

ہیں : بفتح ، برای جمع ، چوں در فارسی " آمدہ اند"۔
پاس : بمعنیِ نزدیک ۔
یہ[1] : بکسر ، بمعنی " ہذا"۔ و اشارہ بہ شیٔ قریب ۔
وہ : بضم ، اشارہ بہ شیٔ بعید۔
یہاں : بروزنِ جہاں ، بمعنیِ ایں جا۔
وہاں : بروزنِ شہاں ، بمعنیِ آں جا۔
کہاں : ہماں وزن ، بمعنیِ کدام جای ۔
جہاں : بروزنِ مکاں ، جای غیر معیّن ۔
ہاں : بمعنیِ مکان و جای ، چناں چہ مرزا رفیع سوداؔ مغفور گوید : تلوار جو گھر میں ، تو سپر (بنیے کے) ہاں ہے ۔ حرفِ یا از کثرتِ استعمال ساقط شدہ ، "کہاں" ملفوظ است ۔

" وہ " اور " یہ " دونوں میں ہائے ملفوظ ہے ؛ اِس لیے " یہ " میں ہ کے نیچے اُس کا شوشہ لازماً لگایا جائے گا ۔ کبھی نظم میں اور کبھی کبھی گفتگو میں بھی ہ کی آواز پوری طرح تلفّظ کا ساتھ نہیں دیتی ، یہی صورت وہ کی ہوتی ہے ؛ مگر اس سے اِن لفظوں کے املا پر اثر نہیں پڑے گا ۔ عام طور پر " یہ " کو شوشے کے بغیر " یہ " لکھا جاتا ہے ، پُرانی تحریروں میں بھی یہی صورت ملتی ہے ؛ مگر اب اصل کے مطابق اِس کو " یہ " لکھنا چاہیے ۔ خطوط میں ، روشِ عام کے مطابق ، ہ کا شوشہ موجود نہیں ؛ اِس کا اضافہ کیا گیا ہے ۔

Marfat.com

الفاظِ مخاطب ، حاضر و غائب : تو و تم و تیرا و تمھارا و آپ و اس و ان - و ایں ہمہ علیٰ قدرِ مراتب -

تو : برای ادنا، یعنی : تو کیا کہتا ہے ، و تو کون ہے -

تیرا : یہ تیرا مال ہے -

تم : برای درجۂ اوسط ، چوں : تم بیٹھو -

تمھارا : ہمچو : یہ مال تمھارا ہے -

آپ : برای مردِ معزّز ، چوں : آپ تشریف لائیں ـــــ و برای مخاطبِ غائب و ادنا : اُس - چوں : اُس شخص کو بلاؤ-

اُن : بضم ، چوں : اُن صاحب کو ہمارا سلام کہنا -

انھیں ، انھوں : چوں : انھیں کیا غرض - انھوں نے نوکری کر لی -

ہاں : چوں در عربی "بلیٰ" -

کیا : با یای مخلوط ، چوں در فارسی "چہ" -

کیوں : بیا ی مخلوط ، برای چہ -

کیونکر : یعنی بچہ طور -

کچھ : بضم ، بمعنیِ اندک -

تا : در آخرِ امر برای فاعلِ حال آید ، چوں : روتا و ہنستا ، در فارسی : گریاں و خنداں -

اِن : برای جمعِ اشیا و انسانِ حاضر، چوں : اِن چیزوں کو ہاتھ نہ لگاؤ- اِن صاحبوں سے کہہ دو -

سارا : برای شےِ مفرد ، چوں : سارا پونڈا کھا گئے -

سب : برای افراد ، چوں : سب گنڈیریاں کھا گئے -

Marfat.com

کون : بر وزنِ غون ، بمعنیِ کس و کدام ، چوں : کون آیا۔ کون گیا۔ کون کون چیزیں پسند کیں ۔

کب : بفتح ، بمعنیِ کدام وقت ، چوں : کب آؤ گے ۔

جب : بفتح ، بمعنیِ ہر گاہ ، چوں : جس وقت آؤ گے ، خوش ہوکر جاؤ گے ۔

تب : بفتح ، یعنی ہماں وقت ، لیکن درجوابِ "جب" موضوع است، چوں : جب میں نے سمجھایا ، تب سمجھے ۔

تو : بضم ، واوِ مجہول : تم تو یہ کہتے کہ وہ بلائیں گے تو میں جاؤں گا ۔

جو : بضم ، بواوِ مجہول ، شرطیہ بمعنیِ "اگر" ۔

اب : بفتح ، بمعنیِ حالا ۔

تک و تلک : بفتحتین ، ہر دو برای انتہا ۔

لیے : بکسرتین ، بمعنیِ واسطہ ۔ و ایں مفرد نمی آید ، بہ دو سہ لفظ مرکّب شدہ استعمال یابد ، چوں : اِس لیے ، وکس لیے ، وجس لیے ، میرے لیے ، تمھارے لیے ۔

بہت : بفتح و ہاے مضمومہ : بمعنیِ بسیار ۔

تھوڑا : بضم و ہاے مخلوط و رای ثقیلِ مفتوحہ ، بمعنیِ اندک و قلیل ۔

موجِ چہارم :

اسمِ مکرر بچند معنی مستعمل است : گاہے بمعنیِ مقدار ، چوں : کم خواب کے تھان سوسو روپے بکتے ہیں اور چار چار گز کے تھان ہوتے ہیں۔ گاہے شرطیہ ، چوں : ہم سرسر بازی بدتے ہیں ۔ گاہے بمقامِ شک ،

Marfat.com

چوں : فلاں شے کچھ کالی کالی ہے یا لال لال ہے ۔ گاہے بمعنیِ کثرت ، چوں : گھر گھر نوبتیں بجتی ہیں ۔ گاہے بمعنیِ تاکید ، چوں : خوب خوب ، اچھّا اچھّا ۔

و دو[2] صیغۂ امرِ مختلف ، حاصل بالمصدر می شود ، چوں : ناپ تول ، مار پیٹ ، تاک جھانک ، جھاڑ پھونک ، لاگ ڈانٹ ۔

والا : بمعنیِ صاحب و فاعل آید در آخرِ اسم ، چوں : دال موٹھ والا ۔ حلوا سوہن والا ۔ برای مونّث بجای الف ، حرفِ یا آرند کہ علامتِ تانیث است ، چوں : دہی والی ۔ دودھ والی ۔

الفِ امالہ : برای اسمِ مذکّر است کہ در آخرِ آں الف باشد یا ہای مختفی ، چوں : گھوڑے سے اُترے ۔ خیمے میں داخل ہوئے ۔ خصوص باحرفِ ربط ، چوں : گھوڑے میں جان نہیں ۔ گھوڑے پر چڑھے ۔ گھوڑے سمیت ڈوبے ۔ و ہم چنیں الفِ مصادر ، چوں : آنے میں کیا دیر ہے ۔ سیکھنے کا قصد ہے ۔ پڑھنے سے پڑھنا آتا ہے ۔ و اسمے کہ در آخرِ آں الف است یا ہای مختفی ، و در استعمال[1] مونّث ؛ امالہ در آں ہر دو حرف نمی شود ، چوں : دوا و دعا و قبا و قضا و عبا و ردا و ضیا و گھٹا و ہَوا و صبا و توبہ و بیوہ ۔

---

[1] دیگر تفصیلات سے قطعِ کرتے ہوئے ہوئے ، میں صرف ایک قاعدے کی طرف توجہ دلانا ضروری سمجھتا ہوں کہ عربی کے بابِ افعال سے آنے والے جو مصادر ، اُردو میں

(باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

قاعدۂ جمع :

برای اسمِ مذکّر، حرفِ یایِ مجہول، چوں : گھوڑے و گدھے و خیمے و بےچوبے؛ بشرطےکہ در آخرِ اسمِ مذکّر الف باشد یا ہای مختفی۔ و اگر در آخرِ آں اسمِ مذکّر حرفِ عین است، پس حرفِ ماقبل را کسرہ دہند[1]، چوں : مصرع و مطلع و مجمع، قس علیٰ ہذا۔

مستعمل ہیں اور جن کے آخر میں الف ہے ؛ اُن میں بھی امالہ نہیں ہوتا، جیسے : املا، انشا، اخفا وغیرہ۔ عربی میں اِن سب کے آخر میں ہمزہ بھی ہے یعنی (املاء، انشاء وغیرہ) مگر فارسی و اُردو میں یہ ہمزہ کے بغیر ہی بولے اور لکھے جاتے ہیں۔ اِن میں سے پہلا لفظ "املا" خاص طور پر یاد رکھنے کا ہے۔ لوگ "انشا" کو تو "انشے" کبھی نہیں لکھیں گے، مگر "املا" کو "املے" لکھ دیا کرتے ہیں۔ اِس لفظ میں بھی امالے کا گزر نہیں ہوگا اور ہر صورت میں "املا" لکھا جائے گا، جیسے : املا کی صحت، املا کی کاپی وغیرہ۔

[1] جلالؔ نے بھی مفیدالشعرا میں یہی لکھا ہے، مگر ڈاکٹر عبدالستار صدیقی مرحوم کی رائے یہ تھی کہ محرّف صورت میں ایسے الفاظ کو بھی مع "ے" لکھنا چاہیے۔ مرحوم نے میرے خط کے جواب میں لکھا تھا :

"عربی "بُرقُع" اُردو میں "بُرقَع" ہوگیا (ق کے زبر سے)۔ ع اردو میں قائم مقام الف کا ہے، اسی لیے "ضلْع" سے اردو میں "ضِلَع" ہوا اور "موقِع" سے "موقَع"۔ جن لفظوں میں ع کا ماقبل عربی

(باقی اگلے صفحے پر)

Marfat.com

و برای اسمِ مونّث الف ونون است ، چوں : بکریاں و ہرنیاں؛ بشرطےکہ در آخرِ اسمِ مونّث یائے معروف باشد۔ و اگر حرفِ دیگر است ، جمعش بہ یا و نون است ، چوں : دعائیں[1] و قبائیں و کتابیں و ڈابیں ۔ و

میں مفتوح تھا، وہ اپنے حال پر رہے : مقطع ، مطلع ۔ اور جو خود عربی میں دو[2] طرح سے رائج ہیں ، جیسے : موضِع ؛ اُن میں اُردو نے زبر کو اختیار کر لیا۔ زیر سے کچھ واسطہ نہیں ۔ یہ سب مثالیں واحد قائم کی تھیں ۔ مذکّر کا واحدِ محرّف اپنے آخر میں بجاے الف کے ، یے رکھتا ہے ؛ اِس لیے ع کے بعد یے کا لانا ضروری ہوا ، چناں چہ : برقعے کے ، برقعے میں وغیرہ ۔ اِسی طرح جمعِ مذکّر محرّف : برقعوں ، ضلعوں ، مطلعوں ، مقطعوں وغیرہ"۔

یہ مسلّم ہے کہ مطلعوں ، مقطعوں ، موقعوں وغیرہ میں ع تلفّظ کا ساتھ نہیں دیتی ، مگر اُس کو لکھا جاتا ہے اور جمع کا ون اُس کے ساتھ شامل ہوتا ہے ؛ یہی صورت مطلعے ، مقطعے وغیرہ کی ہے ، کہ ع یہاں بھی شاملِ تلفّظ نہیں ، اور اُس کے بعد اصولاً جس طرح ون کا اضافہ کیا جاتا ہے ، اُسی طرح یے کا اضافہ ہونا چاہیے ۔ یہ آسان ، سادہ اور باقاعدہ صورت ہے ، یعنی : مطلَع ، مطلعے ، مطلعوں ۔ مقطَع ، مقطعے ، مقطعوں وغیرہ ۔ اور اِسی کو مرجّح سمجھنا چاہیے ۔

"کتابیں" اور "ڈابیں" کی مثال تو درست ہے ، مگر "دعائیں" اور "قبائیں" کی صورت ذرا مختلف ہے کہ اِن میں "ین" کا نہیں ، بل کہ "ئیں" (ء . ی . ن) کا اضافہ ہوا ہے (دعا + ئیں) ۔ یہی صورت اُن الفاظ کی ہوتی ہے جن کے آخر میں ہاے مختفی ہو ، جیسے "دایہ" سے "دایائیں" اور "بیوہ" سے "بیوائیں" ، اِس فرق کے ساتھ کہ ہاے مختفی ، الف میں بدل جاتی ہے اور پھر "ئیں" کا اضافہ ہوتا ہے ۔

Marfat.com

انگیاں و ڈبیاں و کُلھیاں و چڑیاں ؛ و دریں چہار اسم یای علامتِ تانیث موجود است ، پس لبسببِ اجتماعِ ساکنین ، یک الف ساقط شد ۔ و جمع بہ واو نون مشترک است میانِ مذکّر و مونّث ، چوں : توتوں میں، میناؤں[1] میں ، مردوں میں ، رنڈیوں میں فرق ہے ۔ و گاہے ایں واو نون برای اتّصال واقع می شود میانِ اسمِ مکرر ، چوں : کانوں کان و ہاتھوں ہاتھ و راتوں رات و شاموں شام ۔ و گاہے بہ اسمِ مفرد، چوں : کوسوں و منزلوں ۔

مرکّبات :

باز : بداں کہ " باز " بمعنیِ فاعل آید ، چوں : پتنگ باز و بٹیر باز و کبوتر باز (و) چوپڑ باز (و) لونڈے باز و رنڈی باز وغیرہ ۔

بردار: چنور بردار و کنول بردار و انگیٹھی بردار و حقّے بردار وغیرہ ۔

دار : جھالر دار و چوکی دار و جوڑی دار و مکان دار[2] وغیرہ ۔

دان : پان دان ، اُگال دان ، بمعنیِ سفل دان ، ناس دان ، سرمہ دان ،

---

[1] " میناؤں " کی بھی وہی صورت ہے جو " دعائیں " کی تھی ، کہ یہاں بھی صرف ون نہیں ، بل کہ " وں " (ا و ں) کا اضافہ ہوا ہے ۔ البتّہ " مردوں " اور " رنڈیوں " کی مثال ٹھیک ہے ، کہ ان میں " ون " کا اضافہ ہوا ہے ۔

[2] بعض ضرورت سے زیادہ محتاط حضرات " سمجھ دار " اور " چائے دانی " جیسے الفاظ کو اب بھی غیر مناسب سمجھتے ہیں ۔ ایسے حضرات کو لکھنؤ کے ایک مسلّم الثّبوت استاد اور زبان داں کی اِن مثالوں کو ذرا توجّہ کے ساتھ پڑھنا چاہیے ۔

Marfat.com

ناگردان ، بہ تقلیدِ عجمیاں ، چوں : قلم دان و جزودان ۔

اپا : بمعنیِ ہنگام ، چوں : بُڑھاپا و رنڈاپا ۔ و بمعنیِ طرز و شیوہ ، چوں : بہناپا و سگھڑاپا و گلاپا و مٹاپا و دبلاپا ۔

پن : بہ ہماں معنی : لڑکپن و دیوانہ پن و مسخرہ پن و بانکپن و بھولاپن ۔

واں : بمعنیِ مثل و مانند ، چوں : سورواں و جُڑواں و ڈھلواں و گیہونواں[1] برنگِ گندم ۔ و در فارسی نیز بہ ہمیں معنی ، چوں : پلواں ، اے مثلِ پل ۔ و در شمارِ اعداد بمعنیِ میم دوم و سوم ، چوں : پانچواں و ساتواں و آٹھواں و نواں و دسواں و گیارھواں و بارھواں و مثلِ آں ۔ و گاہے بہ امالۂ الف ، چوں : پانچویں دن و ساتویں مہینے و آٹھویں برس ۔ و برای مونّث ، یای معروف ، چوں : پانچویں تاریخ و ساتویں شب و آٹھویں ساعت ۔

یل : بمعنیِ فاعل ، چوں : مریل و بجھیل و اڑیل ۔ و بمعنیِ مفعول ہم ، چوں : گھایل[2] و سڑیل و کڑیل بمعنیِ جوانِ سخت ، و پایل

---

[1] مخطوطے میں اس کا املا "کہونواں" ہے ۔

[2] یہ لفظ سائل اور مائل وغیرہ کا ہم قافیہ بھی ملتا ہے اور بادل اور چھاگل وغیرہ کے ساتھ بھی آیا ہے ۔ شوق نیموی نے رسالۂ اصلاح میں اس بحث کو لکھا ہے ۔ اُس بحث سے قطعِ نظر کرتے ہوئے ، یہاں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جب ماقبلِ لام مفتوح ہوگا تو اس کو "پایل" لکھا جائے گا اور جب ماقبلِ لام مکسور ہوگا تو ی کی جگہ ہمزہ آئے گا ، یعنی "پائل" لکھا جائے گا ۔ یہ اُردو کا قاعدہ ہے کہ اِس قماش کے الفاظ میں مفتوح ہونے کی صورت میں ی آتی ہے ، جیسے : نرائن ، پایل ، نائک وغیرہ ، اور اگر ان میں ماقبلِ حرفِ آخر کو مکسور مانا جائے گا تو پھر ہمزہ کے ساتھ اِن کو لکھا جائے گا ، یعنی : نرائن ، پائل ، نائک وغیرہ ۔

Marfat.com

بمعنیِ چالاک ۔ وگاہے بسکونِ یا و حرفِ ماقبلِ آں مفتوح ،
چوں : بڑھیل و کھپریل و نکیل یعنی مہار و اکیل یعنی تنہا و دکیل[1] و تھکیل۔

ہند : بفتح ، در آخرِ اسم بمعنیِ بو باس می آید ، چوں : سڑا ہند
و کچا ہند و بسا ہند و ہرا ہند و کھرا ہند [بوی بول]
و ککرا ہند [بمعنیِ بوی سگ] و چرا ہند ۔

بند : چوں : بھج بند یعنی بازو بند و تیج بند و نیچے بند و چہرے بند
و چھپر بند و ہتھیار بند و چیرا بند ۔

یرا : بسکونِ اول و حرفِ ماقبلش مکسور ، برای نسبت ، چوں :
ممیرا [ماموزاد برادر] و خلیرا [خالہ زاد برادر] و
بہتیرا و سویرا و دریں واو ، الفِ امالہ است از
" سوا " ، و کمیرا ۔

ہرا : بسکون ، ماقبل مفتوح ، برای نسبت ، چوں : سنہرا و کٹہرا و
چتہرا و اکہرا و دُہرا (د) تہرا و چوہرا و پچوہرا ۔

یلا : برای نسبت و صاحب ، چوں : رسیلا و کسیلا و رنگیلا و
رگیلا و پُھنسیلا و گنٹھیلا و ہٹیلا و نکیلا و تندیلا و نشیلا ۔
و گاہے بیای مجہول ، چوں : ادھیلا و سوتیلا و نولیا و اکیلا ۔

اَن : بفتح ، بمعنیِ نفی ، یعنی نہیں ، چوں : اَن میل و اَن گھڑ و
اَن مول و اَن کہی [ناگفتہ] و ان ذات و اَن پچ
و اَن پڑھ

---

[1] مخطوطے میں اِن کا املا " دوکیل " اور " تھوکیل " ہے ۔

Marfat.com

یا : ہر صیغۂ امر کہ آخرِ او حرفِ علّت باشد، ضمیرِ ماضی واقع می شود، چوں : لایا، کھایا، رویا، سویا۔ پیا، سیا ؛ یک حرفِ یا از کثرتِ استعمال ساقط شدہ۔

و در آخرِ اسم بمعنیِ فاعل آید، چوں : باڑھیا، دُھنیا، رنگ بھریا، فریبیا، بکھیڑیا، چینڈیا، جھپ جالیا۔ و گاہے برای نسبت، چوں : پہاڑیا و رام پوریا و تیلیا و بھوریا و جوگیا و مداریا و مونگیا۔ و گاہے برای تصغیرِ مونّث، چوں: بُڑھیا، چُلھیا، کُلھیا، ڈبیا، منڈھیا۔

نی : بیای معروف، علامتِ تانیث، چوں : ڈومنی و چاندنی و متھنی و اوڑھنی (و) سقنی و ہندنی و چونہ پُزنی و منگنی و ٹھگنی و پُھنکنی[1]۔

یت : بسکون و حرفِ ماقبل مفتوح، بمعنیِ فاعل، چوں : برچھیت و بنگیت و کرکیت و ڈکیٹ و بنیت و پھندیت و سیحیت۔

ڑا : بمعنیِ اضافی، چوں : سینکڑا[2] و چمڑا و دُکھڑا و پھلڑا و پلڑا و لنگڑا و کبُڑا و جیوڑا۔

و جملہ مصادرِ عربی کہ از بابِ تفعیل اند، در محاورۂ ہندیاں تانیث الاستعمال آمدہ اند، الّا : تعویذ ؛ چوں : تصویر، تاثیر، تحریر، تعمیر، تقریب، تہذیب، تمشیت، تشتیت، توریث، تلویث، تدریج، تزویج، توضیح، تفریح، تاریخ، توبیخ، تجدید، تبرید، تلمیذ، تشحیذ،

---

[1] مخطوطے میں اس کا املا "پھونکنی" ہے۔

[2] مخطوطے میں اسی طرح، مگر صحیح املا "سیکڑا" ہے بغیرِ نون۔

Marfat.com

تجویز ، تبریز ، تاسیس ، تخمیس ، تشویش ، تفتیش تلخیص ، ترخیص ، تفویض ، تحریص ، تخلیط ، تقریظ ، تربیع ، توقیع ، تفریع ، تبلیغ ، تعریف ، توصیف ، توفیق ، تحریک ، تشکیک ، تبدیل ، تعجیل ، ترمیم ، تحلیم ، تدوین ، تخمین ، توجیہ ، تنبیہ ۔

و ہرکلمہ کہ آخر تای قرشت دارد ، تانیث الاستعمال است ، چوں : مصلحت و مرحمت ۔ و اگر تای مخفّفہ است ، تذکیرالاستعمال ، چوں : معالجہ و معاملہ ۔ و خلعت و شربت شاذ است ۔

وٹی : ہم بدای نسبت ، چوں : سنگوٹی و چنوٹی و ہتوٹی و کجلوٹی وکسوٹی و بنجوٹی و لنگوٹی و چنگوٹی ۔

مصادرِ بابِ فعلن ، وزنِ عروضی ، و حرفِ مخلوطی محسوب نیست ۔

فصلِ الف عین کلمہ

اا[1] نا : بمعنیِ آمدن ۔

---

[1] مخطوطے میں اسی طرح لکھا ہوا ہے اور یہ فارسی لغات کی تقلید ہے ۔ متعدد پرانی مطبوعہ اور خطی کتابوں میں الفِ ممدودہ کو دو[2] الف کے ساتھ لکھا گیا ہے ۔ مطبوعہ لغات مثلاً ہفت قلزم اور برہانِ قاطع کے نول کشوری اڈیشنوں میں [سالِ طبع بالترتیب : ۱۸۷۹ء ، ۱۹۱۹ء] الفِ ممدودہ کو " اا " لکھا گیا ہے ۔ صاحب فرہنگ جہانگیری نے مقدمۂ فرہنگ میں اس کی صراحت بھی کی ہے : " چوں علمای فارس الف ممدودہ را دو[2] الف اعتبار می کنند ، در فصلِ الف ، از باب الف ، ہر لفظے کہ در اولِ او الف ممدودہ بود ، نوشتم و دو[2] الف رقم کردم " ۔ اردو میں اب اس کا رواج نہیں ۔ قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ اور مقامات[1] پر الفِ ممدودہ کو مع مد لکھا گیا ہے مثلاً آفریں بہ ذیل محاورات ہر جگہ الف پر مد ملتا ہے ۔ یہاں اس غیر متعارف املا کو محض مطابقتِ اصل کے خیال سے محفوظ رکھا گیا ہے ۔

Marfat.com

تانا : گرم کردنِ روغنِ گاو، تا خالص شود۔
جانا : بمعنیِ رفتن۔
بھانا[1] : بمعنیِ پسند آمدن۔
پانا : بمعنیِ یافتن۔
لانا : آوردن۔
کھانا : خوردن۔
گانا : بکافِ فارسی۔ سراییدن۔
ڈھانا : با دالِ ثقیل و با ہای مخلوط، بمعنیِ انہدام۔
چھانا : بجیمِ فارسی و ہای مخلوط، مکان را ثقف کردن از چوبہا یا از کاہ۔

فصلِ با ہر دو

پھبنا : بہای فارسی و ہای مخلوط، در استعمال آوردنِ چیزے کہ زیب دہد۔
دبنا : بفتح، زیرِ بارِ گراں شدن کہ باعثِ ہلاکت باشد، و مجازاً از زبر دست در گذر کردن۔
چھپنا : جیمِ فارسیِ مکسور و ہای مخلوط، نہاں شدن از چشمِ ناظرین۔ و بضم، رخنۂ خُرد یا کلاں بند شدن از گل در مکان، چوں سوراخِ موش یا دیوارِ شکستہ را۔

---

[1] "بھانا" کو بعض اساتذۂ متاخّرین نے، جن میں امیر مینائی کا نام قابلِ ذکر ہے، متروک قرار دیا تھا، مگر اکثریت نے اِس قول کو تسلیم نہیں کیا تھا۔ اِس اندراج سے معلوم ہوگا کہ تلامذۂ ناسخ (اور کم سے کم بحر) اِس کو متروک نہیں مانتے تھے۔

Marfat.com

جپنا : بفتحِ جیم و بای فارسی ، خواندن چیزے را از قسمِ وظائف بہ کرّات ۔

لپنا : لامِ مکسور بہ بای فارسی ، در مکان کہ گل شدن ۔

تپنا : تا مفتوح بہ بای فارسی ، گرم شدنِ زمین و مکان از تابشِ آفتاب ۔

ٹھپنا : بتای ثقیل و بای فارسی ، بمعنیِ ارتسام و طبع ، چوں مُہر بر کاغذ ۔

چھپنا : بفتحِ جیمِ فارسی و ہای مخلوط و بای فارسی ، مطبع شدن ، چوں کتابہا و پارچہ ہا کہ طبع می شوند ۔

کھپنا : بفتحِ کاف و ہای خلطہ ، گم شدنِ چیزے بطورِ تحلیل ، یا چیزے را در چیزے صرف شدن ۔

نپنا : بفتحِ نون و بای فارسی ، پیمایش شدن ۔

فصل التّا

کتنا : بفتحِ کاف ، پنبہ صرف شدن در رشتن ۔

جتنا : بضمِ جیم ، اسپ و گاو وغیرہ را در ارابہ گلو بند نہادن تا بکشد ، و مجازاً : در کارے مصروف شدن ۔

سنتنا : بضم و نونِ مغنونہ ، رشتہ و رسنِ باریک را از چیزے صاف شدن ، تا ریشہ و رگ ہموار شود ، و مجازاً : تغیّرے در چہرۂ کسے دیدن ۔

Marfat.com

فصل بتای ثقیل

اٹنا : بفتح و تای ثقیل ، از گرد آلودہ شدن ۔

بٹنا : بفتح ، تابیدنِ رشتہ و تقسیم شدنِ خوردنی و چیزہای دیگر ۔

پٹنا : بای فارسی مفتوح بتای ثقیل ، جای عمیق مثلِ چاہ و خندق وغیرہ از خاک و خاکروبہ ہموار و برابر شدن ، و ہم چند باستعفِ مکان ۔

پھٹنا : بای فارسی مفتوح و ہای خلط ، چاک شدنِ ہر چیز از خود یا از ضرب ۔

چھٹنا : جیمِ فارسی بضم و ہای خلط ، چیزے از چیزے جدا شدن ، و از آدمی آدمی ۔

چھنّٹنا : جیمِ فارسی مفتوح و نونِ مغنونہ و تای ثقیل ، شاخہای درخت قلم شدن ، و چیزے از چیزہا منتخب شدن ۔

ڈٹنا : دال و تا ہر دو ثقیل ، بمردانگی مقابل شدن ، خصوص در میدانِ جنگ ۔

رٹنا : بفتحِ رائے مہملہ بتای ثقیل ، یک کلمہ را علی الاتصال گفتن ۔

کٹنا : بفتحِ کاف بتای ثقیل ، بریدہ شدن ۔ و مجازاً : شرمسار شدن ۔

گھنّٹنا : بضمِ کافِ فارسی و ہا و نونِ مخلوط ، دم خفا شدن و دُخان با نبوہ شدن ۔

لٹنا : بضمِّ لام بتای ثقیل ، مال و اسباب غارت شدن ۔

پٹنا : بضم ، جدا شدن ۔

Marfat.com

بجنا : بفتح ، نواختن ۔

سجنا : بفتحِ سینِ مہملہ بجیم ، آراستہ شدن از لباس یا از سلاح یا از زیور وغیرہ ۔

بچنا : بای مفتوحہ باجیمِ فارسی ، از صدمات و از بلیّات یا از شےِ ناگزیر محفوظ ماندن ۔

پچنا : بفتحِ با و جیم ہردو فارسی ، ہضم شدن در معدہ ۔

منجنا : بفتحِ میم و نونِ غنّہ و جیم ، ظرف وغیرہ از خاکستر بزور سحق گردیدن و شستن است ۔

جنچنا : بفتحِ جیم بجیمِ فارسی و میان نونِ غنّہ ، چیزے خوب قدر و قیمتِ آں ذہن نشیں شدن ۔

رچنا : بضم ، بجیمِ فارسی ، رغبت شدن بچیزے ۔ و بفتح ، خوب شدنِ رنگِ حنا در دست و پا ، و مہیّا شدنِ سر و سامانِ شادی بخانہ ۔

سنچنا : بکسرِ سینِ مہملہ و نونِ غنّہ بجیمِ فارسی ، صرف شدنِ آب در زراعت و باغ و سبزہ زار و کشیدگیِ آب از چاہ و تالاب

بھنچنا : بکسرِ بای ابجد و ہا و نون ہر دو مخلوط ، تنگا تنگ آمدہ شدن ۔

کھنچنا : بکسرِ کاف و ہا و نونِ مخلوط بجیمِ فارسی ، کشیدہ شدن ۔

مچنا : بفتحِ میم بجیمِ فارسی ، شور و غوغا شدن ۔ چوں : شور و غوغا مچا ہے ۔

پنچنا : بضمّ نون بجیمِ فارسی ، بمعنی بال و پر برکندہ شدن ۔

کھدنا : بضمّ کاف و ہای خلط بدال ، کندیدہ شدن ۔

Marfat.com

چدنا : بضمِّ جیمِ فارسی ، گاییده شدن ۔
چھدنا : بکسرِ جیمِ فارسی و های خلطه ، سوراخ رسیده شدن از آلۂ نوکدار۔
بدنا : بفتحِ موحّده ، شرط کردن ۔
لدنا : بفتحِ لام ، بار شدن بر بار بردار
ہنڈنا : بفتح و نونِ غنّه ، رسوا شدن بکوچه و بازار ۔

فصل الرّا

بھرنا : بفتح و های خلطه ، پُر کردنِ ظرف از چیزها۔ ومجازاً: گذرانیدن ایّام از مشقّت و مصیبت ۔
پھرنا : بکسرِ بای فارسی و های مخلوط ، گردیدن و ریدن ۔
پرنا : بکسرِ بای فارسی ۔ و بعض بجای را ، لام خوانند۔ روغنِ کنجد و شیرۂ نیشکر بکشند ۔
ترنا : بکسرِ تای قرشت ، بر آب شنا ورشدن ۔ و ہر چیزے را گویند که بر آب باشد و غرق نشود ۔
چرنا : بکسرِ جیمِ فارسی، شگافته شدنِ چوب باشد یا کرپاس۔ و بفتح ، چریدنِ چوپایه ۔
جھرنا : بضمِّ جیم و های مخلوط ، پژمرده شدنِ ہمچو گل و گیاه ۔
کرنا : بفتحِ کاف ، کردن ۔ و بکسر، تیغ دندانه شدن بدم ۔
گرنا : بکسرِ کافِ فارسی ، افتادن ۔
ڈرنا : بفتحِ دالِ ثقیل ، ترسیدن ۔

Marfat.com

گھرنا : بکسرِ کافِ فارسی ، احاطہ شدن۔ ومیانِ دشمناں راہِ گریز نیافتن ۔

مرنا : بفتحِ میم ، مردن ۔

ہرنا : بفتح ، بازی از دست دادن ۔

اڑنا : بفتحِ الف ، قائم شدن بجای استوار ، انسان یا چیزے ۔

اوڑنا : بضمّ و وادِ مشمومہ ، پریدن ۔

بھڑنا : بکسرِ با و ہای مخلوط ، باکس ہم پہلو نشستن۔ وباکسے مقابل شدن ۔

پڑنا : بفتح ، افتادن ۔

تڑنا : بفتحِ تای قرشت ، وزن شدن در ترازو یا در پلّۂ چشم ۔

جڑنا : بفتحِ جیم ، چیزے درچیزے نشانیدن مثلِ نگیں ۔

جڑنا : بضمِّ جیم ، میسّر شدن ۔ و چیزے بچیزے چسپیدہ شدن ۔ و مجازاً : جماع ۔

چھڑنا : بفتحِ جیمِ فارسی ، برنج وغیرہ را درجوغنِ کلاں ازکوبہ مقشّر کردن و صاف نمودن ۔

جھڑنا : بفتحِ جیم ، ریختہ شدن ۔ و منزل شدن بجماع ۔

سڑنا : بفتح ، متعفّن شدن ۔

گڑنا : بفتحِ کافِ فارسی ، دفن شدن ۔ بضم ، بمعنی شیار زمینِ زراعت ۔

گھڑنا : بفتحِ کافِ فارسی بہای مخلوط ، ساختن ظرف ازمس وازسیم و زر۔

لڑنا : بفتح ، جنگیدن بزبان ، یا بزبان تیغ وسناں ۔

مڑنا : بضمِّ میم ، ازیک جانب بجانبِ دیگر رو آوردن۔ و بازگشت ۔

Marfat.com

فصلِ سینِ مہملہ :

بسنا : بفتحِ بای ابجد ، بود و باش کردن بجایے ۔

پسنا : بکسرِ بای فارسی ، ساییدہ شدن ۔ و بکسے میل کردن نہایت ۔

پھنّسنا : بفتحِ بای فارسی و ہا و نونِ مخلوطہ ، بدام گرفتار شدن ۔ و مجازاً : بدامِ محبّتِ کسے گرفتار شدن ۔

ٹھنّسنا : بفتحِ تای ثقیل و ہا و نونِ مخلوطہ ، چیزے بمنفذِ تنگ دخول شدن کہ گنجایشِ آں نداشتہ باشد ۔

دھنّسنا : بفتح ، ہا و نونِ مخلوط ، پا بگل شدن در زمینِ نمناک ۔

ڈسنا : بفتحِ دالِ ثقیل ، گزیدنِ مار ۔

رسنا : بکسرِ را ، آب چکیدن قطرہ قطرہ ٔ از ظرفِ ناقص و از جراحت ہم ۔

کسنا : بفتحِ کاف ، چیزے را محکم بستن برسنے ۔

گھسنا : بکسرِ کافِ فارسی و ہای مخلوط ، چیزے را بہ سنگ یا بہ چیزے دگر ساییدن ۔ و بضم ، دخول شدن بجای تنگ ۔

ہنّسنا : بفتح و نونِ غنّہ ، خندیدن ۔

فصلِ کاف

بکنا : بکسر ، بیع شدن ۔ و بفتح ، بسیار سخن گفتن ۔

پکنا : بفتحِ بای فارسی ، پختن ۔

پھنکنا : بضم و ہا و نونِ مخلوط ، سوختن ۔

ٹھنکنا : بضمِ تای ثقیل و ہا و نونِ مخلوط ، نفوذ شدنِ میخ در چیزے (و) سرکوفتہ شدنِ چیزے تا اندرونِ چیزے رود ۔

Marfat.com

بھنکنا : بہماں وزن ، نوکِ کدام چیز در بدن پیوستن ۔
تکنا : بفتح ، نگریستن ۔
ٹنگنا : بفتحِ تای ثقیل و نونِ غنّہ ، آویختہ شدن ۔
جھکنا : بضم و ہای مخلوط ، خمیدہ شدن ۔
چکنا : بضمِ جیمِ فارسی ، از صرف شدن چیزے نماند ۔
چھکنا : بفتحِ جیمِ فارسی و ہای مخلوط ، سیر شدن از خوردن و آشامیدن ۔
ڈھنکنا : بفتحِ دالِ ثقیل و ہا و نونِ مخلوط ، چیزے را از چیزے پوشیدن ۔ و سرپوش را نیز گویند ۔
رکنا : بضمِّ را ، از روانی باز ماندن ۔ و از کسے بسببِ رنجش دم بخود ماندن ۔
سنکنا : بکسرِ سینِ مہملہ ، چیزے از آتش گرم شدن ۔
اگنا : بضم ، رویدہ شدن ۔
ٹھگنا : بفتحِ تای ثقیل و ہای مخلوط بکافِ فارسی ، چیزے از کسے بفریب گرفتن ۔
ہگنا : بفتح ، ریدن ۔
تھکنا : بفتح ، کاہلہ شدن از مسافت ۔
ٹنکنا : بفتحِ تای ثقیل و نونِ غنّہ ، دوختہ مثلِ بندِ قبا وغیرہ ۔
لگنا : بفتحِ کافِ فارسی ، چیزے بچیزے وصل شدن ۔

فصل لام

پلنا : بفتحِ بای فارسی ، پرورش یافتن ۔ و بکسر ، حملہ آور شدن ۔
پھلنا : بفتحِ بای فارسی و ہای مخلوط ، بار ور شدن ۔ و مجازاً : بثور برآوردن از کسے علّت ۔

Marfat.com

تلنا : بفتحِ تا ، چیزے بروغن بریاں کردن ۔ بضم ، وزن شدن بمیزان ۔ وتای ثقیلِ مفتوحہ ، چیزے را (کذا) ازجای خود دور شدن ، و از مجادلہ بہ بہانہ دور شدن ۔

جلنا : بفتح ، سوختن ۔

جھلنا : بفتح و ہای مخلوط ، بادزن جنباں شدن ۔ وآب بشورہ سرد شدن ۔ وظرف وزیورِ شکستہ پیوند شدن ۔

چلنا : بفتحِ جیمِ فارسی ، خرامیدن ۔

چھلنا : بفتحِ جیمِ فارسی و ہای مخلوط ، جن زدہ شدن ۔ بکسر ، پوست مال شدن و پوست کندن ، یعنی مقشّر شدن ۔

دلنا : بفتحِ دال ، دانہا را آسیا کردن برای اسپاں ۔

ڈھلنا : بفتحِ دالِ ثقیل و ہای مخلوط ، چیزے نقرہ ومسی و برنجی در قالب ، ہندی : سانچا ، درست شدن ۔ وتنزّلِ وقت شدن ۔ وبضم ، چیزے مدوّر غلطیدہ شدن ۔

رلنا : بضم ، دانہای خوب از انبارِ غلّہ رُفتہ و برآوردہ شدن ۔

گلنا : بفتحِ کافِ فارسی ، گداختہ شدنِ گوشت از آتش ، و چیزے بسببِ رطوبتِ خویش و بزیر ماندن گداختہ شود ۔

گھلنا : بضمِّ کافِ فارسی وہای مخلوط ، درآب آب شدنِ مثلِ قند وشکر وغیرہ ۔

کھلنا : بکسرِ کاف و ہای خلطہ ، شگفتنِ ریاحین ۔ وبضم ، وا شدن ۔

ملنا : بفتحِ میم ، مالیدن ۔ وبکسر ، معانقہ کردن ۔ وچیزے گم شدہ را دست یاب شدن ۔

ہلنا : بکسرِ ہا ، جنبیدن ۔ و رام شدنِ جانور ۔

Marfat.com

فصلِ میم :

تھمنا : بفتحِ تا و ہای مخلوط ، گرفتہ شدن واز کار ساکت شدنِ چوں بارش و بادِ تند ۔

جمنا : بفتحِ جیم ، بستہ شدنِ برف و جغرات ونمش وغیرہ ۔

دمنا : بفتحِ دال ، خمیدہ شدن و راست شدنِ تیغ بوقتِ آزمایشِ اصالت ۔

فصلِ نون :

بننا : بفتحِ بای ابجد ، تیّار شدنِ چیزے از ساختن ۔ وبکسر، بافتن ۔

بھننا : بضمِ و ہای مخلوط ، بریاں شدنِ غلّہ درگلخن و کباب بر آتش ۔

تننا : بفتحِ تا ، تنیدن ، و برخود پیچیدن ۔

جننا : بفتحِ جیم ، زادن ۔

دھننا : بضمِ دال و ہای مخلوط ، ندّافی ۔

چھننا : بفتحِ جیمِ فارسی و ہای مخلوط ، بیختہ شدن ۔ وبکسر، از زبردستی چیزے ربودہ شدن ۔

چننا : بضم ، چیدن ۔

سننا : بضمِ سینِ مہملہ ، شنیدن ۔ وبفتح ، آلودہ شدن ۔

گننا : بکسرِ کافِ فارسی ، شمردن ۔

گھننا : بضمِ کافِ فارسی وہای مخلوط ، کرم خوردہ شدن بسببِ کہنگی ۔

مننا : بفتحِ میم ، بہ لجاجت ملاقی شدن کسے آزردہ خاطر ۔

Marfat.com

فصلِ واو :

بونا : بضمِ بای ابجد، درخت نشانیدن وتخم پاشی کردن ۔
چونا : بضمِ جیمِ فارسی ، ریزشِ آب از سقفِ شکستہ ۔
چھونا : بضمِ جیمِ فارسی وہای مخلوط، ملاقی شدنِ دست بچیزے ۔
دھونا : بضمِ دال وہاے مخلوط وواوِ مجہول ،شستن ۔ و بدالِ ثقیل ، چیزے را بدوش و سربارکردن و بجایے رسانیدن ۔
رونا : بضمِ را بواوِ مجہول ، گریستن۔
سونا : بضم، واوِ مجہول ، خفتن ۔ و اسم زر۔
کھونا : بر وزنِ دھونا ، گم کردنِ چیزے ۔
ہونا : بضمِ ہا، بواوِ مجہول ، کارے واقع شدن ۔

فصلِ ہای ہوّز :

اٹھنا : بضم و تای ثقیل و ہای مخلوط ، برخاستن ۔
بہنا : بفتح وہای مخلوط ، جاری شدنِ آب ۔
بدھنا : بکسر وہای مخلوط ، سوراخ شدنِ گوہر و چیزے۔ (و) بتلائی شدن ۔ وایں معنی اہلِ تنجیم میدانند از روی علم خویش ۔
بڑھنا : بفتح ورای ثقیل و ہای مخلوط ، ترقی کردن ۔
پڑھنا : بفتحِ بای فارسی ورای ثقیل و ہای خلط ، خواندن ۔
چڑھنا : بفتحِ جیمِ فارسی ورای ثقیل و ہای خلط ، سوارشدن ۔ و بکسر، از نامِ کسے چیز آزردہ شدن ۔
کڑھنا : بضمِ کاف ورای ثقیل وہای مخلوط ، مغموم شدن ۔

Marfat.com

گڑھنا : بفتحِ کافِ فارسی و رای ثقیل ، چیزے ساختن ۔۔۔۔ و سنداں ۔
گندھنا : بضمِ کافِ فارسی و نونِ غنّہ ، منسلک شدنِ لآلی و زیور بتارِ ریشم ۔
دوہنا : بضم و واوِ مخلوط ، دوشیدن ۔
چکھنا : بفتحِ کاف ، مزہ دریافتنِ چیزے از زبان و خوردن ہم ۔
رہنا : بفتحِ را ، بجایے استقامت نمودن ۔
سہنا : بفتح ، گوارا کردنِ چیزے ناگوار ۔
کہنا : بفتحِ کاف ، گفتن ۔
دکھنا : بضمِ دال ، دردرسیدن بہ اعضا ۔
نبھنا : بکسر و بای ابجد و ہای خلط ، کارے را بہ انجام رسانیدن ۔
چبھنا : بضمِ جیم فارسی و بای ابجد ، خار و مثلِ خار پیوستن بہ بدن ۔
متھنا : خمیر برآوردن چیزے را ۔
پتھنا : بفتحِ بای فارسی و تا و ہای مخلوط (کذا) ۔
سدھنا : بفتحِ سینِ مہملہ و دال و ہای مخلوط ، تعلیم یافتنِ جانور تا حکم بردار شود ۔
بجھنا : بضم و جیم و ہای مخلوط ، سرد شدنِ آتش و شعلہ ۔ و دریافتنِ چیستاں ۔
پینا : بکسرِ بای فارسی و یای معروف ، آشامیدن ۔
جینا : زیستن ۔
سینا : بکسرِ سین بیای معروف ، دوختن ۔
دینا : بکسرِ یای مجہول ، دادن ۔
لینا : بکسرِ یای مجہول ، ستاندن ۔
ڈھینا : بفتح و ہای مخلوط ، از پا درآمدنِ در و دیوار وغیرہ ۔

Marfat.com

بابِ فاعلن

مع الیای فارسی :

ڈوبنا : بضم بواوِ معروف ، در آب غرق شدن ۔

ٹاپنا : جویای مطلب جا بجا گشتن ۔

بھانپنا : بفتح و ہا و نونِ مخلوط ، گمان بردن بر کسے بحسبِ مقصودِ خویش ۔

تاپنا : گرم کردنِ دست و پا برآتش ۔

کاپنا : لرزیدن ۔

ہاپنا : دم سوختہ شدن ۔

تھوپنا : بواوِ مجہول ، الزام بر مردِ بے قصور نہادن ۔

سونپنا : بفتح ، واو (و) نونِ مخلوط ، سپردن ۔

جھینپنا : بکسر ، بہای مخلوط ، بیای مجہول ، از کلامِ طنز آمیز خفیف شدن ۔

گھینپنا : بکسرِ کافِ فارسی بہا و نونِ مخلوط ، بیای مجہول ، چیزے را در ظرف از انگشت یا از کفِ دست خوب مالش دادن تا خمیر برآورد ۔

موتنا : بوزنِ ڈوبنا ، شاشیدن ۔

سینتنا : بیا و نونِ مخلوط ، چیزے را باحتیاط نگاہداشتن تا وقتِ دیگر بکار آید ۔

Marfat.com

فصلِ جیم ہر دو:

سوجنا: بواوِ معروف ، ورم شدن ۔

سونچنا: بواوِ مجہول (و) نونِ غنّہ ، خیال کردن و بیاد آوردن چیزے را ۔

گونجنا: بواوِ معروف (و) نونِ غنّہ ، مستی کردنِ کبوتر بآواز ۔ وصدای فرضیِ دشت و جبل ۔

بیچنا : بیای مجہول ، فروختن ۔

چیخنا : بیای معروف ، آواز بلند کردن ۔

ناچنا : رقصیدن ۔

کونچنا : بواوِ مجہول (و) نونِ غنّہ ، قاشِ انبہ وغیرہ را برای آچار و مرّبا ریش کردن بعقدِ چند سوزن ۔

فصلِ ہر دورا :

پارنا : لوہ گرفتن از شعلۂ چراغ ۔ تصدّق کردن[1] ۔ (کذا) ۔

دھارنا : ہای مخلوط ، نطول کردن ۔

گھیرنا : بکسرِ کافِ فارسی (و) ہای مخلوط (و) یای مجہول ، چرخہ زنی کردن ۔

ٹھیرنا : بفتح ، ہا و یا مخلوط ، از روانی باز ماندن ۔

---

[1] ایسا معلوم ہوتا ہے کہ "پارنا" اور "وارنا" دو مصدروں کی جگہ ، ایک مصدر رہ گیا اور دونوں کے معانی اِسی ایک مصدر کے ذیل میں آگئے ۔ غالباً یہ سہوِ کتابت ہے ۔

Marfat.com

گھورنا : بضم ، ہای مخلوط بواوِ مجہول (کذا) بنظرِ تیز نگریستن ۔
تیرنا و پیرنا : بفتح ، شناوری کردن ۔
چھیڑنا : بکسر و ہا و یای مجہول مخلوط ، بنوعے رنجانیدن خواہ بمزاح خواہ بطعن و طنز ۔
چھوڑنا : بواوِ مجہول ، رہا نیدن ۔
توڑنا : بواوِ مجہول ، شکستن ۔
دوڑنا : بفتحِ دال ، دویدن ۔
پھوڑنا : سر را شکستن و سبو و خم را شکستن ۔
پھاڑنا : چاک کردن ۔

فصلِ سینِ سعفص :

تاسنا : رعب نشانیدن بر طفل ۔
ہونسنا : بواوِ معروف و نونِ غنّہ ، بدگوئی کردن بر شک و حسد ۔
کوسنا : بواوِ مجہول ، بد دعا کردن ۔
ٹیسنا : بیای معروف ، درد شدنِ جراحت یا بریاح ۔
بخشنا : کرم و عفو کردن ۔

فصلِ ہر دو کاف :

پھانکنا : بفتح ، ہا و نونِ مخلوط ، سفوف خوردن ۔
پھونکنا : بواوِ معروف (و) ہا و نون مخلوط ، نفخ بمنفاخ ۔ و پف کردن دعا ۔ و سوزانیدن ۔

Marfat.com

فصلِ تای ثقیل :

چاٹنا : از زبان چشیدن ۔

ڈانٹنا : بنونِ غنّہ ، کسے را بآوازِ تند وغیظ آمیز نہیب دادن ۔

اونٹنا : بفتح ، واو (و) نون مخلوط ، روغن و شیر وغیرہ را جوشیدن ۔

ٹوٹنا : بضم ، بواوِ معروف ، شکستہ شدن ۔

پھوٹنا : نمو کردنِ دانہ ہا درکشت و کوپلہا ۔ ومنفجر شدنِ دنبل ۔ و ریش شدنِ جسم از مرض ۔ وبمعنی شکستہ شدن نیز ۔

گھونٹنا : ہا و واوِ مجہول ونونِ غنّہ ، حل کردن ۔ و بواوِ معروف ، گلو فشردن ۔

پیٹنا : بیای معروف ، سینہ (و) سر کوفتن درغم ۔ وکسے را بتقصیر زدن ۔

بحثنا : بفتح وثای ثخّذ ، باکسے مباحثہ کردن ۔

فصلِ دال :

پادنا : گوزیدن ۔

پھاندنا : ہا و نون مخلوط ، از یک جانب بجانبِ دیگر جست کردن ۔

کوندنا : بفتح ، واو و نون مخلوط ، رخشیدنِ برق ۔

سوندنا : بفتح ، بروزنِ کوندنا ، آرد و خاک را گل کردن بدست و پا ۔

روندنا : بہماں وزن ، پایمال کردن ۔

اینڈنا : بفتح ، برخود پیچیدن ۔

Marfat.com

چوکنا : بواوِ معروف ، سہو کردن ۔
تھوکنا : ہای مخلوط بواوِ معروف ، انداختنِ لعابِ دہن ۔
ٹوکنا : بواوِ مجہول ، درکارِ کسے دخل نمودن ۔
اوکنا : بواوِ مجہول ، قے کردن ۔
ڈاکنا : بہماں معنی ۔
چونکنا : بفتح ، واو (و) نون مخلوط ، یکایک بیدار شدن ۔
بھونکنا : بفتح ہا و واو و نون مخلوط ، غرّیدنِ سگ ۔ وبضم ، بواوِ مجہول ، دخول کردنِ کارد درشکم ۔ وایں مصدرِ متعدّی کردہ است بازدیادِ واو ، و از بابِ فعلن در بابِ فاعلن آوردہ ۔
جھونکنا : بواوِ مجہول (و) ہا و نون مخلوط ، خس وخاشاک درگلخن سوزانیدن ۔
پھینکنا : بکسر و ہا بیای مجہول مخلوط و نونِ غنّہ ، انداختن و رایگاں کردنِ چیزہا ۔
کوکنا : بواوِ معروف ، سوزنِ ساعت را از کلید گردش دادن ۔ و سازِ ارغن را ہم نواختن ۔
دھونکنا : بفتح ، ہاو واو و نون مخلوط ، آتش را مشتعل گردانیدن ۔
پاگنا : تخمِ خربز و تربز را بریاں کردن بروغن و شکر ۔
مانگنا : نونِ غنّہ ، سوال کردن ۔
بھاگنا : بہای مخلوط ، گریختن ۔
ٹونگنا : بواوِ معروف و نون ، چیزے خوردن اندک اندک ۔
جاگنا : بیدار شدن ۔

Marfat.com

فصلِ لام :

جھیلنا : یای مجہول و ہای مخلوط ، گذرانیدنِ مصیبت و سختی ۔

پیلنا : بیای مجہول ، ورزش کردن ۔ و روغنِ کنجد وغیرہ در جوغنِ چوبی کلاں بامدادِ گاوِنر کشیدن ۔ بعض بایں معنی بجای لام ، حرفِ رای قرشت استعمال کنند ۔

سالنا : ہر چہار پایہ را سوراخ کردن موافقِ چہار چوبِ پلنگ ۔

کھیلنا : ہای مخلوط بیای مجہول ، مشغول شدن بلہو و لعب و ببازیہا مثلِ گنجفہ و چوپڑ وغیرہ ۔

پھولنا : ہای مخلوط بواوِ معروف ، شگفتن و عمل آوردنِ درخت ۔ و فربہ شدن ۔ و بیای ابجد ، سہو کردن ۔

بولنا : بواوِ مجہول ، گویا شدن ۔

ڈالنا : انداختن ۔

ہولنا : بواوِ معروف ، پیل را راندن ۔

جھولنا : ہای مخلوط بواوِ معروف ، در مہد وغیرہ آرام گرفتنِ اطفال ۔

فصلِ میم :

چومنا : بواوِ معروف ، بوسیدن ۔

جھومنا : ہای مخلوط بواوِ معروف ، سر جنبانیدنِ فیل و [illegible] بعالمِ مستی ۔

تومنا : بواوِ معروف ، پنبہ را ریشہ ریشہ کردن بانگشتہا ۔

گھومنا : ہای مخلوط بواوِ معروف ، چرخ زدن بگردِ خویش و گشت کردن ۔

Marfat.com

سہنا : بفتحِ ہای مخلوط ، خائف شدنِ اطفال ۔
ماننا : سخن پذیرا کردن ۔
جاننا : دانستن ۔

فصلِ ہا :

دیکھنا : بیای مجہول و ہای مخلوط ، دیدن ۔
دوکھنا : بواوِ مجہول و ہای مخلوط ، ردّ و قدح کردن ۔
سونگھنا: بواوِ معروف و نونِ غنّہ ، بوییدن ۔
اونگھنا : بر وزنِ سونگھنا ، سرنگوں شدن بغنودگی ۔
سوکھنا : بواوِ معروف ، خشک شدن ۔
سیکھنا : بیای معروف ، آموختن ۔
اینٹھنا : بفتحِ یا و نون و تای ثقیل ہمہ مخلوط ، اعضا شکنی ۔
پاچھنا : از کوکنار افیون برآوردن ۔
سوجھنا : چیزے بینا شد ۔
چیڑنا : بیای مجہول و رای ثقیل ، اوّلاً چرمِ پاپوش را بہ اوزار تراش خراش کردن ۔
اوندھنا: بفتح ، واو و نون و دال مخلوط ، بر رو افتادن ۔
کونتھنا : بواوِ معروف ، نون و تا مخلوط ، بوقتِ ریدن قوّت کردن تا براز برآید ۔
کانکھنا : نونِ مغنونہ ، بہماں معنی ۔
بیٹھنا : بفتح ، بیا و تای ثقیل ، نشستن ۔

Marfat.com

بابِ فعولن

لبھانا : بضم و ہای مخلوط ، راغب کردن بسوی خویش ۔
بلانا : بضم ، کسے را طلب کردن ۔
کھجانا : بضم ، خاریدن ۔
ستانا : بفتح ، رنجیدہ کردن ۔
بتانا : بفتح ، آموزیدن ۔
اگھانا : بکافِ فارسی ، قرض دادہ شدہ را ستانیدن ۔
کھجانا : بکسر و ہای مخلوط ، ناراض کردن بکلامِ غیرت انگیز ۔

جھڑپنا : باکسے تند کلام کردن بعزمِ جنگ ۔
کلپنا : جامہ آہار کردن ۔ و دعای بد کردن ۔

اچٹنا : حربہ از ضرب جستن و کارگر نشدن ۔
اگٹنا : کلامِ مخاطب را مکرر بزبان آوردن ۔ و بزرگانِ مخاطب را بتوہین بذکر آوردن ۔
الٹنا : بفتح از جای برگشتن ۔
جھپٹنا : بفتح ، بہای مخلوط ، بزودی دویدن ۔
رپٹنا : بفتحتین ، لغزیدنِ پا ۔
ڈپٹنا : بفتحتین ، تند راندنِ اسپ ۔
چمٹنا : بفتحتین ، چسپیدن ۔

Marfat.com

چہکنا : بفتحتین ، آوازِ جانورانِ خوش آواز (بہنگامِ) خوشی ، یعنی نغمہ سرایی ۔

گنوانا : بفتح ، نونِ مخلوط ، رایگاں کردن ۔

کھوندلنا : ہا ، واو ، و نون ہر سہ مخلوط ـــــ (کذا) ۔

چکٹنا : بکسرِ جیم فارسی ، بفتحِ کاف ، کثیف شدنِ لباس و موی سر بسببِ روغن ۔

سمٹنا : بکسر و میم مفتوح ، غنچہ شدنِ چیزِ پریشاں و جمع شدن ۔

لپٹنا : بکسرِ لام و بفتحِ بای فارسی ، چسپیدن ، چوں بیار (مار ؟) بدرخت ۔

گھسٹنا : بفتحِ کافِ فارسی و ہای مخلوط و سینِ مہملہ مکسور ، کشیدہ شدنِ چیزے بزور ۔

فصلِ ہر دو جیم :

گرجنا : بفتحتین ، غرّیدنِ سحاب ۔

اوپجنا : بضم ، واوِ مخلوط ، بای فارسیِ مفتوح ؛ بزبانِ بھاکا بمعنیِ رویدن ۔ و بزبانِ اردو بمعنیِ نغمۂ نو پیدا کردن درغنا ۔

کھرچنا : بضم ، بہای مخلوط ، بفتحِ را ؛ چیزے از چیزے برکندن بطورِ رندا ۔

الچنا : بروزنِ اُپجنا ، آب کشیدن از چاہ یا از چقر تمام ۔

خرچنا : زرصرف کردن ۔

امنڈنا : }
گھمنڈنا : } ہر دو بمعنیِ گرد آمدنِ ابر ۔

Marfat.com

فصلِ رائے قرشت :

اترنا : بضم ، از فوق بہ تحت آمدن ، یا بغارے یا چاہے فرو رفتن ۔ و کم شدنِ موی سر۔ ولاغر شدنِ چہرہ و بدن۔ و استعمالِ آں بعنوانہا ۔

ابھرنا : بضم ، برآمدنِ چیزے ،ہمچو پستان و حباب ۔

اپھرنا : بفتحتین ، نفخ شکم شدن ۔

بکھرنا : بکسر و ہای مخلوط ، مجموعہ پریشاں شدن ۔

دھرانا : بکسر و ہای مخلوط ، از کلامِ طنز آمیز با کسے غرور کردن ۔

سنورنا : بفتح و نونِ غنہ ، آراستہ شدن ۔

گزرنا : بضم ، بجایے رفتن و از کارے درگذشتن ۔

مکرنا : بضم ، منکر شدن از کردۂ خویش ۔

نکھرنا : از کثافت نفیس شدن ۔

ٹھٹھرنا : بکسر و ہر دو ہای مخلوط ، از نمو باز ماندن۔ و سرد شدنِ جسم از شدّتِ سرما ۔

پسرنا : مسرور شدن باندک چیزے بسببِ طمع ۔

کترنا : بفتحتین ، مقراض کردن ۔

بگھرنا : بفتحتین ، آمیختہ شدنِ طعام بروغنِ داغ کردہ ۔

لرزنا : بفتحتین ، لغزیدن۔

Marfat.com

فصلِ سین :

اکسنا : بضم ، افزودہ شدنِ فتیلہ از لبِ چراغ ، تا روشنی زیادہ شود۔ و قدرے آمادہ شدن بر کارے ۔

بھلسنا : } ہر دو بضم ، بہای مخلوط ، کم کم سوختہ شدن ۔
جھلسنا : }

ابسنا : بضم ، طعامِ شب ماندہ متعفّن شدن بسببِ گرمی ۔

برسنا : بفتحتین ، باریدنِ ابر ۔

ترسنا : بفتحتین ، بسیار متمنّی ماندن بچیزے ۔

فصلِ کاف :

اٹکنا : پیچیدہ شدنِ دامن از خار یا بچیزِ دیگر ۔

مٹکنا : بفتح ، حرکاتِ رقّاصاں کردن بمسخرگی ۔

جھٹکنا : بفتح ، بہای مخلوط ، دامن افشاندن ۔

چٹکنا : شگفتنِ غنچہ ۔ و جستنِ دانۂ اسپند وغیرہ بر آتش ۔

لٹکنا : بفتح ، آویختہ شدن ۔

بھٹکنا : بفتح ، بہای مخلوط ، راہ گم کردن ۔

ٹھٹھکنا : بکسر و ہر دو ہا مخلوط (کذا) ۔

پھٹکنا : بفتح و ہای مخلوط ، غلّہ را پاک کردن بغلّہ فشاں ۔ و گذر کردن بجایے، لیکن بترکیبِ صیغۂ امر، چوں : آنہ پھٹکتے ، و جانہ پھٹکتے ۔

کھٹکنا : بفتح ، بہای مخلوط ، خلیدنِ ذرّہ بچشم ، و دغدغۂ چیزے بدل ۔

Marfat.com

پٹکنا : بفتح ، سر کوبیدن بدر و دیوار ۔

چھٹکنا : بکسرِ جیم فارسی بہای مخلوط ، روشن شدنِ شب ماہ ۔

سٹکنا : بفتح ، بے اطلاع بجایے رفتن ۔

مسکنا : بفتح ، دنداں نما شکستنِ ملبوس ۔

جھجھکنا : بکسرِ اول ، پس و پیش کردن از حجاب ۔ و دفعۃً خائف شدن ۔

بہکنا : بفتحتین ، بے محل سخن گفتن از روی سہو ۔

مہکنا : بفتحتین ، بویا شدن ۔

لچکنا : بفتحتین ، لغزیدنِ چیز بسببِ نزاکت ۔

پچکنا : بکسر ، از حریف درگذر کردن ۔ و ناہموار شدنِ ظرف بسببِ صدمہ ۔

اچکنا : جستن مثلِ غوک ۔

چہکنا : بفتحتین ، نغمہ کردنِ مرغاں ۔

بلکنا : بکسر ، نالاں شدن بہ بیقراری ۔

جھلکنا۔ چمکنا۔ دمکنا : ہر سہ بفتحتین ، بمعنی رخشیدن ۔

گمکنا : بفتحتین ، گندہ تحریر سرایدن ۔

ہچکنا : بکسر ، آمادہ شدن بکارے باندیشہ ۔

کھسکنا : بکسر ، بہای مخلوط ، جنبش کردن از جایے ۔ و گریختن بے اطلاع ۔

دہکنا : بفتحتین ، مشتعل شدنِ آتش ۔

گہکنا : بفتحتین ، کافِ فارسی ، گفتگو کردن بخروش ۔

Marfat.com

ہمکنا : بضم ، حملہ ور شدنِ طفلِ شیرخوار بآغوشِ کسے ۔
تھلکنا : بفتحتینِ تا و لام بہای مخلوط ، جنبیدنِ تودۂ گل ۔
چھنکنا : بکسر ، بہای مخلوط ، بینی پاک کردن از خلم۔ و بفتح ، آواز کردنِ روغنِ داغ در طعام ۔
جھنکنا : بفتح ، بہای مخلوط ، آواز کردنِ خلخال وغیرہ۔
لپکنا : بفتحتینِ لام و بای فارسی ، زود دویدن ۔
بھبھکنا : بفتحتینِ ہر دو بای ابجد و مخلوط ہر دو ہای ہوّز ، بدبو رسیدن بدماغ یکایک ۔
مہکنا : بفتحتین ، بودادنِ اشیای خوشبو ہمچو ریاحین و لخلخہ ۔ و معطّر شدنِ مکان و لباس از آں اشیای خوش بو ۔
لہکنا : جنبیدنِ سبزہ و گلہا بتازگی ۔
پھپھکنا : بفتحِ ہر دو بای فارسی و مخلوط ہر دو ہای ہوّز ، بالیدہ شدنِ اشجار و فربہ شدنِ انسان ۔
تھرکنا : تای مکسور بہای مخلوط ، جنبانیدنِ اعضا ۔
سسکنا : بکسرِ سینِ اول ، دم سوختن از فرطِ گریہ۔ و دم شماری بعالمِ نزع ۔
سچکنا : بضمِ سین ، آمادہ شدن بکارے بصد اندیشہ ۔
چرکنا : بکسرِ جیمِ فارسی ، ریدنِ طفل ۔ و بضم ، ریز کردنِ جانورِ قفسی ۔
گھرکنا : مکسورِ کافِ فارسی بہای مخلوط ، طفل را بآوازِ مہیب منع کردن شوخی را ۔
سرکنا : بفتحتینِ سین و را ، از جای حرکت کردن ۔
ڈھلکنا : دالِ ثقیل و لامِ مفتوح بہای مخلوط ، اشک جاری شدن قطرہ قطرہ ۔

Marfat.com

جھپکنا : چشم زدن ۔ و بمقابلۂ کسے در گذر کردن ۔
بھڑکنا : بای مفتوح بہای مخلوط ، وحشت کردنِ جانور ۔
پھڑکنا : بہمان قیاس ، حرکت کردن بے تابانہ ، ہمچو بسمل ۔
کھڑکنا : بہمان قیاس ، آواز دادنِ اوراقِ خشکیدہ ۔
جھڑکنا : جیم مکسور بہای مخلوط ، باز داشتن طفل را از شوخی بآوازِ تند ۔
چھڑکنا : جیم فارسی مکسور بہای مخلوط ، افشاندن و پاشیدن ۔
دھڑکنا : اختلاجِ قلب ۔
ڑڑکنا : ہر دو رای ثقیل ، اول مکسور ، فغاں کردنِ طفل برای چیزے ۔
سڑکنا : بضم سینِ مہملہ ، از سوراخِ بینی چیزے بکار بردن
مڑکنا : چیزے کج شدن از صدمہ ۔
ہڑکنا : ہای مضموم ، شیون کردنِ طفل ۔
کڑکنا : بفتح ، شورشِ برق و چوبہای سقف کہ از بارِ گراں آوازِ شکستن دہد ۔

فصلِ لام :

سلگنا : بضم ، روشن شدنِ آتش از فروزینہ ۔
ابلنا : بضم ، بیروں آمدنِ شیر و شورابہ از جوشیدنِ مرجل بر آتش ۔
اگلنا : بضم ، چیزے از دہن بیروں آوردن ۔ و بیروں آمدنِ تیغ از نیام ۔
پھسلنا : بای فارسیِ مکسور وہای مخلوط ، پای لغزیدن از گل یا از چیزے دیگر ۔
سنبھلنا : باز ماندن از صدمہ افتادن ، و ہم از کارِ زشت ۔
اچھلنا : بضم ، جستن ۔

Marfat.com

کچلنا : چیزے را کوفتن ۔
مچلنا : ضد کردنِ طفل بچیزے ۔
پگھلنا : بکسرِ بای فارسی و بفتحِ کافِ فارسی و ہای مخلوط ، گداختہ شدنِ مثلِ قلعی و سرب بر آتش ۔
نکلنا : بکسر ، بیروں شدن ۔
بدلنا : بفتحتین ، چیزے را بچیزے بدل کردن ۔
کھسلنا : مکسور ہای مخلوط ، افتادن از بلندی بسریں ۔ و حرکت کردنِ طفل بسریں برزمیں ۔
بہلنا : بفتحتین ، ساکت شدنِ طفلِ گریاں بشغلِ دیگر ۔
اونڈلنا : بضم ، واو و نون مخلوط ، انداختہ شدنِ چیزِ رقیق بظرفِ دیگر ۔

فصلِ ہای ہوّز :

اولجھنا : بضم ، واوِ مشمومہ و لامِ مفتوح و جیم و ہا مخلوط ، معقّد شدنِ تارہا و موہا کہ شانہ کشیدن دشوار شود ۔ و مباحثہ کردن باکسے از جہالت و گرفتار شدن بکار ۔
سلجھنا : بہماں قیاس ، یعنی آراستہ شدنِ آں معقّد ہای تارہا ۔
سمجھنا : بفتحتین ، فہمیدن ۔
پرکھنا : بفتحتین ، شناختنِ اشرفی و روپیہ ۔
دلکھنا : بضم ، ردِّ سخن کردن ۔
پرونا : بکسرِ بای فارسی و وادِ مجہول ، دانہ ہا را برشتہ کشیدن ، و ہم سوزن را ۔
سمونا : بفتحِ سین ، و میم بوادِ مجہول ، گرم و سرد را معتدل گردانیدن ۔
سکرنا : بفتحتین ، پرکھنا ۔

Marfat.com

بابِ مفاعلن

الاپنا : سرایيدنِ اصولِ غنا ۔

دبوچنا : چیزے را یا کسے را بقوّت گرفتن در آغوش یا در مشت ۔

کھسوٹنا : بفتحِ کاف، وہای مخلوط و واوِ مجہول ، موی سر کندن بعالمِ غیظ و غصّہ ۔

پکارنا : بضم ، آواز دادن کسے را ۔

بچارنا : پوتھی خواندنِ برہمناں ۔

بسورنا : بکسر، نیم گریہ ۔

بُہارنا : جاروب کشیدن ۔

بسُورنا : چہرہ گریہ ناک ساختن ۔

بچورنا : پنبہ را صاف نمودن بانگشتہا ۔

اٹیرنا : پیچیدنِ رشتہا بر استاج ۔

مٹھارنا : بفتحِ میم ، تیغِ آبدار را کند نمودن ۔

سدھارنا : بکسر، رخصت شدن ۔

مڑوڑنا : بفتح، وبضمِّ رای ثقیل بواوِ مجہول ، دستِ کسے را بقوّت تاب دادن ۔ یا چیزے را تاب دادہ افشردن ۔

بھنبھوڑنا : بفتح ، نون و ہا مخلوط ، وبضمّ بای ثانی وہا مخلوط بواوِ مجہول ، گزیدنِ سگ ۔

جھنجھوڑنا : بکسر، بقیاسِ ماقبل ، گزیدنِ سگ بتکان دادنِ شکار ۔

Marfat.com

ٹھوکنا : بفتحِ تای ثقیل و بضمّ ہا بواوِ مجہول ، کسے را ہوشیار کردن بضربِ دست یا بضربِ انگشت ۔

فصلِ لام :

ٹٹولنا : بفتحِ تای ثقیلِ اول ، بضمّ تای ثقیلِ ثانی بواوِ مجہول ، دریافتن چیزِ بستہ را بانگشتہا۔

گھنگھولنا : بفتحِ کافِ فارسیِ اول ، ہا و نون مخلوط ، وبضمّ کافِ فارسیِ دیگر ، ہا مخلوط بواوِ مجہول ؛ دست جنبیدن در آبِ ظرف ۔

گنجولنا : بکسرِ کافِ فارسی و نونِ مخلوط و بضمّ جیم بواوِ مجہول ، دستمال کردنِ طعام تا دیگریرا اگراہت آید۔

کھنگالنا : بفتح ، ہا ونون ہر دو مخلوط ـــــ (کذا) ۔

اوکیلنا : بضم ، بواوِ مجہول ، وبکسرِ کاف بیای مجہول ؛ راست کردن رسنِ تابیدہ را ۔

اُجالنا : جلا کردنِ زیورِ طلا و نقرہ ۔

ڈھکیلنا : بفتحِ دالِ ثقیل بہای مخلوط و کافِ مکسور بیای مجہول ، کسے را بقوّت کفِ دست زدن تا او بر زمین برو افتد یا در چاہ یا از بلندی ۔

نباہنا : بکسر ، کارے را بانجام رسانیدن ۔

کراہنا : بفتحِ کاف ، آہستہ آہستہ ہای وای کردن از شدّتِ درد۔

Marfat.com

بابِ مفعولن

اترانا : بکسر، نازیدن بچیزے ۔

اٹھلانا : بفتح ، بتای ثقیل وہای مخلوط ، سخن گفتنِ طفلانہ ۔

گھبرانا : بفتحِ کافِ فارسی وہای مخلوط ، برخاستہ خاطر شدن باندیشہا ۔

سنولانا : بفتحِ سین و نون مخلوط مع واو ، تبدیل شدنِ رنگِ رخسار بسیاہی از تابشِ آفتاب ۔

بولانا : بفتح ، حرکات کردن مجنونانہ ۔

سستانا : بضم و بفتح ہم ، باز ماندن از مسافت تا سستی و ماندگی زائل شود۔

شرمانا : مجوب شدن ۔

دوہرانا : بضمِ دال، و واو و ہا ہر دو مخلوط ، چیزے را دوتا کردن ۔ و سخن مکرر گفتن ۔

چوڑانا : بفتح ورای ثقیل ، چیزے را پہن کردن بعرض ۔

مرجھانا : بضم ، پژمردہ شدنِ ریاحین و سبزہ ۔

کمھلانا : بضمِ کاف، و میم وہا مخلوط ، بمعنیِ مرجھانا ۔

چکلانا : بفتح ، بمعنیِ چوڑانا ۔

برّانا : بفتح ورای مشدّد ، شخصِ خوابیدہ را گویا شدن ۔

تھرّانا : بفتحِ تا بہای مخلوط ورای مشدّد ، لغزیدن بسببِ شدّتِ سرما یا بخوف ۔

پھرّانا : بفتحِ بای فارسی وہای مخلوط ورای مشدّد ، جست کردن و بالای بلندی رسیدن ۔

Marfat.com

ٹرّانا : بفتحِ تای ثقیل و رای مشدّد ، گفتگو (ی) بیہودہ کردن ۔
چرّانا : بفتحِ و رای مشدّد ، بدرد آمدنِ جراحتِ خشک بسببِ حرکات و جنبش ۔
غرّانا : بضمّ و رای مشدّد ، غرّیدنِ سگ ۔
چکرانا : بفتحِ جیمِ فارسی ، گرد گشتنِ دماغ بسببِ دوا دوش ۔
تیورانا : بکسر ، یا و واو ہر دو مخلوط ، بمعنیِ چکرانا ۔
فرمانا : فرمودن ۔
اکتانا : برخاستہ خاطر شدن از کارے ۔
ٹکرانا : بفتحِ تای ثقیل ، سر زدن بدر و دیوار ۔
تتلانا : بضمِّ تا ، سخن گفتنِ طفل بخلام زبانی ۔
سہلانا : بفتح ، کفِ دست سایدن بآہستگی بہر عضوِ بدن تا راحت رسد ۔
ٹھکرانا : بضمِّ تای ثقیل و ہای مخلوط ، چیزے را پا زدن ۔
دھمکانا : بفتحِ دالِ ثقیل بہای مخلوط ، کسے را بکلامِ زشت مخوّف کردن ۔
ڈہکانا : بفتحِ دالِ ثقیل بہای مخلوط ، کسے را چیزے بطورِ صلاح دادن و ندادن ۔
جھنجھلانا : بضمِّ جیم بہا و نونِ مخلوط و جیمِ دیگر و ہای دیگر ہم مخلوط ، منغّص شدن ۔
دھکیانا : بفتحِ دال بہای مخلوط ، کسے را بازو و شانہ زدن ۔
جھلّانا : بفتحِ جیم و ہای مخلوط و لامِ مشدّد ، بغیظ آمدن از سخنِ طنز آمیز ۔
چندرانا : بفتح و نونِ مخلوط ، با کسے تجاہلِ عارفانہ کردن ۔

Marfat.com

بابِ مستفعلن

للکارنا : بفتح ، کسے را بآوازِ تند و تیز ہیبت دادن ۔

چہکارنا : بفتح ، بہای مخلّط ، نغمہ سرا بیدنِ جانوراں بآوازِ بلند ۔

چمکارنا : بضمّ جیمِ فارسی ، اسپ و گاو وغیرہ را بآوازِ بوسیدن نزدِ خود طلبیدن ۔

چھچھکارنا : بضمّ جیمِ فارسی بہا ، و جیمِ فارسیِ دیگر و ہای دیگر ، ہمہ مخلوط ، دوانیدنِ اسپ بآوازِ راندن ۔

چھنکارنا : بفتحِ جیمِ فارسی و ہا و نونِ مخلوط ، خیسانیدنِ ادویہ ۔ و روغن داغ کردن ۔

ہلکارنا : بضمّ ہا ، سگ را سوی شکار اشارہ کردن بہ نہیب ۔

تھتھکارنا : بضمِّ تا ، و ہا و ہای دیگر ہمہ مخلوط ، تف تف کردن بچیزے منحوس ۔

دھتکارنا : بفتحِ دال ، ہا و تا مخلوط ، راندن کسے را بہ تذلیل ۔

چنگھاڑنا : بکسرِ جیمِ فارسی و نون و کاف و ہا و رای ثقیل ، غرّیدنِ فیل ۔

سسکارنا : بضمّ سینِ اول ، طفل را برای ریدن ز فیل دادن آہستہ ۔

پہچاننا : بفتح ، شناختن ۔

گرداننا : بفتح ، دامن در کمر پیچیدن ۔

Marfat.com

بابِ فاعلاتن

اڑاڑانا : بفتح ، آوازِ افتادنِ مکان و دیوار وغیرہ ۔

بڑبڑانا : بضمّ ہر دو بای ابجد با ہر دو رای ثقیل ، چیزے خواندن زیرِ لب ۔ و بفتح ، کلامِ ناقبول کردن ۔

گڑگڑانا : بضمّ ہر دو کافِ فارسی با ہر دو رای ثقیل (کذا) ۔ و بکسرِ ہر دو کافِ فارسی ، بہ لجاجت کلام کردن ۔

ہڑبڑانا : ہا و با مفتوح ، بے حواس شدن ۔

لڑکھڑانا : لام و کاف مفتوح ، لغزیدنِ ہر دو پا بسببِ سکر و ناتوانی ۔

جھرجھرانا : بفتحِ ہر دو جیم و ہر دو ہای مخلوط ، شاخِ درختِ میوہ دار را بزور جنبانیدن تا میوہ ہا بیفتد ۔

پھڑپھڑانا : بفتحِ ہر دو بای فارسی و ہر دو ہای مخلوط و ہر دو رای ثقیل ، تپیدن مثلِ بسمل ۔

چڑچڑانا : ہر دو جیم فارسی بارای ثقیل مکسور ، ہر سخن رنجش آمیز گفتن ۔

کڑکڑانا : بضمّ ہر دو کاف ، و ہر دو را (ی) ثقیل ، نالیدنِ ماکیان و خروس ۔ و بفتح ، شوریدنِ سحاب ۔

بربرانا : بضم ، چیزے خشک پاشیدن بر چیزے مثلِ نمک و شکر ۔

بھربھرانا : بفتح ، بہای مخلوط ، قدرے آماس شدنِ چہرہ ۔

بغبغانا : بفتحِ ہر دو با و غینِ منقوطہ ، مستی کردنِ کبوتر بآواز ۔

Marfat.com

کھڑکھڑانا : بفتحِ ہر دو کاف، و ہر دو ہای مخلوط ، زنجیرِ در جنبانیدن ۔

ڈبڈبانا : ہر دو دالِ ثقیلِ مفتوح ، پُر آب شدنِ چشم ۔

پھرپھرانا : بضمِّ ہر دو بای فارسی ، تپیدنِ سپش در موی سر و در ملبوس ۔

چرچرانا : بفتحِ جیمِ فارسی ، بمعنیِ اڑاڑانا ۔

پٹپٹانا : بکسرِ بای فارسی و ہر دو تای ثقیل ، بکارے دست و پا زدن و ازاں کار مایوس ماندن ۔

کٹکٹانا : ہر دو کاف مکسور و ہر دو تا ثقیل ، دنداں بہم سودن تا آواز برآید ۔

کھٹکھٹانا : بفتحِ ہر دو کاف و ہر دو ہا مخلوط و ہر دو تا ثقیل ، چیزے را کوفتن کہ آواز برآید ۔

مٹمٹانا : ہر دو میم مکسور و ہر دو تا ثقیل ، برہم زدنِ چشم بغنودگی ۔

بجبجانا : ہر دو با مکسور ، گندیدہ شدنِ چیزے کہ خمیر آرد و قابلِ خورش نماند ۔

مچمچانا : بفتحِ ہر دو میم و ہر دو جیمِ فارسی ، راغب شدن برخوبرد آنقدر کہ انزال شود ۔

پچپچانا : ہر دو بای فارسیِ مکسور و ہر دو جیمِ فارسی ، متعفّن شدن و لزج شدنِ چیزے کہ از دیدنِ او کراہت آید ۔

Marfat.com

کچکچانا : بکسرِ ہر دو کاف و بہر دو جیم فارسی ، برقّت قوّت کردن بکسے بہ پنجہ و ساعد ، یا برداشتنِ بارِ گراں بحبسِ دم و دنداں ۔

فصلِ لام بجای ہر دو الفِ فاعلاتن :

بلبلانا : ہر دو بای ابجدِ مکسور ، بے قرار شدن و اضطراب بہای وای ۔ و بفتحِ ہر دو با ، غرّیدنِ شتر ۔

بوکھلانا : بفتحِ و ہا مخلوط بکاف ، افعالِ بے تابانہ کردن ۔

پلپلانا : بضمّ ہر دو بای فارسی ، گردانیدنِ چیزے در دہن ۔

جھلجھلانا : ہر دو جیمِ مفتوح ، ہر دو ہای مخلوط ، سوزش کردنِ کفِ دست بسببِ تپنچہ زدن ۔

چلچلانا : ہر دو جیمِ فارسی مضموم ، حکّہ پیدا شدن در جراحت ۔

سلسلانا : ہر دو سین ، محسوس شدنِ شے روان مثلِ کرم بر جسم یا در گوش یا در جراحت ۔

کلکلانا : ہر دو کاف مکسور ، ہر وقت گفتگو (ی) جاہلانہ کردن ۔ و بضم ، خارشتِ خفیف پیدا شدن در بُنِ دنداں ۔

دھلدھلانا : ہر دو دال مفتوح و ہر دو ہا مخلوط ، روان شدنِ آب از دہانِ زخم و سبو یا از سوراخِ حوض ۔

گلگلانا : ہر دو کافِ فارسیِ مکسور ، نانِ گرم تر کردن بسیار بر وغنِ گاو ۔

ہلہلانا : بفتحِ ہر دو ہا ، میانِ تب مضطرب شدن ۔

ململانا : بفتحِ ہر دو میم ، تاسّف کناں ماندن ۔

Marfat.com

فصلِ دال بجای ہر دو الفِ فاعلاتن :

گدگدانا : بضمِّ کافِ فارسی ہر دو ، غلیلچ کردن ۔

پھدپھدانا : ہر دو بای فارسی مفتوح و ہر دو ہا مخلوط ، گندہ شدنِ چیزے کہ مثلِ خمیر شود و حباب پیدا کند ۔

فصلِ میم بجای ہر دو الفِ فاعلاتن :

تمتمانا : بفتحِ ہر دو تا ، سرخی مائل شدنِ رخسار از تابشِ آفتاب ۔

ڈھمڈمانا : بکسرِ ہر دو دالِ ثقیل ، نواختنِ دفِ کوچک ۔

فصلِ نون بجای ہر دو الفِ فاعلاتن :

بھنبھنانا : بکسرِ ہر دو با و ہر دو ہا مخلوط ، پریدنِ مگساں بر چیزے ۔

جھنجھنانا : ہر دو جیم مفتوح و ہر دو ہا مخلوط ، در عضو صدمۂ ضرب ماندن چوں صدای ظرف از ضرب ۔

دندنانا : عیش بہ تبختر کردن ۔

سنسنانا : تحریکِ ریاح شدن در دست و پا و در گوش ۔

گنگنانا : ہر دو کافِ فارسی مضموم ، سرا پیدن در دماغ بغیرِ کشادنِ دہن ۔

کنکنانا : بضمِّ ہر دو کاف ، نیم گرم کردنِ آب ۔

ہنہنانا : غرّیدنِ اسپ ۔

منمنانا : ہر دو میم مکسور ، سخن گفتن بشرکتِ دماغ ۔

کھنکھنانا : ہر دو کاف مکسور و ہر دو ہا مخلوط ، بدمزاج شدنِ طفل بسببِ کسلمندی ۔

Marfat.com

فصلِ لام بجای ہر دو الفِ فاعلاتن :

تلملانا : بفتحِ لام و میم اضطراب کردن۔

جھلملانا : بکسرِ جیم و میم و ہای مخلوط ، قریبِ خاموش شدنِ چراغ و قریبِ غروب شدنِ نجوم ۔

کسمسانا : بفتحِ کاف و میم ، ارادۂ جنبش کردن ۔

ڈگمگانا : بفتحِ دالِ ثقیل و میم ، و ہر دو کافِ فارسی، جنبیدنِ سراپا۔

کنمنانا : بفتحِ کاف و میم، سخنِ پہلو دار شنیدن و ازاں متوحّش شدن ۔

جگمگانا : بفتحِ جیم و میم ، و ہر دو کافِ فارسی ، رخشیدن ۔

ایں مصادرِ ہفت بابی کہ بقلم آوردہ ام ، ہمہ اصلی اند بوضعِ واضع ؛ دراں ہیچ حرف زائد نیست ۔ وطریقِ حرفِ زائد آوردن درمصدرِ اصلی این است مثلاً مصدرِ لازم را متعدّی ساخت بیک حرفِ زائد ، چوں "اٹھنا" کہ لازم است ، "اٹھانا" متعدّی کرد بالفِ زائد۔ و "مڑنا" کہ لازم است ، "موڑنا" متعدّی کرد بواوِ زائد۔ و "گھرنا" کہ لازم است ، "گھیرنا" متعدی کرد بیای زائد۔ و "سونا" کہ لازم است، "سلانا" متعدی کرد بلامِ زائد۔ و واو بسببِ ثقالت ساقط شود۔

و اگر متعدی بدو مفعول کنند، دو حرفِ زائد آرند ، چوں از "اٹھنا" ، "اٹھوانا" ، و از "سونا" ، "سلوانا"۔ علیٰ ہذالقیاس۔ و چہار حرف مخصوص اند برای متعدی ساختن : یکے الف ، دوم واو ، سوم یا ، چہارم لام ؛ چنانچہ مجموعش "والی" رقم کردم۔

Marfat.com

کنایات

آنکھوں پر دیوار اٹھانا ۔ آنکھوں میں گھر کرنا : ہردو، امرِ دیدہ و دانستہ را بانکار محو کردن ۔

آنکھیں نکالنا ۔ آنکھیں نیلی پیلی کرنا : ہر دو، بغیظ آمدن و غصّہ کردن و خشمگیں شدن ۔

آنکھ ٹیڑھی کرنا ۔ آنکھ بدلنا : ہردو، بے مروّتی کردن و برخلاف شدن

آنکھ ڈالنا : برحسین نگاہِ بد کردن ۔

آنکھ چرانا : از کار پہلو تہی کردن ۔

آنکھ پھیر لینا ۔ آنکھ موڑنا : بے وفایی کردن ۔

آنکھیں بند ہونا : بخوابِ مرگ رفتن ۔

آنکھیں پھوڑنا : دیدہ ریزی کردن بکارِ باریک ۔

آنکھ کا پانی ڈھلنا : بے حیا و بے شرم شدن ۔

آنکھ نیچی کرنا : شرمگیں شدن و حجاب کردن ۔

آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا : ہوشیاری کردن ۔

آنکھیں سفید ہونا : کور شدن ۔

آنکھ دکھانا : چشم نمایی کردن ۔

آنکھیں آنا ۔ آنکھیں اٹھنا : ہر دو، آشوب کردنِ چشم ۔

Marfat.com

آنکھ لگنا : خوابیدن ۔
آنکھ لگانا : عاشقی کردن باکسے ۔
آنکھیں مانگنا : طالبِ بصارت شدن ۔
آنکھیں جانا : کور شدن ۔
آنکھیں چڑھنا : لاحق شدنِ تب یعنی بخار ۔
آنکھیں سینکنا : نگریستنِ روی محبوب ۔
آنکھیں بیٹھنا : نہایت ناتواں شدن بسببِ صدمات ۔
آنکھیں دکھنا : رمد آلودہ شدنِ چشم۔
آنکھیں گاڑنا : نہایت غور و خوض کردن در چیزے ۔
آنکھیں پتھرانا : بیحس شدنِ مردمک ہنگامِ نزع ۔
آنکھیں ڈبڈبانا : چشم پُرآب شدن ۔
آنکھوں میں چربی چھانا ۔ آنکھوں پر پردے پڑنا : ہر دو، مغرور شدن و اغماض کردن ۔
آنکھوں پر پٹی باندھنا : ندیدنِ حالِ پریشانِ کسے ۔
آنکھوں میں پینا : بغور نظارہ کردن ۔
آنکھوں میں چبھنا : خوش آمدنِ شے ۔
آنکھوں میں کھٹکنا : ناگوار شدنِ چیزے باکسے ۔
آنکھوں سے گرنا : نالائق شدن پیشِ مردماں ۔
آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا : بغور و بحیرت دیدن ۔
آنکھیں بچھانا : نہایت خاطرداری کردن ۔
آنکھوں میں سمانا : مقبولِ خاطر شدن ۔

Marfat.com

آنکھوں میں سرسوں پھولنا : ظاہر شدنِ نشأ ۔
آنکھوں میں رکھنا : نہایت عزیز داشتن ۔
آگ لگانا : آتش افروزی کردن درمیانِ دو کس ۔
آگ لینے آنا : آمدن و زود رفتن ۔
آگ برسنا : سخت گرمی شدن از حدّتِ آفتاب ۔
آگ بگولا ہونا : نہایت خشمناک شدن ۔
آگ میں آگ لگانا : برافروختہ کردن کسے برافروختہ را ۔
آگ ہونا : نہایت درغیظ آمدن ۔
زبان دینا ـــ زبان ہارنا : ہر دو ، اقرار کردن ۔
زبان بدلنا : از قول بازگشتن ۔
زبان میں کانٹے پڑنا : نہایت تشنہ شدن کہ کام و زبان خشک شود ۔
زبان کھولنا ـــ زبان نکالنا : ہر دو ، زبان درازی کردن ۔
بغلیں بجانا : شادماں شدن ۔
بیڑا اُٹھانا : مستعد شدن برکارے ۔
پاؤں اٹھانا : شتاب رفتن ۔
پھٹے میں پاؤں دینا : دخل نمودن درمعاملۂ کسے ۔
بے نقط سنانا : دشنام دادن ۔
بو پھوٹنا : شائع شدنِ خبر اندک ۔
بیڑا پار ہونا : آسان شدنِ کارِ دشوار ۔
بیڑا پار لگانا : مشکل کشائی کردن ۔

Marfat.com

پاؤں پھیلانا : ضد کردن و بر صلاحِ مردماں راضی نشدن ۔
پاؤں توڑ کر بیٹھنا : بازماندن از سعی و کوشش در کارِ خویش ۔
پاؤں بھاری ہونا : حاملہ شدن ۔
پاؤں نکالنا : ہرزہ گرد شدن ۔
گولی بچا جانا : رو پوش کردن بوقتِ جانبازی ۔
گلے کا ہار ہونا : اصرار کردن ۔
گلے ڈالنا ــــ گلے منڈھنا ــــ گلے پڑنا : ہر سہ ، لزومِ شے بہ ناگواری ۔
گلا کاٹنا : بمحبتِ کسے جانِ خود را دریغ نکردن ۔
کھویا جانا : بیحواس شدن ۔
گور میں پاؤں لٹکانا : قریبِ مرگ شدن ۔
گور جھانکنا : بہماں معنی ۔
کچے گھڑوں پانی بھرنا : اطاعتے کردن کہ غیر ممکن باشد ۔
گانڑ کے تلے گنگا بہنا : دولتمند شدن ۔
کانوں پر ہاتھ رکھنا : انکار کردن ۔
کان پکڑنا : حذر کردن ۔
کان کھڑے کرنا : ہشیار شدن بتوحش ۔ و سرِ حساب ماندن از خبر ۔
کانوں کان خبر نہ ہونا : قطعِ سماعت کردن از خبرِ نیک و بد ۔
کانوں میں تیل ڈال کر بیٹھنا : غافل شدن از خبرِ نیک و بد ۔
کانٹوں پر کھینچنا : آنقدر مدارات کردن کہ مخاطب محجوب گردد ۔

Marfat.com

کانوں پر جوں نہ رینگنا : حال شنیدن و غافل ماند (ن) و خبر گیر نشدن ۔

طرح دینا : درگذر کردن ۔

دانتوں پسینا آنا : سر انجام کار بدشواری کردن ۔

دانت رکھنا : چیزے خواہش کردن ۔

دانت کھٹے (ہونا) : عاجز شدن ۔

دانت پیسنا : بکسے خصومت کردن ۔

ہاتھ دھونا : چیزے را از دست دادن و بر آں صبر کردن ۔

ہاتھ اٹھانا : از شے دست برداشتن ۔ و ہم بمعنیِ زد و کوب بر غلام و کنیز، یا بر اطفال برای تادیب ۔

ہاتھ پکڑنا : دستگیری کردن ۔

ہاتھ پر ہاتھ مارنا : شرط کردن ۔

ہاتھ سر پر رکھنا : سلام کردن ۔

ہاتھ سر پر پھیرنا : شفقت نمودن ۔

ہاتھ سے کھونا : از دست دادن ۔

ہاتھ ملانا : زور آزمایی کردن بکسے ۔

ہاتھ ملنا : تاسّف کردن ۔

Marfat.com